وہابی مذہب

حصہ اوّل

مولانا ابوالحامد محمد ضیاء اللہ قادری کوٹلوی

قادری کُتب خانہ ○ تحصیل بازار۔ سیالکوٹ

ساڑھے پانچسو مُستند کتب کے حوالہ جات سے

وہابی مذہب کی حقیقت

حسبُ الارشاد

سیدی پیرِ طریقت حضرت صاحبزادہ پیر محمد شفیع صاحب قادری نوراللہ مرقدہٗ
زیب سجادہ دربار عالیہ غوثیہ ڈھوڈا شریف ضلع گجرات

مُصنّفہٗ

کاشفِ اسرارِ وہابیت مولانا ابوالحامد محمد ضیاء اللہ قادری کوٹلوی
خطیب مرکزی جامع مسجد علامہ عبدالحکیم علیہ الرحمۃ تحصیل بازار سیالکوٹ

ناشر

قادری کُتب خانہ
جامع مسجد علامہ عبدالحکیم علیہ الرحمۃ
تحصیل بازار سیالکوٹ

marfat.com

جملہ حقوق مصنف محفوظ ہیں!

نام کتاب ——— وہابی مذہب کی حقیقت
تالیف ——— مولانا ابوالحامد محمد ضیاء اللہ قادری کوٹلوی
صفحات ——— ۷۳۶
بار اوّل ——— ۱۱۰۰ ——— سنہ ۱۹۶۸ء
بار دوم ——— ۱۱۰۰ ——— سنہ ۱۹۷۱ء
بار سوم ——— ۱۱۰۰ ——— سنہ ۱۹۷۳ء
بار چہارم معہ اضافہ ——— ۱۱۰۰ ——— سنہ ۱۹۷۴ء
بار پنجم معہ اضافہ ——— ۱۱۰۰ ——— سنہ ۱۹۷۶ء
مطبع ——— معارف پرنٹرز لاہور
قیمت ——— چالیس روپے (۴۰/)

marfat.com

اُنسا*

★

فقیر اپنی اس کاوش کو سیدی، سندی، مخدومی، اعلیٰحضرت، عظیم البرکت، امام اہلسنت، مجددِ دین وملت علامہ حافظ ——————

شاہ محمد احمد رضا خاں قادری بریلوی علیہ الرحمۃ

سے منسوب کرتا ہے جنہوں نے اس صدی میں اُمتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام میں عشقِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شمع کو فروزاں کیا۔ دین کا لبادہ اوڑھنے والے نام نہاد تبلیغی و اسلام کے دشمنوں کی نقاب کشائی اور نشاندہی کرتے ہوئے دُودھ کا دُودھ اور پانی کا پانی کر دکھایا اور مسلکِ حق اہلسنت وجماعت کے عقاید کا تحفظ کرتے ہوئے اُمتِ مسلمہ پر بہت بڑا اِحسان فرمایا۔

میرے عبدالمصطفیٰ احمد رضا علیہ الرحمۃ تیرا قلم

دُشمنانِ مصطفیٰ کے واسطے شمشیر ہے!

فقیر قادری محمد ضیاء اللہ عفرلہٗ

سیالکوٹ

marfat.com

کشفِ رازِ نجدیت

از برادر اعلیٰحضرت مولانا حسن میاں بریلوی علیہ الرحمۃ

نجدیا سخت ہی گندی ہے طبیعت تیری
کفر کیا شرک کا فضلہ ہے نجاست تیری

خاک منہ تیرے کہتا ہے کسے خاک کا ڈھیر
مٹ گیا دین، ملی خاک میں عزت تیری

تیرے نزدیک ہوا کذبِ الٰہی ممکن!
تجھ پہ شیطان کی پھٹکار یہ ہمت تیری

اہلِ کذاب کیا تو نے تو اقرارِ وقوع
اُف رے ناپاک یہاں تک ہے خباثت تیری

علمِ شیطاں کا ہوا علمِ نبی سے زائد!
پڑھوں لاحول نہ کیوں دیکھ کے صورت تیری

بزمِ میلاد ہو کنھیا کہ جہنم سے بدتر!
ارے اندھے ارے مردود یہ جرأت تیری

یادِ خر سے ہو نمازوں میں خیال اُن کا بُرا
اُف جہنم کے گدھے اُف یہ خرافت تیری

ان کی تعظیم کرے گا نہ اگر وقتِ نماز
ماری جائے گی ترے منہ پہ عبادت تیری

ہے کبھی بوم کی حلت تو کبھی زاغ حلال
حیفہ خواری کی کہیں جاتی ہے عادت تیری

کھلے لفظوں میں کہے قاضیٔ شوکاں مدد سے
یا علی شکل کے بگڑا جائے طبیعت تیری

ہم جو اللہ کے پیاروں سے اعانت چاہیں
شرک کا چرخ اُگلنے لگی ملت تیری

ان کے دشمن کو اگر تو نے نہ سمجھا دشمن
وہ قیامت میں کریں گے نہ رفاقت تیری

اُن کے دشمن کا جو دشمن نہیں سچ کہتا ہوں!
دعوئے بے اصل ہے جھوٹی محبت تیری

marfat.com

بھاگ گئے ہیں تجھ سے سارے دُشمنانِ مُصطفےٰ

اے ضیاءِ اللہ، اے مدّاحِ شانِ مُصطفےٰ
تیری ہستی ہے دلیلِ مادحانِ مُصطفےٰ

مِٹ نہیں سکتا زمانے میں ترا نام ونشاں
جب ترا عنوان ہے نام ونشانِ مُصطفےٰ

تیری خوش بختی ہے، ایسے لوگ ہیں تیرے عدُو
بھیڑ تیسے کہتی ہے جن کو خود زبانِ مُصطفےٰ

قُدسی کیوں بوسے نہ لیں تیرے لبوں کے اے عزیز
تجھ کو بخشا ہے مقدّر نے بیانِ مُصطفےٰ

واہ وا اے سائلِ محبُوبِ ربّ العالمین!
مرحبا اے فیضیابِ آستانِ مُصطفےٰ

افتخارِ قادریت شمع بزمِ رضویت!
شاد باش اے عندلیبِ بوستانِ مُصطفےٰ

تجھ پہ نازاں ہیں یقیناً حضرتِ شیخ الحدیثؒ
یعنی جو خود بھی ہیں فخرِ عارفانِ مُصطفےٰ

اس تصوّر میں بڑی تسکین ہے میرے لیے
میں ہُوں آسیؔ مدح خوانِ مدح خوانِ مُصطفےٰ

(از علامہ حافظ محمد عارف صاحب سیالکوٹی)

marfat.com

ماخذِ کتاب

اس کتاب کی ترتیب و تالیف میں مندرجہ ذیل کتب و اخبارات سے خاص طور پر استفادہ کیا گیا ہے۔

کتب تفاسیر

۱۔ قرآنِ پاک
۲۔ تفسیر کبیر از امام فخر الدین رازی علیہ الرحمۃ
۳۔ تفسیر ابن جریر از امام محمد بن جریر طبری علیہ الرحمۃ
۴۔ تفسیر جلالین از امام جلال الدین سیوطی
۵۔ تفسیر درمنثور از " " " "
۶۔ تفسیر بیضاوی از امام عبدالرحمٰن بیضاوی علیہ الرحمۃ
۷۔ تفسیر سراج المنیر از امام محمد بن شربینی علیہ الرحمۃ
۸۔ تفسیر معالم التنزیل از ابو محمد الحسین بغوی علیہ الرحمۃ
۹۔ تفسیر مدارک از امام عبداللہ بن احمد نسفی علیہ الرحمۃ
۱۰۔ تفسیر خازن از امام علی بن محمد الخازن علیہ الرحمۃ
۱۱۔ تفسیر جامع البیان از شیخ سید معین الدین
۱۲۔ تفسیر فتح العزیز از شاہ عبدالعزیز دہلوی علیہ الرحمۃ
۱۳۔ تفسیر حسینی از علامہ معین الدین کاشفی علیہ الرحمۃ
۱۴۔ تفسیر ابو السعود از امام ابو السعود علیہ الرحمۃ
۱۵۔ تفسیر موضح القرآن از عبدالقادر دہلوی
۱۶۔ تفسیر صاوی از امام احمد الصاوی علیہ الرحمۃ
۱۷۔ تفسیر نیشاپوری از امام محمد بن حسین نیشاپوری علیہ الرحمۃ
۱۸۔ تفسیر ابن عباس از امام عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ
۱۹۔ تفسیر ابن کثیر از امام ابن کثیر
۲۰۔ تفسیر عرائس البیان از
۲۱۔ تفہیم القرآن از مولوی مودودی
۲۲۔ فتح البیان از نواب صدیق حسن بھوپالوی
۲۳۔ ترجمان القرآن از نواب صدیق حسن بھوپالوی
۲۴۔ تفسیر محمدی از حافظ محمد لکھوکے
۲۵۔ تفسیر ثنائی از مولوی ثناء اللہ امرتسری
۲۶۔ تفسیر القرآن از " " " "
۲۷۔ تبویب القرآن از مولوی وحید الزماں
۲۸۔ تفسیر وحیدی از " "
۲۹۔ بلغۃ الحیران از مولوی حسین علی واں بھچراں
۳۰۔ تفسیر ستاری از مولوی عبدالستار دہلوی

مستند محدثین کی کتب احادیث

۳۱۔ صحیح بخاری شریف از امام محمد بن اسماعیل بخاری علیہ الرحمۃ
۳۲۔ الادب المفرد از " " " "
۳۳۔ صحیح مسلم از امام مسلم بن الحجاج علیہ الرحمۃ
۳۴۔ جامع ترمذی از امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی علیہ الرحمۃ

marfat.com

۳۵۔ ابنِ ماجہ از امام ابو عبداللہ محمد علیہ الرحمۃ
۳۶۔ سنن ابوداؤد از امام سلیمان بن الاشعث ؒ
۳۷۔ سنن نسائی از امام احمد بن شعیب النسائی علیہ الرحمۃ
۳۸۔ سنن دارمی از امام عبداللہ بن عبدالرحمٰن دارمی علیہ الرحمۃ
۳۹۔ طبرانی شریف از امام ابوالقاسم سلیمان
بن احمد طبرانی علیہ الرحمۃ
۴۰۔ دارقطنی از امام
۴۱۔ مشکوٰۃ المصابیح از امام ابوعبداللہ محمد بن
عبداللہ علیہ الرحمۃ
۴۲۔ اشعۃ اللمعات از شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ
۴۳۔ مرقاۃ از ملا علی قاری علیہ الرحمۃ
۴۴۔ فتح الباری از امام ابن حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ
۴۵۔ عمدۃ القاری از امام بدرالدین عینی علیہ الرحمۃ
۴۶۔ مستدرک از امام عبداللہ محمد بن عبداللہ علیہ الرحمۃ
۴۷۔ تلخیص المستدرک از امام ابوعبداللہ محمد بن احمد ذہبی
۴۸۔ مظاہرِ حق از علامہ نواب قطب الدین دہلوی
۴۹۔ کنزالعمال از علامہ علاؤالدین علی المتقی علیہ الرحمۃ
۵۰۔ موطا امام مالک از امام محمد مالک علیہ الرحمۃ
۵۱۔ ارشاد الساری از علامہ شہاب الدین احمد
قسطلانی علیہ الرحمۃ
۵۲۔ مواہب اللدنیہ از علامہ شہاب الدین احمد
قسطلانی علیہ الرحمۃ
۵۳۔ زرقانی از امام محمد بن عبدالباقی علیہ الرحمۃ

۵۴۔ خصائصِ کبریٰ از امام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ
۵۵۔ جامع صغیر از ؒ ؒ ؒ ؒ
۵۶۔ تنویر الحلک از ؒ ؒ ؒ ؒ
۵۷۔ شواہد الحق از علامہ یوسف نبہانی علیہ الرحمۃ
۵۸۔ جواہر البحار از ؒ ؒ ؒ ؒ
۵۹۔ شمائلِ رسول از ؒ ؒ ؒ ؒ
۶۰۔ حجۃ اللہ علی العالمین از ؒ ؒ ؒ ؒ
۶۱۔ الانوار المحمدیہ از ؒ ؒ ؒ ؒ
۶۲۔ افضل الصلوٰت از ؒ ؒ ؒ ؒ
۶۳۔ دلائل النبوۃ از امام ابوبکر احمد بن الحسین بیہقی علیہ الرحمۃ
۶۴۔ دلائل النبوۃ از امام ابونعیم احمد بن عبداللہ علیہ الرحمۃ
۶۵۔ کتاب الوفا از امام عبدالرحمٰن بن جوزی علیہ الرحمۃ
۶۶۔ بیان المیلاد النبوی از ؒ ؒ ؒ ؒ
۶۷۔ المیزان الکبریٰ از علامہ عبدالوہاب شعرانی علیہ الرحمۃ
۶۸۔ لطائف المنن از ؒ ؒ ؒ ؒ
۶۹۔ فتح الباری از علامہ ابنِ حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ
۷۰۔ لسان المیزان از علامہ ابنِ حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ
۷۱۔ الدرر الکامنہ از ؒ ؒ ؒ ؒ
۷۲۔ تذکرۃ الحفاظ از ابوعبداللہ محمد بن احمد ذہبی
۷۳۔ الشفاء السقام از علامہ تقی الدین سبکی
۷۴۔ طبقات ابنِ سعد از
۷۵۔ مجمع بحار الانوار از علامہ محمد طاہر پٹنی علیہ الرحمۃ

marfat.com

۷۶۔ بہجۃ النفوس از امام محمد عبداللہ بن ابوجمرہ علیہ الرحمۃ

۷۷۔ فتاویٰ حدیثیہ از امام شہاب الدین احمد بن حجر مکی علیہ الرحمۃ

۷۸۔ النعمۃ الکبریٰ از امام شہاب الدین احمد بن حجر مکی علیہ الرحمۃ

۷۹۔ کف الرعاع از امام شہاب الدین احمد بن حجر مکی علیہ الرحمۃ

۸۰۔ الخیرات الحسان از امام شہاب الدین احمد بن حجر مکی علیہ الرحمۃ

۸۱۔ القول البدیع از امام محمد بن عبدالرحمٰن سخاوی علیہ الرحمۃ

۸۲۔ المقاصد الحسنہ از " " " "

۸۳۔ الاستیعاب از امام ابن عبدالبر علیہ الرحمۃ

۸۴۔ دلائل النبوۃ از امام بیہقی علیہ الرحمۃ

۸۵۔ عمل الیوم واللیلۃ از امام ابوبکر احمد بن محمد ابن السنی علیہ الرحمۃ

۸۶۔ شفا شریف از قاضی عیاض علیہ الرحمۃ

۸۷۔ احیاء العلوم از امام محمد غزالی علیہ الرحمۃ

۸۸۔ عیث الغمام از علامہ عبدالحی لکھنوی

۸۹۔ دیوانِ حسان از حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ

۹۰۔ حیوٰۃ الحیوان از علامہ کمال الدین دمیری علیہ الرحمۃ

۹۱۔ نسیم الریاض از علامہ شہاب الدین خفاجی علیہ الرحمۃ

۹۲۔ تطہیر الفواد از علامہ محمد نجیت المطیعی علیہ الرحمۃ

۹۳۔ الفجر الصادق از علامہ ابوحامد مرزوق علیہ الرحمۃ

۹۴۔ التوسل بالنبی از

۹۵۔ فیوض الحرمین از شاہ ولی اللہ دہلوی علیہ الرحمۃ

۹۶۔ الکلمات الطیبات از " " " "

۹۷۔ القول الجمیل از " " " "

۹۸۔ انفاس العارفین از " " " "

۹۹۔ طیب النغم از " " " "

۱۰۰۔ جذب القلوب از شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ

۱۰۱۔ ماثبت من السنۃ از " " " "

۱۰۲۔ مکتوبات از " " " "

۱۰۳۔ مدارج النبوۃ از " " " "

۱۰۴۔ اخبار الاخیار از " " " "

۱۰۵۔ شواہد النبوۃ از علامہ عبدالرحمٰن جامی علیہ الرحمۃ

۱۰۶۔ یوسف زلیخا از " " "

۱۰۷۔ گلستان از شیخ مصلح الدین سعدی "

۱۰۸۔ بوستان از " " "

۱۰۹۔ البدایہ والنہایہ از ابن کثیر

۱۱۰۔ فتاویٰ عزیزی از شاہ عبدالعزیز دہلوی علیہ الرحمۃ

۱۱۱۔ ملفوظاتِ عزیزی از " " "

۱۱۲۔ کتاب الاذکار از امام یحییٰ بن شرف النووی " "

۱۱۳۔ حصن حصین از امام محمد بن محمد بن الجزری " "

۱۱۴۔ وفا الوفا از علامہ سمہودی علیہ الرحمۃ

۱۱۵۔ کتاب الفوائد فی الصلات از شہاب الدین

marfat.com

احمد بن عبداللطیف علیہ الرحمۃ

۱۱۶۔ تذکرۃ الاولیا۔ از خواجہ فریدالدین عطار علیہ الرحمۃ

۱۱۷۔ سیرت حلبیہ از علامہ علی بن برہان الدین حلبی ؒ

۱۱۸۔ مکتوبات شریف از شیخ احمد سرہندی علیہ الرحمۃ

۱۱۹۔ الدرر السنیۃ از علامہ احمد بن زینی دحلان مکی ؒ

۱۲۰۔ فتنۃ الوہابیہ از " " " " " " "

۱۲۱۔ تحفۃ الناظرین از علامہ سید غلام مصطفےٰ شاہ علیہ الرحمۃ

۱۲۲۔ کتاب الملل والنحل از امام ابوالفتح محمد بن عبدالکریم ؒ

۱۲۳۔ توفیر الحق از علامہ نواب قطب الدین دہلوی

۱۲۴۔ الصلات البشر از علامہ مجدالدین فیروز آبادی

۱۲۵۔ عصیدۃ الشہدۃ از علامہ عمر بن احمد

خرپوتی علیہ الرحمۃ

۱۲۶۔ سیف الجبار از علامہ فضل رسول بدایونی علیہ الرحمۃ

۱۲۷۔ فوز المبین از " " " " " "

۱۲۸۔ انوارِ آفتابِ صداقت از قاضی محمد فضل احمد

صاحب علیہ الرحمۃ

۱۲۹۔ حدائق بخشش از علامہ شاہ احمد رضا خاں

بریلوی علیہ الرحمۃ

۱۳۰۔ ذوقِ نعت از مولانا حسن میاں علیہ الرحمۃ

۱۳۱۔ رسالۃ السنیین از شیخ مصطفیٰ کریمی علیہ الرحمۃ

۱۳۲۔ نور الیقین از

۱۳۳۔ سیف الابرار از علامہ عبدالرحمٰن سلہٹی علیہ الرحمۃ

۱۳۴۔ سیف چشتیائی از حضرت پیر مہر علی

شاہ گولڑوی علیہ الرحمۃ

۱۳۵۔ عجالہ بردوسالہ از حضرت پیر مہر علی شاہ

گولڑوی علیہ الرحمۃ

۱۳۶۔ ارشاداتِ رحیمیہ از شاہ عبدالرحیم دہلوی

علیہ الرحمۃ

۱۳۷۔ آزاد کی ان کہی کہانی از گل محمد فیضی

۱۳۸۔ مقیاسِ وہابیت از علامہ محمد عمر اچھروی علیہ الرحمۃ

۱۳۹۔ فوائد جامعہ از مولانا عبدالحلیم چشتی

۱۴۰۔ وجیز الصراط از ابنِ ملا جیون علیہ الرحمۃ

۱۴۱۔ تاریخی حقائق از علامہ ابوداؤد محمد صادق صاحب

۱۴۲۔ سفینۃ الاولیا از داراشکوہ

۱۴۳۔ فیصلہ ہفت مسئلہ از حاجی امداد اللہ مہاجر مکی

۱۴۴۔ تاریخ آداب اللغۃ العربیہ از جرجی زیدان

۱۴۵۔ مفرداتِ راغب از امام اصفہانی

۱۴۶۔ حدائق بخشش از اعلیٰحضرت مولانا احمد رضا خاں

بریلوی علیہ الرحمۃ

۱۴۷۔ ذوقِ نعت از علامہ حسن میاں علیہ الرحمۃ

۱۴۸۔ دُرِ یکتا از علامہ محمد نذیر رامپوری علیہ الرحمۃ

فتاویٰ

۱۴۹۔ فتاویٰ شامی از علامہ ابن عابدین شامی علیہ الرحمۃ

۱۵۰۔ فتاویٰ نذیریہ از میاں نذیر حسین دہلوی ۔

marfat.com

۱۵۱۔ معیار الحق از میاں نذیر حسین دہلوی
۱۵۲۔ فتاویٰ رشیدیہ از مولوی رشید احمد گنگوہی
۱۵۳۔ فتاویٰ اشرفیہ از مولوی اشرف علی تھانوی
۱۵۴۔ بہشتی زیور از 〃 〃 〃 〃
۱۵۵۔ امداد الفتاویٰ از 〃 〃 〃 〃
۱۵۶۔ مجموعۃ الفتاویٰ از امام عبدالجبار غزنوی
۱۵۷۔ فتاویٰ ثنائیہ از مولوی ثناء اللہ امرتسری
۱۵۸۔ فتاویٰ ستاریہ از مولوی عبدالستار دہلوی
۱۵۹۔ فتاویٰ اہلحدیث از حافظ عبداللہ روپڑی
۱۶۰۔ نیل الاوطار از قاضی محمد بن علی شوکانی
۱۶۱۔ الدرر البہیہ از 〃 〃 〃 〃
۱۶۲۔ فتاویٰ علمائے حدیث از مولوی علی محمد سعیدی
۱۶۳۔ بدور الاہلہ از نواب صدیق حسن خاں دہلوی
۱۶۴۔ النہج المقبول از 〃 〃 〃 〃
۱۶۵۔ دلیل الطالب از 〃 〃 〃 〃
۱۶۶۔ بنیان المرصوص از 〃 〃 〃 〃
۱۶۷۔ ہدایۃ السائل از 〃 〃 〃 〃
۱۶۸۔ عرف الجادی از نور الحسن بھوپالوی
۱۶۹۔ نزل الابرار از مولوی وحید الزماں حیدرآبادی
۱۷۰۔ ہدیۃ المہدی از 〃 〃 〃
۱۷۱۔ تیسیر الباری از 〃 〃 〃
۱۷۲۔ فقہ محمدیہ کلاں از مولوی ابوالحسن
۱۷۳۔ فیض الباری از 〃 〃

۱۷۴۔ فقہ محمدیہ از مولوی محی الدین
۱۷۵۔ الفرقان بین اولیاء الرحمٰن از ابنِ تیمیہ
۱۷۶۔ کتاب الوسیلہ از ابنِ تیمیہ
۱۷۷۔ منہاج السنۃ از 〃 〃
۱۷۸۔ جلاء الافہام از ابنِ قیم
۱۷۹۔ قصیدہ نونیہ از 〃 〃
۱۸۰۔ کتاب الروح از 〃 〃
۱۸۱۔ زاد المعاد از 〃 〃
۱۸۲۔ کتاب التوحید از محمد بن عبدالوہاب نجدی
۱۸۳۔ کشف الشبہات از 〃 〃 〃
۱۸۴۔ فتح المجید از عبدالرحمٰن نجدی
۱۸۵۔ الدرر النضید از قاضی محمد بن علی شوکانی
۱۸۶۔ نیل الاوطار از 〃 〃 〃 〃
۱۸۷۔ تحفۃ الذاکرین از 〃 〃 〃 〃
۱۸۸۔ شرح الصدور از 〃 〃 〃 〃
۱۸۹۔ صراطِ مستقیم از اسماعیل دہلوی قتیل
۱۹۰۔ تقویۃ الایمان از 〃 〃
۱۹۱۔ تذکیر الاخوان از 〃 〃
۱۹۲۔ ایضاح الحق از 〃 〃
۱۹۳۔ تواریخ عجیبہ از جعفر علی تھانیسری
۱۹۴۔ حیاتِ طیبہ از مرزا حیرت دہلوی
۱۹۵۔ حیات ابنِ تیمیہ از ابو زہرہ مصری
۱۹۶۔ حیات ابنِ قیم از 〃 〃

marfat.com

۱۹۷ حیات ابن حزم از ابو زہرہ مصری
۱۹۸۔ المذاہب الاسلامیہ " " "
۱۹۹۔ فخرن۔ احمدی از نواب محمد علی
۲۰۰۔ مجموعۃ التوحید از علماء نجد
۲۰۱۔ ہدایۃ المستفید از عطاء اللہ ثاقب
۲۰۲۔ آب حیات از قاسم نانوتوی
۲۰۳۔ تصفیۃ العقائد " " "
۲۰۴۔ تحذیر الناس از قاسم نانوتوی
۲۰۵۔ فتاوٰی رشیدیہ از رشید احمد گنگوہی
۲۰۶۔ اکمال الشیم از عبداللہ گنگوہی
۲۰۷۔ افاضات الیومیہ از اشرف علی تھانوی
۲۰۸۔ حفظ الایمان از " " "
۲۰۹۔ نشر الطیب از اشرف علی تھانوی
۲۱۰۔ طریقہ مولود از " " "
۲۱۱۔ دعوات عبدیت از " "
۲۱۲۔ شمائم امدادیہ از " " "
۲۱۳۔ رد ح الارواح از " " "
۲۱۴۔ التذکیر از " " "
۲۱۵۔ ملفوظات ہفت اختر از " "
۲۱۶۔ النجب از " " "
۲۱۷۔ ارواح ثلاثہ از " "
۲۱۸۔ امداد المشتاق از " "
۲۱۹۔ جمال الاولیاء از " "

۲۲۰۔ نفح الطیب از نواب صدیق حسن بھوپالوی
۲۲۱۔ ابجد العلوم از " "
۲۲۲۔ کتاب الداء والدواء از " "
۲۲۳۔ ترجمان وہابیہ از " " "
۲۲۴۔ ہدایۃ السائل از " "
۲۲۵۔ تاج مکلل از " "
۲۲۶۔ مسک الختام از " "
۲۲۷۔ مرثیہ از محمود الحسن
۲۲۸۔ الجہد المقل از محمود الحسن
۲۲۹۔ ادلہ کاملہ از " "
۲۳۰۔ عرف الشذی از شبیر احمد عثمانی
۲۳۱۔ براہین قاطعہ از خلیل احمد انبیٹھوی
۲۳۲۔ المہند از " "
۲۳۳۔ التبلیسات از " " "
۲۳۴۔ فیض الباری از انور شاہ کشمیری
۲۳۵۔ تذکرۃ الرشید از عاشق الٰہی میرٹھی
۲۳۶۔ تذکرۃ الخلیل از " " "
۲۳۷۔ الشہاب الثاقب از مولوی حسین احمد کانگریسی
۲۳۸۔ نقشِ حیات " " "
۲۳۹۔ تاریخ ہزارہ از شیر بہادر خاں پنی
۲۴۰۔ جلد التہدید از قاری خلیل احمد لکھنوی
۲۴۱۔ صاعقۃ التقلید از " "

marfat.com

۲۴۴۔ فیصلہ حرمین شریفین

۲۴۳۔ سیرت سید احمد شہید از ابوالحسن ندوی

۲۴۴۔ مکالمۃ الصدرین از شبیر احمد عثمانی

۲۴۵۔ اعلان دافع بہتان از مولوی بسم اللہ خاں

۲۴۶۔ ردّ التقلید از مولوی محمد حسین

۲۴۷۔ کلیات نظم حالی از مولوی الطاف حسین حالی

۲۴۸۔ رپورٹ تحقیقاتی عدالت از محمد میر

۲۴۹۔ تطہیر الاعتقاد از محمد بن اسماعیل یمنی

۲۵۰۔ الارشاد الی سبیل الرشاد از ابو یحییٰ محمد شاہجہانپوری

۲۵۱۔ الحیات بعد الممات از قاضی مظفر حسین

۲۵۲۔ مظالم شنائی از ثناء اللہ امرتسری

۲۵۳۔ تحفہ نجدیہ از " "

۲۵۴۔ ہدایت الزوجین از " "

۲۵۵۔ شمع توحید از " "

۲۵۶۔ ترک اسلام از " "

۲۵۷۔ تحفہ وہابیہ از اسماعیل غزنوی

۲۵۸۔ الجدید از بن عبد العزیز القرعاوی

۲۵۹۔ الہدیۃ السنۃ از سلیمان بن سحمان نجدی

۲۶۰۔ کتاب التوحید والسنۃ از قاضی عبد الاحد خانپوری

۲۶۱۔ الفیصلۃ الحجازیہ از " "

۲۶۲۔ القول الفاصل از " "

۲۶۳۔ تفسیر السلف از مولوی فقیر اللہ مدراسی

۲۶۴۔ الحق الیقین از مولوی عبد الحق امرتسری

۲۶۵۔ وسیلۂ بزرگاں از حافظ عبد اللہ روپڑی

۲۶۶۔ تعریفات اہلسنت پر فیصلہ از حافظ عبد اللہ روپڑی

۲۶۷۔ ردِ بدعات از " "

۲۶۸۔ بکرا دیوی از " "

۲۶۹۔ زیارت قبر نبوی از " "

۲۷۰۔ رسالہ سماع موتےٰ از " "

۲۷۱۔ درایت تفسیری از " "

۲۷۲۔ عصائے محمدی از مولوی محمد جونا گڈھی

۲۷۳۔ مرحمتِ محمدی از " "

۲۷۴۔ دستور المتقی از مولوی یونس دلدوی

۲۷۵۔ وحید اللغات از مولوی وحید الزماں

۲۷۶۔ الصلوٰۃ والسلام از قاضی سلیمان منصور پوری

۲۷۷۔ رحمۃ اللعالمین از " "

۲۷۸۔ سیرت المصطفےٰ از مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی۔

۲۷۹۔ سراجًا منیرا از " "

۲۸۰۔ پیغام ہدایت از " "

۲۸۱۔ احیاء المیت از " "

۲۸۲۔ واضح البیان از " "

۲۸۳۔ تاریخ اہلحدیث از " "

۲۸۴۔ احتفال المجہود از " "

۲۸۵۔ ہندوستان میں اہلحدیث کی علمی خدمات

marfat.com

از مولوی ابو یحییٰ امام خان نوشہروی۔
۲۸۶۔ تراجم علمائے حدیث ہند از " " "
۲۸۷۔ شاہ ولی اللہ اور ان کی سیاسی تحریک
از مولوی عبید اللہ سندھی کانگریسی
۲۸۸۔ فیصلہ مکہ از مولوی عبد العزیز
۲۸۹۔ فتنہ ثنائیہ از " " "
۲۹۰۔ اربعین از مولوی عبد الحق غزنوی
۲۹۱۔ آزاد کی کہانی اس کی اپنی زبانی از
ابو الکلام آزاد
۲۹۲۔ سیرت النعمان از شبلی نعمانی
۲۹۳۔ مقالات سرسید از اسماعیل پانی پت
۲۹۴۔ چمنستان از مولوی ظفر علیخان
۲۹۵۔ نگارستان از مولوی ظفر علیخاں
۲۹۶۔ ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک از
مسعود عالم ندوی
۲۹۷۔ سیرت سید احمد از " " "
۲۹۸۔ محمد بن عبد الوہاب از سلیمان ندوی
۲۹۹۔ سوانح سلطان ابن مسعود از سردار
محمد حسنی
۳۰۰۔ مسئلہ حجاز رپورٹ و خلافت از " "
۳۰۱۔ محمد بن عبد الوہاب از احمد عبد الغفور عطار
۳۰۲۔ محمد بن عبد الوہاب از عبد العزیز بن باز
[illegible] از مولوی

بھاؤ الحق قاسمی
۳۰۴۔ فتنہ نجدیت کے ڈھول کا پول از مولوی
بھاؤ الحق قاسمی
۳۰۵۔ تحریک پاکستان اور نیشنلسٹ علماء از چوہدری
حبیب احمد
۳۰۶۔ اشرف الافادات از مولوی عبد الاحد
۳۰۷۔ کانگریس کے ساٹھ سال از مرلی سیتہ پال
۳۰۸۔ مجموعۃ التوحید از مولوی محمد شریف اشرف
۳۰۹۔ رمز الجہاد از " " "
۳۱۰۔ فضائل حج از مولوی ذکریا سہارن پوری
۳۱۱۔ خطبۂ صدارت از مولوی حسرت موہانی
۳۱۲۔ حیات وحید الزمان از " " "
۳۱۳۔ مسلمان خاوند اور مسلمان بیوی از مولوی
ادریس انصاری۔
۳۱۴۔ شرح ارمغان حجاز از یوسف سلیم
۳۱۵۔ سیرت ثنائی از مولوی عبد المجید چوہدری
۳۱۶۔ تاریخ التقلید از مولوی اشرف سندھو
۳۱۷۔ حیات النبی از مولوی اسماعیل کانگریسی
۳۱۸۔ تحریک آزادی فکر از " " "
۳۱۹۔ روئداد اہلحدیث کانفرنس از اہلحدیث کانفرنس
۳۲۰۔ حافظ محمد شریف کی قلابازیاں از انجمن
مفاد المسلمین
۳۲۱۔ برہان الحق از مولوی احمد دین گکھڑوی

marfat.com

۳۲۵۔ تردید ناظر از مولوی سرفراز خاں گکھڑوی
۳۲۶۔ جنگ آزادی از محمد ایوب قادری
۳۲۷۔ مولانا محمد احسن نانوتوی از " "
۳۲۸۔ فیصلہ ہفت مسئلہ از حاجی امداد اللہ مہاجر مکی۔
۳۲۹۔ خلافت رشید بن رشید از ابو یزید محمد دین بٹ۔
۳۳۰۔ معارف یزید از محمد امین عتیق
۳۳۱۔ اظہار حق از
۳۳۲۔ خزائن الدودیہ از حکیم نجم الغنی راجپوری
۳۳۳۔ خالص توحید از شیخ محمد شفیع
۳۳۴۔ داؤد غزنوی از ابو بکر غزنوی
۳۳۵۔ مدعی امارت سے شرعی استفتاء از حکیم صادق سیالکوٹی
۳۳۶۔ اشتہار لمحہ فکریہ از عبداللہ مصری
۳۳۷۔ اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے از عبدالغفور بٹ
۳۳۸۔ حافظ محمد شریف اینڈ کو سے چند استفسارات
۳۳۹۔ رد مغالطات از ڈاکٹر محمد یوسف
۳۴۰۔ سحر عظیم از حافظ عنایت اللہ اثری
۳۴۱۔ عدوان المفتی از " " "
۳۴۲۔ مالجلیل از " " "

۳۴۰۔ العطر البیع از عنایت اللہ اثری
۳۴۱۔ القول السدید از حافظ عنایت اللہ اثری
۳۴۲۔ تریاق القلوب از مرزا غلام احمد قادیانی
۳۴۳۔ جواہر القرآن از مولوی غلام خاں
۳۴۴۔ مقاصد الدیانۃ از مولوی عبدالجبار کھنڈیلوی
۳۴۵۔ حفاظۃ البقر از مولوی ابو تراب عبدالحق
۳۴۶۔ اصلاح عقائد از مولوی رفیق خاں پسروری
۳۴۷۔ مودودی مذہب از قاضی مظہر حسین
۳۴۸۔ سیاسی کشمکش از مولوی مودودی
۳۴۹۔ رسائل و مسائل از " "
۳۵۰۔ تجدید و احیاء دین از " "
۳۵۱۔ تفہیمات از "
۳۵۲۔ خطبات از " "
۳۵۳۔ تحریک اسلامی کی اخلاقی بنیادیں از مولوی مودودی

اخبار اہلحدیث امرتسر

۳۵۴۔ ۲۵ر اکتوبر ۱۹۰۷ء
۳۵۵۔ ۲۲ر نومبر ۱۹۰۷ء
۳۵۶۔ ۲۰ر دسمبر ۱۹۰۷ء
۳۵۷۔ ۷ر فروری ۱۹۰۸ء
۳۵۸۔ ۲۷ر ۱۹۰۸ء
۳۵۹۔ ۷ر اپریل ۱۹۰۸ء
۳۶۰۔ ۱۲ر جون ۱۹۰۸ء

marfat.com

۳۶۱۔ ۲۶ر جون سنہ ۱۹۰۸ء

۳۶۲۔ ۱۱ر ستمبر سنہ ۱۹۰۸ء

۳۶۳۔ ۱۸ر ستمبر سنہ ۱۹۰۸ء

۳۶۴۔ ۱۶ر اکتوبر سنہ ۱۹۰۸ء

۳۶۵۔ ۷ر نومبر سنہ ۱۹۰۸ء

۳۶۶۔ ۲۰ر نومبر سنہ ۱۹۰۸ء

۳۶۷۔ ۴ر دسمبر سنہ ۱۹۰۸ء

۳۶۸۔ ۲۹ر مارچ سنہ ۱۹۰۹ء

۳۶۹ر ۱۳ر اگست سنہ ۱۹۰۹ء

۳۷۰۔ ۱۰ر ستمبر سنہ ۱۹۰۹ء

۳۷۱۔ ۲۴ر ستمبر سنہ ۱۹۰۹ء

۳۷۲۔ ۱۵ر اکتوبر سنہ ۱۹۰۹ء

۳۷۳۔ ۲ر جون سنہ ۱۹۱۱ء

۳۷۴۔ ۱۵ر ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء

۳۷۵۔ ۱۳ر اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ء

۳۷۶۔ ۵ر جنوری سنہ ۱۹۱۲ء

۳۷۷۔ ۲۶ر جنوری سنہ ۱۹۱۲ء

۳۷۸۔ ۵ر اپریل سنہ ۱۹۱۲ء

۳۷۹۔ ۳ر مئی سنہ ۱۹۱۲ء

۳۸۰۔ ۱۰ر مئی سنہ ۱۹۱۲ء

۳۸۱۔ ۳۱ر مئی سنہ ۱۹۱۲ء

۳۸۲۔ ۲۱ر جون سنہ ۱۹۱۲ء

۳۸۳۔ ۲۸ر جون سنہ ۱۹۱۲ء

۳۸۴۔ ۱۶ر اگست سنہ ۱۹۱۲ء

۳۸۵۔ ۲۰ر ستمبر سنہ ۱۹۱۲ء

۳۸۶۔ ۲۷ر دسمبر سنہ ۱۹۱۲ء

۳۸۷۔ ۳۱ر جنوری سنہ ۱۹۱۳ء

۳۸۸۔ ۷ر فروری سنہ ۱۹۱۳ء

۳۸۹۔ ۶ر جون سنہ ۱۹۱۳ء

۳۹۰۔ ۵ر ستمبر سنہ ۱۹۱۳ء

۳۹۱۔ ۳ر اکتوبر سنہ ۱۹۱۳ء

۳۹۲۔ ۷ر نومبر سنہ ۱۹۱۳ء

۳۹۳۔ ۲۱ر نومبر سنہ ۱۹۱۳ء

۳۹۴۔ ۷ر جولائی سنہ ۱۹۱۴ء

۳۹۵۔ ۲۴ر جولائی سنہ ۱۹۱۴ء

۳۹۶۔ ۴ر ستمبر سنہ ۱۹۱۴ء

۳۹۷۔ ۲ر اکتوبر سنہ ۱۹۱۴ء

۳۹۸۔ ۴ر دسمبر سنہ ۱۹۱۴ء

۳۹۹۔ ۱۱ر دسمبر سنہ ۱۹۱۴ء

۴۰۰۔ ۲۹ر جنوری سنہ ۱۹۱۵ء

۴۰۱۔ ۱۹ر فروری سنہ ۱۹۱۵ء

۴۰۲۔ ۲ر اپریل سنہ ۱۹۱۵ء

۴۰۳۔ ۲۳ر اپریل سنہ ۱۹۱۵ء

۴۰۴۔ ۲۸ر مئی سنہ ۱۹۱۵ء

۴۰۵۔ ۱۱ر جون سنہ ۱۹۱۵ء

۴۰۶۔ ۹ر جولائی سنہ ۱۹۱۵ء

marfat.com

۴۰۷۔ ۲۷ر اگست ۱۹۱۵ء

۴۰۸۔ یکم اکتوبر ۱۹۱۵ء

۴۰۹۔ ۸ر اکتوبر ۱۹۱۵ء

۴۱۰۔ ۵ر نومبر ۱۹۱۵ء

۴۱۱۔ ۱۴ر جنوری ۱۹۱۶ء

۴۱۲۔ ۲۱ر جنوری ۱۹۱۶ء

۴۱۳۔ ۱۷ر مارچ ۱۹۱۶ء

۴۱۴۔ ۳۱ر مارچ ۱۹۱۶ء

۴۱۵۔ ۷ر اپریل ۱۹۱۶ء

۴۱۶۔ ۱۴ر اپریل ۱۹۱۶ء

۴۱۷۔ ۲۶ر مئی ۱۹۱۶ء

۴۱۸۔ ۲ر جون ۱۹۱۶ء

۴۱۹۔ ۱۶ر جون ۱۹۱۶ء

۴۲۰۔ ۳۰ر جون ۱۹۱۶ء

۴۲۱۔ ۱۱ر اگست ۱۹۱۶ء

۴۲۲۔ ۲۵ر اگست ۱۹۱۶ء

۴۲۳۔ ۲۴ر اپریل ۱۹۳۱ء

۴۲۴۔ ۱۸ر ستمبر ۱۹۳۱ء

۴۲۵۔ ۹ر اکتوبر ۱۹۳۱ء

۴۲۶۔ ۹ر نومبر ۱۹۳۴ء

۴۲۷۔ ۳۰ر نومبر ۱۹۳۴ء

۴۲۸۔ ۸ر جنوری ۱۹۳۶ء

۴۲۹۔ ۲۶ر جون ۱۹۳۶ء

۴۳۰۔ ۱۷ر جولائی ۱۹۳۶ء

۴۳۱۔ یکم جنوری ۱۹۳۷ء

۴۳۲۔ ۲۲ر جنوری ۱۹۳۷ء

۴۳۳۔ ۵ر فروری ۱۹۳۷ء

۴۳۴۔ ۹ر اپریل ۱۹۳۷ء

۴۳۵۔ ۲۳ر اپریل ۱۹۳۷ء

۴۳۶۔ ۳۰ر اپریل ۱۹۳۷ء

۴۳۷۔ ۱۱ر جون ۱۹۳۷ء

۴۳۸۔ ۶ر اگست ۱۹۳۷ء

۴۳۹۔ ۲۷ر اگست ۱۹۳۷ء

۴۴۰۔ ۱۷ر ستمبر ۱۹۳۷ء

۴۴۱۔ ۸ر اکتوبر ۱۹۳۷ء

۴۴۲۔ ۲۴ر دسمبر ۱۹۳۷ء

۴۴۳۔ ۳۱ر دسمبر ۱۹۳۷ء

۴۴۴۔ ۲۸ر جنوری ۱۹۳۸ء

۴۴۵۔ ۱۱ر مارچ ۱۹۳۸ء

۴۴۶۔ ۲۰ر مئی ۱۹۳۸ء

۴۴۷۔ ۲۷ر مئی ۱۹۳۸ء

۴۴۸۔ جون ۱۹۳۸ء

۴۴۹۔ ۱۵ر جنوری ۱۹۴۰ء

۴۵۰۔ ۲۹ر مارچ ۱۹۴۰ء

۴۵۱۔ ۹ر اگست ۱۹۴۰ء

۴۵۲۔ ۳۰ر اگست ۱۹۴۰ء

marfat.com

۴۵۳۔ ۲۶ر اپریل سنہ ۱۹۴۰ء
۴۵۴۔ ۴ر جولائی سنہ ۱۹۴۱ء
۴۵۵۔ ۳۱ر جولائی سنہ ۱۹۴۱ء
۴۵۶۔ ۱۵ر جنوری سنہ ۱۹۴۳ء
۴۵۷۔ ۵ر فروری سنہ ۱۹۴۳ء
۴۵۸۔ ۱۹ر فروری سنہ ۱۹۴۳ء
۴۵۹۔ ۲۶ر فروری سنہ ۱۹۴۳ء
۴۶۰۔ ۵ر مارچ سنہ ۱۹۴۳ء
۴۶۱۔ ۲۳ر اپریل سنہ ۱۹۴۳ء
۴۶۲۔ ۲۵ر جون سنہ ۱۹۴۳ء
۴۶۳۔ ۲ر جولائی سنہ ۱۹۴۳ء
۴۶۴۔ ۱۰ر دسمبر سنہ ۱۹۴۳ء
۴۶۵۔ یکم فروری سنہ ۱۹۴۶ء
۴۶۶۔ ۹ر اگست سنہ ۱۹۴۶ء
۴۶۷۔ ۲۳ر اگست سنہ ۱۹۴۶ء
۴۶۸۔ ۱۱ر اکتوبر سنہ ۱۹۴۶ء
۴۶۹۔ ۱۷ر جنوری سنہ ۱۹۴۷ء
۴۷۰۔ ۱۵ر ربیع الاول سنہ ۱۳۶۶ھ

اخبار محمدی دہلی

۴۷۱۔ ۷ر اپریل سنہ ۱۹۳۷ء
۴۷۲۔ ۱۵ر مئی سنہ ۱۹۳۸ء
۴۷۳۔ ۱۵ر جولائی سنہ ۱۹۳۸ء
۴۷۴۔ یکم اگست سنہ ۱۹۳۸ء
۴۷۵۔ یکم اکتوبر سنہ ۱۹۳۸ء
۴۷۶۔ ۱۵ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۸ء
۴۷۷۔ ۱۵ر نومبر سنہ ۱۹۳۸ء
۴۷۸۔ ۱۵ر فروری سنہ ۱۹۳۹ء
۴۷۹۔ یکم مارچ سنہ ۱۹۳۹ء
۴۸۰۔ یکم اپریل سنہ ۱۹۳۹ء
۴۸۱۔ ۱۵ر اپریل سنہ ۱۹۳۹ء
۴۸۲۔ ۱۵ر ستمبر سنہ ۱۹۳۹ء
۴۸۳۔ یکم اکتوبر سنہ ۱۹۳۹ء
۴۸۴۔ ۱۵ر جولائی سنہ ۱۹۳۹ء
۴۸۵۔ ۱۵ر جنوری سنہ ۱۹۴۰ء
۴۸۶۔ یکم جنوری سنہ ۱۹۴۲ء
۴۸۷۔ یکم مئی سنہ ۱۹۴۲ء
۴۸۸۔ تنظیم اہلحدیث روپڑ جمادی الاخری سنہ ۱۳۵۲ھ
۴۸۹۔ 〃 〃 〃 یکم فروری سنہ ۱۹۳۳ء
۴۹۰۔ تنظیم اہلحدیث لاہور ۲۲ر مارچ سنہ ۱۹۷۴ء
۴۹۱۔ 〃 〃 〃 ۲۸ر دسمبر سنہ ۱۹۷۴ء

صحیفہ اہلحدیث کراچی

۴۹۲۔ یکم ذی الحج سنہ ۱۳۷۲ھ
۴۹۳۔ ۱۵ر محرم الحرام سنہ ۱۳۷۳ھ
۴۹۴۔ ۱۵ر جمادی الثانی سنہ ۱۳۷۳ھ

marfat.com

۴۹۵۔ ۱۵ر محرم الحرام سنہ ۱۳۷۴ھ
۴۹۶۔ یکم صفر المظفر سنہ ۱۳۷۴ھ
۴۹۷۔ یکم ربیع الاوّل سنہ ۱۳۷۴ھ
۴۹۸۔ یکم جمادی الاوّل سنہ ۱۳۷۴ھ
۴۹۹۔ ۱۵ر جمادی الاوّل سنہ ۱۳۷۴ھ
۵۰۰۔ یکم جمادی الثانی سنہ ۱۳۷۴ھ
۵۰۱۔ ۹ر نومبر سنہ ۱۹۵۴ء
۵۰۲۔ ۲۸ر مارچ سنہ ۱۹۵۴ء
۵۰۳۔ ۲۸ر نومبر سنہ ۱۹۵۴ء
۵۰۴۔ ۱۲ر دسمبر سنہ ۱۹۵۴ء
۵۰۵۔ ۲۶ر جنوری سنہ ۱۹۵۵ء
۵۰۶۔ ۱۷ر مارچ سنہ ۱۹۵۷ء
۵۰۷۔ یکم شعبان سنہ ۱۳۸۱ھ
۵۰۸۔ ۴ر اپریل سنہ ۱۹۶۹ء
۵۰۹۔ الارشاد جدید کراچی یکم جمادی الاوّل سنہ ۱۳۷۴ھ
〃 〃 〃 رجب سنہ ۱۳۷۴ھ

الاعتصام لاہور

۵۱۰۔ ۲۲ر جون سنہ ۱۹۵۶ء
۵۱۱۔ ۸ر نومبر سنہ ۱۹۵۷ء
۵۱۲۔ ۶ر دسمبر سنہ ۱۹۵۷ء
۵۱۳۔ ۲ر جنوری سنہ ۱۹۵۹ء
۵۱۴۔ ۹ر نومبر سنہ ۱۹۷۳ء
۵۱۵۔ ۵ر اپریل سنہ ۱۹۷۴ء
۵۱۶۔ ۱۷ر جنوری سنہ ۱۹۷۵ء
۵۱۷۔ ۱۷ر ستمبر سنہ ۱۹۷۶ء

ماہنامہ تجلی دیوبند

۵۱۸۔ مارچ سنہ ۱۹۵۷ء
۵۱۹۔ مئی سنہ ۱۹۵۷ء
۵۲۰۔ جون سنہ ۱۹۵۹ء
۵۲۱۔ المنبر لائلپور ۲۵ر دسمبر سنہ ۱۹۶۴ء
۵۲۲۔ فاران کراچی سنہ ۱۹۵۳ء
۵۲۳۔ ترجمان الحدیث مئی۔جون سنہ ۱۹۷۳ء
۵۲۴۔ الامداد تھانہ بھون صفر سنہ ۱۳۳۶ھ
۵۲۵۔ السواد الاعظم مراد آباد جمادی الاوّل سنہ ۱۳۴۵ھ
۵۲۶۔ ترجمان القرآن مئی سنہ ۱۹۵۵ء
۵۲۷۔ ترجمان القرآن نومبر سنہ ۱۹۶۳ء
۵۲۸۔ ہفت روزہ قندیل لاہور ۳ر جولائی سنہ ۱۹۶۶ء
۵۲۹۔ ماہنامہ رشاد سیالکوٹ جولائی سنہ ۱۹۷۳ء
۵۳۰۔ روزنامہ نوائے وقت ۱۱ر مئی سنہ ۱۹۵۵ء
۵۳۱۔ 〃 〃 〃 یکم اکتوبر سنہ ۱۹۵۶ء
۵۳۲۔ 〃 〃 〃 ۳۰ر دسمبر سنہ ۱۹۶۳ء
۵۳۳۔ 〃 〃 〃 ۲۷ر مئی سنہ ۱۹۷۶ء

marfat.com

فہرست

۱۔ کشف رازِ نجدیت ۴

۲۔ بھاگتے ہیں تجھ سے سارے دشمنانِ مصطفیٰ ۵

۳۔ ماخذِ کتاب ۶

۴۔ فہرست ۱۹

۵۔ عرضِ حال ۳۶

۶۔ وجہِ تالیف ۴۱

۷۔ جادو وہ جو سر چڑھ کر بولے ۴۹

۸۔ آغازِ کتاب

۹۔ انتشار، تفرقہ بازی اور مخالفت ۵۲

۱۰۔ خاندانِ غزنویہ کا حال ۵۳

۱۱۔ حافظ عبداللہ روپڑی کا حال ۵۴

۱۲۔ روپڑی کو بکنے دو۔ ۵۵

۱۳۔ روپڑی کے خلاف ریزولیشن ۵۵

۱۴۔ ثناء اللہ امرتسری کا حال ۵۶

۱۵۔ مولوی عبدالوہاب دہلوی کے لیے وہابیوں کا فیصلہ ۵۶

۱۶۔ سامرودی کا حال ۵۷

۱۷۔ وہابی مولوی آپس میں ملکر بیٹھنے والے نہیں ۵۷

۱۸۔ مولوی عبدالجبار غزنوی کا حال ۵۷

۱۹۔ وہابیوں میں اوصافِ بشریہ مفقود ہیں ۵۸

۲۰۔ وہابی مولویوں کی کتابوں سے فتنہ و فساد پیدا ہوتا ہے۔ ۵۸

۲۱۔ ابراہیم میر سیالکوٹی کی آپس میں مصالحت کرنے پر ناراضگی۔ ۵۹

۲۲۔ وہابی مولوی کا وہابی مولوی کی اقتدا میں نماز پڑھنا۔ ۶۰

۲۳۔ وہابی مولوی کی مصافحہ کرنے سے بیزاری ۶۰

۲۴۔ ابراہیم میر کی اکابر وہابیہ سے ناراضگی ۶۲

۲۵۔ اسماعیل سلفی کا حال ۶۳

۲۶۔ وہابی بزرگوں کی برکت سرپھٹول اور انتشار ہے۔ ۶۴

۲۷۔ وہابی مولویوں پر امام الوہابیہ دہلوی کا لعنت کا فتوے ۶۷

۲۸۔ مولوی اشرف علی تھانوی کا شہادت ۶۸

۲۹۔ وہابیہ کی علمی قابلیت ۷۹

۳۰۔ وہابی اکابر کا علمی مقام ۷۰

۳۱۔ وہابیوں کے نزدیک تفسیرِ صحابہ غلط ہے ۷۲

marfat.com

۳۲۔ من گھڑت اور حدیث کے خلاف تفسیر ۷۳

۳۳۔ ثناء اللہ منطق میں یتیم ہے ۷۳

۳۴۔ حافظ عبداللہ روپڑی کا علم ۷۴

۳۵۔ مولوی عبدالمنان وزیرآبادی کا علم ۷۵

۳۶۔ مولوی عبدالستار دہلوی کا علم ۷۶

۳۷۔ اعلےٰ احمق ۷۶

۳۸۔ وہابیوں کے مفتی علم سے کورے ۷۷

۳۹۔ عبدالوہاب دہلوی کی علمی قابلیت ۷۹

۴۰۔ اکابرِ وہابیہ جاہل اور گمراہ ہیں۔ ۸۰

۴۱۔ اسماعیل سلفی کو دعائے قنوت نہ آنا ۸۲

۴۲۔ اخبار اہلِ حدیث امرتسر پڑھنے والے احمق ہیں۔ ۸۴

۴۳۔ علمی میدان میں وہابیوں پر مرزا قادیانی کی سبقت۔ ۸۵

۴۴۔ توہینِ بزرگانِ دین ۸۷

۴۵۔ ابراہیم میر کی اپنی مسجد کے خطیب کے لیے اپیل ۸۸

۴۶۔ گستاخ ہیرو ۸۹

۴۷۔ وہابیوں کو امامِ اعظم کی بددعا ۹۰

۴۸۔ وہابی ائمہ اربعہ کی توہین کرتے ہیں ۹۰

۴۹۔ بیٹا دیوبند طالب علم کا مرتد ہو جانا ۹۱

۵۰۔ مولوی عبدالجبار غزنوی کی گواہی ۹۳

۵۱۔ وہابیوں کی کتابیں موجبِ فتنہ و فساد ہیں ۹۶

۵۲۔ رومانی داستانوں کی فلم ۹۷

۵۳۔ فتوےٰ بازی ۹۹

۵۴۔ ثناء اللہ امرتسری پر فتوے ۱۰۱

۵۵۔ حافظ عبداللہ روپڑی پر فتوے ۱۰۸

۵۶۔ امام عبدالوہاب اور عبدالستار دہلوی پر فتوے ۱۱۴

۵۷۔ مرزائیوں سے مشابہت ۱۱۵

۵۸۔ کفارِ مکہ سے بڑھ کر کفر ۱۱۷

۵۹۔ مولوی عبدالعزیز رحیم آبادی اور عبداللہ غازی پوری پر فتوے ۱۱۷

۶۰۔ مولوی ابراہیم سیالکوٹی پر فتوے ۱۱۸

۶۱۔ عبدالجبار غزنوی پر فتوے ۱۱۹

۶۲۔ مولوی فقیر اللہ مدراسی پر فتوے ۱۲۰

۶۳۔ مولوی احمد اللہ امرتسری پر فتوےٰ ۱۲۲

۶۴۔ مولوی محی الدین لکھوی پر فتوےٰ ۱۲۲

۶۵۔ داؤد غزنوی، اسماعیل سلفی، ابوالقاسم ۱۲۳

۶۶۔ بنارسی کانگریسی مولویوں پر فتوےٰ ۱۲۳

۶۶۔ مولوی محمد گوندلوی پر فتوے ۱۲۵

۶۷۔ مولوی عبدالقادر حصاری پر فتوے ۱۲۵

۶۸۔ مولوی عنایت اللہ گجراتی پر فتوے ۱۲۶

۶۹۔ سب وہابیوں پر فتوے ۱۲۷

۷۰۔ گمراہی کی بنیاد وہابیت ۱۲۸

۷۱۔ ابوالکلام آزاد کے والد کا قبلہ ۱۳۰

marfat.com

۷۲۔ سیرت و کردار ۱۳۲

۷۳۔ روپے کی محبت میں قول و اقرار بھول جانا ۱۳۲

۷۴۔ حافظ شریف اور حکیم صادق کی سیاہ کاریاں ۱۳۳

۷۵۔ مجاہدینِ کشمیر کا مال ہضم کرنا ۱۳۵

۷۶۔ مولوی اسماعیل کانگریسی سے مصارف کا محاسبہ ۱۳۸

۷۷۔ طالب علم کے پیسے ہضم کرنا ۱۴۰

۷۸۔ حافظ عبداللہ روپڑی سے وہابیوں کے سوالات ۱۴۲

۷۹۔ منصفوں کو بُرا کہنا ۱۴۴

۸۰۔ وہابیوں کی امامت دکانداری ہے ۱۴۵

۸۱۔ دینی ہماہمی کا محور دولت ۱۴۵

۸۲۔ حق و صداقت کی خونریزی کرنا ۱۴۶

۸۳۔ زمانے کی طرح رنگ بدلنے ۱۴۷

۸۴۔ گاندھی جی کے پیروکار ۱۴۷

۸۵۔ جھوٹ از خود گھڑنا ۱۵۰

۸۶۔ روپڑیوں سے بچو ۱۵۱

۸۷۔ وہابیوں کی ناک کٹ گئی ۱۵۱

۸۸۔ معیارِ اہلِ حدیث ۱۵۲

۸۹۔ وہابیوں کی جماعت یتیم ہو گئی ۱۵۳

۹۰۔ روپڑی خاندان کے سربراہ کے متعلق انکشاف ۱۵۴

۹۱۔ مولوی ابراہیم میر کا پُراسرار خط ۱۵۶

۹۲۔ حجرۂ خاص میں فعل ۱۵۷

۹۳۔ قومِ لوط کا فعل ۱۵۸

۹۴۔ وہابی مذہب کی تاریخ ۱۵۹

۹۵۔ محمد بن عبدالوہاب نجدی کی تعلیم ۱۶۲

۹۶۔ محمد بن عبدالوہاب نجدی کے قبائح و خبائث ۱۶۳

۹۷۔ دلائل الخیرات کو جلانا۔ درود شریف پڑھنے والوں کو قتل کرنا۔ مزارات کی جگہ بیت الخلاء بنانا۔ ۱۶۴

۹۸۔ انبیاء و اولیاء کی توہین کرنا ۱۶۵

۹۹۔ محمد بن عبدالوہاب نجدی کو ماننے والوں کے علاوہ سب مُشرک ہیں۔ ۱۶۶

۱۰۰۔ مسلمانوں کا قتل و غارت ۱۶۷

۱۰۱۔ وہابی مذہب کے نرالے اصُول ۱۶۸

۱۰۲۔ تفسیر بالرائے کی تسلیم ۱۷۰

۱۰۳۔ انگریزوں نے نجدی کی تعریف کیوں کی ہے۔ ۱۷۲

۱۰۴۔ نجدیوں پر کفر کا فتوےٰ اور ان کو قید کی سزا ۱۷۳

۱۰۵۔ شیخ نجدی کا دعوےٰ نبوت کرنے کا پروگرام ۱۷۸

۱۰۶۔ اعلیحضرت گولڑوی علیہ الرحمۃ کی تائید ۱۸۰

۱۰۷۔ نجدی کی گمراہی اور بے دینی کا اُس کے اساتذہ اور باپ کو علم تھا۔ ۱۸۰

۱۰۸۔ ابنِ عبدالوہاب نجدی کے استاذ کی وصیت اور فتوےٰ ۱۸۲

marfat.com

۱۰۹۔ شیخ الوہابیہ کے متعلق اس کے بھائی شیخ سلیمان کا بیان ۱۸۳

۱۱۰۔ وہابیوں کے عقائد سے بچنے کی نصیحت ۱۸۴

۱۱۱۔ نجدی کے رد میں اسلاف کی کتب ۱۸۵

۱۱۲۔ مکہ میں علماءِ وہابیہ نجدیہ پر قیامت ۱۸۹

۱۱۳۔ مکہ میں وہابی مولویوں کو سزا ۱۸۹

۱۱۴۔ میاں نذیر حسین دہلوی کا توبہ نامہ ۱۹۰

۱۱۵۔ وہابیوں کے ظلم و ستم کی کہانی اور شقاوت قلبی کی نشانی ۱۹۲

۱۱۶۔ قرآنِ پاک اور کتبِ احادیث کو نالیوں اور گلیوں میں پھینکنا ۱۹۳

۱۱۷۔ نجدیوں کے وحشیانہ سلوک سے متعلق مکہ مکرمہ سے ٹیلیگرام آنا۔ ۱۹۵

۱۱۸۔ مکہ مکرمہ اور طائف پر حملہ، تباہی کے اقدام ۱۹۶

۱۱۹۔ وہابیوں نے کفار کی خونریزی نہیں بلکہ مسلمانوں کا ہی قتل و غارت کیا ہے۔ ۱۹۷

۱۲۰۔ مکہ مکرمہ پر حملہ اور حرم شریف کے مقدس مقامات کو تباہ و برباد کرنا ۱۹۸

۱۲۱۔ مکہ مکرمہ میں قتال قیامت تک حرام ہے۔ ۲۰۰

۱۲۲۔ مدینہ منورہ پر حملہ اور گنبدِ خضریٰ پر گولہ باری۔ ۲۰۱

۱۲۳۔ محمد بن عبدالوہاب نجدی کا مزاراتِ مقدسہ کو تلف کرنے کا عہد لینا۔ ۲۰۲

۱۲۴۔ تحریکِ وہابیت کا مقصد مزارت کو مسمار کرنا ہے۔ ۲۰۳

۱۲۵۔ جنت البقیع اور دیگر مقامات کا انہدام ۲۰۴

۱۲۶۔ ابنِ سعود کو وفدِ خلافت کا بالمشافہ متنبہ کرنا۔ ۲۰۵

۱۲۷۔ نجدی حکومت کا فراڈ ۲۰۶

۱۲۸۔ ابنِ سعود کو صدر الافاضل مراد آبادی علیہ الرحمۃ کا اعلانِ مناظرہ ۲۱۰

۱۲۹۔ ثناء اللہ امرتسری کا مناظرہ سے بھاگ جانا۔ ۲۱۱

۱۳۰۔ مولوی حشمت علی رضوی علیہ الرحمۃ کا ثناء اللہ کو چیلنج ۲۱۳

۱۳۱۔ کربلا معلّٰے اور نجف اشرف پر حملہ ۲۱۵

۱۳۲۔ کربلا معلّٰے کے مزارات کو تہ و بالا کرنا اور لوٹ مار قتل و غارت کرنا ۲۱۶

۱۳۳۔ وہابیوں کے انگریزوں کے وظیفہ خوار ہونے کے ثبوت میں حسرت موہانی کا خطبہ ۲۲۱

۱۳۴۔ انگریزوں کی وفاداری کے نشہ میں مسلمانوں کو صفحۂ ہستی سے مٹا دینے کی سازش ۲۲۲

۱۳۵۔ وہابیوں کا خروج ۲۲۵

۱۳۶۔ حکومتِ برطانیہ کی کارگذاری ۲۲۵

marfat.com

۱۳۷۔ وہابیوں کی صلیبی لڑائیاں ۲۲۷

۱۳۸۔ برطانیہ کا پٹھو ابنِ سعود ۲۲۸

۱۳۹۔ مولوی ظفر علی خاں کی گواہی ۲۲۹

۱۴۰۔ محمد بن عبدالوہاب نجدی کا خود قبروں کو مسمار کرنا۔ ۲۲۹

۱۴۱۔ حضرت زید بن خطاب کا قبہ گرانا ۲۳۰

۱۴۲۔ نجدیوں کو مکر و فریب کے گُر اُن کے ہندوستانی حامیوں نے سکھائے ہیں ۲۳۶

۱۴۳۔ عبدالعزیز بن سعود کا قتل ۔ ۲۴۰

۱۴۴۔ ابنِ سعود کو علامہ اقبال کا خطاب ۲۴۰

۱۴۵۔ اسلام سے متعلق ابنِ سعود علامہ اقبال کے سامنے حقیر ہے۔ ۲۴۱

۱۴۶۔ کفری ٹکسال کے نئے نئے سکے ۲۴۲

۱۴۷۔ طائفہ نجدیہ جہنمی ہے ۲۴۴

۱۴۸۔ محمد بن عبدالوہاب نجدی اور اُس کے متبعین احادیثِ شریفہ کی روشنی میں ۲۴۶

۱۴۹۔ عورتوں کو سر منڈانے کا حکم ۲۵۰

۱۵۰۔ فطرۃً شرارتی ہوں گے ۲۵۱

۱۵۱۔ مسیلمہ کذاب اور محمد بن عبدالوہاب شیطان کے سینگ ہیں ۲۵۲

۱۵۲۔ کفار کو چھوڑ دیں گے اور مسلمانوں کو قتل کریں گے ۲۵۳

۱۵۳۔ ایمان سے خالی نمازی ۲۵۵

۱۵۴۔ قرآن پڑھیں گے مگر حلق سے نیچے نہ اُتریں گا۔ ۲۵۶

۱۵۵۔ حدیث والے کہلائیں گے مگر اسلام سے خارج ہوں گے۔ ۲۵۷

۱۵۶۔ فسادی اور اپنے پاس سے حدیث سے بنانے والے ۲۵۸

۱۵۷۔ کفار سے متعلق آیات مسلمانوں پر چسپاں کریں گے۔ ۲۵۹

۱۵۸۔ قرآنِ پاک کے معانی میں تحریف کرینگے ۲۵۹

۱۵۹۔ نبیؐ پاک کو بے انصاف کہنا ۲۵۹

۱۶۰۔ نجدیوں سے خدشہ ۲۶۴

۱۶۱۔ نجدیوں نے صحابہؓ کرام کو بھی شہید کیا ۲۶۵

۱۶۲۔ کفار کے اجلاس میں شیطان کا اپنے آپ کو شیخِ نجد کہلانا ۲۶۷

۱۶۳۔ شیخ نجد کا نبیؐ پاک کو قتل کرنے کے منصوبہ کی تائید کرنا۔ ۲۶۸

۱۶۴۔ واقعہ کربلا مذہبی نہ تھا بلکہ سیاسی تھا ۲۷۴

۱۶۵۔ یزید سے سرکار امام حسین کا مقابلہ حکومت و ریاست کے حصول کیلئے تھا ۲۷۵

۱۶۶۔ امام حسین کا اسلام کے خلاف اصُول ۲۷۵

۱۶۷۔ عظمتِ حسین کا انکار ۲۷۵

۱۶۸۔ یزید کی خلافت حضرت علی کی خلافت سے اولیٰ تھی ۲۷۶

marfat.com

۱۶۹۔ یزید مظلوم شخصیت ہے ۲۷۷

۱۷۰۔ یزید خلیفہ برحق ہے۔ ۲۷۷

۱۷۱۔ سانحہ کربلا سیاسی تھا ۲۷۸

۱۷۲۔ واقعہ کربلا سے اسلام مردہ ہوا ہے ۲۸۰

۱۷۳۔ وہابی خارجی ہیں سلف کی گواہی ۲۸۰

۱۷۴۔ علامہ شامی کی گواہی ۲۸۱

۱۷۵۔ مولوی محمد تھانوی کی گواہی ۲۸۳

۱۷۶۔ نجدیوں کے عقائد باطلہ اور نظریات فاسدہ ۲۸۴

۱۷۷۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت اور وسیلہ کارگر نہیں۔ ۲۸۴

۱۷۸۔ یارسول اللہ کہنے والا مشرک ہے۔ ۲۸۵

۱۷۹۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے توسل کفر ہے۔ ۲۸۶

۱۸۰۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک اور صالحین کی قبور کی زیارت مشرک ہے ۲۸۷

۱۸۱۔ تعویذ دھاگہ گٹ وغیرہ پہننا شرک ہے ۲۸۷

۱۸۲۔ محمد بن عبدالوہاب نجدی کے متعلق اکابر دیوبند کی رائیں۔ ۲۸۹

۱۸۳۔ انور شاہ کشمیری، حسین احمد ٹانڈوی ۲۸۹

۱۸۴۔ خلیل احمد انبیٹھوی کی گواہی

مولوی محمد تھانوی دیوبندی کی گواہی ۲۹۰

۱۸۵۔ مولوی عبیداللہ سندھی اور بہاؤالحق قاسمی کی گواہی ۲۹۱

۱۸۶۔ محمد بن ناصر حازمی کی گواہی ۲۹۳

۱۸۷۔ نجدی تحریک کے ثمرات ۹۸

۱۸۸۔ کافر سازی اور مشرک گری ۲۹۸

۱۸۹۔ کتب درود شریف کا تلف کرنا ۲۹۹

۱۹۰۔ اسلامی سلطنتوں کی مخالفت اور ان کی تباہی و بربادی ۳۰۱

۱۹۱۔ ابن سعود اور انگریزوں کا معاہدہ ۳۰۵

۱۹۲۔ ہندوستان میں وہابیت ۳۰۷

۱۹۳۔ اہل حدیث دراصل وہابی ہیں ۳۱۰

۱۹۴۔ نجدیوں کا اسماعیل دہلوی کو پیغام کہ ہم دعا کرتے ہیں ۳۱۱

۱۹۵۔ داؤد غزنوی تحریک وہابیت کی تصویر تھے ۳۱۱

۱۹۶۔ سید احمد بریلوی کو اکابر وہابیہ مہدی سمجھتے تھے ۳۱۲

۱۹۷۔ رسول پاک سے کمال مشابہت ۳۱۳

۱۹۸۔ سرکار فاطمہ رضی اللہ عنہا کا ننگے سید احمد کو کپڑے پہنانا ۳۱۴

۱۹۹۔ سید احمد کے نام پر صلی اللہ علیہ وسلم لکھنا تجویز ہوا۔ ۳۱۴

۲۰۰۔ اسماعیل دہلوی نے اپنے خاندان کے اکابر سے مسائل میں اختلاف کیا۔ ۳۱۵

۲۰۱۔ دیوبندی اور غیر مقلد ۳۱۵

۲۰۲۔ عامر عثمانی کا بیان ۳۱۶

marfat.com

۲۰۳۔ مولوی وحید الزماں کی عبارات ۳۱۶

۲۰۴۔ تصانیف اسماعیل دہلوی سے ہل چل ۳۱۹

۲۰۵۔ اسماعیل دہلوی سے شاہ عبدالعزیز کی ناراضگی ۳۲۰

۲۰۶۔ تقویۃ الایمان کی بنا پر اسماعیل دہلوی کی تکفیر پر علماء حق کا فتوے ۳۲۰

۲۰۷۔ جامع مسجد دہلی میں مناظرہ ۳۲۴

۲۰۸۔ اسماعیل دہلوی قتیل کی تکفیر ۳۲۹

۲۰۹۔ اسماعیل دہلوی کے ماخذ خوارج اور معتزلہ بدمذہب ہیں۔ ۳۲۹

۲۱۰۔ ہندوؤں اور سکھوں سے تعلقات ۳۳۰

۲۱۱۔ سید احمد اور اسماعیل دہلوی کا جہاد ہندوؤں سکھوں سے نہیں تھا بلکہ عشاقِ رسول سے تھا ۳۳۰

۲۱۲۔ اسماعیل دہلوی کو راجہ شیر سنگھ نے اعزاز و اکرام سے دفن کیا۔ ۳۳۱

۲۱۳۔ نہرو کی جوتی پر دس ہزار جناح قربان کیے جا سکتے ہیں۔ ۳۳۲

۲۱۴۔ نہرو ایمان کا شغلہ ہے ۳۳۲

۲۱۵۔ احراری پاکستان کو ہندوؤں کے حوالے کرنے میں کوشاں رہتے ہیں ۳۳۳

۲۱۶۔ دیوبندیوں کے نزدیک گاندھی شہید ہے ۳۳۳

۲۱۷۔ دیوبندیوں کے نزدیک گاندھی کی بے مثال عظمت ۳۳۴

۲۱۸۔ داؤد غزنوی ہندوؤں سے مایوس نہیں ۳۳۵

۲۱۹۔ وہابیوں کا مسلمانوں پر ظلم و ستم ۳۳۵

۲۲۰۔ سید صاحب نے پہلا جہاد یار محمد خاں سے کیا۔ ۳۳۵

۲۲۱۔ زبردستی نکاح کرنا ۳۳۷

۲۲۲۔ اسماعیل دہلوی مسلمانوں کے ہاتھوں قتل ہوا ۳۳۸

۲۲۳۔ صحیفہ اہلِ حدیث کی گواہی ۳۳۹

۲۲۴۔ غیر مقلدین وہابی حضرات کے اکابر گورنمنٹ برطانیہ کے وفادار تھے۔ ۳۴۱

۲۲۵۔ مولوی عبدالرحیم صادقپوری کا بیان ۳۴۲

۲۲۶۔ سکھوں سے جہاد کا ڈھونگ ۳۴۲

۲۲۷۔ سید احمد اور اسماعیل دہلوی کو انگریزوں سے مدد ملتی تھی۔ ۳۴۴

۲۲۸۔ حسین احمد مدنی اور ۔۔۔ مرزا حیرت دہلوی کی گواہی ۳۴۵

۲۲۹۔ حج پر جاتے وقت سید احمد بریلوی کو انگریزوں نے کھانا پیش کیا ۳۴۶

۲۳۰۔ انگریز کا اپنی تحریک کو کامیاب بنانے کے لیے اپنی عورتوں کو مرید کرانا ۳۴۷

۲۳۱۔ انگریز حکومت میں عیسائیت کی تبلیغ ۳۴۸

۲۳۲۔ میاں نذیر حسین دہلوی۔ ۳۴۹

۲۳۳۔ نذیر حسین دہلوی کی انگریز سے وفاداری اور میم کی خدمت ۳۵۰

marfat.com

۲۳۴۔ میم کی خدمت کے سلسلہ میں سرٹیفکیٹ ۳۵۱

۲۳۵۔ نذیر حسین کی وفاداری کی حکومتِ برطانیہ سے تائید ۳۵۲

۲۳۶۔ انگریز نوازی کے سلسلہ میں شمس العلما کا خطاب ۳۵۳

۲۳۷۔ نواب صدیق حسن بھوپالوی کی انگریز نوازی اور سیاست کی وجہ سے تبدیل کرنا ۳۵۴

۲۳۸۔ انگریزوں سے مسلمانوں کا جہاد جہاد نہ تھا ۳۵۵

۲۳۹۔ مولوی عبداللہ غزنوی اور صدیق پشاوری کو انگریزوں کی میم کی خدمت کے صلہ میں انعام ۳۵۶

۲۴۰۔ محمد حسین بٹالوی کی انگریز نوازی ۳۵۷

۲۴۱۔ سرکارِ انگریزی کی اطاعت واجب ہے ۳۵۷

۲۴۲۔ برٹش حکومت کی موافقت۔ ۳۵۸

۲۴۳۔ ۱۸۵۷ء میں انگریزوں کے خلاف جنگِ آزادی لڑنے والے باغی تھے۔ ۳۵۸

۲۴۴۔ بٹالوی کا اصل فتوے ۳۵۹

۲۴۵۔ انگریزوں کی حمایت میں بٹالوی کا کتاب لکھنا ۳۶۱

۲۴۶۔ وہابی کی بجائے اہلحدیث کہلانے کے لیے بٹالوی کا انگریزوں کی خوشامد کر کے منظوری لینا۔ ۳۶۲

۲۴۷۔ انگریزی میں منظوری نامہ ۳۶۳

۲۴۸۔ نواب صدیق حسن اور عبدالمجید سوہدروی کی تصدیق ۳۶۵

۲۴۹۔ انگریز کے نیازمند ہونے کی خود بٹالوی سے تصدیق ۳۶۶

۲۵۰۔ انگریزوں کی وفاداری کی درخواست ۳۶۷

۲۵۱۔ اسماعیل کانگریسی کی گواہی ۳۶۸

۲۵۲۔ ثناءاللہ امرتسری نے انگریزوں کی حمایت کا فتوے ۳۶۹

۲۵۳۔ برٹش گورنمنٹ کے خلاف سازشیں اسلام کے خلاف ہیں ۳۷۰

۲۵۴۔ انگریزی حکومت اور اُس کے حکام کا شکریہ ۳۷۰

۲۵۵۔ عبداللہ روپڑی اور عبدالستار دہلوی انگریزوں کے غلام ۳۷۱

۲۵۶۔ ہندوستان میں حکومتِ برطانیہ کی بدولت امن وامان ہوا۔ ۳۷۱

۲۵۷۔ گورنمنٹ انگریزی وہابیوں کے لیے نعمت ہے اور ان کی اپنی حکومت ہے۔ ۳۷۲

۲۵۸۔ مدرسہ دیوبند انگریزی حکومت کے خلاف نہیں بلکہ موافقِ سرکار ہے۔ ۳۷۳

۲۵۹۔ علماءِ اہلسنت وجماعت کا مطالبہ ۳۷۴

۲۶۰۔ وہابی مولویوں کا پاکستان کے خلاف پراپیگنڈا کرنا ۳۷۴

۲۶۱۔ احرار علامہ اقبال کے نظریہ کے خلاف تھے ۳۷۴

marfat.com

۲۶۲۔ علامہ اقبال علیہ الرحمۃ کے حسین احمد مدنی کے متعلق اشعار ۳۷۵

۲۶۳۔ دیوبند سے ۳۷۶

۲۶۴۔ اشرف علی تھانوی کو انگریز کی طرف سے چھ سو روپیہ ماہانہ وظیفہ ۳۷۷

۲۶۵۔ تبلیغی جماعت کے بانی کو انگریزوں سے روپیہ ملنا ۳۷۸

۲۶۶۔ جمعیت علماء اسلام انگریزوں کی مالی امداد اور ایماء پر بنائی گئی تھی ۳۷۸

۲۶۷۔ انگریزوں کی حکومت سے بغاوت کرنا خلافِ قانون ہے۔ ۳۷۹

۲۶۸۔ حالی سے انگریزوں کی تعریف ۳۷۹

۲۶۹۔ اکابر وہابیہ پاکستان کے مخالف تھے ۳۸۰

۲۷۰۔ پاکستان کی مخالفت میں وہابی علماء اور عوام کا کردار ۳۸۰

۲۷۱۔ امام الوہابیہ ثناء اللہ امرتسری ۳۸۱

۲۷۲۔ مولوی عبدالقادر قصوری ۳۸۳

۲۷۳۔ مولوی داؤد غزنوی ۳۸۴

۲۷۴۔ غزنوی تحریکِ پاکستان کے مخالف تھے ۳۸۴

۲۷۵۔ داؤد غزنوی ہندو قوم سے مایوس نہیں ۳۸۴

۲۷۶۔ مولوی اسماعیل کانگریسی ۳۸۵

۲۷۷۔ مولوی اسماعیل کانگریسی کا مرحوم سبھاش چندر کی صدارت میں تقریر کرنا۔ ۳۸۵

۲۷۸۔ کانگریس اور انگریزوں کی حکومت ۳۸۵

۲۷۹۔ مولوی ابوالقاسم بنارسی کا بیان کہ پاکستان کا نعرہ ڈھونگ ہے۔ ۳۸۷

۲۸۰۔ بنارسی گاندھی اور نہرو کی آواز کے لاؤڈ سپیکر ہیں ۳۸۷

۲۸۱۔ مولوی ابراہیم میر کا فتوے اور وہابیوں کی نصیحت ۳۸۸

۲۸۲۔ پیر مہر علی شاہ گولڑوی کا فتوے ۳۸۹

۲۸۳۔ کانگریس کے قیام کا مقصد کیا تھا ۳۸۹

۲۸۴۔ برطانیہ کی کانگریس نوازی ۳۹۱

۲۸۵۔ مسلم لیگ اور دیوبندی۔ مودودی ۳۹۲

۲۸۶۔ مسلم لیگ میں شرکت اکابر دیوبند کے مسلک اور تعلیمات کے خلاف ہے۔ ۳۹۲

۲۸۷۔ مسلم لیگ بددین جماعت ہے ۳۹۲

۲۸۸۔ لیگ کی تائید اور شرکت کسی طرح گوارا نہیں ۳۹۳

۲۸۹۔ علماء تھانہ بھون نے مسلم لیگ کی مذمت کی۔ ۳۹۳

۲۹۰۔ مسلم لیگ کو ووٹ دینے والے سور ہیں ۳۹۳

۲۹۱۔ احرار اور مسلم لیگ کی مخالفت ۳۹۳

۲۹۲۔ مودودی سے مسلم لیگ اور قیامِ پاکستان کی مخالفت ۳۹۴

۲۹۳۔ مودودی نے مسلم لیگ کی حمایت میں ایک لفظ بھی نہیں کہا ۳۹۴

۲۹۴۔ قیامِ پاکستان کا مطالبہ وقت ضائع

marfat.com

۲۹۵۔ کرنے کی حماقت ہے ۳۹۴

۲۹۶۔ مودودی کا تحریکِ پاکستان کی مخالفت کرنا ۳۹۵

۲۹۷۔ بانیانِ پاکستان کی نیت پر حملہ ۳۹۶

۲۹۸۔ قائدِ اعظم کافرِ اعظم ہے۔ ۳۹۶

۲۹۹۔ احرار پاکستان کے مخالف تھے ۳۹۷

۳۰۰۔ پاکستان کبھی بھی کوئی نہیں بنا سکتا ۳۹۷

۳۰۱۔ پاکستان ایک بازاری عورت ۳۹۸

۳۰۲۔ پاکستان پلیدستان ہے ۳۹۸

۳۰۳۔ پاکستان نہیں بلکہ خاکستان ۳۹۸

۳۰۴۔ پاکستان ایک سانپ ہے ۳۹۹

۳۰۵۔ نعرۂ پاکستان ایک سٹنٹ ہے ۳۹۹

۳۰۶۔ مسلمانوں کیلئے نظریہ پاکستان سراسر مضر ہے۔ ۴۰۰

۳۰۷۔ تصورِ پاکستان پر طنز اور توہین ۴۰۰

۳۰۸۔ نجدی وہابیوں کی مسلم کش کانگریسی لیڈروں سے والہانہ عقیدت ۴۰۱

۳۰۹۔ نہرو کے شاندار استقبال کی تیاریاں ۴۰۱

۳۱۰۔ نہرو کے لیے دُعائیں ۴۰۱

۳۱۱۔ نجدیوں کا نعرہ: نہرو رسول السلام ۴۰۲

۳۱۲۔ احتشام الحق تھانوی سے مذمت ۴۰۳

۳۱۳۔ مہاتما گاندھی کی سمادھی پر پھول چڑھانا ۴۰۵

۳۱۴۔ دیوبندی حضرات کے لیے لمحۂ فکریہ ۴۰۶

۳۱۵۔ جارج واشنگٹن کی قبر پر پھول ۴۰۶

۳۱۶۔ اِمام الوہابیہ ابنِ تیمیہ ۴۰۹

۳۱۷۔ ابنِ تیمیہ شیخ الاسلام نہیں بلکہ شیخ البدعت والآثام ہے۔ ۴۰۹

۳۱۸۔ علامہ ابنِ حجر مکی علیہ الرحمہ کا فیصلہ ۴۱۰

۳۱۹۔ علامہ عبدالحی لکھنوی کا فیصلہ ۴۱۱

۳۲۰۔ علامہ سید غلام مصطفیٰ شاہ صاحب علیہ الرحمۃ کا فیصلہ ۴۱۳

۳۲۱۔ علامہ ابو حامد بن مرزوق علیہ الرحمۃ کا فیصلہ ۴۱۴

۳۲۲۔ علامہ تقی الدین سبکی علیہ الرحمہ کا فیصلہ ۴۱۵

۳۲۳۔ علامہ ابنِ حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ کا بیان ۴۱۵

۳۲۴۔ علامہ زرقانی علیہ الرحمۃ کا فیصلہ ۴۱۷

۳۲۵۔ مؤرخ ابنِ بطوطہ اور صلاح الدین صفوی کا فیصلہ ۴۱۷

۳۲۶۔ شیخ شہاب الدین سہروردی اور سیف الدین صفدی کا فیصلہ ۴۱۸

۳۲۷۔ علامہ ذہبی اور علامہ ابنِ حجر مکی کا فیصلہ ۴۱۸

۳۲۸۔ اللہ تعالےٰ اور قرآنِ پاک کے متعلق ابنِ تیمیہ کے عقائدِ باطلہ ۴۱۹

۳۲۹۔ امام جلال الدین سیوطی اور محدث ابنِ جوزی کا فیصلہ ۴۲۲

۳۳۰۔ علامہ یوسف نبہانی علیہ الرحمۃ کا فیصلہ ۴۲۴

marfat.com

۳۳۱ ۔ ابنِ تیمیہ حنبلی مذہب سے خارج ہے ۴۲۴

۳۳۲ ۔ ابنِ تیمیہ غلط حوالے دیتا ہے ۴۲۵

۳۳۳ ۔ علامہ نبہانی کا ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ کو ابنِ تیمیہ کی تردید کرنے پر خراجِ تحسین ۴۲۷

۳۳۴ ۔ نواب صدیق حسن بھوپالوی کا مالی امداد دے کر ابنِ تیمیہ کی شان میں کتاب لکھانا ۔ ۴۲۸

۳۳۵ ۔ ابنِ رجب سے ابنِ تیمیہ کے عقائدِ باطلہ کا تذکرہ ۴۳۲

۳۳۶ ۔ علامہ قسطلانی علیہ الرحمۃ کا امام سبکی کو ابنِ تیمیہ کی تردید پر خراجِ تحسین ۴۳۵

۳۳۷ ۔ ملا علی قاری رحمۃ اللہ الباری کا فیصلہ ۴۳۵

۳۳۸ ۔ علامہ شہاب الدین خفاجی علیہ الرحمۃ کا فیصلہ ۴۳۶

۳۳۹ ۔ علامہ ابو حیان، علامہ شیخ محمد نجیت الطیبی کا فیصلہ ۴۳۷

۳۴۰ ۔ علامہ صادی اور مجد الدین فیروز آبادی کا فیصلہ ۴۳۸

۳۴۱ ۔ ابنِ تیمیہ نے اہلبیت اطہار، غوث اور اقطاب کی شان میں توہین اور تحقیر کی ہے ۴۳۹

۳۴۲ ۔ اہلبیت سے عناد کی بنا پر سیدنا امامِ اعظم علیہ الرحمۃ کی شاگردی کا انکار ۴۴۰

۳۴۳ ۔ علامہ شاہ فضل رسول بدایونی اور علامہ عبد الرحمٰن سلہٹی کا فیصلہ ۴۴۱

۳۴۴ ۔ ابنِ تیمیہ کا خارجیوں کی مخالفت نہ کرنا ۴۴۱

۳۴۵ ۔ علامہ یوسف نبہانی علیہ الرحمۃ کی نصیحت ۴۴۱

۳۴۶ ۔ اعلیحضرت گولڑوی علیہ الرحمۃ کی نصیحت ۴۴۲

۳۴۷ ۔ علامہ عبد الحی لکھنوی کا بیان ۴۴۳

۳۴۸ ۔ بدعقیدہ حضرات کی تردید کرنا مسلمانوں پر بہت احسان ہے ۴۴۴

۳۴۹ ۔ ابنِ تیمیہ کے متعلق ابو زہرہ مصری کی عبارات ۴۴۵

۳۵۰ ۔ ابنِ تیمیہ کے نظریاتِ فاسدہ اور اُس کو سزا ۔ ۴۴۶

۳۵۱ ۔ مذاہبِ اربعہ اور زیارتِ روضہ نبوی کی مخالفت ۴۴۷

۳۵۲ ۔ کفر کا فتوے لگانے میں بیباکی اور بدعتی کا فتوے ۴۴۸

۳۵۳ ۔ روضۃ الرسول کی زیارت کی مخالفت کے فتوے پر سزا ۴۴۹

۳۵۴ ۔ ابنِ تیمیہ پر فتوے ۴۵۰

۳۵۵ ۔ اللہ تعالےٰ جل جلالہٗ کے متعلق وہابیوں کے عقائد ۴۸۸

۳۵۶ ۔ اللہ سب سے بڑا نہیں ۴۸۸

۳۵۷ ۔ اللہ تعالےٰ عرش کے اوپر موجود ہے ۴۸۸

۳۵۸ ۔ اللہ تعالےٰ کے وزن سے کرسی

marfat.com

چرچر کرتا ہے ۴۸۹
۳۵۹۔ اللہ تعالےٰ کی ذات کو سجدہ کرنے
کی ممانعت ۴۸۹
۳۶۰۔ عرشِ معلےٰ چرچر کرتا ہے ۴۸۹
۳۶۱۔ اللہ تعالےٰ عرش کے اوپر چڑھا ۴۹۰
۳۶۲۔ اللہ تعالےٰ محتاج ہے ۴۹۲
۳۶۳۔ اللہ تعالےٰ مجسم ہے ۴۹۴
۳۶۴۔ اللہ تعالےٰ اپنی مثل پیدا کر سکتا ہے ۴۹۴
۳۶۵۔ اللہ تعالیٰ مخلوق سے بائن
نہیں ہے۔ ۴۹۵
۳۶۶۔ اللہ تعالےٰ کے حاضر و ناظر
سے انکار ۴۹۵
۳۶۷۔ اللہ تعالےٰ جہت اور مکان
سے پاک نہیں ۴۹۶
۳۶۸۔ اللہ تعالےٰ کی صفات
حادث ہیں ۴۹۶
۳۶۹۔ اللہ تعالےٰ موجب بالذات ہے ۴۹۶
۳۷۰۔ آخرت میں دیدارِ الٰہی کا انکار ۴۹۸
۳۷۱۔ اللہ تعالےٰ کے علمِ غیبِ ذاتی
کا انکار ۴۹۸
۳۷۲۔ اللہ تعالےٰ کو انسانوں کے
کاموں کی خبر نہیں ۴۹۸
۳۷۳۔ اللہ تعالےٰ بھولا دینے والا ہے ۴۹۹
۳۷۴۔ اللہ تعالےٰ دغا دینے والا ہے۔ ۵۰۱
۳۷۵۔ اللہ تعالےٰ دھوکہ میں رکھنے
والا ہے۔ ۵۰۱
۳۷۶۔ اللہ تعالےٰ مذاق کرتا ہے ۵۰۱
۳۷۷۔ اللہ تعالےٰ داؤ باز ہے ۵۰۲
۳۷۸۔ اللہ تعالےٰ چالباز ہے ۵۰۲
۳۷۹۔ اللہ تعالےٰ مکار ہے ۵۰۳
۳۸۰۔ بُرے وقت میں پہنچنا اللہ کی
شان ہے۔ ۵۰۳
۳۸۱۔ خدا تعالےٰ جس صورت میں چاہے
ظاہر ہو سکتا ہے۔ ۵۰۴
۳۸۲۔ اللہ تعالےٰ فاعل و مختار نہیں ۵۰۴
۳۸۳۔ خدا تعالیٰ جھوٹ بول سکتا ہے ۵۰۴
۳۸۴۔ آدمی جو بُرے افعال کرتے ہیں
وہ اللہ تعالےٰ بھی کر سکتا ہے ۵۰۶
۳۸۵۔ خدا میں عیب اور نقص ہو سکتا ہے ۵۰۷
۳۸۶۔ اللہ تعالےٰ سے چوری اور
شراب خوری ہو سکتا ہے۔ ۵۱۰
۳۸۷۔ خدا تعالیٰ کی قبر اور اُس پر شامیانے ۵۱۳
۳۸۸۔ اللہ تعالیٰ نے ہر نبی سے خود
غلطیاں کرائی ہیں ۵۱۴
۳۸۹۔ غیر مقلدین وہابیوں کا کلمہ میں
زیادتی کرنا ۵۱۵

marfat.com

۳۹۰۔ لا اِلٰہ الا اللہ عبد الجبار امام اللہ ۵۱۶

۳۹۱۔ دیوبندیوں کا کلمہ اور درود ۵۱۷

۳۹۲۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاء عظام علیہم الرحمۃ کے متعلق عقائد ۵۲۰

۳۹۳۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم اپنی جان کے نفع و نقصان کے مالک نہیں ۵۲۰

۳۹۴۔ انبیاء کو مشکل کشا۔ باذن اللہ ماننا بھی شرک ہے ۵۲۱

۳۹۵۔ یارسول اللہ یا علی کہنے والوں کو قتل کرنا جائز ہے۔ ۵۲۲

۳۹۶۔ انبیاء اور اولیاء کو استغاثہ کرنا شرک ہے۔ ۵۲۳

۳۹۷۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم مشکل کشا نہیں ہیں ۵۲۳

۳۹۸۔ مشکل کے وقت انبیاء کو پکارنا شرک ہے ۵۲۳

۳۹۹۔ اللہ تعالےٰ کی بارگاہ میں انبیاء کو سفارشی ماننا شرک ہے ۵۲۸

۴۰۰۔ انبیاء اور اولیاء کو سفارشی ماننے والا ابوجہل جیسا مشرک ہے ۵۲۹

۴۰۱۔ انبیاء اور اولیاء کو شفیع سمجھنا شرک ہے ۵۲۹

۴۰۲۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ جائز نہیں ۵۳۰

۴۰۳۔ نبی پاک سے انتقال کے بعد مانگنا فضول ہے۔ ۵۳۱

۴۰۴۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم میں کچھ قدرت نہیں ۵۳۷

۴۰۵۔ انبیاء کرام علیہم السلام اللہ کے عذاب سے عام آدمیوں کی طرح ترساں و لرزاں ہیں ۵۳۷

۴۰۶۔ اللہ تعالےٰ کے دربار میں مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی گنوار عربی بیحواسی ۵۴۰

۴۰۷۔ رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا ۵۴۰

۴۰۸۔ امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے آگے چمار سے بھی ذلیل ہیں ۵۴۴

۴۰۹۔ انبیاء اور اولیاء ذرۂ ناچیز سے بھی کمتر ہیں ۵۴۴

۴۱۰۔ انبیاء و اولیاء عاجز و بے اختیار ہیں ۵۴۷

۴۱۱۔ انبیاء کرام علیہم السلام ناکارہ لوگ ہیں ۵۴۹

۴۱۲۔ اللہ کے سوا کسی کو نہ مان ۵۵۰

۴۱۳۔ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر مومنین موت میں برابر ہیں ۵۵۲

۴۱۴۔ نبی پاک کو زندہ سمجھنے والے کا ایمان بے کار ہے۔ ۵۵۳

marfat.com

۴۱۵۔ نبیؐ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا خیال گدھے کے خیال سے کئی درجہ بدتر ہے ۵۵۴

۴۱۶۔ نبیؐ پاک صلی اللہ علیہ وسلم مر کر مٹی میں ملنے والے ہیں ۵۵۸

۴۱۷۔ دُنیا بھر کے دیوبندی اور غیر مقلد وہابیوں کو چیلنج ۵۵۹

۴۱۸۔ نبیؐ پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے علمِ غیب کا قائل مشرک ہے ۵۶۰

۴۱۹۔ غیب کی بات جاننے میں انبیاؑ شیطان اور بھوت پری برابر ہیں ۵۶۱

۴۲۰۔ نبیؐ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے علمِ غیب کے قائل کی امامت اور اُس سے میل ملاپ حرام ہے۔ ۵۶۱

۴۲۱۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علمِ غیب کو صبی، مجنون اور بہائم سے تشبیہ ۵۶۲

۴۲۲۔ شیطان اور ملک الموت کا علم ثابت ہے نبیؐ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا علم ثابت نہیں ۵۶۲

۴۲۳۔ نبیؐ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کا قائل یہود و نصاریٰ کی مثل ہے

۴۲۴۔ نبیؐ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو قبر و حشر کے حالات حتیٰ کہ اپنے حال کا بھی علم نہیں ۵۶۶

۴۲۵۔ نبی معصوم نہیں ۵۶۸

۴۲۶۔ قبل از نبوت نبیؐ پاک کو راہِ ہدایت معلوم نہ تھی ۵۶۹

۴۲۷۔ نبیؐ پاک ناواقفِ راہ تھے ۵۷۰

۴۲۸۔ ہادیٔ کل صلی اللہ علیہ وسلم شریعت سے بے خبر تھے ۵۷۰

۴۲۹۔ رسولِ ہُدیٰ راہ بھٹکا ہوا تھا ۵۷۰

۴۳۰۔ نبیؐ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حرام مال استعمال کرنا ۵۷۲

۴۳۱۔ نبیؐ پاک صلی اللہ علیہ وسلم مردار خور تھے ۵۷۲

۴۳۲۔ نبیؐ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا تصور اور ان کے نام کا ختم دینا شرک ہے ۵۷۳

۴۳۳۔ خُدا چاہے تو کروڑوں محمد پیدا کر دے ۵۷۶

۴۳۴۔ ختمِ نبوت کا انکار ۵۷۹

۴۳۵۔ خاتم النبیین کا معنیٰ آخری نبی لینا عوام کا خیال ہے ۵۷۹

۴۳۶۔ امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم سے عام انسانوں کو مشابہت

۴۳۷۔ نبیؐ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات

marfat.com

بالذات کی طرح ہی دجال کی بھی
حیات بالذات ہے ۵۸۲
۴۳۸۔ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تمام
آدمیوں کی مثل ہیں ۵۸۴
۴۳۹۔ بڑے بھائی کے برابر تعظیم ۵۸۶
۴۴۰۔ انبیاء کرام بڑے بھائی ہیں ۵۸۸
۴۴۱۔ نبی ایسے سردار ہے جیسے
گاؤں کا چودھری ۵۸۹
۴۴۲۔ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اشرف علی
جیسے تھے ۵۹۰
۴۴۳۔ بعض صفات میں دیوبندی مولوی
سرورِ عالم سے مشترک ہیں ۵۹۱
۴۴۴۔ رشید احمد گنگوہی سرورِ عالم کا ثانی ہے ۵۹۲
۴۴۵۔ رحمۃ للعالمین صرف حضور ہی کی
صفت نہیں ہے ۵۹۲
۴۴۶۔ حاجی امداد اللہ رحمۃ للعالمین ہیں ۵۹۳
۴۴۷۔ مدینہ منورہ اور تھانہ بھون کی مناسبت ۵۹۴
۴۴۸۔ دیوبندی نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم
کے اُستاد ہیں ۵۹۵
۴۴۹۔ دیوبندیوں کے مولوی حسین علی نے
نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو پل صراط سے
گرنے سے بچا لیا ۵۹۶
۴۵۰۔ استخارہ کا عمل سکھانے والا دغاباز
اور جھوٹا ہے ۵۹۸
۴۵۱۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے بغیر عدت
کے نکاح پڑھا ۵۹۹
۴۵۲۔ نبی پاک کو سرکار عائشہ صدیقہ
کے متعلق بے یقینی ۶۰۰
۴۵۳۔ انبیاء لا الٰہ الا اللہ کی فضیلت
جاننے کے محتاج ہیں ۶۰۳
۴۵۴۔ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم آگے
پیچھے ایک جیسا نہیں دیکھتے تھے ۶۰۴
۴۵۵۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حاضر و ناظر
سمجھنے والا کافر ہے ۶۰۷
۴۵۶۔ نبی پاک کو حاضر و ناظر سمجھنا ہندوؤں
کا عقیدہ ہے ۶۰۷
۴۵۷۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو حاضر و ناظر
سمجھنے والا یہود و نصاریٰ کے برابر ہے ۶۰۷
۴۵۸۔ نماز میں السلام علیک ایھا النبی
پڑھنے سے انکار اور ممانعت ۶۱۰
۴۵۹۔ رسولِ پاک کو مالک و مختار ماننا
عیسائیوں کا عقیدہ ہے ۶۱۳
۴۶۰۔ رسولِ کریم کو خدائی کاموں میں
کوئی دخل نہیں ۶۱۵
۴۶۱۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو دیوار
کے پیچھے کا علم نہیں ۶۱۷

marfat.com

۴۶۲۔ نبیِ مکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحرائے عرب کے اَن پڑھ بادیہ نشین اور بدوی ہیں ۶۱۷

۴۶۳۔ نبیِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی کامیابی کی وجہ صحابہ تھے ۶۲۰

۴۶۴۔ نبیِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم بھی پیدائشی موحد نہ تھے ۶۲۱

۴۶۵۔ نبیِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی قبرِ مبارک سے جو آوازیں آتیں وہ شیطان کی چالیں تھیں ۶۲۲

۴۶۶۔ نبیِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا انسانی شکل میں مدد فرمانا شیطان کا مدد کرنا ہے ۶۲۳

۴۶۷۔ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خُدا کے نور سے ماننا کُفر ہے ۶۲۴

۴۶۸۔ نورِ محمدی کی پیدائش والی روایات صحیح طور پر نہیں آتیں ۶۲۷

۴۶۹۔ میلادِ رسول کے واقعات کذبِ محض اور دجال کے گھڑے ہوئے ہیں ۶۲۸

۴۷۰۔ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دُنیا میں تکبیر کہتے ہوئے آنا اور سجدہ کرنا سب لغو اور لچر ہے۔ ۶۳۱

۴۷۱۔ میلاد شریف منانا گناہ بلکہ بدعت و شرک ہے ۶۳۲

۴۷۲۔ مجلسِ مولود ہر حال ناجائز ہے ۶۳۳

۴۷۳۔ میلاد شریف ہنود کے سانگ اور کنھیا کی مثل ہے ۶۳۳

۴۷۴۔ میلاد شریف کی دیوالی اور دُسہرے سے تشبیہ ۶۳۴

۴۷۵۔ نورانی محفلِ میلاد شریف میں شیرینی تقسیم کرنا ۶۳۹

۴۷۶۔ سالگرہ منانا جائز ہے ۶۴۰

۴۷۷۔ مجلسِ میلاد منعقد کرنے اور وظائف کرنے والوں کو سزا ۶۴۰

۴۷۸۔ دُعا سے پہلے درود شریف پڑھنے کی ممانعت ۶۴۱

۴۷۹۔ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا وظیفہ اور ذکر جائز نہیں ۶۴۳

۴۸۰۔ نبیِ پاک کی تعریف بشر جیسی بلکہ اس سے بھی اختصار سے کرد ۶۴۵

۴۸۱۔ انبیاء کے نفسِ شریر ۶۴۷

۴۸۲۔ انبیاء کو اللہ تعالےٰ کی سزائیں ۶۴۷

۴۸۳۔ انبیاء اپنی کوشش سے خدا کو پہچانتے ہیں ۶۴۸

۴۸۴۔ انبیاء کی بعثت کا مقصد حصولِ اقتدار ۶۴۹

۴۸۵۔ وسیلہ لیکر دُعا مانگنے کی ممانعت ۶۵۲

marfat.com

۴۸۶ ۔ نبیٔ پاک اُمت کے محتاج ہیں ۶۵۸

۴۸۷ ۔ امتی عمل میں نبی سے بڑھ بھی جاتا ہے ۶۶۰

۴۸۸ ۔ مودودی سے حضرت نوح علیہ السلام کی توہین ۶۶۵

۴۸۹ ۔ حضرت داؤد اور حضرت نوح علیہما السلام کی توہین ۶۶۷

۴۹۰ ۔ نبی پاک کو نور سمجھنے والے اور یہودیوں میں کوئی فرق نہیں ۶۶۹

۴۹۱ ۔ رسولِ پاک بشری کمزوریوں سے بالاتر نہیں ۶۷۰

۴۹۲ ۔ انبیاء، اولیاء من دون اللہ ہیں ۶۷۲

۴۹۳ ۔ مودودی عقائد ۶۷۳

۴۹۴ ۔ نبیٔ پاک کے ارشاد کو واعظِ غیر محقق اور بڑھیا کا مقولہ کہا ہے ۶۷۴

۴۹۵ ۔ حضرت ذکریا اور حضرت ابراہیم علیہما السلام نامرد تھے ۶۷۵

۴۹۶ ۔ حضرت زلیخا بدچلن تھیں اور حضرت یوسف سے ان کا نکاح نہیں ہوا تھا ۶۷۵

۴۹۷ ۔ معراج شریف بیداری میں نہیں ہوئی ۶۷۷

۴۹۸ ۔ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کا باپ یوسف تھا ۶۷۹

۴۹۹ ۔ مودودی سے عیسےٰ علیہ السلام کے رفعِ جسمانی سے انکار ۶۸۱

۵۰۰ ۔ ثناء اللہ امرتسری سے انبیاء کے معجزات کا انکار ۶۸۲

۵۰۱ ۔ یا رسول اللہ کہنے والا کافر ہے اور اُس کا خون مباح ۶۹۷

۵۰۲ ۔ غوثِ اعظم شرکیہ لفظ ہے ۔ ۷۰۴

۵۰۳ ۔ انبیاء اور اولیاء سے عقیدت اُن کو خدا ماننا ہے ۔ ۷۰۶

۵۰۴ ۔ نعرۂ رسالت وغیرہ شرک اور حرام ہے ۷۰۸

۵۰۵ ۔ نبیٔ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی قبرِ مبارک کے متعلق عقائد ۷۱۳

۵۰۶ ۔ نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قبہ شرک و الحاد کا بہت بڑا ذریعہ ہے ۔ ۷۱۴

۵۰۷ ۔ قبروں پر قبے بنانا حرام ہے ۷۱۵

۵۰۸ ۔ روضۂ اطہر کو گرانا واجب ہے ۷۱۶

۵۰۹ ۔ نبیٔ پاک اور دیگر انبیاء ۔ اور اولیاء کی قبور کی زیارت کرنا شرک ہے ۔ ۷۱۸

۵۱۰ ۔ نبیٔ پاک کے روضہ پر سلام کرنا منع ہے ۷۱۹

۵۱۱ ۔ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کے نزدیک دُعا مانگنا بدعت ہے ۔ ۷۲۲

۵۱۲ ۔ کُفر پہ دثوق ۷۲۷

۵۱۳ ۔ آزاد کے والد ماجد کا انتقال ۷۳۰

۵۱۴ ۔ وہابیت کا علاج ۷۳۲

۵۱۵ ۔ جنازہ پر اجتماع ۷۳۴

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی و نسلم علیٰ رسولہ الکریم

عرضِ حال

توحید و رسالت کا انکار اگر کفر ہے تو انہیں جمیع مقتضیات و لوازمات کے ساتھ ماننا ایمان ہے مگر وہابیت جس اندھی سوچ (فکرِ تاریک) کا نام ہے وہ ان دونوں کے بین بین ہے بقول اعلیٰحضرت بریلوی علیہ الرحمۃ ؎

تف نجدیت، نہ کفر، نہ اسلام، سب پہ حرف
ظالم ادھر کی ہے نہ اُدھر کی، اُدھر کی ہے[1]

---

[1] اس سلسلے میں حضرت سائیں توکل شاہ صاحب انبالوی علیہ الرحمۃ کا ایک خواب بھی درج کیا جاتا ہے۔ حضرت مولانا نور بخش صاحب توکلی علیہ الرحمۃ، 'تذکرہ مشائخ نقشبندیہ' میں فرماتے ہیں "شیخنا العلامہ مولانا مولوی حاجی حافظ مشتاق احمد صاحب چشتی صابری کا بیان ہے کہ کسی زمانہ میں غیر مقلدینِ انبالہ نے بحث مباحثہ اہلِ سنت مقلدین سے شروع کر رکھا تھا۔ نا اتفاقی زیادہ ہو گئی تھی۔ حضرت سائیں صاحب نے اُن دنوں کا قصہ مجھ سے اس طرح فرمایا کہ مجھے یہ خیال آیا کہ غیر مقلدین جب حدیثِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل کرتے ہیں تو اُن کی مخالفت کیوں کی جاتی ہے اور فکر میں تھا کہ اس کے متعلق مجھے جو حق ہو معلوم ہو جاوے۔ آخر الامر ایک شب یہ خواب دیکھا کہ ایک احاطہ میں حضور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رونق افروز ہیں۔ اس احاطہ میں صرف ایک دروازہ ہے۔ گرداگرد دیوار ہے۔ دیوار کے باہر نصاریٰ بھی کھڑے ہیں مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف نصاریٰ کی پُشت ہے اور غیر مقلدین بھی دیوار احاطہ کے باہر ہیں۔ اُن کا چہرہ تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف ہے (باقی اگلے صفحہ پر)

marfat.com

چنانچہ وہابیوں نے خُدا کو ایک مان کر توحید کا اقرار تو کر لیا مگر اُس کی صفاتِ کمالیہ سے منہ پھیرا حتیٰ کہ امکانِ کذب باری تعالیٰ جیسے شنیع 'جھوٹ' کے مرتکب ہوتے اور رسالت کی طرف آتے تو تمام خصائص و فضائل سے آنکھیں بند کر کے مقامِ رسُول کو بھائی کے درجے سے زیادہ نہ مانا۔ کس قدر غضب ہے بندہ اپنے ربّ کی صداقتِ کلام میں شبہ کرے اور اُمتی اپنے نبی پر معترض ہو۔

اس فکرِ تاریک کی ابتدا اسلام کے دورِ آغاز ہی میں ہو گئی تھی۔ ایمان کا دعویٰ کرنے والوں میں مہاجرینِ مکہ جیسے مخلصین اور انصارِ مدینہ جیسے جاں نثاروں کے علاوہ ایک تیسرا گروہ بھی موجود تھا جن کے ایمان نما کفر کا نقشہ قرآنی الفاظ میں یُوں آیا ہے۔

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ۘ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۝ (المنٰفقون)

ترجمہ! (اے نبی) جب تمہارے پاس منافق آتے ہیں کہتے ہیں ہم گواہی دیتے ہیں آپ ضرور رسول اللہ ہیں، اور اللہ جانتا ہے بیشک تم اُس کے رسول ہو اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ منافق ضرور جھوٹے ہیں

قرآن و سنّت کی اصطلاح میں ان لوگوں کو جو توحید و رسالت کا زبانی اقرار کرنے کے باوجود عشقِ رسول سے خالی اور عظمتِ رسول کے باعث ہوں منافق کہا گیا ہے اور یہ تصریح بڑے اہتمام سے کر دی گئی ہے کہ ایسے گستاخوں کا

(بقیہ صفحہ ۳۶) مگر اندر جانے کا دروازہ اُنہیں نہیں ملتا۔ دیوارِ احاطہ کے باہر کھڑے ہیں اور اہلِ السنت و الجماعت مقلدین حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ بے تکلف دروازہ سے اندر جاتے ہیں اور حضور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو یہ خواب دیکھ کر اطمینان ہو گیا کہ مقلدین امام اعظم و دیگر مقلدین ائمہ حق پر ہیں اور غیر مقلدین غلطی پر ہیں۔

marfat.com

ٹھکانہ جہنم کا بدترین گڑھا ہے۔ کہ (اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ فِی الدَّرْکِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ) پ۶

حقیقت یہ ہے کہ عقائد کی بنیاد ہی عرفانِ رسول پر ہے جس نے انہیں پہچانا اُس نے خدا کو پہچان لیا اور جو ان سے پھرا وہ خدا سے پھرا، اعلیحضرت بریلوی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

؎ مومن اُن کا کیا ہوا خلقِ خدا اس کی ہوئی
کافر اُن سے کیا پھرا، اللہ ہی سے پھر گیا
بلکہ ؎ مومن اُن کا کیا ہوا، اللہ اُس کا ہو گیا
کافر اُن سے کیا پھرا اللہ اُس سے پھر گیا

مشکوٰۃ شریف میں اس کی تائید بڑے واضح انداز میں آئی ہے۔

(مُحَمَّدٌ فَرْقٌ بَیْنَ النَّاسِ)

ان منافقین کا طرزِ فکر مرورِ ایام کے ساتھ ساتھ روپ بدلتا گیا۔ کبھی اس نے خارجیت کا لبادہ اوڑھا، کبھی اعتزال وغیرہ کا۔ کبھی اس کا علمبردار ابن تیمیہ تھا اور کبھی محمد بن عبدالوہاب نجدی۔ گویا ایک ہی ظلمت مختلف ادوار میں مختلف اشکال میں اُبھرتی رہی۔ حقیقت ایک ہی رہی، انداز بدلتا رہا۔ منافقین مدینہ اپنی تمام چیرہ دستیوں کے باوجود، کتاب وسنت کو اپنی تائید میں پیش کرنے سے قاصر رہے (کہ اُنہیں یہ جُرأت ہو ہی نہیں سکتی تھی) مگر ترقی یافتہ منافقین نے بزعم خویش عظمتِ رسول گھٹانے کے لیے آیات و روایات کے خود تراشیدہ مفاہیم کا سہارا لیا اور اب تک لے رہے ہیں۔ کج فہمی ان کی فطرت اور کجروی ان کی عادت ہے۔ عقائد سے اعمال تک، معاشرت سے سیاست تک شاذ و نادر ہی زندگی کا ایسا شعبہ ہو گا جہاں اُنہیں جمہور مسلمانوں سے اتفاق ہو۔ یہ عقائد میں گستاخ، اعمال میں بے خبر، اور مناعٌ لِّلْخَیْر، معاشرت میں مفسد و کینہ پرور اور سیاست میں غدار ہیں۔ غضب یہ ہے کہ ڈیڑھ اینٹ کی الگ مسجد بنانے

marfat.com

والے گنتی کے یہ چند افراد، دن دہاڑے اُمتِ مرحومہ کی عظیم اکثریت کو 'شرک' کے گھاٹ اُتارتے نہیں شرماتے۔ ان کے ہاں مذہب کے فروغ و اصول، گستاخیِ رسول کے گرد گھومتے ہیں یہی ان کی توحید ہے، یہی عبادت ہے بلکہ یہی ان کا مقصدِ حیات ہے۔

زیرِ نظر کتاب "وہابی مذہب کی حقیقت" اپنے موضوع کے اعتبار سے ایک ایسا انسائیکلوپیڈیا ہے جس میں نجدیوں کے عقائد، افکار، اعمال اور اطوار و اخلاق پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے اور وہابیت کی ولادت بے سعادت، طفولیت اور شباب و عروج کی مکمل تاریخ پر بھی بحث کی گئی ہے۔ کتاب کے مصنف حضرۃ العلامہ الحاج مولٰنا محمد ضیاء اللہ قادری مدظلہ کثرتِ موالجات میں اپنی مثال آپ ہیں (میں نے فی الواقعہ اس میدان میں ان کا ہمسر نہیں دیکھا) دشمنانِ مصطفٰے کے شب و روز ان کے سامنے ہیں اور وہ بڑے دو ٹوک انداز میں رازہائے سربستہ سے پردہ اُٹھاتے ہیں۔ یوں سمجھئے وہ سلطنتِ مصطفٰے کے ایسے زیرک سپاہی ہیں جو صالحیت کے دبیز پردوں میں چھپے ہوئے 'من کے چوروں' کو موقع پر جا پکڑتے ہیں اور کان سے پکڑ کر منظرِ عام پر لے آتے ہیں مخالف انکے دلائل کی قوت سے پریشان ہیں تو اہلِ تحقیق اُن کی دقتِ نگاہ پر انگشت بدنداں اگر یہ سچ ہے کہ:

ع ہر کسے را بہر کارے ساختند!

تو ماننا ہوگا مولٰنا قادری کو قدرت نے گستاخانِ رسول کی سرکوبی کے لیے پیدا کیا ہے اور چنانچہ وہ اپنے مقصد آفرینش کو جس حسن و خوبی سے ادا کر رہے ہیں اُسے دیکھ کر اہلِ نظر عش عش کر اُٹھتے ہیں اُنہوں نے کتاب و سنت کی تصریحات اکابرِ ملت کی شہادتوں اور وہابیوں کے سینکڑوں اقراری حوالجات کو یکجا کر کے 'وہابی مذہب کی حقیقت' دکھائی ہے۔

بارگاہِ رب العزۃ میں دعا ہے وہ اپنے محبوبِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے

marfat.com

اُن جاں نثاروں کے طفیل جنھوں نے ہر دور میں گُستاخانِ رسول کا منہ بند کر کے، عشقِ رسُول کے تقاضے پُورے کرتے ہوتے اپنے مالک و مولیٰ کو راضی کیا۔ حضرت مولٰنا کی اس سعی کو مشکور فرماتے اور اُن کے علم و فضل میں برکت دے۔ آمین

وَآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین و الصلوٰۃ
و السلام علیٰ سیدا المرسلین، وعلیٰ آلہٖ الطاھرین
واصحابہٖ المتطھرین۔

عبید المصطفیٰ
سائر بکنوری
ایم۔اے

marfat.com

وجہِ تالیف

غیر مقلد اور دیوبندی وہابیوں نے مسلکِ حق اہلسنت وجماعت کے علماء اور ان کے عقائد کو مشرکانہ اور یہودیانہ عقائد قرار دیتے ہوئے اس مذہبِ مہذّب کے خلاف کئی ایک کتابیں اور رسالے شائع کیئے اور آئے دن اپنی تقاریر میں مسلکِ حق اہلسنت وجماعت کے عقائد اور ان کے اکابر کے خلاف زہر اُگلتے رہتے ہیں۔ جن کی تردید علماءِ حق اپنے اپنے مقام اور انداز سے کرتے رہتے ہیں۔ ان کی کتابوں کے جوابات بھی الحمدُللہ شائع ہوتے ہیں۔

سیدی مُرشدی، سندی، مخدومی، مربی شیخِ طریقت حضرت قبلہ عالم صاحبزادہ پیر محمد شفیع صاحب قادری سجادہ نشین دربار عالیہ غوثیہ ڈھوڈا شریف ضلع گجرات نے فقیر کو حکم فرمایا کہ جماعتِ اسلامی، تبلیغی جماعت، دیوبندی، غیر مقلد دراصل یہ وہابیت کی ہی شاخیں ہیں۔ کیونکہ ابنِ تیمیہ، ابنِ قیم، محمد بن عبدالوہاب نجدی، اسماعیل دہلوی، سیّد احمد آف رائے بریلی، قاضی شوکانی، کو اپنے اکابر تسلیم کرتے ہیں۔ اور ان کے عقائدِ باطلہ کو عقائدِ حقہ سمجھتے ہیں اسی لیے مسلمانانِ اہلسنت کو کافر و مشرک اور بدعتی گردانتے ہوئے ان کی زبانیں بند نہیں ہوتیں۔ لہٰذا اس لیے ایک ایسی کتاب لکھو جس میں مودودی، دیوبندی، غیر مقلد اور تبلیغی جماعت کے اکابر کی کُتب سے ان کے عقائدِ باطلہ کو پیش کیا جائے نیز ان کے اکابر کی علمی قابلیت، ان کی سیرت اور کردار کو ان کی اپنی ہی تحریروں سے پیش کیا جائے۔ نیز ان کے ملتِ اسلامیہ میں افتراق و انتشار کی فضاء پیدا کرنے کا ثبوت بھی درج ہو۔

حضرت قبلہ عالم مدفیوضہٗ نے ارشاد فرمایا کہ وہابیوں نے یہ مشہور کر رکھا ہے

marfat.com

کہ علماء اہلسنت وجماعت مسلمانوں کو کافر بناتے ہیں بلکہ انہوں نے کفر کی مشین چلائی ہوئی ہے۔ حالانکہ معاملہ اس کے برعکس ہے۔ اپنے سوا باقی سب کو یہ کافر اور مشرک گردانتے نہیں تھکتے۔ بلکہ کفر و شرک کے فتوؤں سے ان کے اکابر بھی نہ بچ سکے۔ حضور قبلہ عالم علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ وہابی مولویوں نے اپنی تقاریر اور تحریروں میں توحید کی آڑ لے کر عظمتِ مصطفےٰ پر رکیک حملے کیے ہیں۔ بلکہ سنگین قسم کی گستاخیاں کی ہیں جس کے کفریہ نہ ہونے میں کسی قسم کے شکوک و شبہات باقی نہیں رہتے۔ فقیر نے حضرت صاحب کے ارشاد کے مطابق وہابیہ کی خود ساختہ توحید کو بھی ان کے عقائد سے پیش کر کے اس حقیقت سے پردہ اٹھایا ہے کہ وہابی حضرات کا خداوندِ کریم جل جلالہٗ کی توحید پر اُس طرح کا ایمان نہیں جیسا قرآن و حدیث نے بیان فرمایا ہے بلکہ ان کی اپنی ہی خود ساختہ توحید ہے۔

اور دیوبندی غیر مقلد وہابیوں نے اہلسنت وجماعت کے خلاف جو کتابیں لکھی ہیں۔ ان میں کتر و بیونت اور کذب و بہتان سے کام لیا ہے۔ حضور قبلہ عالم علیہ الرحمۃ نے فرمایا ہے کہ وہابیوں کی رد میں ایک ایسی مبسوط کتاب لکھی جائے جو وہابی مذہب کا انسائیکلوپیڈیا ہو۔ ان کے عقائد کی مکمل عبارات پیش کی جائیں تاکہ جس وقت بھی کوئی حق کا متلاشی کتابوں کی اوراق گردانی کرے تو اس کی تسلی و تشفی ہو جائے۔

الحمدللہ رب العلمین اپنے شیخ کامل کے حکم کے مطابق اس کتاب کی ابتداء کی۔ اور شیخ کے ارشادات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس کتاب کو ترتیب دیا۔

انشاء اللہ المولیٰ حق کا متلاشی اگر عدل و انصاف کا دامن ہاتھ میں لے کر اور تعصب و عناد کو دُور رکھتے ہوئے اس کتاب کا مطالعہ کرے گا تو اُس پر اس مذہب کی حقیقت آشکارا ہو جائے گی۔

فقیر نے اس کتاب کی ترتیب کے وقت اپنے شیخِ کامل کے ارشاد کے مطابق کہ تبلیغی جماعت کے حضرات اپنا مسلک اور مذہب بیان کرنے میں کچھ جھجکتے

marfat.com

ہیں یا مکر و فریب سے کام لیتے ہیں۔ کیونکہ جب اُن سے پوچھا جائے تو کہتے ہیں کہ ہم بس مسلمان ہیں۔ ہم کسی فرقہ سے تعلق نہیں رکھتے۔ حالانکہ سب سے زیادہ تعصب ان کی کتابوں اور ان کے دلوں میں ہے۔ اگر وہ کوئی کتاب پڑھیں گے تو صرف تبلیغی نصاب ہی پڑھیں گے اور اُسی کتاب کے پڑھنے کی تلقین کریں گے حتیٰ کہ قرآنِ پاک پڑھنے کی بھی تلقین نہیں کریں گے۔ جب تبلیغ کے لیے جُھنڈ کے جُھنڈ نکلتے ہیں۔ تو اِن کے سامان کی تلاشی لو تو قرآن کسی کے پاس سے نہیں نکلے گا۔ اگر نکلے گا تو تبلیغی نِصاب نکلے گا۔ کسی مسجد میں ڈیرہ لگائیں گے تو قرآنِ پاک کی تلاوت ان کو نصیب نہ ہوگی بلکہ تبلیغی نصاب ہی پڑھیں گے۔ یہ ہے ان کی نام نہاد تبلیغ۔

اب آپ تبلیغی نصاب کو بغور دیکھیں تو اُس میں اکثر مقامات پر بڑے القابات کے ساتھ مولوی قاسم نانوتوی بانی مدرسہ دیوبند، مولوی رشید احمد گنگوہی دیوبندی، مولوی اشرف علی تھانوی، مولوی انور شاہ کشمیری وغیرہم کے نام لکھے ہوئے دیکھیں گے۔ ان سے یہ سوال کیا جائے اے اسلام اور تبلیغ کے نام پر دھوکہ اور فریب دینے والے گروہ یہ تو بتاؤ جب تمہارا نظریہ ہے کہ ہم مسلمان ہیں اور کسی فرقہ سے ہمارا تعلق نہیں ہے ہم اختلافات سے کوسوں دُور بھاگتے ہیں تو رشید احمد گنگوہی، مولوی اشرف علی تھانوی اور دیگر دیوبندی مولویوں (جن کے نام تمہارے نصاب میں درج ہیں) کے ہمعصر اعلیٰحضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی، صدر الافاضل مولانا سید نعیم الدین مرادآبادی، حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خاں بریلوی صدر الشریعہ مولانا حکیم امجد علی، اعلیٰحضرت پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی، امیرِ ملت پیر سید جماعت علی شاہ علیپوری علیہم الرحمہ کے اسماءِ گرامی لکھنے میں کیا حرج ہے۔ جبکہ علم و فضل، ورع، زہد، تقویٰ میں ان کا مقام بہت اُونچا ہے۔ عقیدتمندوں کی تعداد بھی دوسرے حضرات گنگوہی، تھانوی، نانوتوی وغیرہم سے کہیں بہت زیادہ ہے۔

marfat.com

پاکستان کا معرضِ وجود میں آنا انہیں حضرات کی بہت سی کوششوں کا حصہ ہے۔ قائدِ اعظم محمد علی جناح، بانیٔ پاکستان نے اِن حضرات کی خدمات حاصل کیں۔ عقیدتمندوں کی اکثریت کا یہ حال ہے کہ سرحد، بلوچستان اور سندھ، کشمیر اور بھارت کے مسلمانوں نے جو پاکستان کی تائید و حمایت کی نیز مال و جان کی بازی لگائی وہ انہیں مشائخ کے حکم پر لبیک کہنے کا ہی نتیجہ تھا۔ مگر تبلیغی نصاب میں ان حضرات کا کہیں نام نہیں۔ یہ تعصّب نہیں تو اور کیا ہے۔ کیا اس کو فرقہ پرستی نہیں کہا جائے گا؟

تبلیغی جماعت کے لوگ جس جس جگہ کے باشندے ہیں وہاں پر اُن کے اس دعوے کو اگر پرکھیں تو بھی کاذب اور مفتری ثابت ہوں گے۔ جس جس شہر میں ان کی رہائش ہے۔ وہاں پر آپ اس کی تحقیق کریں کہ یہ لوگ جمعۃ المبارک کے روز کس مسلک کے مولوی کے پیچھے نمازِ جمعہ ادا کرتے ہیں۔ کیا مختلف جمعۃ المبارک کو مختلف مسلک کے مولویوں کے پیچھے ادا کرتے ہیں یا کہ صرف دیوبندی وہابی مولویوں کے پیچھے ادا کرتے ہیں۔ اس کی تحقیق کرنے سے آپ پر یہ حقیقت نمایاں ہو جائے گی کہ یہ وہابی مولویوں کے پیچھے نمازیں ادا کرتے ہیں۔ تو یہ عیاں ہوگیا کہ خود ہی بہت زیادہ متعصب ہیں۔

جن حضرات مثلاً قاسم نانوتوی، رشید احمد گنگوہی، اشرف علی تھانوی وغیرہم کو یہ بزرگ، قطب الاقطاب، حکیم الامت، غوثِ وقت، قاسم العلوم نامعلوم کیا کیا القابات سے نوازتے ہیں۔ اس کتاب میں ان کے عقائد اور نظریاتِ باطلہ ان کی ہی کتابوں سے پیش کیے گئے ہیں۔ تاکہ سادہ لوح مسلمانوں کو معلوم ہو جائے کہ یہ اسلام کی تبلیغ نہیں کرتے بلکہ ان گستاخانِ رسول کے عقائد اور نظریات کی تبلیغ کرتے ہیں۔

تبلیغی جماعت کے لوگوں سے روزمرہ زندگی سے تعلق رکھنے والا شریعتِ مطہرہ کا مسئلہ دریافت کیا جائے تو سب کے سب یہاں تک کہ امیر صاحب

marfat.com

بھی فوراً کہیں گے کہ ہم سیکھنے کے لیے آئے ہیں۔ اوہ عقل کے اندھو۔ اگر سیکھنے کے لیے آئے ہو تو کسی دینی مدرسہ میں داخلہ لو۔ اور دلجمعی سے وہاں تعلیم حاصل کرو۔ دربدر خاک جو چھانتے پھرتے ہو ایسے تو سیکھا نہیں جاتا۔ ان کی جہالت کا اندازہ لگاؤ خود سیکھنے کے لیے آئے ہیں اور نام رکھا ہے تبلیغ۔ جہالت ان میں اس قدر ہے کہ جس کی حد نہیں۔ آپ حضرات خود تجربہ کر کے دیکھیں ان کو اسلام کا معنےٰ بھی نہیں آتا ہوگا۔ اور تبلیغ کس کی کر رہے ہیں۔ اسلام کی۔ اس کتاب میں فقیر نے ان کا مکر و فریب، ان کے اکابر کے عقائدِ باطلہ اور بارگاہِ نبوت میں جو انہوں نے سنگین گستاخیوں کا ارتکاب کیا ہے درج کر دیا ہے تاکہ سادہ لوح مسلمان ان کے عقیدہ سے بھی واقف ہو کر ان کے دامِ فریب میں نہ پھنسیں۔

اِسی طرح جماعتِ اسلامی والوں نے بھی لوگوں کو پھنسانے کے لیے کئی حربے اختیار کیے ہیں۔ سب سے بڑا حربہ یہ ہے کہ ہماری جماعت میں ہر مسلک کا آدمی آسکتا ہے۔ ہم اختلافات اور فروعی مسائل میں نہیں اُلجھتے۔ حالانکہ بانی جماعت اسلامی مودودی صاحب نے ان لوگوں کو امام تسلیم کیا ہے اور ان کی مدح سرائی کی ہے جنہوں نے بارگاہِ نبوت میں سنگین قسم کی گستاخیاں کی ہیں۔ تجدید و احیاءِ دین اور رسائل و مسائل کا مطالعہ کیا جائے تو ابنِ تیمیہ، محمد بن عبدالوہاب نجدی، اسماعیل دہلوی قتیل اور سید احمد بریلوی کی تعریف و توصیف نظر آئے گی۔ حالانکہ یہی وہ حضرات ہیں۔ جنہوں نے عشاقِ رسول کو کافر و مشرک بنانے میں کسی قسم کی کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ یہی وہ ہیں جو یا رسول اللہ کہنے والوں، نبیِ پاک صلی اللہ تعالےٰ وآلہ وسلم کو حاضر و ناظر۔ باذنِ الٰہی مختار و مالک اور صاحبِ تصرف ماننے والوں اور روضہ مقدسہ کی طرف سفر کرنے والوں کو واضح الفاظ میں کافر اور مُشرک بنا کر اُمتِ مسلمہ میں تفرقہ اور انتشار پیدا کر دیا۔ اور مسلمانوں کے سینوں سے عشقِ رسول ختم کرنے میں کوئی دقیقہ نہیں چھوڑا اب اگر کوئی جماعتِ اسلامی کا رکن یہ کہے کہ ہم اختلافات اور فروعی

marfat.com

مسائل کو قطعاً پسند نہیں کرتے ۔ تو وہ دیدہ دلیر کاذب ہے ۔ مکار اور عیار ہے
فقیر نے اس کتاب میں مودودی صاحب کی کتب سے ان کے عقائدِ باطلہ، نظریاتِ
فاسدہ کو بھی درج کر دیا ہے تاکہ مسلمانوں پر ان کا خود ساختہ اسلام واضح
ہو جائے ۔

اس حقیقت سے کسی کو بھی انکار نہیں کہ پاک و ہند میں اسلام اولیاء اللہ
کی تبلیغی کوششوں اور ان کے قدمِ میمنت لزوم سے پھیلا ہے ۔ خواجۂ خواجگان
خواجہ غریب نواز خواجہ معین الدین چشتی علیہ الرحمۃ جن کو مفکرِ اسلام کہا جائے
تو درست ۔ مبلغِ اسلام کے لقب سے یاد کیا جائے تو بجا ۔ ہادیٔ گم گشتگان مانا
جائے تو سچ ہے ۔ وہ جنہوں نے نوے لاکھ کافر کلمہ پڑھا کر مسلمان کیا ہے ۔ اُن کا
تو یہ عمل اور عقیدہ ہو کہ وہ اجمیر شریف سے چلیں ۔ سفر کی صعوبتیں برداشت کر کے
لاہور آئیں تو صرف داتا گنج بخش علی ہجویری کے مزار پُر انوار پر حاضری دیں اور چالیس
دِن وہاں پر بیٹھ کر چلہ کریں ۔ اور نگاہِ ولائیت سے دیکھ کر یہ عرض کریں ؎

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا
ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را رہنما!

مگر دوسری طرف نام نہاد مفکرِ اسلام بانیٔ جماعتِ اسلامی مولوی
مودودی صاحب ہیں کہ لاہور شہر میں اچھرہ میں رہتے ہوتے کبھی داتا گنج بخش
علیہ الرحمۃ کے مزار پُر انوار پر حاضری نہیں دی ۔ ہم یہ سوچنے پر مجبور ہیں کہ مودودی
صاحب کا اسلام درست ہے یا خواجہ غریب نواز معین الدین چشتی اجمیری
صاحب ہر عقلِ سلیم والا خواجہ معین الدین چشتی اجمیری کے اسلام کو ہی صحیح اسلام
کہے گا ۔ مودودی صاحب کے اسلام کو خود ساختہ اسلام کہے گا اور صحیح اسلام
کا مبلغ اور دعویدار بھی وہی ہو سکتا ہے ۔ جو حضرت خواجہ غریب نواز معین الدین چشتی
اجمیری رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے عقائد کا حامل ہو ۔ الحمد للہ بطلِ حریت، قائدِ اہلسنت،
اسد الملت، مبلغِ اسلام، علامہ شاہ احمد نورانی دامت برکاتہم القدسیہ، مردِ حق، مردِ غازی

marfat.com

ضیغمِ اسلام، تیغِ بے نیام علامہ عبدالستار خاں نیازی دامت برکاتہم العالیہ اور ان کے رفقاء کے عقائد اور نظریات خواجہ معین الدین چشتی اجمیری علیہ الرحمۃ کے عین مطابق ہیں۔ یہ حضرات اکثر مزارات مقدسہ پر حاضری دیتے رہتے ہیں اور حاضری دینے کو اپنی سعادت سمجھتے ہیں۔ یہی حضرات حضرت علی ہجویری کو داتا گنج بخش ماننے والے ہیں۔ دوسرے سبھی کے سب مثلاً مفتی محمود صاحب، مودودی صاحب، حافظ عبدالقادر روپڑی، مولوی غلام خاں صاحب اور دیگر اسلام کا نام لینے والے مزارات پر حاضری سے کوسوں دُور بھاگتے ہیں بلکہ حاضری دینے والوں کو نامعلوم کن کن رذیل الفاظ سے گردانتے ہیں۔ وہ الفاظ اس کتاب کے آئندہ صفحات پر عقائد کے باب میں درج کیے جائیں گے۔

پچھلے دنوں پاکستان میں چند خارجی مولویوں نے یزید کو امیرالمومنین اور اسلام کا سچا شیدائی ہونے اور اُس سے محبت کا اظہار کرتے ہوئے اور سرکارِ امام عالیمقام شہزادۂ گلگوں قباء حضرت امام حسین رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی شانِ اقدس میں گستاخانہ انداز اختیار کر کے کچھ کتابیں اور رسالے شائع کیے تو مسلمانانِ پاکستان میں ایک ہیجان سا پیدا ہوا حالانکہ جن لوگوں نے رسوائے زمانہ کتابیں مثلاً تقویۃ الایمان، کتاب التوحید، فتح المجید، حفظ الایمان، براہینِ قاطعہ، تفسیر ثنائی، تُرکِ اسلام میں سیدالمرسلین علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کی واضح الفاظ میں توہین اور گستاخی کی ہے۔ ان کے نزدیک ان کے اہلبیت اور صحابۂ کرام علیہم الرضوان کی بارگاہ میں گستاخی کرنا کوئی اتنی عجیب بات نہیں ہے۔

نیز اس کتاب میں وہابی مذہب کی تاریخ کے ساتھ ساتھ ان کے اکابر ابنِ تیمیہ، ابنِ قیم، محمد بن عبدالوہاب نجدی، قاضی شوکانی، اسماعیل دہلوی، سید احمد وغیرہم کے عقائد کی اسلاف نے جو تردید فرمائی۔ اور ان کے رد میں جو کتابیں اور رسالے لکھے ان کی فہرست بھی درج کر دی ہے۔ تاکہ واضح ہو جائے۔ اس باطل گروہ کی تردید اولیاء کرام، مفسرین، محدثین اور سلف صالحین نے بھی فرمائی ہے۔ جس سے عیاں ہے کہ

marfat.com

یہ گروہ اولیاءِ کاملین کی نگاہ میں بھی درست نہیں۔ وہابیہ کی تاریخ کے ساتھ ساتھ ان کے اکابر کی سیاست، انگریز کی ایجنٹی، ہندو سکھ نوازی اور پاکستان دشمنی کو بھی ان کی ہی مستند کتب سے پیش کر کے یہ ثابت کیا ہے۔ کہ ہمیشہ ہی یہ مسلمانوں کے خلاف سرگرمِ عمل رہے ہیں۔

بات دراصل یہ ہے کہ جو لوگ رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین، سید الشافعین، امام الانبیاء، مالکِ ہر دو سرا، رازدارِ رب العلا، شبِ اسریٰ کے دولھا، کل کائنات کے ملجا و ماویٰ حضرت محمد مصطفیٰ علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام کے نیازمند نہیں وہ لوگ ملک و ملت اور مسلمانوں کے کیسے خیر خواہ ہو سکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اِس گروہ کے اکابر کی تمام تر کوششیں مسلمانوں کے خلاف اور اسلام کے خلاف رہیں۔ کفار کے حق میں نازل شدہ آیات مسلمانوں پر انہوں نے چسپاں کیں۔ انگریز نے جب اِن کی ذہنیت دیکھی اور ان سے بغضِ رسول کی بُو محسوس کی تو اُس نے ان کو خریدا۔ ان زرخرید مولویوں کی غیرت و حمیت کا جنازہ نکل گیا۔ تو پھر انہوں نے سرِعام انگریز کی حمایت کی اور انگریز کے خلاف مسلمانوں کو برسرِ پیکار ہونے کو ناجائز قرار دے کر فتوے شائع کیا حتےٰ کہ اس جہاد میں شہید ہونے والوں کی شہادت کو غیر اسلامی یعنی حرام موت قرار دے کر انگریز کو خوش کیا۔ زیرک قسم کے انسان اگر وہابیت کی پشت پناہ حضرات کی تحقیق کریں تو ان کا پشت پناہ انگریز ہی ثابت ہوگا اور اِن سب حقائق کو مستند کتب کے حوالہ جات کی روشنی میں عوام کے سامنے پیش کیا ہے۔

پہلی کتاب میں حوالہ جات درج کرتے ہوئے ان کے مفہومات پر ہی اکتفا کیا گیا تھا مگر اس پانچویں ایڈیشن میں حضرت قبلہ عالم علیہ الرحمۃ کے ارشادِ مبارک کی روشنی میں مکمل عبارات نقل کی ہیں۔ بعدازیں ان کے عقائد کا قرآن و حدیث سے ذکر کے کتاب و سنت کے خلاف ثابت کیا ہے۔ اللہ کریم بجاہ النبی الکریم علیہ افضل الصلوات والتسلیم قبول فرمائے۔ آمین۔

فقیر قادری غفرلہٗ

marfat.com

جادُو وہ جو سر چڑھ کر بولے

پیشِ نظر کتاب 'وہابی مذہب کی حقیقت' کا پانچواں ایڈیشن ہے۔ فقیر کی اس سعی اور پیش کش کو بہت سراہا گیا۔ جزاھم اللہ۔ یہ کتاب ہاتھوں ہاتھ نکل گئی۔ فقیر کی فرقہ وہابیہ کے رد میں مزید نئی کتابیں 'وہابی مولویوں کی کہانی ان کی اپنی زبانی'۔ 'قصرِ وہابیت پر بم'۔ 'وہابیت کا پوسٹ مارٹم' بھی شائع ہو چکی ہیں۔ جن میں اکابر وہابیہ نے اپنے ہم مسلک مولویوں پر جو کیچڑ اُچھالا ہے۔ بازاری حملے کیے ہیں۔ آپس میں جو شرمناک کردار ادا کیا ہے۔ اور قرآن و حدیث کے سلسلہ میں جو جو تحریفات کی ہیں کو روزِ روشن کی طرح عیاں کیا ہے۔

اس کتاب میں فقیر نے وہابی مذہب کے بانی اُس کی ترویج اور تشہیر کرنے والے حضرات کی مستند اور معتمد کتابوں کے حوالہ جات سے وہابی مولویوں کی علمی قابلیت سیرت اور کردار کی وضاحت کے ساتھ ساتھ ان کے محبوب مشغلہ فتوے بازی پر بھی روشنی ڈالی ہے کہ وہابی مولویوں نے اپنے اکابر پر بھی کفر و شرک اور ضلالت کے فتوؤں کی بوچھاڑ کرنے سے احتراز نہیں کیا۔ نیز اس حقیقت کو انہیں کے اکابر سے ہی ثابت کیا ہے کہ وہابی تفرقہ باز، انتشار پسند اور گستاخ ہیں۔

وہابی مذہب کی تاریخ اور وہابی اکابر کے عقائدِ باطلہ۔ نظریاتِ فاسدہ سے نفرت اور ناپسندیدگی کے اظہار کا بھی تذکرہ کیا گیا ہے نیز اکابرِ وہابیہ کے نظریاتِ فاسدہ و عقائدِ باطلہ اور کفریہ کو بھی درج کر دیا ہے۔ جن کی وجہ سے ان سے تعلقات استوار رکھنے اور ان کی اقتدا میں نماز پڑھنے کی سختی سے ممانعت ہے۔ ساتھ ہی اس کی تائید میں دیوبندی اکابر کے فتوے بھی

marfat.com

درج کیے ہیں۔

اِن کے عقائد اور نظریات کے مطالعہ سے خاص و عام یقیناً پکار اُٹھتے ہیں کہ یہ مسلمانوں کی تحریریں نہیں بلکہ .....

پہلے ایڈیشنوں میں وہابی مولویوں کے عقائد کو درج کرتے وقت زیادہ جگہ ان کی عبارتوں کے مفہوم درج کیے گئے تھے۔ اس ایڈیشن میں پوری عبارت درج کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ تاہم کئی جگہ زیادہ طویل عبارات ہونے کی بنا پر مفہوم درج کرنے پر اکتفا کیا گیا ہے۔ جو کہ وہابیوں کے دیگر مصنفوں نے اپنی دیگر کتابوں میں مفہومی عقائد درج کیے ہیں۔

لہٰذا فقیر کی التماسی پیش کش اب صرف اس ایڈیشن کے متعلق ہے۔ اور پیشکش بھی درسِ نظامی سے فارغ التحصیل سند یافتہ مولویوں کے لیے ہے۔ اگر کوئی وہابی مولوی قانونی چارہ جوئی کرنے کی جرأت کرے تو اس شہر کی عدالت میں رجوع کرے جہاں سے یہ کتاب جس ادارہ نے شائع کی ہے۔ یہ قید اس لیے لگائی گئی ہے تاکہ عدالت میں وہابی مولویوں کے علم اور ان کی تحقیق کی قلعی کھل جائے۔

کتاب کی تصحیح میں بہت احتیاط کی گئی ہے۔ کتابوں اور اخبارات کے حوالہ جات کثیر تعداد میں درج ہیں اس لیے ہو سکتا ہے کہ کسی کتاب یا اخبار کا حوالہ درج کرنے میں سہو سن تاریخ کا اندراج غلط ہو جائے لیکن فقیر کتاب یا اخبار سے وہ حوالہ نکال کر دکھانے کا ذمہ دار ہے۔

آخر میں مستند حوالہ جات ہی سے یہ ثابت کیا ہے کہ خارجیت، ناصبیت، نجدیت اور رافضیت کا وہابیت میں گہرا دخل ہے

فقیر قادری محمد ضیاء اللہ عفرلہٗ
خطیب و مرکزی جامع مسجد علامہ محمد الحکیم علیہ الرحمہ
ٹھیا بازار سیالکوٹ

marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَ الْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ ۔ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَنُوْرِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَوْلَادِہٖ وَخُلَفَائِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۔ اما بعد

موجودہ دور میں ہر ایک مذہب کی زبان پر یہی ہے کہ ہم حق پر ہیں بالخصوص طائفہ وہابیہ نجدیہ کے پیروکار اپنے سوا کسی دوسرے کو مسلمان اور مومن سمجھنا قطعاً گوارا نہیں کرتے ۔ قدم قدم پر کفر و شرک کے فتوؤں کی بوچھاڑ کرنا ان کا شیوہ ہے ۔

فقیر نے وہابیوں کے نظریاتِ فاسدہ اور عقائدِ باطلہ کو انہی کے مستند اور معتمد علماء اور بزرگوں کی ہی کتب سے وہابی مذہب کی قلعی کھولی ہے لہٰذا زیرِ نظر کتاب کے مطالعہ سے ہر ذی عقل کو علم ہو جائے گا کہ اس مذہب کی بنیاد صرف اور صرف گستاخی، بے ادبی اور فحاشی پر ہی مبنی ہے ۔ جس کی شہادت دیتے ہوئے وہابیہ نجدیہ اور دیوبندیہ کے ممدوح مولوی حسین احمد ٹانڈوی المعروف مدنی رقمطراز ہیں ۔

"شانِ نبوت و حضرت رسالت علےٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام میں وہابیہ نہایت گستاخی کے کلمات استعمال کرتے ہیں ۔"

(الشہاب الثاقب ص۴۷ سطر ۶ مطبوعہ دیوبند)

وہابیہ کے ایک مولوی چراغ دین صاحب کہتے ہیں کہ میں ۵۶ء میں مدرسہ دیوبند گیا تو وہاں مولوی حسین احمد مدنی سے میں نے غیر مقلدوں کے متعلق یہ الفاظ سنے کہ وہ جھوٹے ہیں، دغا باز ہیں، فریب کار ہیں، لوگوں کے ایمان چھینتے ہیں، انہیں بہکاتے ہیں ۔ ان سے ہوشیار رہو اور کبھی

marfat.com

ان کے جال میں نہ پھنسو۔ ان کی باتیں مت سُنا کرو۔'

(ہفت روزہ الھدیٰ ص ۱۵ فروری ۱۹۵۷ء دربھنگہ)

وہابیہ کے ہی مولوی محمد جمال عارف مدرس بیل ڈانگہ مُرشد آباد اخبار اہلِ حدیث دہلی میں" میں دیوبند سے کیوں نکلا، مضمون میں مولوی حسین احمد مدنی کا بیان لکھتے ہیں کہ" اس دارالعلوم (دیوبند) میں غیر مقلدین حضرات کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے اور نہ کوئی گنجائش ہے۔

(اخبار اہلِ حدیث دہلی ص ۵ ۱۵ اگست ۵۴ء)

از خُدا خواہیم توفیقِ ادب
بے ادب محرُوم گشت از فضلِ رب

اس مذہب میں سب سے بڑا ولی اور بزرگ وہی شمار کیا جاتا ہے جو سرورِ کائنات فخرِ موجودات علیہ الصلوٰۃ والتسلیمات کی شانِ اقدس میں بڑھ چڑھ کر گستاخی کرے جیسا کہ کتاب ہذا میں اس مذہب کے اکابر کی عبارات سے روزِ روشن کی طرح واضح ہو جائے گا۔

تاریخ کا مطالعہ کرنے سے بھی اظہر من الشمس ہے کہ وہابیوں نجدیوں نے مسلمانوں پر وہ مظالم ڈھائے جو ایک کافر بھی نہیں کرتا اس کتاب میں وہابی مورخین کی کُتب ہی کے چند اقتباسات انشاء اللہ المولےٰ درج کروں گا۔

اِنتشار، تفرقہ بازی اور مخالفت

اس مذہب کے آباؤ اجداد کا شیوہ ہی انتشار پھیلانا، فرقہ بندی کو فروغ دینا اور بزرگانِ دین کی توہین کرنا ہے۔ جس کی گواہی امیرِ جمعیتِ وہابیہ مولوی محمد یوسف صاحب کلکتوی خود اپنے آرگن پندرہ روزہ "الارشادِ جدید" کراچی جس کے ٹائیٹل پیج پر" ترجمانِ اہلِ حدیث کُل پاکستان"، لکھا ہوتا ہے ان الفاظ میں دیتے ہیں کہ:

"اہل حدیث کی موجودہ نسل میں وہ خرابیاں ہیں جو اس کے آباؤ

marfat.com

اجداد میں تھیں۔ اہلِ حدیث میں فرقہ بندی اور ترکِ جہاد کا مرض عام ہوگیا ہے۔ یہ ایسی دو صفتیں ہیں جو ان کی اور سارے مسلمانانِ عالم کی تباہی اور بربادی کے لیے کافی ہیں۔

(الارشادِ جدید ص ۲۶-۲۷ اپریل ۱۹۵۵ء)

غیر مقلدین کی مقتدر شخصیت مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی کی مندرجہ ذیل تحریر بھی وہابیہ کی اس خصلت کی تائید کرتی ہے۔ ابراہیم میر سیالکوٹی اپنی جماعت کے دو[1] اخبار "اہلِ حدیث"، سوہدرہ اور "الاعتصام"، گوجرانوالہ کے طریقِ کار کے بارے میں رقمطراز ہیں کہ:

"جریدہ اہلحدیث سوہدرہ میں تو علی التواتر اور اخبار الاعتصام گوجرانوالہ میں موسمی انقلاب کے طور پر بعض مضامین ایسے شائع ہوتے رہتے ہیں۔ اور بعض ناقص العلم اہلحدیث مناظر اور مقرر ایسی تقریریں بھی کرتے رہتے ہیں جن سے بُرے نتائج نکلنے کا خطرہ ہے۔

چونکہ ہر دو اخبار اہلِ حدیث کے ہیں۔ اور ان کے ایسے مضمون نویس اور مقررین اہلحدیث کہلاتے ہیں۔ اور نقصانِ علم، کثرتِ جہالت کی وجہ سے ناقص العلم لوگ قوم کے رؤسا اور مقتدر سمجھے جاتے ہیں۔ اور فرقہ بندی کا جن کم و بیش سب پر سوار ہے۔ اور نہ ہی تعصب و منافرت کی روح باختلافِ مدارج سب میں سرایت کیے ہوئے ہے۔" (احیاء المیت ص ۳۴)

خاندانِ غزنویہ کا حال

امام الوہابیہ مولوی ثناء اللہ امرتسری اپنے فرقہ وہابیہ کے خاندانِ غزنویہ کے متعلق لکھتے ہیں کہ:

"آج عرصہ بارہ سال کا ہوا ہے کہ خاندانِ غزنویہ اور اُن کے ہمراہ مولوی صاحب بٹالوی وغیرہ نے میرے ساتھ مخالفت

---

[1] یہ دونوں اخبار ابراہیم میر سیالکوٹی کے شاگرد ہی نکالتے ہیں۔ (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

اُٹھائی ہے۔" (اہلِ حدیث امرتسر ص۳ ۲۹ جنوری ۱۹۱۵ء)

حافظ عبداللہ روپڑی کا حال

وہابیہ کے مناظر حافظ عبدالقادر روپڑی کے پیارے چچا جان حافظ عبداللہ روپڑی کے متعلق بھی وہابیہ کے مشہور مولوی محمد دہلوی رقم فرماتے ہیں کہ عبداللہ روپڑی اپنی اُسی پُرانی کاسہ لیسی پر قائم ہے۔ اور اُسی پھکڑ بازی اور تہمت طرازی پر تُلا ہوا ہے۔ اسی سے ناظرین اندازہ لگالیں کہ وہ اَلَدُّ الخصام اور مفسد فی الارض ہے یا نہیں؟ (اخبار محمدی دہلی ص۱۴ ۱۳ یکم اپریل ۱۹۳۹ء)

سردار الوہابیہ مولوی ثناء اللہ امرتسری اپنی جماعت کے حافظ عبداللہ روپڑی کو مخاطب کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

"آپ نے جب سے ہوش سنبھالا ہے۔ میری مذہبی مخالفت کرنا اپنا مذہبی فریضہ جانتے ہیں۔"

(اخبار اہلِ حدیث امرتسر ص۹ کالم ۱ جنوری ۱۹۳۷ء)

اِمام الوہابیہ مولوی عبدالوہاب دہلوی (جو کہ مولوی رفیق خاں پسروری کے اُستاد بھی ہیں) کے شاگرد مولوی محمد دہلوی کے اخبار محمدی دہلی میں وہابی مولوی ابوعبدالجلیل محمد خلیل آف بمبئی نے اپنے وہابیوں کو تفرقہ ڈالنے اور نزاع کو ہوا دینے میں مشاق ہونے کا تذکرہ اِن الفاظ میں کیا ہے:

"روپڑی صاحب نے برسوں سے اہلحدیث میں نزاع اور تفرقہ کی آگ سلگائی ہے۔ اور جسے وہ اور ان کے کرائے دار مدتوں سے ہوا دے رہے ہیں۔ جہاں بجھنے کو آتی ہے کہ یہ لوگ پھر کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اور پھر اس میں لکڑیاں جھونکنے لگتے ہیں۔"

(اخبار محمدی دہلی ص۱۶ یکم مارچ ۱۹۳۹ء)

وہابیہ کی جمعیت کے امیر اور ان کی جماعت کی مشہور و معروف شخصیت مولوی داؤد غزنوی کی اِسی بارے میں شہادت ملاحظہ فرمائیں:

marfat.com

'روپڑی حضرات باہمی جھگڑا اور نزاع کے سلسلے میں پہلے ہی اچھی شہرت کے حامل نہیں ہیں۔' (الاعتصام ص۳ کالم ۳ ۲۵ ستمبر ۱۹۵۹ء)

روپڑی کو بکنے دو

مولوی محمد دہلوی اپنے فرقہ کے مولوی ثناء اللہ امرتسری کو مشورہ دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

'یہ امشورہ تو یہی ہے کہ انہیں (مولوی عبداللہ روپڑی) کو بھول جائیے۔ انہیں بکنے دیجئے۔ جو چاہیں لکھیں۔ جب تک چاندنی پھیلی ہوتی ہے۔ کتے بھونکتے ہی رہتے ہیں۔'

(اخبار محمدی دہلی ص۱ کالم ۱ یکم اپریل ۱۹۳۹ء)

مولوی ثناء اللہ امرتسری اپنے فرقہ کے مولوی عبداللہ روپڑی کو مخاطب کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

'حافظ صاحب! اگر آپ نے اس طرف رُخ نہ کیا۔ اور جماعتِ اہلِ حدیث میں تفرقہ قائم رکھا بلکہ بڑھایا۔ تو اعیانِ اہلِ حدیث کو حق ہوگا۔ کہ ہماری نسبت صحیح رائے کا اظہار کریں۔'

(اخبار اہلِ حدیث امرتسر ص۱ ۸ جنوری ۱۹۳۶ء)

روپڑی کے خلاف ریزولیشن

وہابیہ کے اخبار اہلِ حدیث امرتسر میں وہابیوں کے دہلی کے مدرسہ فیاضیہ میں ایک اجلاس کی کارروائی درج ہے جس میں حافظ عبداللہ صاحب روپڑی کے خلاف اس مدرسہ کے مدرسین اراکین اور طالب علموں نے متفقہ طور پر یہ تجویز پاس کی ہے۔

'یہ جلسہ برادرانِ ملت سے اور خاص کر جماعت اہلِ حدیث سے درخواست کرتا ہے کہ وہ ہر جگہ ایسے جلسے منعقد کر کے حافظ عبداللہ صاحب روپڑی کے خلاف اپنے غم و غصہ کا اظہار کریں۔ اور ہمیشہ کے لیے اس فتنہ کو سدِ باب کر دیں۔'

marfat.com

(اہلِ حدیث امرتسر صـ۱۶ یکم جنوری ۱۹۳۷ء)

مولوی عنایت اللہ اثری گجرانی لکھتے ہیں کہ:

"مولوی عبداللہ صاحب روپڑی کے پاس مصالحت کے لیے ایک وفد جو تشکیل دیا گیا۔ اُس میں مجھے بھی بزور شامل فرمایا۔ مگر افسوس کہ دوستوں کی انتہائی کوشش کے باوجود بھی مصالحت نہ ہو سکی۔ اور ہم بے نیل و مرام واپس ہوئے۔"

(الجرس الجلیل صـ۱۳۶ ج ۱)

ثناء اللہ امرتسری کا حال

(وہابیہ کے معروف مولوی فقیر اللہ مدراسی (جو کہ ثناء اللہ امرتسری کے اُستاد بھائی بھی ہیں)

مولوی ثناء اللہ امرتسری کے متعلق لکھتے ہیں کہ:

"ثناء اللہ ملحد و منافق، متناقض الکلام و متعارض البیان و جامع بین انواع الکفر و الزندقہ و مشیع الالحاد و الفساد ہے۔"

(اہلِ حدیث امرتسر صـ۲ کالم نمبر ۱، ۱۶ جون ۱۹۱۶ء)

مولوی عبدالواحد غزنوی کا حال

امام الوہابیہ ثناء اللہ امرتسری اپنے فرقہ کے مولوی عبدالواحد غزنوی کے ساتھ اپنا پیش آیا ہوا ایک واقعہ درج کرتے ہیں:

"بلد اللہ الحرام (مکہ معظمہ) میں سب سے پہلے جب مولوی عبدالواحد صاحب غزنوی مع فرزند کے میرے سامنے آئے۔ تو میں نے السلام علیکم کہا۔ مگر جواب نہ ملا۔ پھر بعد حج ۲۵ ذی الحج کو صبح کے وقت طواف اور نوافل کے بعد مقام ابراہیم پر میں نے سلام کے بعد مولوی عبدالواحد صاحب غزنوی کا بغرض مصافحہ ہاتھ پکڑ لیا۔ مگر وہ چھڑا کر چلے گئے۔" (تحفہ نجدیہ۔ از ثناء اللہ امرتسری)

مولوی عبدالوہاب دہلوی کے لیے وہابیوں کا فیصلہ

انجمن اہلِ حدیث گوجرانوالہ نے

marfat.com

حافظ عنایت اللہ اور مولانا عبدالوہاب صاحب کی دعوت کے لیے کانفرنس نے ریزولیوشن پاس کرکے گوجرانوالہ کو تحریر کیا کہ مولانا موصوف کو کانفرنس اپنے جلسہ میں شریک کرنا نہیں چاہتی۔ (الجسر البلیغ ص۴۶ ج ۱)

مولوی سامرودی کا حال

وہابیہ کے شہرۂ آفاق اخبار محمدی، دہلی میں مولوی سامرودی کے متعلق درج ہے کہ:

"سامرودی کا سامری پن ملاحظہ ہو۔ وہ ساری جماعت اہل حدیث کو دھمکا رہا ہے کہ اگر اس کی نہ مانی گئی تو وہ اس جھگڑے کو دن دونا رات چوگنا کر دے گا۔" (اخبار محمدی دہلی ص۱۶ یکم مارچ ۱۹۳۹ء)

وہابی مولوی آپس میں مل کر بیٹھنے والے نہیں

مولوی عنایت اللہ صاحب اثری گجرانی اپنے فرقہ کے مولویوں کا ایک واقعہ لکھتے ہیں کہ:

"۱۹۱۳ء میں کانفرنس آل انڈیا اہل حدیث کا ذکر کر آیا ہوں۔ جو اس تاریخ سے بھی پیشتر کی تعمیر شدہ ہے۔ جسے مولانا ثناء اللہ صاحب نے بنایا اور مولانا عبدالعزیز صاحب .... رحیم آبادی اور مولانا حافظ عبداللہ صاحب .... غازی پوری جیسے بزرگوں نے ان کا ساتھ دیا۔ غزنوی بزرگوں نے اُن کا ساتھ نہیں دیا۔ بلکہ ڈٹ کر مخالفت کی۔ اور تقسیم ہند تک مخالفت کرتے رہے۔ جس میں مولوی داؤد صاحب غزنوی بھی ان میں شامل رہے۔"

(الجسر البلیغ ص۱۴۲-۱۴۳ ج ۱)

مولوی احمداللہ امرتسری اور عبدالجبار غزنوی کا حال

وہابیوں کے سردار مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری نے اپنے اُستاد مولوی احمداللہ صاحب امرتسری، امام عبدالجبار غزنوی اور دیگر وہابی مولویوں کے لیے یہ دعائیہ فقرہ لکھا ہے کہ:

marfat.com

خُدا ہمارے (وہابیوں کے) عُلمارِ اسلام کو اتفاق و اتحاد کے فوائد سمجھائے۔ (اخبار اہلِ حدیث امرتسر ۲۰ ستمبر ۱۹۱۲ء)

وہابیوں میں اوصافِ بشریہ مفقود ہو رہے ہیں

غیر مقلدین وہابیہ کے منشی محمد خان صاحب رئیس والی گجرات اخبار اہلحدیث امرتسر میں "قابلِ توجہ اعیانِ اہلحدیث" کی سُرخی دے کر وہابیوں کے خصائل اس طرح واضح کرتے ہیں۔ کہ:

"ہم (وہابیوں) میں ہمارے گھر کی لڑائیاں ہی تاحال ختم نہیں ہوئیں طعن و تشنیع، غیبت، آتشِ حسد وغیرہم ہم میں موجود ہیں۔ نہ ہم میں محبت ہے نہ اخوت نہ ہمدردی نہ یکجہتی غرضیکہ جملہ اوصاف بشریہ ہم سے یوماً فیوماً مفقود ہو رہے ہیں"

(اہلِ حدیث امرتسر ص۱ کالم ۲ ۳ جون ۱۹۳۸ء)

وہابی مولویوں کی کتابوں سے فتنہ و فساد پیدا ہوتا ہے

وہابیوں کی عظیم المرتبت شخصیت مولوی شمس الحق صاحب اپنے فرقہ کے مولوی فقیر اللہ صاحب مدراسی کے رسالوں پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

"مولوی فقیر اللہ پر اللہ تعالیٰ رحم فرمائے اُن کے رسالے سے ہم بہت بیزار ہیں۔ ایسے بیہودہ رسالوں سے جس قدر فتنہ و فساد ہوتا ہے۔ وہ اظہر من الشمس ہے۔ ان کا رسالہ میرے پاس بھی پہنچا ہے۔ اس کے مطالعہ سے سخت رنج و الم ہوا"

(اخبار اہلِ حدیث امرتسر ص۸، فروری ۱۹۱۳ء)

کیا لطف جو غیر پردہ کھولے
جادو وہ جو سر چڑھ کر بولے

---

marfat.com

ابراہیم میر سیالکوٹی کا آپس میں مصالحت کرنے پر ناراضگی کا اظہار کرنا!

وہابیوں کے مولوی عنایت اللہ صاحب اثری گجرانی اپنے فرقہ کے جید عالم مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی

کے ساتھ اپنے ایک واقعہ کا تذکرہ کرتے ہیں کہ:

"(۲۲ نومبر ۱۹۵۴ء کو سیالکوٹ) میں فجر کی نماز مولانا محمد ابراہیم صاحب کی اقتدار میں ادا کی اور موصوف کا درس بھی سنا۔ جس کے بعد آپ نے فرمایا کہ میں تیرے لیے دعا کرتا رہتا ہوں" میں نے عرض کی کہ شکریہ ہے۔ مگر جس کی مجھے ضرورت ہے اس کی دعا کیا کریں۔ فرمایا کہ وہ کیا ہے۔ میں نے عرض کیا کہ یہاں (سیالکوٹ) کی جماعت میں اختلافات ہیں۔ کچھ لوگ آپ کے ہمراہ ہیں اور کچھ حافظ محمد شریف صاحب کے حامی ہیں۔ تبلیغ کا دروازہ بند ہے۔ اگر کچھ کیا بھی جاتا ہے۔ تو وہ بھی پارٹی بندی کی وجہ سے بیکار ثابت ہوتا ہے۔ لہٰذا مصالحت کی اشد ضرورت ہے۔ یہ میری ضرورت ہے۔ اس کے لیے دعا کریں تو میں خوش ہوں۔ میرے اس مفروضے پر دوسرے دوست بھی بول پڑے کہ مصالحت ضروری ہے۔ موصوف (ابراہیم صاحب میر) قدرے ناراض ہو کر گھر چلے گئے۔"

(العطر البلیغ ص ۳۴ ج ۲)

ناظرین حضرات! صلح دونوں ہم مسلک وہابی مولویوں کے درمیان ہونی تھی۔ اور صلح پر ناراضگی کا اظہار کرنے والے اور اپنے گھر کا راستہ اختیار کرنے والے وہابیوں کے جید عالم مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی ہیں۔ جن کو آج کل امام العصر کے معزز لقب سے یاد کرنے کی تشہیر کی جا رہی ہے۔

marfat.com

وہابی مولوی کا وہابی مولوی کی اقتدار میں نماز نہ پڑھنا

وہابیوں کے مولوی عنایت اللہ صاحب اثری گجراتی ۲۶ جون ۱۹۵۵ء کا واقعہ لکھتے ہیں کہ ۲۶ جون کو نمازِ مغرب کے لیے مجھے (عنایت اللہ) کو کہا گیا تو میں نے انکار کر دیا۔ جس پر مجھے پکڑ کر مصلے پر کھڑا کر دیا گیا۔ اُدھر میں نے نماز شروع کی اُدھر مولوی احمد دین صاحب صف سے نکل کر پیچھے ہٹ گئے۔ اور نماز اکیلی پڑھی۔ ہاں مولوی عبداللہ صاحب ثانی امرتسری اور مولوی ابراہیم صاحب تاندلیانوالہ اور دیگر ذی علم سب کھڑے رہے۔ نماز کے بعد دوستوں نے دریافت کیا۔ تو مولوی صاحب موصوف (احمد دین) نے فرمایا کہ اپنا اپنا خیال ہے۔ میری حافظ صاحب کی اقتدار میں نماز نہیں ہوتی۔ اس پر سب احباب نے افسوس کا اظہار کیا اور خاموش رہے۔ (العطر البلیغ ص ۳۸-۳۹ ج ۲)

مصافحہ کرنے سے بیزاری اور سلام کا جواب معاف کرو غیر مقلدین حضرات

کے مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی کا ایک دوسرا واقعہ یہی مولوی عنایت اللہ اثری گجراتی غیر مقلد بیان کرتے ہیں کہ:

سیالکوٹ کے جلسوں پر جو ذی علم بھی تشریف لاتے ہیں۔ ان میں سے کوئی بھی میرے سوا مولوی ابراہیم صاحب سے ملاقات نہیں کرتے۔ اس لیے انہیں ترغیب دلائی کہ اُن کے درس میں شامل ہوں۔ جس پر مولوی اسماعیل صاحب راولپنڈی مولوی علی محمد صمصام۔ مولوی محمد صدیق صاحب لائلپوری، مولوی محمد ابراہیم صاحب تاندلیانوالہ نے فرمایا کہ ہم شامل ہوں گے۔ بشرطیکہ آپ یہاں رات ہمارے پاس قیام کریں۔ میں نے کہا کہ نہیں۔ شاید آپ جائیں یا نہ جائیں مجھے تو ضرور جانا ہے۔ میں اپنی پھوپھی

marfat.com

صاحبہ کے ہاں محلہ سلہریاں ٹھہرا ہوں۔ وہاں سے جگہ قریب ہے
میں بہرحال حاضر ہوں گا۔ انشاءاللہ۔

چنانچہ میں صبح درس میں حاضر ہوا اور اثنائے درس میں
یہ سب علماء کرام بھی تشریف لائے۔ درس کے بعد میں نے
مولوی ابراہیم صاحب کی خدمت میں حاضر ہو کر سلام عرض کیا۔
اور مصافحہ کے لیے ہاتھ بڑھایا۔ اور وہ اُٹھ کر چل دیئے۔ اگرچہ
اس حرکت کو سب نے بُرا منایا۔ مگر عُذر پیش کیا۔ کہ انہیں خیال
پیدا ہوا ہو گا کہ شاید آپ حافظ محمد شریف صاحب (دہلی) کی
مصالحت کے لیے بمثلِ سابق کوئی تذکرہ نہ شروع کر دیں کہ موصوف
اس کے لیے ہرگز تیار نہیں۔ میں نے کہا کہ میرا تو ایسا خیال نہیں
تھا۔ اچھا اگر ذکر کرتا تو روک سکتے تھے۔ اس طرح سے اُٹھ کر
چلے جانا ٹھیک نہیں۔ ایک صاحب نے کہا کہ اچھا میں گھر جاتا ہوں
تھوڑی دیر کے بعد وہ واپس تشریف لائے اور کہا کہ مولوی صاحب
نے فرمایا ہے کہ حافظ عنایت اللہ کے سوا دیگر تمام ذی علم جو
ملنے کے لیے آئے ہیں۔ وہ یہاں گھر آ کر مل سکتے ہیں۔ چنانچہ
وہ سب ذی علم گھر تشریف لے گئے۔ اور میں مسجد میں بیٹھا
رہا۔ پھر کافی انتظار کے بعد میں چلا آیا۔ پھر جلسہ پر ان مولوی صلحبان
کی زبانی معلوم ہوا کہ موصوف آپ سے ملاقات نہیں کرنا چاہتے
تھے۔

خدا کی شان ایک طرف میرے لیے تہجد میں دُعائیں۔ اور
دوسری طرف سلام کا جواب معاف کرو۔ مصافحہ نہیں۔
کیا خُوب تلون مزاجی ہے؛

(العطر البلیغ ص ۴۵-۴۶ ج ۲)

marfat.com

ابراہیم میر کی اکابر وہابیہ سے ناراضگی

مولوی عنایت اللہ اثری گجراتی ہی مولوی ابراہیم میر کے جنازہ کے متعلق لکھتے ہیں کہ:

"جنازہ پر جو علماء تشریف فرما تھے ان کے اسماءِ گرامی یہ ہیں: مولوی سید داؤد صاحب غزنوی۔ مولوی عبداللہ صاحب روپڑی۔ مولوی اسماعیل صاحب گوجرانوالہ۔ ورثاء نے اپنے کسی عزیز کو تار کے ذریعے لاہور اطلاع دی تو ان بزرگوں کو بھی معلوم ہو گیا۔ تو وہ خود تشریف لائے کہ اہلحدیث کے ایک جید عالم فوت ہو گئے ہیں مگر افسوس کہ جمعہ کے لیے کسی کو بھی ورثاء نے پسند نہیں فرمایا۔ ایک مقامی صاحب نے ان سب کی موجودگی میں جمعہ پڑھایا کہ موصوف ان سب سے ناراض تھے۔" (العطر البلیغ ص ۴۸)

وہابی کا وہابی مولوی کی داڑھی نوچنا

مولوی عنایت اللہ اثری گجراتی خود ہی رقمطراز ہیں کہ:

"۲۲ دسمبر ۶۳ء کو حاجی شیخ عبدالرحمان صاحب اور شیخ عبیداللہ صاحب کے ہمراہ وزیر آباد پہنچا۔ اور شیخ عبدالرحمان صاحب سے ملاقات کی۔ کہ انہوں نے کسی سے ذکر کیا تھا۔ کہ میں حافظ عنایت وزیر آباد آیا تو اس کی ڈاڑھی نوچوں گا۔ چنانچہ میں نے سلام کیا۔ اور مصافحہ کے لیے ہاتھ آگے کیا۔ تو انہوں نے نہ تو سلام کا جواب دیا اور نہ مصافحہ کے لیے ہاتھ بڑھایا۔" (العطر البلیغ ص۔ ج ۲)

وہابی مولوی سے وہابی کا بات کرنے کو دل نہ چاہنا

مولوی عنایت اللہ اثری گجراتی

marfat.com

لکھتے ہیں کہ:

"میں مولوی عبداللہ صاحب صوفی کے گھر پہنچا۔ تو انہیں گھر نہ پاکر ان کی دُکان پر گیا اور سلام کیا۔ مگر جواب ندارد۔ مصافحہ کے لیے ہاتھ بڑھایا۔ تو موصوف نے مصافحہ نہیں کیا بلکہ فرمایا میں تیرے سے بات نہیں کرنا چاہتا۔" (العطر البلیغ ص۱۸۱ ج ۲)

توبہ توبہ! وہابی مولویوں کا کردار ایسا ہے کہ ان کے اپنے فرقہ کے ہی ان کے ساتھ مصافحہ کرنے اور سلام کا جواب دینے اور بات تک کرنے کو تیار نہیں۔ مگر ڈاڑھی نوچنے کے لیے تیار ہیں۔ یا یہ سب بزرگانِ دین کی توہین اور تحقیر کرنے کا صلہ ہے۔

ڈھیٹ اور بے شرم دُنیا میں بھی دیکھے ہیں مگر
سب پہ سبقت لے گئی ہے بے حیائی آپکی

لکھنؤ سے عبدالغفار صاحب نے ایک مضمون "اہلحدیث" کے ادارے اور ان کی حالت زار" اخبار اہلحدیث امرتسر میں شائع کرایا۔ جس میں اُنہوں نے ایک ایسا جُملہ لکھا ہے کہ جس سے یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے کہ اختلاف اور نزاع وہابی ہی ڈالتے ہیں وہ جملہ یہ ہے:

"ہم اپنے بھی آپس میں اختلاف اور نزاع ڈالتے ہیں۔ اور الزام شیطان کو لگاتے ہیں۔" (اخبار اہلحدیث امرتسر ص۸ ۸ جنوری ۱۹۳۶ء)

امیر جمعیت اسماعیل سلفی کانگریسی کا حال

مولوی اسماعیل صاحب سلفی کانگریسی آف گوجرانوالہ جو کہ امیر جمعیت تھے کے متعلق فیروزالدین سیالکوٹی نامی وہابی شخص جس کے حکیم صادق سیالکوٹی اور حافظ شریف سیالکوٹی موید ہیں رقمطراز ہے کہ:

"گویا اس طرح آمر پاکستان (مولوی اسماعیل آف گوجرانوالہ) نے سیالکوٹ میں تفریق اور انتشار کا بیج بویا۔ حافظ محمد شریف کے مقابلہ

marfat.com

میں پارٹی بازی کرائی۔ اور سیالکوٹ کو اہلحدیثوں کی باہمی جنگ کا کوریا بنایا۔' (پمفلٹ انتشاری کانفرنس ص سطر ۱۳ تا ۱۵)

فیروز الدین وہابی واشگاف الفاظ میں جمعیت کے امیر کے متعلق بڑے یقین کے ساتھ لکھتے ہیں کہ:

'یقین کیجئے! کہ مولوی اسماعیل صاحب نے نومود جماعت محض انتشار کے لیے پیدا کی ہے۔' (انتشاری کانفرنس ص۹)

وہابی بزرگوں کی برکت سرپھٹول اور انتشار ہے

یہی فیروز الدین سیالکوٹی وہابی اپنی جمعیت کے امیر کی برکت کا تذکرہ ان الفاظ میں کرتے ہیں کہ:

'آہ مولوی اسماعیل صاحب کی امارت کی برکت سے گوجرانوالہ میں اختلاف کی خلیجیں جغرافیائی حیثیت اختیار کر چکی ہیں۔ لائل پور میں سرپھٹول کا بازار گرم ہے۔ ملتان میں انتشار کا جھگڑ چل رہا ہے۔ سارے پاکستان کے اکثر علمائے اہلحدیث مولوی صاحب سے نالاں ہیں۔ مولوی صاحب سے علماء کو ہزاروں شکایتیں ہیں۔ سید صاحب (ابوبکر غزنوی خلف الرشید مولوی داؤد غزنوی) کے ساتھ مولوی نے ایسا جھگڑا۔ لڑائی اور جدال شروع کر رکھا ہے۔ کہ سارے پاکستان کے اہلحدیث رو رہے ہیں۔ (انتشاری کانفرنس ص۱۱)

مولوی محمد یوسف صاحب کلکتوی وہابیہ کے محدث مولوی عبدالستار صاحب دہلوی کے بارے میں رقمطراز ہیں کہ:

'مولوی عبدالستار دہلوی اور ان کے ساتھی بے وقعت اور ڈھیٹ ہیں۔ سمجھدار انسان ان کے منہ نہیں لگا کرتے۔ بلکہ لوگوں کو خبردار کیئے دیتے ہیں کہ بھائی ذرا ان سے بچتے رہنا تمہاری ساری متاع دنیوی تو درکنار ایمان جیسی قیمتی شئے پر بھی ڈاکہ ڈالنے سے گریز نہ کریں گے'

marfat.com

(الارشاد جدید کراچی یکم جمادی الاوّل ۱۳۷۴ھ ص۱۱)

اہلحدیث امرتسر میں ہی لکھا ہے کہ:

'وہابیوں' میں جس قدر خودرائی کا مادہ ہے اسی قدر علماء کے ساتھ بے ادبی اور گستاخی کا بھی مادہ ہے اس کے ساتھ الحاجی شکایت اور زبان درازی سے عوام تو عوام خواص کے دلوں کو پھیر لینے کا بھی جادو یہ جانتے ہیں۔ ہم اپنے کرم فرما مولوی ابوالقاسم کی طرف تعجب کی نگاہ سے دیکھتے ہیں کہ ان کو کیسے بے سمجھے بوجھے کسی کی خوشامد میں اپنے باپ کے سچے دوست پر وار کرنے کی ہمت ہوگئی! اور ایسے سخت اور دل شکن جملوں سے تعاقب کیا کہ برابر کا آدمی بھی اپنے برابر کی شان میں ایسے جملے لکھنے میں ضرور تامل کرے گا۔ اصل یہ ہے کہ مولویوں کی منہ دیکھی خوشامدوں ہی نے تو جماعت اہلحدیث کا یہ حال کر رکھا ہے۔ ہیچ ہے الشر شرار العلماء (اہلحدیث امرتسر ص۲ ۱۱ ستمبر ۱۹۰۸ء)

مجدد الوہابیہ ثناء اللہ امرتسری اپنے فرقہ کے اکابر کو مصالحت کا مخالف اور انتشار پسند قرار دیتے ہوئے ایک واقعہ کے حوالہ سے لکھتے ہیں۔ کہ

'۲، ۳، مارچ ۱۹۱۲ء کو انجمن اہلحدیث امرتسر کا سالانہ جلسہ ہوا جس میں مولانا عبدالعزیز صاحب رحیم آبادی اور مولانا حافظ عبدالمنان صاحب وزیر آبادی وغیرہ بھی شریک تھے۔ ان حضرات مخالفین (غزنوی پارٹی) سے اور تو کوئی مدد نہ ہو سکی۔ جھٹ ایک ہاتھی کے کان جتنا مخالفت کا اشتہار دے دیا۔ حالانکہ ابھی کا ذکر ہے۔ کہ فروری ۱۹۱۱ء میں مصالحت ہوئی۔ جس کا اثر یہ ہوا تھا کہ حافظ عنایت اللہ صاحب کے ہاں سب نے مل کر دعوت کھائی۔ اس سے بعد خدا جانے کیا امر پیدا ہوا کہ جھٹ سے مصالحت توڑ دی گئی یہی حال مولوی احمد اللہ صاحب امرتسری کا ہے۔ اور یہی

marfat.com

کیفیت ہمارے آزیبل مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی کی ہے۔

(اہلحدیث امرتسر ص ۱۲ ج ۱ ۵ اپریل ۱۹۱۲ء)

وہابیہ نجدیہ کی مرکزی جمعیت وہابیہ ہند کے سیکرٹری مولوی عبدالعزیز اپنی کتاب "فتنہ ثنائیہ" کی ابتدا میں ہی "مولوی ثناء اللہ کی تلبیس" کی سُرخی جما کر لکھتے ہیں کہ:

"مولوی ثناء اللہ صاحب کی وجہ سے جماعت میں جو اختلاف برپا ہے۔ کوئی شخص اس پر مسرت اور شادمانی کا اظہار نہیں کر سکتا۔ بلکہ گرد و پیش کے حالات اور عام مفاد اسلامی کے لحاظ سے یہ چیز انتہائی رنج و قلق کا باعث ہے۔ اس وقت جو مشکلات اور مصائب ہر طرف سے ہمارا محاصرہ کیے ہوئے ہیں۔ ان کے تباہی خیز اثرات سے محفوظ رہنے کے لیے آپس میں محبت و اُلفت کے رشتے استوار کرنے کی سخت ضرورت ہے۔ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ اتحاد و اتفاق اللہ تعالےٰ کی خاص نعمتوں میں سے ہے۔ لیکن کوئی اتحاد، کوئی جماعت اور کوئی جتھہ نہ موجب برکت ہو سکتا ہے نہ کامیابی اور فوز و فلاح سے بہرہ ور ہو سکتا ہے۔ جس کی بنا اخلاص اور تقویٰ پر نہ ہو۔ جو خود اسلام کا حامل اور عامل نہ ہو جسے صحابہ کرام، آئمہ دین اور محدثین کرام نے بے شمار مصائب و تکالیف کے برداشت کرنے کے بعد زندہ رکھا۔ اور داخلی و خارجی جہاد کر کے معتزلہ اور دوسرے فرقوں کے گمراہ کن خیالات و عقاید سے محفوظ کر کے ہم تک پہنچا دیا۔

(فتنہ ثنائیہ ص ۱)

قارئین کرام! آپ نے وہابی اکابر کی تفرقہ بازی کے کارنامے ان کے فرقہ کے اکابر ہی کی کتب اور اخبارات کے حوالہ جات سے پڑھ لیے ہیں ویسے اکثر و بیشتر مقامات پر آپ نے ان حضرات کو گفتگو کرتے ہوتے دیکھا ہوگا تو یہی کہتے ہیں کہ ہم فرقہ بندی اور انتشار کو بالکل پسند نہیں کرتے ہم تو صلح پسند ہیں۔ ان حضرات کا یہ کہنا کوئی نیا نہیں۔ زمانہ رسول کے منافق بھی یہی کہتے تھے جیسا کہ قرآن پاک میں ہے:

marfat.com

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ قَالُوْا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ۔

اور جو ان سے کہا جائے زمین میں فساد نہ کرو تو کہتے ہیں ہم تو سنوارنے والے ہیں۔ (پ ۱ ع ۲)

یہ حضرات بھی بالکل انہیں کے نقشِ قدم پر چلتے ہیں۔

حکیم الاُمت حضرت خواجہ محمد حسن صاحب نقشبندی مجددی سرہندی بھی اپنی تصنیفِ لطیف 'اصولِ اربعہ' میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

'ہمیں است عادت وہابیہ کہ خود را حامیانِ دین و شریعت میدانند۔ (۷)

وہابی مولویوں پر امام الوہابیہ اسماعیل دہلوی کا فتوے

وہابیوں کے مُنشی محمد جعفر تھانیسری اسماعیل دہلوی کا فتویٰ نقل کرتے ہیں کہ:

'جماعت میں تفرقہ ڈالنے والوں پر لعنت آئی ہے۔'

(تواریخ عجیبہ صـ ۱۹۳ مطبوعہ)

وہابیوں کی کُتب میں اکابر وہابیہ کا یہ اقرار نامہ موجود ہے کہ وہابی مولوی تفرقہ باز ہیں۔ ان میں فرقہ بندی کا مرض عام ہے۔ اس اقرار نامہ کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے اسماعیل دہلوی کا فتویٰ پڑھیں تو یہ کہنا بالکل بجا ہوگا کہ وہابی مولوی لعنتی ہیں۔

ناظرینِ کرام! آپ کے ذہن میں یہ سوال بار بار آتا ہوگا۔ کہ یہ تفرقہ اور انتشار جو وہابی مولویوں نے شروع کر رکھا تھا۔ جن کی گواہی بھی وہابی اکابر کی تحریریں ہیں۔ آخر اس کی اصل وجہ کیا ہے یہ کیوں انتشار اور تفرقہ پیدا کرتے ہیں۔ اِس کا جواب خود مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی

marfat.com

نے اپنی کتاب ' احیاء المیت ' میں اپنے وہابی عوام کو خبردار کرتے ہوئے دیا ہے کہ :

' جماعت اہلِ حدیث اپنے ناقص العلم اور غیر محتاط نام نہاد عُلماء کی تحریروں اور تقریروں سے دھوکہ نہ کھائیے ۔ کیونکہ ان میں سے بعض تو پُرانے خارجی اور بے علم محض اور بعض پُرانے کانگریسی ہیں ۔ جو کانگریس کا حقِ نمک ادا کرنے کے لیے ایک نہایت گہری زمین دوز (UNDER GROUND) تجویز کے تحت انگریزی پالیسی (DEVIDE AND CONQUER) تفرقہ ڈالو اور فتح کرو سے مسلمانوں کو اختلافی مسائل میں مشغول کر کے باہمی اتفاق میں رُکاوٹ اور مسلمانوں میں خصوصاً اہلحدیث میں تعصب پیدا کرنا چاہتے ہیں ۔ ' (احیاء المیت ص ۳۶)

مندرجہ بالا تحریر سے روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ تفرقہ اور انتشار کانگریسی مولویوں کی ایک نہایت گہری زمین دوز سازش ہے ۔ اور عوام و خواص پر یہ بھی پوشیدہ نہیں کہ اہلِ سنت و جماعت بریلوی حضرات میں سے کانگریسی کوئی بھی نہیں ۔ اگر کانگریسی ہیں تو وہ صرف اور صرف وہابی ۔ دیوبندی مولوی ہیں ۔ لہٰذا تفرقہ اور انتشار کے بس یہی ذمہ دار ہیں ۔

مولوی اشرف علی تھانوی کی شہادت

غیر مقلدین وہابی حضرات کے ممدوح مولوی اشرف علی صاحب تھانوی واشگاف الفاظ میں یہ گواہی دیتے ہیں کہ :

' یہی حال غالی غیر مقلدین کا ہے ۔ خصوصاً بدگمانی اور بدزبانی کا مرض ان میں خصوصیات سے ہے ۔ شیعوں کی طرح تبرا ان کا بھی شعار ہے ۔ بزرگوں کی شان میں گستاخی کرنا ۔ ان کے یہاں بھی ذریعۂ نجات ہے ۔ ایسی غیر مقلدی نیچریت کی پہلی سیڑھی

marfat.com

ہے۔ اللہ بچائے۔' (افاضات الیومیہ ص۲۲ ج ۵)

دیوبندیوں کے حکیم الامت تھانوی نے ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ جی ہاں فقہ نہایت مشکل چیز ہے۔ اس میں بڑی احتیاط کی ضرورت ہے۔ اور لوگ تو زیادہ تر اسی میں بے احتیاطی سے کام لیتے ہیں خصوصاً بعضے غیر مقلدین اس باب میں بڑے دلیر ہیں۔ ہمارا مذہب بحمداللہ مدون ہے مگر ان مدعی غیر مقلدوں کا نہ کوئی سر ہے نہ پیر۔ جو جی میں آیا فتوے دے دیا۔ ایک مرتبہ ایک غیر مقلد مولوی صاحب نے یہ چھاپ دیا کہ دادا کی بیوی سے نکاح جائز ہے۔' (افاضات الیومیہ ص۳ ج ۵)

ناظرین کرام! انتشار اور تفرقہ بازی کو فروغ دینا فرقہ وہابیہ کا کام ہے۔ جس کو ان کے اکابرین کی کتب اور عبارات سے ثابت کیا ہے۔ اب فرقہ وہابیہ کے اکابر کی علمی قابلیت کی حقیقت بھی مسلمہ حضرات کی عبارات اور شہادات سے عیاں و بیاں کی جاتی ہے۔

وہابیہ کی علمی قابلیت

طائفہ وہابیہ کی علمی قابلیت کا راز مفتر الوہابیہ مولوی وحید الزماں حیدرآبادی فاش کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

'غیر مقلدوں کا گروہ جو اپنے تئیں اہلحدیث کہتے ہیں۔ انہوں نے ایسی آزادی اختیار کی ہے کہ مسائل اجماعی کی پروا نہیں کرتے۔ نہ سلف صالحین اور صحابہ اور تابعین کی قرآن کی تفسیر صرف لغت سے اپنی من مانی سے کر لیتے ہیں۔ حدیث شریف میں جو تفسیر آچکی ہے۔ اس کو بھی نہیں سنتے۔'

(حیاتِ وحید الزماں ص۱۰۲ سطر ۸ تا ۱۰۔ وحید اللغات)

یہی وہابیہ کی مقتدر شخصیت وحید الزماں صاحب مزید رقمطراز ہیں کہ:

'ہمارے اہلِ حدیث بھائیوں نے ابنِ تیمیہ اور ابنِ قیم اور شوکانی

marfat.com

اور شاہ ولی اللہ اور مولوی اسماعیل دہلوی کو دین کا ٹھیکیدار بنا رکھا ہے۔ جہاں کسی مسلمان نے ان بزرگوں کے خلاف کسی قول کو اختیار کیا۔ بس اُس کے پیچھے پڑ گئے۔ بُرا بھلا کہنے لگے۔ بھائیو! ذرا غور کرو۔ اور انصاف کرو۔ جب تم نے ابو حنیفہ اور شافعی کی تقلید چھوڑی تو ابنِ تیمیہ۔ ابنِ قیم اور شوکانی جو اُن سے بہت متاخر ہیں ان کی تقلید کی کیا ضرورت ہے۔' (حیاتِ وحید الزمان ص۱۰۲ سطر ۲ تا ۶ وحید اللغات)

امام الوہابیہ محمد بن عبدالوہاب نجدی کا علم

مفتی حرم شریف علامہ دحلان مکی علیہ الرحمۃ تحریر فرماتے ہیں کہ:

'تمام مذاہب کے علماء شرق و غرب سے ابنِ عبدالوہاب کے رد کے لیے کھڑے ہو گئے۔ اور بعض نے اس کے رد میں امام احمد علیہ الرحمۃ اور ان کے اقوال کا التزام کیا۔ اُس سے ایسے مسائل پوچھے جن کو ادنیٰ درجے کے طالب علم جانتے ہیں۔ ان مسائل کا جواب اس سے نہ بن پڑا۔ اس لیے کہ اسے علوم کی استعداد ہی نہ تھی۔ صرف ان خرافات کو جانتا تھا جو شیطان سے مزین کر دی تھیں۔' (الدرر السنیہ ص۴۷)

وہابیہ کے تین اکابر کا علمی مقام

وہابیہ کے مولوی فقیر اللہ مدراسی اپنے فرقہ کے تین اکابر عبداللہ غازی پوری عبدالعزیز رحیم آبادی اور ثناء اللہ امرتسری کے علمی مقام کا تذکرہ ان الفاظ میں کرتے ہیں کہ:

'اصحابِ ثلاثہ کشمیری (ثناء اللہ) غازی پوری (عبداللہ) رحیم آبادی (عبدالعزیز) نہ تو عالم ہیں کہ ان کو عالم کہا جائے۔ نہ راہِ راست پر ہیں کہ ان کو اہلسنت میں داخل کیا جائے۔'

(رسالہ ظفر ابی سعید بحوالہ اخبار اہلحدیث امرتسر ص۱ ۸ نومبر ۱۹۱۵ء)

marfat.com

عبداللہ غازی پوری کا علم

وہابیہ فرقہ کے غزنوی خاندان کے چشم وچراغ امام عبدالجبار غزنوی کے شاگردِ رشید مولوی فقیراللہ مدراسی اپنے فرقہ کے مجتہد عبداللہ غازی پوری کے متعلق ان کے علمی مقام کا راز ان الفاظ میں فاش کرتے ہیں کہ:

"جناب حافظ صاحب اتباعِ سلف کے صاف منکر ہیں۔ بلکہ حدیث مرفوع صحیح کی بھی کچھ پرواہ نہیں کرتے اور اپنی رائے و قیاس کو اقوالِ صحابہ خیار و فتاویٰ سابقین اولین من المہاجرین و الانصار پر بلکہ حدیثِ صحیح پر بھی مقدم کرتے ہیں۔"

(اہلِ حدیث امرتسر ص۵ کالم ۳ ر ۶ جون ۱۹۱۳ء)

نواب صدیق حسن بھوپالوی کی علمیت

وہابیہ نجدیہ کے مجدد اور مفسر نواب صدیق حسن بھوپالوی کی شانِ علمیت بھی ان کے اس قول سے روزِ روشن کی طرح واضح ہو جاتی ہے:

"حجت بتفسیر صحابہ غیر قائم است" (صحابہ کرام علیہم الرضوان کی تفسیر معتبر نہیں ہے۔ (بدور الدھلہ فارسی ص۱۲۹ مطبوعہ بھوپال)

وہابیوں کے نزدیک تفسیر صحابہ غلط ہے حافظ عبداللہ روپڑی کی گواہی!

روپڑی گروہ کے روحِ رواں حافظ عبداللہ روپڑی اپنے فرقہ میں سے ایک گروہ کی نشان دہی کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

"افسوس صد افسوس کہ اب ہمارے (وہابیوں کے) ہی درمیان سے ایک ایسا فرقہ نکلا ہے۔ جو.... سے بھی چار رتی بڑھ کر ہے وہ کہتا ہے کہ ہزارہا صحابہ حاضرینِ مجلس جن کی ہدایت و درایت

marfat.com

پر ساری اُمت متفق ہے۔ کسی آیت کی تفسیر میں غلطی پر ہوں اور ہم اس میں مصیب ہوں۔ تو کوئی بعید امر نہیں گویا ان کے نزدیک قرآن مجید کا ظاہری مطلب بھی ایسا مشکل ہے۔ کہ ایک اِمام نہیں۔ دو امام نہیں بلکہ ہزاروں آئمہ اس سے غفلت کر جاتے ہیں۔ پھر قرآنِ مجید کی فصاحت و بلاغت پر بھی ایمان ہے۔ یا للعجب وضیعۃ الادب۔

سرگروہ[1] اس فرقہ کے مولوی ثناء اللہ صاحب ہیں۔ انہوں نے اس امر کی شہادت کے لیے ایک تفسیر لکھی ہے۔ جو تفسیر القرآن بکلام الرحمان کے نام سے مشہور ہے۔ اس میں اُنہوں نے بتلایا ہے کہ سلف نے فلاں فلاں آیت کے اصلی مطلب سے غفلت کی ہے۔' (درایت تفسیری ص۱۶ مصنفہ عبداللہ روپڑی)

من گھڑت اور حدیث کے خلاف تفسیر

حافظ عبداللہ صاحب روپڑی رقمطراز ہیں کہ:

'مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری من گھڑت اور حدیث کے خلاف تفسیر کرتے ہیں:' (درایت تفسیری ص۵۵-۵۶)

تفسیر نہیں بلکہ تحریف ہے

روپڑی صاحب اپنے فرقہ کے اِمام اور شیرِ پنجاب امرتسری کو مخاطب کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

'آپ کی تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن کو آپ ہی تفسیر کہتے ہوں گے ورنہ دُنیا تو اُس کو تحریف کہتی ہے۔' (حاشیہ فتاوٰی اہلحدیث ص۷۵ جلد اوّل)

---

[1] بدور الاھلہ کے حوالہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے گرد، نواب صدیق حسن بھوپالوی ہیں۔ (فقیر قادری محمد ضیاء اللہ غفرلہٗ)

marfat.com

مولوی محمد حسین بٹالوی کی گواہی

وہابیہ کے مجتہد مولوی محمد حسین بٹالوی مولوی ثناء اللہ امرتسری کے علمی شاہکار تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن کے متعلق اپنی رائے لکھتے ہیں۔ جس کو وہابیہ کے مولوی عبدالحق غزنوی اور عبداللہ روپڑی نے بھی درج کیا ہے۔ وہ یہ ہے:

"اس تفسیر کا مصنف (مولوی ثناء اللہ امرتسری) اس تفسیر سراپا الحاد و تحریف میں پورا مرزائی، چکڑالوی اور چھٹا ہوا نیچری ہے۔"

(اربعین ص۴۳ تنظیم اہلحدیث روپڑ ص۴ ۷ اپریل ۱۹۳۷ء)

اغلاط کا مجموعہ اور تحریفات کا پلندہ

مولوی عبدالحق غزنوی مولوی ثناء اللہ امرتسری کی تفسیر کے بارے میں لکھتے ہیں کہ:

"ایک تفسیر عربی مولوی ثناء اللہ کشمیری الاصل امرتسری الوطن میری نظر سے گزری۔ تفسیر کیا ہے ایک اغلاط کا مجموعہ تاویلات کا ذخیرہ دیکھا۔ تعجب ہے یونیورسٹی کے فاضل کی فضیلت اور لیاقت پر تفسیر کے الفاظ غلط۔ معانی غلط۔ استدلالات غلط۔ بلکہ تحریفات میں یہودیوں کی بھی ناک کاٹ ڈالی۔" (اربعین ص۳)

حرم شریف کے نجدی مدرس کا فتویٰ

ثناء اللہ نے جو کچھ لکھا ہے۔ وہ صحیح احادیث اور تفاسیر صحابہ کے مخالف لکھا ہے۔

(فیصلہ مکہ ص۱۸-۱۹ مصنفہ عبدالعزیز)

ثناء اللہ امرتسری منطق میں یتیم ہے

حافظ عبداللہ روپڑی جو کہ حافظ عبدالقادر روپڑی کے چچا جان ہیں اپنے فرقہ کے عظیم مناظر اور سردار مولوی ثناء اللہ امرتسری کے بارے میں لکھتے ہیں کہ:

marfat.com

"مولوی ثناء اللہ کو منطق کا بہت شوق ہے۔ اور اُس کو اپنا محبوب ترین علم بتایا کرتے ہیں۔ اسی لیے ان کی یہی کوشش ہوتی ہے کہ منطقی پیرایہ میں سمجھائیں مگر علمِ منطق ان کے ہاتھ سے نالاں و فریاد کناں ہے۔"

مولوی ثناء اللہ بیچارے منطق میں یتیم ہیں۔ ان کی تربیت ضرور ہونی چاہیئے بلکہ عربیت میں بھی اتنے کمزور ہیں کہ جماعت اہلحدیث کے لیے بدنامی کا باعث بنے ہوئے ہیں۔ اِسی بنا پر کسی وقت ان کو مدرسہ رحمانیہ دہلی میں داخلہ کی مخلصانہ رائے دی گئی تھی جس کو انہوں نے بُرا منایا۔ خیر اُن کی مرضی۔"

(درایت تفسیری ص مظالم ثنائی ج ۳ ص ۵۔ اخبار اہلحدیث ص ۵، ۶ سنہ ۱۹۴۴ء)

غیر مقلدین کے سردار ثناء اللہ امرتسری نے اپنے اخبار اہلحدیث میں خود لکھا ہے کہ:

"ہمیں کہیں نہیں ملتا کہ صحابہ کرام نے کسی مسئلہ میں خلفاء اربعہ کے قول کو شرعی حجت کے پیش کیا ہو۔" (اہلحدیث امرتسر ص ۲ یکم اکتوبر سنہ ۱۹۱۵ء)

وہابیہ نجدیہ کی مرکزی جمعیت ہند کے سیکرٹری مولوی عبدالعزیز صاحب لکھتے ہیں کہ:

"مولوی ثناء اللہ صاحب کے فرسودہ لیکچر اور بے محل اشعار اور اُلٹی سیدھی کہاوتوں سے لوگ بیزار ہونے لگے ہیں۔" (فیصلہ مکہ ص ۳۵)

اب حافظ عبداللہ روپڑی کا بھی مقامِ علمی ذرا پڑھ لیں۔ حافظ عبدالقادر روپڑی یہ نہ کہتے پھریں کہ میرے چچا کے مقامِ علمی پر کسی وہابی نے تنقید نہیں کی۔ پڑھیئے اور وہابی محدث کا علمی مقام دیکھیئے۔

حافظ عبداللہ روپڑی کا علم

سردار الوہابیہ مولوی ثناء اللہ امرتسری رسالہ نافہم مصنف پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے

marfat.com

ہیں کہ:

'اِس رسالہ میں حافظ عبداللہ روپڑی کی تصانیف پر نظر کرکے ثابت کیا گیا ہے کہ آپ فنِ تصنیف میں قابل نہیں ہیں'

(اہلحدیث امرتسر ص۸ ۱۷ جنوری ۱۹۴۷ء)

وہابیوں کے محدّث عبدالمنان وزیرآبادی کا علم

مولوی ثناراللہ امرتسری ابراہیم میر سیالکوٹی وغیرہم کے اُستاد اور محدّث حافظ عبدالمنان وزیرآبادی کی علمی قابلیت کی قلعی خود ان کے ہی ایک شاگرد مولوی عنایت اللہ اثری نے ان الفاظ میں کھولی ہے۔ مولوی صاحب بیان کرتے ہیں کہ:

'ایک دفعہ میں نے ترجمہ پڑھتے ہوئے اعتراض کیا۔ کہ اجیار مولیٰ اللہ پاک کی خاص صفت ہے۔ پھر عیسےٰ علیہ الصلوٰۃ والسّلام اس میں کیسے شریک ہوئے۔ فرمایا کہ بار بار بِاِذْنِ اللہ وارد ہوا ہے۔ اجازت سے شریک نہیں۔

میں نے عرض کی کہ میں بخاری شریف نہیں جانتا اگر آپ مجھے اجازت دے دیں تو کیا میں پڑھ سکتا ہوں۔ اجازت کے ساتھ علم بھی ضروری ہے۔ جو کہ عیسےٰ علیہ الصلوٰۃ والسّلام کو حاصل نہیں۔ پھر الوہیت کے کاموں میں اجازت کیا۔ عورت اپنے بس کے کام شوہر کی اجازت سے کر سکتی ہے۔ پھر دوسرے سے اپنے شوہر کے ساتھ بھی تعلق کا کوئی امکان نہیں۔ اللہ پاک نے عیسےٰ علیہ الصلوٰۃ والسّلام کو اجازت دے کر اپنے ساتھ کیسے ملا لیا۔ بس پھر کیا تھا موصوف (عبدالمنان وزیرآبادی) نے مجھے مارا اور خوب مارا جو کہ میری کامیابی کا موجب ہوا۔ مگر وہ سوال آج تک کسی سے حل نہیں ہوا'

(الجرح الجلیل ص۴ ج ۱)

marfat.com

مولوی عبدالستار دہلوی کا علمی مقام

مولوی رفیق خاں پسروری کے استاد مولوی عبدالستار دہلوی جو بزعم خود مفسر اور محدث اور امام بھی ہیں کے متعلق ان کے باپ عبدالوہاب دہلوی کے شاگردِ رشید مولوی محمد جونا گڈھی اپنے اخبار 'محمدی' دہلی میں 'مولوی عبدالستار صاحب صدری کی امامت سے میری علیحدگی' کی سُرخی دے کر مولوی عبدالستار صاحب دہلوی کا سب سے بڑا کارنامہ یہ بیان کرتے ہیں کہ:

'سیدھے سادھے جہلاء مساکین سے بیعت لی اور رجسٹر میں ان کا نام درج کر کے اُن کے انگوٹھے لگواتے۔ بس اللہ اللہ خیر سلا۔ مسئلہ امامت زندہ ہوگیا۔ سو شہیدوں کا ثواب مِل گیا۔ سیاست دکی اہلیت کو بھی اُڑایا۔ نظامت کو مٹایا۔ جہلاء کو مفتی بنایا۔ عُلماء (سچے) اہلحدیث کی تحقیر اور توہین کو اپنا شعار بنایا۔'

(اخبار محمدی دہلی ص۱۵ ۱۵ مئی ۱۹۳۸ء)

اسی اخبار محمدی میں 'مدعی امامت مولوی عبدالستار دہلوی جواب دیں' کی سُرخی دے کر ان کو مخاطب کرتے ہوئے وہابی مولوی عبدالصمد مدرس مدرسہ فیض محمدی جودھپور لکھتے ہیں کہ

'آپ کی قلابازیاں اب حد سے تجاوز کر چکی ہیں۔ جناب نے قرآن مجید و احادیثِ رسولِ اکرم صلعم (صلی اللہ علیہ وسلم) میں اپنی تاویلاتِ باطلہ کو رواں دواں کرنے میں اس قدر ملکہ حاصل کر لیا ہے۔ کہ مرزا غلام احمد قادیانی کے بھی کان کُتر لیے ہیں۔'

(اخبار محمدی دہلی ص۱۶ ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۸ء)

اعلےٰ احمق

وہابیوں کے مشہور اخبار 'محمدی' دہلی کے نائب ایڈیٹر نے 'روپڑی' پھر رونا شروع کر دیا' کی سُرخی جما کر ابتدا رجن الفاظ سے کی

marfat.com

ہے۔ وہ الفاظ حافظ عبداللہ روپڑی کی شان میں ہیں۔ جو کہ درج ذیل کیے جاتے ہیں:

'دُنیا میں اگر کسی کو اعلےٰ احمق کی ضرورت ہو تو اس چھوٹی کھوپری والی انسان نما ہستی (عبداللہ روپڑی) کو دیکھ لے۔'

(اخبار محمدی دہلی ص۱۷ ۱۵ ستمبر ۱۹۳۹ء)

وہابیوں کے مولوی محمد دہلوی حافظ عبداللہ روپڑی کی قرآن دانی کا تذکرہ ان الفاظ میں کرتے ہیں کہ:

'(روپڑی) نے معارفِ قرآنی بیان کرتے ہوئے رنڈیوں اور بھڑووں کا ارمان پورا کیا۔ اور تماشبینوں کے تمام ہتھکنڈے ادا کیے۔' (اخبارِ محمدی دہلی ص۱۳ ۱۵ اپریل ۱۹۳۹ء)

وہابیوں کے مفتی علم سے کورے جہالت کے پُتلے ہیں

وہابیہ کا یہی اخبار محمدی دہلی اپنے فرقہ کے مشہور و معروف مولوی عبدالوہاب صاحب دہلوی کے شاگرد مفتیوں کے بارے میں واضح الفاظ میں لکھتے ہے کہ:

'مفتی صاحبان میں بہت سے تو وہ ہیں۔ جو امامت کے ٹکڑوں پر پل رہے ہیں۔ علم سے کورے جہالت کے پتلے۔ اُن سے جو چاہو لکھوالو۔ جو چاہو مقدمہ بازی کرالو۔ جو چاہو عدالتوں میں حلفیہ جھوٹ بلوالو۔ وہ اسی مطلب کے لیے پالے پوسے جا رہے ہیں۔'

(اخبار محمدی دہلی ص۱۳ ۱۵ نومبر ۱۹۳۹ء)

رفیق خاں پسروری کی گواہی

وہابیوں کے مولوی رفیق خان پسروری استاذ مولوی عبدالستار دہلوی کی علمی قابلیت کے متعلق گواہی کا تذکرہ خود وہابیہ کے مولوی عنایت اللہ اثری گجرانی ان الفاظ میں کرتے ہیں کہ:

marfat.com

'ان (عبدالستار دہلوی) کے ایک مخلص مُرید مولوی رفیق خاں صاحب پسروری (سیالکوٹ) نے مجھ سے بیان کیا۔ کہ وہ اُردو کتب و رسائل سامنے رکھ کر مضامین کا انتخاب کرتا ہے۔ پھر ان کا حوالہ دیتا ہے۔ جس کا انہوں نے دیا ہوتا ہے۔' (العطر البلیغ صـ۱۶۳ ج ۲)

اُستاد کی گواہی

وہابیوں کے مولوی عنایت اللہ اثری گجراتی اپنے شاگرد مولوی عبدالستار دہلوی کے متعلق لکھتے ہیں کہ:

'مولوی عبدالستار دہلوی نے حدیث یاکل فی سواد کا ترجمہ کیا کہ وہ رات کو ہی کھاتا اور پیتا ہے۔ اور رات کو ہی دیکھتا بھالتا ہے۔ اور رات کو ہی چلتا پھرتا ہے۔ کیا خوب ہے۔'

(الجسر الجلیل صـ۳۸ ج ۱)

عقل کا اندھا

مولوی عبدالوہاب دہلوی کے شاگردِ رشید مولوی محمد دہلوی نے اخبار میں عبدالقادر دہلوی سابق نائب مدیر صحیفہ اہلحدیث دہلی کا ایک مضمون 'دہلی کا ایک رسوائے عالم چیتھڑا' کی سُرخی سے شائع کیا ہے جس میں وہابی مضمون نگار نے مولوی عبدالستار دہلوی کو عقل کا اندھا اور دین کا گندہ لکھا ہے۔ (اخبار محمدی دہلی صـ۱۵ ۱۵ جولائی سنہ ۱۹۳۸ء)

وہابیوں کے ردپڑی خاندان کے سربراہ مولوی عبداللہ ردپڑی کے اخبار میں وہابیوں کے مولوی عبدالستار دہلوی کو مخاطب کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

'لاتعد کا ترجمہ اور تفسیر جو بڑے بڑے اکابر محدثین اور آئمہ دین نے کی ہے۔ جو آپ نے لکھا ہے کہ اللہ تیری رکوع کی رکعت کی حرص کو زیادہ کرے۔ یہ محض من گھڑت ترجمہ اور ڈھکوسلا ہے۔ جو قابلِ سماعت نہیں۔'

(تنظیم اہلحدیث ردپڑ صـ۱۶ کالم ۲ یکم فروری سنہ ۱۹۳۳ء)

marfat.com

امام عبدالوہاب دہلوی کی علمی قابلیت

وہابیہ نجدیہ کی جمعیت کے امیر مولوی اسماعیل صاحب سلفی گانگریسی اپنے اُستاذ امام عبدالوہاب دہلوی کے متعلق راقم ہیں کہ:

"مجھے حیرت ہے کہ مفتی (عبدالوہاب دہلوی) نے حدیث کا ایک حصّہ لکھ کر اور پھر اس کو عام سمجھ کر سیاق کو نظر انداز کر کے امانتِ علم میں کس جرأت سے خیانت کی ہے"

(عدوان المفتی ص۱۹ سطر ۱۶ تا ۱۸)

حرمین شریفین کے مولویوں نے بھی وہابیوں کے امام عبدالوہاب دہلوی کی علمی قابلیت کے متعلق جو فیصلہ دیا ہے وہ بھی پڑھ لیجئے۔

اس کا استدلال کرنا جہالت۔ کم علمی۔ بدنیتی اور کُند ذہنی کا نتیجہ ہے۔ یہ شخص یعنی عبدالوہاب کس قدر جاہل اور کتنا بڑا گمراہ ہے۔ عبدالوہاب کے فتاویٰ تو شرک کو ثابت کرنے والے اور حدیث کے مخالف ہیں۔ بلکہ یہ شخص تو شرک اور اسبابِ شرک کے دروازے کھول رہا ہے۔

اس قسم کا استدلال کرنے والا (عبدالوہاب) نرا جاہل۔ کلامِ الٰہی سے اور حدیثِ رسول سے محض ناآشنا ہے۔ اور کلامِ مفسرین کے معانی سے بالکل ناواقف ہے"

(فیصلہ حرمین شریفین ص۹)

شاگرد کی گواہی

مولوی عبدالوہاب دہلوی کے شاگرد مولوی عنایت اللہ اثری گجراتی وہابی اپنے اُستاد مولوی عبدالوہاب دہلوی کے مدرسہ کے طالب علموں کی علمی قابلیت کا حال ان الفاظ میں تحریر کرتے ہیں کہ:

"مگر افسوس کہ ان (شاگردوں) میں ایک بھی لائق اور کام کا نہیں۔

marfat.com

اور اگر کوئی دیگر اساتذہ سے تعلیم پاکر ہوا بھی ہے۔ تو وہ آپ سے متفق نہیں۔ اور نہ آپ کو اس پر کچھ وثوق اور بھروسہ ہے۔ پھر ایسے تلامذہ پر کیا فخر۔ جو فارغ التحصیل ہو کر اپنی حاصل کردہ سند بھی بمعہ ترجمہ سبقاً پڑھتے ہوں۔' (سحرِ عظیم ص۳۲)

وہابیہ کے مشہور واعظ مولوی یحییٰ صاحب حافظ آبادی کی بھی گواہی اپنے فرقہ کے مولوی عنایت اللہ اثری کے متعلق درج کر دینا ضروری سمجھتا ہوں۔ کیونکہ یہ گواہی خود مولوی عنایت اللہ صاحب اثری گجراتی نے اپنی کتاب میں درج کی ہے۔ وہ یہ ہے۔

'مولوی یحییٰ حافظ آبادی نے مجھ سے ذکر کیا کہ ہماری جماعت کے بعض دوست آپ (عنایت اللہ) کو رئیس المناولین الضالین المکذبین ٹھہراتے ہیں۔' (العطر البلیغ ص۱۱۶ ج ۲)

خرد کا نام جنوں رکھ دیا جنوں کا خرد
جو چاہے آپ کا حسنِ کرشمہ ساز کرے

اکابر وہابیہ جاہل اور گمراہ ہیں مولوی فقیر اللہ مدراسی کی گواہی

فرقہ وہابیہ کے بزرگ مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری نے لکھا ہے کہ مولوی فقیر اللہ صاحب مدراسی اپنے رسالہ ابی ظفر سعید کے شروع میں لکھتا ہے کہ:

'اصحابِ ثلاثہ کشمیری (ثناء اللہ) غازی پوری (عبداللہ) رحیم آبادی (عبدالعزیز) نہ تو عالم ہیں کہ ان کو عالم کہا جائے۔ نہ راہِ راست پر ہیں۔ کہ ان کو اہلسنت میں داخل کیا جائے۔ بایں بے بضاعتی و بے استعدادی و گمراہی و کجروی و نافہمی ان کو مجتہد اور مدِ مقابل مجتہدین صادقین آئمہ دین کے ہونے کا دعویٰ۔ لہٰذا ان کو ملاحدہ

marfat.com

ثلاثہ اور ان کی تحریف کو حدیثِ خرافہ کہا گیا۔ اور ان کو جاہل ضال مضل کر کے لکھا گیا ہے۔ یہ گالیاں نہیں بلکہ ان کے القاب و صفات ہیں۔ جو اُن میں موجود ہیں۔ ایسی گالیاں کتاب وسُنّت و سیر سلف امت سے ثابت ہے۔ بلکہ ضروری ہے۔"

(اہلحدیث امرتسر ص۱ ۵ر نومبر ۱۹۱۵ء)

مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی کی گواہی

غیر مقلدین وہابی حضرات کے ابراہیم میر سیالکوٹی کی گواہی بھی وہابیہ کی علمی قابلیت کے متعلق درج کر دینا فائدہ سے خالی نہ ہو گی۔ میر صاحب سیالکوٹی لکھتے ہیں کہ:

"وہ مسلمان اور بالخصوص دیوبندی اور اہلحدیث علماء جو کانگریس یا اُس کی پارٹی کے اُمیدواروں کو ووٹ دینے کو کہتے ہیں۔ وہ کس قدر سادے اور دماغ کے کورے ہیں۔ کہ کسی مہمل بات کے پیچھے اپنے مال اور جانیں ضائع کر دینے کو فرماتے ہیں۔"

(پیغامِ ہدایت ص۷۴-۷۵)

ابراہیم میر سیالکوٹی اِسی کتاب میں ایک دُوسرے مقام پر لکھتے ہیں کہ:

"افسوس اُن لوگوں پر بالخصوص اہلحدیث علماء پر جو چھوٹے چھوٹے امروں میں لوگوں پر فتوے جڑتے رہنے کے مشتاق ہیں کہ وہ قرآنِ کریم کی ایسی صاف تصریحات اور ایسے واضح اور بیّن ڈراوے اور ایسی سخت شرط کے مقابلہ میں بھی اڑے رہیں۔ اور اپنے طریقِ عمل کو حکمِ قرانی کے موافق کرنے کی بجائے اُسے توڑ موڑ کر اپنے خیال وخواہش اور اپنی پارٹی (کانگریس) کی قرارداد کے ماتحت مسلمانوں کو خدا کی مقرر کردہ شاہراہ سے گمراہ کرنا چاہیں اور اسلام کی گاڑی کو پٹڑی سے اُتارنا چاہیں۔" (پیغامِ ہدایت ص۲۴)

marfat.com

وہابیوں کے شیخ الحدیث مولوی اسماعیل سلفی کو دُعائے قنوت صحیح نہ آنا

مولوی عنایت اللہ اثری غیر مقلد ہی اپنے فرقہ کے عظیم المرتبت امیر مولوی اسماعیل سلفی آف گوجرانوالہ کے متعلق بیان کرتے ہیں کہ:

"ایک روز وتروں کے بعد میں نے مولوی (اسماعیل) صاحب کو بُلا کر کہا کہ آپ مجھے دُعائے قنوت سُنائیں کہ اس میں ایک لفظ آپ ہر روز غلط پڑھتے ہیں۔ چنانچہ موصوف (اسماعیل سلفی) نے اُس طرح پڑھا جیسے روز پڑھا کرتے تھے۔ یعنی کہ یعز اور یذل کو بضمہ (پیش سے) پڑھا تو میں نے فتحہ (زبر) لگایا۔ جسے آپ نے قبول فرمایا۔" (الجرس الجلیل ص۳۷ ج ۱)

مولوی عنایت اللہ اثری گجراتی ہی رقمطراز ہیں کہ:

"۳-۴-۵ نومبر ۱۹۴۴ء کو جمعیت اہلِ حدیث امرتسر کا گول باغ میں جلسہ ہوا۔ جس میں مولوی عبداللہ صاحب ثانی کی دعوت پر میں بھی شامل ہوا۔ ۴ نومبر کو بعد نماز ظہر توحید پر میری تقریر ہوئی۔ میرے بعد مولانا محمد ابوالقاسم صاحب بنارسی کھڑے ہوئے۔ اور اثنائے تقریر میں فرمایا کہ مولوی ثناء اللہ صاحب کی تفسیر القرآن

مولوی عنایت اللہ اثری گجراتی کی تفسیر میں اغلاط

مولوی عنایت اللہ اثری گجراتی ہی رقمطراز ہیں کہ:

"۳-۴-۵ نومبر ۱۹۴۴ء کو جمعیت اہلِ حدیث امرتسر کا گول باغ میں جلسہ ہوا۔ جس میں مولوی عبداللہ صاحب ثانی کی دعوت پر میں بھی شامل ہوا۔ ۴ نومبر کو بعد نماز ظہر توحید پر میری تقریر ہوئی۔ میرے بعد مولانا محمد ابوالقاسم صاحب بنارسی کھڑے ہوئے۔ اور اثنائے تقریر میں فرمایا کہ مولوی ثناء اللہ صاحب کی تفسیر القرآن

marfat.com

بکلام الرحمٰن کی نسبت حافظ عنایت اللہ صاحب وزیر آبادی کی تفسیر آیت للسائلین زیادہ غلط ہے مگر افسوس کہ علماء کرام مولوی صاحب کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں۔ اور حافظ صاحب کو کچھ نہیں کہا جاتا۔'

(الجسر الجلیل ص۱۳۵ ج۱)

خطرناک تفسیر

وہابیہ نجدیہ کے مولوی احمد دین صاحب اپنے فرقہ کے مولوی عنایت اللہ صاحب اثری گجراتی کی تفسیر آیات للسائلین کے متعلق مناتے ہیں۔ کہ:

'جب آپ کی یہ تفسیر نئی نئی شائع ہوئی تو حافظ محمد شریف تاجر کتب کشمیری بازار لاہور کی دوکان پر بیٹھے ہوئے۔ حافظ عبداللہ روپڑی اُسے مطالعہ فرما رہے تھے۔ تو میں نے دریافت کیا کہ اس کی عربی کیسی ہے۔ فرمایا عربی دریافت کرتا ہے۔ یہ تو مولوی ثناء اللہ صاحب کی تفسیر سے بھی زیادہ خطرناک ہے۔ اور خلافِ اسلاف بھی۔'

(العطر البلیغ ص۳ ج۱)

گدھے کی مثال کے مصداق

امام الوہابیہ مولوی ثناء اللہ امرتسری نے اپنے فرقہ کے مولوی فقیر اللہ مدراسی کے بارے میں ان کو مخاطب کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

'آپ کے رسائل جو میرے پیشِ نظر ہیں۔ ہر فقرے، ہر سطر اور ہر صفحہ میں بجز۔ کافر۔ مُرتد۔ ملحد۔ کی بڑ اور دجال۔ منافق۔ زندیق کی رٹ کے کوئی مستحسن علمی مبحث یا پند و نصائح کا نام تک نظر نہیں آتا۔ گو آپ مولوی ہیں۔ عامل بالحدیث ہیں مگر ان تمام ناجائز مکروہات کی بناء پر جو عمداً آپ سے آئے دن سرزد ہوتے جاتے ہیں۔ میں آپ سے مستدعی ہوں کہ ایماناً آپ تو بتلایئے کہ آیت کمثل الحمار یحمل اسفاراً کے آپ

marfat.com

مصداق ہیں یا نہیں ؛ (اخبار اہلِ حدیث امرتسر ص۱ ۵ ر نومبر ۱۹۱۵ء)

مولوی شمس الحق کی گواہی

ڈاکٹر ابو محمد جمال الدین لکھتے ہیں کہ مولوی شمس الحق رئیس ڈیانواں نے مورخہ ۱۹ ر دسمبر کے خط میں فرمایا ہے کہ مولوی فقیر اللہ صاحب میں ایسی سختی و درشتی ہے کہ وہ حد سے متجاوز ہے۔ اُن کا ہر دو رسالہ میرے پاس پہنچا ہے۔ اُن کی قلم سے ایسی عبارت نکلتی ہے۔ جو کہ شانِ اہلِ علم نہیں۔ سب دشتم کا بہت بڑا حصّہ اس میں موجود ہے ؛

(اہلحدیث امرتسر ص۸ ، ر فروری ۱۹۱۳ء)

اخبار اہلحدیث امرتسر پڑھنے والے احمق ہیں، بٹالوی کی تحریر

وہابیوں کے مجتہد مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی کا اپنے فرقہ کے اخبار اہلِ حدیث امرتسر جو کہ مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری کی زیرِ ادارت شائع ہوتا ہے کے بارے میں اخبار اہلحدیث مورخہ ۱۴ ر ذیقعد ۳۳ھ مطابق ۲۴ ر ستمبر ۱۹۱۵ء پرچہ نمبر ۴۷ جلد نمبر ۱۲ ص۴ کالم سوم میں ایک مضمون ایڈیٹر صاحب اخبار اہلِ حدیث نے نقل کیا ہے۔ جس میں تمام ناظرین اہلحدیث کو خواہ چھوٹا ہو یا بڑا۔ عالم ہو یا اُمّی صوفی ہو یا معمولی درجہ کا مسلمان۔ وکیل ہو یا بیرسٹر ایٹ لا ر سب کو مولانا صاحب بٹالوی (محمد حسین) نے احمق کا خطاب عنایت فرمایا ہے ؛ (اخبار اہلِ حدیث امرتسر ص۱ کالم ۲ ر ۳ ر ۸ ر اکتوبر ۱۹۱۵ء)

قارئین عظام ! یہ تحریر جس شخصیت کی ہے وہ وہابیوں کے نزدیک مجتہد ہیں۔ جیسا کہ مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری نے اپنے اخبار اہلِ حدیث امرتسر ص میں خود ان کے مجتہد ہونے کا اقرار کیا ہے۔ اور اخبار اہلِ حدیث امرتسر جس دور میں شائع ہوتا تھا قریباً وہابی مولوی جن میں اکابر اور اصاغر سب شامل ہیں۔ اس کو پڑھا کرتے تھے پس وہابیوں کے مجتہد

marfat.com

کے فیصلہ کے مطابق سب وہابی مولوی احمق ہوتے۔

عِلمی میدان میں وہابیّوں پر مرزا قادیانی کی سبقت: ایک وہابی مولوی کی شہادت

غیر مقلدین وہابی حضرات کے مولوی ابو البشیر مراد علی صاحب نے ہی اہلِ حدیث امرتسر میں لکھا ہے کہ:

'اگر جماعت اہل حدیث کے رکن مجھے بُرا نہ کہہ اُٹھیں تو اُن سے مرزا آنجہانی بھی عِلمی میدان میں سبقت لے گیا ہے۔ چند دِنوں میں بالکل قلیل تعداد جماعت سے ایک اعلےٰ مِشن قائم کر گیا ہے۔' (اہلِ حدیث امرتسر صـ ۱۷ ستمبر ۱۹۱۵ء)

مولوی اشرف علی تھانوی کی گواہی

وہابیّوں کے ممدوح مولوی اشرف علی تھانوی وہابی مولویوں کی کم عِلمی کی شہادت ان الفاظ میں دیتے ہیں کہ:

'جو کچھ ان کے جی میں آتا ہے کرتے ہیں۔ اور شاذ اور ضعیف احادیث کو بھی سہارا بنا لیتے ہیں۔ یہ لوگ نفس حدیث کے عامل ہیں۔ حدیثِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے عامل نہیں۔ یہ لوگ اپنے نفس کے موافق احادیث تلاش کیا کرتے ہیں۔'

(رُوح القیام وعظ دوم ملفوظات ہفت اختر صـ ۵)

یہی مولوی اشرف علی صاحب تھانوی غیر مقلدین کے متعلق نہایت ہی واضح الفاظ میں مزید لکھتے ہیں کہ:

'بس یہ حالت ہے ان لوگوں کی۔ میں یہ نہیں کہتا کہ شرارت سے ایسا کرتے ہیں مگر جب اتنا ذہن اور فہم نہیں جتنا اُن حضرات میں تھا پھر خواہ مخواہ اجتہاد کی ہوس کیوں کرتے ہیں۔ خود کچھ آتا نہیں اور دوسروں کے اجتہاد پر اعتراض ہے۔ دُوسروں کی تقلید

marfat.com

سے عار ہے اور خود مجتہد بنتے اور تمام دُنیا سے اپنی تقلید کے اُمیدوار ہیں۔ یہ محُود بدفہمی اور بدعقلی کی بات ہے۔ تمام دُنیا کے عقلا مِل کر بھی فقہار کی جوتیوں کی گرد کو بھی نہیں پہنچ سکتے۔ موٹر میں تیل تو ہے۔ سو میل کے چلنے کا مگر ارادہ کر دیا دو سو میل کا۔ ایسی ہی مثال ان لوگوں کی۔ پھر اپنے پر دوسروں کو قیاس کرنا کہ وہ بھی ایسے ہی بے دلیل کہہ دیا کرتے ہوں گے۔ سخت نادانی ہے۔ ان حضرات پر اعتراض کرنے کا کیا کِسی کا مُنہ ہے۔ اس کو مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

کار پاکاں را قیاس از خود مگیر
گرچہ ماند در نوشتن شیر و شیر

(افاضات الیومیہ ص ۸-۹ ج ۵)

ناظرین حضرات! وہابیہ کی علمی قابلیت کا جائزہ آپ نے ان کے اپنے ہی اکابر کی تحریروں سے لگا لیا۔ بایں وجہ ان میں بزرگانِ دین کی گستاخی بے ادبی اور توہین کا مادہ بدرجۂ اتم پایا جاتا ہے مسلّمہ بزرگانِ دین تو ایک طرف رہے انہوں نے تو اپنے فرقہ کے اکابر کی توہین و تذلیل کرنے میں بھی کوئی دقیقہ نہیں چھوڑا جس کا ثبوت ان کی ہی کتابوں سے اور ان ہی کے حوالوں سے پیش کیا جاتا ہے۔

---

marfat.com

توہین بزرگانِ دین

بزرگانِ دین کی توہین کرنا وہابی مولویوں کا شعار ہے۔ جن حضرات نے امام الانبیاء سرورِ کائنات محمد مصطفیٰ علیہ افضل الصلوٰت والتسلیمات کی اپنی کتب میں توہین اور تحقیر کی ہے۔ ان کے نزدیک دیگر مرسلین انبیاء اور صالحین کا کیا مقام ہے۔

وہابیہ نجدیہ کے امیر مولوی یوسف کلکتوی اپنے فرقہ کے مولوی عبدالستار دہلوی کے بارے میں رقمطراز ہیں کہ:

"مولوی عبدالستار دہلوی شراح حدیث شریف۔ بزرگانِ دین اُمتِ محمدیہ پر احسان فرمانے والوں کو جھوٹا اور فریبی قرار دینے والا ہے۔ اور یہ شیوہ ان کو ورثہ میں ملا ہوا ہے۔"

(الارشاد جدید کراچی ص ۲۴-۲۵ رجب المرجب ۱۳۷۴ھ)

وہابیوں کی اہلِ حدیث کانفرنس آف جھانڈہ ضلع گورگانوہ اپنی جماعت کے امامیہ پارٹی جس کے صدر مولوی رفیق خاں صاحب پسروری کے اُستاد مولوی عبدالستار صاحب دہلوی ہیں کے بارے میں واشگاف الفاظ میں لکھتے ہیں کہ:

"امامیہ اراکین خلافت جن کے نزدیک صرف ونحو کے مباحث بھی کتاب وسُنّت کے خلاف ہیں۔ علمائے اہلِ حدیث کو گالیاں دینے اور تمام اہلِ اسلام کو جہالت وکفر کی موت مارنے میں کسی مرزائی سے پیچھے نہیں ہیں۔"

(اخبار اہلِ حدیث امرتسر ص کالم ۱، ۲۷ مئی ۱۹۳۸ء)

marfat.com

تُو تُو کر کے خطاب

وہابیوں کے مولوی ابو محمد حسین محمد حسن لال کنواں دہلی اپنے فرقہ کے ہی مولوی عبدالجلیل سامردی کی بدزبانی اور توہین آمیز لہجے کا تذکرہ ان الفاظ میں کرتے ہیں کہ:

'بدزبانی دیکھئے کہ مولانا ثناء اللہ جو اُس کے دادا کے برابر ہیں۔ انہیں تو تو کر کے خطاب کرتا ہے۔ یہی روش مولانا محمد صاحب کے بارے میں ہے' (اخبار محمدی دہلی ص۱۶ یکم مارچ ۱۹۳۹ء)

وہابیوں کے مشہور اخبار 'الاعتصام' میں وہابیوں کی مشہور و معروف شخصیت کے متعلق درج ہے کہ:

'پچھلے دنوں صحیفہ اہلِ حدیث کراچی میں اہلِ حدیث اہلِ توحید کو اطلاع کے عنوان سے مولانا عبدالجلیل صاحب سامردی کا ایک چند سطری مضمون شائع ہوا تھا اس مضمون میں مولانا ثناء اللہ صاحب امرتسری ..... پر ایسے الفاظ میں تنقید کی گئی تھی۔ جسے پڑھ کر ہر شخص کو ذہنی و قلبی کوفت ہوئی ہوگی۔'

(الاعتصام لاہور ص۲ کالم ۱ ۸ نومبر ۱۹۵۷ء)

وہابیوں کی مقتدر شخصیت مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی بھی اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہیں کہ وہابی بے ادب اور گستاخ ہیں۔ کیونکہ جب انہوں نے اپنی مسجد کے لیے خطیب کی اپیل کی۔ تو اس میں گستاخ اور بے ادب نہ ہونے کی قید لگائی تھی۔ اصل اپیل درج ہے۔

استدعا بندۂ ضعیف بخدمت عُلمائے اہلحدیث

مجھے ایک ایسے جامع معقول و منقول اہلحدیث اہلِ علم کی ضرورت ہے۔ جو میرے سامنے یہاں پر کچھ مدت قیام کرے۔ تاکہ لوگ بھی اس سے مانوس ہو جائیں۔ اور وہ بھی شہر کے حالات

marfat.com

سے واقفیت حاصل کرے۔ تنخواہ حسبِ لیاقت و کارگزاری دی جائے گی۔ حافظِ قرآن کو ترجیح دی جائے گی۔ اور اخلاق کی سنجیدگی اور عمل کی صلاحیت اور عقیدہ کی صحت ضروری شرائط ہیں۔ مختصر یہ کہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مسلک پر سلفی العقیدہ ہو۔ امر تصوف و علمِ کلام کے ذوق سے آشنا ہو۔ بزرگانِ دین۔ آئمہ مجتہدین و محدثین کا ادب ملحوظ رکھنے والا ہو۔ گستاخ و بے ادب اور خشک مزاج نہ ہو۔[1]

(اہلحدیث امرتسر ص۵ کالم ۲ نمبر ۲۹ اکتوبر ۱۹۴۳ء)

ناظرینِ کرام! مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی نے جو شرائط لگائی ان میں عقیدہ کی صحت بزرگانِ دین، آئمہ مجتہدین اور محدثین کا ادب ملحوظ رکھنا۔ بے ادب گستاخ اور خشک مزاج نہ ہونا درج ہے۔ ان شرائط کو پڑھ کر یقیناً یہ کہنا پڑے گا کہ وہابی مولوی بدعقیدہ۔ بے ادب۔ گستاخ اور خشک مزاج بھی ہوتے ہیں۔ وگرنہ وہابیوں کی ایک عظیم المرتبت شخصیت یہ شرائط قطعاً نہ لگاتی۔

گستاخ ہیرو

مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی نے اپنی کتاب "سیرت المصطفےٰ" میں اپنے فرقہ کے مولوی ابوالقاسم بنارسی کانگریسی کو جماعت اہلحدیث کا گستاخ ہیرو قرار دیا ہے۔

(سیرت المصطفےٰ ص۱۰۵)

میرے دِل کو دیکھ کر میری وفا کو دیکھ کر!
بندہ پرور منصفی کرنا خدا کو دیکھ کر

---

[1] افسوس تاحال مولوی ابراہیم میر کی جامع مسجد میں ان صفات کا حامل کوئی خطیب نہیں آیا۔ (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

وہابی آئمہ اربعہ کی توہین کرتے ہیں کہنا درست ہے

جمعیت وہابیہ کے سابق امیر مولوی داؤد غزنوی نے ساہیوال کے خطبۂ جمعہ میں واضح طور پر سامعین (جو اکثر و بیشتر وہابی تھے) کو سخت الفاظ میں تنبیہہ کی کہ دوسرے لوگوں کی یہ شکایت کہ اہلحدیث حضرات آئمہ اربعہ کی توہین کرتے ہیں۔ بلا وجہ نہیں ہے۔ اور میں دیکھ رہا ہوں کہ ہمارے حلقہ میں عوام اس گمراہی میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ اور آئمہ اربعہ کے اقوال کا تذکرہ حقارت کے ساتھ کر جاتے ہیں۔ یہ رجحان سخت گمراہ کن اور خطرناک ہے۔ اور ہمیں سختی کے ساتھ اس کو روکنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔'

(داؤد غزنوی ص ۸۸-۸۹)

امیر جماعت داؤد غزنوی کے خطبہ کے ان الفاظ کو بار بار پڑھنے کے بعد اب تو کسی کو وہابیوں کے بے ادب اور گستاخ ہونے میں کوئی شبہ نہیں رہتا۔

گئی طفلی جوانی پیری آئی!
کر اب بھی ہوش اے نادان گستاخ

وہابیوں کو سیدنا امام اعظم علیہ الرحمۃ کی بددعا ہے

وہابیوں کے امیر مولوی داؤد غزنوی کانگریسی نے اپنے شاگرد کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ:

'مولوی اسحاق! جماعت اہلحدیث کو حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی روحانی بددعا لے کر بیٹھ گئی ہے۔ ہر شخص ابوحنیفہ ابوحنیفہ کہہ رہا ہے۔ کوئی بہت ہی عزت کرتا ہے تو امام ابوحنیفہ کہہ دیتا ہے۔ پھر اُن کے بارے میں اُن کی تحقیق یہ ہے کہ وہ تین حدیثیں جانتے تھے یا زیادہ سے زیادہ گیارہ۔ اگر کوئی بہت بڑا احسان کرے تو وہ اُنہیں سترہ حدیثوں کا عالم

marfat.com

گرا دیتا ہے۔ جو لوگ اتنے جلیل القدر امام کے بارے میں یہ نقطۂ نظر رکھتے ہوں۔ اُن میں اتحاد و یک جہتی کیونکر پیدا ہو سکتی ہے'

(داؤد غزنوی ص ۱۳۶-۱۳۷)

بے ادب وہابی طالب علم کا مُرتد ہو جانا

وہابیوں کے ہی مولوی داؤد غزنوی کانگریسی اپنے مدرسہ کے ایک طالب علم کا حال لکھتے ہیں کہ:

'ہمارے مدرسہ کا حال سُنیئے! ایک روز حضرت والد بزرگوار (مولانا عبدالجبار غزنوی) کے درس بخاری میں ایک طالب علم نے کہہ دیا کہ امام ابوحنیفہ کو پندرہ حدیثیں یاد تھیں۔ مجھے اُن سے زیادہ حدیثیں یاد ہیں۔ والد صاحب کا چہرہ مُبارک غصّہ سے سُرخ ہو گیا۔ اور اُس کو حلقۂ درس سے نکال دیا۔ اور مدرسہ سے بھی خارج کر دیا۔ اور بفحوائے اتقوا فراسة المؤمن فانه ينظر بنور الله فرمایا کہ اس شخص کا خاتمہ دین حق پر نہیں ہو گا۔ ایک ہفتہ نہیں گزرا تھا۔ کہ وہ طالب علم مُرتد ہو گیا۔'

(داؤد غزنوی ص ۳۸۴)

قارئین کرام! سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بے ادب مُرتد ہو جاتا ہے تو امام المرسلین محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا بے ادب اور گستاخ کیونکر مُرتد نہ ہو گا۔

وہابی مولوی بزرگانِ دین کی توہین کرتے کرتے اپنی عقل و ہوش بھی کھو بیٹھے ہیں۔ یہاں تک کہ ان کو اپنے اور پرائے کی بھی تمیز نہیں رہتی گستاخی میں اتنے ماہر اور مشاق ہو گئے ہیں۔ کہ اپنے فرقہ کے بڑوں کو بھی خوب صلواتیں سُنانے میں ان کو کسی قسم کی عار نہیں۔ چنانچہ غیر مقلد وہابی ڈاکٹر ابو محمد جمال الدین پشاوری اپنے فرقہ کے مولوی فقیر اللہ صاحب مدراسی

marfat.com

کو کھلی چٹھی لکھتے ہیں۔ اُس کھلی چٹھی کو مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری نے اپنے اخبار اہلحدیث امرتسر میں شائع کیا ہے۔ وہ کھلی چٹھی یہ ہے:

'اِس رسالہ (ایقاظ المخطی) میں آپ نے مولانا حافظ عبداللہ غازی پوری مقیم دہلی فاضل فرشتہ صفت بزرگ مرنجان مرنج گوشہ نشین کو کس جُرم میں صلواتیں سُنائیں اور خلافِ تہذیب سب وشتم کا نشانہ بنایا۔' (اخبار اہلحدیث امرتسر ص ۷، فروری ۱۹۱۳ء)

الامان قہر الٰہی ہے یہ غصّہ اُس کا
آج قاتل نے نہ اپنا نہ پرایا دیکھا

مولوی ثناء اللہ امرتسری اپنے اُستاد بھائی فقیر اللہ صاحب مدراسی کے متعلق ہی رقمطراز ہیں کہ:

'اسی گفتگو (بٹالوی اور ثنائی) کے دوران میں مدراسی کا مشہور بدزبان فقیر اللہ بول پڑا۔ اس نے ایک چودرقہ شائع کیا۔ جس میں مولوی محمد حسین صاحب کی حمایت میں حسبِ عادتِ قدیمہ جی کھول کر گالیاں دیں۔ مجھے ہی دیتا تو شکایت نہ تھی۔ غضب تو یہ کیا کہ رافضیوں کی طرح اصحابِ ثلاثہ کو بھی نہیں چھوڑا۔'

(اخبار اہلِ حدیث امرتسر ص ۱ ۵ نومبر ۱۹۱۵ء)

مولوی ثناء اللہ امرتسری اپنے اُستاد بھائی مولوی فقیر اللہ مدراسی کے متعلق ہی ان کا یہی شعار ہے ان کو مخاطب کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

'پس اس صورت میں ناحق و ناروا کفر و الحاد کے فتوے اہلِ قبلہ پر لگائے جانا اور سب وشتم و خرافات کا سلوک جو آپ کرتے ہیں مقتضائے علم و شرافت نہیں۔'

(اخبار اہلِ حدیث امرتسر ص ۱۱ ۵ نومبر ۱۹۱۵ء)

وہابیہ نجدیہ کے مولوی فقیر اللہ مدراسی نے جو مولوی ثناء اللہ امرتسری کی اور

marfat.com

دیگر اپنے فرقہ کے اکابر کی بے ادبی اور گستاخی کی ہے۔ اُس کا اندازہ آپ خود مندرجہ ذیل اقتباسات سے لگالیں۔ اور یہ اقتباسات وہابیہ کے اخبار گھر بار اہلحدیث امرتسر سے لیے ہیں جو کہ مولوی ثناء اللہ امرتسری نے خود درج کیے ہیں۔

حاصلِ مرام یہ کہ اس میں شک نہیں کہ ثناء اللہ چوتھا دجال ہے۔ ہند کے چار دجالوں میں سے اگرچہ تین تو مر کر واصل الی النار ہوئے مگر یہ چوتھا سب کا قائم مقام ہے۔ بلکہ ان سے بڑھ کر ہے۔ غرضیکہ ثناء اللہ ملحد۔ زندیق و دجال بلا مقال و محدث فی الدین بالیقین ہے۔ (اہلِ حدیث امرتسر صـ ۲ ۱۶ جون ۱۹۱۶ء)

مولوی ثناء اللہ امرتسری مزید لکھتے ہیں کہ:۔

'اس مدراسی حجاج کی تیزیٔ زبان و قلم ملاحظہ ہو کہ میرے ساتھ اور بزرگانِ دین کو بھی جن کے وجود پر آج جماعت اہلِ حدیث کو خصوصاً اور مسلمانوں کو عموماً فخر ہے۔ اس مدراسی حجاج نے نہیں چھوڑا یعنی مولانا حافظ عبداللہ صاحب غازی پوری اور مولانا حافظ عبدالعزیز صاحب رحیم آبادی کو بھی میرے ساتھ ملا کر لکھا ہے'

(اہلِ حدیث امرتسر صـ ۲ ۱۶ جون ۱۹۱۶ء)

امام عبدالجبار غزنوی کی گواہی

مولوی فقیر اللہ صاحب مدراسی کے متعلق وہابیوں کے امام عبدالجبار صاحب غزنوی کی بھی گواہی پڑھ لیجیے۔ یہ گواہی غزنوی صاحب نے مدراسی صاحب کے ایک رسالہ 'ایقاظ المفتی' پر تبصرہ کرتے ہوئے دی ہے۔ وہ گواہی یہ ہے:

'یہ رسالہ جس کا نام 'ایقاظ المفتی' ہے۔ نہایت جوش و خروش سے لکھا گیا ہے۔ اول سے آخر تک دریدہ دہنی و بے باکی کو خوب نبھایا گیا ہے۔ الفاظ و مہارت سے غیظ و

marfat.com

غضب کے شعلے بھڑکتے ہیں۔ اور دیکھنے والے کو سخت پریشان کرتے ہیں۔'

طرزِ بیان صاف طور پر گواہی دیتا ہے کہ جس دماغ سے یہ مضمون برآمد ہوا ہے۔ اس میں خلقِ محمدی و سیرت سلف کی بُو بھی نہیں پہنچی۔ ادب و حفظِ مراتب کے کوچہ میں قدم بھی نہیں رکھا گیا۔

از خدا خواہیم توفیق ادب بے ادب محروم گشت از فضل رب

(اہلِ حدیث امرتسر ص ۵ ۳۱ رجنوری ۱۹۱۳ء)

وہابی عوام اور اُن کے مولوی یہ اقرار کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ:

'مولوی ثناء اللہ امرتسری کی شان میں مولوی حافظ عبداللہ روپڑی نے زہر آلود کلمات کہے ہیں۔ انہوں نے ہمارے سینوں کو چاک کر دیا ہے۔' (اہلِ حدیث امرتسر)

یہ ٹھہرے ہیں رہنما دین کے اب!
لقب ان کا وارثِ انبیاء اب

اخبار اہلِ حدیث امرتسر میں مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری کے دادا اُستاذ اور فرقہ وہابیہ کے مجتہد مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی کے متعلق تحریر ہے کہ:

'مولوی محمد حسین بٹالوی) صاحب نے جلد ۲۱ اشاعۃ میں تمام علماء آرا کو بڑے زور سے کوسا ہے۔ اور خوب جی کھول کر حسبِ عادت شریفہ بے نقط سُنائی ہیں۔'

(اہلِ حدیث امرتسر ص ۴ کالم ۱ ۲۲ رنومبر ۱۹۰۷ء

وہابیہ نجدیہ کی مرکزی جمعیت اہلِ حدیث ہند لاہور کے جنرل سیکرٹری عبدالعزیز صاحب اپنے فرقہ کے مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری کے متعلق رقمطراز ہیں کہ:

marfat.com

'مولوی ثناء اللہ صاحب نے 'الکلام المبین' اور رسالہ فیصلہ آرہ' میں خاندانِ غزنویہ اور بالخصوص امام مولانا عبدالجبار صاحب غزنوی کے متعلق حد درجہ متبذل اور سوقیانہ بازاری حملے کرکے دِل کی بھڑاس نکالنے کی کوشش کی ہے۔'

(فیصلہ مکہ صـ۳)

حافظ شریف سیالکوٹی کا ابراہیم کی شان میں گستاخی کرنا

سیالکوٹ شہر کے حافظ شریف صاحب کو مخاطب کرتے ہوئے وہابیوں کی انجمن مفاد المسلمین کے صدر لکھتے ہیں کہ:

'حافظ صاحب ہیں کہ حیاء اور شرم کا نام بھی لینا گناہ سمجھیں گے مولانا موصوف (ابراہیم میر) کا آپ کے ذمہ کچھ بقایا تھا۔ اس کے نہ دینے کے لیے آپ نے کتنے حیلے بہانے تلاش کیے۔ خدا کی پناہ۔ اُستادِ مکرم (ابراہیم میر سیالکوٹی) کے بارہ میں نازیبا کلمات کہے کہ ایسے کلمات جو کسی شریف آدمی کو بُرے سے بُرا آدمی بھی نہیں کہہ سکتا۔ چہ جائیکہ شاگرد اپنے اُستاد کو کہے۔ پھر وہ اُستاد جس نے اُس کے ساتھ حد سے زیادہ الطاف کیے ہوں۔' (حافظ محمد شریف صاحب کی قلابازیاں صـ۵)

سیالکوٹ شہر کی جمعیت وہابیہ کے نمایندے اور رکن ایچ۔ ایم یوسف نے اپنے فرقہ کے ہی حافظ شریف صاحب سیالکوٹی کو ننگی گالیاں دینے والا جھوٹا اور شرارتی قرار دیا ہے۔' (ردِ مغالطات صـ۴)

مدیر الاعتصام کی گواہی

وہابیوں کے اخبار الاعتصام کے مدیر مولوی اسحاق صاحب اپنے فرقہ کے مولویوں کی خدمت میں ایک دردمندانہ گزارش کے عنوان سے نصیحت کرتے ہیں۔ اس نصیحت

marfat.com

سے اِس حقیقت کی گواہی ملتی ہے کہ وہابی مولوی اپنے بزرگوں کی بھی توہین سے باز نہیں رہتے۔ وہ نصیحت یہ ہے :

'دُنیا کہاں سے کہاں نکل گئی ہے۔ اور اُس کے سامنے فکر و نظر کے نئے نئے دروازے کھل گئے ہیں۔ لیکن آپ ہیں کہ ابھی تک اُنہیں مباحث میں اُلجھے ہوتے ہیں۔ اور حالات سے سبق اندوز اور واقعات سے عبرت پذیر ہونے کے پیچھے کی طرف دوڑ رہے ہیں۔ آپ کِسی پر تنقید کرتے ہیں۔ تو نہایت سخت لہجہ کے ساتھ اور کِسی کا تعاقب کرتے ہیں تو بے حد نامناسب الفاظ کے ساتھ۔ خُدارا۔ اِس باب میں اپنے بیگانے کو تو پہچانیئے اور گفتگو کرتے وقت یہ تو دیکھ لیا کیجیئے کہ آپ کا مخاطب کون ہے اور آپ کِس کے متعلق کیا کہہ رہے ہیں۔'

(الاعتصام لاہور صـ ۲ ۸ ر نومبر ۱۹۵۷ء)

وہابیوں کی کتابیں موجب فتنہ و فساد ہیں

وہابیوں کے ڈاکٹر جمال الدین پشاوری ہی رقمطراز ہیں کہ :

'مولوی فقیر اللہ صاحب اللہ رحم فرماوے۔ ان کے رسالہ سے ہم سخت بیزار ہیں۔ ایسے بیہودہ رسالوں سے جس قدر فتنہ و فساد ہوتا ہے۔ وہ اظہر من الشمس ہے۔'

(اہلِ حدیث امرتسر صـ ۸ کالم ۲ ۳ ر اکتوبر ۱۹۱۳ء)

ابراہیم میر سیالکوٹی کی گواہی

فرقہ وہابیہ نجدیہ کے مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی کی بھی اسی قسم کی ایک گواہی درج کرنا فائدہ سے خالی نہ ہوگا۔ میر سیالکوٹی 'دشنام نامے' کی سُرخی دیکر لکھتے ہیں کہ :

marfat.com

لکھتے ہیں کہ:

'اخبار اہلِ حدیث نمبر ۴۷ میں 'مولانا بٹالوی پھر بولے' کے عنوان سے سے ایک مضمون نکلا یوں تو مولانا شیرِ پنجاب (امرتسری) کے مخالفوں نے بہت کچھ ہاتھ پیر مارے اور اعتراف میں رسالجات و پمفلٹ کے اوراق کالے کر رہے ہیں۔

مقصد ان رسالوں کے شائع کرنے کا یہ ہے کہ لوگوں کو بدزبانی سکھلائی جائے چنانچہ حال ہی میں چند کتابیں میں نے مکرمی مولوی محمد ابوالقاسم صاحب بنارسی سے منگوائیں جب ویلیو پہنچا تو دو ورقہ کو سرسری نظر سے دیکھا گیا۔ بجز چنڈو خانے کی گالیوں کے اور کچھ نہ پایا۔' (اخبار اہلِ حدیث امرتسر ص ۱۱ کالم ۳ ۵ رنومبر ۱۹۱۵ء)

رُومانی داستانوں کی فلم

حکیم صادق سیالکوٹی جو کہ فرقہ وہابیہ میں کثیر کتب کے مصنف ہیں اپنے اُستاد مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی کو مخاطب کرتے ہوئے راقم ہیں کہ:

'اے حضرت! اگر میں آپ کی رُومانی داستانوں کی ہزاروں میل لمبی فلم شہر کے لوگوں کو دکھا دوں تو سارا شہر 'لیلائے امارت' کے عشق میں دیوانہ ہو جائے۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی گدی کے جانشین کی زیارت کرنے کو پاک پنجاب دوڑ آئے۔ اور پھر فرطِ مسرت سے زائرین کی پرچھائیاں 'رُبابِ امارت' کے نغموں میں رقص کرنے لگیں۔ جس شخص کی زندگی کا پس منظر اتنا تاریک اور بھیانک ہو۔ اُسے چاہیئے تھا کہ منہ چھپا کر گوشۂ مسجد میں خاموش

لہ ان میں چند واقعات بروایت صاحبزادہ مولانا محمد عبداللہ صاحب محفوظ ہیں۔ جن کے انکشاف پر زمین لرزنے لگے گی اور روزِ روشن تاریک رات میں تبدیل ہو جائے گا۔ اور طرزِ تحریر محدثین کے فنِ رجال و اسانید کے اصول پر ہو گا۔

marfat.com

زندگی گزارتا اور رو رو کر تلافی مافات کرتا۔ لیکن حضور امیر اسّی سال کی عمر میں نئی جوانی چڑھے ہیں۔

(مدعی امارت سے شرعی استفتاء ص ۲۷-۲۸)

قارئین کرام! وہابیوں نے جس انداز سے اپنے اکابر کی توہین، بے ادبی اور گستاخی کی ہے۔ ان کو ان کی ہی کتابوں سے پیش کیا ہے۔ جس فرقہ کے مولوی اپنے بزرگوں کی بے ادبی۔ توہین اور گستاخی سے باز نہیں آتے ان سے انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اولیاء کاملین علیہم الرحمۃ کی بے ادبی اور گستاخی کوئی اجنبی بات نہیں۔ بلکہ یہ حقیقت ہے کہ یہ ان کو انبیاء عظام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور بزرگانِ دین علیہم الرضوان کی توہین اور بے ادبی کرنے کا صلہ ملا ہوا ہے۔ عارف رومی علیہ الرحمۃ نے کیا خوب فرمایا ہے۔

گر خدا خواہد کہ پردہ کس درد
میلش اندر طعنۂ پاکاں کند!

وہابیہ نجدیہ کو بے ادبی اور گستاخی کی دوسری سزا یہ ملی ہے کہ اس فرقہ کے اکابر محمود اپنے فرقہ کے مولویوں کے فتوؤں سے محفوظ نہیں رہ سکے۔ خود کو مبلغ اسلام کہلانے والے اپنے ہی فرقہ کے مولوی کے فتوے سے کفر و ضلالت کی تبلیغ کرنے والے قرار دیئے جا رہے ہیں۔ اس حقیقت کو روزِ روشن کی طرح عیاں ان کی ہی کتابوں کے بیان سے پیش کیا جاتا ہے۔

---

marfat.com

فتوے بازی

قدم قدم پر کفر و شرک کے فتوؤں کی بوچھاڑ کرنا وہابیوں کا محبوب مشغلہ ہے۔ اسی محبوب مشغلہ میں وہابی اکابر اتنے محو ہیں کہ ان کو اپنے اور بیگانے کی تمیز نہیں رہی۔ شاید ہی ان کا کوئی خوش قسمت مولوی ایسا ہو جو ان کے فتوؤں سے محفوظ رہا ہو۔ اس کے ثبوت میں مفسر الوہابیہ مولوی وحید الزمان حیدر آبادی اور فخر الوہابیہ ابراہیم میر سیالکوٹی کی شہادت کافی اور وافی ہو گی۔ ان کی شہادت کے بعد ان کے اکابر پر ان کے اکابر کے فتوؤں کی بوچھاڑ کا منظر پیش کروں گا جو کہ قابل دیدنی ہے۔

دو شہادتیں

مفسر الوہابیہ مولوی وحید الزمان حیدر آبادی نے اپنے فرقہ کے بعض متاخرین مولویوں کے متعلق صریح الفاظ میں لکھا ہے کہ:

"ہمارے بعض متاخرین اہلحدیث نے احکام شرک میں بہت تشدد سے کام لیا ہے اور دائرہ اسلام کو ان لوگوں نے تنگ کر دیا ہے۔ اور امور مکروہ اور محرمہ کو شرک قرار دے رکھا ہے۔ پس اگر ہمارے بھائیوں (وہابی مولویوں) کی غرض عملی شرک سے شرک اصغر یا انسداد ذرائع ہو تو اللہ ان کی اس خطا کو بخش دے اور معاف کر دے۔ ورنہ یہ (وہابی مولوی) لوگ غالی اور متشدد فی الدین ہیں۔ اور تشدد فی الدین گمراہ فرقہ خوارج کی علامات سے ہے۔"

(ہدیۃ المہدی ص ۲۶)

مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی

وہابیہ کے امام العصر مولوی ابراہیم صاحب

marfat.com

مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی کی اسی کی تائید میں دوسری گواہی پیش کرتا ہوں :

مولوی ابراہیم میر کی گواہی

میر صاحب سیالکوٹی تحریر فرماتے ہیں کہ :

افسوس ان لوگوں پر خصوصاً ان علماء پر بالخصوص اہلحدیث علماء پر جو چھوٹے چھوٹے امروں پر فتوے جڑتے رہنے کے مشتاق ہیں۔ کہ وہ قرآنِ کریم کی ایسی صاف تصریحات اور ایسے واضح اور بین ڈراوے اور ایسی سخت شرط کے مقابلہ میں بھی اڑے رہیں۔ اور اپنے طریقِ عمل کو حکمِ قرآنی کے موافق کرنے کی بجائے اُسے توڑ موڑ کر اپنے خیال و خواہش اور اپنی پارٹی (کانگریس) کی قرارداد کے ماتحت مسلمانوں کو خدا کی مقرر کردہ شاہراہ سے گمراہ کرنا چاہیں۔ اور اسلام کی گاڑی کو پٹڑی سے اُتارنا چاہیں؛

(پیغامِ ہدایت ص۲۴)

اخبارِ محمدی دہلی کی گواہی بھی پڑھ لیجیے۔ اور یہ اخبار مولوی محمد صاحب جونا گڈھی کی زیرِ ادارت شائع ہوتا ہے۔ اُس میں وہابی فرقہ کے مولوی عبدالوہاب اور مولوی عبدالستار دہلوی صحیفہ اہلِ حدیث کے معتقدین اور مریدین کے متعلق لکھا ہے کہ :

"فرقہ امامیہ وہابیہ کا دین ایمان سمٹ کر صرف اسی میں آگیا ہے کہ ان کے گرو کے ہاتھ پر بیعت کر کے جو اس کا چیلہ ہو جائے۔ اور زکوٰتیں ان کی جھولی میں جا کر ہر سال ڈال آیا کرے۔ اور ان کے بتلائے ہوئے ہر مسئلہ کو دین و ایمان سمجھے بشرکیہ منتر سے بوقتِ ضرورت و مجبوری جھاڑ پھونک جائز سمجھے وغیرہ وہ تو مسلمان مومن وارثِ جنت اور جو ان کی چوکھٹ نہ چومے ان پر چڑھائی نہ چڑھائے وہ کیسا ہی نمازی و روزہ دار کیوں نہ ہو۔ ان کے نزدیک جاہلیت کی موت مرنے والا۔ اسلام کے پٹے کو اپنے گلے سے نکال پھینکنے والا ہے۔" (اخبارِ محمدی دہلی ص۱۲ ۱۵ نومبر ۱۹۳۹ء)

marfat.com

میر سیالکوٹی نے بھی واضح الفاظ میں اپنے وہابیوں کو نصیحت کرتے ہوئے اپنے فرقہ کے مولویوں سے متنبہ کیا ہے کہ:

"جماعت اہلحدیث اپنے ناقص العلم اور غیر محتاط نام نہاد علماء کی تحریروں اور تقریروں سے دھوکا نہ کھائے۔ کیونکہ ان میں سے بعض تو پرانے خارجی اور بے علم محض اور بعض پرانے کانگریسی ہیں۔"

(احیاء المیت ص ۳۶)

امام الوہابیہ مولوی ثناء اللہ امرتسری پر فتوے

وہابیہ کے تین[۳] اکابر کی شہادتیں پیش کرنے کے بعد ایک دوسرے پر فتووں کی بوچھاڑ کا منظر ملاحظہ فرمائیے: سب سے پہلے وہابیہ کے فخر پنجاب مناظر اور امام مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری پر بوچھاڑ کا منظر پیش کیا جاتا ہے۔

نجدیوں کے مفتی قاضی ریاض کا فتوے

نجدیوں کے مفتی قاضی ریاض محمد بن عبداللطیف نے امام الوہابیہ امرتسری کے متعلق فتوے دیا ہے کہ:

"نہ تو مولوی ثناء اللہ سے علم حاصل کرنا جائز ہے۔ اور نہ اس کی اقتدا جائز ہے۔ اور نہ اس کی شہادت قبول کی جائے۔ اور نہ اس سے کوئی بات روایت کی جائے۔ اور نہ اس کی امامت صحیح ہے۔"

(فیصلہ مکہ ص ۱۶-۱۷)

نجدی شخصیت کا فتوے

نجدیوں کی مقتدر شخصیت سلیمان بن محمد السنجدی نے امرتسری کے خلاف فتوے لکھا ہے کہ:

"مولوی ثناء اللہ شرعاً ہر طرح پایۂ عدالت سے ساقط (یعنی اس کی شہادت نامقبول) ہے پس مسلمانوں پر تو یہ واجب ہے کہ

marfat.com

مولوی ثناء اللہ صاحب سے مقاطعہ کریں اور حکام کا یہ فرض ہے کہ اس کی زجر و توبیخ کریں۔ اگر بایں ہمہ وہ توبہ نہ کرے تو نہ تو اُس کو سلام کیا جائے اور نہ اس کے ساتھ نشست برخواست کی جائے۔ اور نہ اس کے پیچھے نماز پڑھی جائے اور نہ اس کی قبر پہ دُعا کے لیے کھڑا ہو۔'

(فیصلہ مکہ صـ ۱۹-۲۰)

شیخ حسن بن یوسف دمشقی مدرس حرم شریف کا فتوے

حرم شریف کے مدرس شیخ حسن بن یوسف دمشقی نے بھی امرتسری کے متعلق فتویٰ صادر فرمایا ہے کہ:

'مولوی ثناء اللہ بہت بُرا آدمی ہے جو خواہش کا بندہ۔ نفسِ امارہ کا غلام اور بدعتی انسان ہے۔'

(فیصلہ مکہ صـ ۱۸ تنظیم اہلِ حدیث روپڑ، اپریل ۱۹۳۹ء)

عبداللہ روپڑی کا فتوے

وہابیہ نجدیہ کے روپڑی خاندان کے چشم و چراغ حافظ عبداللہ صاحب روپڑی اپنے فرقہ کے سراج اور شیرِ پنجاب مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری کے متعلق فتوے درج کرتے ہیں کہ:

'ہم (ثناء اللہ) کو جہمی۔ معتزلی۔ ملحد۔ کافر بلکہ خبیث جانتے ہیں۔ مولوی ثناء اللہ سے دوستی نہ رکھو۔ کیونکہ وہ بے دین آدمی ہے۔'

(مظالم روپڑی صـ ۵ سطر ۳، ۴ مطبوعہ امرتسر و تنظیم اہلحدیث روپڑ ۱۵ دسمبر ۱۹۳۹ء)

اخبار اہلحدیث امرتسر صـ ۳ ۱۱ اکتوبر ۱۹۴۶ء)

وہابیہ کے اخبار محمدی دہلی میں مولوی ابو عبداللہ امرتسری نے لکھا ہے کہ:

'حافظ عبداللہ روپڑی کہا کرتے ہیں کہ ثناء اللہ تو چکڑالوی ہے۔ وہ حدیث کو مانتا ہی نہیں۔' (اخبار محمدی دہلی صـ ۱۳ ۱۵ اپریل ۱۹۳۹ء)

حافظ عبداللہ صاحب روپڑی اپنی دوسری کتاب میں لکھتے ہیں کہ

marfat.com

ہمارے ہی درمیان ایک فرقہ نکلا ہے۔ جو ..... چار رتی بڑھ کر ہے۔ سرگروہ اِس فرقہ کے مولوی ثناء اللہ صاحب ہیں۔

(درایت تفسیری ص۲۵)

عبدالجبار غزنوی کا فتوے

وہابیہ کے غزنوی خاندان کے آفتاب اور امیرِ جمعیت داؤد غزنوی کانگریسی کے باپ اِمام عبدالجبار غزنوی فتوے دیتے ہیں کہ:

"مولوی ثناء اللہ کے قواعد گمراہ کُن ہیں۔" (مجموعۃ الفتاویٰ ص۲۱۹ مطبوعہ امرتسر)

مولوی داؤد غزنوی کانگریسی کا فتوے

امرتسری خود لکھتے ہیں کہ:

"میرے عزیز دوست مولوی داؤد غزنوی آج وہ خاندان میں مِل کر میرے کُفر کا فتوے شائع کر رہے ہیں۔"

(تحفہ نجدیہ از ثناء اللہ امرتسری)

"مولوی مذکور (ثناء اللہ امرتسری) کا یہ ہمہ اہلسنت وجماعت پھر اہلسنت میں فرقہ اہلحدیث کا دعوے کرنا اس کی دھوکہ دہی اور ابلہ فریبی ہے۔ بلکہ اہلحدیث تو درکنار اہلسنت وجماعت سے خارج ہے۔ کل اہلسنت علی الخصوص اہلحدیث اس کی صحبت اور مجالست سے بچیں۔ ایسا نہ ہو کہ اپنی بدعت میں ان کو بھی پھسادے۔"

(اربعین ص۲۷)

دلوی عبدالحق غزنوی کا فتوے

اِمام عبدالجبار غزنوی کے شاگردِ رشید مولوی عبدالحق غزنوی نے درج فرماتے ہیں کہ:

"مولوی ثناء اللہ امرتسری ملحد اور معتزلی ہے۔ یہ شخص لائقِ امامت قابلِ اتباع نہیں ہے۔ اس کا جنازہ نہ پڑھا نہ جاوے اور مسلمانوں کے قبرستان میں دفن نہ کیا جاوے۔" (اربعین ص۲۸، ۲۹ مطبوعہ لاہور)

marfat.com

مولوی محمد حسین بٹالوی کا فتوے

وہابیہ نجدیہ کے مجتہد محمد حسین صاحب بٹالوی نے بھی فخر الوہابیہ امرتسری پر فتوے صادر فرمایا ہے جس کا تذکرہ خود امرتسری صاحب نے اپنے اخبار اہلحدیث امرتسر میں ان الفاظ میں کیا ہے:

'مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی نے اشاعۃ السنۃ جلد ۱۱ کے صفحہ ۱۲۷، ۲۵۵ پر مجھ کو (ثناء اللہ کو) مرزائی لکھا ہے'

(اخبار اہل حدیث امرتسر ۲۰ دسمبر ۱۹۰۷ء)

اس کے علاوہ امرتسری نے خود اقرار کیا ہے کہ:

'مولوی محمد حسین بٹالوی مجھے مرزائی قرار دیتے ہیں'

(اہلحدیث امرتسر ص ۳ ۲۵ اکتوبر ۱۹۰۷ء۔ اہلحدیث ص ۱۲ ۱۵/۱۸ اکتوبر ۱۹۰۹ء)

بٹالوی صاحب ہی کا فتوے حافظ عبداللہ روپڑی اور عبدالحق غزنوی نے بھی شائع کیا ہے کہ:

'اس (مولوی ثناء اللہ) کا اہل حدیث کہلانا اور مطبع کا اور رسالہ کا عقائد کا اور اخبار کا نام اہل حدیث رکھنا محض ابلہ فریبی ہے اور دھوکہ دہی۔ جس سے اس کی غرض و مقصود جہلائے اہل حدیث کو اپنے دام میں لانا۔ اور اس ذریعہ سے ان کا مال مارنا اور ٹکے کمانا ہے' (اربعین ص ۳ ۴ تنظیم اہل حدیث روپڑ ص ۴، اپریل ۱۹۳۹ء)

مولوی عبدالواحد غزنوی کا فتوے

انجمن اہل حدیث لاہور نے اپنے سالانہ جلسہ کی تاریخ ۲۹ دسمبر ۱۹۱۵ء مقرر کر کے اپنی جماعت کے مولویوں کو دعوت نامے دیئے۔ جن میں مولوی ثناء اللہ امرتسری کا بھی نام تھا۔ اور ان کا موضوع قادیانی مشن تھا۔ نیز مولوی عبدالواحد غزنوی امام مسجد چینیانوالی لاہور کو بھی دعوت نامہ تھا۔ مگر مولوی عبدالواحد غزنوی نے جلسہ میں آنے سے بدیں الفاظ انکار

marfat.com

کر دیا۔

اگر یہ جلسہ اہلِ حدیث کا ہے۔ تب ثناء اللہ کو ہرگز نہ بُلائیں۔ اور نہ اُس سے واعظ کرائیں۔ جس مجلس میں وہ بُلایا جائے۔ وہ خاص اہلِ حدیث نہیں ہے؛

(اہلِ حدیث امرتسر ص۹ ۳۱ر مارچ ۱۹۱۶ء)

مولوی سعید بنارسی کا فتوے

جو کہ وہابیہ کے نہایت ہی مقتدر مولوی ہیں نے بھی فتوے صادر فرمایا ہے کہ؛

'مؤلف تفسیر (ثناء اللہ امرتسری) مذہب اہلِ حدیث سے خارج ہے۔ اہلِ بدعت اور گمراہ فرقوں سے ہے۔'

(تنظیم اہلِ حدیث رد پڑھ ۴، راپریل ۱۹۳۹ء۔ اربعین ص۵۶)

مولوی ثناء اللہ امرتسری نے ۱۰ر مئی ۱۹۱۴ء میں ایک جلسہ کی صدارت کی تو وہابیوں کے مقتدر مولوی محمد حسین بٹالوی نے ان کے حق میں یہ شعر لکھا:

اذا کان الغراب دلیل قوم
سیھدیھم طریق الھالکینا

یعنی کوا جس قوم کا رہنما ہو گا۔ وہ ان کو تباہی کی طرف لے جاوے گا۔ امرتسری کو کوا بنایا ہے۔'

(اخبار اہلِ حدیث امرتسر ص۲، ر جولائی ۱۹۱۴ء)

ابراہیم میر سیالکوٹی کا فتوے

وہابیوں کی مقتدر شخصیت ابراہیم میر صاحب سیالکوٹی کا فتوے بھی پیش کرنا از حد مفید ہو گا۔ وہ یہ ہے۔

'مولوی ثناء اللہ امرتسری مرزائی فتنہ سے زیادہ فتنہ ہے۔'

(فیصلہ مکہ ص۱ سطر ۲۰ مطبوعہ امرتسر)

مولوی محمد علی امرتسری کا فتوے

وہابیہ کے میر واعظ پنجاب مولوی محمد علی صاحب امرتسری اپنے

marfat.com

فرقہ کے بزرگ امرتسری کے متعلق فتوے دیتے ہیں کہ:

"ثناء اللہ کو خدا نے نااہل سمجھ کر گمراہ کر دیا۔ یہ فلاسفہ یونان کے چیلوں سے خدائی حکم سے فاسق ہو گیا ہے۔"

(تنظیم اہلحدیث روپڑ ۷، اپریل ۱۹۳۹ء اربعین ص۳۰)

مولوی عبدالرحمن دہلوی کا فتوے

وہابیہ نجدیہ کے مولوی عبدالرحمن صاحب دہلوی اپنے فرقہ کے مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری کے متعلق فتوے صادر فرماتے ہیں کہ:

"بے شک مولوی ثناء اللہ امرتسری دجالوں میں سے ایک دجال ہے۔ جملہ مسلمانوں کو اس سے کلام کرنے مجلس میں بیٹھنے۔ اس کو سلام کرنے اور اس کے سلام کا جواب دینے سے مکمل طور پر پرہیز کرنا چاہیئے۔ اس کے ساتھ مصافحہ بھی نہ کریں۔ اور نہ ہی اس کی تفسیروں کو پڑھنا چاہیئے۔" (اربعین ص۱۵)

قاضی عبدالاحد خانپوری کے فتوے

غیر مقلدین حضرات کے مولوی قاضی عبدالاحد خانپوری جو کہ امام الوہابیہ ثناء اللہ صاحب امرتسری کے ہم استاذ ہیں فتوے ثناء اللہ امرتسری پر ہی چسپاں کرتے ہیں کہ:

"وہ بڑا ہی بے حیاء ہے کہ نہ خدا سے شرماتا ہے اور نہ علماء سے اور نہ عباد اللہ الصالحین سے۔ اگر اس میں رائی کے دانہ کے برابر بھی شرم و حیاء ہوتی۔ تو وہ ضرور بضرور میری کتاب کا جواب دیتا۔ اور اگر نہیں دے سکتا تو ان کفریات سے صریح تحریری توبہ کرتا۔ اور اس کا کفر بجمیع اصول آمنت باللہ ثابت کیا ہے۔ بلکہ اس کو اکفر الکافرین ثابت کیا ہے۔ اس پر اس کا خاموش رہنا حرام تھا۔ شرعاً اور عقلاً اور عرفاً اور درحقیقت وہ اجہل الناس

marfat.com

واضل الناس ہے۔ (الفیصلۃ الحجازیہ ص۱)

ثناء اللہ ملحد۔ زندیق کا عوام و جہال کے ہمراہ اشتہار دے کر جلسہ میں آریہ وغیرہ کفار سے مباحثہ کرنا بھی بدعت والحاد و زندقہ اور احترام بلکہ کفر ہے۔ (الفیصلۃ الحجازیہ ص۱۰،۱۱)

"ثناء اللہ ملحد زندیق کا دین اللہ کا دین نہیں ہے۔ اس کا کچھ دین تو فلاسفر دہریہ نما ہے۔ کچھ دین اس کا دجالوں، نیچریوں۔ مرزائیوں کا ہے۔ اور کچھ دین اس کا ابوجہل کا ہے۔ جو اس اُمت کا فرعون تھا بلکہ اس سے بدتر ہے۔ کیونکہ وہ (ابوجہل) مثلیت کا قائل نہ تھا۔ اور یہ زندیق اللہ عزوجل کی ہزاروں مثلیں قرار دیتا ہے۔ بلکہ اس کا دین غیر اللہ کا ہے۔ بلکہ وہ اصولِ ستہ آمنتُ باللہِ کا منکر ہے۔ پس وہ بحکمِ قرآن واجب القتل ہے۔" (الفیصلۃ الحجازیہ ص۸)

مولوی ثناء اللہ امرتسری جہنم کے دروازہ کی طرف لے جانے والا ہے۔ (اربعین ص۳۳ از عبدالحق غزنوی)

(مولوی ثناء اللہ امرتسری) خود تو منافق ہے اور مسلمانوں عامیوں کو بھی منافق بناتا ہے۔ (الفیصلۃ الحجازیہ ص۱۲)

قاضی عبدالاحد خانپوری وہابی نے اپنی کتاب کے دیباچہ میں لکھا ہے کہ:

"مولوی ثناء اللہ امرتسری یہود اور نصاریٰ سے اکفر ہے۔ اور اس کی ضلالت اور بداعتقادی کی اصلاح ممکن نہیں۔" (الفیصلۃ الحجازیہ)

"مولوی ثناء اللہ کشمیری تو سب اہل اہواء سے زیادہ بُرا بلکہ آریوں سے بھی بدتر ہے۔ تو اس سے بطریقِ اولیٰ بچنا ضروری ہوا۔ کیونکہ مُرتد۔ منافق۔ زندیق ہے۔" (الفیصلۃ الحجازیہ ص۱۶)

"یہ ثناء اللہ تو ایمان سے بالکل خالی ہے۔ اور اُس کے نزدیک ایمان کی نہ کچھ حقیقت ہے نہ قدر۔" (الفیصلۃ الحجازیہ ص۱۲)

marfat.com

وہابیہ نجدیہ کے قاضی عبدالاحد خانپوری نے اِمام الوہابیہ پر تو فتوؤں کی بوچھاڑ کی ہے۔ اب صرف ایک فتوے درج کرتے ہوئے وہابیہ کے دُوسرے مولویوں کے فتوے درج کرتا ہوں وہ فتوے یہ ہے:

"میں نے اپنی کتاب "اظہارِ کفر ثناء اللہ بجمیع اصول آمنتُ باللہ" میں بوجوہ کثیرہ ثابت کیا ہے کہ وہ تمام کفار روئے زمین سے بدتر ہے۔ خواہ وہ مُشرکین بُت پرست ہوں۔ جیسے ابوجہل وغیرہ یا کوئی اور قسم ہو۔ ان سب سے زیادہ اکفر ہے۔" (الفیصلۃ الحجازیہ ص۱)

مولوی فقیر اللہ مدراسی کے فتوے

اِمام الوہابیہ ثناء اللہ صاحب امرتسری کے اُستاد بھائی اور ہم مسلک مولوی فقیر اللہ صاحب مدراسی کے فتوے بھی ملاحظہ فرمائیں۔

"یہ مفسر صاحب (مولوی ثنا۔ اللہ) تاویل نادانی و خلاف بیانی کے فن میں یدِ طولیٰ رکھتے ہیں۔" (تفسیر السلف ص۲)

"(مولوی ثناء اللہ) مغالطہ و چالبازی و ابلہ فریبی کے ہنر کے اُستادِ کامل ہیں۔" (تفسیر السلف ص۳)

"(مولوی ثناء اللہ) اہلِ حق اہلِ حدیث نہیں ہو سکتا۔ اس میں نیچریت کفر و ضلالت ہونے میں کوئی شک نہیں۔" (تفسیر السلف ص۱۵)

ناظرین حضرات! مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری کے بعد وہابیہ نجدیہ کے روپڑی خاندان کے سربراہ حافظ عبداللہ صاحب روپڑی پر اکابر وہابیہ نے جو فتوؤں کی جو چھاڑ کی ہے اس کا منظر بھی دیکھ لیجئے۔

حافظ عبداللہ روپڑی پر فتوے

اخبار محمدی کا فتوے

وہابیہ نجدیہ کے مشہور و معروف مولوی محمد دہلوی کے اخبار محمدی میں

marfat.com

فرقہ وہابیہ کے روپڑی خاندان کے سربراہ اور حافظ عبدالقادر صاحب روپڑی کے چچا عبداللہ روپڑی کے متعلق لکھا ہے کہ:

"دنیا میں اگر کسی کو اعلےٰ احمق کی ضرورت ہو تو اس چھوٹی کھوپری والی انسان نما ہستی (عبداللہ روپڑی) کو دیکھ لے۔"

(اخبار محمدی دہلی ص۱۷ ۱۵ ستمبر ۱۹۳۹ء)

اسی اخبارِ محمدی دہلی میں روپڑی صاحب کے متعلق یہ بداخلاق۔ بدزبان اور بے لگام ہیں۔ (اخبار محمدی دہلی ص۱۳ ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۸ء)

مولوی محمد صاحب دہلوی نے روپڑی کے متعلق فتوےٰ جاری کیا ہے۔ جس کو مولوی ثناءاللہ صاحب امرتسری نے شائع کیا ہے۔ وہ فتوےٰ یہ ہے۔

"یہ مولوی (حافظ عبداللہ) صاحب جھوٹے ہیں بدعقیدہ ہیں اسے علم دین سے بلکہ خود دین سے بھی مس نہیں۔ لہٰذا ایسے جہلاء کا ہم عقیدہ ہونا اپنا ایمان برباد کرنا ہے۔ یہ عقیدہ مشرکانہ عقیدہ ہے۔ اس کا یہ قول صریح شرک ہے۔ اس کا وعظ ہرگز نہ سنو۔ بلکہ اگر بس ہو تو وعظ کہنے بھی نہ دو۔ نہ اس کے پیچھے جمعہ کی جماعت پڑھو۔ بلشک اس سے توبہ کرانے کے لیے تاوقتیکہ یہ توبہ نہ کرے شرعاً بے تعلق رہنا ہی افضل و بہتر ہے۔ ایسا نہ کرنے والا شرعاً سخت گنہگار ہیں۔" (مظالم روپڑی ص۴۸ مصنفہ ثناءاللہ امرتسری)

ابوعبداللہ امرتسری کا فتوےٰ

ابوعبداللہ امرتسری صاحب روپڑی کے متعلق جماعت کو متنبہ کرتے ہیں کہ:

"یہ بزرگ (عبداللہ روپڑی) صرف جھوٹ بولتے نہیں بلکہ جھوٹ از خود گھڑتے ہیں۔ تہمت خود تراشتے ہیں پس جماعت متنبہ رہے۔"

(اخبار محمدی دہلی ص۱۳ ۱۵ اپریل ۱۹۳۹ء)

marfat.com

مولوی شرف الدین صاحب کا فتوے

وہابیوں کے مولوی ابوسعید شرف الدین صاحب لکھتے ہیں کہ:

'اہلِ اسلام اور خصوصاً اہلِ حدیث کو ان حافظ (عبداللہ روپڑی) صاحب کی طرف بالکل توجہ نہ کرنی چاہیئے۔ اس لیے کہ وہ بالکل راہِ راست سے منحرف ہو کر ایسے فتوے دیتے ہیں۔ ان کو اللہ تعالےٰ سے ڈرنا چاہیئے۔'

(اہلِ حدیث امرتسر صـ۴ کالم ۱ اکتوبر ۱۹۴۶ء)

حافظ عبداللہ صاحب روپڑی نے اپنے اخبار تنظیم اہلِ حدیث روپڑی مورخہ ۲۹ ر ۱۹۳۵ء میں ایک نظم شائع کی تھی جس میں پیارے مصطفےٰ احمد مجتبےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت و رفعت کا تذکرہ تھا۔ وہابی مولویوں کو شانِ محمدی راس نہ آئی تو روپڑی صاحب کے خلاف وہابیوں نے ایک محاذ بنالیا۔ اور اپنے مولویوں سے استفسار کیا تو وہابی اکابر نے عبداللہ روپڑی صاحب کے خلاف فتوؤں کی بوچھاڑ کر دی۔ جن کو امام الوہابیہ مولوی ثناء اللہ امرتسری نے مظالم روپڑی میں شائع کیا ہے۔ وہ فتوے درجِ ذیل ہیں۔

مولوی احمد اللہ دہلوی کا فتوے

وہابیہ نجدیہ کے مولوی احمد اللہ صاحب دہلوی مدرس مدرسہ رحمانیہ نے فتویٰ دیا ہے کہ:

'شخص مذکور (حافظ عبداللہ) مشرک ہے اس سے پرہیز کرنا لازم ہے۔ جو پرہیز نہ کریں گے وہ دوزخی ہیں۔'

(مظالم روپڑی صـ۹ مطبوعہ امرتسر)

مولوی محمد یونس دہلوی کا فتوے

وہابیہ کے مرکزی مدرسہ میاں صاحب

marfat.com

کے مدرسِ اوّل مولوی یونس صاحب دہلوی کا فتوےٰ بھی حافظ عبداللہ صاحب کے متعلق ملاحظہ فرمائیں:

"شخص مذکور (حافظ عبداللہ) ملحد ہے۔ ایسے لوگوں سے قطع تعلق ضروری ہے۔"

(مظالم روپڑی ص۴۸)

مولوی عبیدالرحمان مُلتانی کا فتوےٰ

وہابیہ نجدیہ کے ملتانی مولوی عبیدالرحمان صاحب مکتانی کا فتوےٰ بھی درج کیا جاتا ہے:

"بے علم ہے۔ عقیدہ شرکیہ رکھتا ہے۔ اس کو توبہ کر کے مُسلمان ہونا چاہیئے۔ ورنہ وہ مسلمانوں میں داخل نہیں اور جس سے سب کو بچنا چاہیئے۔"

(مظالم روپڑی ص۴۹)

مولوی عبیداللہ دہلوی کا فتوےٰ

وہابیہ کے مدرسہ زبیدیہ عربی دہلی کے مدرس مولوی عبیداللہ صاحب دہلوی فتوےٰ دیتے ہیں کہ:

"شخص مذکور (حافظ عبداللہ) ملحد بددین ہے۔ اور جو اس شخص کے ہم خیال ہیں۔ ان سے اجتناب کرنا واجب ہے۔"

(مظالم روپڑی ص۴۹۔۵۰۰)

مولوی عبدالقادر حصاروی کا فتوےٰ

حافظ عبداللہ صاحب روپڑی کے گہرے دوست مولوی عبدالقادر صاحب حصاوری نے بھی فتوےٰ چسپاں کر دیا ہے کہ:

"وہ (حافظ عبداللہ) باطل پر ہے۔" (مظالم روپڑی ص۵۰)

مولوی اسحاق فرید کوٹی کا فتوےٰ

وہابیوں کے امام عبدالوہاب دہلوی کے شاگردِ رشید مولوی ابوالشفاق اسحاق فرید کوٹی نے بھی روپڑی صاحب کے متعلق فتوےٰ

marfat.com

جاری کر دیا کہ :

'بے شک ایسا شخص لائقِ امامت نہیں - ہاں اگر توبہ کر لے تو مسلمان ہے ۔'

(مظالم روپڑی ص۵۰)

مولوی عبداللہ لائل پوری کا فتوے

وہابیوں کے مولوی ابو محمد عبداللہ لائل پوری کا فتوے ہے کہ :

'واقعی ایسا مولوی (حافظ عبداللہ) ملحد ہے - ایسے مولوی کی بات کا اعتبار بالکل نہیں - اس سے بائیکاٹ کرنا ضروریاتِ دین سے ہے ورنہ ایمان میں خلل ہے ۔'

(مظالم روپڑی ص۵۰)

مولوی نور محمد فیروزپوری کا فتوے

وہابیہ نجدیہ کے مولوی ابو الاحد نور محمد صدر مدرس مدرسہ اوڈان فاضلکا ضلع فیروزپوری نے بھی فتوٰی صادر فرمایا ہے کہ :

'شخص مذکور (حافظ عبداللہ) اپنے عقیدہ مذکورہ سے برسرِ اعلان اپنی تحریر اور تقریر سے توبہ نہ کرے - اس کے پیچھے نماز پڑھنی اور اس کا فتوٰی تحریر آ ہو یا تقریراً اور اس کا وعظ وغیرہ سننا بالکل جائز نہیں ہے - کیونکہ ایسا شخص ضل و اضل آپ گمراہ ہوا اور سننے والے کو گمراہ کیا - اور ایسا شخص بلا توبہ کیے مر جاوے تو اس کا جنازہ بھی ممنوع ہے ۔'

(مظالم روپڑی ص۵۱)

مولوی یوسف نجاوری کا فتوے

مدرسہ اوڈان کا مدرس دوم مولوی یوسف نجاوری فتوے دیتے ہیں کہ :

'بلاشک و شبہ ایسا عقیدہ رکھنے والا شخص (حافظ عبداللہ) مرتد و ملحد خارج عن الاسلام ہے - اور پکا مشرک ہے - اس پر جنت

marfat.com

حرام ہے۔ اور اُس کی کوئی عبادت قولی و بدنی و مالی قبول نہیں۔
ایسے شخص کی کوئی عبادت۔ وعظِ درس قبول نہیں۔" (مظالم روپڑی ص۵۱)

مولوی عبداللہ فیروزپوری کا فتوے

وہابیہ نجدیہ کی جماعت غرباءِ اہلِ حدیث ضلع فیروزپور کے امیر مولوی ابوعبدالرحمٰن عبداللہ صاحب کا فتوے ہے کہ:

"شخص مذکور (حافظ عبداللہ) علمِ آسمانی یعنی قرآن۔ حدیث و توحید باری تعالےٰ سے سراسر کورا اور ناواقف ہے۔ شخص مذکور اگر اپنی نجات اور مسلمانوں میں مل کر رہنا چاہتا ہے۔ تو فوراً توبہ کرے۔ نیز مدرسہ دارالکتاب والسنۃ صدر بازار دہلی میں طالب علمی کی حیثیت میں اپنے اس گندے عقیدہ کے خلاف اسلام کا صحیح عقیدہ سیکھیے اور صحیح معنوں میں مسلمان بنے۔ اگر یہ شخص توبہ نہ کرے تو اس سے مسلمانوں کو علیحدگی کرنی ضروری ہے۔ اور اُس کا وعظ درس سننا اور اُس کی اقتدا میں نماز پڑھنا جائز درست نہیں۔ نہ اُس کا جنازہ کیا جاوے اور نہ ہی مسلمانوں کی قبروں میں دفن کیا جاوے۔"
(مظالم روپڑی ص۵۲)

مولوی عبدالرحمٰن دہلوی کا فتوے

وہابیوں کے مولوی ابوسلیمان عبدالرحمٰن مینجر اہلحدیث مدرسہ دارالکتاب و السنۃ دارالامارت دہلی نے بھی فتویٰ دیا ہے کہ:

"واقعی شخص مذکور (حافظ عبداللہ) شریعتِ محمدیہ کی رُو سے مُشرک۔ کافر۔ خارج عن الاسلام ہے۔ چاہیئے کہ توبۃ النصوح کرے ورنہ یاد رکھے کہ خاتمہ دینِ اسلام پر نہیں ہوگا یہود و نصاریٰ کی موت مرے گا۔"

(مظالم روپڑی ص۵۲ صحیفہ اہلحدیث دہلی ص۱۷ بابت ماہ محرم الحرام ۱۳۵۵ھ)

marfat.com

مولوی محمد دہلوی کا فتوے

اخبار محمدی کے ایڈیٹر مولوی محمد صاحب جونا گڈھی نے انتہائی سوچ بچار کے بعد ردِ پڑی کے متعلق جامع فتوے دیا ہے کہ :

"پس حقیقی مداہنت ۔ مذموم رواداری ۔ بدترین ہر دلعزیزی ۔ صحیح منافقت ۔ مداہنت ۔ بے دینی ۔ بے حمیتی ۔ بے حسی ۔ نامرادی ۔ نامردی ۔ بزدلی ۔ ڈرپوکی اور بے ایمانی روپڑی رپوٹ کی روش ہے"

(اخبار محمدی دہلی صـ۱۳ کالم ۲ ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۸ء)

ناظرین ! محدث الوہابیہ عبداللہ روپڑی وہابیوں کے فتوؤں کی بوچھاڑ کے بعد فرقہ وہابیہ کے امام ۔ محدث اور مفسر مولوی عبدالوہاب صاحب دہلوی اور ان کے بیٹے مولوی عبدالستار دہلوی صحیفہ اہلحدیث والوں پر اکابر وہابیہ نے جس انداز سے فتویٰ بازی کی ہے ۔ اُس کا نمونہ بھی ملاحظہ فرمائیں ۔

وہ قصے اور ہوں گے جن کو سُنکر نیند آتی ہے
تڑپ اُٹھو گے کانپ اُٹھو گے سُنکر داستان ان کی

امام عبدالوہاب اور عبدالستار دہلوی

شرک کے دروازے کھولنے والا

مولوی عبدالستار دہلوی کے والد مولوی عبدالوہاب دہلوی جو کہ مولوی رفیق خاں پسروری کے اُستاد بھی ہیں کے متعلق حرمین الشریفین کے نجدی علماء نے فتوے دیا ہے جو کہ وہابیوں نے فیصلہ حرمین شریفین کے نام سے کتابی شکل میں شائع کیا ہے اُس میں درج ہے کہ :

"اس (عبدالوہاب دہلوی) کا استدلال کرنا جہالت کم علمی ۔ بدنیتی اور کُند ذہنی کا نتیجہ ہے ۔ یہ شخص یعنی عبدالوہاب کس قدر جاہل اور کتنا

marfat.com

بڑا گمراہ ہے۔ عبدالوہاب کے فتاویٰ تو شرک کو ثابت کرنے والے اور حدیث کے مخالف ہیں۔ بلکہ یہ شخص تو شرک اور اسبابِ شرک کے دروازے کھول رہا ہے۔ اس قسم کا استدلال کرنے والا (عبدالوہاب) نرا جاہل کلامِ الٰہی سے اور حدیثِ رسول سے محض ناآشنا ہے۔ اور کلامِ مفسّرین کے معانی سے بھی بالکل ناواقف ہے۔"

(فیصلہ حرمین شریفین ص۹)

امام الوہابیہ مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری نے وہابیہ نجدیہ کے امام عبدالوہاب کی امامیہ جماعت کے متعلق فتویٰ صادر فرماتے ہیں کہ:

مرزائیوں سے مشابہت

اس جماعت (امامیہ) کی حقیقت دو جزوں پر مشتمل ہے۔ ایک جزو یہ کہ افرادِ امّت مُسلمہ کو خاص کر افراد اہلحدیث کو امامت کے سلسلے میں منسلک کر کے منظم کیا جائے۔ یہ تو کسی حد تک قابلِ اعتراض نہیں ہے۔ دُوسرا جزو یہ ہے کہ جو ان کے اس سلسلے میں منسلک نہیں ہے۔ وہ جاہلیت کی موت مرتا ہے۔ نجات سے محروم رہ کر جہنم میں داخل ہوتا ہے۔ یہ جزو بیشک قابلِ اعتراض ہے۔ اس جزو کی وجہ سے یہ جماعت قادیانی جماعت کے مشابہ ہوگئی ہے۔"

(اہلِ حدیث امرتسر ص۳ ۳۱ جولائی ۱۹۴۲ء)

وہابیوں کی اہلحدیث کانفرنس کے مبلغ مولوی عبدالحمید صاحب اپنے فرقہ کی امامیہ پارٹی کے متعلق لکھتے ہیں کہ:

"اِن امامیہ اراکینِ خلافت (جن میں مولوی رفیق پسروری بھی شامل ہیں) کے نزدیک علماءِ اہلحدیث کو گالیاں دینے اور تمام اہلِ اسلام کو جہالت و کفر کی موت مارنے میں کسی مرزائی سے پیچھے نہیں ہیں۔"

(اہلحدیث امرتسر ص۷، ۲۷ مئی ۱۹۳۸ء)

ساٹھ وہابی مولویوں کا فتویٰ کفر و شرک

وہابیہ کے مولوی عنایت اللہ

marfat.com

صاحب اثری گجراتی نے اپنے رسالہ عدوان المفتی صـ۱ پر نمایاں سرخی دے کر لکھا ہے مولانا اسماعیل صاحب گوجرانوالہ کا اپنے استاد مولوی عبدالوہاب صاحب دہلوی پر فتوئ کفر و شرک، شرکیہ جھاڑ پھونک کے جواز پر مولوی عبدالوہاب صاحب کے خلاف مندرجہ ذیل علمائے کرام نے فتوئ کفر و شرک لگایا جو کہ علمائے اہلحدیث کا متفقہ فتوے" کے نام سے شائع ہوا۔ (۱) مولانا عبدالرحمان صاحب مبارک پوری شارح ترمذی (۲) مولانا محمد سواتی پروفیسر جامعہ ملیہ دہلی (۳) مولانا عبدالواحد صاحب غزنوی (۴) مولانا داؤد صاحب غزنوی (۵) مولانا محمد حسین صاحب غزنوی (۶) مولانا عبدالغفور صاحب غزنوی (۷) مولانا محمد یوسف صاحب ایڈیٹر اہل الذکر فیض آباد۔ (۸) مولانا عبدالحق صاحب ایڈیٹر اہلسنت امرتسر (۹) مولانا ابوالقاسم صاحب بنارسی (۱۰) مولانا عبدالتواب صاحب ملتانی (۱۱) مولانا عبدالاحد صاحب خانپوری (۱۲) مولانا عبدالغفور صاحب در بھنگی (۱۳) مولانا اسماعیل صاحب غزنوی (۱۴) مولانا عبدالوہاب صاحب آروی (۱۵) مولانا محمد صاحب دہلوی (۱۶) مولانا عبدالحکیم صاحب نصیر آبادی (۱۷) مولانا احمداللہ صاحب دہلوی (۱۸) مولانا شرف الدین صاحب دہلوی (۱۹) مولانا حافظ عبداللہ صاحب روپڑی (۲۰) مولانا محمد یوسف صاحب جے پوری (۲۱) مولانا محمد اسحاق صاحب کلکتہ (۲۲) مولانا محمد یونس صاحب دہلوی (۲۳) مولانا عبدالجبار صاحب دہلی (۲۴) مولانا عبیدالرحمان صاحب میرٹھ (۲۵) مولانا عبیداللہ صاحب دہلی (۲۶) مولانا عبدالخنان صاحب ایڈیٹر اہلحدیث گزٹ دہلی (۲۷) مولانا محمد سلیمان صاحب جج عدالت پٹیالہ (۲۸) مولانا ثناءاللہ صاحب ایڈیٹر اہلحدیث امرتسر۔

کل تعداد علمائے کرام ساٹھ تک پہنچائی ہے۔ جس میں علمائے عرب بھی شامل ہیں۔ اور سب کے ساتھ مولانا اسماعیل صاحب گوجرانوالہ کا فتوئ بھی شامل ہے۔

(عدوان المفتی صـ۱۷-۱۸)

ڈبل شرک

وہابیہ نجدیہ کے مولوی ابوالخیر محمد عبدالصمد صاحب جودھپوری

marfat.com

مولوی رفیق خاں پسروری کے اُستاد مولوی عبدالستار دہلوی کو مخاطب کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ:

"آپ کے نزدیک حَکَم (منصف۔ ثالث) بنانا شرک ہے۔ مگر خود تم نے اور تمہارے والد (عبدالوہاب) نے احناف سے مناظرہ کے وقت ایک غیر مسلم پادری بی۔ پی سمارٹ صاحب کو حَکَم تسلیم کر کے فیصلہ لیا ہے جس کا اپنے صحیفے بابت ماہ ذی الحجہ ۱۳۴۴ھ ص۱۷ میں ذکر کیا ہے۔ تو پھر تم اور تمہارے والد بقول خود ڈبل مُشرک ہوئے"

(اخبار محمدی دہلی ص۱۷ ۱۵ر اکتوبر ۱۹۳۸ء)

کفارِ مکہ سے بڑھ کر کفر

وہابیوں کے مشہور مصنف مولوی محمد صاحب جونا گڈھی نے اپنے اُستادزادے مولوی عبدالستار صاحب دہلوی کے متعلق فتوے شائع کیا ہے کہ:

"عبدالستار دہلوی اپنے کفر میں مکے کے کافروں کے کُفر سے بڑھا ہوا ہے" (اخبار محمدی دہلی ص۱۳ ۱۵ر نومبر ۱۹۳۹ء)

رگ رگ میں شرک

یہی مولوی محمد صاحب جونا گڈھی اپنے اُستاد خانہ کے متعلق مزید رقمطراز ہیں کہ: "ان کی رگ رگ میں شرک کی محبت رچی ہوئی ہے۔"

(رحمت محمدی ص۳)

مولوی عبدالعزیز رحیم آبادی اور عبداللہ غازیپوری پر فتوے

مولوی فقیراللہ مدراسی کا فتوے

حافظ عبدالمنان صاحب وزیرآبادی کے شاگردِ رشید اور ثناءاللہ صاحب

[1] مولوی ثناءاللہ امرتسری نے اپنے اخبار میں مدراسی کو اپنے اُستاد حافظ (باقی اگلے صفحہ پر)

marfat.com

امرتسری کے اُستاذ بھائی مولوی فقیر اللہ مدراسی نے اپنے فرقہ کی جلیل المرتبت شخصیتوں مثلاً مولوی عبدالعزیز رحیم آبادی اور مولوی عبداللہ غازی پوری پر بھی 'ملحد' کا فتوےٰ جڑ دیا ہے'۔ (اخبار اہلحدیث امرتسر صـ ۲ ۱۶ رجون ۱۹۱۶ء)

شہر سیالکوٹ کی جمعیت وہابیہ کے پیارے دادا جان اور امام العصر مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی بے چارے کو بھی وہابی مولویوں نے معاف نہیں کیا۔ ان پر بھی فتوؤں کا وار کر دیا اور دائرۂ اسلام سے خارج قرار دے دیا۔ مقامِ حیرت ہے کہ مولوی ابراہیم صاحب میر پر ان کے شاگرد اور جماعتِ وہابیہ کے مشہور مصنف حکیم صادق سیالکوٹی نے ہی زیادہ وار کیے ہیں طوالت کے خوف سے چند ایک وار ملاحظہ فرما کر اکابر وہابیہ کی دینی خدمات کا اندازہ لگائیں۔

مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی

دیدہ دلیر کاذب بے شرم بے غیرت

مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی سیالکوٹ عدالت میں گواہی کے طور پر پیش ہوئے۔ اور اُنہوں نے گواہی دی تو مجسٹریٹ درجہ اوّل غلام محی الدین گیلانی نے مقدمہ کا فیصلہ سُناتے ہوئے مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی کے بارے میں بھی اپنے خیالات کا اظہار تحریری طور پر کیا ہے جو کہ میر صاحب سیالکوٹی کے شاگردِ رشید نے 'مدعی امارت سے شرعی استفتاء' نامی پمفلٹ میں درج کیا ہے کہ:

I THINK HE IS AN IMPUDENT LIER.

(میرے خیال میں وہ دیدہ دلیر کاذب ہے)

(بقیہ صفحہ) عبدالمنان وزیرآبادی کا شاگرد لکھا ہے۔ (اہلحدیث امرتسر صـ ۱۷ رمارچ ۱۹۱۶ء)

ؔ امرتسری نے خود ملحد کی تعریف یہ کی ہے کہ جو کسی دین کا پیرو نہ ہو۔ (اہلحدیث امرتسر صـ ۱ ۱۹۰۹ء)

marfat.com

مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی کے شاگرد وہابیہ کے مشہور مصنف حکیم صادق سیالکوٹی اپنے اُستاد کو مدعی امارت کے لقب سے مخاطب کرتے ہوئے (IMPUDENT) لفظ کی تشریح کرتے ہیں کہ :

'مدعیٔ امارت! امیر جماعت! (IMPUDENT) کے معنے دیدہ دلیر کاذب کے علاوہ بے حیاء بے شرم۔ بے غیرت کے بھی ہیں ملاحظہ ہو لغت انگریزی سے اُردو ترجمہ مصنفہ مولوی عبدالحق مطبوعہ اورنگ آباد)

امیر جماعت! عدالت نے آپ کو دیدہ دلیر کاذب کہا ہے دھوکہ باز بھی کہا ہے۔' (مدعی امارت سے شرعی استفتاء)

ابراہیم کی تکفیر

امام الوہابیہ مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری اپنے اخبار اہلحدیث امرتسر میں 'ایک عجیب فتوائے' کی بغلی سُرخی دے کر لکھتے ہیں کہ :

'آج جس فتوائے تکفیر کا ہم ذکر کرنے کو ہیں۔ وہ فتوائے ہمارے برادرِ مکرم جناب مولوی محمد ابراہیم صاحب سیالکوٹی پر ہے۔'

(اہلحدیث امرتسر ۵/۲۲ ستمبر ۱۹۱۱ء)

مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی کے بعد وہابیہ کے غزنوی خاندان کے جلیل القدر امام عبدالجبار غزنوی اور اسماعیل غزنوی اوّل الذکر کو اخبار محمدی دہلی میں 'ولی خدا' لکھا ہے۔ کو بھی وہابیوں نے نہیں چھوڑا۔ فتوائے صادر فرمانے والے بھی وہابیوں کے امام مولوی ثناء اللہ امرتسری ہیں۔

امام عبدالجبار غزنوی

مولوی ثناء اللہ امرتسری کا فتوائے

امام الوہابیہ امرتسری صاحب اپنے فرقہ کے امام عبدالجبار غزنوی اور

marfat.com

اس خاندان کے دیگر علماء کے متعلق فتوے دیتے ہیں کہ:

'ان کا ظاہر کچھ اور باطن کچھ ہے۔' (اہلحدیث امرتسر ص۸، فروری ۱۹۱۳ء)

وہابیہ کے مولوی قاضی عبدالاحد خان پوری نے لکھا ہے کہ:

'مولوی ثناء اللہ امرتسری نے کلامِ مبین میں جابجا لکھا ہے کہ مولوی عبدالجبار صاحب علومِ آلیہ سے کورے ہیں۔' (تفسیر السلف ص۵)

غزنوی خاندان کے دوسرے فرد اسماعیل غزنوی پر بھی وہابیہ کے سردار امرتسری نے فتوے صادر فرمایا ہے جو کہ پیشِ خدمت ہے۔

وہابیہ کی مرکزی جمعیت کے سیکرٹری مولوی عبدالعزیز صاحب لکھتے ہیں کہ:

'مولوی ثناء اللہ امرتسری نے ہماری جماعت کے مشہور مخلص مجاہد (مولانا سید محمد اسماعیل صاحب غزنوی) نائب صدر کے خلاف یہ پروپیگنڈہ شروع کر دیا کہ وہ مرزائی ہیں۔ اور یہ جلسے جس قدر ہو رہے ہیں۔ اور یہ سارا خرچ اسی طرف سے آرہا ہے۔' (فیصلہ مکہ ص۳۴-۳۵)

وہابیہ غزنوی خاندان کے مولویوں کو مولوی ثناء اللہ امرتسری مخاطب کرتے ہوئے فتوے دیتے ہیں کہ:

'تم مسلک کے لحاظ سے اہلحدیث نہیں۔ بلکہ گفتار اور باتوں کے لحاظ سے اہلحدیث ہو۔ کیونکہ حدیث کے لغوی معنے اجوبات ہے اس معنے کے لحاظ سے اہلِ گفتار ہو۔ امرتسری صاحب نے خاندانِ غزنویہ کے علماء کو نفسانی اہلِ حدیث بھی قرار دیا ہے۔'

(ماخوذ از اخبار اہلِ حدیث امرتسر ص۳ ۲۱ نومبر ۱۹۱۳ء)

مولوی فقیر اللہ مدراسی پر فتوے

مولوی ثناء اللہ امرتسری کے فتوے

مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری اپنے فرقہ کے مولوی فقیر اللہ

marfat.com

مدراسی کو مخاطب کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

"پس اِس صورت میں ناحق و ناروا کفر و الحاد کے فتوے اہلِ قبلہ پر لگائے جانا اور سب و شتم و خرافات کا سلوک جو آپ کرتے ہیں مقتضائے علم و شرافت نہیں۔" (اخبار اہلِ حدیث امرتسر صـ۱۱ ۵ر نومبر ۱۹۱۵ء)

امرتسری صاحب مدراسی کو مخاطب کرتے ہوئے ایک دوسرے مقام پر لکھتے ہیں کہ:

"آپ کا یہی شیوہ ہمیشہ سے ہے کہ مسلمانوں کو خارج از اسلام کرتے ہوئے ہزلیات مغلظات سے کام لینا۔ اور آپ کا مخاطب بدنصیب کوئی ایسا خدا کا بندہ نہیں دیکھا گیا جس کو کافر۔ مُرتد۔ ملحد۔ زندیق۔ دجال۔ منافق۔ نیچری۔ قادیانی وغیرہ خطاب سے آپ نے ملقب نہ فرمایا ہو۔ اگر یوں ہی اور چندے آپ کو موقع مِل جاتے تو نہایت تشدد کے ساتھ اہلِ اسلام پر آفت ڈھائیں گے۔ اور مسلمانوں کو خارج از اسلام کر کے کفر کا نمبر بڑھانے میں ساعی رہیں گے۔ اور اس کفر و اعتدال کے فتوؤں کی بوچھاڑ سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان سے کوئی بھی آپ کے ٹھیکہ کی جنت میں جانے نہ پائے گا۔" (اہلِ حدیث امرتسر صـ۱۱ کالم ۱ ۵ر نومبر ۱۹۱۵ء)

امرتسری صاحب ہی لکھتے ہیں کہ:

"مولوی فقیر اللہ صاحب مدراسی میں ایک کمال ایسا ہے۔ کہ کسی دوسرے میں نہیں ہوگا۔ بلکہ کوئی دوسرا شخص اس کمال کو حاصل کر ہی نہیں سکتا۔ وہ کیا ہے؟ بدزبانی۔ دشنام دہی۔ عیب گیری بیجا نکتہ چینی۔ تعلّی۔ کبر۔ رعونت۔ نخوت۔ دروغگوئی وغیرہ جن میں سے ایک وصف بھی انسان کو کہیں پہنچانے کے لیے کافی ہے۔"
(اہلِ حدیث امرتسر صـ ۱۷ر مارچ ۱۹۱۶ء)

marfat.com

مولوی احمد اللہ صاحب امرتسری

مولوی ثناء اللہ امرتسری نے اپنے اُستاد مولوی احمد اللہ امرتسری وہابی کو بھی معاف نہیں کیا۔ ان پر بھی نفسانی اہلحدیث ہونے کا فتوےٰ صادر فرما دیا۔

(اخبار اہلِ حدیث امرتسر ص ۳ ۲۱ رِ نومبر ۱۹۱۳ء)

وہابیہ نجدیہ کے لکھوی خاندان کے عظیم فرزند اور امیر جمعیت مولوی محی الدین صاحب لکھوی بھی فتوے سے محفوظ نہ رہ سکے۔ اس سن رسیدہ لکھوی پر فتوےٰ صادر فرمانے والے بھی سن رسیدہ حصاری صاحب ہیں۔

مولوی محیُ الدّین لکھوی

مولوی عبدالقادر حصاری کا فتوےٰ

وہابیہ نجدیہ کی مقتدر شخصیت مولوی عبدالقادر صاحب حصاری نے فتوےٰ صادر فرمایا ہے کہ:

"جمعیت (اہلِ حدیث) کے لکھوی امیر صاحب کے عقائد میں مرزائیت سرائیت کر گئی ہے۔ مولوی محی الدین لکھوی اس حد تک پہنچ گئے ہیں کہ مرزائیوں کو کافر نہیں کہتے"

(تنظیم اہلِ حدیث لاہور ص ۶ ۲۲ رمارچ ۱۹۷۴ء)

مولوی محی الدین لکھوی کے بعد وہابیہ نجدیہ کے کانگریسی علماء مثلاً مرکزی جمعیت کے سابق امیر ناظم اعلےٰ داؤد غزنوی۔ اسماعیل کانگریسی آف گوجرانوالہ، ابوالقاسم بنارسی اور ابوالکلام آزاد وغیرہم جیسی مقتدر شخصیتوں پر جو فتوے چسپاں کیے گئے درج کرنا معلومات میں اضافہ کا باعث بنے گا۔

marfat.com

داؤد غزنوی، اسماعیل سلفی، ابوالقاسم بنارسی کانگریسی مولویوں پر فتوے

مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی کا فتوے

کانگریسی عُلماء دس کروڑ مسلمانوں کی تباہی کا بوجھ اُٹھا رہے ہیں۔ (پیغامِ ہدایت ص۱۱)

مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی نے دُوسرا فتوے بھی کانگریسیوں کے متعلق جاری فرمایا ہے کہ؛

'جو مسلمان خصوصاً عُلماء بالخصوص اہلحدیث عوام وعلماء ہندوؤں کی متحدہ قومیت کی آواز میں آواز ملاتے ہیں۔ وہ اسلام کے دوست نما دُشمن اور مسلمانوں کے خیر خواہ نما بدخواہ ہیں؛ (پیغامِ ہدایت ص۸۵)

میر سیالکوٹی نے احراری وکانگریسی وہابی مولویوں کو بناوٹی اہلِ حدیث قرار دیا ہے نیز ان کو گالیاں دینے والا۔ افترا باندھنے والا بیحرمتی۔ قتل و آتشزدگی کی دھمکیاں دینے والا قرار دیا ہے؛ (پیغامِ ہدایت ص۹۲)

مولوی داؤد صاحب غزنوی کانگریسی

وہابیہ نجدیہ کے کانگریسی مولوی داؤد صاحب غزنوی جو کہ مرکزی جمعیت کے امیر بھی رہ چکے ہیں پر بھی فتوے لگے۔ ان پر جس شخصیت نے فتوے لگایا ہے وہ شخصیت میر صاحب سیالکوٹی ہیں اور اُنہوں نے لاہور کی سرزمین پر جلسۂ عام میں خطبۂ صدارت دیتے ہوئے کہا کہ؛

'بہت سے اہلِ حدیث اصحاب مولانا داؤد صاحب سے کشیدہ خاطر

marfat.com

ہوکر واپس گئے۔ اور گذشتہ تحریکات میں ان کی روش کا نقشہ ان کی نظروں میں پھر گیا کہ مولانا داؤد غزنوی، صاحب ابن الوقت ہیں؛
(احتفال الجمہور صـ۲۳)

مولوی ابوالقاسم بنارسی کانگریسی

مولوی محمد دہلوی کا فتوے | وہابیہ نجدیہ کے ابوالقاسم بنارسی کانگریسی پر وہابیہ کے مولوی محمد صاحب جونا گڈھی مدیر اخبار محمدی نے بدعتی کا فتوے دیا ہے؛ (اخبار محمدی دہلی صـ۷ کالم ۱ یکم اکتوبر ۱۹۳۹ء)

مولوی اسماعیل کانگریسی آف گوجرانوالہ

ابراہیم میر کا فتوے | مولوی عنایت اللہ صاحب اثری گجراتی اپنے فرقہ کے مولوی اسماعیل کانگریسی آف گوجرانوالہ کو مخاطب کرتے ہوئے ان کے اُستاد مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی کا وہ فتوے جو انہوں نے جلسۂ عام میں لگایا تھا درج کیا ہے۔ اثری صاحب یوں مخاطب ہوتے ہیں کہ:

"جب آپ کانگریس میں تھے۔ آپ کے اُستاد (مولوی ابراہیم صاحب میر) مسلم لیگ میں تھے تو جلسۂ عام میں آپ کے متعلق اُستاد مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی نے فرمایا کہ میرے شاگردوں میں گندا انڈہ نکلا ہے۔ اور آپ کو گوجرانوالہ سے نکلوا دیا۔

(ماخوذ از عدوان المفتی صـ۱۴)

marfat.com

مولوی محمد صاحب گوندلوی

موجودہ دور کی وہابیوں کی ممتاز شخصیت مولوی محمد صاحب گوندلوی بھی فتویٰ سے نہ بچ سکے۔ صحیفہ اہلحدیث کراچی میں جناب مولانا حافظ محمد صاحب گوندلوی سے چند سوالات کی سُرخی دے کر حصاری صاحب نے فتویٰ لگایا ہے کہ:

مولوی عبدالقادر حصاروی کا فتوے

آپ (حافظ محمد صاحب گوندلوی) کا باطن ظاہر کے خلاف ہے۔

(صحیفہ اہلحدیث کراچی ص ۱۰ اکتوبر ۱۹۶۸ء)

مولوی عبدالقادر حصاروی

مولوی عبدالقادر حصاروی صاحب کو اپنے گروہ کی عظیم شخصیت کو معاف نہ کرنے کی سزا بھی مل گئی۔ کہ ان پر بھی اُن کے فرقہ کے مولوی صاحب نے یہ فتوے صادر فرما دیا کہ:

مولوی یوسف صاحب کلکتوی کا فتوے

مولانا عبدالقادر حصاروی کے دلائل پر تعجب ہوا کہ بیچارے امام بخاری کے باب باندھنے کو نہ سمجھ سکے۔ اور حقیقت یہی ہے کہ بخاری کا سمجھنا کسی کسی کا کام ہے۔ مولانا صاحب کا فتوے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ علم حدیث میں حقیقت بہت کم رکھتے ہیں۔ (صحیفہ اہلحدیث کراچی یکم فروری ۱۹۶۸ء)

آخر میں وہابیہ نجدیہ کے مشہور امام حافظ عبدالمنان وزیر آبادی اور امام عبدالوہاب دہلوی کے شاگرد اور وہابیوں کے سن رسیدہ بزرگ مولوی عنایت اللہ اثری کے پر جو وہابی اکابر نے فتوے لگائے ہیں پیش کیے جاتے ہیں۔

marfat.com

مولوی عنایت اللہ صاحب اثری گجراتی

مولوی عنایت اللہ صاحب اثری گجراتی کو وہابیوں نے اپنی جماعت سے خارج کر دیا۔ مولوی عنایت صاحب نے خود اپنی کتاب میں اس کا اندراج فرمایا ہے کہ:

حافظ عبداللہ روپڑی کا فتوے

مولوی عبدالکریم صاحب نے یہ بتایا کہ میرا دوست اور میں دونوں حافظ عبداللہ صاحب روپڑی کے پاس گئے۔ سلام و مصافحہ کے بعد میرے دوست نے تعارف کراتے ہوئے فرمایا کہ یہ حافظ عنایت اللہ اثری گجراتی کے شاگرد ہیں۔ سنن اربعہ اُن سے پڑھ چکے ہیں۔ اور صحیح مسلم پڑھ رہے ہیں۔ مولوی صاحب نے فرمایا کہ جو کچھ وہ پڑھاتے وقت بیان کرتا ہے۔ تجھے اس کی برداشت ہے۔ میں نے کہا کہ میں تو اپنے دوست سے جناب کا ذکر بڑے احترام سے کرتا رہا ہوں۔ اور آپ نے میرے اُستاد کا ذکر بڑی حقارت سے فرمایا ہے۔ پھر میرے دوست نے فرمایا کہ آخر حافظ صاحب میں کیا بات ہے فرمایا کہ وہ جماعت سے خارج ہے۔

(العطر البلیغ ص ۱۱۸-۱۱۹ ج ۲)

مولوی اسماعیل صاحب کانگریسی کا فتوے

وہابیوں کی مرکزی جمعیت کے امیر مولوی اسماعیل سلفی کانگریسی آف گوجرانوالہ نے بھی اپنے اُستاذ بھائی مولوی عنایت اللہ صاحب اثری گجراتی پر فتوے صادر فرمائے ہیں۔ جن کو خود اثری صاحب نے اپنی کتاب 'عدوان المفتی' کے صفحہ ۸، ۹ پر درج کیا ہے۔ وہ فتوے یہ ہیں۔

'ایسے حضرات (مولوی عنایت اللہ اثری جیسے) کو امام نہیں مقرر کرنا چاہیئے'

(عدوان المفتی ص ۸)

marfat.com

'ایسے حضرات غیر مقلد تو کہلا سکتے ہیں۔ لیکن اہلحدیث قطعاً نہیں ہو سکتے۔'
(عدوان المفتی ص۹)

'ایسا شخص بدعتی ہے۔ ایسے شخص سے نفرت کرنا چاہیئے۔'
(عدوان المفتی ص۹)

'ملحد اور بے دین کی اقتدار درست نہیں اور عالم صاحب (یعنی عنایت اللہ) کے متعلق حجاز کے علماء نے کفر کا فتوےٰ دیا ہے۔'
(عدوان المفتی ص۱۶)

'ایسے شخص کی اقتدار بے دین اور ملحد ہی کر سکتا ہے۔' (عدوان المفتی ص۱۶)

وہابی مولویوں نے اپنے بیچارے عوام کو بھی معاف نہیں کیا۔ ان پر بھی فتوے جڑ دیا۔

سب وہابیوں پر فتوے

وہابیوں کے بہت بڑے بزرگ اور مصنف مولوی محمد صاحب جونا گڈھی المعروف دہلوی نے سب وہابیوں پر بدعتی کا فتوےٰ جاری کیا ہے۔ کیونکہ مولوی صاحب کے نزدیک ختنے کی دعوت کرنے والے اور اس میں شریک ہونے والے سب کے سب بدعتی ہیں۔
(اخبار محمدی دہلی ص۷ یکم اکتوبر ۱۹۳۹ء)

ناظرین حضرات! فرقہ وہابیہ کے اکابر کی آپس میں فتوےٰ بازی کا حسین منظر آپ نے دیکھا۔ ان کا بس چلے تو کسی کو جنت میں داخل نہ ہونے دیں۔ ان حضرات کی تبلیغ کفار کو اسلام کی طرف راغب کرنا نہیں بلکہ مسلمانوں کو کافر بنانا ہے جس کی شہادت خود وہابیوں کے ایک دردمند والہ جاہ مدراسی اپنے الفاظ میں اس طرح درج کرتے ہیں:

marfat.com

وہابی مولویوں کی تبلیغ مسلمانوں کو کافر بنانا ہے

افسوس ہے اس زمانہ کے علمار اہلحدیث میں ایسا اختلاف ہے کہ بجائے کفّار کو اسلام میں لانے کے مسلمانوں کو کافر۔ زندیق۔ ملحد وغیرہ کے القاب عوام میں بذریعہ رسالہ یا اشتہار مشتہر کر رہے ہیں۔ علمار زمانہ کی یہ حالت ہو تو عوام کا کیا حال ہو گا؟ (اہلحدیث امرتسر ص ۱ ۲۷ اگست ۱۹۱۵ء)

آج دعوے ان کی یکتائی کا باطل ہو گیا
رُوبرو ان کے جو آئینہ مقابل ہو گیا

اسی بے باکی کی وجہ سے بے دین اور گمراہ فرقوں کی پیداوار کی ذمہ داری وہابیت پر ہی آتی ہے جیسا کہ دیوبندیوں کے مولوی خلیل احمد صاحب لکھنوی نے بھی غیر مقلدین وہابی مولویوں کے متعلق تحقیقات کے بعد جو فیصلہ دیا ہے وہ بھی قابلِ مطالعہ ہے۔ پڑھیئے اور اُم الخبائث کی نشاندہی کیجیے:

گمراہی کی بُنیاد وہابیّت

مولوی خلیل احمد لکھنوی دیوبندی

اس بے باک فرقہ غیر مقلد کے علمار نے جو پیشوایان اسلام پر بہت کچھ زہر اُگلے۔ اور بُہتان لگائے ہیں۔ میں سچ عرض کرتا ہوں اگر احکامِ شرعیہ کے اجرار کا زمانہ ہوتا تو ان بے باک مولویوں پر حدِ افترار قائم ہوتی۔ مگر اس زمانہ میں یہ ہوتے ہی کیوں یاد رہے۔ اِنشار اللہ تعالیٰ میدانِ قیامت میں احکم الحاکمین جبّار و قہار جل جلالہٗ کے رُوبرو فقہائے اسلام بلکہ اسلام مدعی ہو گا۔ اور یہ مفتری مولوی مدعا علیہم۔ کیا یہ مولوی ان کے متبعین اسلام کے خیر خواہ ہوں گے۔ یا بدخواہ اسلام کے دوست سمجھے جائیں گے یا دُشمن۔ اس پر طرہ یہ کہ نام رکھ لیا ہے اہلِ حدیث۔

برعکس نہند نام زنگی کافور!

marfat.com

نام تو جس کا جچا ہے رکھ لے اس سے بڑھ کر ایک نام اور آپ کو سناتا ہوں۔ فرقہ مسمّی اہلِ حدیث کی عمر لو تخمیناً چالیس پچاس سال ہوگی۔ ہندوستان ہی میں اس مٹھی بھر فرقہ کا تولد ہوا۔ یہاں ہی نشو و نما پایا۔ اس فرقہ کا ایک چھوٹا بھائی بھی پنجاب میں پیدا ہوا ہے۔ اس کی عمر تخمیناً بیس پچیس سال کی ہوگی۔ مگر اس چھوٹے بھائی نے نام رکھا بڑے بھائی سے بھی بڑھیا وہ کیا اہلِ قرآن۔ اب تو بڑے بہت خفا اور ناراض ہوئے۔ کہ چھوٹے بھائی ہو کر نام رکھ لیا بڑے بھائی سے بھی بڑھیا لہٰذا تو ملحد ہے زندیق ہے۔ چھوٹے بھائی بولے آپ کی ناراضی بالکل بے جا ہے۔ شروع میں ہم بھی آپ کے قدم بقدم رہے آپ سے ہی آزادی کا سبق پڑھا۔ آپ کی تربیت کا اثر سے متاثر ہو کر تقلید فقہ کے پھندے کو گردن سے نکال پھینکا غیر مقلد یا اہلِ حدیث کے نام سے پکارے گئے۔ آپ کے ساتھ ہو کر فقہار اسلام پر جھوٹے جھوٹے بہتان و اہتمام تراشے مگر خداداد جودتِ طبع اور فہم و فطانت کیا کیجیے۔ انہوں نے ہم کو مجبور کیا کہ اور زیادہ آزادی حاصل کریں اور دوسرے پھندے، تقلیدِ حدیث کو بھی نکال کر ہلکے بنیں۔ تم تو رات دن صرف فقہا ہی کے پیچھے پڑے رہتے ہو عمر فقہا کی توہین میں گزارتے ہو اور ہم فقہار کے ساتھ محدثین کی بھی خبر لیتے رہتے ہیں۔ اب بتاؤ کہ ہم بڑے ہوئے کہ تم۔ بزرگی بعقل است نہ بسال۔ لہٰذا ہم تم سے مرتبہ میں بڑے نام بھی بڑا رکھا۔ تو کیا مضائقہ ہے۔

بھائی جان اور سنیئے ہمارے اور تمہارے ایک منجھلے بھائی بھی ہیں۔ اگرچہ ان کی تولید اور فروغ ہماری ولادت سے پہلے ہو چکا ہے۔ مگر سنا ہے کہ وہ بھی آپ ہی کے مدرسہ کے طالب علم آپ سے ہی فیض یافتہ آپ سے ہی آزادی کا سبق لیے ہوئے ہے۔ مگر وہ تو ہم سے بھی ایک زینہ اوپر چڑھ گئے۔ انہوں نے تو یک لخت فقہ کے ساتھ حدیث اور قرآن سے بھی گلو خلاصی کر لی اور بن بیٹھے نبی جی ان کا نام نامی ہے مرزا قادیان۔ پھر تو کیا تھا مذہب جُدا وحی جُدی۔ ملت جُدی

marfat.com

بہرحال اہلِ قرآن ہوں یا دجّال قادیاں سب آپ (وہابیوں) کے چیلے چانٹے جو کچھ یہ کارنمایاں کر رہے ہیں سب آپ کی جوتیوں کا صدقہ آپ کے نامۂ اعمال میں درج۔

اے بادِ صبا ایں ہمہ آوردۂ تست

ناظرین! دیکھا یہ ہیں۔ عدم تقلید اور فقہاء اسلام کی گستاخی کے کرشمے اور نتیجے۔ یہ تو ان بھائیوں کے نام کی لڑائی ہے۔ آخر ہیں تو سب بھائی بھائی چھوٹی بڑائی کا فرق سہی کبھی نہ کبھی مِل ہی جائیں گے۔

اے صاحبو! میں تم سے بالکل درست کہتا ہوں کہ حضور سرورِ کائنات علیہ التحیات والتسلیمات نے اپنی اپنی اُمت کو ان بھائیوں کی خبر نہایت خوفناک اور ہولناک الفاظ میں پہلے ہی فرما دی۔ یہ ماہرانِ حدیثِ نبویہ اس رمز کو خوب سمجھتے ہیں۔ اہلِ فہم و فراست ان بھائیوں کے نام کی لڑائی سے خوب سمجھ گئے ہوں گے کہ ان بھائیوں میں کیا فرق ہے۔ مگر میں اچھی طرح واضح کیے دیتا ہوں کہ اہلحدیث فقہ کے منکر اور تارک۔ فقہاء کے دُشمن اور معاند۔ اہلِ قرآن فقہ و حدیث دونوں کے منکر اور تارک۔ فقہاء و محدثین دونوں سے ان کو عداوت۔ اہلِ قادیان تینوں سے متنفر اِسلام سے خارج۔ (جلد التہدید علےٰ ظہر عدم التقلید ص ۲ تا ۶)

ابوالکلام آزاد کے والدِ ماجد علیہ الرحمۃ کا فیصلہ

ممدوح الوہابیہ والد یا بنہ ابوالکلام آزاد کانگریسی نے اپنے والد ماجد علیہ الرحمۃ کا نتیجہ خیز فرمان اپنی کتاب میں ان الفاظ میں درج کیا ہے کہ:

"والدِ مرحوم کہا کرتے تھے کہ گمراہی کی موجودہ ترتیب یوں ہے کہ پہلے وہابیت پھر نیچریت، نیچریت کے بعد تیسری منزل جو الحاد قطعی ہے اُس کا وہ ذکر نہیں کرتے تھے۔ اس لیے کہ وہ نیچریت ہی کو الحاد قطعی سمجھتے تھے۔ لیکن میں (ابوالکلام) اتنا اضافہ اور کرتا ہوں۔ کہ تیسری منزل الحاد ہے۔ اور ٹھیک ٹھیک مجھے یہی پیش آیا۔ سرسید احمد

marfat.com

خاں ..... کو بھی پہلی منزل وہابیت ہی کی پیش آئی تھی۔"
(آزاد کی کہانی ص ۳۱)

آخر وہابیت بے دینی اور بدعقیدگی کی جڑ اور اصل کیونکر ہے؟ اس کا جواب خود صحیفہ اہلحدیث کراچی کی مندرجہ ذیل عبارت ہے کہ:

"جماعت اہلحدیث کی روش ہمیشہ ہی سے دین کے معاملہ میں لوگوں سے الگ رہی ہے۔ ایمان میں۔ عقائد میں۔ اعمال میں۔ عبادات میں۔ معاملات میں اور اکثر مسائل میں اہلحدیث حضرات لوگوں سے الگ رہے ہیں اور رہینگے (صحیفہ اہلحدیث کراچی ص ۲۸ نومبر ۱۹۵۴ء)

گمراہی اور ضلالت کا سبب یہ جماعت کیوں نہ بنے۔ جب سب سے الگ رہنا ان کا دعوے اور مشن ہے۔ پیارے امام الانبیاء شہنشاہ دوسرا محمد مصطفیٰ علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام کا فرمان ہے۔

لَا تَجْتَمِعُ اُمَّتِیْ عَلَی الضَّلَالَۃ + میری اُمت گمراہی پر اکٹھی نہیں ہوگی۔

وہابیہ کا دعوے کہ الگ رہے ہیں اور رہیں گے بتا رہا ہے کہ وہ صریحاً گمراہی اور ضلالت کے گڑھے میں پڑے ہوئے ہیں۔ اسی لیے ان میں تفرقہ بازی۔ گستاخی۔ بے ادبی اور مسلمانوں پر فتوے بازی بدرجہ اتم پائی جاتی ہے۔ اور موجودہ دور کے جملہ گمراہ فرقوں کی پیدا وار کے یہی ذمہ دار ہیں۔

قارئین عظام! تفرقہ بازی اور انتشار پھیلانا۔ بزرگوں کی توہین کرنا اور بے ادبی کرنا نیز فتوے بازی جیسے اہم موضوعات کو پڑھنے کے بعد وہابی اکابر کی سیرت اور کردار کا پہلو بھی قابل مطالعہ ہے۔ ظاہراً لمبی لمبی ڈاڑھیاں اور شکل وصورت سے بڑے پارسا نظر آتے ہیں مگر قریب ہو کر ان کی سیرت اور کردار کو دیکھا جائے تو معاملہ الٹ نظر آتا ہے۔ یہ سب کچھ اُن کے گھر کے بھیدی مولویوں نے بیان کیا ہے۔ وہی پیش کیا جاتا ہے۔ ؎ میرے دِل کو دیکھ کر میری وفا کو دیکھ کر
بندہ پرور منصفی کرنا خُدا کو دیکھ کر!

marfat.com

سیرت و کردار

اکابرِ وہابیہ میں روپے کی حرص اتنی زیادہ ہے کہ اس کی محبت میں کبھی تو اپنے قول اور اقرار کو بھول جاتے تھے۔ کبھی فقراء اور غریبوں کے مال ہضم کر جاتے ہیں کبھی جعل سازی کرتے ہیں کہ دیکھنے والا ششدر رہ جاتا ہے۔ کبھی امانتوں میں خیانت کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں یہاں تک کہ اپنے شاگردوں اور طلبہ کے پیسوں کو بھی ہضم کر جاتے ہیں۔ یہی روپے کی محبت سے رذیل اور کمینی قسم کی حرکات ان سے سرزد ہوتی ہیں۔ اس کی خاطر کئی قسم کے جھوٹ اور فراڈ معرضِ وجود میں لاتے ہیں اور زمانے کی طرح رنگ بدلتے ہیں الغرض وہابی اکابر کی دینی ہمراہی کا محور دولت ہے۔ جس کے ثبوت کے لیے چند ایک شواہد پیش کیے جاتے ہیں۔

روپے کی محبت میں قول و اقرار بھول جانا

مولوی ثناء اللہ امرتسری اپنے فرقہ کے مجتہد مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی کے کردار کے متعلق گواہی دیتے ہیں کہ:

"اہلحدیث مورخہ ۲۴ ستمبر میں مولانا بٹالوی کی تحریر کے مطابق لکھا گیا تھا کہ آپ حسبِ وعدہ تین سو روپیہ حاجی علی خان سوداگر دہلی کے پاس جمع کرا دیں اور منصف علماء کو منظور کریں، روپیہ جمع کرانے کی مہلت ایک ہفتہ دی گئی تھی۔ مگر جناب موصوف نے وہی کیا جس کی اُن سے اُمید تھی۔ روپیہ کی محبت میں اپنے قول و قرار کو بھول گئے۔"

(اخبار اہلِ حدیث امرتسر صـ۱۳ کالم ۱ ۸ اکتوبر ۱۹۱۵ء)

سر پٹورنا

مبصر امرتسری، روپڑی صاحب سے سوال کرتے ہوئے ان کے جوابات طلب کرتے ہیں کہ:

marfat.com

کیا یہ صحیح ہے کہ آپ تحصیلِ زر کے لیے اب ایک اور محاذ (امرتسر) تلاش کر رہے ہیں تاکہ روپڑ بھی قبضہ میں رہے اور امرتسر سے بھی روپیہ کھینچ لیا جائے۔ یہ صحیح ہے کہ آپ اپنے دونوں ایجنٹوں کو نہ تو بہ بھتیجوں بلکہ دامادوں اسماعیل اور عبدالقادر[1] کو تحصیلِ چندہ کے لیے کبھی مدرسہ کے نام پر جو برائے نام ہے۔ اور کبھی اخبار کے قرض کے نام پر بھیجتے رہے ہیں۔ اور ہزاروں روپیہ سالانہ جمع کر لیتے ہیں جس کا کوئی حساب نہیں؟ کیا یہ صحیح ہے کہ آپ نے امسال جمعیت تنظیم اہلحدیث سے یہ معاہدہ کیا تھا کہ علاقہ روپڑ سے جو چندہ آئے گا۔ وہ نصف مدرسہ مرکزی اور جمعیت تنظیم اہلحدیث کو دے دیا جائے گا۔ مگر اب تک آپ نے ایک پائی بھی جمعیت تنظیم کو نہیں دی۔ اور سات آٹھ سو روپیہ بلاڈکار مضم کر لیا ہے۔

کیا یہ صحیح ہے کہ آپ اللہ بخش کمیر پوری کو آلۂ کار بنا کر جگہ جگہ (اخبار کانفرنس وغیرہ) جلسے کراتے ہیں۔ اور اس طرح جو چندہ جمع ہو جاتا ہے وہ آپس میں تقسیم کر لیتے ہیں۔" (اخبار محمدی دہلی ص۱۷ ۱۵ر فروری ۱۹۳۹ء)

حافظ شریف اور حکیم صادق کی سیاہ کاریاں

سیالکوٹ کی وہابی پارٹی کے نمائندے عبداللہ مصری نامی شخص نے اپنے فرقہ کے مولوی حافظ شریف اور حکیم صادق سیالکوٹی کی سیرت اور کردار کے متعلق اشتہارات شائع کیے ایک اشتہار میں لکھا ہے کہ:

"شہرِ اقبال کے دو فسادی مُلاں (حافظ محمد شریف۔ حکیم صادق) کی خیانت۔ کذب بیانی۔ سیاہ کاریوں سے دانستہ جماعت کے سربرآوردہ ارکان اغماض پہلوتہی کرتے ہیں۔ جماعتی فنڈ میں بددیانتی کرنا۔ کتابوں

---

[1] عبدالقادر وہی ہیں جو آج کل وہابیہ کے مناظر ہیں۔ (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

کی اشاعت وطباعت کے لیے زکوٰۃ کی رقم خود ہضم کرنا۔ جماعتی سپیکر کا کرایہ خود کھا جانا۔ طلباء کے لیے جمع شدہ چاول اپنے گھر پہنچا دینا۔ صدقہ کے گوشت کو فروخت کر کے پیسے اپنی جیب میں ڈال لینا۔ مبلغین کے حصہ کی رقم خورد برد کرنا۔ تبلیغ کے نام پر گاؤں والوں کو لوٹنا۔ حجرۂ خاص میں بدفعلی کرنا۔ ان سب صفات کے حامل امیرِ جمعیت اہلحدیث آف سیالکوٹ حافظ شریف اور ان کے معاون حکیم صادق ہی ہیں۔ (اشتہار لمحۂ فکریہ)

دو ہزار روپیہ

شہر سیالکوٹ کے وہابیہ کی انجمن کے ناظم اعلےٰ عبدالغفور بٹ نے اپنے شائع کردہ پمفلٹ "اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے" میں لکھتے ہیں کہ:

"(حافظ صاحب نے) انجمن کے خزانہ سے دو ہزار روپیہ جامع اہلِ حدیث پل ایک کی ملحقہ کوٹھی خریدنے کے لیے زرِ بیعانہ تو انجمن اہلِ حدیث رجسٹرڈ سے ادا کر لیا گیا۔ اور اس بیعانہ کی رسید دکھا دکھا کر تمام ذرائع سے روپیہ اکٹھا کیا۔ مگر انجمن میں دو ہزار روپیہ آج تک واپس نہیں کیا گیا۔ بلکہ سُنا گیا ہے کہ کسی اور صاحب سے بھی دو ہزار روپیہ یہ کہہ کر لیا گیا ہے کہ کوٹھی خریدنے کے لیے زرِ بیعانہ دینا ہے۔ ان دو ہزار میں سے ان صاحب کو کچھ ادا کیا گیا ہے۔ بقایا غالباً ۸۰۰/- روپے ان صاحب کے تقاضا کے باوجود ان کو واپس نہیں دیئے گئے۔" (پمفلٹ "اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے" ص ۳)

حافظ شریف صاحب سیالکوٹی کی سیرت اور کردار کے متعلق لوگوں نے پہلے بھی کئی پمفلٹ شائع کیے اور ان سے استفسارات کیے۔ ان سے استفسارات کرنے والی انجمن مفاد المسلمین تھی۔ اُس انجمن کے شائع پمفلٹ سے بھی حافظ شریف صاحب کے کردار کے متعلق چند اقتباسات پیش کرتا ہوں۔

marfat.com

مُجاہدینِ کشمیر کا مال ہضم کرنا

سیالکوٹ شہر کے وہابیوں کی انجمن مفاد المسلمین نے ایک پمفلٹ 'حافظ محمد شریف اینڈ کو سے چند استفسارات' شائع کیا تھا جس میں انجمن والوں نے اپنے ہی فرقہ کے حافظ محمد شریف صاحب سیالکوٹی کو مخاطب کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

'بعض لوگوں نے مجاہدینِ کشمیر کے لیے کئی ایک گرم کوٹ۔ ایک لانگ بوٹ۔ قیمتی تیس روپیہ اور کئی ایک گرم تپلونیں اور بکریں اور ایک گرم کمبل قیمتی پچیس یا تیس روپیہ بطور چندہ آپ (حافظ شریف) کے حوالے کیا۔ لیکن اس کے بعد وہ گرم کوٹ اور کمبل پارٹی کے رائج الوقت معزز ممبروں اور ان کے اعزہ و اقربا کے زیب تن کیے ہوئے دیکھے گئے اور لڑکوں نے صدائے اِحتجاج بلند کی۔ کہ یہ چیزیں تو مجاہدینِ کشمیر کے لیے دی گئی تھیں۔ آپ لوگوں نے کس حیثیت سے ان کو زیب تن کیا ہے۔ تو بحکم حافظ محمد شریف صاحب ڈکٹیٹر ان اعتراض کرنے والوں کو پٹوایا گیا'

(حافظ محمد شریف اینڈ کو سے چند استفسارات ص ۱۶)

ہزار روپیہ کی جعلسازی

یہی انجمن مفاد المسلمین کے صدر اسی پمفلٹ میں حافظ صاحب کو مخاطب کرتے ہوئے پوچھتے ہیں کہ:

'بیری والا چوک کے جس شخص سے آپ کا لین دین کا معاملہ تھا۔ اُس کے حساب میں آپ نے اپنے دستِ خاص سے ایک ہزار روپیہ کی ادائیگی جعلسازی سے لکھا لی تھی یا نہیں؟ اور کیا آپ (حافظ شریف) وہ رجسٹر مجمع عام میں پیش کر سکتے ہیں۔ جب اُس شخص نے صدائے احتجاج بلند کی ہے۔ کہ یہ رقم میرے حساب میں بغیر ادائیگی کے لکھی گئی ہے۔ اور آپ کے دیگر نے بھی

marfat.com

اس شخص کو سچا جان کر اس کی موافقت کی تو پہلے تو آپ نے بطالف الحیل اپنے اندراج کو درست کہا۔ لیکن جب آپ کے دیگر شرکاء آپ کے موافق نہ ہوتے تو آپ نے مجبوراً نہ ایماناً اسے تسلیم کیا۔ اور وہ ایک ہزار روپیہ اُس شخص کو ادا کر دیا گیا۔ یہ بات آپ کے شرکاء چوہدری عنایت اللہ ڈار اور محمد ابراہیم قریشی وغیرہما کو بھی معلوم ہے۔

(حافظ محمد شریف اینڈ کو سے چند استفسارات ص۱۵)

انجمن مفاد المسلمین کا فیصلہ

وہابیوں کے مولوی شریف صاحب سیالکوٹی کے بارے میں انجمن مفاد المسلمین نے جو فیصلہ دیا ہے۔ وہ بھی پیشِ خدمت ہے۔

"(حافظ شریف صاحب) معاملہ کرنے میں انصاف و راستبازی کو بہت کم دخل دیا جاتا ہے۔ جس جس شخص سے معاملہ پڑا قریباً بہت سے آپ سے نالاں ہیں۔ ہیر پھیر۔ جھگڑا۔ عموماً تمام کے ساتھ"

(حافظ محمد شریف صاحب کی قلابازیاں ص۵)

انجمن اہلحدیث سیالکوٹ نے ۱۹۴۹ء میں ایک ٹریکٹ "اظہارِ حق" شائع کیا اُس میں بھی حافظ شریف صاحب اور حکیم صادق صاحب کی سیرت اور کردار کی کافی جھلکیاں دکھائی دیتی ہیں۔ ان جھلکیوں میں سے صرف ایک جھلکی دکھائی جاتی ہے۔

"صدر صاحب بابو عبدالقیوم نے مولانا (ابراہیم میر) صاحب سے اجازت لے کر نامواقف حالات کی مختصر تفصیل یوں بیان کی کہ اخبار مسلمان کے متعلق حافظ (شریف) صاحب کے ذمہ کچھ رقم جو غالباً مبلغ تہتر (۷۳) روپے کے قریب تھی۔ اور کچھ اور حساب بھی تھا۔ حافظ صاحب سے اس کا حساب مانگا گیا تو حافظ صاحب نے پس و پیش کی۔ جس کے لیے آج تک تقاضا جاری ہے۔ لیکن حافظ صاحب حساب نہیں دیتے اور نہ رقم ادا کرتے ہیں۔" (اظہارِ حق ص۵)

marfat.com

ناظرین حضرات! حکیم صادق صاحب سیالکوٹی نے اپنے پمفلٹ 'ایک مدعیِ امارت سے متعلق شرعی استفتاء' میں ان سب حرکات کا ذمہ دار اپنے اُستاذ مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی کو ہی قرار دیا ہے اپنے اُستاد صاحب کو مخاطب کر کے یہ مصرعہ لکھا ہے:

'اے بادِ صبا ایں ہمہ آوردۂ تُست!

ہر عقلمند کہے گا یہ کس کی صحبت کا فیضان ہے؟ حضرت اُستاذ ہی کی صحبت کا ہے۔ شاگرد صاحب کی زندگی کی سفید چادر پر اُستاذ ہی کی صحبت کے سیاہ داغ لگ گئے ہیں نا۔

(ایک مدعی امارت سے متعلق شرعی استفتاء ص۹)

حکیم صاحب نے اپنے استاد کے کردار کی بھی چند جھلکیاں اس پمفلٹ میں دکھائی ہیں۔ چند جھلکیاں کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔ 'آنہ فنڈ کا حساب' کی سُرخی دے کر اپنے اُستاد کا کردار درج کیا ہے کہ:

'وہ قومی امانتوں کا حساب قوم کے آگے آئینی طور پر پیش نہیں کرتے'

'محاسبین پر برقِ امارت' ہے کی سُرخی دے کر ان الفاظ میں کردار پیش کیا ہے۔ کہ:

'جلسہ کرنے والوں کی نسل کی خیر نہیں۔ اگر وہ آکر جلسے کی رقم کا حساب پوچھیں۔ دور کیوں جائیں ابھی کل کی بات ہے کہ ابدال سے آگے کنگ اور کنگ سے آگے ایک گاؤں ۔۔۔۔ والوں نے جلسہ کرانے کی غرض سے حاضرِ دربار ہو کر مطلوبہ رقم خزانے میں داخل کرادی۔ حضور امیر اپنے مخصوص علماء کے ساتھ وہاں پہنچ گئے۔ واپسی پر سیکرٹری سے ۲۷ ستائیس چہرہ شاہی مزید لیے۔ اور فرمایا میرے پاس آکر حساب کر لینا۔ اُس گاؤں سے دو آدمی حاضر ہوئے۔ حساب کرنے کے لیے۔ ارشاد ہوا پھر سہی۔ وہ پھر آئے

marfat.com

تو حکم فرمایا طبیعت ناساز ہے۔ پھر کسی وقت آنا۔ آنے والے اپنی اجل سے غافل ہو کر ایک مرتبہ پھر آ ہی گئے۔ حضور امیر (ابراہیم) کی بیٹھک میں ابھی قدم رکھنے ہی کو تھے کہ امارت کی بجلی چمکی۔ پھر کڑکی۔ ان مسافروں کا دانہ پانی ابھی دُنیا میں باقی تھا۔ کہ بجلی گرنے سے قبل بے چارے نو دو گیارہ ہو گئے۔ جان بچی لاکھوں پائے۔ حساب پوچھنے سے باز آئے۔' (ایک مدعی امارت سے متعلق شرعی استفتاء ص۱)

زمین بیچ کر ٹھیکہ کھانا، ہبہ واپس لینا قے چاٹنا ہے۔ سود کا نام نفع ان سب غیر شرعی امور کا مرتکب اپنے اُستاذ اور وہابیہ کے امام العصر مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی کو وہابیوں کے حکیم محمد صادق صاحب سیالکوٹی نے قرار دے کر ان کی سیرت اور کردار نمایاں کیا ہے۔ اور یہ ثابت کیا ہے کہ ایسا شخص جماعت کا امیر شرعی طور پر بھی مقرر نہیں کیا جا سکتا۔

قارئین عظام! یہ تھا مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی اور اُن کے شاگردِ رشید حافظ محمد شریف اور حکیم صادق صاحبان سیالکوٹی کا کردار اب میر صاحب کے تیسرے شاگرد مولوی اسماعیل صاحب سلفی کانگریسی آف گوجرانوالہ کا حال اور کردار پڑھیئے۔ مولوی اسماعیل صاحب سلفی کانگریسی وہی ہیں۔ جو کہ وہابیوں کی مرکزی جمعیت کے امیر بھی رہ چکے ہیں۔

مولوی اسماعیل کانگریسی سے مصارف کا محاسبہ

غیر مقلد مولوی عنایت اللہ صاحب اثری گجراتی اپنے فرقہ کے مولوی اسماعیل کانگریسی آف گوجرانوالہ سے مصارف کا محاسبہ ہونا اور اسماعیل کا حساب نہ دے سکنا کا واقعہ خود ہی بیان کرتے ہیں کہ:

'۷-۸ نومبر ۱۹۱۶ء کی درمیانی شب کو عشا۔ کے وقت مجھے استفتاء کے رنگ میں ایک تحریر برائے جواب موصول ہوئی۔ کہ ہم نے

marfat.com

اپنے خطیب مولوی اسماعیل صاحب کو مدرسہ کے لیے دو ہزار روپیہ دیا تھا۔ جس میں سے ایک ہزار تو انہوں نے خزانہ میں داخل کرایا تھا، کہ گوشوارہ میں درج ہے۔ جس میں سے ایک ہزار کوئی پتہ نہیں۔ دریافت کرنے پر انہوں نے جواب دیا۔ کہ میں مقروض تھا تو اُسے اپنے قرضہ میں خرچ کر لیا ہے۔ جس کا آپ کو ثواب ملے گا۔

مولوی صاحب موصوف (اسماعیل) کی بابت یہ شکایت عام ہے۔ علاوہ ازیں مسجد کے مہمانوں کو ہوٹل سے پُرتکلف کھانا کھلا کر جماعت کو ہمیشہ زیر بار کرتے رہتے ہیں۔ ایسے لوگ بھی کھا پی کر اُن کی حمایت پر تُلے رہتے ہیں۔ میرے روبرو مجلسِ عاملہ کا ایک اجلاس ہوا۔ جس کے ایک رُکن نے مجھ سے بیان کیا کہ آج رات اجلاس میں موصوف (اسماعیل) سے بعض مصارف کا محاسبہ ہوا تو موصوف حساب نہیں دے سکے۔" (العطر البلیغ صـ۱۱۴ ج ۲)

اب مولوی اسماعیل صاحب کانگریسی آف گوجرانوالہ کے دوسرے اُستاد مولوی عبدالوہاب صاحب دہلوی کا بھی کردار پڑھیئے۔ جس کو بیان کرنے والے دہلوی صاحب ہی کے شاگردِ رشید مولوی عنایت اللہ صاحب اثری گجراتی ہیں۔

مالی خیانتوں کا تذکرہ

اثری صاحب لکھتے ہیں کہ: "مارچ ۱۹۲۲ء میں جو میں نے مولوی عبدالوہاب صاحب کے ساتھ سفر بنگال کیا تھا۔ اس میں آپ کی بعض مالی خیانتوں و نیز دیگر امور پر مطلع ہو کر ان سے علیحدگی کا دِل میں فیصلہ کر لیا تھا۔ پھر ان سے علیحدہ ہو کر ستمبر ۱۹۲۳ء میں گجرات میں قیام کر لیا۔ اور اب تک بفضلہٖ تعالیٰ یہاں پر ہی مقیم ہوں۔ پھر اس کے بعد مولوی عبداللطیف صاحب مولوی عبدالجبار صاحب اور مولوی داؤد صاحب ہر سہ میرے تلامذہ

marfat.com

بھی ان سے علیٰحدہ ہو گئے۔ مولوی عبدالستار کلانوری ایڈیٹر ہمدرد اہلحدیث دہلی تو اس سے پہلے ہی علیحدہ ہو چکے تھے۔' (العطر البلیغ صـ۱۵۶، ۱۵۷ ج ۲)

طالب علم کے پیسے ہضم کر جانا

یہی مولوی عنایت اللہ صاحب اثری غیر مقلد اپنے ایک اور سفر کا واقعہ اپنے اُستاد عبدالوہاب دہلوی سے جو پیش آیا اُس کا تذکرہ ان کا لفاظ میں کرتے ہیں کہ:

'اس سفر میں موصوف (مولوی عبدالوہاب صاحب دہلوی) کے ہمراہ میرے علاوہ آپ کا چھوٹا صاحبزادہ عبدالرحمان اور ایک اور طالبعلم تھا۔ مجھے اور عبدالرحمان کو جو کچھ ملتا۔ ہم مولوی صاحب کو دے دیا کرتے تھے۔ اور وہ طالب علم اپنے پاس رکھ لیا کرتا تھا۔ کہ وہ اپنے خرچ پر ہمارے ساتھ تھا۔ اور میں موصوف کا ملازم تھا۔ اور عبدالرحمان لڑکا تھا۔ اور بعض جگہ ایسا بھی ہوا۔ کہ طالب علم موجود نہیں تو موصوف (عبدالوہاب دہلوی) فرما دیتے کہ اس کا حصّہ مجھے دے دو۔ میں اُس کو دے دوں گا۔ جب اُسے معلوم ہوتا تو میں اُسے تسلی دیتا کہ کوئی فکر کی بات نہیں۔ دے دیں گے۔ پھر جب دہلی پہنچ کر کچھ دِنوں بعد اُس سے دریافت کیا تو اُس نے کہا کہ کچھ نہیں دیا۔' (العطر البلیغ صـ۳۶ ج ۱)

کمینی حرکت

مولوی عنایت اللہ صاحب اثری اپنے اُستاد مولوی عبدالوہاب صاحب دہلوی (جو کہ مولوی رفیق خاں صاحب پسروری کے بھی اُستاد ہیں) کی ایک کمینی حرکت کا ذکر کرتے ہوئے اپنے دو واقعات بیان کرتے ہیں کہ:

'میں نے ایک جمعہ مسجد اہلحدیث موری دروازہ دہلی میں اس کے نمازیوں کی درخواست پر پڑھایا تو انہوں نے مجھے ایک روپیہ دیا۔ میں نے ہر چند انکار کیا۔ مگر انہوں نے باصرار تمام دے ہی دیا جس کا میں نے مولوی عبدالوہاب صاحب سے ذکر کیا۔ تو انہوں نے فرمایا کہ اگر کوئی

marfat.com

خوشی سے دے تو انکار مناسب نہیں آتا۔ پھر آپ نے وہ روپیہ وصول فرمالیا۔'

مولوی عنایت اللہ صاحب اثری اپنا دوسرا واقعہ بیان کرتے ہیں کہ:

'انہیں ایام میں فراش خانہ دہلی کے دوستوں نے اپنے یہاں میرے وعظ کا انتظام فرما کر مجھے بلایا۔ تو میں نے تقریر کی۔ جس کے بعد انہوں نے مجھے تین روپے اور کپڑے دیئے۔ مگر میں نے ان کے اصرارِ تام کے باوجود انکارِ تام کیا۔ کہ میں ملازم ہوں۔ میرا کوئی حق نہیں۔ دوسرے دن وہ روپیہ اور کپڑے لے کر مولوی عبدالوہاب صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور سب واقعہ بیان فرما کر موصوف سے عرض کی کہ آپ ہماری سفارش کریں۔ کہ حافظ صاحب اسے قبول فرمائیں۔ موصوف نے مجھے بلا کر فرمایا کہ یہ خوشی سے دے رہے ہیں۔ اور میں بھی سفارش کرتا ہوں کہ آپ وصول کرلیں۔ اگر آپ نے اب بھی انکار کیا تو وہ ناراض ہوں گے۔ اور مجھے بھی رنج ہوگا۔ چنانچہ میں نے وصول کرلیے۔ پھر ماہ ختم پر آپ نے مجھے تنخواہ دے کر فرمایا کہ تین روپے میں نے مجرے کرلیے جو کہ فراش خانہ والوں سے آپ کو وصول ہوئے۔ اس کے بعد میں نے آپ کے بڑے صاحبزادے عبدالستار صاحب کو کپڑے دے کر کہا کہ یہ کپڑے والد صاحب کو دے دیں۔ اگر وہ دریافت کریں کہ کیسے ہیں تو عرض کریں کہ یہ حافظ صاحب نے واپس کیے ہیں جو کہ فراش خانہ والوں نے دیئے تھے۔ پھر جو کچھ وہ فرمادیں مجھے اطلاع دے دیں۔ چنانچہ انہوں نے فرمایا کہ والد صاحب نے کپڑے واپس کرلیے ہیں۔'

وہابیہ کے مولوی عنایت اللہ صاحب اثری اپنے اُستاد کی ایسی رذیل حرکات بیان کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ:

marfat.com

"ایسے واقعات اکثر پیش آتے رہتے تھے۔ مگر موصوف کے مسلک کے مطابق ان میں کوئی خرابی نہیں ہے۔" (الجرس الجلیل ص۴۳ ج ۱)

مولوی عبدالوہاب اور عبدالستار صاحبان دہلوی کے بعد وہابیوں کے روپڑی خاندان کے سرکردہ حافظ عبداللہ صاحب روپڑی کی سیرت اور کردار ملاحظہ فرمائیں:

حافظ عبداللہ روپڑی سے وہابیوں کے سوالات

اخبار محمدی دہلی میں مبصر امرتسری "حافظ عبداللہ روپڑی جواب دیں" کی سُرخی جما کر لکھتے ہیں کہ:

"حافظ صاحب کی ذات ستودہ صفات پر مدت سے پردہ پڑا رہا۔ اور کسی نے نہ پوچھا کہ آپ کے مُنہ میں کتنے دانت ہیں؟ مگر اب جبکہ وہ دوسروں کی ذات پر حملہ کر دیتے ہیں تو اُن کا چہرہ بھی بے نقاب ہو گا۔ اور لوگوں کو یہ پوچھنے کا حق حاصل ہو گا کہ وہ صوفی منش ہونے کے باوجود حرص و آز کا جال کیوں بچھائے بیٹھے ہیں۔ چنانچہ اس ضمن میں چند باتیں آپ سے دریافت کرنا چاہتے ہیں۔

کیا یہ صحیح ہے کہ آپ ان ہزاروں روپیہ میں سے جو جلسہ کے نام پر جمع کرتے ہیں۔ علماء کرام کو کرایہ اور سفر خرچ تک بھی نہیں دیتے۔ اور جن کو دیتے ہیں۔ بہت کم دیتے ہیں۔ اور دوستی میں کام نکال لیتے ہیں۔ روپیہ تو خود کھا جاتے ہیں۔ مگر عوام میں مشہور کر دیتے ہیں کہ علماء پر خرچ ہو گیا ہے۔ ہمیں ان علماء کرام کا علم ہے۔ جو اپنی شرافت کی وجہ سے خاموش رہتے ہیں۔ اور آپ سے کرایہ تک نہیں مانگتے۔ مگر آپ اُن کے بستر بھی چھین لیتے ہیں۔ اور شاید بعد

marfat.com

میں فروخت کر لیتے ہیں۔" (اخبار محمدی دہلی ص ۱۶ ۱۵ فروری ۱۹۳۹ء)

تین ہزار روپیہ

ایک غیر مقلد وہابی عبدالرشید ہاتھی خانہ دہلی کا مضمون بھی محافظ عبداللہ روپڑی سے جواب دیں۔ اخبار محمدی میں شائع ہوا ہے۔ جس میں یہ انکشاف کیا ہے کہ:

"حافظ حمید اللہ صاحب سوداگر دہلی نائب سیکرٹری کانفرنس اہلحدیث کو بھڑا دے کر جو رقم تین ہزار کی آپ ہڑپ کر گئے ہیں۔ اُس کی آپ کو کون سی ضرورت تھی؟ کیا کہہ کر آپ نے لی؟ اور کیا اُس میں سے ایک پائی بھی آپ نے کہیں خرچ کی اور ان کے تقاضے پر بھی آپ نے اتنا گوارا نہ فرمایا کہ اس رقم کا اقبال کر کے کم از کم ایک تحریر ہی انہیں لکھ دیتے۔ کیا یہ آپ کی نیک نیتی تھی۔

حضرت میاں صاحب جو رقمیں جھوٹے حیلوں سے آپ ہمیشہ اینٹھتے رہے کیا اُن کا حساب آپ دیں گے۔ خصوصاً آخری مرتبہ چھ سو کی رقم مسجد کے بہانے سے آپ نے لی۔ کیا آپ بتلا سکتے ہیں کہ وہ آپ نے کہاں خرچ کی۔ اور اس قسم کی اور رقمیں جو ہم وقتاً فوقتاً درج کریں گے اور آپ سے جواب مانگیں گے۔ کیا آپ اُن کے جواب کے لیے تیار رہیں۔" (اخبار محمدی دہلی ص ۱۵ فروری ۱۹۳۹ء)

مولوی ظفر علی خان ایڈیٹر زمیندار اخبار نے غالباً انہیں حضرات کے لیے کہا ہے کہ:

کھولتا ہے ان کی ہر اک رگ میں چندے کا لہو
یہ مجاہد ہیں بڑے دُشنام کی پیکار میں!
مسجدیں برباد ہوں یا قوم پر گولی چلے!
مُبتلا رہتے ہیں یہ بس پیٹ کی آزار میں
جنسِ ملت بیچتے ہیں بے دھڑک بازار میں
یعنی لاثانی ہیں یہ اسلام کے بیوپار میں

marfat.com

وہابی مولویوں میں ایک عجیب خصلت ہے جس کی وجہ سے ان کے تصفیہ میں بھی کوئی شریف آدمی دلچسپی نہیں لیتا وہ خصلت منصفوں کو بُرا کہنا اور بدزبانی سے کام لینا ہے جس کا ذکرِ خیر بھی وہابیہ نجدیہ کے مولوی فقیر اللہ صاحب مدراسی نے ہی اپنے مجتہد بٹالوی کے متعلق ان الفاظ میں کیا ہے:

مُنصفوں کو بُرا کہنا

وہابیہ نجدیہ کے والاجاہ مدراسی اپنے مجتہد محمد حسین صاحب بٹالوی کی ایک اور خصلت کا تذکرہ کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ:

"مولانا بٹالوی (محمد حسین) کو مولانا شیرِ پنجاب ثناء اللہ سے کچھ بس نہ چلا۔ تو فوراً منصفوں کو بُرا بھلا کہنے لگے۔ اگر وہ منصفوں کو بُرا کہیں گے۔ تو کوئی مہذب ان کے مباحثہ میں مُنصف نہ ٹھہرے گا۔ کیونکہ عاقلوں کا کام ہے کہ بدزبانوں سے دُوری اختیار کرتے ہیں"

(اخبار اہلحدیث امرتسر صـ۱۱ کالم ۳ـ ۵ر نومبر ۱۹۱۵ء)

ان کی مخالفت کی اصل وجہ مال اور روپیہ ہے جس کو مِل گیا خاموش ہو گیا۔ جس کو نہ مِلا اس نے کفر و شرک اور بدعت کے فتووں کی بوچھاڑ شروع کر دی اور ایک دوسرے کے خلاف کیچڑ اُچھالنا شروع کر دیا۔ جیسا کہ مولوی ابو عبداللہ امرتسری نے مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری یا مولوی محمد صاحب جونا گڈھی المعروف دہلوی کے متعلق لکھا ہے کہ:

"مولوی حافظ عبداللہ روپڑی نے اپنے پرچہ تنظیم میں لکھا ہے کہ جناب (حافظ عبداللہ صاحب) مولانا (ثناء اللہ صاحب یا محمد دہلوی) کو پنجاب کے سب جلسوں میں بُلاتے تھے۔ اور مولانا کی مالی امداد کرتے تھے۔ اور جب یہ امداد آپ نے بند کر دی تو مولانا (امرتسری یا دہلوی) آپ (روپڑی) کے مخالف ہو گئے وغیرہ"۔

(اخبار محمدی دہلی صـ۱۳ ۱۵ر اپریل ۱۹۳۹ء)

marfat.com

شکم پروری اور مال جمع کرنے کی مشین

وہابیہ کے مولوی سلیمان فیروز پوری اپنے فرقہ کے مولوی عبدالستار دہلوی کے متعلق شہادت دیتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ:

"ان کا یہ دعوائے امامت صرف شکم پروری کا ڈھانچہ اور مال جمع کرنے کی مشین ہے۔"

وہابیوں کی امامت دوکانداری ہے

وہابیوں کے مولوی عنایت اللہ صاحب اثری وزیرآبادی ثم گجراتی اپنے فرقہ کے مولوی حکیم ابوالفضل عبدالحنان صاحب ایڈیٹر "اہلحدیث گزٹ دہلی" کا ایک بیان لکھتے ہیں جس میں رپورٹر اہلحدیث گزٹ دہلی نے اثری صاحب اور ان کے استاد امام عبدالوہاب دہلوی کے بارے میں لکھا ہے کہ:

"مرزا غلام احمد کو اپنی دکان چلانے کے لیے ایک شخص مسمی حکیم نورالدین مل گیا تھا۔ اسی طرح مولوی عبدالوہاب کو اپنی دوکانداری چلانے کے لیے ایک پنجابی نوجوان حافظ عنایت اللہ وزیرآبادی ہاتھ آگئے۔ بڑی بات تو یہ تھی کہ حکیم نورالدین مرزا کا شاگرد نہ تھا۔ اور حافظ عنایت اللہ مولوی عبدالوہاب کے شاگرد تھے اس روحانی تعلق کی وجہ سے یہ دونوں ایک جان دو قالب ہو کر قصر امامت کی نیو کو کاٹ کر بازار کے متصل (جو فواحش و بدکاری کا اڈہ ہے) مستحکم کرنے لگ گئے تھے۔" (الجرس الجلیل ص۱۰۱ ج۱)

مندرجہ بالا شہادتوں سے اظہر من الشمس ہے کہ وہابیوں کی دینی ہماہمی کا محور صرف اور صرف دولت ہے۔ جس کے ثبوت میں نوشہروی کا مشورہ شاہد ہے۔

دینی ہماہمی کا محور دولت

غیر مقلدین کے مولوی ابویحییٰ نوشہروی اپنے فرقہ کے رئیس حافظ حمید اللہ کو مشورہ دیتے ہوئے

marfat.com

لکھتے ہیں کہ:

"میں حافظ حمید اللہ سے درخواست کرتا ہوں کہ ایک مرتبہ وہ اور بھی اپنی ہمیانوں (روپے کی تھیلیوں) کے منہ امام جی (حافظ عبدالستار) کی طرف کر دیں کہ آخر اس خاندان کی دینی ہماہمی کا محور تو دولت ہی ہے۔" (اخبار محمدی دہلی صـ۱۱ یکم مئی ۱۹۴۲ء)

اپنی ہماہمی کا محور دولت ہونے کی وجہ سے ان حضرات نے حق و صداقت کی خونریزی کی زمانہ کی طرح رنگ بدلے اور معاہدوں کی خلاف ورزی جیسی اخلاق سوز حرکات ان ہی میں پائی جاتی ہیں۔ جن کا تذکرہ وہابیوں نے اپنی تحریروں میں کیا ہے۔ اس سلسلہ میں بطور شہادت پہلی تحریر مولوی فقیر اللہ صاحب مدراسی کی پیش کی جاتی ہے۔

حق و صداقت کی خونریزی کرنا

اخبار اہل حدیث امرتسر میں مولوی فقیر اللہ مدراسی لکھتے ہیں کہ، "میرا رسالہ ایقاظ المفتی" (جو جواب ہے جناب مولوی حافظ عبداللہ صاحب غازی پوری کے فتوائے محللہ خرچی زانیہ تائبہ و دیگر مسائل محرمہ ایشاں مردودہ کا) جب شائع ہوا تو مولوی عمر پوری عبدالجبار صاحب و محمد عمر مدرسہ آرہ و جمال الدین پشاوری اور عبدالعلیم حیدر آبادی و عبدالسلام مبارک پوری وغیرہم مولوی صاحبان نے کچھ بدگوئی اور کچھ عیب گوئی بہ نسبت رسالہ ایقاظ و صاحب رسالہ (فقیر اللہ) کے کی ہے۔ ناظرین کو یاد ہوگی۔ اگر کسی کو یاد نہیں ہے۔ تو پرچہ اہل حدیث مورخہ ۲۷ ذیقعدہ ۱۳۳۰ھ سے لے کر اب تک ان کے تمام پرچہائے اخبار مذکورہ کو جن میں ان حضرات کی درخشانی و تہذیب بیانی درج کی گئی ہے حالانکہ وہ اس کے مدعی تھے اور خاکسار پر طاعن الامر ملاحظہ فرما کر اس سے اندازہ کرے کہ کہاں تک انہوں نے خونریزی و آبروریزی حق و انصاف کی ہے۔

(اخبار اہلحدیث امرتسر صـ۱۶ ۱۲ ستمبر ۱۹۱۳ء)

marfat.com

زمانے کی طرح رنگ بدلنے والے

وہابیہ کی مرکزی جمعیت ہند کے جنرل سیکرٹری اپنے فرقہ کے مولویوں کے متعلق لکھتے ہیں کہ:

"اہلِ حدیث جو اپنے ایمانیات اور عقائد کی پختگی میں ضرب المثل تھے ایسے ہی ۔۔۔ کی طرح رنگ بدلنے والے علماء کی وجہ سے متزلزل ہو گئے۔"

(فیصلہ مکہ ص۲)

ضرورت ایجاد کی ماں ہے

وہابیوں کے مولوی عنایت اللہ اثری گجراتی اپنے فرقہ کے مولوی اسماعیل سلفی کانگریسی آف گوجرانوالہ کے کردار کے متعلق لکھتے ہیں کہ:

"۱۹۱۹ء کا ذکر ہے کہ میں بھوانی ضلع حصاری میں مدرس تھا۔ اور مولوی عبدالوہاب صاحب کا امارت کے باب میں موید تھا۔ اور مولوی اسماعیل صاحب گوجرانوالہ مخالف تھے۔ اور اُسے (امیر ہونے کو) اجماع کے خلاف بتا کر مجھے روکتے تھے۔

اللہ کی شان ہے کہ جب مولوی اسماعیل آف گوجرانوالہ کو اپنی امارت کی ضرورت پڑی تو مثل مشہور ضرورت ایجاد کی ماں ہے۔ اپنا فرمودہ اجماع چھوڑ کر امارت قبول فرمالی کیا خوب ہے؟"

(عمدوان المفتی ص۔)

گاندھی جی کے پیروکار

یہ صرف اکیلے مولوی اسماعیل صاحب کانگریسی کا عمل نہیں۔ مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی نے تو اپنے گروہ کے تمام کانگریسی مولویوں کا یہ طریق کار قرار دیا ہے۔ میر صاحب اپنے کانگریسی مولویوں کے کردار پہ اظہارِ افسوس کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ:

افسوس ان اہلحدیث علماء پر جو حنفیوں کے مقابلہ میں تو یہ کہیں کہ ہم قرآن و حدیث کی نصوص کے مقابلہ میں آئمہ دین

marfat.com

کے قیاس کو نہیں مان سکتے۔ (حالانکہ ہم اُن کی جُوتیاں اُٹھانے کے قابل بھی نہیں) اور اب ایسے صریح نصوص قرآنیہ کے مقابلہ میں آئمہ کے قیاس سے نہیں بلکہ گاندھی جی کی وارد ھا سکیم یا کانگریس کی مجوزہ قرارداد کی پیروی کریں۔

ایسے علماء یقیناً بے راہ چل رہے ہیں۔ اور عامۃ المسلمین کو طریقِ سنّت اور طریق مُسلمین سے بے راہ کر رہے ہیں۔ (پیغامِ ہدایت ص۲۵)

معاہدہ کی خلاف ورزی

امام الوہابیہ مولوی ثناء اللہ امرتسری اپنے فرقہ کے مجتہد مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی کا کردار پیش کرتے ہوئے ان کو منافق گردانتے ہیں کہ:

"ہر ایک شریف مسلمان کا فرض ہے کہ وہ اپنے معاہدہ کو پورا کرے معاہدہ نہ پورا کرنے والوں کو عُرفِ شریعت میں منافق کہا گیا ہے۔ لیکن مولوی (محمد حسین بٹالوی) صاحب چونکہ ایک دفعہ اس قسم کے فیصلے میں فیل ہو چکے ہیں۔ اس لیے وہ کسی طرح سے بھی معاہدہ کی پابندی پر نہیں آئے۔" (اہلحدیث امرتسر ص۲ ۲۲ نومبر ۱۹۰۷ء)

ثناء اللہ امرتسری نے اپنے دادا اُستاد کو معاہدہ کی خلاف ورزی کرنے والا گردانتے ہوئے منافق قرار دیا ہے مگر ثناء اللہ امرتسری کو بھی ان کے اُستاذ بھائی قاضی عبدالاحد خانپوری نے توبہ سے پھر جانے والا گردانتے ہوئے زندیق قرار دیا ہے۔ چنانچہ قاضی صاحب خود لکھتے ہیں کہ:

توبہ سے پھر جانا

میں نے سُلطان عبدالعزیز سعودی کو کہا کہ بلاشک ثناء اللہ زندیق ہے۔ بہت مرتبہ توبہ کر چکا ہے۔ پھر توبہ کو توڑ دیا۔ اور اس سے پھر گیا۔ اور فقہاء رحمہم اللہ کہتے ہیں کہ زندیق کی توبہ قبول نہ کی جائے۔" (الفیصلۃ الحجازیہ ص۸)

سالک کی فوتیدگی کی خبر شائع نہ کرنا

فرقہ وہابیہ نجدیہ کے مشہور مولوی محمد صاحب مُدیر اخبار محمدی دہلی مر گئے

marfat.com

تو اُن کے مرنے کی خبر وہابیہ نجدیہ کے دہلی سے شائع ہونے والے دوسرے رسالہ 'صحیفہ اہلحدیث' نے شائع نہ کی۔ تو صحیفہ والوں سے خبر شائع نہ کرنے کے بارے میں استفسار کیا گیا۔ تو مولوی ثناء اللہ امرتسری نے اپنے اخبار میں اس کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا ہے کہ:

'اس کے متعلق صحیفہ بابت جمادی الثانی کے صـ۶ پر جواب نکلا ہے جس میں عدم اندراج کی روایت تو نہیں بتائی البتہ اتنا لکھا ہے کہ: صحیفہ نے مولوی محمد کے انتقال کی خبر شائع نہیں کی۔ اس لیے کہ مولوی صاحب نے اپنی حیات میں بانی صحیفہ کے حق میں جو گستاخیاں روا رکھی تھیں۔ ان کو صحیفہ بھولا نہیں۔' (اہلحدیث امرتسر صـ۲ کالم ۳ـ۴ ر جولائی ۱۹۴۱ء)

بیوفائی

مولوی داؤد غزنوی اپنے فرقہ کی روپڑی پارٹی کی مفاد پرستی اور بیوفائی کا تذکرہ ان الفاظ میں کرتے ہیں کہ:

'اس گروہ (عبداللہ روپڑی) کے بعض افراد نے مجھے کہا کہ یہ لوگ ساری عمر کسی نظام کے ماتحت نہیں ہوئے۔ آج وہ کیسے ہو سکتے ہیں ان کے ذاتی مفاد کا تقاضہ یہی ہے۔ کہ یہ الگ تھلگ رہیں۔ اور اگر کسی کو امیر بناتے ہیں۔ تو اس لیے کہ اس کو اپنا تابع بنا کر رکھیں لیکن جب انہوں نے امیر ہوتے ہوئے مامور ہونا پسند نہ کیا۔ تو ان کی امارت کے ساتھ بظاہر وابستہ لیکن بباطن باغی ان کے ہاں آنا جانا بند کر دیا۔ وہ بستر مرض پر کافی عرصہ پڑے رہے۔ ان کی بیمار پرسی نہ کی۔ وہ فوت ہو گئے تو ان کے جنازے میں شرکت نہ کی۔ یہ ان بیوفاؤں کا حال ہے۔' (الاعتصام صـ۵ کالم ۳ـ۲ ر جنوری ۱۹۵۹ء)

لہ گستاخیاں روا رکھنے والے مولوی محمد دہلوی صاحب صحیفہ اہلحدیث کے ایڈیٹر مولوی عبدالوہاب صاحب دہلوی کے شاگرد بھی ہیں۔ (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

جب کوئی اُن سے یہ کہے کہ آپ نے معاہدہ کی خلاف ورزی کی ہے یا تو بہسے پھر گئے ہیں یا بے وفائی کی ہے۔ تو اس پر پردہ ڈالنے کے لیے اور اس حقیقت کو غلط ثابت کرنے کے لیے پھر یہ حضرات جھوٹ از خود گھڑتے ہیں جیسا کہ روپڑی خاندان کے سُرخیل اور ان کے متوسلین اور معتقدین کے متعلق امرتسری صاحب نے متنبہ کیا ہے۔

جھُوٹ از خود گھڑنا

مولوی ابو عبداللہ امرتسری اپنے گروہ کے حافظ عبداللہ صاحب روپڑی کے متوسلین، معتقدین اور شاگردانِ رشید (جن میں حافظ عبدالقادر صاحب روپڑی بھی آجاتے ہیں) کے متعلق ببانگِ دُہل اپنے عوام کو ان الفاظ میں متنبہ کرتے ہیں کہ:

"یہ بزرگ (روپڑی) صرف جھوٹ بولتے نہیں بلکہ جھُوٹ از خود گھڑتے ہیں۔ تہمت خود ہی تراشتے ہیں۔ پس جماعت متنبہ رہے۔"

(اخبار محمدی ص۱۵ ۱۵ اپریل ۱۹۳۹ء)

جھُوٹ بولنا شاندار روایت ہے

انجمن وہابیہ سیالکوٹ کے ناظمِ اعلےٰ عبدالغفور ہٹے "گالیاں اور جھُوٹ" کی سُرخی جما کر لکھتے ہیں کہ:

"مسجد باغ ڈپٹی میں مدرس محترم حافظ محمد شریف صاحب مغرب کے بعد وہاں اکثر درس دیتے ہیں مگر وہ درس کم اور کسی نہ کسی کی پگڑی اُچھالنے اور مقامی اور بیرونی اہلحدیث عُلماء اور مشائخ کو گالیاں تک دینے کا اڈہ بنا رکھا ہے۔ اس بارے میں طلبہ مدرسہ کی طرف سے ایک مفصل درخواست یکم ستمبر سے میرے پاس ہے۔ درخواست ہذا حکیم محمد صادق صاحب جناب حافظ صاحب محترم کو دکھائی تو آپ نے اپنی شاندار روایات کے مطابق اکثر باتوں کا تو سرے سے انکار کر دیا۔ حالانکہ بیشتر آدمیوں کے

marfat.com

سامنے اکثر باتیں فرمائی ہوئی تھیں۔"

(پمفلٹ "اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے" ص۲،۳)

روپڑیوں سے بچو

وہابیہ کا یہ خاندان (روپڑی) اتنا خطرناک اور بلیک میلر ہے کہ وہابیوں کے مقتدر مولوی محمد صاحب دہلوی اپنے فرقہ کے لوگوں کو روپڑیوں کے کردار کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے نصیحت کرتے ہیں کہ:

"ہم اپنی جماعت سے کہتے ہیں کہ ان کے واضح حقائق کے بعد اب وہ روپڑی ریوڑ کی مکاریوں اور ظاہری صوفیت کے داموں سے بچتی رہے۔" (اخبار محمدی دہلی ص۶ یکم اپریل ۱۹۳۹ء)

وہابی رہنماؤں کی ناک کٹ گئی

غیر مقلد ڈاکٹر عبدالغفار صاحب الخیری الدہلوی نے تو اپنی ساری جماعت کی قلعی کھولتے ہوئے پورے فرقہ کے رہنماؤں کی ناک کاٹ دی۔ ڈاکٹر عبدالغفار الخیری الدھلوی "آہ اہلحدیث" کا ہیڈنگ دے کر وہابیوں پر افسوس کرتے ہیں کہ:

"آج اہلحدیث عمل سے کورے ہو چکے ہیں۔ ان کے اخلاق۔ ان کے معاملات۔ ان کے تعلقات ان کے باہمی سلوک زبانِ حال سے بآوازِ بلند کہہ رہے ہیں کہ اس کی اُمت کی علامت تو کوئی تم میں نہیں ہے۔

آج سب سے زیادہ جمود اور سب سے زیادہ انتشار اور (گستاخی معاف) سب سے زیادہ جاہلیت کا شکار بنی ہوئی ہے کہ اس کے رہنما "انا خیرہ" ہندو کے ابلیسی فلسفہ میں پھنس کر اقتدار کی جاہلیت کی جنگ میں منہمک۔ مصروف اور مستغرق ہیں۔" (صحیفہ اہلحدیث دہلی ص۱۲ دسمبر ۱۹۵۴ء)

مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی کا فیصلہ

وہابیوں کی شہرہ آفاق شخصیت

marfat.com

نے واضح الفاظ میں اپنے فرقہ کے مولویوں کو اپنا فیصلہ دے کر متنبہ کر دیا ہے کہ:

"دیندار طبقہ آپ کے ساتھ نہیں ہو سکتا۔ اور آپ سارے پاکستان کو بے دین بھی نہیں بنا سکتے۔" (احیاء المیت ص ۳۷)

قارئین عظام! مندرجہ بالا عبارات اور شہادتوں سے اس حقیقت کا اِنکشاف ہو گیا ہے کہ فرقہ وہابیہ کے علمبردار مولویوں کا شیوہ انتشار پھیلانا۔ تفرقہ کو فروغ دینا۔ توہین۔ بے ادبی اور گستاخی میں بڑھ چڑھ کر اپنے فن کا مظاہرہ کرنا ہے نیز ان کی اخلاقیات۔ معاشیات اور اسلامیات کا بھرم بھی کھل گیا۔ کوئی ذی عقل اور باشعور شخص ایسے حضرات کو اہلحدیث کہنا حق و صداقت پر مبنی نہیں سمجھے گا۔ بیگانے تو بیگانے نے ان کے اپنوں میں سے انصاف پسند لوگ اس تجزیہ کو درست قرار دیں گے۔

صحیفہ اہلحدیث کراچی میں ایک نظم "معیار اہلحدیث" نام سے شائع ہوئی تھی۔ جس سے اس تجزیہ کی تائید ہوتی ہے۔

معیار اہلحدیث

اخلاق نہ ہو جس میں بھی ذرا اُس کو نہ کہو تُم اہلحدیث
ہو جس کے عمل میں مکر و ریاء اُس کو نہ کہو تُم اہلحدیث
ہر اہلحدیث اس دُنیا میں اسلاف کی مشعل ہوتا ہے
خالی ہو اثر سے جس کی صدا اُس کو نہ کہو تُم اہلحدیث
معیار نہ ہو جس کا بھی بلند سمجھو نہ اُسے ہرگز مؤمن!
جس میں بھی نہ ہو خالد کی ادا اُس کو نہ کہو تُم اہلحدیث
ہمدرد بھی ہو غمخوار بھی ہو توحید بھی ہو اخلاص بھی ہو!
بن جائے نہ جو بھی بحرِ عطا اُس کو نہ کہو تم اہلحدیث

marfat.com

ہر مردِ موحدِ دُنیا میں ہر گام پہ ہنستا رہتا ہے!
جس کو نہ ہو غمِ یومِ فردا اُس کو نہ کہو تم اہلحدیث
ہر اہلحدیث اِس دُنیا میں اِک پیکرِ اُلفت ہوتا ہے
جس میں نہ ہو کچھ بھی شانِ وفا اُس کو نہ کہو تم اہلحدیث
اپنوں سے جو نفرت کرتا ہے، وہ حق سے بغاوت کرتا ہے
سرزد ہو یہاں جس سے یہ خطا اُس کو نہ کہو تم اہلحدیث
دُنیا میں غریب ہر اہلحدیث اسلام کا پرتو ہوتا ہے
یہ خوبی نہ ہو جس میں بھی ذرا اُس کو نہ کہو تم اہلحدیث

(پندرہ روزہ صحیفہ اہلحدیث کراچی ص۸ ۴ر اپریل ۱۹۶۹ء)

مندرجہ بالا نظم کو پڑھیئے اور اکابر وہابیہ جن کے علمی اور اخلاقی پہلو پر گذشتہ صفحات میں ان کے اپنے ہی حوالہ جات اور تحریرات سے جو روشنی ڈالی گئی ہے۔ تو عیاں ہوتا ہے کہ ان میں کوئی بھی اہلحدیث نہیں۔

صادق ہوں میں اپنے قول میں غالبؔ خُدا گواہ
کہتا ہوں سچ کہ جھوٹ کی عادت نہیں مجھے

حکیم عبدالرحیم اشرف کی گواہی

حکیم عبدالرحیم صاحب اشرف لائل پوری مدیر المنبر، جو کہ وہابیوں کے اپنے ہی گھر کے مخبر ہیں۔ ۱۹۶۴ء میں اپنے وہابیوں کے متعلق فیصلہ صادر فرمایا تھا کہ:

"تم اہلحدیث نہیں بلکہ تارکِ حدیث ہو۔" (المنبر ص۱۰۲، ص۲۰۲) ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۴ء

وہابیوں کی جماعت یتیم ہوگئی

مولوی حکیم عبدالرحیم صاحب اشرف نے تو اپنی جماعت کو علمی۔ اخلاقی۔ تقوٰے۔ بصیرت اور اصابت رائے سے یتیم قرار دیا ہے۔ اصل عبارت ملاحظہ ہو:

"جماعت اہلِ حدیث مولانا سید محمد داؤد غزنوی۔ مولانا حافظ عبداللہ صاحب روپڑی کی وفات کے بعد علم۔ تقوٰے۔ بصیرت۔

marfat.com

اور اصابت رائے ہر پہلو سے یتیم ہو چکی ہے۔"

(المنبر طبع ۱۰۶ سطر ۹، ۱۰، ۲۵ دسمبر ۱۹۶۴ء)

ہو سکتا ہے کہ حکیم عبدالرحیم اشرف صاحب کو وہ مضمون اور عبارات جو فقیر نے گذشتہ صفحات پر درج کیے ہیں کا علم نہ ہو۔ اسی بناء پر اُنہوں نے داؤد غزنوی اور عبداللہ روپڑی کی موت کے بعد والے وہابی علماء کو جاہل۔ بدعمل۔ کم فہم۔ بات نہ کرنے کی اہلیت رکھنے والا قرار دیا ہے۔ اور ان سب خوبیوں سے جماعت کو یتیم قرار دے دیا ہے۔ وگرنہ یہ جماعت جو شروع ہی سے ابنِ قیم۔ ابنِ عبدالوہاب سے لے کر تا حال ان خوبیوں علم۔ تقویٰ۔ بصیرت۔ اور اصابت رائے کے پہلو سے یتیم ہے۔ حافظ عبداللہ صاحب روپڑی کا حکیم عبدالرحیم صاحب اشرف نے نام لے کر تذکرہ کیا ہے۔ لہٰذا روپڑی صاحب کا تقویٰ اور پرہیزگاری کا نمونہ ذرا دیکھ لیجئے۔

روپڑی خاندان کے سربراہ کے متعلق انکشاف

وہابیوں کے مشہور اخبار محمدی دہلی کے نائب مدیر عبداللہ روپڑی کے ایک سوال کا جواب؛ نمایاں ہیڈنگ دے کر انکشاف کرتے ہیں کہ:

"ہمارے پاس ایک مراسلہ محمد عثمان صاحب کا فتح آباد سے آیا ہے۔ مراسلہ نگاران (حافظ عبداللہ روپڑی) کے ساتھ پڑھے ہوئے ہیں۔ تہذیب روکتی ہے کہ ان کے پورے مراسلہ کو شائع کیا جائے۔ لیکن اس میں ایک سوال ہے جو جواب ہے عبداللہ روپڑی کے نامہذب سوال کا۔ اس لیے صرف وہ سوال درج ہے۔

جناب مولوی محمد عثمان صاحب عبداللہ روپڑی سے دریافت فرماتے ہیں کہ طالب علمی کے زمانے میں آپ علت المشائخ میں

marfat.com

مُبتلا تھے۔ اب وہ عادت چھُوٹ گئی ہے یا اب بھی باقی ہے؟ قاعدہ تو یہ ہے کہ جب تک آپ میں صوفیت باقی رہے۔ یہ لٹکا بھی نہ جائے لہٰذا مہربانی فرما کر خُدا سے ڈر کر اس کا صحیح جواب دیں۔ اور اب بھی توبہ کرلیں۔ جناب صوفی صاحب (روپڑی ہے) یہ ہے آپ کے اس ناپاک سوال کا قدرتی جواب ؛

(اخبار محمدی دہلی صـ۱۵ کالم ۳ـ ۱۵ر جولائی ۱۹۳۹ء)

روپڑی صاحب کے بعد اُس شخصیت کا وسع اور زہد بھی دیکھ لیجئے جن کا جنازہ روپڑی صاحب نے پڑھایا تھا اور وہ ہستی سیالکوٹ شہر کے مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی ہیں۔

مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی کے شاگرد حکیم صادق سیالکوٹی بھی میر صاحب کے متعلق اپنے اُستاد صاحب کو مخاطب کرتے ہوئے گُل فشانی کرتے ہیں کہ؛

"اے حضرت! اگر میں آپ کی رومانی داستانوں کی ہزاروں میل لمبی فلم شہر کے لوگوں کو دکھادوں تو سارا شہر لیلائے امارت کے عشق میں دیوانہ ہو جائے۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی گدی کے جانشین کی زیارت کرنے کو پاک پنجاب دوڑ آئے۔ اور پھر فرطِ مسرت سے زائرین کی چھاتیاں رُبابِ امارت کے نغموں میں رقص کرنے لگیں۔ حضرت وہ قدِ آدم پوسٹر..... ایک مشاق..... جو ظالموں نے لگایا۔ یاد آیا ؎

اتنی نہ بڑھا پاکیٔ داماں کی حکایت!
دامن کو ذرا دیکھ ذرا بندِ قبا دیکھ!

جس شخص کی زندگی کا پسِ منظر اتنا تاریک اور بھیانک ہو۔ اسے چاہیئے تھا کہ منہ چھپا کر گوشۂ مسجد میں خاموش زندگی گذارتا۔ اور رو رو کر تلافیٔ مافات کرتا۔ لیکن حضور امیر (مولوی ابراہیم صاحب) اسّی سال کی عمر میں نئی جوانی چڑھے ہیں۔

marfat.com

(ایک مُدعی امارت سے متعلق شرعی استفتار ص ۲۷، ۲۸)

میر صاحب کے شاگرد حکیم صادق صاحب سیالکوٹی نے رومانی داستانوں پر حاشیہ آرائی کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

"ان میں سے چند واقعات بروایت صاحبزادہ مولانا محمد عبداللہ صاحب محفوظ ہیں۔ جن کے انکشاف پر زمین لرزنے لگے گی اور روزِ روشن تاریک رات میں تبدیل ہو جائے گا۔ اور طرزِ تحریر محدثین کے فنِ رجال و اسانید کے اصول پر ہو گا۔"

(حاشیہ ایک مدعی امارت سے شرعی استفتار ص ۲۷)

مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی کا خط

مولوی عنایت اللہ صاحب اثری گجراتی اپنے فرقہ کی مقتدر شخصیت ابراہیم میر سیالکوٹی کے ایک خط کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

"۵ فروری ۳۹ء کو شیخ عبداللہ صاحب کے ہمراہ حکیم عبداللطیف صاحب کے پاس کئی صفحات کا خط ملاحظہ کیا۔ جو کہ مولوی ابراہیم میر صاحب کی طرف سے کسی کے نام روانہ ہوا۔ اس خط کی فوٹو میرے پاس تاریخی طور پر محفوظ پڑی ہے۔"

ان ایام میں حکیم صاحب مولوی صاحب کے خلاف تھے۔ اس لیے انہوں نے خط کی فوٹو اتروائی تھی۔ شاید وہ اسے شائع کر دیتے یا کوئی دوسرا دشمن اُن سے لے کر شائع کر دیتا۔ لیکن حکیم صاحب سے میرے مراسم دوستانہ ہیں۔ اس لیے میں نے ان سے فوٹو طلب کی تو اُنہوں نے مجھے دے دی۔ اچھا ہوا کہ میں نے فوٹو کو اپنے قبضہ میں لے کر آئندہ اشاعت کے خطرات کو روک دیا۔"

(الجرس الجلیل ص ۱۱۸-۱۱۹ ج ۱)

نامعلوم اس خط میں کیا کچھ ہے۔ اور خط کس کی طرف لکھا ہے۔ شاید مولوی صاحب

marfat.com

نے کسی ..... کی طرف خط لکھا ہو۔ جس کا اتنا زیادہ خطرہ وہابیوں کو اور مولوی ابراہیم صاحب کو بھی لاحق تھا۔ کیونکہ اثری صاحب نے حاشیہ پر لکھا ہے کہ:

"مولوی ابراہیم صاحب کو معلوم ہو چکا تھا کہ فوٹو پر دیانتدار ہاتھوں کا قبضہ ہو چکا ہے اس لیے وہ مطمئن تھے کہ اب کوئی خطرہ نہیں"

(الجرس الجلیل ص ۱۱۹ ج ۱)

؎ عاقل کو تو کافی ہے بس اِک حرفِ حکایت
نادان کو کافی ہے نہ دفتر نہ رسالہ!

اُستاد صاحب کے حق میں شاگرد کی گواہی اور تحریر آپ نے پڑھی۔ اَب مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی کے دو شاگردوں (حکیم صادق۔ حافظ شریف) کے متعلق ان کی اپنی جماعت کے ایک فرد عبداللہ مصری کی گواہی ملاحظہ فرمائیں جس کو مصری صاحب نے اشتہار "لمحۂ فکریہ" میں بیان کیا ہے۔

"شہرِ اقبال کے دو فسادی مُلّاں (حافظ شریف اور حکیم صادق) کی خیانت کذب بیانی۔ سیاہ کاریوں سے دانستہ جماعت کے سربرآوردہ ارکان اعمّاض پہلوتہی کرتے ہیں۔ جماعتی فنڈ میں بددیانتی کرنا۔ کتابوں کی اشاعت و طباعت کے لیے زکوٰۃ کی رقم خود ہضم کرنا۔ جماعتی سپیکر کا کرایہ خود کھا جانا۔ طلباء کے لیے جمع شدہ چاول اپنے گھر پہنچا دینا۔ صدقہ کے گوشت کو فروخت کر کے پیسے اپنی جیب میں ڈال لینا۔ مبلغین کے حصّہ کی رقم خورد برد کرنا۔ تبلیغ کے نام پر گاؤں والوں کو لوٹنا۔ حجرۂ خاص میں بدفعلی کرنا۔ ان سب صفات کے حامل امیر جمعیت اہلحدیث آف سیالکوٹ حافظ شریف اور ان کے معاون حکیم صادق ہی ہیں۔"

(اشتہار لمحۂ فکریہ)

اس اشتہار لمحۂ فکریہ کے بعد ہی مذکورہ بالا میر صاحب کے دونوں شاگردوں اور وہابی مولویوں کے بارے میں اسی عبداللہ مصری نے وہابیوں کے

marfat.com

مولوی عبدالقادر حصارؒی کے فتوے کی رُو سے اُن کو فوراً امامت سے معزول کردو، ہینڈنگ والا اشتہار شائع کیا جس میں واشگاف الفاظ میں یہ لکھا ہے کہ:

'یہ مُلّاں کا قومِ لُوط کا فعل کرنا۔ پایۂ ثبوت کو پہنچ گیا ہے شہادتیں موجود ہیں۔ اور مظلوم شکار اس بات پر مباہلہ کرنے کو بھی تیار ہیں۔'

ناظرین حضرات! یہ ہے وہابی اکابر کا ورع۔ زُہد۔ تقوےٰ اور پرہیزگاری جس کا آپ نے مطالعہ کیا۔ یہی وجہ ہے کہ ان میں کوئی ولی نہیں ہوا۔ اخلاقی اور عملی لحاظ سے ان کے سربراہوں نے تربیت ہی نہیں کی۔ جس کی تصدیق خود فرقہ وہابیہ کی ممتاز شخصیت داؤد غزنوی سے کانگریسی نے ان الفاظ میں کی ہے:

'افسوس ہے کہ ساری درس گاہوں میں تعلیم کتاب وحکمت کا تو اہتمام کیا جاتا ہے لیکن تزکیہ نفس جس کا ذکر قرآنِ مجید میں تعلیم کتاب وحکمت کے علاوہ الگ مستقل بالذات بار بار کرتا ہے۔ اس کا قطعی طور پر کوئی اہتمام نہیں۔' (داؤد غزنوی ص۳۶۱)

وہابیوں کے مولوی حنیف ندوی بھی لکھتے ہیں کہ:

'تحریک اہلحدیث کا اوّلین مقصد یہ ہونا چاہیئے کہ جماعت میں محبتِ الٰہی کے جذبوں کو عام کرے۔ تعلق باللہ کی برکات کو پھیلائے۔ اور اطاعت وزہد۔ عوام تو عوام خواص تک تصوّف واحسان کی ان لذتوں سے ناآشنا ہیں۔' (داؤد غزنوی ص۴۲)

ہاں مسلمانوں پر ظلم وستم۔ غیر مسلموں سے گٹھ جوڑ۔ بدعقیدگی۔ بدعملی۔ گستاخی بے ادبی کم علمی اور جہالت عروج پر رہی ہے جس کا تذکرہ مؤرخین نے نہایت شرح وبسط سے بیان کیا ہے۔ اس لیے وہابی مذہب کی تاریخ سے روشناسی واقفیت حاصل کرنے کے لیے ان کی تاریخ بیان کی جاتی ہے۔

خُدا محفوظ رکھے ہر بلا سے
خصوصاً وہابیت کی وبا سے

marfat.com

وہابی مذہب کی تاریخ

محمد بن عبدالوہاب نجدی ۱۱۱۱ھ بمطابق ۱۷۰۵ء میں نجد میں پیدا ہوا۔ ابتدائے عمر میں مدینہ منورہ میں علم حاصل کرتا تھا۔ مدینہ منورہ اور مکہ مکرمہ کے درمیان آیا جایا کرتا تھا۔ اس کی اصل بنو تمیم سے ہے۔ بہت سے علمار مدینہ سے پڑھتا رہا ہے۔ ان اساتذہ میں سے شیخ محمد بن سلیمان الکردی الشافعی اور شیخ محمد حیات السندی الحنفی بھی ہیں۔ یہ دونوں اساتذہ اور دیگر شیوخ اس میں الحاد۔ ضلالت اور گمراہی کی علامات پاتے تھے۔ اور فرمایا کرتے تھے کہ سیضل هٰذَا وَيُضِلُّ اللّٰهُ بِهٖ مَنْ اَبْعَدَهٗ وَ اَشْقَاهُ فَكَانَ الْاَمْرُ كَذَالِكَ وَمَا اَخْطَاَتْ فِرَاسَتُهُمْ فِيْهِ عنقریب یہ گمراہ ہو جائے گا اور اللہ تعالےٰ اس کی وجہ سے بعد میں آنے والے شقی لوگوں کو بھی گمراہ کرے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اور ان مشائخ کی فراست غلط نہ ہوئی۔ اس کے والد ماجد بھی اس میں الحاد کی علامت پاتے تھے۔ اور اکثر اس کی بُرائی کرتے تھے لوگوں کو اس سے بچنے کی تاکید کرتے اسی طرح اُس کے بھائی علامہ سلیمان بن عبدالوہاب بھی اس کی ایجاد کردہ بدعات و ضلال اور عقائد باطلہ کا انکار کرتے تھے بلکہ انہوں نے اس کے رد میں ایک کتاب الصواعق الالٰهيه فی الرد علی الوهابية لکھی۔ (الدرر السنیہ ص۴۲)

علامہ محمد عبدالرحمٰن اسلہٹی علیہ الرحمۃ کا بیان

علامہ محمد عبدالرحمٰن سلہٹی علیہ الرحمۃ نے اپنی تصنیف لطیف میں نجدی کے متعلق لکھا ہے کہ:

"سلطان محمود خان ثانی کے زمانہ میں ایک شخص محمد عبدالوہاب نامی ظاہر ہوا۔ ابن تیمیہ کے مرجانے کے بعد اس نے اس مٹے ہوئے

marfat.com

عقائدِ فاسدہ کو ظاہر کیا۔ وَابْتَدَعَ شِیْعَۃً مُخَالِفًا عَنْ مَذْھَبِ السُّنَّۃِ وَکَانَ یَطُوْفُ مِنَ الْفُرَاتِ اِلٰی اَمْکَنَۃٍ وَّ شَامٍ وَ الْبَغْدَادِ وَالْبَصْرَۃِ وَ مِنْ ھُنَاکَ رَجَعَ اِلٰی بِلَادِ الْعَرَبِ وَ بِاِسْعَافِ الْاَمِیْرِ ابْنِ السُّعُوْدِ الَّذِیْ کَانَ دَخَلَ فِیْ ھٰذِہِ الشِّیْعَۃِ جَذَبَ اِلَیْہِ جُمْھُوْرًا مِنْ اَھَالِ الْبِلَادِ وَسَمُّوا الْوَھَابِیَّۃِ بِاِسْمِ کَبِیْرِھِمْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْوَھَابِ اس نے نئی شریعت کا اظہار کیا۔ اہلِ سُنت کے خلاف اُس نے ایک گروہ بنالیا۔ فرات سے لے کر شام۔ بغداد شریف۔ بصرہ۔ تک شہروں میں گھومتا رہا۔ اور وہاں سے بلادِ عرب کی طرف لوٹ آیا۔ امیر ابنِ سعود کی مدد کی وجہ سے جو اس کے گروہ میں داخل ہو چکا تھا شہر کے بڑے بڑے لوگوں کو اپنی طرف کھینچ لایا۔ اس وجہ سے وہ اپنے سردار محمد بن عبدالوہاب کے نام پر وہابیہ کے نام سے پکارے گئے۔ (سیف الابرار علی المسلول الفجار ص۱۱)

ممدوح الوہابیہ والدیابنہ مولوی عبیداللہ سندھی نے لکھا ہے کہ:

"دراصل موصوف نے کسی ایسے اُستاد سے علم حاصل نہ کیا تھا جو اُنہیں صحیح ہدایت کی راہ پر لگاتا اور نفع مند علوم کی طرف اُن کی رہنمائی کرتا۔ اور دین کے معاملات میں ان میں تفقہ اور سمجھ پیدا کرتا۔ طلبِ علم کے سلسلہ میں موصوف نے صرف اتنا کیا کہ شیخ ابنِ تیمیہ اور ان کے شاگرد ابنِ قیم کی بعض کتابیں پڑھ لیں۔ اور ان کی تقلید کی۔

شیخ سید محمد امین جو ابنِ عابدین کے نام سے مشہور ہیں شرح ردالمحتار میں باغیوں کے ذکر میں لکھتے ہیں۔ ان کی مثال ایسے ہی ہے جیسے کہ ہمارے زمانہ میں محمد بن عبدالوہاب کے ماننے والے ہیں۔

marfat.com

ابھی پچھلے دنوں یہ لوگ نجد سے نکلے اور حرمین پر قابض ہو گئے یہ اپنے آپ کو حنبلی مذہب کے پیرو کہتے ہیں۔ لیکن ان کا حال یہ ہے کہ اپنے سوا باقی سب مسلمانوں کو جو ان کے اعتقادات کے مخالف ہوں کافر سمجھتے ہیں۔ اور ان کا خون بہانا جائز جانتے ہیں۔ چنانچہ انہوں نے اہلسنت اور ان کے علماء کو قتل کرنے میں دریغ نہ کیا۔

(شاہ ولی اللہ اور ان کی سیاسی تحریک ص ۲۳)

محمد بن عبدالوہاب نجدی نے جب اپنے عقائدِ باطلہ اور نظریاتِ فاسدہ کا اظہار کرنا چاہا تو وہ مدینہ منورہ سے مشرق کی طرف چلا گیا اور لوگوں کو مزخرافات باتیں سناتا اور سمجھاتا تھا کہ جس پر لوگ ہیں وہ سب شرک و گمراہی ہے۔ اور اپنا عقیدہ آہستہ آہستہ ظاہر کرتا تھا۔ جب عام جنگلی لوگوں نے اس کے عقائد کو اختیار کر لیا۔ سنہ ۱۱۵۰ھ میں نجد اور اس کے مضافات میں اس کی شہرت ہو گئی اور امیر الدرعیہ محمد بن سعود اس کا مددگار بن گیا اور شیخ نجدی کو اپنے ملک کی وسعت کا وسیلہ اور ذریعہ بنا لیا۔ اور اہلِ درعیہ کو اس نے محمد بن عبدالوہاب کی متابعت پر آمادہ کر لیا۔ پس درعیہ اور اس کے اردگرد کے لوگوں نے اس کا اتباع کیا۔

(الدرر السنیہ فی الرد علی الوہابیہ ص ۲۴۲)

سردار محمد حسنی بی اے اپنی کتاب سوانحیات ابن سعود میں رقمطراز ہیں کہ:

"شیخ نے اس سے حلف لیا کہ وہ ان مزاروں اور ان کے متعلقات کو تلف کرنے میں امداد دے گا۔ ابنِ معمر نے قبول کیا۔ دونوں ہم مشورہ ہو کر جلیلہ گئے۔ یہاں چند صحابیانِ رسول صلعم (صلی اللہ علیہ وسلم) کے مزارات تھے۔ دونوں مزارات مسمار کر دیئے۔" (سوانح حیات سلطان ابنِ سعود ص ۴۱)

مفتی حرم شریف علامہ زینی علیہ الرحمۃ تحریر فرماتے ہیں کہ یکے بعد دیگرے عرب کے بہت سے قبائل اس کی اطاعت کرتے رہے۔ یہاں تک کہ اس کو قوت ہو گئی تو جنگلی اس سے خوف کھانے لگے۔ وہ بدو بالکل جاہل تھے امورِ دین

marfat.com

کو قطعاً جانتے ہی نہ تھے۔ (الدرر السنیہ ص۴۳)

ان لوگوں کو محمد بن عبدالوہاب نجدی نے جو تعلیم دی اُس کا تذکرہ علامہ زینی اور علامہ آفندی علیہما الرحمۃ نے اپنی کتابوں میں ان الفاظ میں فرمایا ہے کہ:

محمد بن عبدالوہاب نجدی کی تعلیم

اَلْحَقُّ عِنْدَہٗ مَا وَافَقَ هَوَاهُ وَ اِنْ خَالَفَ النُّصُوْصَ الشَّرْعِيَّةَ وَاِجْمَاعَ الْاُمَّةِ وَضَابِطُ الْبَاطِلِ عِنْدَہٗ مَا لَمْ يُوَافِقْ هَوَاهُ وَاِنْ كَانَ عَلَى نَصٍّ جَلِيٍّ اَجْمَعَتْ عَلَيْهِ الْاُمَّةُ وَكَانَ يَنْتَقِصُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَثِيْرًا بِعِبَارَاتٍ مُخْتَلِفَةٍ وَيَزْعَمُ اَنَّ قَصْدَهُ الْمُحَافَظَةُ عَلَى التَّوْحِيْدِ فَمِنْهَا اَنْ يَقُوْلَ اِنَّهٗ طَارِشٌ وَهُوَ فِيْ لُغَةِ اَهْلِ الْمَشْرِقِ بِمَعْنَى الشَّخْصِ الْمُرْسَلِ مِنْ قَوْمٍ اِلٰى آخَرِيْنَ فَمُرَادُهٗ اَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَامِلُ الْكُتُبِ اَيْ غَايَةُ اَمْرِهٖ اَنَّهٗ كَالطَّارِشِ الَّذِيْ يُرْسِلُهُ الْاَمِيْرُ اَوْ غَيْرُهٗ فِيْ اَمْرِ لِاُنَاسٍ لِيُبَلِّغَهُمْ اِيَّاهُ ثُمَّ يَنْصَرِفُ حَتّٰى

محمد بن عبدالوہاب نجدی کے نزدیک حق وہی تھا جو اُس کی خواہش کے موافق ہو۔ اگرچہ نصوص شرعیہ و اجماع اُمت کے مخالف ہو۔ اور باطل وہ تھا جو اُس کی خواہش کے مطابق نہ ہو۔ اگرچہ وہ نص جلی سے جس پر اجماعِ اُمت ہو ثابت ہو۔ اکثر نبیِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی تنقیص مختلف عبارتوں سے کیا کرتا تھا اور سمجھتا تھا کہ میرا ارادہ توحید کی حفاظت ہے۔ مثلاً کہتا تھا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم طارش تھے۔ اُس کے معنے اہلِ مشرق کی لغت میں اُس شخص کے ہیں۔ جو ایک قوم کی طرف سے دُوسری قوم کی طرف بھیجا جائے۔ مطلب یہ تھا کہ نبیِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم حاملِ کتب ہیں یعنی آپ کا انتہائی مرتبہ یہ ہے کہ وہ طارش کی طرح ہیں جو لوگوں کو امیر وغیرہ کا پیغام پہنچا کر لوٹ آتا تھا۔

marfat.com

اَنَّ بَعْضَ اَتْبَاعِهٖ كَانَ يَقُوْلُ عَصَایَ هٰذِهٖ خَيْرٌ مِنْ مُحَمَّدٍ لِاَنَّهَا يُنْتَفَعُ بِهَا فِيْ قَتْلِ الْحَيَّةِ وَ نَحْوِهَا وَ مُحَمَّدٌ قَدْ مَاتَ وَ لَمْ يَبْقَ فِيْهِ نَفْعٌ اَصْلاً وَ اِنَّمَا هُوَ طَارِشٌ وَ قَدْ مَضٰى قَالَ بَعْضُ مَنْ اَلَّفَ فِي الرَّدِّ عَلَيْهِ اِنَّ ذَالِكَ كُفْرٌ فِي الْمَذَاهِبِ الْاَرْبَعَةِ بَلْ هُوَ كُفْرٌ عِنْدَ جَمِيْعِ اَهْلِ الْاِسْلَامِ

اُس کے بعض متبعین یہ کہتے تھے کہ ہمارا عصا محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے بہتر ہے۔ اس واسطے کہ اس سے سانپ وغیرہ کے مارنے سے نفع ملتا ہے۔ اور محمد تو مر چکے ہیں۔ ان سے تو کچھ نفع نہیں۔ وہ تو طارش تھے سو گذر چکے۔ بعض علماء نے اس کے رد میں لکھا ہے کہ یہ چاروں مذاہب میں بلکہ تمام اہلِ اسلام کے نزدیک کفر ہے۔

(الدرر السنیہ ص۴۲ الفجر الصادق ص۱۸)

محمد بن عبدالوہاب نجدی کے قبائح اور خبائث

نبیٔ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ انور کی زیارت کرنے والوں کی ڈاڑھی مونڈھنا

علامہ آفندی علیہ الرحمۃ نے ابوالوہابیہ نجدی کے قبائح اور خبائث بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

وَمِنْ قَبَائِحِ ابْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ الشَّنِيْعَةِ اَنَّهٗ مَنَعَ النَّاسَ مِنْ زِيَارَةِ قَبْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَعْدَ مَنْعِهٖ خَرَجَ اُنَاسٌ مِنَ الْاَحْسَاءِ وَ زَارُوْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَجَعُوْا

محمد بن عبدالوہاب کی خباثتوں میں سے یہ بھی ہے کہ جب ان لوگوں کو زیارت نبی کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم سے منع کر دیا۔ تو کچھ لوگ احساء سے نکلے اور نبیٔ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی۔ یہ خبر اس کو پہنچ گئی جب

marfat.com

مَرُّوا عَلٰی اِبْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ فِی الدَّرْعِیَّةِ فَاَمَرَ بِحَلْقِ لِحَاهُمْ وَ اَرْكَبَهُمْ مَقْلُوْبِیْنَ اِلَی الْاَحْسَاءِ

وہ واپسی میں درعیہ سے ہوکر گذرے تو محمد بن عبدالوہاب نے ان کی ڈاڑھی مونڈھنے کا حکم دیا۔ پھر ان کو درعیہ سے احساء تک اُلٹا سوار کرکے بھیجا۔'

(الفجر الصادق ص۲۰، ۲۲ مطبوعہ استنبول)

مفتی حرم شریف علامہ سید احمد بن زینی علیہ الرحمۃ نے بھی ابوالوہابیہ نجدی کے قبائح بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

دلائل الخیرات کو جلانا۔ مزارت کی جگہ بیت الخلاء بنانا۔ اذان کے بعد درود شریف پڑھنے والے کو قتل کرنا

اِحْرَاقُهٗ كَثِيْرًا مِنْ كُتُبِ الْعِلْمِ وَقَتْلُهٗ كَثِيْرًا مِنَ الْعُلَمَاءِ وَ خَوَاصِ النَّاسِ وَعَوَامِهِمْ وَ اِسْتِبَاحَةُ دَمَائِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ وَنَبْشُهٗ لِقُبُوْرِ الْاَوْلِيَاءِ وَ

محمد بن عبدالوہاب نجدی نے بہت سی کتابوں کو جلا دیا۔ بہت سے علماء اور خواص وعوام کو قتل کر دیا۔ اور ان کے جان و مال کو حلال سمجھ کر لوٹ لیا۔ وتنقیص النبی صلی اللہ علیہ وسلم وسائر الانبیاء والمرسلین

لہ محمد بن عبدالوہاب نجدی نے بھی اس حقیقت کا اقرار اپنے رسالہ میں ان الفاظ میں کیا ہے ولا نأمر باتلاف شیٔ من المؤلفات اصلاً الّا ما اشتمل علی ما یوقع الناس فی الشرکِ لروض الریاحین وَما یحصل بِسببہٖ خلل فی العقائد کعلم المنطق فانہ قد حرمہ جمع من العلماء علی اَنا لا نفحص عن مثل ذالِکَ وکالدلائل ہم کسی کتاب کے تلف کرنے کا ہرگز حکم نہیں دیتے مگر ہاں اُس کتاب کو تلف کرا دیتے ہیں۔ جن میں ایسے مضامین ہوں جو لوگوں کو شرک میں مبتلا کریں یا ان کے سبب سے عقائد میں خلل آتا ہو۔ جیسے روض الریاحین کتب منطق اور دلائل الخیرات کو تلف کرا دیا جاتا ہے۔ (الھدیۃ السنیۃ ص۴۵-۴۶)

marfat.com

قَدْ اَمَرَ فِي الْاَحْسَاءِ اَنْ تُجْعَلَ بَعْضُ قُبُوْرِهِمْ مَحَلًّا لِقَضَاءِ الْحَاجَةِ وَمَنَعَ النَّاسَ مِنْ قِرَأَةِ دَلَائِلِ الْخَيْرَاتِ وَ مِنَ الرَّوَاتِبِ وَالْاَذْكَارِ وَمِنْ قِرَاءَةِ الْمَوْلِدِ الشَّرِيْفِ وَمِنَ الصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ فِي الْمَنَائِرِ بَعْدَ الْاَذَانِ وَقَتَلَ مَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ وَمَنَعَ الدُّعَاءَ بَعْدَ الصَّلَاةِ وَكَانَ يُصَرِّحُ بِكُفْرِ الْمُتَوَسِّلِ بِالْاَنْبِيَاءِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالْاَوْلِيَاءِ وَيَزْعَمُ اَنَّ مَنْ قَالَ لِاَحَدٍ مَوْلَانَا اَوْ سَيِّدُنَا فَهُوَ كَافِرٌ۔

والا دلیاء نبیؐ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و دیگر انبیاء کرام و مرسلین عظام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور اولیاء الرحمٰن علیہم الرضوان کی تنقیص کی اور ان کی قبریں اکھیڑ ڈالیں احساء میں حکم دے دیا کہ بعض قبور اولیاء الرحمٰن کو بیت الخلاء بنا لیا جائے۔ لوگوں کو دلائل الخیرات اور درود و وظائف اور نبیؐ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا میلاد شریف منانے اور مناروں پر بعد اذان درود شریف پڑھنے سے منع کر دیا۔ جس نے ایسا کیا اُس کو قتل کر ڈالا۔ نماز کے بعد دُعاء مانگنے سے منع کر دیا۔ انبیاء ملائکہ اور اولیاء اللہ سے توسل کرنے والے کو صاف طور پر کافر کہتا تھا۔ اور گمان کرتا تھا کہ جو کسی کو مولانا یا سیدنا کہے وہ کافر ہے۔ (الدرر السنیہ ص ۵۲-۵۳)

انبیاءؑ اور اولیاء کی توہین کرنا

علامہ سید علوی الحداد علیہ الرحمۃ نے فرمایا ہے کہ:

اِنَّ الْمُحَقَّقَ عِنْدَنَا مِنْ اَقْوَالِهٖ وَ اَفْعَالِهٖ مَا يُوْجِبُ خُرُوْجَهٗ

بے شک ہمارے نزدیک محمد بن عبدالوہاب نجدی کے اقوال اور افعال سے یہ

لہ علامہ ابو حامد بن مرزوق ..... علیہ الرحمۃ نے محمد بن عبدالوہاب نجدی اور اس کے پیروکاروں کے بنیادی عقائد میں نبیؐ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم و توقیر نہ کرنا بھی ایک عقیدہ درج کیا ہے۔ (التوسل بالنبی صلی اللہ علیہ وسلم ص ۲ مطبوعہ استنبول)

marfat.com

عَنِ الْقَوَاعِدِ الْاِسْلَامِيَّةِ لِمَا اَنَّهٗ يَسْتَحِلُّ اُمُوْرًا مُجْمَعًا عَلٰى تَحْرِيْمِهَا مَعْلُوْمَةً مِنَ الدِّيْنِ بِالضَّرُوْرَةِ بِلَا تَاوِيْلٍ سَائِغٍ وَهُوَ مَعَ ذَالِكَ يَنْتَقِصُ الْاَنْبِيَاءَ وَ الْمُرْسَلِيْنَ وَ الْاَوْلِيَآءَ وَالصَّالِحِيْنَ وَ اِنْتِقَاصُهُمْ عَمْدًا كُفْرٌ بِالْاِجْمَاعِ عِنْدَ الْاَئِمَّةِ الْاَرْبَعَةِ۔

چیز ثابت شدہ ہے جو کہ قواعدِ اسلامیہ سے اس کو نکالتی ہے اس لیے کہ اُس نے ان امور کو جائز قرار دیا ہے۔ جس کے حرام ہونے پر پُوری اُمتِ مسلمہ متفق ہے۔ جن امور کا بغیر تاویل کے تسلیم کرنا ضروریاتِ دین سے ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ انبیاء مرسلین۔ اولیاء وصالحین کی تنقیص اور توہین کرتا ہے۔ ان کی تنقیص عمداً کرنا آئمہ اربعہ کے نزدیک بالاجماع کُفر ہے۔ (الفجر الصادق ص ۱۹)

محمد بن عبدالوہاب نجدی کو ماننے والوں کے علاوہ سب مُشرک ہیں!

علامہ آفندی علیہ الرحمۃ نے لکھا ہے کہ:

وَيُثَبِّتُ فِيْ قُلُوْبِهِمْ اَنَّ جَمِيْعَ مَنْ هُوَ تَحْتَ السَّمَاءِ مُشْرِكٌ بِلَا مُرَاءٍ وَمَنْ قَتَلَ مُشْرِكًا فَقَدْ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ فَكَانَ ابْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ فِيْ قَوْمِهٖ كَالنَّبِيِّ فِيْ اُمَّتِهٖ لَا يَتْرُكُوْنَ شَيْئًا مِمَّا يَقُوْلُهٗ وَلَا يَفْعَلُوْنَ

محمد بن عبدالوہاب نجدی نے ان کے دلوں میں یہ بات بٹھادی تھی کہ آسمان کے نیچے جس قدر لوگ ہیں علی الاطلاق مشرک ہیں اور جو مشرک کو قتل کرے گا اُس کے لیے جنّت لازم ہے۔ محمد بن عبدالوہاب نجدی ان میں نبی کی طرح تھا۔ وہ اس کے کسی قول کو نہ چھوڑتے تھے اور نہ اُس کے حکم کے

لہ محمد بن عبدالوہاب نجدی اور وہابیوں کے بنیادی عقائد میں مسلمانوں کی تکفیر کرنا بھی بنیادی عقیدہ ہے۔ (دیکھیے التوسل بالنبی ص ۲ مطبوعہ استنبول)

marfat.com

شَيْئًا اِلَّا بِاَمْرِهٖ وَيُعَظِّمُوْنَهٗ غَايَةَ التَّعْظِيْمِ۔

بغیر کوئی کام کرتے۔ اس کی ازحد تعظیم کرتے تھے۔

(الفجر الصادق صنہ۲ مطبوعہ استنبول)

مولوی عبداللہ سندھی نے لکھا ہے کہ امام شوکانی کے شاگرد محمد بن ناصر حازمی لکھتے ہیں کہ شیخ محمد بن عبدالوہاب کی دو باتیں ہیں جو پسند نہیں کی جاتیں۔ ایک تو یہ ہے کہ انہوں نے چند بے اساس امور کی بنا پر تمام دنیا کو کافر قرار دیا ہے۔ چنانچہ علامہ داؤد بن سلیمان نے شیخ موصوف کے اس دعوے کا نہایت مناسب رد لکھا ہے۔ اور ان کی دوسری زیادتی یہ تھی کہ بلا کسی دلیل وحجت کے انہوں نے بے گناہوں کو قتل کرنے کی اجازت دی۔ چنانچہ شیخ موصوف یہ اعلان کیا کرتے تھے کہ جس نے اللہ کے سوا کسی اور سے دعا کی یا کسی نبی۔ بادشاہ اور عالم کو اس میں وسیلہ بنایا تو وہ مشرک ہے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ انہوں نے روئے زمین کے سب مسلمانوں کو تکفیر کا نشانہ بنایا۔ چنانچہ جو مسلمان اولیاء سے دعاء کرتے ہیں۔ ان کو موصوف نے کافر قرار دیا۔ اور جو ان کے کفر میں شک کرے۔ شیخ موصوف نے ان شک کرنے والوں کو بھی کافر ثابت کیا۔ موصوف نے اس طرح دنیا جہان کے مسلمانوں کو زمرۂ کفار میں داخل کر دیا۔

(شاہ ولی اللہ اور ان کی سیاسی تحریک صنہ ۲۲۹، ۲۳۰)

مسلمانوں کا قتل وغارت

علامہ احمد بن زینی مفتی وامام حرم شریف علیہ الرحمۃ نے بھی مندرجہ بالا قبائح۔ خباثت اور تعلیمات درج کیتے ہیں نیز تحریر فرمایا ہے کہ:

وَاِذَا قَتَلُوْا اِنْسَانًا اَخَذُوْا مَالَهٗ وَاَعْطَوُا الْاَمِيْرَ مُحَمَّدَ بْنَ سَعُوْدٍ مِنْهُ الْخُمُسَ وَاقْتَسَمُوْا الْبَاقِيْ۔ (الدرر السنیہ صنہ ۴۳)

جب کسی انسان کو نجدی قتل کرتے تو اس کا مال چھین کر اس میں سے خمس (پانچواں حصہ) امیر محمد بن سعود کو دے دیتے تھے۔ باقی آپس میں تقسیم کر لیتے تھے

marfat.com

مولوی عبیداللہ سندھی نے لکھا ہے کہ:
محمد بن عبدالوہاب نجدی ان لوگوں سے جو آپ کے مخالف تھے جہاد کرنا ضروری سمجھتے تھے اور جس طرح بھی بس چلے ان کو قتل کرنا روا جانتے تھے۔ اور ان کے مال و دولت کو لوٹنے کی اجازت دیتے تھے۔

قتل و غارت کی عام اجازت اور وہابی مذہب کے نرالے اصول

علامہ سید احمد بن زینی مکی علیہ الرحمۃ جو کہ حرم شریف کے امام اور مفتی تھے۔ وہابی مذہب کے نئے اصول اور مسلمانوں کے عام قتل و غارت[1] کی نجدی تعلیم کا تذکرہ اس طرح فرماتے ہیں کہ:

اسلام میں یہ بڑا فتنہ ظاہر ہوا جس سے عقلیں اڑ گئیں عقلمند حیران ہو گئے تھے

عَنْ اسْتِبَاحَتِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ وَدِمَاءَهُمْ وَ اِنْتِهَاكِهِمْ حُرْمَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِرْتِكَابِهِمْ اَنْوَاعَ التَّحْقِيْرِ لَهٗ وَلِمَنْ اَحَبَّهٗ وَغَيْرُ ذَالِكَ مِنْ مَقَابِحِهِمُ الَّتِيْ اِبْتَدَعُوْهَا

وہ لوگوں کے جان و مال کو حلال جانتے تھے اور طرح طرح سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے محبین کی تحقیر کرتے تھے۔ جب کوئی شخص طوعاً و کرہاً ان کے دین کا اتباع کرنا چاہتا تھا۔ تو اول کلمہ پڑھنے کا حکم دیتے تھے۔ پھر کہتے

---

[1] سلطان عبدالعزیز کی حکومت نے حجازِ مقدس کے مسلمانوں پر جب ظلم و ستم اور قتل و غارت کا بازار گرم کیا تو وفد خلافت نے اپنی رپورٹ میں یہ لکھا ہے کہ نجدیوں کی گذشتہ صدی کی تاریخ یہ بتاتی ہے کہ ان کے ہاتھ کفار کے خون سے کبھی نہیں رنگے گئے جس قدر خونریزی انہوں نے کی ہے وہ صرف مسلمانوں کی کی ہے۔ وہ ذرا ذرا سی بات پر حجاج کو مشرک کہہ دیتے تھے۔
(مسئلہ حجاز رپورٹ وفدِ خلافت ۱۹۲۶ء ص ۱۰۵)

marfat.com

وَكَفَّرُوا الْاُمَّةَ بِهَا وَكَانُوْا
اِذَا اَرَادَ اَحَدٌ اَنْ يَتَّبِعَهُمْ
عَلٰى دِيْنِهِمْ طَوْعًا اَوْ كَرْهًا
يَأْمُرُوْنَهٗ بِالْاِتْيَانِ بِالشَّهَادَتَيْنِ
اَوَّلًا ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ لَهٗ اِشْهَدْ عَلٰى
نَفْسِكَ اَنَّكَ كُنْتَ كَافِرًا وَاِشْهَدْ
عَلٰى وَالِدَيْكَ اَنَّهُمَا مَاتَا كَافِرَيْنِ
وَاَشْهَدْ عَلٰى فُلَانٍ وَ فُلَانٍ
اَنَّهٗ كَانَ كَافِرًا وَ يُسَمُّوْنَ لَهٗ
جَمَاعَةً مِنْ اَكَابِرِ الْعُلَمَاءِ
الْمَاضِيْنَ فَاِنْ شَهِدُوْا بِذَالِكَ
قَبِلُوْهُمْ وَالَّا اُمِرُوْا بِقَتْلِهِمْ وَ
كَانُوْا يُصَرِّحُوْنَ بِتَكْفِيْرِ الْاُمَّةِ
مِنْ مُنْذُ سِتِّمَائَةِ سَنَةٍ وَ اَوَّلُ مَنْ
صَرَّحَ بِذَالِكَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ
فَتَبِعُوْهُ عَلٰى ذَالِكَ وَ اِذَا دَخَلَ
اِنْسَانٌ فِيْ دِيْنِهِمْ وَكَانَ قَدْ
حَجَّ حَجَّةَ الْاِسْلَامِ قَبْلَ ذَالِكَ
يَقُوْلُوْنَ لَهٗ حُجَّ ثَانِيًا فَاِنَّ حَجَّتَكَ
الْاُوْلٰى فَعَلْتَهَا وَ اَنْتَ مُشْرِكٌ
فَلَا تُسْقِطُ عَنْكَ الْحَجَّ وَيُسَمُّوْنَ
مَنْ اَتْبَعَهُمْ مِنَ الْخَارِجِ الْمُهَاجِرِيْنَ
وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ بَلَدِهِمْ يُسَمُّوْنَهُمُ الْاَنْصَارَ

تھے کہ اپنے آپ پر گواہ ہو جا کہ تو کافر تھا اور اپنے والدین اور فلاں فلاں اکابر علماء پر گواہ ہو جا کہ وہ کافر مرے ہیں۔ اگر وہ اس کی گواہی دیتا تھا۔ تو اسے قبول کر لیتے تھے وگرنہ قتل کا حکم دے دیتے تھے۔ اور جب کوئی شخص ان کے دین میں داخل ہوتا تھا جس نے حج کر لیا ہوتا تھا تو اُس سے کہتے تھے کہ دوبارہ حج کر کیونکہ پہلا حج تو نے شرک کی حالت میں کیا پس وہ حج تیرا ادا نہیں ہوا۔ جو لوگ باہر کے ان کی اتباع کرتے تھے ان کو مہاجرین اور اہلِ شہر کو انصار کہتے تھے۔

(الدرر السنیہ ص۴۶ مطبوعہ استنبول)

marfat.com

تفسیر بالرائے کی تعلیم

علامہ آفندی علیہ الرحمۃ نے اپنی تصنیفِ لطیف الفجر الصادق میں تحریر فرمایا ہے کہ:

اَنَّهٗ هُوَ وَاَتْبَاعُهٗ كَانُوْا يُاَوِّلُوْنَ الْقُرْآنَ بِحَسْبِ اَهْوَائِهِمْ لَا بِحَسْبِ مَافَسَّرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهٗ وَالسَّلَفُ الصَّالِحُ وَاَئِمَّةُ التَّفْسِيْرِ

محمد بن عبدالوہاب نجدی اور اس کے پیروکار وہابی قرآنِ پاک کی تاویلیں اپنی خواہشوں کے مطابق کرتے تھے۔ نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم ان کے صحابہ کرام علیہم الرضوان سلف صالحین اور آئمہ مفسرین علیہم الرحمۃ کی تفسیر کے مطابق تفسیر نہیں کرتے تھے۔ (الفجر الصادق فی الرد علی منکری التوسل والکرامات والخوارق ص۱۹)

علامہ احمد بن زینی دحلان مکی علیہ الرحمۃ نے تحریر فرمایا ہے کہ:

وَكَانَ يَمْنَعُ اَتْبَاعَهٗ مِنْ مُطَالَعَةِ كُتُبِ الْفِقْهِ وَالتَّفْسِيْرِ وَالْحَدِيْثِ وَاَحْرَقَ كَثِيْرًا مِنْهَا وَاَذِنَ لِكُلِّ مَنْ اَتْبَعَهٗ اَنْ يُفَسِّرَ الْقُرْآنَ بِحَسْبِ فَهْمِهٖ حَتّٰى اَنْهَجَ الْمَنْهَجَ مِنْ اَتْبَاعِهٖ فَكَانَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ يَفْعَلُ ذَالِكَ وَلَوْ كَانَ لَا يَحْفَظُ الْقُرْآنَ وَلَا شَيْئًا مِنْهُ فَيَقُوْلُ لِلَّذِيْ لَا يَقْرَأُ مِنْهُمْ لِآخَرَ يَقْرَأُ اِقْرَأْ عَلَيَّ حَتّٰى اُفَسِّرَ لَكَ فَاِذَا قَرَأَ عَلَيْهِ يُفَسِّرُهٗ لَهٗ بِرَاْيِهٖ۔ (الدرر السنیہ ص۴۱)

اپنے پیروکاروں کو کتب فقہ و تفسیر و حدیث کے مطالعہ سے منع کرتا تھا۔ بہت سی کتب جلا بھی دیں۔ اپنے ہر پیروکار کو اجازت دے دی تھی کہ قرآنِ پاک کی تفسیر اپنے فہم کے مطابق کرے یہاں تک کہ اس نے اپنے متبعین کو برانگیختہ کر دیا۔ ان میں سے ہر ایک ایسا ہی کرتا تھا۔ اگرچہ قرآن اسے بالکل یاد نہ ہو۔ جسے یاد نہ ہوتا وہ کسی دوسرے کو کہتا کہ تم قرآن پڑھو میں اس کی تفسیر بتاتا ہوں۔ جب وہ پڑھتا تھا تو یہ اپنے رائے سے تفسیر کر دیتا تھا۔

محمد بن عبدالوہاب نجدی خارجی تھا اور دینِ جدید کا مدعی تھا

علامہ آفندی اور علامہ دحلان مکی

marfat.com

علیہما الرحمۃ نے تحریر فرمایا ہے کہ:

تَمَسَّكَ ابْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ فِيْ تَكْفِيْرِ النَّاسِ بِآيَاتٍ نَزَلَتْ فِي الْمُشْرِكِيْنَ فَحَمَلَهَا عَلَى الْمُوَحِّدِيْنَ وَقَدْ رَوَى الْبُخَارِيُّ فِيْ صَحِيْحِهٖ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا فِيْ وَصْفِ الْخَوَارِجِ اَنَّهُمْ انْطَلَقُوْا اِلٰى آيَاتٍ نَزَلَتْ فِي الْكُفَّارِ فَجَعَلُوْهَا فِي الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ رِوَايَةٍ اُخْرٰى عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَخْوَفُ مَا اَخَافُ عَلٰى اُمَّتِيْ رَجُلٌ مُتَاَوِّلٌ لِلْقُرْآنِ يَضَعُهٗ فِيْ غَيْرِ مَوْضِعِهٖ فَهٰذَا وَمَا قَبْلَهٗ صَادِقٌ عَلٰى ابْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ وَاِتْبَاعِهٖ وَيُظْهَرُ مِنْ اَقْوَالِهٖ وَاَفْعَالِهٖ اَنَّهٗ كَانَ يَدَّعِيْ اَنَّ مَا اُتِيَ بِهٖ دِيْنٌ جَدِيْدٌ وَلِذَالِكَ لَمْ يَقْبَلْ

لوگوں کو کافر بنانے میں محمد بن عبدالوہاب نجدی نے ان آیات سے دلیل پکڑی ہے جو مشرکین کے حق میں نازل ہوئی ہیں ان آیات کو موحد مسلمانوں پر اُس نے چسپاں کیا ہے امام بخاری رحمۃ اللہ الباری نے اپنی کتاب صحیح میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے خوارج کی علامات بیان کرتے ہوئے روایت درج کی ہے کہ جو آیات کفار کے حق میں نازل ہوئی ہیں ان کو مسلمانوں پر چسپاں کرنا خوارج کا طریق کار تھا۔ اور دوسری روایت میں ہے جو کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے ہی مروی ہے کہ نبیٔ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ جن چیزوں سے مجھے خطرہ ہے ان میں سب سے زیادہ خطرہ اُمت کے اس شخص سے ہے جو قرآن

لہ علامہ سلیمان بن عبدالوہاب آل الشلبی اور شیخ عبداللہ نابلسی علیہ الرحمۃ نے محمد بن عبدالوہاب نجدی کے متعلق اپنی اپنی تصانیف میں لکھا ہے کہ: اِنَّهٗ مَعَ مُقَلِّدَيْهِ مِنَ الْخَوَارِجِ بے شک وہ اپنے تمام پیروکاروں سمیت خارجیوں سے شمار ہوتا ہے۔

(الدرر السنیہ فی الرد علی الوہابیہ ص۴۷) (التوسل بالنبی ص۱ مصنفہ علامہ ابوحامد بن مرزوق مطبوعہ استنبول)

marfat.com

مِنْ دِیْنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَتَلَ کَثِیْرًا مِنَ الْعُلَمَاءِ وَ الصَّالِحِیْنَ وَعَوَامِ الْمُسْلِمِیْنَ لِکَوْنِھِمْ لَمْ یُوَافِقُوْہُ عَلٰی مَا ابْتَدَعَہٗ (الفجر الصادق ص ۱۸-۱۹)

پاک کی تاویلیں بے محل کرتا ہے۔ حضور پُرنور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان اور اس سے پہلے ارشاد دونوں محمد بن عبدالوہاب نجدی اور اُس کے ماننے والوں پر صادق آتے ہیں۔ اس کے اقوال اور افعال سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ وہ نئے دین کا مُدعی تھا۔ اسی لیے نبیِّ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے دین کی بات کو قبول کرتا تھا۔ بہت سے عُلماء، صلحاء اور عوام مسلمین کو اس بنا پر قتل کر دیا کہ انہوں نے اس کی بدعت میں موافقت نہیں کی۔ (الفجر الصادق ص ۱۸-۱۹ والدرر السنیہ ص ۴۷)

انگریزوں نے نجدی کی تعریف کیوں کی ہے

قارئینِ کرام! عُلماءِ محققین نے محمد بن عبدالوہاب نجدی کی تعلیم اور اُس کے قبائح اور خباثت اپنی کتابوں میں بیان کیے ہیں۔ ان کا اندراج کیا گیا ہے۔ اس کی تعلیم اور قبائح پڑھنے کے بعد کوئی ذی عقل اور باشعور شخص ایسے شخص کو اور اس کے پیروکاروں کو شریعتِ مصطفوی کا پیروکار اور شیدائی نہیں کہہ سکتا اور نہ ہی ایسا شخص عوام کی زبان سے مصلح کہلایا جا سکتا ہے۔ مگر انگریز یہ چاہتے تھے کہ مُسلمانوں کے دِلوں سے ان کے آقا و مولا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت اور رفعت کسی طریقہ سے نکالی جائے کیونکہ اسلام کے نام پر جو یہ مسلمان من تن اور دھن کی بازی لگا دینے کے لیے جو تیار ہو جاتے ہیں۔ وہ صرف محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی محبت اور عقیدت کی وجہ سے ہی ہے۔ جب انگریزوں نے محمد بن عبدالوہاب نجدی کی تعلیمات اور اس کے دینِ جدید کے پروگرام کو پڑھا تو ان کو اپنے مقصد میں کامیابی اور کامرانی کی اُمید ہوئی۔ تو اُنہوں نے سب سے بہتر یہی سمجھا کہ اس شخص کی تعریف و توصیف کی جائے اور اس کو عظیم شخصیت قرار دیا جائے تو اس کے ماننے والے ہمارے قریب ہو جائیں گے۔ جب وہ قریب ہو جائیں

marfat.com

گے۔ جب وہ قریب ہو جائیں گے تو ان کو ساتھ ملا کر ہم اپنے مقصد (مسلمانوں کے دِلوں سے عظمتِ مصطفےٰ نکالنے) میں کامیاب اور کامران ہو جائیں گے پس انگریزوں نے محمد بن عبدالوہاب نجدی کو عرب کا ایک مصلح کہنا شروع کر دیا جس کو وہابیوں نے اپنی کتابوں میں فخریہ انداز سے شائع کرنا شروع کر دیا جیسا کہ وہابیوں کے سردار ثناء اللہ امرتسری نے اپنی کتاب "تحریکِ وہابیت پر ایک نظر" میں لکھا ہے کہ:

"وہابی سُنّی مسلمانوں کا ایک ترقی یافتہ فرقہ ہے۔ یہ لوگ عبدالوہاب کے قائم شدہ اصولوں کے پیرو ہیں۔ عبدالوہاب اٹھارہویں صدی میں ایک عرب مصلح تھا۔" (تحریکِ وہابیت پر ایک نظر، صفحہ مطبوعہ امرتسر)

محمد بن عبدالوہاب نجدی کی تعلیم اور اُس کے عقائد کا جب علماءِ محققین کو علم ہوا تو علماء نے ان کے عقائد پر کُفر کے فتوے لگائے اور ان کو سزاوار قرار دیا۔ شریفِ مکہ نے ان کا حرمین شریفین میں داخلہ بند کر دیا جیسا کہ دُنیائے اسلام کی شہرۂ آفاق شخصیت حرم شریف کے مفتی اور امام علامہ احمد بن زینی دحلان مکی علیہ الرحمۃ نے اپنی تصنیفِ لطیف الدرر السنیہ میں تذکرہ فرمایا ہے۔

نجدیوں پر کُفر کا فتوےٰ اور ان کو قید کی سزا

امیر محمد بن سعود اور اُس کے چیلوں نے شریفِ مکہ سعود بن سعید بن سعد بن زید سے حج کی اجازت چاہی۔ اور اصل مقصد ان کا یہ تھا کہ اپنے عقیدہ کا اظہار کریں۔ اور اہلِ حرمین کو اس پر آمادہ کریں۔ اور اپنے تیس ۳۰ مولوی پہلے سے روانہ کر دیئے۔ اس گمان سے کہ وہ اہلِ حرمین کے عقائد کو فاسد کریں گے۔ اور ان سے جھوٹی باتیں ملائیں گے اور حج کا اذن طلب کیا اگرچہ سالانہ ان پر کچھ مقرر ہو جائے۔ اہلِ حرمین نے نجد میں ان کا ظہور اور بدوؤں کا فساد سُنا تھا۔ مگر اس کی حقیقت معلوم نہ کی تھی۔ جب ان نجدیوں کے مولوی مکہ مکرمہ پہنچے تو شریف مسعود نے حکم دیا کہ عُلماء

marfat.com

حرمین ان سے نجدی مولویوں سے مناظرہ کریں۔

فَنَاظَرُوْهُمْ فَوَجَدُوْهُمْ ضَحْكَةً وَ مَسْخَرَةً كَحُمُرٍ مُسْتَنْفِرَةٍ فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ وَ نَظَرُوْا اِلٰى عَقَائِدِهِمْ فَاِذَا هِيَ مُشْتَمِلَةٌ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنَ الْكُفْرَاتِ فَبَعْدَ اَنْ اَقَامُوْا عَلَيْهِمُ الْحُجَّةَ وَ الْبُرْهَانَ اَمَرَ الشَّرِيْفُ مَسْعُوْدٌ قَاضِيَ الشَّرْعِ اَنْ يَكْتُبَ حُجَّةً بِكُفْرِهِمُ الظَّاهِرِ لِيَعْلَمَ بِهِ الْاَوَّلُ وَ الْاٰخِرُ وَاَمَرَ بِسِجْنِ اُولٰئِكَ الْمُلْحِدَةِ وَوَضَعَهُمْ فِي السَّلَاسِلِ وَالْاَغْلَالِ۔

پس انہوں نے ان نجدی مولویوں سے مناظرہ کیا تو ان کو مسخرہ اور ان گدھوں کی طرح پایا جو شیر سے بھاگتے ہیں۔ ان کے عقائد کو دیکھا تو بہت سے کفریات پر مشتمل تھے۔ جب انہوں نے ان پر حجت و برہان قائم کر دی تو اس کے بعد شریفِ مکہ مسعود نے قاضی شرع کو حکم دیا ان کے کفرِ ظاہر کی سند لکھ دے تاکہ اگلے اور پچھلے سب لوگوں کو ان کا کفر معلوم ہو جائے۔ پھر ان ملحدوں کو قید کا حکم دے دیا۔ طوق اور بیڑیاں پہنا دی گئیں۔

جب شریفِ مکہ مساعد بن سعید مقرر ہوتے تو ان سے بھی نجدیوں نے حج کی اجازت چاہی مگر انہوں نے اِنکار کر دیا۔ اور ان کی اُمیدیں خاک میں مل گئیں۔

(الدرر السنیہ فی الرد علی الوہابیہ ص ۴۳۰ مطبوعہ ترکی)

ناظرین حضرات! محمد بن عبدالوہاب نجدی کی تعلیم و تربیت اور عقائد کا آپ نے مطالعہ کیا۔ ہندوستان میں انگریز بھی شیخ نجدی کی تعلیم پر عمل کرتے ہوئے کامیاب ہوا وہ اس طرح کہ انگریز نے ہندوستان کے مسلمانوں کے دِلوں سے عظمتِ مصطفےٰ نکالنے کے لیے مرزا غلام احمد قادیانی کو اپنے ہاتھوں لیا۔ اور اس کو دعوائے نبوت کرنے کے لیے تیار کیا۔ یہ سب کچھ انگریز نے محمد بن عبدالوہاب نجدی کی تعلیم و تربیت کے مطالعہ سے سیکھا تھا۔ مرزا قادیانی کو مدعی نبوت ہونے کے لیے کچھ مواد کی ضرورت تھی۔ اس لیے محمد بن عبدالوہاب نجدی کی تعلیمات

marfat.com

اور عقائد کا پرچار اور تشہیر کی گئی ۔ توحید اور رسالت سے متعلق عقائد دینِ جدید (محمد بن عبدالوہاب نجدی کے دین) کے مطابق پیش کرنے کے لیے مولوی اسماعیل دہلوی کو انگریز نے منتخب کیا۔ اسماعیل دہلوی اس کام کے لیے تیار ہو گیا۔ چنانچہ اخبار اہلحدیث امرتسر میں لکھا ہے کہ ہندوستان میں سب سے پہلے توحید کا پرچار کرنے والے مولوی اسماعیل دہلوی تھے۔ (اخبار اہلحدیث امرتسر ۱۳ اکتوبر ۱۹۱۱ء صفحہ ۶)

ہندوستان میں توحید کا پرچار کرنے والے خواجۂ خواجگان غریب نواز خواجہ معین الدین چشتی اجمیری علیہ الرحمۃ جن کو اپنے اور بیگانے سبھی سلطان الہند کے لقب سے یاد کرتے ہیں۔ شیخ الشیوخ، غوث العالمین حضرت علی ہجویری علیہ الرحمۃ جن کو اغیار بھی داتا گنج بخش کہتے ہیں۔ شیخِ محقق شیخ المحدثین عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ جنہوں نے ہندوستان میں پہلے علمِ حدیث کا پرچار کیا۔ مجددِ الفِ ثانی شیخ احمد سرہندی فاروقی قدس سرہٗ النورانی جنہوں نے اکبر اور جہانگیر کے آگے اپنی گردن کو نہ جھکایا اور اپنے حقیقی پروردگار کی توحید کا علم بلند رکھا۔ بعدازاں شاہ عبدالرحیم محدث دہلوی، شاہ ولی اللہ اور شاہ عبدالعزیز دہلوی علیہم الرحمۃ حضرات ہیں۔

معلوم اخبار اہلِ حدیث نے ان حضرات کو توحید کا پرچار کرنے والوں میں کیوں شمار نہیں کیا اور ان کو نظر انداز کر کے انگریز دل کے ٹٹو مولوی اسماعیل دہلوی قتیل کا نام لیا ہے۔ ہاں ہو سکتا ہے کہ اس لحاظ سے امرتسری صاحب نے ان کو توحید کا پرچار کرنے والا لکھا ہے کہ انہوں نے نئی توحید بیان کرنے میں پہل کی ہے مثلاً خدا تعالےٰ جھوٹ بولنے پر قادر ہے۔ انسان سے جو عیوب سرزد ہوتے ہیں ان عیوب پر خدا تعالےٰ بھی قادر ہے۔ اللہ تعالیٰ جسم رکھتا ہے وغیرہم ایسی نئی توحید بیان کرنے والے واقعی مولوی اسماعیل صاحب دہلوی قتیل ہی ہیں۔ انگریز بھی ایسے ہی مولوی کی تلاش میں تھے۔ اسماعیل دہلوی کا ہیڈ آفس یا پاور ہاؤس نجدی مولوی تھے۔ چنانچہ مولوی اسماعیل دہلوی قتیل نے اپنے ہیڈ آفس

marfat.com

نجد سے مدد مانگی۔ اور وہاں اپنے آدمی بھیجے جس کا تذکرہ مولوی عبیداللہ سندھی کی کتاب شاہ ولی اللہ اور ان کی سیاسی تحریک کے صـ۱۲۶ کے حاشیہ پر ان الفاظ میں درج ہے۔

"مولانا شہید نے نجدیوں کے پاس اپنا آدمی بھیجا تھا۔ مگر وہ چونکہ حجاز میں نہیں آسکتے تھے انہوں نے نامہ بر کو واپس کر دیا کہ ہم اس وقت دُعا کے سوا اور کوئی اعانت نہیں کر سکتے۔ یہ واقعہ مکہ معظمہ کے ثقہ عالموں سے معلوم ہوا۔

ہندوستان میں وہابی مذہب کی ترویج[1] و تشہیر کرنے والے مولوی اسماعیل دہلوی اور سید احمد آف رائے بریلی تھے۔ ان ہر دو حضرات کا انگریزوں کا پٹھو ہونا مسلمہ ہے۔ اس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ انگریز نے ان کو استعمال کرنا شروع کیا۔ مسلمانوں کے دِلوں سے عظمتِ مصطفےٰ ختم کرنے کی خاطر ایک سنگین پروگرام مرتب کیا گیا۔ اسماعیل دہلوی نے اسی پروگرام کے مطابق سب سے پہلے تقویۃ الایمان کتاب لکھی۔ اِس کی خوب تشہیر کی گئی اور مفت تقسیم کی گئی۔ یہ ظاہر ہے کہ اس کی کثیر تعداد میں اشاعت کے جتنے بھی اخراجات تھے حکومت نے یا نجدیوں نے برداشت کیے ہوں گے جیسا کہ عبدالعزیز بن سعود نجدی نے ہندوستان میں نجدیت کی ترویج کے لیے الھدیۃ السنیہ کا اُردو ترجمہ مولوی اسماعیل غزنوی سے کرا کر اُس کو پاک و ہند میں مفت تقسیم کرایا۔ جیسا کہ اُس کتاب کے ٹائٹل پیج پر درج ہے۔ حالیہ دور میں محمد بن عبدالوہاب نجدی کی کتاب التوحید کی شرح فتح المجید تقسیم کی جا رہی ہے۔ اسماعیل دہلوی نے تقویۃ الایمان کتاب میں مسلمانوں کو مشرک بنانے کے نجدی پروگرام کو خُوب نبھایا ہے۔ جس کی تصدیق خود وہابیہ کے جلیل المرتبت مولوی وحید الزمان نے اپنی کتاب ہدیۃ المھدی میں کی ہے۔ یہاں پر اس عربی

---

[1] حیاتِ طیبہ صـ۳۸۹

marfat.com

عبارت کا صرف ترجمہ ہی پیش کیا جاتا ہے۔ اصل عبارت صہ پر درج کی جا چکی ہے۔

'ہمارے بعض متاخرین (حاشیہ پر مولوی وحید الزمان نے محمد بن عبدالوہاب نجدی اور اسماعیل دہلوی کا نام لکھا ہے) نے شرک کے معاملہ میں بڑا تشدد اختیار کر رکھا ہے۔ اور اسلام کے دائرہ کو بہت تنگ کر دیا ہے کہ امورِ مکروہہ یا محرمہ کو بھی شرک قرار دیا ہے۔'

(ہدیۃ المھدی صہ ۲۶ مطبوعہ دہلی)

تقویۃ الایمان میں نجدی پروگرام نبیٔ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی تنقیص کو خوب سرانجام دیا ہے۔ آئندہ صفحات پر عقائد کے بارے میں مفصل عبارات پیش کی جا رہی ہیں۔

اسی تقویۃ الایمان میں ختمِ نبوت کے انکار میں مدد دینے والے جراثیم بھی جمع کر دیئے گئے ہیں تاکہ کسی کو مدعی نبوت ہونے میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے[1]

یہی وجہ ہے کہ مرزا قادیانی کی نبوت پر ایمان لانے میں پیش قدمی کرنے والے اسماعیل دہلوی کے معتقد وہابی حضرات ہی تھے جس کا اقرار وہابیوں کی شہرۂ آفاق شخصیت مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی نے ۱۹۴۹ء میں وہابیہ کی ایک کانفرنس کے جلسۂ عام میں خطبہ صدارت دیتے ہوئے لاہور میں کیا ہے کہ:

'جماعت اہلِ حدیث کے کثیر التعداد لوگ قادیانی ہو گئے۔'

(احتفال الجمہور صہ ۲۳)

سابقہ صفحات پر دیوبندی حضرات (جن کو وہابی غیر مقلد بھی اہلِ توحید تسلیم کرتے ہیں) کے مولوی خلیل الرحمٰن صاحب لکھنوی کی شہادت سے یہی حقیقت اظہر من الشمس ہے۔ لکھنوی صاحب نے تو مرزائیوں کو غیر مقلدین حضرات کا منجملہ بھائی قرار دیا ہے۔

---

[1] تفصیل دیکھنی ہو تو فقیر کی کتاب مرزا قادیانی کی حقیقت کا دیباچہ دیکھیئے (فقیر قادری غفرلہٗ)

marfat.com

وہابیوں کے سردار مولوی ثناء اللہ امرتسری اور ان کے دیگر رفقاء نے تو اپنی بے شرمی اور بے حیائی کا پورا پورا ثبوت مرزائی امام کے پیچھے نماز پڑھنے سے نماز ادا ہو جاتی ہے کا فتویٰ جاری کر کے دے دیا ہے۔

یہ سب ان جراثیم کا ہی اثر ہے جو تقویۃ الایمان میں موجود ہیں وہ جراثیم تا حال[1] چلے آ رہے ہیں۔ موجودہ دور میں وہابیوں کے مولوی معین الدین لکھوی اور محی الدین لکھوی حضرات کے نزدیک مرزائی کافر نہیں ہیں۔

مولوی اسماعیل دہلوی کے متعلق غیر مقلدین اور دیوبندی وہابیوں کے ممدوح مولوی اشرف علی تھانوی نے بھی اس کی تصدیق کی ہے۔

"مسلکِ پیرانِ خود مثل شاہ ولی اللہ وغیرہ پر انکار فرمایا۔"

(امداد المشتاق ص ۷۹)

مولوی اسماعیل دہلوی کے ذریعے انگریزوں نے مواد جمع کرایا اور دعوائے نبوت کرنے کے لیے مرزا غلام احمد قادیانی کو تیار کیا۔ یہ سب پروگرام انگریز نے محمد بن عبدالوہاب نجدی کی تحریک کے گہرے مطالعہ سے ترتیب دیا تھا کیونکہ شیخ نجدی نے مُدعی نبوت ہونے کے سارے پروگرام تشکیل دے دیئے تھے۔ دبی زبان سے اس کا اظہار بھی کرنا شروع کر دیا تھا۔ مگر صراحۃً دعوائے کرنے پر قادر نہ ہوا۔ جس کا تذکرہ مفتی و امام حرم علامہ احمد بن زینی علیہ الرحمۃ نے ان الفاظ میں کیا ہے۔

شیخ نجدی کا دعوائے نبوت کرنے کا پروگرام

مفتی حرم شریف
علامہ احمد بن زینی

---

[1] اس موضوع پر فقیر کی کتاب "وہابیت اور مرزائیت" کا مطالعہ کریں۔ جس میں وہابیوں کی مستند کتب سے وہابیوں کا مرزائیوں سے گہرا تعلق ثابت کیا ہے۔ (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری)

ناشر: تنظیم اہلحدیث لاہور ص ۲۲ مارچ ۱۹۷۴ء

marfat.com

دحلان مکی علیہ الرحمۃ نے شیخ نجدی محمد بن عبدالوہاب کا دعوائے نبوت کرنے کا پروگرام بھی اس طرح درج کیا ہے۔

وَالظَّاهِرُ مِنْ حَالِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ اِنَّهٗ يَدَّعِيْ النُّبُوَّةَ اِلَّا اَنَّهٗ مَا قَدَرَ عَلٰى اِظْهَارِ التَّصْرِيْحِ بِذَالِكَ وَكَانَ فِيْ اَوَّلِ اَمْرِهٖ مُوْلِعًا بِمُطَالَعَةِ اَخْبَارِ مَنْ اِدَّعَى النُّبُوَّةَ كَاذِبًا كَمُسَيْلَمَةَ الْكَذَّابِ وَسَجَاحَ وَ الْاَسْوَدِ الْعَنْسِيِّ وَطُلَيْحَةَ الْاَسَدِيِّ وَاَضْرَابِهِمْ فَكَاَنَّهٗ يُضْمِرُ فِيْ نَفْسِهٖ دَعْوَى النُّبُوَّةِ وَكَانَ يَقُوْلُ لِاَتْبَاعِهٖ اِنِّيْ اُتِيْكُمْ بِدِيْنٍ جَدِيْدٍ وَيُظْهِرُ بِذَالِكَ مِنْ اَقْوَالِهٖ وَاَفْعَالِهٖ وَلِهٰذَا كَانَ يَطْعَنُ فِيْ مَذَاهِبِ الْاَئِمَّةِ وَ اَقْوَالِ الْعُلَمَاءِ وَلَمْ يَقْبَلْ مِنْ دِيْنِ نَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا الْقُرْاٰنَ وَيُؤَوِّلُهٗ عَلٰى حَسْبِ مُرَادِهٖ مَعَ اَنَّهٗ اِنَّمَا قَبِلَهٗ ظَاهِرًا فَقَطْ لِئَلَّا يَعْلَمَ النَّاسُ حَقِيْقَةَ اَمْرِهٖ فَيَنْكَشِفُ عَنْهُ

محمد بن عبدالوہاب کے حال سے ظاہر ہے کہ وہ نبوت کا دعوائے کرتا مگر صراحۃً اُس کے اظہار پر قادر نہ ہوا۔ ابتدا میں ان لوگوں کی خبریں دیکھنے کا بہت شوقین تھا جنہوں نے نبوت کا جھوٹا دعوائے کیا تھا مثلاً مسیلمہ کذاب سجاح۔ اسود عنسی اور طلیحہ اسدی وغیرہ اور اپنے دل میں دعویٰ نبوت کو چھپاتا تھا اگر اظہار اس کے بس میں ہوتا تو ضرور ظاہر کرتا۔ دین جدید بتاتا ہوں اور یہی بات اُس کے اقوال اور افعال سے ظاہر ہوتی ہے۔ اسی لیے مذاہب آئمہ اور اقوال علماء پر طعن کیا کرتا تھا۔ ہمارے نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے دین میں سے صرف قرآن کو ہی اُس نے قبول کیا تھا اور اپنے ذہن اور خواہش کے مطابق اُس کی تاویل کرتا تھا۔ اور یہ بھی ظاہری طور پر تھا تاکہ لوگ حقیقتِ حال نہ جان جائیں۔

(الدرر السنیہ ص۴۲)

marfat.com

اعلیٰحضرت گولڑوی علیہ الرحمۃ کی تائید

عارف باللہ حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی علیہ الرحمۃ

کی معرکۃ الآرا کتاب سیفِ چشتیائی میں چند احادیث شریفہ (جن میں پیارے نبی غیب دان صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے آئندہ زمانہ میں آنے والے لوگوں کے نظریاتِ باطلہ کا ذکر فرمایا ہے) درج کر کے لکھا ہے کہ:

'پس اگر ان پیشین گوئیوں کو بھی خارج میں مطابق کر کے دیکھا جائے تو مسیلمہ کذاب اور اسود عنسی اور حمدان بن قرمط اور محمد بن عبدالوہاب کے بعد یہی قادیانی صاحب ہیں۔ جنہوں نے اپنے کو نبی سمجھا۔'

(سیفِ چشتیائی ص ۱۰۵)

سیفِ چشتیائی میں ہے کہ:

'مرزائے قادیانی کے سلسلہ ابحاث میں محمد بن عبدالوہاب اور اُس کے ہم خیال مطلق العنان لامذہب افراد کا ذکر بھی ضروری تھا۔ کیونکہ یہ سب ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں۔'

(سیفِ چشتیائی ص ۱۰۳)

نجدی کی بے دینی اور گمراہی کا اُس کے اساتذہ اور باپ کو علم تھا

شیخ الوہابیہ محمد بن عبدالوہاب

نجدی کی اس گمراہی، بے دینی کا اُس کے اساتذہ اور آباؤ اجداد کو فراستِ علمی سے اس کا علم تھا۔ جس کا تذکرہ شیخ الاسلام مفتی حرم شریف علامہ احمد بن زینی دحلان مکی علیہ الرحمۃ نے اپنے رسالہ 'فتنہ الوہابیہ' میں کیا ہے۔

ابنِ عبدالوہاب نجدی کے والدِ ماجد[1]، اس کے بھائی اور اُس کے اساتذہ کا اس

---

[1] محمد بن عبدالوہاب کے والد اور بھائی کے متعلق وہابیوں کو مولوی شریف اشرف لائل پوری رقمطراز ہیں کہ آپ کے والد ماجد عبدالوہاب بن سلیمان، عینیہ کے قاضی تھے (باقی اگلے صفحہ پر)

marfat.com

کی بے دینی، گمراہی اور کجروی کی مذمت اور عقائدِ باطلہ کی تردید کرنے اور اُس کے متبعین کو جہالت کا پُتلا قرار دینے کا تذکرہ ان الفاظ میں فرمایا ہے :

وَكَانَ اَبُوْهُ وَ اَخُوْهُ وَمَشَائِخُهٗ يَتَفَرَّسُوْنَ فِيْهِ اَنَّهٗ سَيَكُوْنُ مِنْهُ زَيْغٌ وَ ضَلَالٌ لِمَا يُشَاهِدُوْنَهٗ مِنْ اَقْوَالِهٖ وَ اَفْعَالِهٖ وَنُزْعَاتِهٖ فِيْ كَثِيْرٍ مِنَ الْمَسَائِلِ وَ كَانُوْا يُوَبِّخُوْنَهٗ وَيُحَذِّرُوْنَ النَّاسَ مِنْهُ فَحَقَّقَ اللّٰهُ فِرَاسَتَهُمْ فِيْهِ لَمَّا ابْتَدَعَ مَا ابْتَدَعَهٗ مِنَ الزَّيْغِ وَالضَّلَالِ الَّذِيْ اَغْوٰى بِهِ الْجَاهِلِيْنَ وَخَالَفَ فِيْهِ آئِمَّةَ الدِّيْنِ وَ تَوَصَّلَ بِذَالِكَ۔

اس کے باپ، بھائی اور اُستاد اُس میں فراست سے معلوم کرتے تھے کہ عنقریب اس سے گمراہی اور کجروی کا ظہور ہوگا۔ جو کہ انہوں نے اُس کے اقوال افعال اور کثیر مسائل میں جھگڑا کرنے کی بنا پر مشاہدہ فرمایا تھا۔ وہ اُس کو ڈانٹتے تھے۔ اور لوگوں کو اُس کی گمراہی اور بے دینی سے ڈراتے تھے۔ انہوں نے اپنی فراست سے جو کچھ معلوم کیا تھا، اللہ تعالےٰ نے اُسی طرح ثابت کر دیا۔ اس نے اپنی گمراہی اور کجروی سے جاہلوں

(بقیہ صفحہ) اور بہت بڑے علماء میں شمار ہوتے تھے۔ محمد بن عبدالوہاب کے بڑے بھائی سلیمان بن عبدالوہاب حریملا کے قاضی اور بہت بڑے عالم تھے۔ (مجموعۃ التوحید ص۵ از محمد شریف اشرف) وہابیہ کے احمد عبدالغفور عطار اپنے فرقہ کے امام محمد بن عبدالوہاب نجدی کے والد کے متعلق لکھتے ہیں کہ شیخ عبدالوہاب باوقار پُر رعب اور متواضع عالم تھے۔ عقیدۃً سلفی اور مذہباً حنبلی تھے۔ فقہ و حدیث، تفسیر، علومِ قرآن اور علومِ عربیہ میں ممتاز تھے۔ اور ان علوم میں طالب علموں کو اپنے مکان پر اور مسجد میں درس بھی دیا کرتے تھے۔ لوگ ان کے علم و خلق سے توشہ جمع کرنے کے لیے بہت بڑی تعداد میں ان کی خدمت میں حاضر ہوتے۔ شیخ عبدالوہاب نے بھی فقہ وغیرہ میں چند رسائل تالیف کیے ہیں۔ اور فقہ حنبلی اور تفسیر میں چند کتابیں یادگار چھوڑی ہیں۔ (محمد بن عبدالوہاب ص۳۵)

(فقیر قادری محمد ضیاء اللہ غفرلہٗ)

marfat.com

اِلیٰ تَکفِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ۔ کو گمراہ کیا۔ اس نے اس معاملہ میں آئمہ دین کی مخالفت کی اور مسلمانوں کی تکفیر کی۔ (فتنۃ الوہابیہ ص۶۶ مطبوعہ استنبول)

ابن عبدالوہاب نجدی علیہ ما علیہ کے اُستاذ کی وصیت اور فتوے

علامہ احمد بن زینی علیہ الرحمۃ نے محمد بن عبدالوہاب نجدی علیہ ما علیہ کے استاذ کی نصیحت اور ان کا فتویٰ ان الفاظ میں درج فرمایا ہے:

وَمِمَّنْ اَلَّفَ فِی الرَّدِّ عَلٰی اِبْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ اَکْبَرَ مَشَائِخِهٖ وَهُوَ الشَّیْخُ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَیْمَانَ کُرْدِیْ مَوَلَّف حواشِی شرح ابن حجر فَقَالَ مِنْ جُمْلَةِ کَلَامِهٖ یَابْنَ عَبْدِ الْوَهَّابِ اَنِّیْ اَنْصَحُکَ لِلّٰهِ تَعَالٰی اَنْ تَکُفَّ لِسَانَکَ عَنِ الْمُسْلِمِیْنَ. (فتنۃ الوہابیہ ص۶۹)

ابنِ عبدالوہاب کے اساتذہ میں سے جنہوں نے اس کی تردید کی ہے۔ شیخ محمد سلیمان کردی جو کہ حواشی شرح ابنِ حجر کے مؤلف ہیں۔ ان کے کلام کا خلاصہ یہ ہے کہ انہوں نے فرمایا ہے اے ابنِ عبدالوہاب میں تجھے نصیحت کرتا ہوں کہ خدا کے لیے تو اپنی زبان کو مسلمانوں کے متعلق (فتوے کفر لگانے سے) روک۔

بعد ازیں فرماتے ہیں:

"جو غیر اللہ کی تاثیر کا عقیدہ رکھے تو اس کے متعلق کفر کا عقیدہ رکھتا ہے اور غیر اللہ کی تاثیر کی ممانعت کے لیے اس کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے۔ غیر اللہ کی تاثیر کے عقیدہ رکھنے والے کو کافر کہنے کی بجائے اس حقیقت کا جو انکار کرے وہی کافر ہوگا۔ نہ کہ سوادِ اعظم (اہلسنت وجماعت)"

اللہ تعالےٰ کا فرمان ہے:

وَمَنْ یُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ اور جو رسول کا خلاف کرے بعد اس

marfat.com

بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَ نُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ط وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝ (پ۵ ع ۱۴)

کے کہ حق راستہ اُس پر کھُل چکا۔ اور مسلمانوں کی راہ سے جُدا راہ چلے ہم اُسے اُس کے حال پر چھوڑ دیں گے۔ اور اُسے دوزخ میں داخل کریں گے۔ اور کیا ہی بُری جگہ پلٹنے کی۔

شیخ الوہابیّہ نجدی کے متعلق اُس کے بھائی شیخ سلیمان کا بیان

شیخ الاسلام والمسلمین علّامہ احمد بن زینی دحلان مکّی علیہ الرحمۃ نے محمّد بن عبدالوہاب نجدی کے متعلق اس کے بڑے بھائی شیخ سلیمان کا بیان بھی درج کیا ہے۔ اُس کو پیش کرنا ناظرین کے لیے فائدہ سے خالی نہ ہو گا۔

شیخ الوہابیہ سے اُس کے بڑے بھائی سلیمان نے بالمشافہ گفتگو کرتے ہوئے اُس سے پوچھا:

كَمْ اَرْكَانُ الْاِسْلَامِ فَقَالَ خَمْسَةٌ فَقَالَ اَنْتَ جَعَلْتَهَا سِتَّةَ السَّادِسُ مَنْ لَمْ يَتَّبِعْكَ فَلَيْسَ بِمُسْلِمٍ هٰذَا عِنْدَكَ رُكْنُ سَادِسٍ لِلْاِسْلَامِ۔

اسلام کے ارکان کتنے ہیں۔ تو اُس نے کہا پانچ۔ تو اُنہوں نے فرمایا تو نے چھ کر دیئے ہیں۔ جو شخص تیرا اتباع نہ کرے وہ مسلمان نہیں۔ یہ تیرے نزدیک اسلام کا چھٹا رکن ہے۔

(الدرر السنیہ ط۳۹۔ رسالۃ السنیین فی الرد علی المبتدعین ص۴ مطبوعہ مصر، نور الیقین فی مبحث التلقین ص۴ مطبوعہ استنبول)

عُلماء ازہر میں سے ابنِ الحاج محمّد عبدالرحمٰن شافعی علیہ الرحمۃ نے اِمام الوہابیہ ابنِ عبدالوہاب نجدی اور اُس کے متبعین کے عقائد اور نظریات کو سراپا گمراہی اور ضلالت قرار دیتے ہوئے جملہ مسلمانوں کو ان سے بچنے اور ان سے دُور رہنے کی نصیحت اس طرح فرمائی ہے۔

marfat.com

وہابیّوں کے عقائد سے بچنے کی نصیحت

قَدْ قَامَ الْوَهَّابِيُّوْنَ النَّجْدِيُّوْنَ وَاَشْيَاعُهُمُ الْجَاهِلُوْنَ فِيْ زَمَانِنَا هٰذَا بِنَشْرِ الْفِتْنَةِ فِيْ دِيْنِ الْاِسْلَامِ فِيْ كُلِّ مَكَانٍ وَاِنْكَارِ مَا عَلَيْهِ عَمَلُ الْاَئِمَّةِ الْاَعْلَامِ فَقَدْ وَجَبَ عَلَيْنَا بَيَانُ اَصْلِهِمْ وَالسَّبَبِ الدَّاعِيْ اِلٰى اِبْتِدَاعِهِمْ كَمَا شَرَعْنَا بِتَوْفِيْقِ اللّٰهِ فِيْ تَالِيْفِ كِتَابٍ لِلرَّدِّ عَلَيْهِمْ وَتَزْيِيْفِ جَمِيْعِ مُبَادِئِهِمْ سَمَّيْنَاهُ بِضَلَالَاتِ الْوَهَّابِيِّيْنَ وَجَهَالَةِ الْمُتَوَهِّبِيْنِ۔ سے ان کی تردید میں تالیف کردہ کتاب مسمّٰی ضلالات الوہابیین وجہالۃ المتوہبین میں اِس کی تشریح کی ہے۔ (رسالۃ السنیین ص۳ نور الیقین ص۳)

ہمارے اس زمانہ میں بیشک وہابی نجدی اور ان کے جاہل پیروکار دینِ اسلام میں ہر جگہ فتنوں کے پھیلانے کے لیے پیدا ہوتے ہیں نیز جلیل المرتبت آئمہ اعلام کا جن مسائل پر عمل تھا اُن مسائل کا انکار کرنے پر قائم ہیں۔ ان وہابیّوں کی اصلیّت کا بیان کرنا ہم پر واجب ہو چکا ہے نیز اس بدعت کی طرف ان کو رغبت دلانے والے حقائق کا بیان کرنا بھی ہم پر ضروری ہو گیا ہے جیسا کہ ہم نے اللہ تعالےٰ کی توفیق

علامہ سیّد علوی بن احمد بن حسن بن القطب السیّد عبدالحداد علوی علیہ الرحمۃ نے اپنی کتاب جلاء الظلام فِی الرّدِّ علی النجدی الذی اضل العوام میں جو ابنِ عبدالوہاب کے ردّ میں ضخیم کتاب ہے۔ بہت سی احادیث بیان کی ہیں۔ فرماتے ہیں کہ یہ مغرور محمد بن عبدالوہاب قبیلہ تمیم سے ہے۔ تو احتمال ہے کہ وہ ذوی الخویصرہ تمیمی کی نسل سے ہو جس کے متعلق بخاری میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبیِّ پاک صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا ہے کہ اس کی نسل سے کچھ لوگ ایسے پیدا ہوں گے جو قرآنِ پاک پڑھیں گے مگر وہ ان کے گلوں سے تجاوز نہ کرے گا۔ دین میں سے یوں نکل

marfat.com

جائیں گے۔ جیسے کمان سے تیر۔ اہلِ اسلام کو قتل کریں گے۔ اور بُت پرستوں کو چھوڑ دیں گے۔ اگر میں ان کو پاؤں تو قومِ عاد کی طرح قتل کر ڈالوں۔ چنانچہ یہ خارجی اہلِ اسلام کو قتل کرتا تھا اور بُت پرستوں کو چھوڑ دیتا تھا۔

سیّد علوی الحداد علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ جب میں خیرِ اُمت حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما کی زیارت کے لیے طائف پہنچا تو علامہ طاہر سنبل حنفی بن علامہ شیخ محمّد سنبل شافعی سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے فرمایا کہ میں نے اس طائفہ کے ردّ میں ایک کتاب الانتصار الاولیاء الابرار تالیف کی ہے۔ اُمید ہے کہ جس شخص کے دِل میں بدعت نجدی داخل ہو چکی ہے اُس کی فلاح کی اُمید نہیں کیونکہ بخاری کی حدیث ہے کہ وہ دین سے علیٰحدہ ہو جائیں گے۔ پھر رجوع نہ کریں گے۔ (الدرر السنّیہ صـ)

محمّد بن عبدالوہاب نجدی کے ردّ میں اسلاف کی کتب

محمّد بن عبدالوہاب نجدی کے ردّ میں سلف صالحین نے کئی کتب تحریر فرمائیں جیسا کہ شیخ الاسلام مفتیٔ حرم علامہ احمد بن زینی دحلان مکی علیہ الرحمۃ نے لکھا ہے کہ:

کثیر من العلماء مِنْ اھل المذاھب اربعۃ لِلرَّدِّ عَلَیْہِ فِی کتبٍ مبسوطۃ (الدرر السنیہ صـ۴۸ مطبوعہ ترکی)

مذاہب اربعہ کے بہت سے عُلماء نے کتب مبسوطہ میں محمّد بن عبدالوہاب نجدی کا ردّ لکھا۔

نجدیوں کے باطل اور فاسد عقائد کا ردّ!

دیوبندیوں کے مولوی بہاؤالحق قاسمی نے بھی نجدیوں کے باطل اور فاسد عقائد کا بزرگانِ دین سے تردید کرنے کی تصدیق اِن الفاظ میں کی ہے کہ:

"نجدیوں کے باطل اور فاسد عقائد اس قدر واضح ہیں کہ بڑے بڑے

marfat.com

اکابر علماء و محدثین ان کی تردید میں کتابیں تحریر فرما چکے ہیں۔ خود شیخ نجدی محمد بن عبدالوہاب آنجہانی کے بھائی تحقیقی شیخ سلیمان[1] بن عبد عبدالوہاب اپنے گمراہ بھائی کی تردید کرنے پر مجبور ہو گئے تھے لیکن آج تک نجدیوں کے ہندوستان چیلے یہی کہتے رہے کہ جن عقائد کو نجدیوں کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔ وہ ان سے بری الذمہ ہیں مگر باطل پر کب تک پردہ رہ سکتا ہے۔ قدرت نے خود نجدیوں کے ہاتھوں اُس کو چاک کرایا۔

آنکھ دیکھو اپنا سا مُنہ لے کے رہ گئے!
نجدی کو دِل نہ دینے پر کِتنا غرور تھا

(فتنۂ نجدیت کے ڈھول کا پول ص۱۲)

محمد بن عبدالوہاب نجدی کے رد میں جو کتابیں لکھی گئی ہیں۔ ان میں سے چند کتابوں کے نام درج کئے جاتے ہیں۔

(۱) سعادۃ الدارین فِی الرد علیٰ الفرقتین الوھابیۃ الظاھریہ — از علامہ شیخ ابراہیم السمنودی المنصوری۔

(۲) ابراھین الساطعۃ فِی رد بعض البدع الشائعہ — از علامہ شیخ سلامۃ الغزامی

(۳) جلاء الظلام فی ردّ علی النجدی الذی اضل العوام — از علامہ سید علوی الحداد

(۴) اوراق البغدادیہ فی الحوادث النجدیہ — از علامہ سید ابراہیم الرادی الرفاعی

---

[1] وہابیہ کے مولوی وحید الزمان نے بھی اپنی کتاب ہدیۃ المھدی کے حاشیہ پر بھی سلیمان بن عبدالوہاب کا اس کا رد کرنے کا ذِکر کیا ہے۔ (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

(۵) سیف الابرار علی المسلول الفجار — از علامہ عبدالرحمٰن سلہٹی

(۶) الاصول الاربعہ فی تردید الوھابیہ — از حکیم الامت خواجہ محمد حسن جان نقشبندی

(۷) الدرر السنیہ فی الرد علی الوھابیہ — از علامہ احمد بن زینی دحلان مکی۔

(۸) فتنۃ الوھابیہ — از علامہ احمد بن زینی دحلان مکی

(۹) رسالۃ السنیین فی الرد علی المبتدعین — از علامہ شیخ مصطفیٰ کریمی

(۱۰) الفجر الصادق فی الرد علی منکری التوسل والکرامات والخوارق — از علامہ جمیل افندی

(۱۱) التوسل بالنبی صلی اللہ علیہ وسلم وجھلۃ الوھابیین — از علامہ ابوحامد بن مرزوق

(۱۲) الصواعق الالھیۃ فی الرد علی الوھابیۃ — از علامہ شیخ سلیمان بن عبدالوہاب

(۱۳) النقول الشرعیۃ فی رد علی الوھابیۃ — از علامہ شیخ مصطفیٰ بن احمد شطی حنبلی دمشقی

(۱۴) انتصار الاولیاء الابرار — از علامہ شیخ طاہر سنبلی حنفی

(۱۵) ضلالات الوھابیین وجھالۃ المتوھبین — از علامہ عید ابن الحاج

پاک وہند میں حجۃ اللہ علی العالمین، وارث الانبیاء والمرسلین، امام المحققین، علامہ شاہ فضل حق خیرآبادی، سیف اللہ المسلول، جامع معقول ونقول، فخر العلماء علامہ شاہ فضلِ رسول بدایونی۔ اعلیٰحضرت، امام اہلسنت، مجددِ

marfat.com

دین وملت، علامہ شاہ احمد رضا خاں بریلوی، تاجدارِ اہلسنت، محدثِ زماں علامہ قطب الدین دہلوی مصنف مظاہر حق دہلوی۔ سند المفسرین، عمدۃ المحققین، صدرالافاضل علامہ سید محمد نعیم الدین مراد آبادی۔ شیخ الاسلام والمسلمین، اعلیٰحضرت پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی۔ امیرِ ملت، سرمایۂ اہلسنت، حضرت پیر سید جماعت علی شاہ محدث علی پوری شیر بیشۂ اہلسنت، مجاہدِ اسلام حضرت علامہ حشمت علی لکھنوی۔ پاسبانِ اہلسنت، ضیغم اسلام علامہ وصی احمد محدث سورتی۔ فقیہ اعظم، امام العلماء علامہ امجد علی قادری رضوی صاحبِ بہارِ شریعت۔ امامِ اہلسنت شیخ طریقت علامہ غلام دستگیر قصوری، اجمل العلماء، بدر الفضلاء علامہ حکیم محمد اجمل خاں سنبھلی۔ زبدۃ المحدثین، اُستاذ الاساتذہ علامہ سید دیدار علی شاہ الوری ثم لاہوری۔ فقیہ الاعظم، سرتاجِ اہلسنت علامہ محمد شریف محدثِ کوٹلوی۔ قاطع نجدیت، فخر اہلسنت، علامہ حافظ محمد امام الدین قادری کوٹلوی۔ فقیہ دوراں، شیخ العلماء حضرت علامہ نبی بخش صاحب حلوائی لاہوری۔ امام المناظرین، شیرِ اہلسنت علامہ محمد نظام الدین قادری سروری ملتانی ثم وزیر آبادی۔ محدثِ اعظم پاکستان، نائبِ اعلیٰحضرت علامہ محمد سردار احمد قادری رضوی لائل پوری رئیس المناظرین، ترجمانِ اہلسنت علامہ محمد عمر اچھروی۔ مفسرِ قرآن، حکیم الامت علامہ مفتی احمد یار خاں بدایونی گجراتی علیہم الرحمہ وغیرہم علمائے حقہ نے وہابیہ نجدیہ کے عقائدِ باطلہ اور نظریاتِ فاسدہ کی تردید میں مدلل بہت سی کتابیں تصنیف فرما کر عرب وعجم کے مسلمانوں کی رہنمائی فرمائی۔

اسی وجہ سے ایک دور میں مکہ مکرمہ کی حکومت وہابیہ فرقہ کے سخت مخالف تھی۔ جس کا تذکرہ ممدوح الوہابیہ والدیابنہ ابوالکلام آزاد اس طرح کرتے ہیں۔

marfat.com

مکّہ میں علماءِ وہابیّہ نجدیہ پر قیامت

ابوالکلام آزاد اپنی کتاب "آزاد کی کہانی اس کی اپنی زبانی" میں رقمطراز ہیں کہ:

"اس زمانے میں گورنمنٹ کو جس کسی پر وہابی ہونے کا شبہ ہو جاتا فوراً آکر گرفتار کرتی۔ مقدمہ چلاتی۔ پھانسی ورنہ کم از کم کالے پانی یا حبسِ دوام کی سزا دیتی۔ چنانچہ اس جماعت کے سینکڑوں علماء تاجر کالے پانی بھیجے جاتے تھے۔ ان کے تمام اہل وعیال بھی تباہ ہو جاتے تھے۔ کیونکہ یا تو وہ بھی گرفتار ہوتے تھے۔ ورنہ جائیداد کی ضبطی کی وجہ سے خود بخود تباہ ہو جاتے۔ چنانچہ مشہور مقدمہ وہابیانِ بنگالہ اور خاندانِ صادق پور کے نتائج یہی ہوئے جو بہت متمول تھا۔"

(آزاد کی کہانی ص ۱۰۳، ۱۰۴)

مکّہ میں وہابی مولویوں کو سزا

بدعقیدگی کی بناء پر مکّہ مکرمہ میں وہابی مولویوں کو سزائیں بھی ہوئیں ان کا تذکرہ بھی مولوی ابوالکلام آزاد نے ان الفاظ میں کیا ہے:

"وہابی مولوی محمد انصاری، محمد لطیف اور قاضی مراد کا وجوب تقلید شخصی قیام وزیارت قبور کے لیے سفر اور استمداد و توسّل باالصالحین کو بدعت اور حرام کہنے پر شریفِ مکہ کا ان کو اناسی کوڑے لگانے کا حکم دیا۔"

(آزاد کی کہانی ص ۱۰۶)

مولوی نذیر حسین دہلوی

وہابیوں کے محدث اور استاد میاں نذیر حسین دہلوی کے متعلق بھی آزاد نے لکھا ہے کہ:

"مولوی نذیر حسین دہلوی نے جب سفرِ حج کا ارادہ کیا تو ان کو

marfat.com

خیال پیدا ہوا کہ مخالفینِ مکہ میں ایذا رسانی کی کوشش کریں گے اس لیے علمائِ وہابیہ کے ساتھ وہابی پہلے جو سلوک ہو چکا تھا۔ اس سے باخبر تھے۔ اور اب حجاز کی یہ حالت ہو رہی تھی۔ کہ بلا تقیہ کوئی وہابی محفوظ طور پر نہ رہ سکتا تھا۔

(آزاد کی کہانی صـ ۱۱۹)

مولانا نذیر حسین اور مولانا تلطف حسین عظیم آبادی مع ایک اور رفیق کے گرفتار کر لیے گئے اور ایک نہایت ہی تنگ و تاریک مجلس میں قید کر دیئے گئے۔ چند دن بعد ان کو شریف نے بلایا۔ اور جب اُنہوں نے اپنی گرفتاری کی وجہ پوچھی تو کہا تمہیں وہابی عقائد رکھنے کی وجہ سے گرفتار کیا گیا ہے۔ مکہ معظمہ اسلام کا اصلی مرکز ہے اس لیے ہمارے لیے ضروری ہے کہ فاسد عقائد رکھنے والوں کا اِحتساب کریں۔ تاکہ وہ مسلمانوں کو گمراہ نہ کر سکیں۔

(آزاد کی کہانی صـ ۱۲۱)

توبہ نامہ وہابیوں کے اُستاد میاں نذیر حسین دہلوی نے مکہ مکرمہ میں اپنے عقائد سے توبہ کی۔ وہ توبہ نامہ دیوبندیوں کے قاری خلیل احمد نے اپنی کتاب صاعقۃ التقلید علی الغوی العنید کے صـ ۲۸ پر نقل اشتہار مکہ معظمہ کی سُرخی سے شائع کیا ہے۔ جو کہ درج کیا جاتا ہے۔

"اما بعد عاجز سید محمد نذیر حسین متبع سنت والجماعت عقیدۃً و فعلاً اور اس کے خلاف جتنے مذاہب ہیں خواہ رافضی خواہ خارجی خواہ وہابی سب کو بُرا سمجھتا ہوں۔ اور موافق مذہب حنفی کے فتوے دیتا ہوں۔ اور حنفی المذہب ہوں۔ وتبت مما اخطات وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔

لہ میاں نذیر حسین دہلوی اکثر وہابی اکابر مثلاً حافظ عبدالمنان وزیر آبادی، ثناء اللہ امرتسری، عبدالعزیز رحیم آبادی، عبداللہ غازی پوری، عبداللہ غزنوی، عبداللہ روپڑی، ابراہیم میر سیالکوٹی، محمد لکھوی وغیرہم کے اُستاد تھے۔ (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

حاجی سلیمان ولد حاجی اسحاق ساکن جوناگڈھ حنفی المذہب انچہ خطا نمودم از و توبہ است مذہب وہابی باطل است الف مرۃ مذہب حنفی امام اعظم دارم۔

جب یہ اشتہار مکہ کا ہندوستان میں آیا۔ تو ان لوگوں نے توبہ سے انکار کیا۔ کہ اس اشتہار کا کیا اعتبار ہے۔ اس پر عائد کے دستخط نہ علماء کی مہریں۔ اگر سند بمواہیر علماء کے مزین ہوں تو ہم بھی پچاس روپے خرچِ راہ دیں۔ اب طالبانِ حق کے لیے حاجی مولوی عبدالرحمٰن صاحب دہلوی مکہ مشرفہ سے توبہ نامہ کو تصدیق کرا کر علمائے مکہ سے لائے معہ مواہیر و دستخط کے تاکہ حق اور باطل معلوم ہو جائے اور شہر بمبئی میں اشتہار طبع ہو کر مشتہر ہوا۔

اِنتخاب اشتہار نقل کرتا ہوں۔ فی الحقیقت مولوی نذیر حسین و مولوی سلیمان کی ذلت بہت ہوئی۔ اور توبہ کی مذہبِ وہابیت سے مورخہ ۲۶ ذی الحجہ ۱۳۰۰ھ فقط۔

محمد عبداللہ۔ محمد رحمت اللہ المدرس فی المدارس الہندیہ

جناب شیخ محمد حسین صاحب مشائخ الہند کے پاس نوشتہ دست خاص مولوی نذیر حسین صاحب اور ان کے رفیقوں کا بچشم خود دیکھا۔ کتبہ فقیر لاشی ابوالقاسم محمد عبدالغنی نقشبند بہاری فقط عبدالحمید من مدرسی المسجد الحرام فقط قد صار کل ما ذکر کما ہوا مشروح الملاہ فی السادس والعشرین من ذی الحجہ ۱۳۰۰ھ کتبہ المرتجی من ربہ الغفران احمد بن زین دحلان رئیس المدرسین و مفتی الشافعیۃ بمکۃ المحمیہ کان اللہ لہٗ۔ احمد دحلان فقط شیخ المشائخ طائفہ اہل السند و الہند بمکۃ۔ محمد حسین۔ میر داد عبداللہ۔ مہر۔ حضرت حاجی امداد اللہ صاحب۔ شیخ محمد ابوسعید اب صیل المدرس فی المسجد الحرام۔ محمد بوسعید اب حیل۔

marfat.com

وہابیّوں کے ظلم وستم کی کہانی اور شقاوتِ قلبی کی نشانی

مذہب نامہذّب وہابیت کے بانی اور نام نہاد موحد اور تحریکِ جہاد کے علمبردار محمد بن عبدالوہاب نجدی اور اُس کے متبعین نے نہ کبھی کفار اور مشرکین سے جہاد کیا۔ نہ ہی کسی بُت خانہ کو پاش پاش کیا بلکہ ان کے مذہب میں جہاد صرف اور صرف مرسلین، انبیاء کرام اور اولیاء عظام کی عظمت و رفعت اور شان و شوکت کے متعلق نہایت نازیبا حملے کرنا اور مزاراتِ مقدسہ اور مشاہد مبارکہ کو شہید اور مسمار کرنا ہے نیز عشاقِ رسول، معتقدینِ اولیاءِ کاملین پر ظلم و ستم بلکہ ان سے قتل و جدال رکھنا ہے۔ اور اسی طریقِ کار سے ان کی شقاوتِ قلبی عیاں ہوتی ہے۔ ان کی شقاوتِ قلبی اتنی حد تک پہنچ چکی ہے کہ حرمین شریفین پر بھی حملہ کرنے سے باز نہ آئے۔ ان کے ظلم و ستم کی انتہا کا یہ حال ہے کہ انہوں نے شیر خوار بچوں کو ان کی ماؤں کے سینوں پر ہی ذبح کر دیا۔ شعائر اللہ کی عظمت ان کے دِل سے اس حد تک ختم ہو چکی تھی کہ قرآنِ کریم اور کتبِ احادیثِ نبوی کو انہوں نے نالیوں، روڑی اور کوڑے کرکٹ میں پھینک دیا۔

یہ ساری کہانی اور روئیداد سب سے پہلے شیخ الاسلام مفتی حرم شریف علامہ احمد بن زینی دحلان مکی اور علامہ جمیل آفندی علیہما الرحمۃ کی تحریروں سے پیش کی جاتی ہے۔

شیر خوار بچوں کو ماؤں کے سینوں پر ذبح کر دینا: علامہ احمد بن زینی اور

marfat.com

علامہ حمبیل آفندی علیہما الرحمۃ نجدیوں کے ظلم وستم بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:
ذیقعدہ ۱۲۱۷ھ میں نجدیوں نے طائف شریف پر قبضہ کرلیا۔

وَقَتَلُوا الْكَبِيْرَ وَالصَّغِيْرَ وَ الْمَامُوْرَ وَالْآمِرَ لَمْ يَنْجُ اِلَّا مَنْ طَالَ عُمُرُهٗ وَكَانُوْا يَذْبَحُوْنَ الصَّغِيْرَ عَلٰى صَدْرِ اُمِّهٖ وَغَصَبُوا الْاَمْوَالَ وَ سَبُوا النِّسَآءَ وَفَعَلُوْا اَشْيَاءَ يَطُوْلُ الْكَلَامُ بِذِكْرِهَا۔

اور بڑے چھوٹے۔ محکوم اور حاکم سب کو قتل کر ڈالا صرف وہی بچا جس کی عمر طویل تھی۔ شیر خوار بچے کو ماں کے سینے پر ہی ذبح کر دیتے تھے۔ مال لوٹ لیے۔ عورتوں کو قید کرلیا۔ بہت سی ایسی حرکات کیں جن سے بہت طول ہوتا ہے۔

(الدرر السنیہ ص۴۹، الفجر الصادق ص۲۲ مطبوعہ استنبول)

قرآنِ پاک اور کتبِ احادیث کو نالیوں اور گلیوں میں پھینکنا اور عورتوں کو ننگے جسم برف میں چھوڑنا

علامہ حمبیل آفندی علیہ الرحمۃ نے نجدیوں کا قرآنِ پاک اور کتبِ احادیث کو نالیوں میں پھینکنے۔ عورتوں اور مردوں کو قتل کرنا اور مال لوٹ لینے کا تذکرہ اس طرح کیا ہے:

وَجَدُوْا جَمَاعَةً يَتَدَارَسُوْنَ الْقُرْاٰنَ فَقَتَلُوْهُمْ عَنْ آخِرِهِمْ وَلَمَّا اَبَادُوْا مَنْ فِي الْبُيُوْتِ جَمِيْعًا خَرَجُوْا اِلَى الْحَوَانِيْتِ وَالْمَسَاجِدِ وَقَتَلُوْا مَنْ فِيْهَا وَقَتَلُوْا الرَّجُلَ فِي الْمَسْجِدِ وَهُوَ رَاكِعٌ اَوْ سَاجِدٌ حَتّٰى اَفْنَوُا الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ ذَالِكَ

اور ایک جماعت کو قرآنِ پاک کی تلاوت کرتے ہوئے پایا۔ تو اُنہوں نے ان سب کو قتل کر دیا۔ جو لوگ گھروں میں تھے ان سب کو قتل کر دیا۔ دکانوں اور مسجدوں کی طرف نکلے اور جو ان میں تھے۔ ان کو بھی قتل کر دیا۔ انہوں نے مسجد میں ایک آدمی کو قتل کر دیا۔ صرف بائیس ۲۲ تیس ۳۰ آدمی رہ گئے۔ انہوں نے

marfat.com

الْبَلَدِ وَلَمْ يَبْقَ فِيْهِ اِلَّا قَدْرُ
نِيْفٍ وَعِشْرِيْنَ رَجُلًا تَمَنَعُوْا
فِيْ بَيْتِ الْفَتَنِيْ بِالرَّصَاصِ اِنْ
يَصِلُوْهُمْ وَجَمَاعَةٌ فِيْ بَيْتِ
الْفَعْرِ قَدْرُ الْمِأَتَيْنِ وَ
وَسَبْعِيْنَ قَاتِلُوْاهُمْ يَوْمَهُمْ
ثُمَّ قَاتِلُوْهُمْ فِي الْيَوْمِ الثَّانِيْ
وَ الثَّالِثِ حَتّٰى رَاسَلُوْهُمْ بِا
لْاَمَانِ مَكْرًا وَخَدِيْعَةً فَلَمَّا
دَخَلُوْا عَلَيْهِمْ وَاَخَذُوْا مِنْهُمُ
السِّلَاحَ قَتَلُوْهُمْ جَمِيْعًا وَاَخْرَجُوْا
غَيْرَهُمْ اَيْضًا بِالْاَمَانِ وَالْعُهُوْدِ
اِلٰى وَادِيْ وَجٍّ وَتَرَكُوْا هُنَالِكَ
فِي الْبَرْدِ وَالثَّلْجِ حُفَاةً عُرَاةً مَكْشُوْ
فِيْ السَّوْآتِ هُمْ وَنِسَاءُهُمْ مِنْ
مُخَدَّرَاتِ الْمُسْلِمِيْنَ وَنَهَبُوا الْاَمْوَالَ
وَالنُّقُوْدَ وَالْاَثَاثَ وَطَرَحُوا الْكُتُبَ
عَلَى الْبُطَاحِ وَفِي الْاَزِقَّةِ وَالْاَسْوَاقِ
تَعْصِفُ بِهَا الرِّيَاحُ وَكَانَ فِيْهَا
كَثِيْرٌ مِنَ الْمَصَاحِفِ وَمِنْ
نُسَخِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ وَبَقِيَّةِ كُتُبِ
الْحَدِيْثِ وَالْفِقْهِ وَغَيْرِ ذَالِكَ
تَبْلُغُ اَلْوَفًا ثُمَّ اَخْرَجُوا الْبُيُوْتَ

مضبوط قلعہ میں پناہ لی۔ ایک جماعت
نے جو کہ دو سو ستر افراد پر مشتمل تھی نے
بھی ایک گھر میں پناہ لی تھی۔ انہوں نے
ان کے ساتھ لڑائی کی۔ پھر ان سے
دوسرے اور تیسرے دِن بھی لڑے
حتیٰ کہ انہوں نے مکر و فریب سے پناہ
دے دی۔ پھر اُن کے پاس آئے تو
ان سے ہتھیار لے کر اُن سب کو قتل
کر دیا۔ اور ان کے علاوہ جو تھے ان
کو وادیٔ وج کی طرف نکال دیا۔ ان
کو اور ان پردہ نشین عورتوں کو وہاں
برف اور سردی میں ننگے جسم چھوڑ دیا۔
ان کے مال۔ نقدی اور دیگر اثاثے لُوٹ
لیے۔ اور انہوں نے کتابوں کو نالیوں
گلیوں اور بازاروں میں پھینک دیا۔ ان
کتابوں میں بہت سے قرآنِ پاک کے
نسخے تھے۔ اور بُخاری شریف و مُسلم
شریف کے نسخے تھے۔ احادیث
اور فقہ کی باقی اور کتابیں بھی تھیں۔ جن
کی تعداد ہزاروں تک تھی۔ پھر انہوں
نے گھروں کو تباہ و برباد کر دیا۔
(الفجر الصادق صـ۲۲ مطبوعہ استنبول)

marfat.com

وَجَعَلُوْهَا قَاعًا صَفْصَفًا وَكَانَ
ذَالِكَ سِنَة ۱۲۱۷

طائف میں نجدیوں نے جو انسانیت سوز اور وحشیانہ طریق اختیار کیا تھا اُس کی مکہ مکرمہ سے ہندوستان میں سنٹرل خلافت کمیٹی کو جو رپورٹ آئی وہ بھی قابلِ مطالعہ ہے۔

نجدیوں کے وحشیانہ سلوک سے متعلق مکہ مکرمہ سے ٹیلیگرام آنا

سیدنا ابنِ عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے مزارِ مبارک کو پھونک دینا

سنٹرل خلافت کمیٹی کو مکہ مکرمہ سے وہابیوں کا شہر طائف کے مسلمانوں پر انسانیت سوز وحشیانہ سلوک سے متعلق جو ٹیلیگرام آیا۔ اُس کو سنٹرل خلافت کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں درج کیا ہے۔ وہ تار درج ذیل ہے۔

"مکہ۔ ۱۱ ستمبر۔ باشندگانِ مکہ معظمہ آج کعبۃ اللہ کے سامنے جمع ہوئے۔ جس میں تقریباً ۲۰ ہزار مسلمان باشندگان جاوا۔ ہندوستان۔ سوڈان۔ ایران۔ الجیریا۔ روس شامل تھے۔ اور اُنہوں نے متفقہ طور پر مہذب دُنیا کو یہ بتایا کہ وہابیوں نے شہر طائف پر حملہ کیا۔ اور فوجِ ہاشمی نے بڑی بے جگری سے ان کا مقابلہ کیا۔ باشندگانِ مکہ اور حکومتِ ہاشمی نے جس کی حمایت عام طور پر کی جارہی ہے ہر ممکن کوشش اس امر کی ہے کہ بیگناہ باشندگان اور غیر ملکیوں کو بچایا جائے۔ لیکن وہابیوں نے بجائے اس کے کہ وہ باقاعدہ طریقہ پر قبضہ کرتے نہایت وحشیانہ طریقہ اختیار کیا ہے۔ اور وہاں کے باشندوں اور غیر ملکی رعایا پر جو وہاں مقیم تھے۔ انتہائی

marfat.com

ظُلم کیا ہے اور جیسا کہ خود ان غیر ملکیوں سے دوستی رکھنے والی سلطنتوں کو اِن تمام حادثات کی خبر دی ہے۔ (یہ واقعہ ہے) کہ وہابیوں نے حضرت ابنِ عباس کے مزار کو پھونک دینے کے بعد ساری آبادی کو تہ تیغ کیا ہے۔ جس میں بچے عورتیں اور بوڑھے سب شامل تھے۔ یعنی مختصر الفاظ میں ساری رعایا اور کل غیر ملکی باشندے مارے گئے۔ اس لیے انسانیت۔ تہذیب۔ انصاف کے نام پر جس کی لیگ اقوام علمبردار ہے ہم درخواست کرتے ہیں۔ کہ ان مظالم کا خاتمہ کیا جائے۔ اور ان وحشیانہ حرکات کو جس سے تہذیب اور انسانیت تھراتی ہے۔ جلد سے جلد سخت ترین کارروائی کر کے ختم کیا جائے۔ (۱۰ ستمبر ۱۹۲۴ء)

عبدالغفار المدنی، عبدالساغانی (؟) ابن قاری عبداللہ مروح سوڈانی، موتادی بدرالدین، ہدایت اللہ آذربائیجان، مولانا غفار بن قربی، مولانا محمد داؤدی الداغستانی، احمد بن محمد ناوانی، ابوالجوالاتی محمد عبداللہ بن زیدان الشنکیتی، محمد حبیب اللہ شوکتی، عمر تونسی المراکشی، محمد مختار بن عاطرت ناظم الدولہ ایرانی، محمد بن عبدالکریم، محمد مطار بن سلطان، محمد بن اسماعیل خلفلانی، عبداللہ بن یعقوب ابن صبح سماری، ایک بخاری عبدالغنی، بدرالدین، محمد عارف، محمد مظہر، ابوطالب

(نوٹ) تار فرانسیسی زبان میں تھا اس لیے بہت سے نام صاف پڑھے نہیں گئے۔ (مسئلہ حجاز رپورٹ وفد خلافت ۱۹۲۶ء ص ۵)

مکہ مکرمہ اور طائف پر حملہ، تباہی کے اقدام اور دعوتِ وہابیت قبول نہ کرنے پر جبر کرنا

وہابیوں کے سردار نواب صدیق حسن بھوپالوی لکھتے ہیں کہ: عبدالعزیز نے دوسرے

marfat.com

سال ایک لشکر طیار کر کے طائف کو بھیجا اور انہوں نے وہاں قتل و قمع کے بعد فتح پائی اور کربلا کی طرح وہاں بھی قتلِ عام کیا۔ اور اموال ان کے لوٹ لیے اور اسی سال میں قنفذہ کو جو سات دن کی راہ پر جدہ سے جنوب کی جانب واقع ہے۔ فتح کیا اور ۱۸۰۴ء میں عبدالعزیز نے ایک لشکر وہابیوں کا طیار کر کے اپنے بیٹے سعود کو اس کا مقدمۃ الجیش بنایا۔ اور مکہ معظمہ کو روانہ کیا۔ لشکر مکہ میں پہنچا۔ اس نے اہلِ مکہ کو زیر و زبر کر کے تین مہینے تک اس کے حصار کا محاصرہ کیا۔ اہلِ مکہ کا توشہ تمام ہوا۔ ناچار انہوں نے اس کی اطاعت قبول کی۔ بعضوں نے لکھا ہے کہ وہاں کے سرداروں اور شریفوں کو قتل کیا اور کعبہ کو برہنہ کر دیا۔ اور دعوتِ وہابیت قبول کرنے کو لوگوں پر جبر کیا۔ (ترجمانِ وہابیہ صـ ۳۴-۳۵)

جاہل اور اکھڑ وہابی

سردار محمد حسن بی اے لکھتے ہیں کہ "وہابی کیونکہ اکھڑ بدوں اور جاہل عرب تھے۔ اس لیے رفتہ رفتہ اس قدر متعصب ہو گئے کہ ترک مسلمان کی جان لینے کو عینِ ثواب اور خدمتِ دین جانتے تھے۔ عام مسلمانوں کو مشرک سمجھتے تھے۔ اور اُن کے خلاف جنگ و پیکار کو جہاد کہتے تھے۔ (سوانح حیات سلطان ابنِ سعود صـ ۴۶)

وہابیوں نے کفار کی خونریزی نہیں بلکہ مسلمانوں کا ہی قتل و غارت کیا ہے

اس حقیقت کا اعتراف ہندوستان کی مرکزی وفدِ خلافت ۱۹۲۶ء کی رپورٹ میں درج ہے کہ:

"قوم نجد کو ایک صدی سے زیادہ یہی سکھایا گیا ہے کہ اس کے علاوہ سب مسلمان مشرک ہیں۔ اور نجدیوں کی گذشتہ صدی کی تاریخ بھی یہی بتاتی ہے کہ ان کے ہاتھ کفار کے خون سے کبھی نہیں رنگے گئے۔ جس قدر خونریزی انہوں نے کی ہے۔ وہ صرف مسلمانوں کی ہے۔ وہ ذرا ذرا سی بات پر حجاج کو مشرک کہہ دیتے تھے۔ سلطان عبدالعزیز کی تمام تر قوت یہی (نجدی) لوگ ہیں۔ اور ان کو لڑائی پر اسی طرح آمادہ کیا جا سکتا ہے کہ اس

marfat.com

ملک گیری کی جنگ کا نام جہاد رکھا جائے۔ اور جس ملک کو چھیننا ہو اُس کے لوگوں کو مشرک کہا جائے۔ ہم نے بارہا دیکھا کہ جو حجاج مقامِ ابراہیم کی جالی کو یا اس کے قفل یا کنڈوں کو چھُوتے تھے۔ ان کو بید سے مارا جاتا تھا۔ اور آنتَ مُشرِکٌ کہا جاتا تھا۔ جو حجاج جنّت المُعلیٰ میں زیارتِ قبور کو جاتے تھے۔ ان میں اکثر پٹ کر آتے تھے۔

رپورٹ میں وفد نے مذہبی تعصّب کا ذِکر کرتے ہوئے اس کا بھی اظہار کیا ہے کہ تمام اسلامی دُنیا نجدیوں کی ہم عقیدہ نہیں ہے۔

(مسئلہ حجاز رپورٹ وفدِ خلافت ۱۹۲۶ء صـ۱۰۵)

مکہ مکرمہ پر حملہ

سردار محمد حسن بی اے مؤرخ لکھتے ہیں کہ: سعود جو اس وقت رسوائے عالم ہو چکا تھا۔ حجاز کی طرف بڑھا اور لگے ہاتھوں طائف پر قابض ہو گیا۔ اور وہاں سے گرد و نواح میں افواج بھیجنے لگا۔ شریف کے پاس کوئی قابلِ ذکر فوج نہ تھی۔ مقابلہ کی تاب نہ لا کر جدہ چلا گیا۔ اپریل ۱۸۵۳ء میں سعود بلا مزاحمت مکہ مکرمہ میں داخل ہو گیا۔ وہابی مدت سے اُدھار کھائے بیٹھے تھے کہ اصل اصلاح مکہ سے کی جائے گی۔ اور ہر وہ چیز جس میں کفر و شرک کا شائبہ پایا جاتا ہو فنا کر دی جائے گی۔ چنانچہ اب مقدس مزارات توڑ پھوڑ دیئے گئے۔ زیارت گاہوں کی بیحرمتی کی گئی۔ حرمِ کعبہ کے غلاف پھاڑ دیئے گئے۔ وہابیوں کے معتقدات کے مطابق جس قدر شعائر یا رسومات قرآن و سنت کے خلاف تھیں یکلخت ممنوع قرار دی گئیں۔

(سوانح حیات سُلطان ابن سعود صـ۴۸)

حرم شریف کے مقدس مقامات کو تباہ و برباد کرنا

سردار محمد حسن بی اے ہی مزید وہابی بادشاہوں کا مکہ مکرمہ میں ظلم و تشدد کے کارناموں کا تذکرہ اس طرح کرتے ہیں کہ:

"یہ واقعہ ہے کہ سلطان ابنِ سعود کے احکام اس وقت اہالیانِ مکہ کے کام آئے شہر میں قتل و غارت نہ ہوا۔ طائف

marfat.com

کے کُشت وخُون کے متعلق انگریزوں[1] نے زبردست احتجاج کیا تھا اور سُلطان ابنِ سعود نے ارادہ کرلیا تھا کہ حجاز کے متعلق بقیہ کارروائیاں اس کی ذاتی نگرانی کے ماتحت ہوں۔ چنانچہ شہر میں امن وامان کا اعلان کردیا گیا۔ اور سلطان ابن سے سجاد شیخ عظ عظ نے عارضی طور پر شہری نظم ونسق سنبھال لیا۔ لیکن امن وامان قائم ہوجانے کے باوجود خوف بپھرے ہوئے تھے۔ انہیں اصرار تھا کہ مکہ کے مشرکین[2] کی جانیں بچ جائیں تو بچ جائیں لیکن مقابر و مزارات ضرور منہدم کردیئے جائیں گے اور مساجد کی آرائشیں ضائع کردی جائیں گی۔ کیونکہ ان کے اعتقاد کے مطابق ان چیزوں کے وجود میں شرک کا شائبہ پایا جاتا ہے چنانچہ حرم کے تمام مقدس مزارات جو صدیوں سے زائرین کے مرجع رہے تھے۔ آن کی آن میں تباہ وبرباد کردیئے گئے۔ اس کارروائی کا نتیجہ یہ ہوا کہ تمام عالمِ اسلام میں غصہ واضطراب کی لہر اُٹھی۔

(سوانح حیات سُلطان ابنِ سعود ص۱۵۵)

۱۸۵۳ء کو سعود[3] بن عبدالعزیز ایک فاتح کی حیثیت سے مکہ مکرمہ

---

[1] انگریز عیسائیوں نے احتجاج کیا مگر وہابیوں کو کوئی شرم وغیرت نہ آئی حالانکہ وہ صرف اپنے آپ کو ہی مسلمان سمجھتے ہیں۔

[2] مشرکین وہابیوں کے نزدیک یارسول اللہ کہنے والے۔ باذنِ الٰہی انبیاء۔ اولیاء کو مددگار سمجھنے والے اہلِ سُنت وجماعت حضرات ہیں۔

[3] علامہ محمد عبدالرحمن صاحب سلہٹی علیہ الرحمۃ نے سعود بن عبدالعزیز کے متعلق لکھا ہے کہ: كَانَ ابْنُ السَّعُوْدِ كَبِيْرُ الْوَهَّابِيَّةِ مُلْحِداً قَدْ سَوَّلَتْ لَهُ نَفْسُهُ وَكَانَ يَغْلِبُ الْحُجَّاجَ وَيُزْعِجُ الْعِبَادَ وَيَقْطَعُ الطُّرُقَ۔ ابنِ سعود وہابیوں کا سردار ملحد تھا۔ بے شک نفسِ امارہ اُس پر غالب آچکا تھا۔ حاجیوں کو روکتا تھا۔ لوگوں کو ڈراتا تھا۔ راستوں پر ڈاکے مارتا تھا۔ (سیف الابرار علی سیف المسلول الجبار ص۱۱)

marfat.com

میں داخل ہوا۔ تا آنکہ مکّہ کے تمام مشاہد اور قبّے زمین کے برابر کر دیئے گئے کعبہ کے جواہر اور قیمتی ذخیرے فاتحین میں تقسیم کر دیئے گئے اور مجاور قتل بھی کیئے گئے اور حرم کے غلاف پھاڑ دیئے ؛

(سوانح سلطان ابن سعود ص۴۸ محمد بن عبدالوہاب ص۷۳)

غیر مقلدین کے قاضی شوکانی کے شاگرد محمد بن ناصر حازمی لکھتے ہیں کہ:

"محمد بن عبدالوہاب نجدی کے لڑکے عبداللہ کے عہد میں محرم کی آٹھویں تاریخ ۱۲۱۸ھ میں ہفتہ کے روز صبح کے وقت حرم شریف پر انہوں نے حملہ کیا تھا"

(البدر العلوم ص۸۷۱ بحوالہ شاہ ولی اللہ اور انکی سیاسی تحریک ص۲۲)

مکّہ مکرّمہ میں قتال قیامت تک حرام ہے

سرورِ کائنات مفخرِ موجودات باعثِ تخلیقِ کائنات منبعِ کمالات خلاصۂ موجودات مختارِ شش جہات احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے:

انہٗ لم یحل القتال فیہ لاحد قبلی ولم یحل لی الا ساعۃً من نہارٍ فھو حرامٌ بحرمۃِ اللہِ الی یوم القیامۃِ۔

مجھ سے پہلے حرمِ مکّہ میں کسی کے لیے قتال نہ ہوا۔ اور میرے لیے بھی دن کی ایک ساعت کے سوا حلال نہ ہوا پس اللہ تعالےٰ کے حرام ٹھہرانے سے حرمِ مکّہ میں قیامت تک قتال حرام ہے۔

(مشکوٰۃ شریف ص۲۳۷، ۲۳۸)

مکّہ مکرّمہ میں ہتھیار اُٹھانا منع ہے

حضرت جابر رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ:

سمعتُ النبیَّ صلی اللہُ علیہِ وسلّم یقولُ لا یحلُّ لاحدِکم

میں نے نبیِّ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے سُنا کہ انہوں نے فرمایا تم میں سے

marfat.com

اَنْ یَحْمِلَ بِمَکَّۃَ السِّلَاحَ ۔ (مشکوٰۃ شریف ص۲۳۸ صحیح مسلم شریف)

کسی کے لیے حلال نہیں ہے کہ وہ مکہ مکرمہ میں ہتھیار اُٹھائے ۔

قارئینِ کرام! اللہ تعالےٰ اور اُس کے پیارے رسولِ مقبول صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے قیامت تک حرم شریف میں قتل وقتال کو حرام قرار دیا مگر وہابیوں نے اللہ تعالےٰ اور رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے حکم کی صریحاً مخالفت کرتے ہوئے حرم شریف میں قتل وقتال کیا۔

اب خود اندازہ لگا لیجیے کہ یہ وہابی مذہب کہاں تک اللہ تعالےٰ اور رسولِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے فرمودات پر عمل پیرا ہے۔ اور ان کے ارشادات کی تبلیغ کرتا ہے۔

مکہ مکرمہ کے علاوہ وہابیوں نے مدینہ منورہ پر بھی حملہ کیا۔ اور مقاماتِ مقدسہ اور مزارات کو منہدم کر دیا۔ روضۂ نبوی کی زیارت کرنے والوں پر تشدد کیا۔ یہاں تک کہ گنبدِ خضرا کو منہدم کرنے کا بھی ارادہ کر لیا۔ ان سب کا ثبوت وہابیہ کی ہی مستند کتب کے حوالہ جات سے پیش کیا جاتا ہے۔

مدینہ منورہ پر حملہ

وہابیہ نجدیہ کے مؤرخ مرزا حیرت دہلوی اپنی کتاب حیاتِ طیبہ میں لکھتا ہے کہ:

"سعد بن عبدالعزیز نجدی ۱۸۰۳ء کے آخر میں مدینہ منورہ پر قابض ہوا۔ تو اُس نے مدینہ منورہ کے اور مقبروں سے گزر کر خود نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مزار کو بھی سلامت نہ چھوڑا۔ آپ کے مزار کی جواہر نگار چھت کو برباد کر دیا۔ اور اس چادر کو اُٹھا دیا جو آپ کی قبرِ مقدس پر پڑی رہتی تھی۔"

(حیاتِ طیبہ ص۳۸۵ سطر ۱۲ تا ۱۵ مطبوعہ لاہور)

وہابیوں کی گنبدِ خضریٰ پر گولہ باری

سردار محمد حسن مؤرخ لکھتے ہیں کہ اگست میں نجدی افواج مدینہ کی

marfat.com

طرف بڑھیں۔ اسی مہینے کی پچیس۲۵ تاریخ کو امیر علی کے حکام نے اقصائے عالم میں یہ خبر مشہور کر دی کہ نعوذ باللہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مقدس مرقد پر نجدی گولہ باری کر رہے ہیں۔ نجدیوں کی طرف سے تردید تو شائع ہوئی لیکن بعد از وقت پہنچی۔ مسلمانوں میں پھر غیظ و غضب برپا ہوا۔ مسلمان حکومتوں کی طرف سے احتجاج شائع ہوئے۔ فرداً فرداً مسلمان بھی روضہ مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے تحفظ کے لیے کوشش کرتے رہے۔ ایرانی حکومت نے ایک وفد تحقیقِ حالات کی غرض سے بھیجا ۱۹۲۵ء کے آواخر میں اس وفد نے بیان شائع کیا کہ واقعی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے روضے کی گنبد میں پانچ گولیاں لگی ہیں۔" (سوانح حیات سلطان ابن سعود ص۱۵۶)

مجتہد الوہابیہ نواب صدیق حسن کی گواہی

غیر مقلدین وہابیہ نجدیہ کے مجتہد نواب صدیق حسن خاں بھوپالوی لکھتے ہیں کہ:

"سعود نے مزارِ مقدسِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کو برہنہ کر دیا۔ اور اس کے خزائن اور دفائن سے سب لوٹ کر دریعیہ کو لے گیا۔ بعضوں نے کہا کہ ساٹھ اونٹوں پر بار کر کے خزانہ لے گیا۔ اور ایسا ہی ابی بکر اور عمر رضی اللہ عنہما کے مزارات کے ساتھ پیش آیا۔ اور مدینہ پر ابن شیخ بنی حرب کو حاکم کیا۔ اور لوگوں کو دعوتِ وہابیہ کے قبول کرنے پر مجبور کیا اور سعود نے قبہ مزارِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ڈھانے کا قصد کیا۔ مگر اس امر کا مترتب نہ ہوا۔ اور حکم کیا کہ بیت اللہ کا حج سوائے وہابیوں کے اور کوئی نہ کرے۔"

(ترجمان الوہابیہ ص۳۶)

محمد بن عبدالوہاب نجدی کا مزاراتِ مقدسہ کو تلف کرنیکے کا عہد لینا

روحانی ابوالوہابیہ

marfat.com

محمد بن عبدالوہاب نجدی نے اپنے پہلے ہمخیال عثمان بن معمر والی عیونیہ سے مزاراتِ مقدسہ کو تلف کرنے کا عہد لیا تھا۔ جس کا تذکرہ سوانح حیات سلطان ابن سعود کے مصنف سردار محمد حسنی نے اس طرح کیا ہے کہ:

"شیخ محمد بن عبدالوہاب کا پہلا قابلِ ذکر ہمخیال عثمان بن معمر والیٔ عیونیہ تھا۔ شیخ نے اس سے حلف لیا کہ وہ ان مزاروں اور متعلقات کو تلف کرنے میں امداد دے گا۔ ابنِ معمر نے قبول کیا۔ دونوں ہم مشورہ ہو کر حلیلیہ گئے۔ یہاں چند صحابیانِ رسول صلعم (صلی اللہ علیہ وسلم) کے مزارات تھے۔ دونوں نے مزارات مسمار کر دیئے۔" (سوانح حیات سلطان ابن سعود ص۱۴)

مزارات کو مسمار اور تلف کرنا ہی دراصل تحریکِ وہابیت کا ایک عظیم مقصد ہے جس کی تصدیق وفد خلافت کی رپورٹ میں بھی کیا ہے جو کہ درج کی جاتی ہے۔

تحریکِ وہابیت کا مقصد مزارات کو مسمار کرنا تھا

وفدِ خلافت کے اراکین کے سامنے

دوسری ملاقات میں سلطان ابن سعود نے کہا کہ:

"ہماری قوم کے متعصب قبائل نے ہم کو دھمکی دے کر لکھا ہے کہ ہم نے حجاز میں جہاد اس لیے کیا تھا اور جان و مال اس لیے قربان کیا تھا کہ کتاب و سنت کو قائم کیا جائے، مراسمِ شرک کا استیصال ہو۔ اس لیے جلد از جلد ان قبوں اور عمارتوں کو منہدم کر دیا جائے۔ ورنہ ہم آکر ان کو اپنے ہاتھوں سے گرا دیں گے۔ اس بناء پر میں نے قاضی القضاۃ سے خواہش کی کہ وہ مدینہ منورہ جا کر اس کام (مزارات اور قبوں کو گرانا) کو انجام دیں۔"

(مسئلہ حجاز رپورٹ وفد خلافت ۱۹۲۶ء ص۷)

marfat.com

جنت البقیع اور دیگر مقامات کے مزارات کا انہدام

وفدِ خلافت کی رپورٹ میں جنت البقیع کے مزارات کا انہدام، کی سُرخی دیکر لکھا ہے کہ: ۲۶ مئی کو اکبر جہاز ساحل پر لنگر انداز ہوا اس وقت سب سے پہلی جو وحشتناک اور جگر گداز خبر ہمیں موصول ہوئی وہ جنت البقیع اور دیگر مقامات کے مزارات کے انہدام کی تھی۔ لیکن ہم نے اس خبر کے قبول کرنے میں تامل کیا۔ اس لیے کہ سلطان ابن سعود خلافت کمیٹی کے دوسرے وفد کو تحریری وعدے دے چکے تھے۔ کہ وہ مدینہ منورہ میں تمام مبانی مآثر کو اپنی اصل حالت پر باقی رکھیں گے۔ اور ان میں کسی قسم کا تغیر روا نہ رکھیں گے۔ جب تک کہ مؤتمر اسلامی کوئی آخری فیصلہ نہ کر دے۔

لیکن جدہ پہنچ کر ہم نے سب سے پہلے ایک رکن حکومت شیخ عبدالعزیز علیطی سے جب اس خبر کی حقیقت دریافت کی۔ تو انہوں نے (مزارات کے منہدم کرنے کی) تصدیق کی۔ اور فرمایا اس مسئلہ میں وہ دُنیائے اسلام کے مصالح کی کوئی پرواہ نہیں کرے گی۔ خواہ دُنیائے اسلام خوش ہو یا ناراض۔

مکہ پہنچ کر جب ہم نے سُلطان سے اس مسئلہ میں گفتگو کی تو اُنہوں نے جو جواب دیا وہ ہمیں مطمئن نہیں کر سکتا۔ اور نہ دُنیائے اسلام کی اکثریت کو مطمئن کر سکتا ہے۔ (مسئلہ حجاز رپورٹ وفد خلافت ۱۹۲۶ء ص ۸۵)

وفدِ خلافت نے بالمشافہ ابن سعود کو مزاراتِ مقدسہ اور مآثر کو منہدم کرنے سے باز رہنے کے متعلق متنبہ کیا مگر جھوٹے وعدے کرتا گیا۔ کہ مزارات مقدسہ کو مسمار نہیں کیا جائے گا۔ وفدِ خلافت کے اس کو اُس کی وعدہ خلافی کی طرف بھی توجہ دلائی۔ ابن سعود سے اراکینِ وفدِ خلافت کی بالمشافہ بات چیت درج کی جا رہی ہے۔

---

marfat.com

ابنِ سعود کو وفدِ خلافت کا بالمشافہ متنبہ کرنا

۳۰ مئی ۱۹۲۶ء کی صبح کو سلیمان ندوی صاحب مولانا شوکت علی صاحب، مولانا محمد علی صاحب، مفتی کفایت اللہ صاحب (جو کہ وفد خلافت کے اراکین تھے) سلطان ابنِ سعود کو ملنے گئے۔ رپورٹ میں درج ہے کہ:

"آج وفد کے ارکان نے نہایت صفائی سے (سلطان کو) اپنے خیالات پیش کیے اور مجلسِ خلافت کی تجاویز کا ذکر کیا۔ سلطان کے وعدے یاد دلائے۔ خصوصیت کے ساتھ شوکت علی صاحب نے اتحادِ اسلامی اور حجاز کے مشترک حرم کے ساتھ دنیائے اسلام کے تعلقات کا ذکر کیا اور کہا کہ اس وقت ضرورت ہے کہ تمام مسلمان متحد و متفق ہوں۔ نہ یہ کہ ان میں مذہبی اختلاف پیدا کیا جائے۔ آپ نے قبول، مآثر اور مزارات کے انہدام کا جو طرزِ عمل اختیار کیا ہے اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ تمام مسلمانوں میں نئے سرے سے عقائد کی خانہ جنگی شروع ہو جائے گی۔ ہم نے بڑی مشکلوں سے اپنے ملک میں ان خانہ جنگیوں کا خاتمہ کیا ہے۔ اور تمام اسلامی فرقوں کو ملا کر ایک متحدہ صف قائم کی ہے۔ لیکن اس طرزِ عمل سے جو آپ اختیار کر رہے ہیں ہماری قوتیں دوبارہ منتشر ہو جائیں گی۔ اور تمام دنیائے اسلام خانہ جنگیوں کی دوسری مصیبت میں گرفتار ہو جائیگی۔ علاوہ ازیں یہ ملک تمام مسلمانوں کا مشترکہ حرم ہے۔ یہاں کوئی اسلامی فرقہ اس بات کا حق نہیں رکھتا کہ وہ صرف اپنے خیال کے مطابق اس حرم اور آثارِ متبرکہ اور مقابر و مشاہد میں ایسا تصرف کرے جو دوسرے فرقوں کے نزدیک صحیح نہیں۔ ہم کسی صورت میں یہ تسلیم نہیں کر سکتے کہ مذہبِ اسلام کے اہم مسائل کا فیصلہ صرف نجد کے چند علماء کے ہاتھوں

marfat.com

میں دے دیں۔ ہم نے شکایتاً کہا کہ مدینہ منورہ کے مقابر و مآثر کا ہم سے وعدہ کیا گیا تھا اور کہا گیا تھا کہ مؤتمرِ اسلامی کے فیصلہ کے بغیر اس کے متعلق کوئی کارروائی نہیں کی جائے گی۔ لیکن یہ کس قدر تعجب انگیز ہے کہ اس کی خلاف ورزی کی گئی اور دُنیائے اسلام کی خواہش کے برخلاف اس کے استصواب کے بغیر ان کو منہدم کر دیا گیا۔ (مسئلہ حجاز رپورٹ وفد خلافت ۱۹۲۶ء صفحہ ۷۳-۷۴)

نجدی حکومت کا فراڈ

نجدی حکومت نے جب یہ دیکھا کہ دیگر مسلم ممالک اور ان کی رعایا کے جذبات ہمارے سخت خلاف ہیں تو انہوں نے پھر ایک چال چلی کہ یہ مشہور کر دیا کہ مدینہ منورہ کے علماء نے فتویٰ جاری کیا ہے کہ مزارات اور قبوں کو مسمار اور منہدم کر دیا جائے۔ وفدِ خلافت نے اس کی تحقیقات کی تو اس میں سوائے فراڈ۔ دھوکہ دہی مُطلقاً کوئی سچائی نہ تھی۔ وفدِ خلافت کی رپورٹ میں ہے کہ:

مدینہ پہنچ کر جب ہم نے اس کی تحقیقات کی تو جو انکشافات ہوئے اُن کی تفصیل حسبِ ذیل ہے۔

اس فتوے کی حقیقت کے متعلق جو حالات ہم سے بیان کئے گئے ہیں وہ یہ ہیں کہ قاضی عبداللہ بن بلہید جب مدینہ منورہ پہنچے تو انہوں نے علماءِ مدینہ کو اپنے مکان میں بلوایا۔ علماءِ مدینہ ان کے مکان پر جمع ہو گئے تو قاضی عبداللہ بن بلہید مکان کے اندر تھے۔ ان کے حقیقی بھائی حمد بن بلہید پہلے باہر نکلے اور علماءِ مدینہ کو ان الفاظ میں مخاطب کیا:

کیا: یا اھل حجاز انتم اشد کفرا من ھامان وفرعون نحن قتلناکم مقاتلۃ المسلمین مع الکفار انتم عباد حمزہ وعبدالقادر

علماءِ مدینہ نے کہا کہ ہم سوائے خداوندِ قدوس کے کسی کی پرستش نہیں کرتے۔ اور ہم بحمداللہ مسلمان اور مومن ہیں۔

marfat.com

اس کے جواب میں حمد بن بلہید نے کہا کہ کفار بھی بالکل ایسا ہی کیا کرتے تھے۔ مانعبدھم اِلّا لیقربونا اِلی اللہِ زُلفیٰ کہہ کر اپنی بُت پرستی اور کفر نوازی سے انکار کیا کرتے تھے۔

علمارِ مدینہ نے اس اعتراض کا جواب دیا۔ مگر حمد بن بلہید نے جواب کی طرف کوئی توجہ نہیں کی۔ کہا جاتا ہے کہ وہ علمارِ مدینہ کو سخت الفاظ سے مخاطب کرتے رہے۔

اس کے بعد قاضی عبداللہ بن بلہید تشریف لائے۔ تو اُنہوں نے علمارِ مدینہ سے حسب ذیل مسائل کے متعلق سوالات کیئے۔

(۱) کیا مقبروں پر قبے تعمیر کرنا جائز ہے یا نہیں۔ اگر جائز ہے۔ تو اس کا ثبوت لاؤ۔ اور اگر جائز نہیں تو ان کا ہدم ضروری ہے یا نہیں؟

(۲) غیر اللہ کی ندا کرنے والے کا شرعاً کیا حکم ہے؟

(۳) قبروں پر چراغ جلانا۔ چادریں چڑھانا۔ اور اُن کا طواف کرنا شرعاً کیا حکم رکھتا ہے؟ جو لوگ ان افعال کا ارتکاب کرتے ہیں وہ مسلمان ہیں یا مشرک؟

علمارِ مدینہ نے ان سے گذارش کی کہ ہم آپس میں مشورہ کر کے آپ کو جواب دیں گے اس پر عبداللہ بن بلہید نے سخت لہجہ میں فرمایا کیا تم اب جا کر پڑھو گے اور پھر جواب دو گے۔ مگر علمارِ مدینہ نے کہا کہ ہم بغیر کسی مشورہ کے کوئی جواب نہیں دے سکتے۔ چنانچہ انہیں مہلت دی گئی۔ اور دوسرے دن علمارِ مدینہ نے باہمی مشورہ کے بعد قاضی القضاۃ صاحب کو حسب ذیل جواب دیا۔ آپ اپنے استفتار میں سے قباب کے علاوہ باقی تمام مسائل کو حذف کر دیجیئے۔ کیونکہ ان مسائل میں کوئی شخص بھی آپ سے اتفاق نہیں کرے گا۔ ہم میں سے کسی ایک شخص کا بھی یہ خیال نہیں کہ وہ کسی مسلمان کو کافر یا مشرک کہنا روا رکھتا

marfat.com

ہے۔

مسئلہ قباب کے متعلق علماءِ مدینہ کی دو جماعتیں تھیں۔ ایک جماعت کا یہ خیال تھا کہ قبوں کی تعمیر شرعاً ممنوع نہیں جسے اُنہوں نے قاضی صاحب کے سامنے بڑی جُرأت کے ساتھ ظاہر کیا۔ اسی جماعت میں مولانا عبدالباقی صاحب فرنگی محلی تھے۔ دُوسری جماعت کا خیال یہ تھا کہ اگرچہ تعمیرِ قباب جائز نہیں مگر اُن کا ہدم بھی غیر ضروری ہے اس لیے ان کے گرا دینے سے ساری دُنیائے اسلام میں ایک زبردست شورش پیدا ہو جائے گی۔ جو مُسلمانانِ عالم کے شتت اور تفریق کا باعث ہوگی۔ اور بجائے اس کے کہ دُنیائے اسلام کو باز کے ساتھ ہمدردی ہو۔ سخت بیزاری پیدا ہو جائے گی۔ اور اس کے خطرناک نتائج اہلِ حجاز اور حکومتِ حجاز دونوں کے لیے بدترین ثابت ہوں گے۔

ان مسائل میں قاضی عبداللہ بن بلہید اور علماءِ مدینہ کے درمیان بڑی دیر تک بحث و مباحثہ ہوتا رہا۔ ان کے ضمن میں مسئلہ حیات النبی بھی آیا۔ جس کے متعلق علماءِ مدینہ نے اپنے عقائد و خیالات کا صاف صاف اظہار کیا۔ مگر معاملہ بحث و دلائل کی حد سے باہر تھا۔ قاضی عبداللہ بن بلہید نجدی قوم میں بہت زیادہ ہوشیار اور دورِ حاضر کی موجودہ سیاست کے زبردست ماہر مانے جاتے ہیں۔ دوسرے دن اُنہوں نے یہ صورت اختیار کی۔ کہ جو علماء ان کی مخالفت میں زیادہ پیش پیش تھے۔ انہیں چھوڑ کر باقی علماء میں سے جن کو مدعو کیا گیا تھا مولانا عبدالباقی اور علامہ داغستانی کے سوا باقی حضرات نے بادلِ ناخواستہ دستخط کر دیئے۔ اور اس کے بعد وہ سب کچھ ہو گیا جس کی وجہ سے آج ساری دُنیائے اسلام میں ہیجان اور اضطراب پیدا ہو گیا ہے۔

marfat.com

یہ ہے علمائے مدینہ کے فتوے کی حقیقت جسے ام القریٰ میں شائع کر کے یہ ثابت کرنا چاہا ہے کہ علمائے مدینہ بھی ہدمِ قباب کے موافق تھے۔ (مسئلہ حجاز رپورٹ وفدِ خلافت ۱۹۲۶ء ص ۸۵، ۸۶)

قارئینِ کرام! سرزمین حجاز میں جب نجدی حکومت نے مزاراتِ مقدسہ اور مآثر کو گرانے اور منہدم کرنا شروع کیا تو عالم اسلام میں ایک ہیجان اور اضطراب پیدا ہوا۔ سلطان ابنِ سعود نے نجدی علماء کو دنیائے اسلام کے علماء پر فوقیت دی اور اپنے نجدی علماء کے فیصلہ کو ہی ترجیح دی تو جیسا کہ مسئلہ حجاز رپورٹ وفدِ خلافت ۱۹۲۶ء میں اراکینِ خلافت نے بھی اسی طرح درج کیا ہے۔ تو امامِ اہلسنت، صدر الافاضل، امام المفسرین علامہ سید محمد نعیم الدین صاحب علیہ الرحمۃ نے ابنِ سعود نجدی کو مناظرہ کا چیلنج کیا۔ جو کہ اس وقت ہمدم۔ سیاست وغیرہ کثیر الاشاعت اخباروں میں چھپ چکا ہے۔ اس میں نجدیوں کو بتایا ہے کہ ان کے عقائد باطل ہیں۔ اگر ابنِ سعود کو خیال ہو کہ ان کے علماء ان امور کو حق ثابت کر سکیں گے تو وہ ان کو مناظرہ کے لیے سامنے لائیں اور جب تک ایسا فیصلہ کن مناظرہ نہ ہو ابنِ سعود اس قسم کے افعال سے باز رہیں۔ یہ اعلان اخباروں میں چھپا تھا۔ کہ غیر مقلد گروہ کے مشہور رکن مولوی ابوالوفا ثناء اللہ صاحب ایڈیٹر اہلحدیث امرتسر نے جو اہلحدیث کانفرنس کے ناظم بھی ہیں اور امسال ایامِ حج میں ابنِ سعود کی ترکِ دعوتوں سے فیضاب بھی ہو چکے ہیں۔ اس کا حقِ نمک ادا فرمانے کے لیے حضرت صدر الافاضل (علیہ الرحمۃ) کی خدمت میں ایک چٹھی بھیجی جس میں نجدیوں کی طرف سے تحریری مناظرہ کی درخواست کی ہے۔ (السواد الاعظم ص ۳ ماہ جمادی الاول ۱۳۴۵ھ)

قارئینِ کرام! صدر الافاضل مولانا محمد نعیم الدین صاحب مراد آبادی علیہ الرحمۃ نے ابنِ سعود کو اعلانِ مناظرہ تحریری طور پر لکھا تھا۔ کہ نجدی علماء باطل پر ہیں اور ہم ان سے مناظرہ کے لیے آمادہ ہیں۔ اگر انہیں ہمت ہو اور وہ اپنے کو حق پر گمان کرتے ہوں تو ہم سے مناظرہ کر لیں۔ اور جب تک فیصلہ کن مناظرہ نہ ہو لے تم

marfat.com

اس قسم کے افعال سے باز رہو۔

اس مناظرہ کے لیے مولوی ثناء اللہ امرتسری کا از خود اپنے آپ کو پیش کرنا ثابت کرتا ہے کہ نجدی وہابی اور یہاں پاک و ہند کے وہابی جو کہ اپنے آپ کو اہلحدیث کہلاتے ہیں ایک ہی ہیں۔ عقائد میں یہ سب متفق ہیں۔

ابنِ سعود کو صدر الافاضل مولانا نعیم الدین مراد آبادی کا اعلانِ مناظرہ

منجانب سید محمد نعیم الدین مراد آبادی

بنام ابنِ سعود والیٔ نجد

الحمد للہ وکفیٰ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ اما بعد والیٔ نجد کو معلوم ہو کہ مقابر و مساجد کا ڈھانا۔ مشاہد کی اہانت۔ مسلمانوں کا قتل اور انہیں لوٹنا اور ان کی تکفیر اور ارضِ حجاز پر تسلط اور اس میں بادشاہ بن بیٹھنا وغیرہ تمہارے افعال جن سے تمام عالمِ اسلامی زیر و زبر ہو رہا ہے شرعاً بالکل ناروا اور ناجائز ہیں۔ اخباروں سے معلوم ہوا کہ تم نے یہ افعال اپنے علماء کے امر سے کیے۔ ہم تمہیں مطلع کرتے ہیں کہ وہ علماء باطل پر ہیں۔ اور ہم اُن سے مناظرہ کے لیے آمادہ ہیں۔ اگر انہیں ہمت ہو اور وہ اپنے آپ کو حق پر گمان کرتے ہوں تو ہم سے مناظرہ کر لیں اور جب تک فیصلہ کُن مناظرہ نہ ہو لے تم اس قسم کے افعال سے باز رہو۔

محمد نعیم الدین ناظم جماعت عالیہ مرکزی ہند مراد آباد

نقل رجسٹری مولوی ثناء اللہ صاحب ایڈیٹر اہلحدیث

بخدمت حضرت صدر الافاضل علامہ سید محمد نعیم الدین صاحب مراد آبادی علیہ الرحمۃ

marfat.com

دفتر سیکرٹری آل انڈیا اہلحدیث کانفرنس امرتسر ۲۳ ربیع الاوّل ۴۵ھ

بخدمت مولوی نعیم الدین صاحب زاد عنایتہ! سلام علیکم! آپ کا تار بنام جلالۃ الملک ابنِ سعود اخبار سیاست مؤرخہ ۳۰ ستمبر جس میں آپ نے مسائل اختلافیہ میں علمائے نجد کے ساتھ مباحثہ کرنے کی درخواست کی ہے۔ اس کے جواب میں عرض کرتا ہوں کہ نہ علمائے نجد یہاں آئیں نہ آپ وہاں جائیں۔ اس لیے آسان صورت یہ ہے کہ یہاں ہی مباحثہ کرلیں۔ علمائے نجد کی طرف سے خادمِ توحید و سنت حاضر ہے۔ دہلی میں مباحثہ ہو تو بہتر ہے۔ مباحثہ تحریری ہوگا۔ اختلافی مسائل کی فہرست پہلے لکھی جائے گی۔ استدلال میں قرآن و حدیث پیش ہوں گے۔ اور تائید میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا قول پیش ہو سکے گا۔ اُمید ہے کہ آپ اس صورت کو تسلیم کرلیں گے۔ اور اگر علمائے نجد ہی پر اصرار کریں گے تو لوگ کہیں گے۔ تا تریاق از عراق آوردہ شود مار گزیدہ مردہ شود۔

راقم خادمِ دین اللہ ابوالوفا ثناء اللہ کفاہ اللہ امرتسری ناظم اہلحدیث کانفرنس یکم اکتوبر ۱۹۲۶ء۔

سردار وہابیہ ثناء اللہ امرتسری کو جواب

مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری کو صدر الافاضل مولانا سید محمد نعیم الدین صاحب مرادآبادی علیہ الرحمۃ نے جو رجسٹری کا جواب دیا وہ بھی درج کیا جاتا ہے۔

نقل رجسٹری حضرت مولانا محمد نعیم الدین صاحب مرادآبادی علیہ الرحمۃ

بنام جناب مولوی ثناء اللہ صاحب ناظم اہلحدیث کانفرنس

الحمد للہ وکفیٰ والسلام علےٰ حبیبہ خاتم النبیین آپ کی رجسٹری محررہ ۲۳ ربیع الاوّل ۴۵ھ ۲۴ ماہِ مبارک بروز شنبہ سہ پہر کو ایسے

marfat.com

وقت وصول ہوئی کہ رجسٹری روانہ کرنے کا وقت نہ رہا تھا۔ اور دوسرے دن یکشنبہ تھا جس میں ڈاک خانہ رجسٹری نہیں لیتا۔ آج جواب حاضر کرتا ہوں۔

اخباروں کو جو اطلاع دی گئی تھی اُس میں انگریزی کرنے والے نے اعلان کا خلاصہ لکھ دیا ہے۔ میں آپ کے پاس اصل اعلان کا ترجمہ بھیجتا ہوں۔ جو ابنِ سعود کے پاس بھیجا گیا ہے۔ جناب کا یہ خیال کہ علماء نجد مناظرہ کے لیے نہ آئیں گے۔ ممکن ہے صحیح ہو۔ اور آپ کو ان سے قریب کے سفر میں جو تجربے ہوئے ہیں۔ ان سے یہ نتیجہ نکالنے کے لیے آپ حق بجانب ہوں۔ لیکن میری نسبت یہ حکم کر دینا کہ میں بھی نہ جاؤں گا۔ علمِ غیب کا غلط دعوےٰ ہے۔ نجدی مناظرہ کے لیے طیار ہو تو جو مقام مناظرہ مقرر ہو وہاں میں مناظرہ کے لیے حاضر ہونے کے واسطے بے تامل طیار ہوں۔ انشاء اللہ تعالےٰ آپ اس اعلان پر نظر ڈالنے کے بعد اگر مسائل مذکورہ اعلان میں مناظرہ کے لیے طیار ہیں اور اطمینان دلائیں کہ آپ کا قبول و عدول ابنِ سعود کو مسلم ہوگا۔ اور اگر آپ اس کے افعال کو شرعاً حق ثابت نہ کر سکے تو ابنِ سعود ان سے باز رہے گا۔ اور جن میں تلافی ممکن ہے ان کی تلافی کرے گا۔ مسائل مذکورہ میں اس کا تسلط حجاز بھی ہے۔ اگر آپ اس کو حق ثابت نہ کر سکے تو ابنِ سعود اپنا تسلط اُٹھالے گا۔ اور اُس پر حجت تمام ہو جائے گی۔ ایسی صورت میں آپ سے بھی مناظرہ کے لیے طیار ہوں۔

اُمید ہے کہ آپ ایسا اطمینان دلانے میں جلدی کریں گے۔ اور مجھے مطلع کریں گے کہ ابنِ سعود کی جانب سے آپ کی کیا حیثیت ہے۔

محمد نعیم الدین از مراد آباد ۲۶ ربیع الاوّل ۱۳۴۵ھ

marfat.com

مولوی ثناء اللہ امرتسری نے مناظرہ کرنے کے بارے میں کوئی اطلاع نہیں دی سارا جوش و خروش جاتا رہا۔ جب مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری وہابی نے صدر الافاضل مولانا سید محمد نعیم الدین صاحب مراد آبادی علیہ الرحمۃ سے مناظرہ کرنے کے لیے رجسٹری ارسال کی۔ اور اُس کا علم صدر الافاضل کے شاگردِ رشید شیر بیشۂ اہلسنت، اسد الملت مولانا محمد حشمت علی صاحب قادری رضوی لکھنوی کو ہوا تو آپ نے بھی مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری کو تحریر ارسال کی۔ وہ تحریر بھی شائع کی جاتی ہے۔

جناب علامہ مولانا عبید الرضا حشمت علی صاحب لکھنوی

کی طرف سے مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری کو جواب

نجدی کے افعالِ شنیعہ سے تمام عالمِ اسلام بے چین ہو رہا ہے اور نجدی نے اس کی معذرت میں یہ کہا ہے کہ یہ افعال اس نے اپنے علماء کے حکم سے کیے ہیں۔ اس لیے حضرت صدر الافاضل اُستاذ العلماء جناب مولانا مولوی حافظ حکیم سید محمد نعیم الدین صاحب مراد آبادی دامت برکاتہم (علیہ الرحمۃ) نے نجدی کو اعلان دیا کہ وہ علماء باطل پر ہیں۔ اور اگر اس کے اعتقاد میں حق پر ہوں تو ہم ان سے مناظرہ کے لیے طیار ہیں۔ ہم سے مناظرہ کریں۔ اور جب تک ایسا مناظرہ نہ ہو نجدی اس قسم کے افعال سے باز رہیں۔

اس پر جناب مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری نے ایک رجسٹری حضرت ممدوح کی خدمت میں بھیجی۔ جس میں مناظرہ کی استدعا کی ہے لطف یہ ہے کہ نہ آپ کو نجدی نے وکیل کیا۔ نہ آپ کو قبول و

marfat.com

عدول کا اختیار رہے۔ نہ آپ نے ہار جانے پر اپنے افعال سے تائب ہونے اور ان کی تلافی کرنے کا قابلِ اطمینان ذمہ لیا۔ مگر آپ ہیں کہ خود ساختہ وکیل اور مناظرہ بھی کس سے کرنا چاہتے ہیں ؎

تو کار زمیں را نکو ساختی ! کہ با آسماں نیز پرداختی

میرے مقابلہ میں تو جناب کے وہ چھکے چھوٹے کہ اپنا ایمان تک ثابت نہ کر سکے۔ یاد کیجئے پادرہ تعلقہ بڑودہ کی شرمناک شکست جسے کچھ زیادہ عرصہ نہیں گزرا ہے۔ اور جس مناظرہ کی تحریریں میرے اور آپ کے مابین قلمبند ہیں۔ اب کس ہمت پر آپ مناظرہ کا اعلان کر رہے ہیں۔ جس سے آپ نے مناظرہ کا ارادہ کیا ہے۔ اُس کے ایک طالب علم سے بھی آپ کو مجالِ گفتگو نہیں۔ میں آپ کی خدمت کے لیے پھر حاضر ہوں۔ اگر آپ کو شوق ہو تو اپنے اور ہم مذہبوں کو اپنی پُشت پر لے لیجئے کیونکہ آپ تو بذاتِ خود بہت شرمناک شکست کھا چکے ہیں۔ اپنے چھوٹے بڑوں کو ساتھ لے کر کچھ ہوس اور باقی رہ گئی ہو تو نکال لیجئے مجھے یقین ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ آپ اپنا ایمان بھی ثابت نہ کر سکیں گے جیسا کہ مناظرہ پادرہ تعلقہ بڑودہ میں نہیں ثابت کر سکے۔ خاکپائے حضرت اُستاذ العلماء (محمد نعیم الدین مرادآبادی)

فقیر ابو الفتح عبید الرضا محمد حشمت علی قادری رضوی لکھنوی غفرلہٗ

(السواد الاعظم ص ۵، ۴ ماہ جمادی الاول ۱۳۴۵ھ)

قارئینِ عظام! نجدیوں کا اہالیانِ حرمین شریفین سے ظلم و ستم اور مقابر و مشاہد کو مسمار کرنے اور روضۂ رسولِ مقبول علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی توہین اور بے حرمتی کے واقعات کا مطالعہ کیا۔ اس سے اظہر من الشمس ہے کہ نجدیہ وہابیہ کو امام المرسلین سید الانبیاء علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام اور صحابۂ عظام علیہم الرضوان سے کتنی محبت و عقیدت ہے۔

marfat.com

روضۂ مُصطفوی جس کے متعلق نُورِ مجسم شفیعِ معظم رسُولِ مکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کا فرمان ہے کہ:

مَنْ زَارَ قَبْرِیْ وَجَبَتْ لَہٗ شَفَاعَتِیْ[1]

جس نے میری قبر کی زیارت اُس کی شفاعت مُجھ پر لازم ہے۔

لیکن یہ نجدی اُس کو مسمار کرنے کے درپے ہیں۔ کِتنا عناد اور دُشمنی ہے بلکہ نبیٔ پاک صلّی اللہ علیہ وسلّم کی قبر شریفہ تو نجدیوں کے نزدیک ایک بُت ہے جیساکہ نجدیوں کی شائع کردہ کتاب شرح الصدور میں درج ہے:

فَالْقَبْرُ الْمُعَظَّمُ الْمُقَدَّسُ وَثَنٌ وَصَنَمٌ بِکُلِّ مَعَانِی الْوَثَنِیَّۃِ لَوْ کَانُوْا یَعْقِلُوْنَ۔

پس حضورِ اکرم صلّی اللہ تعالےٰ علیہ وسلّم کی قبر شریف ہر لحاظ سے بُت ہے۔ کاش کہ لوگ اس بات کو سمجھیں!

(شرح الصدور صـ۲۵)

یہ ہے نام نہاد توحید کا پرچار کرنے کے مدعی حضرات کے نزدیک حدیثِ نبوی کی عظمت اور پیارے مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی عقیدت کا حال۔

کربلا معلّٰی اور نجف اشرف پر حملہ

اب اہلبیت اطہار علیہم الرضوان سے جو ان کو محبّت وعقیدت ہے۔ اس کا اندازہ کربلا معلےٰ شریف اور نجف اشرف پر جو ان لوگوں کے ظلم وستم ڈھائے ان کا مطالعہ کرنے سے ظاہر ہو جاتا ہے۔

نجدی اور دیوبندی وہابیوں کے ممدوح سلیمان ندوی رقمطراز ہیں:

"سنہ ۱۲۱۶ھ کو سعود بن عبدالعزیز نجدی تمام نجد جنوب حجاز اور تہامہ سے ایک لشکر جرار لے کر کربلا کے ارادہ سے چلا اور بلد الحسین کے باشندوں پر حملہ کیا۔ ان پر دھاوا بول دیا۔ اُس کی دیواروں پر چڑھ

---

[1] دار قطنی صـ۔ مشکوٰۃ شریف۔ اشعۃ اللمعات۔ شفاء السقام۔ فضائل حج

marfat.com

گئے۔ اکثر باشندوں کو گھروں اور بازاروں میں تہ تیغ کر دیا۔ اور اس قبہ کو جو ان کے اعتقاد کے مطابق حسین رضی اللہ عنہ کی قبر پر بنایا گیا تھا منہدم کر دیا۔ قبہ اور اس کے آس پاس اور چڑھاوے کی تمام چیزیں لے لیں۔ قبہ زمرد، یاقوت اور جواہر سے آراستہ تھا۔ اور اُس کے علاوہ دو ہزار آدمی قتل کیے گئے۔ (محمد بن عبدالوہاب ص ۶۹)

کربلا معلّٰے کے مزارات کو تہ و بالا کرنا اور لوٹ مار، قتل و غارت کرنا

سردار محمد حسن بی اے وہابیہ نجدیہ کی کربلا معلّٰے میں بے اعتدالیوں اور گستاخیوں کا تذکرہ اس طرح کرتے ہیں کہ:

"محمد بن سعود کا انتقال ۱۷۶۵ء میں ہوا۔ اور اس کا بیٹا عبدالعزیز، جانشین ہوا۔ باپ کے وقت میں یہ بڑا مستعد مجاہد تھا۔ خود امیر ہونے پر سال میں چھ چھ مرتبہ غزوات کرتا رہا۔ لیکن اس کا بیٹا سعود باپ سے بھی زیادہ گرمجوش ثابت ہوا۔ اس نے اپنے والد کی اجازت کے بغیر نجف اشرف اور کربلا معلّٰی پر حملے کیے اور وہاں کے مزاراتِ مقدسہ کو تہ و بالا کر دیا۔ لوٹ و غارت کا تو کچھ حساب ہی نہ تھا۔ ان مقامات پر اہلِ نجد کی طرف سے بیحد بداعتدالیاں اور گستاخیاں سرزد ہوئیں۔ ۱۸۰۲ء مطابق ۱۲۱۸ھ میں ایک شیعہ درعیہ میں آیا اور جب کہ سلطان عبدالعزیز مسجد میں نماز پڑھ رہا تھا۔ اس کو قتل کر دیا۔" (سوانح حیات سلطان ابنِ سعود ص ۴۳-۴۴)

کربلا معلّٰے شریف میں بے اعتدالیاں کرنے پر مسلمانوں میں اضطراب اور نجدیوں میں خوشی کی لہر

سردار محمد حسن بی اے مؤرخ لکھتے ہیں کہ:

وہابی شجاعت اور فتوحات کے نشہ میں

marfat.com

چُور تھے اُنھوں نے اب تک مزاحمت اور شکست کا منہ نہ دیکھا تھا۔ قرب وجوار پر یورشیں کرتے تھے اور بڑے بڑے علاقوں کو لوٹ مار کر کے تباہ و برباد کرتے رہے۔ ناظرین کو معلوم ہے۔ فرات کے ساحلی علاقوں میں کئی سو برس سے شیعوں کی کثیر آبادی ہے۔ عراق میں شیعہ عنصر کی کثرت تھی۔ اور اب تک ہے۔ وہابیوں کو سُنیوں سے تو نفرت ہی تھی لیکن شیعوں کو یہ لوگ بہت ہی بُرا جانتے تھے۔ وہابیوں نے ۱۸۰۱ء میں سعود بن عبدالعزیز کی قیادت میں کربلا معلیٰ پر حملہ کیا۔ اور حضرت امام حسین علیہ السلام کے مقدس مزار کو منہدم کر دیا۔ کربلا معلےٰ کی نہتہ اور امن پسند آبادی کا بیشتر حصہ بلاقصور تہہ و تیغ کر دیا۔ کربلائے معلےٰ سے بصرہ تک کا تمام علاقہ خاک سیاہ کر دیا۔ کروڑوں روپیہ کا مال و اسباب لُوٹ لیا۔ فتنۂ تاتار کے بعد عراق میں ایسا ظلم و فساد کبھی نہ ہوا تھا۔ دُنیا بھر کے مسلمانوں میں ماتم کی صفیں بچھ گئیں۔ لیکن درعیہ نجد کے دارالسلطنت میں فتح و نُصرت کے شادیانے بج رہے تھے۔

(سوانح حیات سُلطان ابنِ سعود ص ۴۷-۴۸)

ناظرینِ کرام! یہ سعود بن عبدالعزیز نے مسلمانوں پر جو ظلم و ستم کے پہاڑ ڈھائے۔ انبیاءِ عظام، صحابۂ کرام اور اولیاء الرحمٰن کی توہین اور گستاخی کی۔ مزارات اور مقاماتِ مقدسہ کو تہ و بالا کر دیا۔ یہ سب کچھ اُس نے انگریز کو خوش کرنے کے لیے کیا تھا۔ کیونکہ اُس کے سرپرست انگریز تھے۔ وہ انگریز کا وظیفہ خوار و پٹھو تھا اس لیے مسلمانوں کے دِل دکھائے اور انگریزوں کو خوش کیا۔ اس کے انگریز کا وظیفہ خوار ہونے کا ثبوت سنٹرل خلافت کمیٹی کی مسئلہ حجاز کتابی شکل میں شائع شدہ رپورٹ میں موجود ہے جو کہ درج کیا جاتا ہے:

"یہ بھی خبر ملی تھی کہ ابنِ سعود سُلطانِ نجد کو بھی انگریزی خزانہ سے وظیفہ

marfat.com

ملتا تھا۔ ایک کو برطانیہ کا دفترِ خارجہ کی معرفت اور دوسرے کو حکومتِ ہند کے ذریعہ سے۔ مگر اس کے ساتھ یہ بھی معلوم ہوا تھا کہ سُلطان ابنِ سعود کو یہ وظیفہ اس وجہ سے دیا جاتا ہے کہ ان کا منہ بند ہو۔

(مسئلہ حجاز رپورٹ وفد خلافت ۱۹۲۶ء صـ۲۶)

وہابیوں کے کربلا معلّٰے پر ظلم و ستم اور قتل و غارت کی تصدیق خود وہابیوں کے مجتہد اور محدّث نواب صدیق حسن بھوپالوی نے بھی کی ہے۔

نواب صدیق حسن بھوپالوی کی تصدیق

بعد فتح حصار کے عبدالعزیز کربلا کی طرف متوجہ ہوا۔ اور وہاں جا کر خونریزی اور غارت کا بازار گرم کیا اور امام حسین کے مزار کا سامان سب لوٹ والوں پر مباح کر دیا۔ وہاں کی آبادی اکثر ویران ہو گئی۔ (ترجمان وہابیہ صـ۳۴)

عبدالعزیز بن سعود بھی اپنے باپ دادا کی طرح انگریزوں کا نیاز مند تھا۔ اس نے بھی حکومت برطانیہ کے ساتھ معاہدہ کیا۔ ان نجدیوں کی شقاوتِ قلبی اور امام الانبیاء سے دُشمنی کا حال دیکھیئے کہ انگریزوں سے مدد طلب کرنا جائز مگر امام الانبیاء سے توسّل اور استفادہ کرنا شرک و کفر ہے۔

ڈھیٹ اور بے شرم دُنیا میں بھی ہوتے ہیں مگر!
سب پہ سبقت لے گئی ہے بے حیائی آپ کی

علامہ جمیل آفندی کا بیان

علامہ جمیل آفندی علیہ الرحمۃ نے اسی لیے تو فرقہ وہابیہ کے متعلق واضح الفاظ میں فرمایا ہے:

اَلْفِرْقَةُ الْمَارِقَةُ الْوَهَابِيَّةُ مِنَ الْبَاطِلِ۔ (الفجر الصادق صـ۲۷ مطبوعہ استنبول) دین سے نکلنے والا فرقہ وہابیہ باطل فرقوں میں شمار ہوتا ہے۔

بہار الحق قاسمی کا بیان

عبدالعزیز بن سعود کے انگریز کے نیاز مند ہونے کے بارے میں دیوبندیوں

marfat.com

کے مولوی بہاؤ الحق قاسمی "عبدالعزیز ابنِ سعود کا حکومتِ برطانیہ سے معاہدہ کی دفعہ چہارم کی سُرخی دے کر لکھتے ہیں کہ :

"ابنِ سعود عہد کرتا ہے کہ وہ اس عہد سے پھرے گا نہیں اور وہ ممالکِ مذکورہ یا اس کے کسی دوسرے حصّہ کو حکومتِ برطانیہ سے مشورہ کیے بغیر بیچنے ۔ رہن رکھنے ، مستاجری یا کسی قسم کے تصرف کرنے کا مجاز نہ ہوگا ۔ اس کو اس امر کا اختیار نہ ہوگا ۔ کہ کسی حکومت کی رعایا کو برطانیہ کی مرضی کے خلاف ممالک مذکورہ بالا میں کوئی رعایت یا لائسنس دے ابنِ سعود وعدہ کرتا ہے کہ وہ حکومتِ برطانیہ کے ارشاد کی تعمیل کرے گا ۔ اور اس میں اس امر کی قید نہیں ہے کہ وہ ارشاد کے مفاد کے خلاف ہو یا موافق"۔

اسی معاہدہ کی دفعہ ششم میں ہے

ابنِ سعود اپنے پیشرو سلاطینِ نجد کی طرح عہد کرتا ہے کہ وہ علاقہ جات کویت ، بحرین ۔ علاقہ جات رؤسا (شیوخ) عرب عمان کے ان ساحلی علاقہ جات اور دیگر ملحقہ مقامات کے متعلق جو برطانوی حمایت میں ہیں کسی قسم کی مداخلت نہیں کرے گا ۔ ان ریاستوں کی حدبندی بعد کو ہوگی ۔ جو برطانیہ سے معاہدہ کر چکی ہیں ؛

مورخہ ۱۸ صفر ۱۳۳۴ھ ۲۶ نومبر ۱۹۱۵ء

مہر و دستخط عبدالعزیز السعود

(دستخط بی ۔ ریڈ کاکس وکیل معاہدہ ہذا و نمائندہ برطانیہ خلیج فارس)

(نجدی تحریک پر ایک نظر ص ۱۴، ۱۵)

ابنِ سعود کا حکومتِ برطانیہ سے تعلقات کے واقعات حضرت مولانا محمد عمر صاحب نعیمی شیخ الحدیث علیہ الرحمۃ نے اپنے رسالہ "السوادِ الاعظم" میں درج کیے ہیں ۔ معلومات میں اضافہ کے لیے بہت مفید سمجھتے ہوئے درج کیے جاتے ہیں :

marfat.com

(۱) ۱۹۱۶ء میں بمقام کریٹے انگریزوں اور ابنِ سعود کا معاہدہ ہوا۔ اور ۱۹۲۷ء کے معاہدہ میں اس کو تسلیم کیا گیا ہے۔ اس معاہدہ کی رُو سے ابنِ سعود نے یہ چند خاص قیدیں اپنے اُوپر عاید کی ہیں۔
۱۔ یہ کہ اس کے ورثاء جب ہی اُس کے جانشین ہو سکتے ہیں جبکہ وہ کسی طرح گورنمنٹِ برطانیہ کے مخالف نہ ہوں۔ ۲۔ ابنِ سعود کا یہ عہد و وعدہ کہ وہ کسی غیر قوم یا سلطنت کے ساتھ کسی قسم کی گفتگو یا سمجھوتہ اور معاہدہ سلطنتِ برطانیہ کی بے اجازت کے نہ کرے گا۔
۳۔ ابنِ سعود کا یہ عہد کہ وہ اپنے ممالک یا اس کے کسی حصہ کو حکومتِ برطانیہ کی رضامندی حاصل کیے بغیر بیچنے، رہن کرنے مستاجری یا ٹھیکہ پر دینے کا مجاز نہ ہوگا۔ ۴۔ ابنِ سعود کا یہ وعدہ کہ وہ ہمیشہ گورنمنٹ کے مشورہ کا بے استثناء اتباع کرے گا۔

(۲) اس معاہدہ کے مکمل ہونے کے بعد گورنمنٹ برطانیہ کی طرف سے ابنِ سعود کو ستارۂ ہند اور سر پرسی کاکس نے اسٹار آف انڈیا (STAR OF INDIA) کا تمغہ ان کو دیا۔ یہ تمام واقعات اخباروں میں آچکے ہیں۔ اور اُس کے فوٹو بھی کھچے ہوئے موجود ہیں۔ وفد خدام الحرمین کی رپورٹ میں بھی وہ فوٹو ہے جس میں ابنِ سعود اور سر پرسی کاکس اور دوسرے انگریزوں اور ہندوستانی فوج کے سکھ سپاہیوں کے ساتھ ابنِ سعود کھڑا ہوا ہے اور مس بیلی بھی موجود ہے۔

(۳) ابنِ سعود کا بیٹا فیصل نصاریٰ کے علاقوں میں پھر رہا ہے۔ لندن میں اس نے حاضری دی ہے وہاں انگریزوں کے ساتھ خوب مجالست و مخالطت رہی۔ ہوائی جہازوں میں پروازوں کے مزے اُڑائے ہیں شاہی دربار میں باریابی کی عزت حاصل کی ہے۔ اور سی۔ ایم۔ جی کا خطاب پایا

marfat.com

ہے۔ اور حکومتِ برطانیہ اور بادشاہ کا عربی زُبان میں شکریہ ادا کیا ہے اور اقرار کیا ہے کہ انہی کی عنایت سے ارضِ حجاز کی جدید تنظیم عمل میں آئی۔ (خُدا کے سوا دوسروں پر اعتماد) چلتے وقت ابنِ سعود کے فرزند فیصل نے رپورٹر کے نمائندہ سے کہا کہ جس شان کے ساتھ ہز مجسٹی ملکِ معظم نے میرا خیر مقدم کیا۔ اس کو مدت العمر نہ بھولوں گا۔

(۴) انہی صاحبزادہ نے ملکہ ہالینڈ کے دربار میں باریابی حاصل کی۔ اور وہاں سے گرانڈ کراس آف اڑینج اور ناسر کا نشان اور اعزاز پایا۔ (کافر اور عورت کے دربار میں حاضر ہونا اور آدابِ شاہی بجالانا)۔

(۵) پیرس میں پہنچکر پریذیڈنٹ فرانس کی بارگاہ میں رسائی پائی۔ اور وہاں ان کا شکریہ ادا کیا۔ اور اس قسم کے نجدی اور نجدیوں کے بہت سے احوال بنظرِ اختصار ترک کیے جاتے ہیں۔

(السواد الاعظم ص۶ ماہ جمادی الاوّل ۴۵ھ)

وہابیوں کے انگریزوں کے وظیفہ خوار ہونے کے ثبوت میں حسرت موہانی کا خُطبہ

حسرت موہانی نے نجدیوں کے رہنما کے انگریزوں کے وظیفہ خوار ہونے کا ثبوت ان دلائل سے دیا ہے کہ:

"ہم کہتے ہیں کہ شریف اور ابن سعود دونوں پہلے بھی انگریزوں کے زیرِ اثر تھے اور اب بھی ہیں۔ ترکوں کے خلاف دونوں لڑے اور انگریزوں کے وظیفہ خوار رہے۔ بلا لحاظ مفادِ عامۂ اسلام و مسلمین اپنے ذاتی یا اپنی حکومت کے فائدے کے خیال سے انگریزوں سے خفیہ و اعلانیہ عہد و پیمان کرنے میں دونوں پہلے بھی بیباک تھے اور اب بھی ہیں۔

marfat.com

شریف کی بے عنوانیاں سب کو معلوم ہیں۔ اس لیے یہاں پر صرف ابنِ سعود کے چند کارنامے بیان کیے جاتے ہیں۔

(۱) ابنِ سعود کے موجودہ حملہ حجاز میں بھی حکومتِ برطانیہ کی یہ مصلحت مدِ نظر تھی اور ہے کہ پہلے شریف حسین اور اب شریف علی مجبور ہو کر قبضۂ فلسطین کے متعلق انگریزی شرائط کو تسلیم کر لیں۔ مگر شریف حسین نے اس عہدنامے پر دستخط کرنے سے اِنکار کر دیا۔ اور نکالے گئے۔ اور عجب نہیں آئندہ شریف علی کا بھی وہی حشر ہو۔

۲۳ ستمبر کے اخبار پاونیر میں اس کے نامہ نگار بغداد نے صاف صاف لکھا ہے کہ سر گلبرٹ کلیٹن عنقریب ابنِ سعود سے ملنے والے ہیں۔ اور اب کہ جزیرہ نمائے عرب شاہ حسین کی مخالف برطانیہ روش کے اثر سے بالکل پاک ہو چکا ہے۔ اس بات کی پوری اُمید ہے کہ برطانیہ عظمیٰ و ابنِ سعود کے درمیان مثل سابق گہرے دوستانہ تعلقات قائم ہو جائیں گے۔

(۲) آج کل ابنِ سعود کی ساری کوشش اس باب میں صرف ہو رہی ہے کہ انگریز میری سیادت کو جزیرۃ العرب کے اکثر حصوں پر تسلیم کر لیں گے۔ اس کے معاوضہ میں وہ انگریزوں کی جملہ شرائط ماننے کو تیار ہیں۔ (خطبہ صدارت سید الاحرار مولانا حسرت موہانی ص ۱۱، ۱۲)

انگریزوں کی وفاداری کے نشہ میں مسلمانوں کو صفحۂ ہستی سے مٹا دینے کی سازش

روزنامہ زمیندار کے حوالہ سے مولوی بہاؤ الحق قاسمی دیوبندی کا بیان

وہابیوں نے انگریزوں

marfat.com

کو خوش کرنے کے لیے مسلمانوں پر وہ بھی ظلم و ستم ڈھائے کہ مسلمانوں کو صفحۂ ہستی سے مٹا دینے کی بھی کوشش کی۔ اس ساری حقیقت کو بیان کرتے ہوئے دیوبندیوں کے مولوی بہاء الحق قاسمی مولوی ظفر علی خاں کے اخبار زمیندار کے حوالہ سے رقمطراز ہیں کہ:

"باغی وہابیوں کی حریصانہ نگاہیں حرمین شریفین کی طرف عرصہ سے اُٹھ رہی تھیں۔ اُنہوں نے طائف شریف کو برباد کرنے کے بعد مکہ معظمہ پر ہلا بول دیا۔ اور آخر وہاں قابض ہو گئے۔ رہ گیا یہ سوال کہ وہابی اتنے طاقتور کہاں سے ہو گئے کہ پہلے طائف میں لوٹ کھسوٹ اور قتل و غارت کر کے وہاں قابض ہوئے اور پھر مکہ معظمہ پر بھی بغیر کسی دقت و دشواری کے مسلط ہو گئے تو اس سوال کا جواب ہر متفطن اور سمجھ دار انسان یہی دے گا ؎

نجد کو کب یہ سلیقہ ہے ستمگاری کا
کوئی معشوق ہے اس پردۂ زنگاری میں

نجدیوں کے تسلط کے وقت اربابِ فراست بھانپ گئے تھے کہ اب صورتِ حالات روبہ اصلاح ہونے کی بجائے اور زیادہ خطرناک اور پیچیدہ ہو جائے گی۔ کیونکہ یہ قوم سخت وحشی واقع ہوئی ہے۔ بربریت اور درندگی اس کے خمیر میں داخل اور انصاف پروری و رواداری کی ان کو ہوا تک نہیں لگی ہے ان کے عقائد میں اس درجہ کا غلو، تشدد اور تجاوز پایا جاتا ہے۔ کہ وہ مرکزِ اسلام پر حکومت و قیادت کرنے کی قطعاً اہلیت نہیں رکھتے۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ شیخ نجدی محمد بن عبدالوہاب آنجہانی کے عہد نحوست مہد سے لے کر اس وقت یہ لوگ آستانۂ خلافت سے باغی رہے۔ بلکہ موجودہ نجدی حکومت دشمنانِ اسلام کی انگشت نمائی اور برانگیخت سے ترکوں کے ساتھ نبرد آزما اور مصروفِ پیکار رہ چکی ہے۔ اور موجودہ امیرِ نجد عبدالعزیز بن سعود بھی شریف

marfat.com

کی طرح انگریزوں کا منظورِ نظر، پٹھو اور خاص وظیفہ خوار ہے۔ ان واقعات وحقائق کی بناء پر ارباب بصیرت نے نجدیوں کے تسلط کو سخت ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھا۔ لیکن افسوس کہ ہندوستانی مسلمانوں میں سے کسی نے سنہری اور روپہلی مصلحتوں کے ماتحت بعض نے نجدیوں کے ہم عقیدہ ہونے کے باعث کسی نے شریف کے مظالم سے تنگ آکر اور کسی نے زبان دراز اور منہ پھٹ لوگوں کی گالیوں کے خوف سے ان تمام حقائق ثابتہ سے آنکھیں بند کر کے نجدیوں کی تعریف وتوصیف کے پُل باندھنے شروع کر دیئے۔

یہ لوگ جہاں نجدیوں نے عقائد کی خوبی بیان کرتے نہیں تھکتے وہاں چیخ چیخ کر اور گلا پھاڑ پھاڑ کر یہ بھی ثابت کرنا چاہتے ہیں۔ کہ ابن سعود نجدی شریف کی طرح انگریز پرست نہیں بلکہ اسلام پرست ہے۔ حالانکہ انہیں میں سے ذمہ دار لوگ کچھ مدت پہلے اپنی تقریروں اور تحریروں میں بالفاظ صریحہ اقرار کر چکے ہیں کہ نجدی حکومت برطانیہ کی وظیفہ خوار۔ مقرب پٹھو اور ترکوں کی سخت دشمن واقع ہوئی ہے۔

میں ذیل میں ذمہ دار حامیانِ نجدیہ ہی کی تقریروں اور تحریروں سے ابن سعود اور موجودہ نجدی حکومت کی غداری، نصاری پرستی اور اسلام کش حکمتِ عملی کے چند واقعات عرض کرتا ہوں۔

'غدار ابن سعود کی سیاسی کہانی۔ اخبار زمیندار کی زبانی' کی سرخی دے کر دیوبندیوں کے مولوی بہاؤ الحق قاسمی لکھتے ہیں کہ:

'اخبار زمیندار لاہور بابت ماہ فروری ۱۹۲۲ء کے متعدد پرچوں میں ایک طویل مضمون شائع ہوا تھا جس کے تین عنوان تھے۔ حکومتِ برطانیہ اور عراق عرب، اسرار کا انکشاف اور حقیقت کی چہرہ کشائی اس مضمون میں برطانیہ کی ان ریشہ دوانیوں کا مفصل تذکرہ کیا گیا ہے۔ جو اس نے عراق عرب میں ترکوں کے

marfat.com

خلاف اور اپنا اقتدار قائم کرنے کی غرض سے عربوں کو سیم و زر کا لالچ دینے کی صورت میں روا رکھیں۔ اس ذیل میں اس مضمون سے وہ اقتباسات نمبر وار نقل کرتا ہوں جن میں ابن سعود نجدی اور اُس کی حکومت کی غدارانہ سازشوں اور مسلم کش حکمت عملیوں سے نقاب کشائی کی گئی ہے۔

وہابیوں کا خروج

اس لیے اب یہ سوال پیدا ہوا کہ عربوں کو ترکوں کے خلاف کس طرح برانگیختہ کیا جائے سنوسی تو کسی کام کے نہیں تھے۔ کیونکہ وہ اس حکومتِ عرب میں حصہ دار نہیں بن سکتے جس کے ہم حامی ہیں۔ وجہ یہ ہے کہ مصر درمیان میں حائل ہے۔ علاوہ ازیں وہ ہمارے مخالف بھی ہیں۔ ادریسی اور امام یمن بہت کام دے سکتے تھے۔ رشید امیر حائل ترکوں کے ساتھ مل گئے۔ اب صرف دو ایسی ہستیاں رہ گئیں جو ہمارے گورنمنٹ برطانیہ کے شہنشاہی اقتدار کے اثر میں آسکتی تھیں۔ انہیں ہم سرمایہ دے سکتے تھے۔ اور ان سے یہ وعدہ کر سکتے تھے۔ اگر ہماری اعانت کی جائے گی۔ تو ہم بہت سا صلہ و انعام دیں گے۔ یہ معزز ہستیاں حسین شریف اعظم اور ابنِ سعود وہابی امیر نجد کی ہستیاں تھیں۔

(فتنۂ نجدیت کے ڈھول کا پول ۲ تا ۵)

حکومتِ برطانیہ کی کارگزاری

ٹائمز کے نامہ نگار کا بیان "حکومتِ برطانیہ کی کارگزاری، مولوی بہاؤالحق قاسمی دیوبندی نے اخبار زمیندار کے حوالہ سے یہ سُرخی دے کر لکھا ہے:

"وہابی اور ابنِ سعود تو پہلے ہی ہمارے یا یوں کہیے کہ حکومتِ ہند کے دمساز تھے۔ ۱۸۶۸ء کا واقعہ ہے۔ کہ اس زمانے میں ایک برطانوی وفد بسرکردگی کرنیل لیوس پیلی ریاض گیا تھا۔ اس وفد نے خاندان ابنِ سعود سے ایک معاہدہ کیا تھا۔ جس کی پاسداری

marfat.com

ہمیشہ ملحوظ رہی ہے۔ اگرچہ کوئی باقاعدہ عہدنامہ مرتب نہیں کیا گیا تھا لیکن اس پر بھی وہابیوں نے مجھے بتایا۔ کہ وہ اس معاہدہ کی تعمیل کو اپنا فرض خیال کرتے ہیں۔" (فتنۂ نجدیت کے ڈھول کا پول ص۸)

اشرفیوں کا توڑا

دیوبندی مولوی بہاؤالحق قاسمی نجدیوں کے سربراہ کو روپے اور اشرفیوں کا لالچی قرار دیتے ہوئے زمیندار اخبار کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ:

"ایک دوسرے حقیقت نگار نے اسی حقیقت سے بحث کرتے ہوئے کہ دو برس سے بھی کم میعاد میں کرنیل لارنس نے وہاں بیس ہزار اشرفیاں تقسیم کر دیں۔ یہ کیا تھا کہ اس کا تو تعجب نہیں کہ انہیں وہاں اقتدار حاصل ہوا بلکہ اس کا تعجب ہے کہ اب مطلق اقتدار نہیں رہا۔ اگر بجائے ان کے میں ہوتا تو کبھی عرب میں نظم و نسق نہ کرتا۔ بلکہ میں خود بادشاہ بن بیٹھتا۔ ابنِ سعود کو اس طرح باطمینان اشرفیوں کا توڑا حوالہ کر کے ٹال دیا۔" (زمیندار صفحہ اول ۱۱ فروری ۱۹۲۲ء)

ترکوں کی ناکہ بندی

"پھر بھی انہوں (نجدیوں) نے ہمیں جنگ کے آخری دور میں ترکوں کی ناکہ بندی میں معقول مدد دی۔ جو خیل شمار اور بندرِ قویت کے راستہ اشیائے اسد حاصل کر رہے تھے۔ اور ۱۹۱۸ء میں ابنِ رشید کے ملک پر چڑھ دوڑے۔

اس سال انہوں نے پرسی کاکس کے پاس بغداد میں ایک سفارت بھیج کر یہ ظاہر کیا کہ ہمارے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے۔ یا تو شاہ حسین کو اپنا رویہ بدلنے کے لیے خاص تنبیہ کر دی جائے۔ ورنہ ہم انتقام گیری پر مجبور ہو جائیں گے۔ امیر حسین کو بغداد میں شاہی تخت پر بٹھانا مزید ظلم تھا۔ ابنِ سعود نے صاف کہہ دیا کہ میرے گرد دو بھٹیاں سلگا دی گئی ہیں۔ پھر میں کیسے ہاتھ پاؤں توڑ کر خاموش بیٹھ سکتا ہوں۔ مزید برآں ایک تیسری خطرناک مصیبت یعنی

marfat.com

عبداللہ مادر لتے یرون پر قابض ہے۔ سرپرسی کا کس نے اس احتجاج کے جواب میں اسے 'شاہِ نجد' کے نام سے مخاطب کیا۔ اس خوشامد، تملق اور ساٹھ ہزار پونڈ سالانہ کی رشوت سے جو ماہ بماہ ادا ہوتی رہے گی۔ ابنِ سعود کو خاموش رکھنے کی اُمید کی جاتی ہے۔' (زمیندار صفحہ اوّل بابت ۱۲ فروری ۱۹۲۲ء)

یہ سب کارروائی نقل کرنے کے بعد مولوی بہاؤ الحق قاسمی لکھتے ہیں کہ:

'ابنِ سعود نجدی اور اُس کی حکومت کی اسلام پرستی اور نصاریٰ ملی کشی کا یہ اجمالی نقشہ ہے۔ جسے وہی اخبار شائع کر چکا ہے۔ جو آج نجدیت نوازی کے علمبرداروں میں چوٹی کا 'مجاہد' سمجھا جاتا ہے۔

صاحبو! آپ نے دیکھ لیا کہ نجدی باغی کس طرح مخالفینِ اسلام سے مل کر ترکوں کو صفحہ ہستی سے مٹا دینے کی کوششیں کرتے رہے ہیں۔

دشمن کے دوست دوست کے دشمن ہیں بے سبب
دیکھو وہابیوں کی یہ عادت عجیب ہے

(فتنہ نجدیت کے ڈھول کا پول ص۱)

وہابیوں کی صلیبی لڑائیاں: زمیندار کی شہادت

مولوی بہاؤ الحق قاسمی دیوبندی ہی رقمطراز ہیں کہ:

'معزز روزنامہ 'سیاست'، لاہور کے حوالہ سے 'زمیندار' کی رائے جو اس نے ہڑبونگ سے پہلے ظاہر کی تھی درج کرتا ہوں:

جناب مفتی حمایت اللہ صاحب سیکرٹری انجمن معین الاسلام لاہور نے ۸ جون ۱۹۲۰ء کا زمیندار پڑھ کر سنایا۔ جس

marfat.com

میں وہابیوں کو مفتری لکھا گیا ہے۔ اور وہابی کے لفظ کو بغاوت کذب و بہتان کا مترادف ظاہر کیا گیا تھا۔ اور لکھا تھا کہ ابنِ سعود کے یزدں کا وظیفہ خوار ہے۔ اور اسلام کی نہیں بلکہ صلیب کی لڑائیاں لڑتا ہے۔
(سیاست بابت ۱۹ ستمبر ۱۹۲۵ء)

برطانیہ کا پٹھو ابنِ سعود: مسٹر محمد علی کا فتوے

مشہور لیڈر جناب مسٹر محمد علی صاحب ایڈیٹر 'ہمدرد' کامریڈ نے (جو آج کل ابنِ سعود کے خاص نعت خوانوں میں داخل ہیں) اس تقریر میں جو آپ نے خلافت کانفرنس کراچی میں فرمائی تھی۔ ابنِ سعود کے متعلق فرمایا کہ:

'اگر کسی وقت شریفِ مکہ امیر فیصل برطانیہ کے برخلاف ہو جائیں تو بنظرِ حفظِ ماتقدم ایک دوسرے پٹھو کو بھی تیار کر لیا ہے۔ اور وہ ابنِ سعود ہے۔ جسے ساٹھ ہزار پونڈ (۹ لاکھ روپیہ) سالانہ دیئے جاتے ہیں۔ تاکہ بوقتِ ضرورت اس کو شریف کی جگہ بٹھا دیا جائے۔' (تقاریر مسٹر محمد علی صاحب مطبوعہ غنی المطابع دہلی حصہ دوم ص۶۷)
(فتنہ نجدیت کے ڈھول کا پول ص۱۱، ۱۲)

سردار محمد حسنی بی۔اے کا بیان

سردار محمد حسنی بی۔اے بھی جو کہ سوانح ابنِ سعود کے مؤرخ ہیں۔ عبدالعزیز بن سعود جو کہ وہابیہ نجدیہ کے مجدد ہیں کے متعلق انگریزوں کے وظیفہ خوار ہونے کے متعلق لکھتے ہیں کہ:

'عبدالعزیز ابنِ سعود کو بھی پانچہزار پونڈ ماہوار کا وظیفہ انگریز دل کی طرف سے ملتا تھا۔'

سردار محمد حسن نے اس وظیفہ کے جاری رہنے کی مدت بھی لکھی ہے کہ:

marfat.com

'ابن سعود کا ماہانہ وظیفہ ۱۹۱۷ء سے شروع ہو کر مارچ ۱۹۲۱ء تک جاری رہا۔' (سوانح حیات سلطان ابنِ سعود ص ۱۴۹ مطبوعہ جالندھر)

مولوی ظفر علی خاں

مولوی ظفر علی خاں ایڈیٹر اخبار زمیندار نے بھی ایک رباعی لکھی ہے۔ جس میں ابنِ سعود کا تعارف اس طرح کرایا ہے:

ابنِ سعود کیا ہے؟ فقط اِک حرم فروش
برطانیہ کی زُلفِ گرہ گیر کا اسیر
اسلامیوں پر اس نے برسوائیں گولیاں!
پھر کیوں نہ کشتنی ہو زمیندار کا مُدیر

(نگارستان ص ۲۵۲ از ظفر علی خاں)

قارئین حضرات! سعودی حکومت میں آلِ سعود اور آلِ شیخ دو خاندان مشہور ہیں۔ یہ دونوں باہمی پروگرام طے کرتے ہیں بعد ازاں اُس پر عملدرآمد ہوتا ہے سعودی حکومت نے جو مزاراتِ مقدسہ کو مسمار کیا تھا یہ ان کے مجدد اور بڑے محمد بن عبدالوہاب نجدی کی تعلیم اور طریقہ کے مطابق تھا۔ کیونکہ نجدی نے خود اپنے ہاتھ سے مزاراتِ مقدسہ کو ڈھایا اور مسلمانوں پر ظلم و ستم کیا جو کہ درج کیا جاتا ہے۔

محمد بن عبدالوہاب نجدی کا خود قبروں کو مسمار کرنا

شیخ الوہابیہ محمد بن عبدالوہاب نجدی نے خود بھی قبروں کو مسمار کیا۔ لوگوں کو پیسے کا بھی لالچ دیا۔ چنانچہ وہابیہ کے پروفیسر محمد شریف اشرف خود ہی رقمطراز ہیں کہ،

'شیخ (محمد بن عبدالوہاب نجدی) حریملاء چھوڑ کر جب عینیہ میں داخل ہوا تو امیر عینیہ عثمان بن معمر نے ان کا بہت زیادہ اکرام کیا۔ اور آپ کے ساتھ پورا تعاون اور مدد کا وعدہ دیا۔ اس صلہ اور رابطہ کو اور زیادہ مضبوط کرنے کے لیے امیر عثمان بن معمر نے اپنے بھائی کی بیٹی جوہرہ

marfat.com

بنت عبداللہ بن معمر سے ان کی شادی کر دی۔ شیخ نے پورے زور سے دعوت و تبلیغ کا کام شروع کر دیا۔

شیخ کے ساتھ ستر آدمیوں کی ایک جماعت تھی جس میں امیر عثمان بن معمر بھی تھے۔ اُنہوں نے چند ہی دنوں میں تمام درختوں، قبوں اور قبروں کا صفایا کر دیا۔

حضرت زید بن خطاب رضی اللہ عنہ کا قبہ گرانا

اس کے بعد شیخ نے اِرادہ کیا۔ حضرت زید بن الخطاب (رضی اللہ عنہ) کی قبر کو گرائیں۔ جو کہ جلیلہ میں تھی۔ امیر عثمان بن معمر سے فرمایا کہ ہمیں اس قبہ کے گرانے کی اجازت دو اُنہوں نے کہا کہ آپ کو پوری اجازت ہے۔ شیخ نے فرمایا کہ اہل جلیلہ کا ڈر ہے کہ وہ ہم پر نہ ٹوٹ پڑیں۔ اس لیے میں اکیلا اُس کو نہیں گرا سکتا۔ جب تک کہ آپ ہمارے ساتھ نہ ہوں۔ امیر عثمان نے کہا میں آپ کے ساتھ ہوں۔ چنانچہ وہ چھ سو آدمیوں کو ساتھ لے کر چلے۔ جب اُس کے قریب پہنچے تو اہلِ جلیلہ اُن کو روکنے کے لیے آئے۔ جب امیر عثمان نے ان کو دیکھا کہ وہ روکنا چاہتے ہیں۔ تو اپنے ساتھیوں کو جنگ کرنے کے لیے تیار رہنے کا حکم دے دیا۔ جلیلہ والوں نے جب دیکھا کہ یہاں تو لڑائی کی نوبت آگئی ہے۔ تو وہ انہیں چھوڑ کر چلے گئے۔ جب توڑنے کا وقت آیا تو امیر عثمان نے توڑنے سے انکار کر دیا۔ اور کہا کہ آپ خود توڑیں۔ چنانچہ شیخ نے کدال لے کر اپنے ہاتھ سے اُس کو پیوست کر دیا۔ (مجموعۃ التوحید ص ۳۳ از پروفیسر محمد شریف اشرف لائل پوری) (رمز الجہاد ص ۳۹، ۴۰)

marfat.com

عبدالعزیز بن باز کی کتاب 'محمد بن عبدالوہاب' میں ہے کہ

فَقَالَ الشَّيْخُ لِلْاَمِيْرِ عُثْمَانَ بْنَ مَعْمَرٍ لَا بُدَّ مِنْ هَدْمِ هٰذِهِ الْقُبَّةِ الَّتِي عَلٰى قَبْرِ زَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ اَخُوْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا وَكَانَ مِنْ جُمْلَةِ الشُّهَدَاءِ فِيْ قِتَالِ مُسَيْلَمَةِ الْكَذَّابِ فِيْ عَامِ ۱۲ مِنَ الْهِجْرَةِ النَّبَوِيَّةِ قَدْ بُنِيَ عَلٰى قَبْرِهٖ قُبَّةً فِيْمَا يَذْكُرُوْنَ فَوَافَقَهٗ عُثْمَانُ كَمَا تَقَدَّمَ وَهُدِمَتِ الْقُبَّةُ. هَدَمُوْا مَا فِيْهَا مِنَ الْقِبَابِ الَّتِيْ بُنِيَتْ عَلٰى قَبْرِ خَدِيْجَةَ وَغَيْرِهٖ فَاَزَالُوا الْقِبَابَ كُلَّهَا.

شیخ محمد بن عبدالوہاب نے امیر عثمان بن معمر کو کہا کہ زید بن خطاب کی قبر پر جو قبہ ہے اُس کو گرانا ضروری ہے۔ زید بن خطاب امیر المومنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالےٰ عنہما کے بھائی تھے۔ نیز مسیلمہ کذاب کے ساتھ ۱۲ ہجری میں جنہوں نے جنگ کی تھی اُن میں سے تھے۔ ان کی قبر پر قبہ بنایا گیا تھا۔ جس میں لوگ ذکر کرتے تھے۔ عثمان نے محمد بن عبدالوہاب کا حکم مان لیا اور قبہ کو گرا دیا۔

(محمد بن عبدالوہاب ص ۲۶-۲۷ مطبوعہ سعودیہ)

حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کی قبر پر جو قبے تھے وہ بھی گرا دیئے پس تمام قبوں کو ضائع کر دیا۔

(محمد بن عبدالوہاب ص ۴۲)

پیر مہر علی شاہ گولڑوی علیہ الرحمۃ کی تصدیق

عارفِ ربانی، غوثِ صمدانی حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی علیہ الرحمۃ نجدیوں کے ظلم و ستم اور شعائرِ اسلامی سے توہین آمیز حرکات کی تصدیق فرماتے ہیں کہ:

"ابنِ سعود کا بیٹا عبدالعزیز اس کا جانشین ہوا۔ جو کہ شجاعت

marfat.com

اور ہمت میں اپنے باپ سے بڑھ کر نکلا۔ اور محمد بن عبدالوہاب کا اعتقاد اور قواعد کے مطابق دعوت دینِ وہابیہ بزورِ شمشیر شروع کر دی۔ پس جبکہ عرب کے کسی قبیلہ کو اپنا مطیع بنانا چاہتا تو اوّلاً کسی ایک کو تفہیم کے لیے بھیجتا تاکہ وہ اُس کے اعتقاد کے مطابق تفسیر و تاویل قرآن کو مانے۔ پس اگر وہ اُس کا اعتقاد قبول کر لیتا۔ تو اُس کو امن دے دیتا ورنہ اُس کو بیخ و بنیاد اکھیڑ کر اُس کے تمام اموال و مویشی غارت کر لیتا لیکن بچوں اور عورتوں کا تعرض نہیں کرتا تھا۔ اور مطیع قبیلوں سے ہر قسم کے اموال اور نقود میں سے عشر لیتا۔ چنانچہ رفتہ رفتہ وہابیہ کی طاقت بحرِ احمر اور بحرِ فارس اور حلب اور دمشق و بغداد کے اطراف و اکناف تک پھیل گئی حتےٰ کہ عبدالعزیز بن سعود کے مرنے کے بعد بتاریخ ۸ ر محرم ۱۲۱۸ھ مسعود بن عبدالعزیز ایک لشکرِ کثیر کے ساتھ کعبۃ اللہ پر حملہ آور ہوا۔ اور خاص خانۂ کعبہ میں خونریزی کی۔ جس کی شان بقول قرآن ہے۔ مَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا لیکن اس نے آمن کو غیر امن بنا دیا۔ اور حدودِ حرم میں جنگلی بھیڑیا بھی قدرتی ادب کے لحاظ سے ہرن کا تعاقب بمجرد داخل ہونے کے چھوڑ دیتا ہے۔ اس وہابی بھیڑیے کا پنجہ سے حرم حلّ ہو گیا۔ اور چاروں مصلّے جلا دیئے گئے اور قبے گرا دیئے گئے اور اُن میں بول و براز کر کے تحقیر کی گئی۔ اور اسی محرم کے پہلے ہفتہ میں اُس نے ایک رسالہ ابنِ عبدالوہاب کا اہلِ مکہ کی طرف بطورِ نصیحت و دعوت بھیجا۔ جس کی اصل عبارت کا ایک جملہ نقل کیا جاتا ہے۔ تاکہ اس کے دیکھنے سے مشتے نمونہ از خروارے عبرت کا باعث ہو۔ چنانچہ لکھا: فَمَنِ اعْتَقَدَ اَنَّهٗ اِذَا ذُكِرَ اِسْمُ نَبِيٍّ فَيَطَّلِعُ هُوَ عَلَيْهِ صَارَ مُشْرِكًا وَهٰذَا الْاِعْتِقَادُ شِرْكٌ سَوَاءٌ كَانَ مَعَ نَبِيٍّ اَوْ وَلِيٍّ

marfat.com

اَوْ مَلَكٍ اَوْ جِنِّیٍّ اَوْ صَنَمٍ اَوْ وَثَنٍ وَسَوَاءٌ كَانَ
يَعْتَقِدُ حُصُوْلَهٗ بِذَاتِهٖ اَوْ بِاِعْلَامِ اللّٰهِ تَعَالٰى
بِاَيِّ طَرِيْقٍ كَانَ يَصِيْرُ مُشْرِكًا وَمَنِ اعْتَقَدَ النَّبِیَّ
وَغَيْرَهٗ وَلِيَّهٗ وَشَفِيْعَهٗ فَهُوَ وَاَبُوْجَهْلٍ فِی
الشِّرْكِ سَوَاءٌ اَمَّا السَّابِقُوْنَ فَاللَّاتُ وَالسَّوَاعُ
وَالْعُزّٰی وَاَمَّا اللَّاحِقُوْنَ مُحَمَّدٌ وَعَلِیٌّ وَعَبْدُالْقَادِرِ
وَمَنْ لَمْ يَقُلْ فِیْ حَاجَتِهٖ يَا اَللّٰهُ وَقَالَ يَا مُحَمَّدُ وَاِنِ
اعْتَقَدَ عَبْدًا غَيْرَ مُتَصَرِّفٍ فِی الْكُلِّ صَارَ مُشْرِكًا وَكَفَاكَ
قُدْوَةً فِیْ ذَالِكَ شَيْخُنَا تَقِیُّ الدِّيْنِ اِبْنِ تَيْمِيَّهٗ وَقَدْ
ثَبُتَ اَنَّ السَّفَرَ اِلٰى قَبْرِ مُحَمَّدٍ وَمُشَاهِدِهٖ وَمَسَاجِدِ
وَآثَارِهٖ وَقَبْرِ اَیِّ نَبِیٍّ اَوْ وَلِیٍّ وَسَائِرِ الْاَوْثَانِ
شِرْكٌ اَكْبَرُ یعنی جو کوئی یہ اعتقاد کرے کہ نبی کا نام لینے
سے نبی اُس پر مطلع ہو جاتا ہے۔ تو وہ مُشرک ہو جاتا ہے۔ پھر یہ
اعتقاد خواہ کِسی نبی کے ساتھ ہو یا ولی یا فرشتہ یا جن یا بھوت یا
صنم یا بُت کے ساتھ ہو پھر خواہ یہ اعتقاد کرے کہ اس کا عِلم اس
نبی وغیرہ کو بذاتہ حاصل ہوتا ہے۔ یا اللہ تعالےٰ کے اعلام سے
الغرض جِس طریق سے یہ اعتقاد ہو مشرک ہو جاتا ہے۔ اور جو
کوئی نبی وغیرہ کو اپنا ولی اور شفیع ہونا اعتقاد کرتا ہے تو وہ اور
ابوجہل دونوں شِرک میں برابر ہیں۔ پہلے بُت لات اور سواع اور
عزّیٰ تھے لیکن پچھلے بُت محمّد اور علی اور عبدالقادر ہیں۔ جو شخص
اپنی حاجت کے وقت یا اللہ نہیں کہتا اور یا محمد کہتا ہے۔ اگرچہ
اس کا بندہ عاجز سب باتوں میں اعتقاد کرتا ہے تو بھی مُشرک
ہو جاتا ہے۔

marfat.com

پس مکہ کو غارت کر کے اس نے ۱۲۰۴ھ میں مدینہ منورہ پر چڑھائی اور ایسا تاراج کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرۂ مبارک کو توڑ کر خزائن بے شمار لے گیا۔ کہا جاتا ہے کہ ساٹھ اونٹوں پر لاد کر لے گیا۔ چنانچہ عبداللہ بن سعود بن عبدالعزیز نے جبکہ وہ محمد علی پاشا کے سامنے گرفتار کر کے لایا گیا تو اس کے پاس سے ایک صندوق ملا۔ جس میں سے تین سو لولوئے آبدار کلاں اور کئی دانے زمرد کلاں کے نکلے اور اقرار کیا کہ یہ صندوق حجرہ نبویہ میں سے اس کے والد سعود نے نکالا تھا۔ پس سعود نے فقط اسی غارت پر اکتفا نہ کی۔ بلکہ مولد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ابوبکر صدیق اور علی بن ابی طالب اور خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہم کے قبے بھی گرا دیئے۔ اس خیال سے کہ یہ بھی اصنام ہیں۔ اور روضۂ رسولِ کریم کے گنبد پر چڑھ کر جب گرانے لگا تو عجب قدرت ظاہر ہوئی کہ سارے وہابی سرنگوں گر کر مرے اور اسی اثنار میں آگ کا ایک شعلہ ایسا نکلا جس نے بہتوں کو جلایا۔ اور اسی طرح ایک اژدہا حضرت موسیٰ کے اژدہا کی طرح نکلا۔ جس نے قوم فرعون کی طرح افواجِ وہابیہ کا تعاقب کیا۔ اور اتنے میں بحکم سلطانِ المعظم محمد علی پاشا خدیو مصر مقرر ہوا۔ اور اس کا بیٹا طوسون جس کے ساتھ سید احمد طحطاوی محشی دُرِ مختار بھی مصر آئے تھے۔ بحکم والدِ خود ایک لشکرِ عظیم کے ساتھ مدینہ منورہ کے دروازہ پر وہابیہ کی سرکوبی کے لیے پہنچا۔ اور ملک عرب اس ناپاک فرقہ سے پاک ہو گیا۔ (سیف چشتیائی ص ۱۰۱، ۱۰۲)

علامہ محمد عبدالرحمٰن سلہٹی علیہ الرحمۃ لکھتے ہیں کہ:

"فتنۂ وہابیت کا قلع قمع کرنے کے لیے سلطان محمود خان نے والیٔ مصر محمد علی پاشا کو مقرر کیا۔ وَمِنْ ذَالِكَ الزَّمَانِ

marfat.com

مَزَّقَتْ جَمْعَهُمْ وَشَتَّتْ شَمْلَهُمْ وَتَفَرَّقُوْا فِی الْبِلَادِ۔ وَسُمُّوْا بِاَهْلِ الْحَدِیْثِ وَلَا یَلِیْقُ لَهُمْ مَا لُقِّبُوْا بِهٖ بَلْ هُمْ اَهْلُ الْبِدْعَةِ وَالضَّلَالَةِ۔

اس فتنے کو ختم کرنے کے لیے سلطان محمود خاں نے والیٔ مصر محمد علی پاشا کو مقرر کیا۔ جب اُنہوں نے یہ دیکھا کہ وہابیوں کا شیرازہ بکھر گیا۔ اور مختلف شہروں کو چلے گئے ہیں تو انہوں نے اپنے آپ کو اہلحدیث کہلانا شروع کر دیا۔ حالانکہ یہ لقب ان کو زیبا نہیں۔ کیونکہ یہ اہلحدیث نہیں بلکہ بدعتی اور گمراہ لوگ ہیں؛

(سیف الابرار علے المسلول الفجار ص ۱۲)

مقابر کی بے حُرمتی پر حسرت موہانی کی وہابیوں سے بیزاری

مولانا حسرت موہانی نے لکھنؤ میں مشاورتی کانفرنس کے خطبۂ صدارت میں سرزمینِ حجاز میں نجدی وہابیوں کی بربریت اور ظلم و تشدد کو ان کے مذہبی عقائد کی بناء قرار دیتے ہوئے نجدیوں سے بیزاری کا اظہار ان الفاظ میں کیا ہے :

"حضرات آج کے اجتماع کا مقصد سوائے اس کے اور کچھ نہیں ہے کہ ابنِ سعود اور اہلِ نجد کے ہاتھوں سرزمینِ حجاز میں مقابر و مساجد کی تباہی اور بالقصد بے حرمتی کے جو ناشائستہ حرکات اس وقت تک سرزد ہو چکے ہیں۔ ان کی نسبت ہم اپنی انتہائی بیزاری کا ایک قطعی اور آخری اعلان کر دیں۔ اور چونکہ نجدیوں کی اس وحشت اور بربریت کے محرک ان کے مذہبی عقائد ہیں جن پر وہ اس وقت تک سختی کے ساتھ قائم ہیں۔ اور رہیں گے اور جن کے وثوق پر وہ "تخریب حرم" کو کمال بے باکی سے "تطہیر حرم" کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ اس لیے آئندہ کے لیے

marfat.com

بھی ان سے کسی بہتر طرزِ عمل کی توقع نہ رکھتے ہوئے صاف کہہ دیں کہ مقاماتِ مقدس پر ان کی حکومت یا اقتدار کو ہم کسی حیثیت سے اور کسی حالت میں منظور یا گوارا نہیں کر سکتے۔ مسلمانانِ ہند کی اکثریت کا عقیدہ کیا ہے۔ حامیانِ ابنِ سعود یعنی زاہدانِ خشک و مخالفینِ تصوف میں سے ہر ایک اس بات کا بصورتِ شکوہ سنجی مقر ہے۔ دیگر مسلمانانِ ہند کی اکثریت نجدیوں کے حجازی کارگزاریوں کے خلاف اور اس لیے ابنِ سعود سے یک قلم بیزار ہے۔'

(خطبۂ صدارت سید الاحرار مولانا حسرت موہانی ص۵، ص۸)

مخالفین ابنِ سعود میں سے مولانا عبدالباری صاحب فرماتے ہیں کہ:

'جب نجدی مدینے کو حرم سمجھتے ہیں تو پھر اس پر حیرت ہے کہ انہوں نے مدینے پر حملہ کرنے کی کیوں جرأت کی۔ جبکہ مدینہ والوں نے ان پر کسی قسم کا حملہ نہیں کیا۔ وہ نہ حسین کے طرفدار تھے اور نہ ترکوں کے مقابلے میں وہ کبھی حسین کی طرف سے لڑے۔ ابنِ سعود کو لازم تھا کہ صرف جدے سے لڑتے۔ مدینے پر حملہ کی ضرورت نہ تھی۔' (خطبۂ صدارت سید الاحرار مولانا حسرت موہانی ص۱۳)

نجدیوں کو مکر و فریب کے گُر ان کے ہندوستانی حامیوں نے سکھائے ہیں

حسرت موہانی نے ہندوستانی وہابیوں کو بھی نجدیوں کے مکر و فریب میں اُستاد قرار دیتے ہوئے لکھنؤ میں کہا کہ:

'بعض حضرات کا خیال ہے کہ اگر ابنِ سعود افہام و تفہیم صلح و مصالحت اور رائے عامہ کی قوت سے اپنے تصلب کو چھوڑ دے اور حجاز میں اسلامی مصالح کی حفاظت کا ذمہ

marfat.com

لے۔' (اخبار الجمعیۃ دہلی ۱۰ ستمبر ۲۵ء) تو ہمیں بھی مخالفت سے باز آجانا چاہیئے۔ ہمارے نزدیک اس قسم کے وعدے بوجوہِ ذیل قابلِ اعتبار نہیں ہو سکتے۔

اوّل اس لیے کہ جب تک اہلِ نجد کے عقائد نہ بدلیں جس کی کوئی وجہ یا اُمید نظر نہیں آتی۔ اس وقت تک ان کے ہاتھوں تخریب آثارِ متبرکہ کا خطرہ رفع نہیں ہو سکتا۔ دوم اس لیے کہ اہلِ نجد کے ہندوستانی حامیوں نے ان لوگوں کو مکر و فریب کے ایسے ایسے گُر سمجھا دیئے ہیں۔ جن کے ہوتے ہوئے اُنہیں نقصِ عہد میں ذرا بھی دشواری محسوس نہ ہوگی۔ اور وہ بریت کے الزام سے مندرجہ ذیل باتوں میں سے کوئی نہ کوئی عذر پیش کر کے اپنے تئیں بری الذمہ سمجھ لیا کریں گے۔

(۱) یہ کام ہمارے غیر ذمہ دار اور متشدّد افراد نے کیا ہے۔

(۲) یہ فعل ہم سے عداوتاً سرزد نہیں ہوا۔ بلکہ کشمکشِ جنگ و جدال کا اضطراری نتیجہ ہے۔

(۳) جن آثار کی توہین کا ہم پر الزام ہے۔ ان کی اصلیت ہی مشتبہ ہے۔ پھر ان کی توہین کیسی۔

(۴) فقہاء و اہلِ ظاہر کی رائے میں مزاروں اور قبتوں کا بنانا ناجائز ہے۔ اس لیے ہمارا فعل تائید و توصیف کا مستحق ہے۔ نہ کہ زجر و توبیخ کا۔

(۵) یہ فعل ہم نے نہیں کیا بلکہ حامیانِ شریف نے محض ہمیں بدنام کرنے کے لیے خود کیا ہے۔ اور بعد میں ہمارا نام لگا دیا۔'

(خطبہ صدارت سید الاحرار مولانا حسرت موہانی ص۹)

دیوبندی مولوی سہاؤ الحق قاسمی عبد العزیز بن سعود کے متعلق رقمطراز ہیں:

marfat.com

'عبدالعزیز ابنِ سعود موجودہ امیر نجد نے مکہ معظمہ پر قابض ہونے کے بعد مخصوص عقائد کے پروپیگنڈا کے سلسلہ میں کتاب 'مجموعۃ التوحید' کو شائع کر کے گذشتہ حج کے موقع پر مفت تقسیم کیا۔ اس مجموعہ میں مختلف رسائل ہیں۔ جن کے نام بھی مختلف ہیں۔ مگر صفحات کا نمبر مسلسل ہے۔ یہ کل مجموعہ ۹۰۴ صفحات پر مشتمل ہے۔

ایک اور مستقل رسالہ 'الھدایۃ السنیہ'[1] کے نام سے ابنِ سعود کے حکم سے شائع ہوا ہے۔ وہ بھی میں نے سرسری طور پر دیکھا ہے۔ اس میں بھی خرافات کا ایک ذخیرہ موجود ہے۔ لیکن بخوف تطویل نمونہ کے طور پر صرف مجموعہ مذکورہ کی چند عبارتیں[2] معہ ترجمہ ذیل میں نقل کرتا ہوں:

۱۔ نبیٔ کریم سے توسل ناجائز

۲۔ استالک یا نبائک کہنا بھی مکروہ۔

۳۔ نبیٔ کریم سے طلبِ شفاعت حرام۔

۴۔ امامِ رازی و دیگر اُمتِ کی تکفیر۔

۵۔ مصنف قصیدہ بردہ شریف پر کفر کا فتوٰے۔

ناظرین! دیکھئے امام فخرالدین رازی رحمۃ اللہ علیہ ایسے ستونِ اسلام اور دوسرے بزرگوں کو کس طرح صاف الفاظ میں توحید سے جاہل

---

[1] اس کتاب کا اُردو ترجمہ پاکستان کے غزنوی خاندان کے اسماعیل غزنوی سے حکومتِ نجد نے کرا کر جس کا نام تحفہ وہابیہ ہے مفت تقسیم کیا۔

[2] فقیر صرف قاسمی صاحب نے جو سرخیاں نجدی عقائد کی لکھی ہیں وہ درج کر رہا ہے۔ (فقیر قادری)

marfat.com

قرار دے کر نجدیوں نے اپنی خباثت کا ثبوت دیا ہے۔ اور کس طرح قصیدہ بردہ شریف کو شرک کہہ کر اس کے بزرگ مصنف اور اس کے پڑھنے والوں کو جن میں ہزاروں علماء و صلحاء بھی داخل ہیں۔ مشرک بنا کر کفر پروری کا مظاہرہ کیا گیا ہے۔

چوں خدا خواہد کہ پردہ کس درد
میلش اندر طعنۂ پاکاں برد

اِن عبارات کو پڑھ کر شیخ الاسلام علامہ زینی دحلان محدث شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے اس قول کی پوری تصدیق ہو جاتی ہے کہ نجدی چھٹی صدی کے بعد تمام مسلمانوں کی تکفیر کرتے ہیں۔

کانوں سے سُنا کرتے تھے جادو بھی ہے اک شئے
آنکھوں سے تیری نرگس فتاں نے دکھا دیا

(فتنۂ نجدیت کے ڈھول کا پول ص۱۲ تا ۱۶ مطبوعہ امرتسر)

مولوی بہاؤ الحق قاسمی تمام مسلمانوں کو نجدیوں کی اسلام دوستی کے متعلق غور و خوض کی دعوت دیتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ:

"اہلِ اسلام خود اندازہ لگالیں کہ ایسی خطرناک جماعت کا مرکز اسلام کے تسلط مقاصد اسلامیہ کے لیے کس حد تک مفید ہو سکتا ہے۔ (فتنۂ نجدیت کے ڈھول کا پول ص۱۸)

چنانچہ نجدیوں کو اسلام سے قطعاً کوئی تعلق نہ ہونے کی ایک واضح دلیل یہ ہے کہ وہابیوں نے عبدالعزیز کے قاتل کو زندہ جلا دیا۔ حالانکہ پیارے مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم نے دشمن کو زندہ جلانے سے منع بھی فرمایا ہے۔

مورخ حسن بی۔ اے نے قاتل کو زندہ جلانے کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا ہے۔

marfat.com

عبدالعزیز بن سعود کا قتل اور نجدیوں کا قاتل کو زندہ جلانا

۴ نومبر ۱۸۰۳ء کا واقعہ ہے کہ عبدالعزیز ظہر کی نماز میں امامت کر رہا تھا۔ کہ مقتدیوں میں سے ایک شخص آگے بڑھا۔ اور عبدالعزیز کے سینے میں خنجر گھونپ دیا۔ یہ شخص شیعہ تھا۔ دو برس پیشتر اس کے اہل و عیال کربلائے معلیٰ میں تہہ تیغ کیئے گئے تھے۔ یہ شخص انتقام کی غرض سے درعیہ آیا۔ اور دو برس تک وہابی بنا مناسب موقع کی تاک میں لگا رہا۔ موقعہ غنیمت جان کر وار کر دیا عبدالعزیز صدمہ سے جانبر نہ ہو سکا۔ وہابیوں نے قاتل کو زندہ جلا دیا۔ لیکن وہ انتقام لے چکا تھا۔ اور ظلم و فساد کے بانی کو موت کی گہری نیند سُلا چکا تھا۔ اِس واقعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس وقت مسلمانانِ عالم وہابیوں کو حرکات کو کس نگاہ سے دیکھتے تھے۔

(سوانح حیات سُلطان ابن سعود ص ۴۸، ۴۹)

دُشمن کو آگ میں زندہ جلانے کی ممانعت پیارے مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے حدیثِ صحیح میں درج ہے۔

دُشمن کو آگ میں جلانے کی ممانعت

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہُ سے مروی ہے کہ امام الانبیاء علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

اِنِّیْ کُنْتُ اَمَرْتُکُمْ اَنْ تُحَرِّقُوْا فُلَانًا وَّ فُلَانًا بِالنَّارِ وَاِنَّ النَّارَ لَا یُعَذِّبُ بِھَا اِلَّا اللّٰہُ فَاِنْ اَخَذْتُمُوْھُمَا فَاقْتُلُوْھُمَا۔

میں نے تم کو فلاں اور فلاں کو جلانے کا حکم دیا تھا۔ (اب ایسا نہ کرنا کیونکہ) آگ کے ساتھ صرف اللہ تعالیٰ عذاب دیتا ہے۔ اگر ان دونوں کو پکڑ لو تو قتل کر دینا۔

(صحیح بخاری شریف ص ۴۱۵ ج ۱ مطبوعہ قصور ص ۱۰۱ ج ۱ مطبوعہ مصر)

سُلطان ابن سعود کو علامہ اقبال علیہ الرحمۃ کا خطاب

شاعرِ مشرق، عاشقِ رسول علامہ اقبال علیہ الرحمۃ

marfat.com

ارمغانِ حجاز میں عبدالعزیز ابنِ سعود سے یُوں خطاب فرماتے ہیں۔

تو ہم آں مے بگیر از ساغرِ دوست — کہ باشی تا ابد اندر بَرِ دوست
سجودے نیست اے عبدالعزیز ایں — برویم از مژہ خاکِ درِ دوست

اس تشریح میں پروفیسر یوسف سلیم چشتی یوں رقمطراز ہیں۔

بنیادی تصور:۔ چونکہ نجدی وہابی سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت نہیں کرتے اس لیے اقبالؒ نے سچے عاشقِ رسول کی حیثیت سے سلطان ابنِ سعود نجدی کو عشقِ رسول کا پیغام دیا ہے۔ اور نجدیوں کے اس اعتراض کا کہ اہلِ سنت حضور کے روضۂ مبارکہ کو سجدہ کرتے ہیں۔ جواب دیا ہے کہ اے عبدالعزیز جسے تو اپنی کم فہمی کی بناء پر سجدہ سے تعبیر کرتا ہے۔ یہ سجدہ تو نہیں ہے۔ میں تو اپنے محبوب کے دروازے پر پلکوں سے جھاڑو دے رہا ہوں۔ (شرح ارمغانِ حجاز ص۱۵۱)

اسلام کی حقیقت آگاہی سے متعلق ابنِ سعود علامہ اقبال کے سامنے فقیر ہے

شاعرِ مشرق علامہ اقبال نے ابنِ سعود کی توحید پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا ہے۔

تو سلطانِ حجازی من فقیرم — ولے در کشورِ معنی امیرم
جہانے کو ز تخمِ لا الٰہ است — بیا بنگر بآغوشِ ضمیرم

پروفیسر یوسف سلیم اس کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

"اے ابنِ سعود تو نجد و حجاز کا حکمران ہے اور میں تیرے سامنے اگرچہ فقیر ہوں لیکن جہاں تک اسلام کی حقیقت سے آگاہی کا سوال ہے۔ تو میرے سامنے فقیر ہے۔ اور میں امیر ہوں۔ وہ جہاں جو توحید الٰہی کے عقیدہ اور اس کے افتقار سے پیدا ہوتا ہے میرے دل میں بخوبی جلوہ گر ہے۔" (شرحِ ارمغانِ حجاز ص)

دیوبندیوں کے مولوی بہاؤ الحق قاسمی نے اپنے رسالہ فتنہ نجدیت کے ڈھول کا پول میں۔

marfat.com

کُفری ٹکسال کے نئے نئے سِکّے

وہابیوں کے بنائے ہوئے کافروں کی مختصر فہرست

کی سُرخی دے کر لکھا ہے کہ:

"نجدی طائفہ مسلمانوں کو کافر بنانے کا جس قدر شوق رکھتا ہے وہ تمام کافر گروں کی جذباتِ تکفیر سے بڑھ چڑھ کر ہے۔ ان کے مخترعہ عقائد کی کسوٹی پر نہ صرف بریلوی، نہ صرف دیوبندی نہ صرف فرنگی محلی بلکہ ہمارے ہاں کے غیر مقلدین۔ کارکنانِ خلافت حامیانِ نجدیہ بھی مسلمان ثابت نہیں ہو سکتے۔ بلکہ میں عرض کرتا ہوں کہ خود نجدی طائفہ بھی اپنے عقائد کی بناء پر کافر ہوا جاتا ہے میں ان کے ایسے عقائد کی نہایت مختصر فہرست ہدیۂ ناظرین کرتا ہوں۔

(۱) کافروں سے مدارت کرنے والا کافر (۲) کافروں کے کہنے پر عمل کرنے والا کافر۔ (۳) کافروں کو امرار اسلام کے پاس لے جانے والا اور ان کو ہم مجلس بنانے والا کافر (۴) کافروں سے کسی امر میں مشورہ کرنے والا کافر (۵) مسلمانوں کے امور میں سے کسی ایک مثلاً مسئلہ امارت (و خلافت) وغیرہ میں کافروں سے کام لینے والا کافر۔ (۶) کافروں کے پاس بیٹھنے والا اور ان کے ہاں جانے والا کافر (۷) کافروں سے خوش مزاجی کے ساتھ پیش آنے والا کافر (۸) کافروں کا اکرام کرنے والا کافر۔ (۹) کافروں سے امن طلب کرنے والا کافر۔ (۱۰) کافروں

marfat.com

کی خیر خواہی کرنے والا کافر (۱۱) کافروں سے مصاحبت ومعاشرت رکھنے والا کافر (۱۲) کافروں کو سردار کہنے والا کافر۔ (۱۳) علمِ طب جاننے والے کو حکیم، کہنے والا کافر (۱۴) کافروں کے ملک میں ان کے ساتھ رہنے والا کافر۔

یہ مختصر فہرست ہے۔ ان لوگوں کی جو نجدیوں کے نزدیک کافر ہیں۔ یہ فہرست کتاب مذکور (مجموعۃ التوحید) کے صفحہ ۸۶، ۸۷ سے نقل کی گئی ہے۔ بنظرِ اختصار اصل عربی عبارتیں نہیں لکھی گئیں۔ اصل کتاب دیکھ کر ہر شخص تشفی کر سکتا ہے۔

میں ان کے مذکورہ مسائل پر تبصرہ کرنے کی ضرورت نہیں سمجھتا خدا نے جس شخص کو تھوڑی سی عقل بھی عطا فرمائی ہے۔ وہ نتیجہ نکال سکتا ہے۔ کہ نجدی خیالات و مذہب پر قائم رہ کر ہم مسلمانوں کو کسی طرح بھی مسلمان نہیں سمجھ سکتے اور واقعات اس کی تائید کرتے ہیں کہ وہ تمام مسلمانوں کو کافر و مشرک جانتے ہیں۔ چنانچہ طائف شریف میں ان لوگوں نے سینکڑوں بے گناہ مسلمانوں کو کافر و مشرک سمجھ کر شہید کیا۔ جیسا کہ علمائے دیوبند بھی اس کی تصدیق فرما چکے ہیں۔

ہاتھی کے دانت

میں حیران ہوں کہ ایک طرف تو نجدیوں کا اس قدر تشدد کہ کافروں سے ہر قسم کا مشورہ کرنا۔ ان سے خوش مزاجی کے ساتھ پیش آنا بھی کفر اور دوسری جانب ان کا یہ طرزِ عمل کہ انگریزوں سے رشوت لے کر ترکوں پر حملے کیئے۔ ان کی ناکہ بندی کی۔ خلیفۂ اسلام سے بغاوت

marfat.com

وغداری کرتے رہے۔ برطانیہ کے دوست بنے رہے۔ اور حال ہی میں خبر آئی کہ جو 'زمیندار' وغیرہ میں بھی شائع ہو چکی ہے۔ کہ جدّہ میں عنقریب ایک کانفرنس منعقد ہونے والا ہے۔ جس میں نمائندگانِ حجاز و نجد و برطانیہ جمع ہوں گے۔ میں پوچھتا ہوں کہ جب ہر امر میں کافروں سے مشورہ طلب کرنا کفر ہے تو مسئلہ حجاز ایسے مذہبی معاملہ میں برطانیہ کی شرکت کو منظور کر لینا کہاں کا اِسلام ہے؟

اے قاسمی وہ دھوم تھی نجدی کے زُہد کی!
میں کیا کہوں کہ رات مجھے کس کے گھر ملے

(فتنۂ نجدیت کے ڈھول کا پول ص ۱۴، ۱۵)

طائفہ نجدیہ جہنّمی ہے!

دیوبندیوں کے بہاؤالحق قاسمی صاحب نے اپنے پمفلٹ 'فتنۂ نجدیت کے ڈھول کا پول' میں 'ایک غور طلب نکتہ' کے ہیڈنگ دے کر نجدیوں کے کفری ٹکسال جدید مذہب کی رُو سے طائفہ نجدیہ کو بھی کافر اور جہنمی قرار دیا ہے۔ اصل مضمون پیش خدمت ہے۔

'نجدی مفتی صاف کہتا ہے کہ اگر کوئی شخص اسلام میں داخل ہو کر اِسلام سے محبت کرتا ہو۔ اور اُس کا یہ بھی اعتقاد ہو کہ قبے نہ نفع پہنچا سکتے ہیں۔ اور نہ نقصان لیکن وہ ان کو نہیں گراتا۔ تو فقط اس جُرم کے باعث قطعاً و یقیناً کافر ہے۔ اس کے ساتھ اس حقیقت کو پیشِ نظر رکھا جائے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مزارِ اقدس پر جو گنبدِ خضراء ہے۔ وہ بھی دوسرے بزرگوں کے مزارت کے قبوں کی طرح ایک قبہ ہے۔ اب دو صورتیں

marfat.com

ہیں۔ یا تو (خاکِ بدہنِ اعداء) اس کو گرا دیا جائے گا۔ اس صورت میں ابنِ سعود کے دعووں کی مٹی پلید ہو جائے گی۔ اور یا وہ اس کو نہیں گرائے گا۔ لیکن اس صورت میں طائفہ نجدیہ اپنے قول کے مطابق قطعاً کافر اور یقیناً جہنمی ہو گا ؎

دو گونہ رنج و عذاب است جانِ مجنوں را
بلائے صحبتِ لیلا و فرقتِ لیلےٰ!

ناظرینِ کرام! وہابیہ نجدیہ کے ظلم و ستم کی داستان آپ نے مستند کتب کے حوالہ جات سے آپ نے پڑھ لی ہے۔ ایسا ظالم اور خونخوار فرقہ اور گروہ جو عشاقِ رسول کا قتلِ عام بھی کرے اور ساتھ ساتھ اپنے آپ کو موحد، مسلمان بلکہ اسلام کا ٹھیکیدار بھی کہلائے مقامِ حیرت نہیں تو اور کیا ہے۔ اگر وہ ایسی مکاری سے کام نہ کریں تو سادہ لوح مسلمان ان کے دامِ فریب میں کیسے پھنسیں۔ مسلمانوں کے قاتل کے متعلق فرمانِ باری تعالیٰ ہے۔

مَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا (پ۵ ع ۱۰)

جو کوئی مسلمان کو جان بوجھ کر قتل کرے تو اس کا بدلہ جہنم ہے کہ مدتوں اس میں رہے اور اللہ نے اس پر غضب کیا۔ اور اس پر لعنت کی اور اس کے لیے تیار رکھا بڑا عذاب۔

اس حکمِ ربی کے مطابق امام الوہابیہ محمد بن عبدالوہاب نجدی اور اس کے متبعین اور اس کو مجدد اور بزرگ سمجھنے والے جہنمی، لعنتی ہونے کے ساتھ ساتھ غضبِ الٰہی اور دردناک عذاب کے مستحق ہیں۔

امام الانبیاء علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام نے کئی سو سال پہلے ہی ان لوگوں کے ظلم و ستم، عادات و اطوار اور بدعقیدگی کے متعلق خبریں دی ہیں۔ جو کہ درج کی جاتی ہیں۔

marfat.com

محمّد بن عبدالوہاب نجدی اور اُس کے متبعین

(احادیثِ شریفہ کی روشنی میں)

شیخ الاسلام مفتیٔ حرم شریف علامہ سیّد احمد بن زینی دحلان مکی اور علامہ جمیل آفندی صدقی زہاوی علیہما الرحمۃ نے اپنی تصانیف میں تحریر فرمایا ہے کہ

قَدْ اَخْبَرَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ ھٰؤُلَآءِ الْخَوَارِجِ فِیْ اَحَادِیْثَ کَثِیْرَۃٍ فَکَانَتْ مِنْ اَعْلَامِ نُبُوَّتِہٖ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ لِاَنَّ فِیْھَا اَخْبَارَ الْغَیْبِ وَمِنَ الْاَحَادِیْثِ قَوْلُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ یَخْرُجُ فِیْ آخِرِ الزَّمَانِ فِیْ بَلَدِ مُسَیْلَمَۃَ رَجُلٌ یُغَیِّرُ دِیْنَ الْاِسْلَامِ۔

بے شک نبی غیب دان حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے احادیثِ کثیرہ میں ان خوارج کی خبر دے دی ہے۔ یہ علاماتِ نبوت میں سے ہے کہ اُنہیں غیب کی خبریں معلوم ہیں۔ احادیثِ شریفہ میں امام الانبیاء محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا یہ بھی فرمان ہے۔ آخر زمانہ میں مسیلمہ کذاب کے شہر میں ایک شخص ظاہر ہوگا جو دینِ اسلام کو متغیر کر دے گا۔

علامہ آفندی علیہ الرحمۃ نے یہ بھی فرمان درج کیا ہے کہ:

سَیَظْھَرُ مِنْ نَجْدٍ شَیْطَانٌ[1] نجد سے ایک شیطان ظاہر ہوگا۔

---

[1] علامہ دحلان مکی علیہ الرحمۃ نے تحریر فرمایا ہے کہ یہ تمام احادیثِ شریفہ صحیح ہیں جن میں بعض تو صحیح بخاری و صحیح مسلم میں ہیں اور بعض دیگر کُتب احادیث میں ہیں۔ (الدرر السنیہ ص ۴۹)

marfat.com

تَتَزَلْزَلُ جَزِيْرَةُ الْعَرَبِ مِنْ فِتْنَةٍ۔ (الدرر السنیہ ص۴۹۔ الفجر الصادق ص۲۱)

جس کے فتنے سے جزیرہ عرب میں زلزلہ برپا ہوگا۔

علامہ دحلان مکی علیہ الرحمۃ نے لکھا ہے کہ ایک روایت مشکوٰۃ شریف میں ہے کہ:

سَيَكُوْنُ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ يُحَدِّثُوْنَكُمْ بِمَا لَمْ تَسْمَعُوْا اَنْتُمْ وَلَا آبَاؤُكُمْ فَاِيَّاكُمْ وَاِيَّاهُمْ لَا يُضِلُّوْنَكُمْ وَلَا يَفْتِنُوْنَكُمْ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْ بَنِيْ تَمِيْمٍ اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرَاتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِمْ اَيْضًا لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ قَالَ السَّيِّدُ عَلَوِيُّ الْحَدَّادُ الْمَذْكُوْرُ آنِفًا اِنَّ الَّذِيْ وَرَدَ فِيْ بَنِيْ حَنِيْفَةَ وَفِيْ ذَمِّ بَنِيْ تَمِيْمٍ وَوَائِلٍ شَيْءٌ كَثِيْرٌ وَيَكْفِيْكَ اَنَّ اَغْلَبَ الْخَوَارِجِ وَاَكْثَرَهُمْ وَاَنَّ الطَّاغِيَةَ ابْنَ عَبْدِ الْوَهَّابِ مِنْهُمْ۔

آخر زمانہ میں ایسے لوگ ہوں گے جو تم کو ایسی باتیں سنائیں گے جو نہ تم نے سنی ہیں۔ اور نہ تمہارے باپوں نے سنی ہیں۔ پس تم اپنے آپ کو ان سے اور ان کو اپنے آپ سے بچاتے رہو۔ کہ وہ تم کو گمراہی اور فتنہ میں نہ ڈال دیں اور بنو تمیم کے متعلق اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے بے شک وہ جو تمہیں حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں۔ ان میں اکثر بے عقل ہیں اور اللہ تعالےٰ نے ان کے متعلق یہ بھی نازل فرمایا ہے اپنی آوازیں اونچی نہ کرو اس غیب بتانے والے (نبی) کی آواز سے۔ سید علوی مذکور فرماتے ہیں کہ بنی حنیفہ اور بنی تمیم اور وائل کی مذمت میں تمہارے لیے یہی بات کافی ہے کہ اکثر خوارج انہیں میں سے ہیں۔ اور سرکش ابن عبدالوہاب انہیں میں سے ہے۔ (الدرر السنیہ ص۵۲ مطبوعہ استنبول)

---

[1] صحیح مسلم شریف [2] سورۃ حجرات پ۲۶

marfat.com

علامہ سید غلام مصطفےٰ شاہ صاحب علیہ الرحمۃ

اہلِ سنت وجماعت کی مشہور و معروف شخصیت علامہ سید غلام مصطفےٰ شاہ صاحب علیہ الرحمۃ نے اپنی تصنیفِ لطیف "تحفۃ الناظرین"[1] میں تحریر فرمایا ہے کہ:

صحیح بخاری میں لکھا ہے کہ آخر زمانہ میں ایسے لوگ پیدا ہوں گے کہ وہ تم کو ایسے مسائل سناویں گے کہ نہ تم نے سنیں ہوں گے۔ نہ تمہارے باپ دادوں نے۔ پس مصداق اس کے اب غیر مقلد نجدیہ ہیں جو عقیدہ اہلِ سُنت وجماعت سے بے خبر ہیں۔ اور تمام عقائد خوارج وظاہریہ بیان کرتے ہیں اور ایسے مسائل غلط اور بے اصل کہتے ہیں۔ جن کا کچھ ثبوت نہیں ہے۔ یہ قرن شیطان فقہ کو بدعت ضلالت کہتے ہیں۔ (تحفۃ الناظرین ص۲۱ مطبوعہ دہلی)

شیخ الاسلام مفتی حرم شریف علامہ دحلان مکی علیہ الرحمۃ نے جو احادیث شریفہ درج فرمائی ہیں۔ ان میں سے چند یہاں بھی درج کی جاتی ہیں۔

سرورِ عالم نورِ مجسم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

الفتنۃ مِنْ ھٰھُنَا الفتنۃ مِنْ ھٰھُنَا وَاَشَارَ اِلَی المشرق و قَوْلُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَیَکُوْنُ فِیْ اُمَّتِیْ اختلاف وَفِرْقَۃ قوم یحسنون الْقِیْلَ وَیُسِیْئُوْنَ الْفِعْلَ یَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ لَا یُجَاوِزُ،	فتنہ ادھر سے نکلے گا۔ فتنہ ادھر سے نکلے گا اور مشرق کی طرف اشارہ فرمایا۔ اور یہ ارشاد مبارک کہ مشرق کی جانب سے کچھ لوگ نکلیں گے جو قرآن پڑھیں گے مگر وہ ان کے گلوں سے تجاوز نہ کرے گا۔ وہ دین سے اس طرح نکل جائیں

---

[1] تحفۃ الناظرین ۱۸۶۵ء یعنی آج سے ایک سو بارہ سال پیشتر کی شائع شدہ ہے۔ (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

اِیْمَانُھُمْ تَرَاقِیَھُمْ مِنَ الدِّیْنِ مُرُوقَ السَّھْمِ مِنَ الرَّمِیَۃِ لَا یَرْجِعُوْنَ حَتّٰی یَعُوْدَ السَّھْمُ اِلٰی فُوْقِہٖ ھُمْ شَرُّ الْخَلْقِ وَالْخَلِیْقَۃِ طُوْبٰی لِمَنْ قَتَلَھُمْ اَوْ قَتَلُوْہُ یَدْعُوْنَ اِلٰی کِتَابِ اللّٰہِ وَلَیْسُوْا مِنْہُ فِیْ شَیْءٍ مَنْ قَتَلَھُمْ کَانَ اَوْلٰی بِاللّٰہِ مِنْھُمْ سِیْمَاھُمُ التَّحْلِیْقُ۔

گے جس طرح کمان سے تیر۔ دین کی طرف نہ لوٹیں گے۔ جب تک تیر چلہ کی طرف لوٹ آئے۔ وہ تمام مخلوق سے بُرے ہیں جو شخص ان کو قتل کرے یا وہ اسے قتل کریں اسے مژدہ اور بشارت ہو وہ کتاب اللہ کی طرف بلائیں گے۔ مگر قرآنِ پاک سے ان کو کچھ تعلق نہ ہو گا۔ جو ان کو قتل کرے وہ اللہ تعالےٰ کا مقرب ہو گا۔ ان کی علامات سے سر منڈوانا ایک علامت ہے۔ (الدرر السنیہ ص۴۹)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ امام الانبیاء محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا۔

یَخْرُجُ قَوْمٌ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ یَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ لَا یُجَاوِزُ تَرَاقِیَھُمْ یَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّیْنِ کَمَا یَمْرُقُ السَّھْمُ مِنَ الرَّمِیَۃِ ثُمَّ لَا یَعُوْدُوْنَ فِیْہِ حَتّٰی یَعُوْدَ السَّھْمُ اِلٰی فُوْقِہٖ سِیْمَاھُمُ التَّحْلِیْقُ۔

(کنز العمال شریف ص۳۴ ج ۶)

مشرق کی طرف سے ایک قوم نکلے گی وہ قرآن پڑھیں گے مگر قرآن ان کے حلق سے نیچے نہ اُترے گا۔ وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے پھر وہ دین میں نہ آسکیں گے یہاں تک کہ تیر واپس آسکے گا۔ سر منڈا ہونا ان کی خاص علامت ہو گی

شیخ الاسلام علامہ احمد بن زینی دحلان مکی علیہ الرحمۃ نے لکھا ہے کہ نبیٔ غیب دان صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا۔

یَخْرُجُ نَاسٌ مِنَ الْمَشْرِقِ یَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ لَا یُجَاوِزُ تَرَاقِیَھُمْ کُلَّمَا قَطَعَ قَرْنٌ نَشَأَ قَرْنٌ

مشرق سے کچھ لوگ نکلیں گے۔ جو قرآن پڑھیں گے مگر وہ ان کے حلقوں سے نیچے نہیں اُترے گا۔ جب ایک

marfat.com

حَتّٰی یَکُوْنَ آخِرُھُمْ مَعَ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ وَقَوْلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سِیْمَاھُمُ التَّحْلِیْقُ۔

قرن (سنگ) ختم ہو جائے گا تو دوسرا قرن آجائے گا۔ یہاں تک کہ ان میں سے آخر مسیح دجال کے ساتھ ہو گا۔

حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد میں ان کی علامت سر منڈوانا ہے۔

علامہ احمد بن زینی علیہ الرحمۃ یہ روایت نقل فرمانے کے بعد لکھتے ہیں کہ:

تَنْصِیْصٌ عَلٰی ھٰؤُلَآءِ الْقَوْمِ الْخَارِجِیْنَ مِنَ الْمَشْرِقِ التَّابِعِیْنَ لِاِبْنِ عَبْدِ الْوَھَّابِ فِیْمَا ابْتَدَعَہٗ لِاَنَّھُمْ کَانُوْا یَأْمُرُوْنَ مَنْ اَتْبَعَھُمْ اَنْ یُّحَلِّقَ رَأْسَہٗ وَلَا یَتْرُکُوْنَہٗ یُفَارِقُ مَجْلِسَھُمْ اِذَا تَبِعَھُمْ حَتّٰی یُحَلِّقُوْا رَأْسَہٗ وَلَمْ یَقَعْ مِثْلُ ذَالِكَ قَطُّ مِنْ اَحَدٍ مِنَ الْفِرَقِ الضَّالَّۃِ الَّتِیْ مَضَتْ قَبْلَھُمْ فَالْحَدِیْثُ صَرِیْحٌ فِیْھِمْ۔

یہ خوارج میں سے ابن عبدالوہاب نجدی کے پیروکاروں کی تصریح ہے جو مشرق سے نکلے اور اپنے متبع کو سر منڈانے کا حکم دیتے تھے۔ جب تک سر نہ منڈا لیتا جگہ سے ہٹنے نہ دیتے۔ اور ایسا کوئی گمراہ فرقہ ان سے پہلے نہیں ہوا۔ پس یہ حدیث شریف ان ہی کے متعلق ہے۔

(الدرر السنیہ ص ۴۹)

مرد تو مرد رہے محمد بن عبدالوہاب نجدی تو عورتوں کو بھی سر منڈوانے کا حکم دیتا ہے۔

عورتوں کو سر منڈوانے کا حکم

چنانچہ علامہ دحلان مکی اور علامہ جمیل آفندی علیہما الرحمۃ نے لکھا ہے کہ:

"محمد بن عبدالوہاب ان عورتوں کو بھی جو اس کی پیروکار تھیں سر منڈوانے کا حکم دیتا تھا۔ ایک مرتبہ ایک عورت اس کے دین میں مجبوراً داخل ہوئی تو اس نے اس کو سر مونڈنے کا حکم دیا۔ تو اس

marfat.com

عورت نے اس کو جواب دیا کہ تو مردوں کے سر مونڈنے کا حکم دیتا ہے۔ اگر ڈاڑھی مونڈھنے کا حکم دیتا تو عورتوں کے سر مونڈنے کا حکم ٹھیک تھا۔ کیونکہ عورت کے سر کے بال مردوں کی ڈاڑھی کی طرح ہیں۔ اس وقت وہ خارجی محمد بن عبدالوہاب نجدی مبہوت ہو گیا۔ اور اُسے کچھ جواب نہ دے سکا۔[1]

(الدرر السنیہ ص۴۹، ۵ الفجر الصادق ص۲۱)

فطرۃً شرارتی ہوں گے

رسولِ معظم نورِ مجسم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ان سر منڈوانے والوں کی ایک فطرت بھی ارشاد فرمائی ہے وہ ان کا شرارتی ہونا ہے۔

حضرت سیدنا ابو ذر غفاری رضی اللہ تعالےٰ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ نبیِ مختار صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اِنَّ نَاسًا مِنْ اُمَّتِیْ سِیْمَاھُمُ التَّحْلِیْقُ یَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ لَا یُجَاوِزُ حَلَاقِیْمَھُمْ یَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّیْنِ کَمَا یَخْرُجُ السَّھْمُ مِنَ الرَّمِیَّۃِ ثُمَّ لَا یَعُوْدُوْنَ اِلَیْہِ ھُمْ شَرُّ الْخَلْقِ وَالْخَلِیْقَۃِ۔

میری اُمت سے بعض لوگ ہوں گے جن کی نشانی ہے کہ سر منڈھے ہوں گے۔ قرآن مجید پڑھیں گے مگر اس کا اثر حلق سے نیچے نہیں اُترے گا دین سے وہ نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے۔ پھر وہ دین کی طرف نہ لوٹ سکیں گے۔ وہ لوگ تمام مخلوق سے زیادہ شرارتی ہوں گے اور وہ فطرۃً شرارتی ہوں گے۔ (کنز العمال شریف ص۳۳ ج ۶)

نجد کے لیے دُعا نہ فرمانا: پیارے مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اللہ

---

[1] اسی کتاب کے صفحہ پر آپ نے وہابیوں کا فسادی شرارتی اور انتشار پسند ہونا پڑھ لیا ہے۔ اس حدیث شریف کی ان واقعات سے تصدیق ہوتی ہے کہ واقعی وہ یہی ہیں۔

marfat.com

تعالےٰ کی بارگاہ میں دُعا کی ؛

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ شَامِنَا
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ یَمَنِنَا قَالُوْا
یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَفِیْ نَجْدِنَا قَالَ
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ شَامِنَا اَللّٰھُمَّ
بَارِكْ فِیْ یَمَنِنَا وَقَالَ فِی الثَّالِثَۃِ
ھُنَاكَ الزَّلَازِلُ وَالْفِتَنُ وَبِھَا
یَطْلُعُ قَرْنُ الشَّیْطَانِ ۔

اے اللہ ہمارے شام میں برکت دے
اے اللہ ہمارے یمن میں برکت
دے صحابۂ کرام علیہم الرضوان نے
عرض کیا یارسول اللہ اور نجد میں۔ نبیؐ
پاک نے فرمایا اے اللہ ہمارے شام
میں برکت دے۔ اے اللہ ہمارے
یمن میں برکت دے تیسری مرتبہ فرمایا
وہاں نجد میں زلزلے اور فتنے ہیں۔ وہیں شیطان کا سینگ نکلے گا۔[1]

مسیلمہ کذّاب اور محمّد بن عبدالوہاب نجدی شیطان کے سینگ ہیں !

شیخ الاسلام مفتیٔ حرم مکہ علامہ احمد بن زینی دحلان مکی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ :

جَآءَ فِیْ رِوَایَۃٍ قَرْنَا الشَّیْطَانِ بِصِیْغَۃِ التَّثْنِیَۃِ قَالَ بَعْضُ الْعُلَمَاءِ اَلْمُرَادُ مِنْ قَرْنَیِ الشَّیْطَانِ مُسَیْلَمَۃُ الْكَذَّابُ وَابْنُ عَبْدِ الْوَھَّابِ وَجَآءَ فِیْ بَعْضِ الرِّوَایَاتِ وَبِھَا یَعْنِیْ نَجْدًا اَلدَّاءُ الْعُضَالُ قَالَ بَعْضُ الشُّرَّاحِ وَھُوَ الْھِلَاكُ

ایک روایت میں ہے کہ دو قرن الشیطان (شیطان کے سینگ) نکلیں گے۔ بعض علماء نے فرمایا ہے کہ ان دونوں سے مُراد مسیلمہ کذاب اور محمد بن عبدالوہاب ہیں۔ بعض ارشادات میں ہے کہ وہاں نجد میں ہلاکت اور تباہی ہے۔
(الدرر السنیہ ص۵)

---

[1] یہ حدیث شریف مشکوٰۃ۔ اشعۃ اللمعات۔ مرقاۃ۔ وغیرہم میں درج ہے۔

marfat.com

حضور پُر نور نورٌ علےٰ نور، نبی غیب دان، سیاحِ لامکاں، حضرتِ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ان خارجیوں کی نشانیاں بھی بتائی ہیں۔ جو کہ کتبِ احادیثِ شریفہ میں درج ہیں جن میں سے چند احادیثِ شریفہ درج کی جاتی ہیں۔

کفار کو چھوڑ دیں گے اور مسلمانوں کو قتل کریں گے

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالےٰ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ:

بَعَثَ عَلِیٌّ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِذُھَیْبَۃٍ فَقَسَمَھَا بَیْنَ اَرْبَعَۃٍ الْاَقْرَعِ الْحَارِثِ الْحَنْظَلِیِّ ثُمَّ الْمُجَاشِعِیِّ وَعُیَیْنَۃَ بْنِ بَدْرٍ الْفُزَارِیِّ وَزَیْدِ نِ الطَّائِیِّ ثُمَّ اَحَدِ بَنِیْ کِلَابٍ فَغَضِبَتْ قُرَیْشٌ وَالْاَنْصَارُ فَقَالُوْا یُعْطِیْ صَنَادِیْدَ اَھْلِ نَجْدٍ وَیَدَعُنَا قَالَ اِنَّمَآ اَتَاَلَّفُھُمْ فَاَقْبَلَ رَجُلٌ غَائِرُ الْعَیْنَیْنِ مُشْرِفُ الْوَجْنَتَیْنِ نَاْتِیُ الْجَبِیْنِ کَثُّ اللِّحْیَۃِ مَحْلُوْقُ الرَّاْسِ فَقَالَ اِتَّقِ اللّٰہَ یَا مُحَمَّدُ فَقَالَ مَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ اِذَا عَصَیْتُ اَیَاْمَنُنِیَ اللّٰہُ عَلٰی

حضرت سیدنا علی المرتضےٰ شیرِ خدا رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے سرورِ عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی طرف کچھ سونا بھیجا۔ آپ نے اقرع بن حارث عینیہ بن بدر فزاری اور زید طائی۔ علقمہ بن علاثہ ان چاروں کی جماعتوں میں تقسیم کر دیا۔ تو قریش اور انصار ناراض ہوتے۔ کہنے لگے حضور آپ نے نجدیوں کے سرداروں میں سونا تقسیم کر دیا ہے اور ہمیں چھوڑ دیا۔ رسولِ کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میں نے نجدیوں کے سرداروں کو تالیفِ قلوب کے لیے دیا ہے۔ آپ کے سامنے ایک آدمی گہری آنکھوں والا۔ بلند ابروؤں والا۔

marfat.com

اَهْلِ الْاَرْضِ تَأْمَنُوْنِیْ فَسَأَلَہٗ رَجُلٌ قَتْلَہٗ اَحْسِبُہٗ خَالِدَ بْنَ الْوَلِیْدِ فَمَنَعَہٗ فَلَمَّا وَلّٰی قَالَ اِنَّ مِنْ ضِئْضِئِ ھٰذَا اَوْ فِیْ عَقِبِ ھٰذَا قَوْمًا یَقْرَءُوْنَ الْقُرْاٰنَ لَا یُجَاوِزُ حَنَاجِرَھُمْ یَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّیْنِ مُرُوْقَ السَّھْمِ مِنَ الرَّمِیَّۃِ یُقْتُلُوْنَ اَھْلَ الْاِسْلَامِ وَیَدَعُوْنَ اَھْلَ الْاَوْثَانِ لَئِنْ اَنَا اَدْرَکْتُھُمْ لَاَقْتُلَنَّھُمْ قَتْلَ عَادٍ

اونچی پیشانی والا۔ گھنی ڈاڑھی والا۔ منڈے ہوئے سر والا آیا اور کہنے لگا کہ اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)، اللہ تعالےٰ کے عذاب سے ڈریں۔ نبیِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میں اللہ تعالےٰ کے حکم کی نافرمانی کروں تو کون اس کے حکم کی اطاعت کرے گا اللہ تعالےٰ نے زمین والوں پر مجھے امین بنا کر بھیجا ہے اور تم مجھے امین نہیں مانتے تو ایک شخص نے اُس کو قتل کرنے کے متعلق عرض کیا۔ راوی کا خیال ہے کہ وہ خالد بن ولید رضی اللہ تعالےٰ عنہ تھے۔ تو رسولِ کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم نے اس کو قتل کرنے سے روک دیا۔ جب وہ شخص چلا گیا تو آپ نے فرمایا بے شک اس کی نسل سے یا اس کے بعد ایک ایسی قوم پیدا ہو گی جو قرآنِ پاک پڑھیں گے۔ مگر قرآنِ پاک ان کے حلقوں سے نیچے نہ اُترے گا۔ دین سے نکل جائیں گے جس طرح تیر شکار میں سے نکل جاتا ہے۔ مسلمانوں کو قتل کریں گے۔ اور بُت پرستوں کو چھوڑ دیں گے۔ اگر میں ان کو (میں اپنے زمانہ میں) پالوں تو ان کو ضرور قتل کروں جس طرح اللہ تعالےٰ نے قومِ عاد کا صفایا کیا ہے۔ (صحیح بخاری شریف ص۴۷۱ ج۱)

مولانا محمد علی جوہر، مولانا شوکت علی، ظفر علی خاں، سلیمان ندوی وغیرہم پر مشتمل وفدِ خلافت ۱۹۲۶ء نے اپنی جو رپورٹ شائع کی ہے اُس میں واضح الفاظ میں اُنہوں نے لکھا ہے کہ:

"قومِ نجد کو ایک صدی سے زیادہ یہی سکھایا گیا ہے کہ اس کے علاوہ سب مسلمان مُشرک ہیں۔ اور نجدیوں کی گذشتہ صدی کی تاریخ بھی

marfat.com

یہی بتاتی ہے کہ ان کے ہاتھ کفار کے خون سے کبھی نہیں رنگے گئے جس قدر خونریزی اُنھوں نے کی ہے وہ صرف مسلمانوں کی کی ہے۔

(مسئلہ حجاز رپورٹ وفد خلافت ۱۹۲۶ء صـ۱۰۵)

سرورِ عالمیاں صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے دوسری حدیث شریف میں ان کی علامت لمبی لمبی نمازیں پڑھنا بتائی ہے نیز فرمایا ہے کہ ایمان سے وہ خالی ہوں گے۔

ایمان سے خالی نمازی

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ میں نے رسولِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے سُنا کہ آپ فرمارہے تھے:

يَخْرُجُ فِيكُمْ قَوْمٌ تَحْقِرُونَ صَلٰوتُكُمْ مَعَ صَلٰوتِهِمْ وَصِيَامُكُمْ مَعَ صِيَامِهِمْ وَعَمَلُكُمْ مَعَ عَمَلِهِمْ وَيَقْرَؤُنَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ يَمْرُقُونَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَةِ يُنْظَرُ فِي النَّصْلِ فَلَا يُرٰى شَيْئًا وَيُنْظَرُ فِي الْقُدْحِ فَلَا يُرٰى شَيْئًا وَيُنْظَرُ فِي الرِّيْشِ فَلَا يُرٰى شَيْئًا وَيَتَمَارٰى فِي الْفُوْقِ۔

تم میں سے ایک قوم نکلے گی۔ جن کی نمازوں کے مقابلہ میں تم اپنی نمازوں کو ہیچ ان کے روزوں کے مقابلہ میں تم اپنے روزوں کو۔ ان کے اعمال کے مقابلہ میں تم اپنے عملوں کو ہیچ سمجھو گے۔ وہ قرآن پڑھیں گے اور ان کے حلق سے نیچے نہ اُترے گا دین سے نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے۔ تیر کے سر کو دیکھا جائے تو شکار کا نشان تک نہ ہوگا۔ تیر کا زخم دیکھا جائے گا تو کوئی نشان نہ ملے گا۔ زخم کا داغ بھی نہ ہوگا۔ دین کے اُوپر اُوپر سے ہی گزر جائے گا۔

(صحیح بخاری شریف صـ۵۶۷ ج ۲)

علامہ محمد عبدالرحمٰن سلہٹی علیہ الرحمۃ

نے اپنی تصنیف سیف الابرار علی المسلول الفجار میں اس قوم سے مُراد

marfat.com

وہابی فرقہ ہی لیا ہے۔ اور واضح الفاظ میں لکھا ہے:

قَدْ اَخْبَرَ بِهٰذِهِ الْفِرْقَةِ الضَّالَّةِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَوْلِهٖ يَخْرُجُ فِيْكُمْ قَوْمٌ تَحْقِرُوْنَ صَلٰوتَكُمْ مَعَ صَلٰوتِهِمْ وَصِيَامَكُمْ مَعَ صِيَامِهِمْ وَاَعْمَالَكُمْ مَعَ اَعْمَالِهِمْ اِلٰى آخِرِ الْحَدِيْثِ رَوَاهُ الْاِمَامُ مَالِكٌ فِي الْمُوَطَّا هٰذَا كَتَبْتُ بِهٖ فِيْ بَيَانِ هٰذِهِ الْفِرْقَةِ الضَّالَّةِ خَذَلَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ۔ مضمون میں نے اس فرقہ کے متعلق لکھ دیا ہے۔ اللہ تعالےٰ ان کو تاقیامت ذلیل رکھے۔ (سیف الابرار علے المسلول الفجار مطبوعہ استنبول و دہلی)

بے شک اس گمراہ فرقہ کے متعلق ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ تمہارے اندر ایک ایسی قوم ظاہر ہوگی کہ وہ تمہاری نمازوں کو اپنی نمازوں سے اور تمہارے روزوں کو اپنے روزوں سے اور تمہارے عملوں کو اپنے عملوں سے حقیر سمجھیں گے آخرہ تک۔ اس روایت کو امام مالک رضی اللہ عنہ نے اپنی موطا میں نقل کیا ہے۔ یہ تھوڑا سا

قرآن پڑھیں گے مگر حلق سے نیچے نہ اُترےگا

رحمتِ کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات نے ان کی یہ نشانی بھی بتائی ہے کہ قرآن پڑھیں گے مگر اُس کا اثر نہ ہوگا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے کہ سرورِ کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات نے فرمایا:

يَخْرُجُ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ اَحْدَاثُ الْاَسْنَانِ سُفَهَاءُ الْاَحْلَامِ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ يَقُوْلُوْنَ مِنْ قَوْلِ خَيْرِ الْبَرِيَّةِ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ

آخر زمانے میں ایک قوم ظاہر ہوگی۔ بڑے بڑے دانتوں والے۔ عقل سے خالی۔ زبانوں سے قرآنِ پاک پڑھیں گے۔ مگر قرآنِ پاک حلق سے نیچے نہ اُترے گا۔ حدیثِ نبوی والے (اہلحدیث) کہلائیں گے۔ دین سے

marfat.com

مِنَ الرَّمِيَّةِ فَمَنْ لَقِيَهُمْ فَلْيَقْتُلْهُمْ فَاِنَّ فِيْ قَتْلِهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا عِنْدَ اللّٰهِ لِمَنْ قَتَلَهُمْ ۔ اُس کو چاہیئے کہ ان کو قتل کردے بے شک ان کو قتل کرنے میں اللہ تعالےٰ کے نزدیک اجرِ عظیم ہے جو بھی ان کو قتل کرے ۔ (کنز العمال شریف ص۳۴ ج ۶)

ایسے نکلے ہوں گے جیسے تیر شکار سے پار نکل جاتا ہے ۔ پس جو شخص اُن سے ملے

حدیث والے کہلائیں گے مگر ہوں گے اسلام سے خارج

مخبرِ صادق صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی نشانی بتائی ہے کہ وہ اہلحدیث کہلائیں گے مگر اسلام سے خارج ہوں گے ۔ حضرت علی المرتضےٰ مشکل کشا، شیرِ خدا رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا:

سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَأْتِيْ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ حُدَثَاءُ الْاَسْنَانِ سُفَهَاءُ الْاَحْلَامِ يَقُوْلُوْنَ مِنْ خَيْرِ قَوْلِ الْبَرِيَّةِ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الْاِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ لَا يُجَاوِزُ اِيْمَانُهُمْ حَنَاجِرَهُمْ فَاَيْنَمَا يَقِيْمُوْهُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ فَاِنَّ قَتْلَهُمْ اَجْرٌ لِمَنْ قَتَلَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۔

میں نے نبیٔ کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم سے سُنا کہ آپ فرماتے تھے کہ آخر زمانے میں ایک قوم آئے گی جن کے لمبے لمبے دانت ہوں گے ۔ بیوقوف خیر البریہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی حدیث سے بات کریں گے ۔ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے ۔ ان کا ایمان حلقوں سے نیچے نہ ہوگا ۔ پس جہاں تم ان کو ملو ۔ قتل کردو ۔ ان کو قتل کرنے کا اتنا ثواب ہے ۔ جتنا کہ کسی نے قیامت تک کے کفار کو قتل کردیا ۔

(طبرانی شریف ص۲۱۸ ، صحیح بخاری شریف ص۳۵۶ ج ۲ ، نسائی شریف ص۱۷۳ ج ۲)

لمبے دانتوں والے بیوقوف ہوں گے

امام الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک حدیث شریف میں ان کی علامت لمبے لمبے دانت اور بیوقوف ہونا بتائی ہے ۔ حضرت علی المرتضےٰ

marfat.com

شیرِ خدا مشکل کُشا، مولائے کُل کرّم اللہ وجہہ الکریم نے ارشاد فرمایا ہے:

اِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ سَیَخْرُجُ قَوْمٌ فِیْ آخِرِ الزَّمَانِ حُدَّاثُ الْاَسْنَانِ سُفَہَاءُ الْاَحْلَامِ یَقُوْلُوْنَ مِنْ خَیْرِ قَوْلِ الْبَرِیَّۃِ لَا یُجَاوِزُ اِیْمَانُہُمْ حَنَاجِرَہُمْ یَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّیْنِ کَمَا یَمْرُقُ السَّہْمُ مِنَ الرَّمِیَّۃِ فَاَیْنَمَا لَقِیْتُمُوْہُمْ فَاقْتُلُوْہُمْ فَاِنَّ فِیْ قَتْلِہِمْ اَجْرًا لِمَنْ قَتَلَہُمْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ۔

میں نے رسولِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے سُنا ہے کہ آخری زمانے میں لمبے لمبے دانتوں والی عقلوں سے خالی (بیوقوف) ایک قوم ظاہر ہو گی۔ ہر بات میں محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی حدیث شریف پڑھیں گے۔ ان کا ایمان ظاہری ہو گا حلق سے نیچے نہ اُترے گا۔ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے۔ جہاں تم ان کو دیکھو تو قتل کر ڈالو اس لیے ان کو قتل کرنے کا اتنا ثواب ہے جیسا کہ کسی نے قیامت تک کفر کا قتل کر دیا۔ (صحیح بخاری شریف ص۱۰۲۴ ج ۲، مجمع البحار ص۲۴۲ ج ۱، مظاہرِ حق ص۲۹۴ ج ۳)

فسادی اور اپنے پاس سے احادیث بنانے والے

علامہ ابوالحسن محمد بن عبدالہادی علیہ الرحمۃ شارح نسائی شریف اَحْدَاثُ الْاَسْنَان کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

فَاِنَّ حَدَاثَۃَ السِّنِّ مَحَلٌّ لِلْفِسَادِ عَادَۃً۔

بڑے دانتوں والا ہونا عادۃً فطرۃً فسادی کی علامت ہے۔

مِنْ خَیْرِ قَوْلِ الْبَرِیَّۃِ کی تشریح میں فرماتے ہیں:

یَتَکَلَّمُوْنَ بِبَعْضِ الْاَقْوَالِ الَّتِیْ ھِیَ مِنْ خِیَارِ اَقْوَالِ النَّاسِ

لوگوں کے بعض اقوال کو حدیثِ رسول بنا کر پیش کریں گے۔

(شرح نسائی ص۱۷۴ ج ۲ مطبوعہ مصر)

marfat.com

کفار سے متعلق آیات مسلمانوں پر چسپاں کریں گے

امام المحدثین سیدنا امام بخاری رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ نے اپنی صحیح میں بَابُ قِتَالِ الْخَوَارِجِ وَالْمُلْحِدِيْنَ بَعْدَ اِقَامَةِ الْحُجَّةِ عَلَيْهِمْ کا باب باندھ کر کئی احادیث شریفہ درج فرمائی ہیں جن میں یہ بھی ہے:

كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَرَاهُمْ شِرَارَ خَلْقِ اللّٰهِ وَقَالَ اِنَّهُمُ انْطَلَقُوْا اِلٰى آيَاتٍ نَزَلَتْ فِي الْكُفَّارِ فَجَعَلُوْهَا عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ۔

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما تمام مخلوق الٰہی میں سے خارجیوں کو بُرا جانتے تھے۔ اور فرماتے تھے کہ یہ لوگ ان آیاتِ قرآنِ پاک کو جو کفار کے بارے میں نازل ہوئیں۔ مسلمانوں پر چسپاں کرتے ہیں۔ (صحیح بخاری شریف ص ۱۰۲۴ ج ۲، مجمع البحار ص ۲۴۲ ج ۱)

قرآنِ پاک کے معانی میں تحریف کرینگے

صحیح مسلم شریف میں ان کی ایک علامت یہ ہے کہ:

يَتْلُوْنَ كِتَابَ اللّٰهِ لَيِّنًا رَطْبًا علامہ نووی علیہ الرحمۃ نے اس حدیث شریف کی شرح کرتے ہوئے فرمایا ہے:

يَلْوُوْنَ اَلْسِنَتَهُمْ بِهٖ اَيْ يُحَرِّفُوْنَ مَعَانِيَهٗ وَتَاوِيْلَهٗ۔

یہ لوگ قرآن مجید کے معنوں میں تحریف اور تاویل کریں گے۔ (صحیح مسلم شریف ص ۳۴۱ ج ۱)

وہابیوں کا قرآن مجید کے معنوں میں اور تفسیر میں تحریف اور تاویل کرنا وہابی اکابر کے نزدیک بھی مسلّم ہے۔

نبیِّ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو بے انصاف سمجھنا

خارجیہ نجدیہ کے بانی نے نبیِّ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو بے انصاف سمجھا۔ حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے:

لہ قرآن پاک کے معنوں اور تفسیر میں تحریف کا نمونہ اسی کتاب کے صہ پر ملاحظہ فرمائیں۔ (فقیر قادری محمد ضیاء اللہ غفرلہٗ)

marfat.com

بَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُ جَآءَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ ذِي الْخُوَيْصَرَةِ التَّمِيْمِيُّ فَقَالَ اِعْدِلْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ وَيْلَكَ مَنْ يَعْدِلُ اِذَا لَمْ اَعْدِلْ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ دَعْنِيْ اَضْرِبْ عُنُقَهٗ قَالَ دَعْهُ فَاِنَّ لَهٗ اَصْحَابًا يَحْقِرُ اَحَدُكُمْ صَلَاتَهٗ مَعَ صَلَاتِهٖ وَصِيَامَهٗ مَعَ صِيَامِهٖ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ يُنْظَرُ فِيْ قُذَذِهٖ فَلَا يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْءٌ ثُمَّ يُنْظَرُ فِيْ نَسْلِهٖ فَلَا يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْءٌ ثُمَّ يُنْظَرُ فِيْ رَصَافِهٖ فَلَا يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْءٌ ثُمَّ يُنْظَرُ فِيْ نَضِيِّهٖ فَلَا يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْءٌ قَدْ سَبَقَ الْفَرْثَ وَالدَّمَ آيَتُهُمْ رَجُلٌ اِحْدٰى يَدَيْهِ اَوْ قَالَ ثَدْيَيْهِ مِثْلُ ثَدْيِ الْمَرْاَةِ اَوْ قَالَ مِثْلُ الْبَضْعَةِ تَدَرْدَرُ يَخْرُجُوْنَ عَلٰى حِيْنِ فُرْقَةٍ مِنَ النَّاسِ قَالَ

میں بارگاہِ نبوی میں حاضر تھا۔ اور نبیِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم مالِ غنیمت تقسیم فرما رہے تھے کہ عبداللہ بن ذوالخویصرہ تمیمی آیا اور کہا یارسول اللہ عدل وانصاف سے کام لیجیے آپ نے ارشاد فرمایا کہ ہلاک ہو۔ جب میں عدل نہ کروں گا تو اور کون عدل کرے گا حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے عرض کیا آپ مجھے اجازت دیجیے کہ اس کی گردن اُڑا دوں آپ نے فرمایا کہ اس کو چھوڑ دو اس کے ایسے ساتھی ہیں کہ تم میں سے ایک شخص ان کی نماز کے مقابلہ میں اپنی نماز کو۔ اور اپنے روزے کو ان کے روزے کے مقابلے میں حقیر سمجھتا ہے وہ لوگ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر شکار سے نکل جاتا ہے اس کے پروں میں دیکھا جائے تو کچھ معلوم نہیں ہوتا پھر اس کے پھل میں دیکھا جائے تو کچھ معلوم نہیں ہوتا جب اس کی لکڑی کو دیکھا جائے تو کچھ معلوم نہیں ہوتا۔ حالانکہ وہ تیر خون اور گوبر سے ہو کر گزرا ہے۔ ان کی

marfat.com

اَبُوْسَعِیْد اَشْهَدُ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَشْهَدُ اَنَّ عَلِیًّا قَتَلَهُمْ وَاَنَا مَعَهٗ جِیْئَ بِالرَّجُلِ عَلٰی النَّعْتِ الَّذِیْ نَعَتَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَنَزَلَتْ فِیْهِ وَمِنْهُمْ مَّنْ یَّلْمِزُكَ فِی الصَّدَقَاتِ۔

نشانی یہ ہوگی کہ ان میں ایک ایسا آدمی ہوگا۔ جس کا ایک ہاتھ یا ایک پستان عورت کے پستان کی طرح ہوگا۔ یا فرمایا کہ گوشت کے لوتھڑے کی طرح ہوگی۔ اور ہلتی ہوگی۔ لوگوں کے تفرقہ کے وقت نکلیں گے۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے سُنا ہے۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے ان لوگوں کو قتل کیا۔ اور میں ان کے پاس تھا۔ اس وقت ایک شخص اسی صُورت کا لایا گیا جو نشانیاں نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے بیان فرمائی تھیں حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ آیت وَمِنْهُمْ مَّنْ یَّلْمِزُكَ فِی الصَّدَقَاتِ اسی شخص (ذوالخویصرہ تمیمی) کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

(صحیح بخاری شریف صـ۱۲۲ ج ۴ مطبوعہ مصر)

حضرت شریک بن شہاب رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے کہ مجھے نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے کسی صحابی سے ملاقات کرنے کی بہت خواہش تھی۔ کہ ان سے ملاقات کر کے خارجیوں کا حال پوچھوں۔ کیا پیارے مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان خارجیوں کے متعلق کوئی خبر ارشاد فرمائی تھی۔ پس مجھے حضرت ابوبرزہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ عید کے روز اپنے دو ستون میں ملے۔ تو میں نے ان سے پوچھا کیا رسول پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم سے ان خارجیوں کا ذکر آپ نے سُنا ہے۔ اُنہوں نے فرمایا ہاں۔

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِاُذُنَیَّ وَرَاَیْتُهٗ بِعَیْنَیَّ

میں نے رسولِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے اپنے کانوں سے سُنا اور

marfat.com

أُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَالٍ فَقَسَمَهٗ فَاَعْطٰى مَنْ عَنْ يَمِيْنِهٖ وَمَنْ عَنْ شِمَالِهٖ وَلَمْ يُعْطِ مَنْ وَّرَآءَهٗ شَيْئًا فَقَامَ رَجُلٌ مِنْ وَّرَائِهٖ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ مَا عَدَلْتَ فِي الْقِسْمَةِ رَجُلٌ اَسْوَدُ مَطْمُوْمُ الشَّعْرِ عَلَيْهِ ثَوْبَانِ اَبْيَضَانِ فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَضَبًا شَدِيْدًا وَقَالَ وَاللّٰهِ لَا تَجِدُوْنَ بَعْدِيْ رَجُلًا هُوَ اَعْدَلُ مِنِّيْ ثُمَّ قَالَ يَخْرُجُ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ كَاَنَّ هٰذَا مِنْهُمْ يَقْرَءُوْنَ مِنَ الْقُرْاٰنِ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الْاِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ سِيْمَاهُمُ التَّحْلِيْقُ لَا يَزَالُوْنَ يَخْرُجُوْنَ حَتّٰى يَخْرُجَ آخِرُهُمْ مَعَ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ فَاِذَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ هُمْ شَرُّ الْخَلْقِ وَالْخَلِيْقَةِ۔

اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ رسولِ کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کے پاس مال لایا گیا اور انہوں نے اُس کو اپنے دائیں طرف اور بائیں طرف والوں میں تقسیم فرمایا اور اپنے سامنے والوں کو نہ مال دیا۔ تو ایک شخص جوان کے پیچھے تھا کھڑا ہوا اور کہا اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ نے تقسیم کرنے میں انصاف نہیں کیا۔ وہ شخص کالے رنگ والا تھا اور اُس کے بال منڈھے ہوئے تھے اُس پر دو کپڑے سفید تھے۔ پس رسولِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے ناراضگی فرمائی اور غصّے سے فرمایا قسم ہے اللہ تعالےٰ کی کہ میرے بعد تم مجھ سے زیادہ انصاف کرنے والا کسی کو نہ پاؤ گے۔ پھر فرمایا آخر زمانہ میں ایک قوم ظاہر ہوگی اور یہ (گستاخ اور بے ادب) اُنہیں کی جماعت میں سے ہے۔ وہ قرآنِ پاک پڑھیں گے مگر قرآن ان کے حلق سے نیچے نہ اُترے گا۔ دینِ اسلام سے ایسے نکل جاویں جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے۔ ان کی علامت سر منڈانا ہے۔ وہ ہمیشہ اسلام سے خارج ہوتے رہیں گے یہاں تک کہ ان کا آخیر مسیح الدجال کا ساتھ ہوگا۔

لہٰذا جس وقت تم اُن سے ملو تم ان کو قتل کردو کیونکہ آدمیوں اور چوپاؤں سے بدترین ہیں یعنی ساری مخلوق سے بدترین ہیں۔

(نسائی شریف ص۱۷۴-۱۷۵ جلد۲ مطبوعہ مصر، مشکوٰۃ شریف ص۳۰۸، ۳۰۹)

ناظرین حضرات! نبیٔ پاک صاحبِ لولاک علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام کے ارشادات کا آپ نے مطالعہ فرمایا کہ آپ نے کس طرح ان حضرات کی نشان دہی فرمائی ہے۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی کا فرمان

شیخ المحدثین شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ شریف میں ان علامات کے متعلق حاشیہ میں فرمایا

لہ فخر الوہابیہ ابراہیم میر سیالکوٹی رقمطراز ہیں کہ (شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ سے) مجھ عاجز (ابراہیم میر) کو علم و فضل اور خدمتِ علمِ حدیث اور صاحبِ کمالاتِ ظاہری و باطنی ہونے کی وجہ سے حُسنِ عقیدت ہے۔ آپ کی کئی ایک تصانیف میرے پاس موجود ہیں۔ جن سے میں بہت سے علمی فوائد حاصل کرتا رہتا ہوں (تاریخ اہلحدیث ص۳۹۸) وہابیہ نجدیہ کی اہلحدیث کانفرنس دہلی کے خطبۂ استقبالیہ میں ہے کہ دسویں صدی ہجری میں حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے نشر و اشاعت قرآن و حدیث پر کافی توجہ فرمائی۔ (اہلحدیث امرتسر ص۴ ۲۱ اپریل ۱۹۴۴ء)

وہابیوں کے حکیم عبدالرحیم اشرف جو کہ المنبر لائل پور کے ایڈیٹر بھی ہیں۔ رقمطراز ہیں کہ اللہ عزوجل کی حکمت نے تین عظیم المرتبت شخصیتوں کو پیدا فرمایا جو اس ظلمت کدہ میں اسلام کے مسخ شدہ چہرہ کو اپنی اصل نورانیت کے جلو میں پھر سے ظاہر کریں۔ ان حضرات نے قرآن و سُنّت کے خشک سوتوں کو از سرِ نو جاری کر دیا۔ اسلام کے عقائد کو اس شکل میں پیش کیا جو داعی اسلام فداہ روحی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں پیش کیے گئے تھے۔ علماءِ سُوء کو بے نقاب کیا گیا۔ ان کی اجارہ داری کو چیلنج کیا گیا اور واشگاف کیا گیا۔ کہ ان کے اقوال اس قابل تو ضرور ہیں کہ انہیں جڑ سے اکھاڑ دیا جائے۔ لیکن اس لائق ہرگز نہیں کہ انہیں اسلام کی تفسیر و تعبیر کے طور پر حجتِ شرعی بنایا جائے۔ یہ عظیم تجدیدی کارنامے (باقی اگلے صفحہ پر)

marfat.com

ہے کہ؛

ایں حلیہ دلالت بر شرارت وجہالت وقساوتِ قلب وہمہ خوارج ہمچنیں بودند۔	یہ حُلیہ شرارت وجہالت اور قساوتِ قلبی پر دلالت کرتا ہے اور سارے خارجی ایسے ہی ہوئے ہیں۔

قارئینِ عظام! آپ نے نجدیوں کے متعلق احادیث شریفہ پڑھیں نیز یہ بھی دیکھا کہ سیدالمرسلین، خاتم النبیین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ان حضرات سے کس قدر نفرت کا اظہار فرمایا۔ بلکہ ایک روایت میں تو نبیٔ غیب دان، سیدِ مرسلاں صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ان سے خطرہ کا بھی اظہار فرمایا ہے۔ وہ روایت بھی درج کی جاتی ہے۔

نجدیوں سے خدشہ

امام المحدثین امام محمد بن اسماعیل بخاری علیہ الرحمۃ الباری نے اپنی صحیح میں بھی یہ روایت نقل فرمائی ہے کہ عامر بن مالک نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا۔

یَا مُحَمَّدُ لَوْ بَعَثْتَ رِجَالاً مِنْ اَصْحَابِکَ اِلٰی اَھْلِ نَجْدٍ فَدَعَوْتَھُمْ اِلٰی اَمْرِکَ رَجَوْتُ اَنْ یَسْتَجِیْبُوْا لَکَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ اَخْشٰی اَھْلَ	یا محمد (صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم) اگر آپ نجدیوں کی طرف اپنے چند صحابہ کو بھیجیں کہ وہ آپ کے حکم کی دعوت دیں۔ مجھے اُمید ہے کہ وہ آپ کے حکم کو قبول کرلیں گے۔ تو رسولِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا

(بقیہ صفحہ ۲۶۳) جن تین پاکباز نفوس نے انجام دیئے ان کے اسمِ گرامی یہ ہیں۔ اوّل حضرت شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ جنہیں دُنیائے اسلام مجدد الفِ ثانی کے لقب سے یاد کرتی ہے۔ دوم شیخ عبدالحق محدث دہلوی جنہوں نے اس ملک میں حدیثِ نبوی کے علوم کو عام کیا۔ سوم الشیخ احمد بن عبدالرحیم جنہیں عالم اسلام شاہ ولی اللہ کے نام سے پکارتا ہے۔ (الاعتصام ص ۱۹، مارچ ۱۹۵۴ء)

marfat.com

نَجْدٍ عَلَيْهِمْ۔ کہ صحابۂ کرام علیہم الرضوان کے بارے میں نجدیوں سے مجھے خطرہ ہے۔

(صحیح بخاری شریف ص۵۸۶ ج ۲، ابنِ ہشام ص۱۸۴ ج ۳، ابنِ سعد ص۹۳ ج ۳)

نبیٔ پاک صاحبِ لولاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے ستر صحابۂ کرام علیہم الرضوان جن کو قراء حضرات کیا جاتا ہے۔ اور ایک قوم نے خود لے جاکر ان کو شہید کر دیا تھا۔ آج اکثر وہابی مولوی اپنی تقریروں میں اس کو موضوعِ بحث بنا کر پیارے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے علمِ غیب کا انکار کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اگر نبیٔ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو علمِ غیب ہوتا تو ان صحابۂ کرام کو انہوں نے کیوں بھیجا۔ حالانکہ اگر وہ پوری روایت پر غور کریں تو اسی سے نبی معظم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا علمِ غیب ثابت ہوتا ہے۔ کیونکہ روایت میں میرے آقا علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام نے واضح الفاظ میں فرمایا ہے۔

اِنِّیْ اَخَافُ عَلَیْھِمْ اَھْلَ نَجْدٍ۔ مجھے نجدیوں سے صحابۂ کرام علیہم الرضوان کے متعلق خطرہ ہے۔

صحابۂ کرام کو شہید کرنے والے نجدی ہی تھے۔ وہ مفصل روایت ملاحظہ فرمائیں:

نجدیوں نے صحابۂ کرام علیہم الرضوان کو بھی شہید کر دیا

سیرت کی نہایت مستند کتاب طبقات ابنِ سعد[1] میں روایت درج ہے کہ

---

[1] دیوبندی اور غیر مقلدین وہابیوں کے معتمد علیہ اور مشہور مولوی شبلی نعمانی کتاب طبقات ابنِ سعد اور اس کے مصنف کے متعلق لکھتے ہیں کہ ابنِ سعد مشہور محدث ہیں۔ خود قابلِ سند ہیں۔ خطیبِ بغدادی نے ان کی نسبت یہ الفاظ لکھے ہیں۔ کَانَ مِنْ اَھْلِ الْعِلْمِ وَالْفَضْلِ وَالْفَھْمِ وَالْعَدَالَۃِ صَنَّفَ (باقی اگلے صفحہ پر)

marfat.com

عامر بن مالک سرورِ عالم، شہنشاہِ عرب و عجم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور نذرانہ پیش کیا۔ مگر رسولِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے قبول نہ فرمایا۔ اِمام الانبیاء محمد مصطفیٰ علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام نے اُس کے سامنے اسلام پیش فرمایا مگر اُس نے اسلام کو قبول نہ کیا اور نہ ہی بُرا کہا۔ اور کہا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔

لَوْ بَعَثْتَ نَفَرًا مِّنْ اَصْحَابِكَ اِلٰى قَوْمِيْ لَرَجَوْتُ اَنْ يُّجِيْبُوْا دَعْوَتَكَ وَيَتَّبِعُوْا اَمْرَكَ فَقَالَ اِنِّيْ اَخَافُ عَلَيْهِمْ اَهْلَ نَجْدٍ فَقَالَ اَنَا لَهُمْ جَارٌ اَنْ يَّعْرِضَ لَهُمْ اَحَدٌ فَبَعَثَ مَعَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِيْنَ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ شَيْبَةً يُسَمَّوْنَ الْقُرَّاءَ وَاَمَّرَ عَلَيْهِمُ الْمُنْذِرَ بْنَ عَمْرِو السَّاعِدِيَّ فَلَمَّا نَزَلُوْا بِبِئْرِ مَعُوْنَةَ فَلَقِيَهُمُ الْقَوْمُ

اگر آپ میرے ساتھ اپنے صحابہ کرام کی ایک جماعت میری قوم کی طرف بھیج دیں تو مجھے اُمید ہے کہ وہ مسلمان ہو جائیں تو حضورِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ نجدیوں سے صحابہ کرام کے متعلق خطرہ ہے۔ تو عامر بن مالک نے کہا کہ اگر ان پر کسی قسم کی زیادتی ہوئی تو میں ذمہ دار ہوں رسولِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے ستر انصاری صحابہ اس کے ساتھ بھیج دیئے جن کو قرّاء کہا جاتا تھا۔ اور منذر بن عمر ساعدی کو ان پر امیر مقرر فرمایا جب وہ صحابہ بئرِ معونہ کے مقام پر پہنچے

(بقیہ صفحہ ۲۶۵) كِتَابًا كَبِيْرًا فِيْ طَبَقَاتِ الصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِيْنَ اِلٰى وَقْتِهٖ فَاَجَادَ فِيْهِ (سیرت النبی ص ۲۹) محدث الوہابیہ نواب صدیق حسن بھوپالوی نے بھی طبقات ابنِ سعد کے حوالہ جات اپنی کتاب ہدیۃ السائل ص ۲۱۶ پر دیئے ہیں۔ مولوی سلیمان ندوی نے طبقات ابنِ سعد کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سوانح پر سب سے زیادہ معتبر اور مبسوط کتب میں شمار کیا ہے۔ (خطباتِ مدراس ص ۶۲) (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

فَاَحَاطُوْا بِهِمْ فَكَاثَرُوْهُمْ فَتَقَاتَلُوْا فَقُتِلَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

تو ایک قوم کی بہت زیادہ تعداد نے ان پر گھیرا ڈال لیا۔ اور ان سے لڑائی کی اور تمام صحابہ کو شہید کر دیا۔

(طبقات ابنِ سعد ص۵۱ ج ۲)

ناظرین حضرات! آپ نے نجدیوں کی مکاری اور عیاری کا منظر دیکھا کہ امام الانبیاء صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی عظیم بارگاہ کا بھی ان کو احساس اور پاس نہیں ہے۔ دراصل نجدی حبیبِ کردگار احمد مختار صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے دشمن ہیں۔ حضور پُرنور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف کفار نے میٹنگ اور اجلاس بُلایا تو اُس میں شیطان نے بھی شرکت کی۔ کفار نے اس کو اجنبی سمجھتے ہوئے پوچھا کہ تم کون ہو تو شیطان لعین نے اپنا تعارف شیخ نجدی کے لفظ سے کرایا تھا۔ جس پر کفار نے اُس کو خوش آمدید کہا۔

کفار کے اس اجلاس کی مفصل کارروائی محدث کبیر مفسر عظیم علامہ ابنِ کثیر علیہ الرحمۃ نے البدایہ[1] والنہایہ میں اور عظیم مؤرخ ابنِ ہشام نے سیرت[2] ابنِ ہشام میں درج فرمائی ہے۔ جو کہ پیش خدمت ہے۔

کفار کے اجلاس میں شیطان کا اپنے آپ کو شیخِ نجد کہلانا

حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے فرمایا ہے کہ

---

[1] امام ابنِ کثیر کی کتاب البدایہ والنہایہ کے حوالہ جات وہابیوں کے مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی نے اپنی کتاب سراجاً منیرا ص۱۲۱، ۱۲۲ پر دیئے ہیں۔

[2] امام الوہابیہ ثناء اللہ امرتسری نے سیرت ابنِ ہشام کے متعلق لکھا ہے کہ حضور سرورِ کائنات احمدِ مجتبےٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سب سے پہلی سوانحعمری ہے۔ (اہلحدیث امرتسر ص۱۳ ۱۲ مئی ۱۹۱۶ء)

marfat.com

جب کفارِ مکہ نے اجتماع کیا اور دارالندوہ میں داخل ہونے کے لیے تیار ہوتے تاکہ رسولِ کریم نے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے متعلق مشورہ کریں۔ علی الصبح ہی تیاری کر کے آئے۔

وَكَانَ ذَالِكَ الْيَوْمُ يُسَمّٰى يَوْمَ الزَّحْمَةِ فَاعْتَرَضَهُمْ اِبْلِيْسُ لَعْنَةُ اللّٰهِ فِيْ هَيْئَةِ شَيْخٍ جَلِيْلٍ عَلَيْهِ بِتٌّ لَهٗ فَوَقَفَ عَلٰى بَابِ الدَّارِ فَلَمَّا رَاَوْهُ وَاقِفًا عَلٰى بَابِهَا قَالُوْا مَنِ الشَّيْخُ قَالَ شَيْخٌ مِنْ نَجْدٍ سَمِعَ بِالَّذِيْ اِجْتَمَعْتُمْ لَهٗ فَحَضَرَ مَعَكُمْ يَسْمَعُ مَا تَقُوْلُوْنَ وَعَسٰى اَنْ لَا يَعْدِمَكُمْ مِنْهُ رَأْيًا وَنُصْحًا قَالُوْا اُدْخُلْ فَادْخُلْ فَدَخَلَ مَعَهُمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ۔

اور اُس دِن کو یوم الزحمۃ قرار دیا گیا۔ تو ابلیس لعنۃ اللہ علیہ ایک بڑی چادر اوڑھ کر بڑے بزرگ جیسی شکل بنا کر دروازے میں آ کھڑا ہوا۔ جب کفارِ مکہ نے اِسے دروازے پر کھڑا دیکھا تو انہوں نے کہا یہ بزرگ کون ہے۔ تو ابلیس نے جواب دیا کہ میں شیخ نجد (نجدی بزرگ) ہوں سُنا تھا کہ تم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف کچھ تیاری کر رہے ہو۔ تو تمہارے ساتھ حاضری دی ہے۔ تاکہ تمہاری تجاویز سنوں۔ شاید تم سے کوئی رائے رہ نہ جائے۔ کفارِ مکہ نے کہا آگے تشریف لائیں۔ تو ابلیس لعنۃ اللہ علیہ کفارِ مکہ کی مجلس میں شامل ہو گیا۔ (سیرت ابنِ ہشام ص۹۳ ج ۲، تاریخِ طبری ص۹۸ ج ۲ البدایہ والنہایہ ص۱۷۵ ج ۳)

شیخ نجد کا نبیٔ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کرنے کے منصوبہ کی تائید کرنا

اس مجلس میں پیارے مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے خلاف انہوں نے جو تجاویز پیش کیں۔ مؤرخین نے ان کا تذکرہ بھی کیا ہے جو کہ ابنِ ہشام

marfat.com

میں درج ہے۔

قَالَ قَائِلٌ مِنْهُمْ اِحْبِسُوْهُ فِی الْحَدِیْدِ وَ اَغْلِقُوْا عَلَیْهِ بَابًا۔

ان میں سے ایک نے کہا کہ محمد کو قید کر کے دروازے کو تالا لگا دو۔

شیطان لعین نے جو کہ شیخ نجد کی شکل میں وہاں موجود تھا اس رائے کو کارآمد قرار نہ دیا۔ جس کا تذکرہ ان الفاظ میں ہے۔

قَالَ الشَّیْخُ النَّجْدِیُّ لَا وَاللّٰهِ مَا هٰذَا لَکُمْ بِرَأْیٍ وَاللّٰهِ لَئِنْ حَبَسْتُمُوْهُ کَمَا تَقُوْلُوْنَ لَیَخْرُجَنَّ اَمْرُهٗ مِنْ وَرَاءِ الْبَابِ الَّذِیْ اَغْلَقْتُمْ دُوْنَهٗ اِلٰی اَصْحَابِهٖ۔

(سیرت ابنِ ہشام ص۹۴ ج ۲، تاریخ طبری ص۹۸ ج ۲)

شیخ نجدی نے کہا خدا کی قسم تمہاری یہ تجویز درست نہیں۔ خدا کی قسم اگر تم نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو قید کر دیا۔ جیسا کہ تمہارا خیال ہے تو محمد کا حکم قید کے اندر سے بھی اس کے صحابیوں تک پہنچتا رہے گا۔

اس میٹنگ میں ایک دوسرے کافر نے رائے دی۔

ثُمَّ قَالَ قَائِلٌ مِنْهُمْ نُخْرِجُهٗ مِنْ بَیْنِ اَظْهُرِنَا مسضیه مِنْ بِلَادِنَا فَاِذَا اُخْرِجَ عَنَّا فَوَاللّٰهِ مَا نُبَالِیْ اَیْنَ ذَهَبَ وَلَا حَیْثُ وَقَعَ اِذَا غَابَ عَنَّا وَ فَرَغْنَا مِنْهُ فَاَصْلَحْنَا اَمْرَنَا وَاَلْفَیْنَا کَمَا کَانَتْ۔

پھر ان میں سے ایک نے رائے دی کہ ہم سب اس کو اپنے خاندان سے نکالدیں گے۔ اور شہروں سے نکال دیں گے جب وہ ہم سے چلا جائے گا۔ تو خدا کی قسم ہم کو پھر کوئی خطرہ نہیں جہاں چاہے جائے۔ جب ہم سے غائب ہو گیا اور ہم اس سے فارغ ہو گئے تو ہم نے اپنا کام ٹھیک کر لیا اور اپنے مقصد کو پہنچ گئے پھر جو ہو گا سو ہو گا۔

اس رائے سے بھی شیطان نے اختلاف اس طرح کیا۔

قَالَ الشَّیْخُ النَّجْدِیُّ لَا وَاللّٰهِ

شیخ نجدی نے کہا نہیں۔ خدا کی قسم

marfat.com

مَا هٰذَا لَكُمْ بِرَأْيٍ اَلَمْ تَرَوْا حُسْنَ حَدِيْثِهٖ وَحَلَاوَةِ مَنْطِقِهٖ وَغَلَبَتَهٗ عَلٰى قُلُوْبِ الرِّجَالِ بِمَا يَأْتِيْ بِهٖ وَاللّٰهِ لَوْ فَعَلْتُمْ ذَالِكَ مَا آمِنْتُمْ اَنْ يَحِلَّ عَلٰى حَيٍّ مِنَ الْعَرَبِ فَيَغْلِبُ عَلَيْهِمْ بِذَالِكَ مِنْ قَوْلِهٖ وَحَدِيْثِهٖ حَتّٰى يُتَابِعُوْهُ عَلَيْهِ۔

یہ تمہاری رائے صحیح نہیں۔ کیا تم اُس کے حُسنِ کلام اور شیریں کلام کو نہیں جانتے جو وہ لاتا ہے اور اُس کا لوگوں کے دلوں پر چھا جانا نہیں دیکھا۔ جو کچھ وہ پیش کرتا ہے۔ خُدا کی قسم تم نے اگر نکالے والا پروگرام کیا۔ تو تمہارے تمام عرب قبیلوں پر چھا جائے گا۔ پھر تم امن و امان میں نہیں رہ سکتے یہانتک کہ تم سبھی کے سب اس کے قول اور حدیث کے تابع ہو جاؤ گے۔ (سیرۃ ابن ہشام ص ۹۴ ج ۲ تاریخ طبری ص ۹۹ ج ۲)

بعدازیں سردارِ کفار ابوجہل نے اپنی رائے کا اظہار اس طرح کیا۔

فَقَالَ اَبُوْجَهْلِ بْنِ هِشَامٍ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لِيْ فِيْهِ لَرَأْيًا مَا اَرَاكُمْ وَقَعْتُمْ عَلَيْهِ بَعْدُ وَقَالُوْا مَا هُوَ يَا اَبَا الْحَكَمِ قَالَ اَرٰى اَنْ نَّاْخُذَ مِنْ كُلِّ قَبِيْلَةٍ شَابًّا فَتِيًّا جَلِيْدًا نَسِيْبًا وَسِبْطًا فِيْنَا ثُمَّ نُعْطِيْ كُلَّ فَتًى مِنْهُمْ سَيْفًا صَارِمًا ثُمَّ يَعْمِدُوْا اِلَيْهِ فَيَضْرِبُوْهُ بِهَا ضَرْبَةَ رَجُلٍ فَيَقْتُلُوْهُ فَتَسْتَرِيْحُ مِنْهُ فَاِنَّهُمْ اِذَا فَعَلُوْا ذَالِكَ تَفَرَّقَ دَمُهٗ فِي الْقَبَائِلِ جَمِيْعًا فَلَمْ يَقْدِرْ

ابوجہل بن ہشام نے کہا کہ خدا کی قسم! محمد (صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم) کے متعلق میری ایک رائے ہے۔ جہاں تک تم ابھی نہیں پہنچے سب نے کہا اے ابوالحکم کیا رائے ہے پیش کیجیے؟ اس نے کہا میری رائے یہ ہے کہ ہر قبیلے سے ایک جوان زبردست خاندانی ہم سے بہترین نکلے اور ہر جوان کے ہاتھ میں تیز دھار تلوار ہم دے دیں۔ پھر وہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ایک ہی بار کر کے جھپٹ پڑیں۔ اور محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو قتل کر دیں۔ اس طرح تم اس سے بے غم ہو جاؤ گے۔

marfat.com

بَنُوْ عَبْدِ مَنَافٍ عَلٰی حَرْبِ قَوْمِهِمْ جَمِیْعًا فَرَضُوْا مِنَّا بِالْعَقْلِ فَعَقَلْنَا۔

اور تمام قبائل میں اس کا خون پھیلا یا جائے۔ بنو عبد مناف کو تمام قوم سے جنگ کرنے کی طاقت نہیں۔ بنو عبد مناف صرف قید کو ہی پسند کریں گے۔ ہم تسلیم کر لیں گے۔

شیطان لعین نے جو اپنے آپ کو شیخِ نجد کہلاتا تھا۔ اس رائے کی پُر زور تائید ان الفاظ میں کی۔

قَالَ یَقُوْلُ الشَّیْخُ النَّجْدِیُّ اَلْقَوْلُ مَا قَالَ الرَّجُلُ ھٰذَا الرَّأْیُ لَا رَأْیَ غَیْرُہٗ فَتَفَرَّقَ الْقَوْمُ عَلٰی ذَالِكَ وَھُمْ مُجْتَمِعُوْنَ لَہٗ۔

شیخ نجدی نے کہا اُس آدمی نے جو کہا ہے۔ یہ رائے بالکل صحیح ہے۔ باقی سب غلط رائے ہیں۔ اسی رائے پر ان کفار کا اجلاس برخاست ہو گیا۔ اور وہ سبھی صرف اور صرف اسی لیے اکٹھے ہوئے تھے۔ (تاریخ طبری صـ ۹۹ ج ۲)

علامہ مجدالدین فیروز آبادی صاحبِ قاموس نے بھی اپنی کتاب مستطاب میں لکھا ہے۔ حضرت ابنِ اسحاق نے فرمایا ہے کہ،

جَآءَھُمْ اِبْلِیْسُ لَعَنَہُ اللّٰہُ فِیْ صُوْرَۃِ شَیْخٍ نَجْدِیٍّ وَاَنَّ اَبَا جَھْلٍ لَعَنَہُ اللّٰہُ لَمَّا اَشَارَ بِقَتْلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ النَّجْدِیُّ ھٰذَا ھُوَ وَاللّٰہِ الرَّأْیُ وَالنَّشَدُ۔

ابلیس لعنہ اللہ شیخ نجدی کی صورت میں آیا اور ابوجہل لعنۃ اللہ علیہ نجب نبیِّ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے قتل کرنے کا قتل مشورہ دیا تو نجدی (شیطان) نے کہا اللہ تعالےٰ کی قسم ہے کہ یہی رائے بالکل درست ہے۔ (الصلات البشر صـ ۱۸۱)

علامہ شاہ فضل رسول بدایونی علیہ الرحمۃ نے بھی لکھا ہے کہ:

"سب سے بڑا فتنہ نجد کے رہنے والوں کا ہے۔ کہ وہ ایک ملک ہے۔ حجاز و عراق کے بیچ میں۔ شیطان ملعون اُسی نجد کے شیخ کی صورت بن کر مکہ کے کافروں کا شریکِ مشورہ ہوا تھا۔ رسول اللہ

marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم کی دشمنی کے لیے اس سبب سے شیطان کو شیخ نجدی کہتے ہیں۔ (سیف الجبار ص۴)

علامہ مصطفیٰ کریمی علیہ الرحمۃ نے وہابیوں کے متعلق رقمطراز ہیں کہ:

وہابی حضرات جاہل اور احمق عربوں میں سے ہیں انہوں نے محمد بن عبدالوہاب نجدی مشرقی کی اتباع کی۔ جو کہ خود بھی بدعتی گمراہ ہے اور گمراہ کرنیوالا ہے۔ انہوں نے اس وقت اس کی اتباع کی جس وقت اس نے ابتدائی خباثتوں کو پھیلایا۔ اس کے متبع میں اندھی تقلید تھی۔ ان میں نہ صحیح فکر اور نہ ہی سیاسی مروت تھی۔ حتیٰ کہ انہوں نے اب اپنا سیاسی مقصد اور شیطانی غرض پالی ہے۔ اس کے متبع اس کی دعوتِ وہابیت کے پھیلنے کے وقت پیاسے جانوروں کی طرح تھے جو ہر بولنے والے کے پیچھے لگ جاتا ہے پس محمد بن عبدالوہاب کے نزدیک کے اس کے متبع اس کی اتباع کرنے کی وجہ سے بچوں کی طرح ہو گئے کیونکہ اس کو یہ معلوم ہو گیا تھا کہ یہ کم عقل ہیں تو ان کو اپنے مقصد میں اپنا مددگار بنا لیا۔ اور مذہب جدیدہ کو ثابت کرنے کا جو اُس نے ارادہ کیا تھا اُس میں بھی ان کو مددگار بنا لیا۔ حالانکہ واضح طور پر شریعتِ مطہرہ کی نیز سیدھا اور آسان راستہ ملت حنفیہ کی مخالفت کرنے والا تھا جب اُس کی بدعقیدگی کی وجہ سے مخالفت کی گئی تو اُس نے صالحین اور بزرگوں کا لبادہ اوڑھ لیا۔ اپنے معتقدین کو پکارا اور ان کو دین کے نام پر چاپلوسی، ملمع سازی سے دھوکہ دیا۔ اس کا ظاہر اچھا تھا مگر باطن سراسر عذاب تھا پس لوگ اُس کی طرف فرداً فرداً اور جماعت کی شکل میں دھوکہ کھا کر فریفتہ ہو گئے۔ (رسالۃ السنیین ص۳)

غیر مقلدین وہابی حضرات ان احادیث شریفہ میں علامات پڑھ کر یہ کہتے ہیں کہ یہ خارجیوں کی علامات ہیں۔ ہم اہلسنت وجماعت بھی تو یہی کہتے ہیں کہ یہ خارجیوں کی ہی علامات ہیں۔ جو نبی غیب دان، سیدِ مرسلاں صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنی زبانِ فیض ترجمان سے بیان فرمائی ہیں۔ اب یہ دیکھنا ہے کہ خوارج کون ہیں؟

وہابیوں کے امام ابنِ تیمیہ کے متعلق بھی علماءِ عظام نے یہ فرمایا ہے کہ وہ خارجی تھا۔ ابنِ قیم ابنِ تیمیہ کے عقیدہ پر ہی تھا۔ بعدازیں محمد بن عبدالوہاب نجدی جس

marfat.com

نے ابنِ تیمیہ کے مشن کو ہی ترویج دی تھی۔ اُمتِ محمدیہ کے جلیل المرتبت محدثین، مفسرین، محققین اور علماءِ ربانی نے بھی شیخ نجدی کو خارجی قرار دیا۔ آج کل کے وہابی جو محمد بن عبدالوہاب نجدی کو شیخ الاسلام، مجددِ اعظم اور ولی اللہ قرار دیتے ہیں۔ وہ بھی یقیناً خارجی ہیں۔ چنانچہ شہر سیالکوٹ کے ایک[1] گروہ کے وہابیوں کی مقتدر شخصیت مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی نے اپنی کتاب "احیاء المیت" میں اپنے فرقہ کے وہابیوں کو اپنے فرقہ کے وہابی مولویوں کے متعلق ہی نصیحت کی ہے جو کہ قابلِ توجہ ہے۔ اُس نصیحت کی اصل عبارت یہ ہے:

"اہلحدیث جماعت اپنے ناقص العلم، غیر محتاط، نام نہاد علماء کی تحریروں اور تقریروں سے دھوکہ نہ کھائے۔ کیونکہ ان میں بعض، تو پرانے خارجی اور بے علم محض اور بعض کانگریسی ہیں۔" (احیاء المیت ص ۳۶)

وہابیوں کا امام اور مجدد ابنِ تیمیہ بھی سرکار علی المرتضےٰ شیرِ خدا، مشکل کشا مولائے کل کائنات رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی شانِ اقدس میں گستاخیاں کیا کرتا تھا۔ جیسا کہ امام المحدثین علامہ ابنِ حجر عسقلانی شارح بخاری نے "الدرر الکامنہ" نامی تصنیفِ لطیف میں اس کا خارجی عقیدہ درج کیا ہے:

قَالَ فِی حَقِّ عَلِیٍّ اَخْطَاءَ فِیْ سَبْعَةَ عَشَرَ شَیْئاً۔

ابنِ تیمیہ نے سرکارِ علی المرتضےٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے بارے میں کہا کہ حضرت علی نے سترہ فتوے غلط دیئے۔ (الدرر الکامنہ ص ۱۵۴ ج ۱ مطبوعہ حیدر آباد غیث الغمام ص ۵ مطبوعہ دہلی)

علامہ ابنِ حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ نے ابنِ تیمیہ کا یہ عقیدہ بھی درج فرمایا ہے کہ:

عَلِیٌّ اَسْلَمَ صَبِیًّا وَالصَّبِیُّ لَا یَصِحُّ اِسْلَامُہٗ۔

حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے بچپن میں اسلام قبول فرمایا تھا۔ اور بچہ کا بچپن میں اسلام قبول

---

[1] مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی کے شاگرد حافظ شریف اور حکیم صادق سیالکوٹی کی پارٹی کے لوگ مولوی ابراہیم صاحب کی زندگی میں ہی کہتے تھے کہ مولوی ابراہیم کا دماغ خراب ہو گیا ہے۔

marfat.com

کرنا صحیح (معتبر) نہیں ہے۔ (الدرر الکامنہ ص۱۵۵ ج ۱)

شیخ الاسلام علامہ ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ نے بھی اپنے فتاویٰ میں ابنِ تیمیہ کا یہ عقیدہ واضح الفاظ میں لکھا ہے کہ؛

اِنَّ عَلِیًّا اَخْطَاءَ فِیْ اَکْثَرَ مِنْ ثَلَاثَ مائۃ مَکَانٍ۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے تین سو سے زائد غلط فتوے دیئے۔

(فتاویٰ حدیثیہ ص۱۰۱ مطبوعہ مصر)

واقعہ کربلا مذہبی نہ تھا بلکہ سیاسی اور حفظ و ناموس کے لیے تھا

سردار الوہابیہ ثناء اللہ امرتسری نے ایک کتاب تصنیفِ جدید یعنی واقعۂ کربلا پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ؛

'اُردو زبان میں یہ پہلی کتاب ہے جس میں نہایت وضاحت سے ثابت کیا گیا ہے۔ کہ واقعۂ کربلا مذہبی نہ تھا بلکہ یہ جنگ محض سیاسی مصلحت اور حفظ و ناموس کی خاطر لڑی گئی۔ علمائے کرام کی تصدیقات بھی کتاب کے آخر میں درج ہیں۔ ہر خوبی سے یہ کتاب قابلِ مطالعہ ہے۔ بلکہ نشر و اشاعت ضروری ہے۔ تین سو نسخے ہم نے تاجروں اور مفت تقسیم کرنے والوں کے لیے مقرر کیے ہیں؛ (اخبار اہلحدیث امرتسر ص۱۱ یکم فروری ۱۹۴۶ء)

قارئینِ کرام! سردار الوہابیہ امرتسری کے تبصرہ میں خارجیت کا اثر بالکل ظاہر ہے۔ اس کی تبلیغ و تشہیر کا ذوق کس جذبہ سے ہے اور سرکارِ سیدنا امام عالیمقام امام حسین رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی عظمت و رفعت اور شان و شوکت لوگوں کے دلوں سے ختم کرنے اور یزید پلید کی حمایت کی نشر و اشاعت کی اپیل کس انداز سے کی گئی ہے۔

لہ وہ علماء وہابی ہی ہوں گے۔ حالیہ دور میں پاکستان کے ایک خارجی نے ایک کتاب خلافت رشید بن رشید لکھی ہے۔ اس کتاب کی تائید بھی دیوبندی اور غیر مقلد وہابی مولویوں نے کی ہے۔

marfat.com

یزید سے سرکار امام حسین رضی اللہ عنہ کا مقابلہ حکومت اور ریاست کے حصول کے لیے تھا

وہابیوں کے مشہور مولوی ابوالنعیم محمد عبدالعظیم حیدرآبادی کا ایک مضمون امام الوہابیہ ثناء اللہ امرتسری نے اپنے اخبار اہلحدیث امرتسر میں شائع کیا ہے۔ جس میں اعلانیہ طور پر خارجیت کا پرچار اور یزیدیت کا اظہار ان الفاظ میں کیا ہے۔

'حضرت امام حسین اور یزید کا مقابلہ یہ جملہ مقابلے حکومت و ریاست کی غرض سے ہوتے۔' (اہلحدیث امرتسر ص ۱۴ ۲ ستمبر و یکم اکتوبر ۱۹۰۹ء)

ابو یزید محمد دین بڑے سرکار امام عالیمقام شہزادۂ گلگوں قبا، راکبِ دوشِ مصطفیٰ سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شانِ اقدس میں گستاخیاں اور بے باکیاں کرتے ہوئے خلافت رشیدیہ[1] بن رشید میں لکھتا ہے:

'سیدنا حسین حکومت کو بچوں کا کھیل سمجھتے ہوئے کسی کی کچھ پرواہ نہ کرتے تھے۔ اور بزرگوں کے سمجھانے کے باوجود بھی بعض اوقات جو دل میں آتا کر گزرتے تھے۔' (خلافتِ رشید ابن رشید ص ۲۰۴)

عظمتِ حسین کا انکار

حضرت حسین تو آنحضور صلعم (صلی اللہ علیہ وسلم) کے سفرِ عقبیٰ کے وقت پانچ سال کے معصوم بچے تھے۔ ان کو جلیل القدر صحابی کہنا محض غلط ہے۔' (خلافتِ رشید بن رشید ص ۱۵۶)

سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا اسلام کے خلاف اصول

سیدنا حسین کا بیعت سے انکار کرنا۔ اس لیے تھا کہ آپ اپنے آپ کو امیر سے بہتر سمجھ کر خلافت کو اپنا حق سمجھتے تھے۔

---

[1] خلافت رشید بن رشید دیوبندی اور غیر مقلد وہابی مولویوں کی مصدقہ کتاب ہے۔ کیونکہ اس کے پیچھے ان فرقوں کے مولویوں کے تقاریظ موجود ہیں۔

marfat.com

جس کا ثبوت کتاب ہذا میں کافی سے زیادہ پہنچا دیا گیا ہے۔ لہٰذا یہ اصول اسلام کے خلاف ہے۔ کہ کسی ایک نیک ہستی کے ذاتی خیالات اور رائے کو جمہور اُمت کے خلاف دین کا مقام دے دیا جائے۔ (خلافتِ رشید بن رشید ص ۱۳۳)

امیر المومنین یزید کی مخالفت کے لیے سیدنا حسین سیدنا معاویہ کی وفات کے منتظر تھے۔ جونہی انہیں سیدنا معاویہ کی رحلت کی خبر ملی تو اپنے دِلی مقصد کی برآوری کے لیے اُٹھ کھڑے ہوئے۔ امیر کی اطاعت سے گریز اور اپنی خلافت کی طلب کے نتائج پیدا ہونے تک آپ نے جو کچھ کیا وہی دراصل اس تمام سلسلہ کی رُوحِ رواں ہے۔ جسے سمجھ لینے کے بعد قارئین بآسانی اُس نتیجہ پر پہنچ جائیں گے کہ سیدنا حسین نے خود ہی ایسے حالات پیدا کئے تھے۔ جو بالآخر واقعہ کربلا پر منتج ہوئے۔ (خلافت رشید بن رشید ص ۱۸۶)

یزید کی خلافت سیدنا علی المرتضےٰ کی خلافت سے اولیٰ تھی

سیدنا حسین کوفی تفرقہ بازوں کے سہارے سرکردہ مسلمانوں کی مرضی کے خلاف حکومت کا تختہ اُلٹنے کے لیے کوفہ روانہ ہوگئے۔ یہ وہ باتیں ہیں جنہیں تاریخ سے دلچسپی رکھنے والے مسلمان اچھی طرح جانتے ہیں۔ یہ تاریخی حالات واضح طور پر ثابت کرتے ہیں کہ امیر المومنین یزید کی خلافت سیدنا علی کی خلافت سے بوجہ خانہ جنگی کے بدرجہا اولیٰ اور اتفاق کی حامل تھی۔ (خلافت رشید بن رشید ص ۲۳۰)

خلافت کا جھگڑا

اہلِ حق قارئین! حقیقت سورج کی طرح روشن ہے کہ سب خلافت حاصل کرنے کا جھگڑا تھا۔ اور خلافت کی آرزو میں کربلا کا حادثہ پیش آیا۔ (خلافتِ رشید بن رشید ص ۲۳۸)

یزید صالح تھا اور دُنیائے اسلام میں اُس کا کردار بہت بلند تھا

ابو یزید محمد دین بٹ کی اسی کتاب 'خلافت رشید بن رشید' کے آخر میں فرقہ وہابیہ کے خارجی مولوی

marfat.com

عبدالحمید خطیب شیخوپورہ یزید کی حمایت میں اپنی یزیدیت اور خارجیت کا اظہار کرتے ہوئے لکھتا ہے :

"اسلام میں یزید بن معاویہ وہ پہلے شخص تھے۔ جنہوں نے عربوں کے دِل جیت کر بہادر ترین عرب کا خطاب حاصل کیا۔ اس بہادر اور صالح امیر یزید کے بارے میں تو دُنیا کو یہاں تک غلط راہ پر ڈال دیا گیا ہے۔ کہ آج اسلام کے سپوت کا نام لینا بھی بڑی جُرأت اور صبر آزمائی کا کام ہے۔ میری دانست میں دُنیائے اسلام کے اس بہادر ترین عرب امیر یزید کا کردار بہت بلند تھا۔"

(خلافت رشیدہ بن رشید ص ۳۵۴)

یزید مظلوم شخصیت ہے

غیر مقلدین حضرات کے ابوعتیق[1] امین خادم آف کامونکے یزید پلید کی تعریف اور اس کو امیر المومنین تسلیم کرتے ہوئے اپنی خارجیت کا اظہار اس طرح کرتے ہیں کہ :

"شیعہ حضرات نے اس کے لیے ایک مظلوم شخصیت جناب امیر المومنین حضرت یزید کو ملزم گردانا اور یہاں تک کہہ دیا کہ شہادت اِمام حسین حضرت یزید بن معاویہ کے حکم کے مطابق تھی۔ جس کے لیے یہ شخصیت قابلِ صد احترام آج تک لعن وطعن بنی ہے۔"

(معارف یزید ص ۳۴، حصہ دوم)

یزید خلیفۂ حق ہے

ابوعتیق محمد امین وہابی نے "معارف یزید" کتاب میں یہ بھی لکھا ہے کہ :

"حضرت مولانا ثناء اللہ صاحب امرتسری سردار جماعت اہلحدیث

---

[1] غیر مقلد وہابی ابوعتیق محمد امین خادم کی کتاب "معارفِ یزید" انجمن شبان اہلحدیث (رجسٹرڈ) کامونکے نے شائع کی ہے۔ (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

نے بھی یزید کو خلیفہ برحق تسلیم کیا ہے۔ اخبار اہلحدیث یکم جون ۱۹۱۷ء فتاویٰ ص ۳۰۹۔ (معارف یزید صفحہ دوم، اہلحدیث امرتسر ص ۲ ر جولائی ۱۹۳۹ء)

وہابیہ نجدیہ کے مرکزی مدرسہ رحمانیہ دہلی کے مدرس مولوی عبیداللہ مبارکپوری سرکارِ امام عالیمقام سیدنا حسین رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی شانِ اقدس میں توہین آمیز کلمات لکھتے ہیں کہ:

"معتبر تاریخی روایات سے معمولی سمجھ کا آدمی بھی یہ نتیجہ اخذ کرنے پر مجبور ہے کہ کربلا کا واقعہ محض اس لیے پیش آیا کہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے قطعاً دور اندیشی اور تدبیر سے کام نہیں لیا۔ محض بہی خواہوں کے مشوروں کو ٹھکرا دیا۔ حالات و واقعات سے آنکھیں مُوند لیں:

ہمارے نزدیک (یعنی وہابیوں کے نزدیک) حضرت حسین نے بے موقعہ اور بے محل و بلا ضرورت و افتراق اور شقاق و عداوت پیدا ہوگئی اور اُمتِ اسلامی کا شیرازہ بکھر گیا۔" (خلافتِ رشید بن رشید ص ۲۳۵)

سانحہ کربلا سیاسی تھا

وہابیہ نجدیہ کے مولوی ابوسعید شرف الدین دہلوی بھی کربلا کے اس جانکاہ واقعہ کو سیاسی قرار دیتے ہوئے اپنی خارجیت کا اظہار اس طرح کرتے ہیں:

"یعنی یہ کہ واقعہ کربلا مذہبی جنگ نہ تھی۔ اوّل میں محض سیاست اور آخر میں حفظِ ناموس کی تھی۔ جو لوگ اسے مذہبی بتاتے ہیں۔ انہیں معلوم نہیں اس میں کیا قباحت ہے۔" (خلافتِ رشید بن رشید ص ۲۳۱)

وہابیہ نجدیہ کی معروف شخصیت مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی کے شاگرد اور جمعیتِ وہابیہ کے ناظمِ اعلیٰ مولوی اسماعیل سلفی کانگریسی آف گوجرانوالہ بھی خارجیوں کی لسٹ میں یزید پلید کو امیرالمومنین تسلیم کرتے ہوئے اپنا نام اس طرح

قطب الدین دہلوی — مصنف مظاہرِ حق نے اپنی کتاب میں لکھا ہے۔

marfat.com

درج کرتے ہیں کہ:

'امیر المومنین یزید کی تکفیر اور ان پر لعنت کرنے کو کوئی بھی سمجھ دار اور اہلِ عقل ٹھیک نہیں سمجھتا۔' (خلافت رشید بن رشید ص ۳۶۱)

مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی کو اپنے شاگرد کی ذہنیت کا علم تھا۔ تب ہی تو انہوں نے اپنی کتاب 'احیاء المیت' میں یزیدی روح اور خارجی ذہنیت کی اصلاح کی سُرخی دے کر اسماعیل کی زیرِ نگرانی 'الاعتصام' گوجرانوالہ شائع ہونے والے رسالہ اور اخبار اہلحدیث سوہدرہ عبدالمجید سوہدروی کی زیرِ نگرانی شائع ہونے والے رسالہ کے مضامین پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے:

'جریدۂ اہلحدیث سوہدرہ میں تو علی التواتر اور اخبار اہلحدیث گوجرانوالہ میں موسمی انقلاب کے طور پر بعض مضامین ایسے شائع ہوتے رہتے ہیں۔ اور بعض ناقص العلم[1] اہلحدیث مناظر اور مقرر ایسی تقریریں بھی کرتے رہتے ہیں جن سے بُرے نتائج نکلنے کا خطرہ ہے۔'

(احیاء المیت ص ۳۴)

قارئین کرام! مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی کا یزیدی رُوح اور خارجی ذہنیت کی اِصلاح' کی سُرخی دینا یقیناً معنے رکھتا ہے۔ ان کو علم تھا کہ اسماعیل آف گوجرانوالہ اور عبدالمجید سوہدروی جو کہ دونوں ان کے شاگرد ہیں۔ ان میں خارجیت کا اثر ضرور ہے۔ تب ہی تو یہ سُرخی دے کر ان کو نصیحت کی ہے۔

سفرِ کربلا حصولِ اقتدار کے لیے تھا

وہابیہ نجدیہ کے ابو عتیق محمد امین آف کامونکے نے سرکار امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سفر کربلا معلےٰ کو اقتدار کا سفر قرار دیتے ہوئے لکھا ہے کہ

'حضرت کا یہ سفر کافروں کے ساتھ جنگ کرنے کے لیے نہیں تھا

---

[1] اس سے معلوم ہوا کہ وہابیوں میں ناقص العلم مناظر بھی ہیں۔

marfat.com

بلکہ خلافت کو اپنا حق خیال کرتے ہوئے اقتدار کی خاطر حضرت اِمام حسین نے یہ سفر اُختیار کیا تھا۔ (معارفِ یزید ص۱۰۱ ج۱)

شہادتِ حُسین کا استہزاء

وہابیہ نجدیہ کے ابوعتیق نے سرکار سیدنا اِمام عالیمقام اِمام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا استہزاء اُڑاتے ہوئے لکھا ہے کہ:

"غور کریں کہ وہ کونسا اِسلام ہے جو حضرت اِمام کی شہادت سے زندہ ہوا ہے۔ اگر نہ شہید ہوتے تو اِسلام مُردہ ہو جاتا۔"

(معارفِ یزید ص۱۲ ج۱)

واقعہ کربلا سے اسلام مُردہ ہوا ہے

نجدی خارجی نے واقعہ کربلا کو اِسلام کو مُردہ کر دینے والا لکھا ہے کہ:

"اگر بنظرِ غور دیکھا جائے تو صاف روشن ہے کہ واقعہ کربلا نے اِسلام زندہ کرنے کی بجائے اِسلام کو مُردہ کر دیا ہے۔" (معارفِ یزید ص۱۵ ج۱)

یزید اِمامِ حق ہے

نجدی نے یزید کو اِمامِ حق قرار دیتے ہوئے لکھا ہے کہ:

"چونکہ آپ (حضرت اِمام حسین) نے اِمامِ حق کے خلاف خروج کیا تھا۔" (معارفِ یزید ص۱۳)

قارئینِ کرام! وہابیہ نجدیہ کے مولویوں نے کس دلیری اور جرأت سے اپنی خارجیت سے اپنی کیا ہے اور سیدنا اِمام ہمام عالیمقام حضرت حسین رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے بُغض، عناد اور کینہ کا ثبوت دیا ہے۔

خُدا محفوظ رکھے ہر بلا سے!
خصوصاً وہابیت کی وبا سے

سلف صالحین کی شہادتیں

وہابیوں کے خارجی ہونے کے بارے میں اسلاف نے اپنی کتب میں تحریر فرمایا ہے۔

marfat.com

چنانچہ زبدۃ المفسرین علامہ احمد صاوی رحمۃ اللہ الباری اِنَّ الشَّیْطٰنَ لَکُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْہُ عَدُوًّا[1] آیۃ کریمہ کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

وَقِیْلَ ھٰذِہِ الْاٰیَۃُ نَزَلَتْ فِی الْخَوَارِجِ الَّذِیْنَ یُحَرِّفُوْنَ تَاوِیْلَ الْکِتَابِ وَالسُّنَّۃِ وَیَسْتَحِلُّوْنَ بِذٰلِکَ دِمَاءَ الْمُسْلِمِیْنَ وَاَمْوَالَھُمْ کَمَا ھُوَ مُشَاھَدٌ الْاٰنَ فِیْ نَظَائِرِھِمْ وَھُمْ فِرْقَۃٌ بِاَرْضِ الْحِجَازِ یُقَالُ لَھُمُ الْوَھَابِیَّۃُ یَحْسَبُوْنَ اَنَّھُمْ عَلٰی شَیْءٍ اَلَا اِنَّھُمْ ھُمُ الْکَاذِبُوْنَ اِسْتَحْوَذَ عَلَیْھِمُ الشَّیْطٰنُ فَاَنْسٰھُمْ ذِکْرَ اللّٰہِ اُولٰٓئِکَ حِزْبُ الشَّیْطٰنِ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّیْطٰنِ ھُمُ الْخٰسِرُوْنَ نَسْئَلُ اللّٰہَ الْکَرِیْمَ اَنْ یَّقْطَعَ دَابِرَھُمْ۔

علماء نے فرمایا ہے کہ یہ آیت ان خارجیوں کے حق میں نازل ہوئی ہے جو قرآنِ پاک اور حدیث شریف کی تاویل میں تحریف کرتے ہیں۔ اور پھر اس تحریف کے ذریعہ مسلمانوں کے خون بہانے اور مال و متاع لوٹ لینے کو جائز قرار دیتے ہیں جیسا کہ انہی جیسے لوگوں سے اس زمانہ میں بھی مشاہدہ میں آیا ہے۔ یہ لوگ سرزمینِ حجاز میں ایک فرقہ ہے جنہیں وہابی کہا جاتا ہے۔ ان کا خیال ہے کہ حق پر وہی ہیں۔ حالانکہ درحقیقت یہ لوگ جھوٹے ہیں۔ شیطان نے انہیں بہکا کر اللہ تعالیٰ کی یاد سے بھلا دیا ہے۔ یہ لوگ شیطانی گروہ ہیں۔ اور حقیقتاً شیطانی گروہ کے لوگ ہی خسارہ میں رہنے والے ہیں۔ ہم اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ ان کی جڑ کاٹ دے۔ (الصاوی علی الجلالین ص۔ مطبوعہ مصر)

علامہ شامی علیہ الرحمۃ کی گواہی

حضرت علامہ ابن عابدین شامی علیہ الرحمۃ ملتِ اسلامیہ کے باغیوں کے متعلق بیان کرتے ہوئے محمد بن عبدالوہاب نجدی کو بھی ملتِ اسلامیہ کا باغی قرار دیتے ہوئے پُرزور الفاظ میں لکھتے ہیں کہ:

---

[1] پ۲۲ س فاطر ع ۱

marfat.com

كَمَا وَقَعَ فِيْ زَمَانِنَا فِيْ اتباع ابن عَبْدالْوَهَّابِ الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ نَجَدٍ وتغلّبوا عَلَى الْحَرَمَيْنِ وَكَانُوْا ينتحلون مذهب الحنابلة لاكنّهُمْ اعتقدوا انّهم هُمُ المسلمون وَ انّ من خالف اعتقادهُمْ مشرِكُوْنَ وَاستباحُوْا بِذَالِكَ قتل اهل السُّنَّةِ وَعلماءِهم حَتّٰى كسر الله شوكتهم وحزبِ بلادهمْ وَظفر بهم عساكر المسلمين عام ثلاث و ثلاثين وَمائتين والف۔

جیسے ہمارے زمانہ میں ابنِ عبدالوہاب کے متبعین کا وقوع ہوا کہ یہ لوگ نجدی سے اُٹھے اور انہوں نے حرمین شریفین (مکہ مکرمہ۔ مدینہ منورہ) پر غلبہ حاصل کرلیا۔ یہ لوگ خود کو حنبلی مذہب کی طرف منسوب کرتے تھے لیکن ان کا عقیدہ تھا کہ مسلمان صرف وہی ہیں جو کوئی ان کے اسی بناء پر ان لوگوں نے مسلمانانِ اہلسنت اور ان کے علماء کو قتل کرنا جائز قرار دیا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی شوکت کو ختم کردیا۔ ان کے شہروں کو برباد کردیا۔ اور اسلامی افواج کو ان پر فتح دی۔ اور یہ واقعہ ۱۲۳۳ھ میں وقوع پذیر ہوا۔ (شامی شریف صـــ ج مطبوعہ مصر)

علامہ قطب الدین دہلوی صاحب مظاہرِ حق نے بھی اپنی کتاب میں غیر مقلدین (جو کہ اپنے آپ کو محمدی بھی کہلاتے ہیں) کو خارجی قرار دیا ہے۔ سو ایسا ہی وہ لامذہب جو برخلاف ساری اُمتِ مرحومہ کے ہو کر کہے کہ میں اور جو میری طرح مذہبوں سے الگ ہو کر اتباعِ حدیث کا کرے وہ محمدی ہے۔ اور باقی لوگ خاص محمدی نہیں۔ سو ایسے خارجیوں اور رافضیوں سے ترک موافقت لازم ہے۔

حاشیہ توفیر الحق صـــ ۶۳، ۶۴)

دوسرے مقام پر بھی تحریر فرماتے ہیں کہ:

یہ فرقہ خارجی، معتزلی، منکر علماء اور اولیاء کا بے شک اہلسنت وجماعت سے باہر ہے۔ ان کے ساتھ نہ صوفی ہیں۔ نہ فقہاء۔ یہ امام خود پسندی ہیں خراب اور گمراہ۔ یا آنکہ نہ صوفیہ میں جگہ اور نہ فقیہوں میں ٹھکانا اور نہ خلف اور سلف کے

marfat.com

ذکر کرنے میں۔ (حاشیہ توفیر الحق ص ۶۷، ۶۸)

مولوی محمد تھانوی دیوبندی

جو کہ دیوبندیوں کے اکابرین میں سے ہیں۔ نسائی شریف کے حاشیہ میں لکھتے ہیں: کہ

کما سیمرق السہم الخ یرید ان دخولهم ای الخوارج فی الاسلام ان الذین یدینون دین عبد الوهاب النجدی یسلکون سالکه فی الاصول والفروع ویدعون فی بلادنا باسم الوهابیین وغیر المقلدین ویزعمون ان تقلید احد الائمة الاربعة رضوان الله علیهم اجمعین شرک وان من خالفهم هم المشرکون ویستحیون قتلنا اهل السنة وسبی نسائنا وغیر ذالک من العقائد الشنیعة التی وصلت الینا منهم بواسطة الثقات وسمعنا ها بعض منهم ایضا هم فرقة من الخوارج وقد صرح به العلامة الشامی فی کتابه رد المختار وقد قول صاحب الدر المختار۔

(حاشیہ نسائی شریف ص ۲۶۰ ج ۱، از شیخ محمد تھانوی مطبوعہ مجتبائی)

نبی غیب دان احمد مجتبےٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے خارجیوں کے متعلق ارشاد فرمایا ہے اور وہ ارشاد کتب احادیث کی مستند کتاب طبرانی شریف میں درج ہے۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسولِ پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا الخوارج کلاب النار خارجی دوزخ کے کتے ہیں۔

(طبرانی شریف ص ۱۱۷ ج ۲ مطبوعہ مصر حیواۃ الحیوان ص ۶ ج ۱)

اب تو کسی قسم کا شبہ اور شک اس حقیقت کو تسلیم کرنے میں نہیں ہوگا کہ وہابی نجدی خارجی ہیں۔ ان کے خارجی ہونے کا ثبوت وہابی مولویوں کی عبارتیں اور تحریریں ہی پیش کر رہی ہیں۔

marfat.com

نجدیوں کے عقائدِ باطلہ

اور نظریاتِ فاسدہ

نبیؐ پاک کی شفاعت اور وسیلہ کارگر نہیں

سردار محمد حسنی بی۔اے مورخ نے بھی وہابیوں کے مختصر عقائد اس طرح درج کیے ہیں کہ:

"دیگر مسلمان حیات النبی کا کامل عقیدہ رکھتے ہیں۔ لیکن وہابیوں کا اعتقاد یہ ہے کہ حضور سرورِ کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام عام انسانوں کی طرح اس دارِ فانی سے رحلت فرما چکے اور اب انہیں اس دنیا اور اس کے محصوں سے کوئی تعلق نہیں۔ نہ وہ دنیا کے امورات کے متعلق تصرف و اقتدار رکھتے ہیں۔ اور نہ ہی اُن کی شفاعت اور وسیلہ کارگر ہے عام مسلمان حضور رسولِ مقبول صلعم (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود و سلام نماز کا جزوِ لاینفک سمجھتے ہیں۔ لیکن قدیم وہابی درود کو نہ نماز کا ضروری جزو سمجھتے تھے نہ ہی کار آمد و فائدہ مند۔

ایصالِ ثواب کے منکر

عام مسلمان ختم و درود میں ایصالِ ثواب کے قائل ہیں۔ اور اولیاء اللہ کے مزارات و تبرکات سے اکتسابِ فیضانِ روحانی کے معتقد ہیں۔ لیکن وہابی حضرات صریح اور صاف طور پر ان دونوں باتوں کا اعلانیہ انکار کرتے ہیں۔

تصوّف اور طریقت کا انکار

عام مسلمان سلسلہ ہائے طریقت، فنِ تصوّف اور پیروں فقیروں کو بہت محبت و احترام

marfat.com

کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ وہابی سرے سے اُن کے قائل ہی نہیں۔

مُسلمانوں کو یہودیوں اور عیسائیوں سے بدتر سمجھنا

عام مسلمانوں اور وہابیوں میں جُزوی اور غیر اہم اختلافات اور بھی ہیں۔ نجدی وہابی اپنے عقائدِ مخصوصہ میں اسقدر غلو کرتے ہیں کہ اپنے سوا دیگر مسلمانوں کو مشرک اور یہودی اور عیسائیوں سے بدتر سمجھتے ہیں۔

(سوانح حیات سُلطان ابن سعود ص۹۴-۹۵)

یارسول اللہ کہنے والا مُشرک ہے

وہابیوں کی شہرۂ آفاق کتاب تحفہ وہابیہ میں درج ہے کہ:

"اگر کوئی حق نہ ماننے والا اور راستی کو قبول نہ کرنے والا یہ اعتراض کرے کہ تم جو قطعی طور پر کہتے ہو کہ جو کوئی یوں کہے یارسول اللہ میں آپ سے شفاعت چاہتا ہوں تو وہ شخص مُشرک ہوگا۔ اور اُس کا خون مُباح ہوگا۔ لہٰذا اس صورت میں غالب اُمتِ محمدیہ کو کافر کہنا پڑے گا۔ کیونکہ ان کے معتبر علماء نے اس بات کو مندوب و جائز قرار دیا ہے بلکہ جو اس کے برخلاف کہے اُنہوں نے اس کی ملامت کی ہے ایسے لوگوں کو ہم کافر کہتے ہیں۔ ان میں غالب حصّہ ان لوگوں کا ہے جن سے آج کل ہم جنگ کر رہے ہیں۔"

(تحفہ وہابیہ ص۶۸-۶۹)

اُمّہات المومنین کے مزارات پر حاضری اور توسّل سے دُعا کرنے پر ہنگامہ

سردار محمد حسنی بی۔ اے وہابیوں کے تعصب اور عناد کا ایک واقعہ لکھتے ہیں کہ: "شیخ سنوسی ترکی سے آئے۔ یہ بڑے متقی اور پرہیزگار تھے۔ اور زُہد اور عبادت کی وجہ سے اقصائے عالم میں شہرت رکھتے تھے۔ ان کے مریدلاکھوں کی تعداد میں حجاز اور دُنیا کے مختلف حصوں میں موجود تھے۔ اپنی عادت کے مطابق وہ اُمہات المومنین کے مزارات پر حاضر ہوتے۔ اور شفاعت کے

marfat.com

لیے دُعا کی۔ وہابی مرے سے شفاعت کے قائل ہی نہیں۔ جب اُنہیں شیخ سنوسی کی دُعائے شفاعت کا عِلم ہوا تو وہ بہت برافروختہ ہوئے۔ اور کہنے لگے کہ شیخ سنوسی نے ایک بہت بڑے گناہ کا ارتکاب کیا ہے۔ وہابیوں کے اعتراضات سے مشتعل ہوکر شیخ سنوسی نے بھی اُن کی بہت سی باتوں پر رائے زنی کی۔ فریقین میں اشتعالِ طبع اس قدر بڑھا کہ قتل اور نقصِ امن کا احتمال پیدا ہوگیا۔ لیکن ابنِ سعود نے فریقین کو سمجھا بجھا کر ٹھنڈا کیا۔ اس طرح پر یہ فتنہ بھی فرو ہوگیا۔ (سوانح حیات ابنِ سعود ص۱۶۶)

نبیٔ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے توسّل کفر ہے

علامہ احمد دحلان مکی علیہ الرحمۃ نے تحریر فرمایا ہے:

يَخْطُبُ لِلْجُمُعَةِ فِيْ مَسْجِدِ الدِّرْعِيَّةِ وَيَقُوْلُ فِيْ كُلِّ خُطْبَةٍ وَمَنْ تَوَسَّلَ بِالنَّبِيِّ فَقَدْ كَفَرَ۔

ابنِ عبدالوہاب مسجد درعیہ میں خطبہ پڑھا کرتا تھا اور کہتا کہ جو شخص نبیٔ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے توسّل کرے وہ کافر ہے

(الدرر السنیہ ص۳۹ مطبوعہ استنبول)

وہابیہ نجدیہ کے احمد عبدالغفور عطار نے وہابی تحریک اور اُس کے خصائص کی سُرخی دے کر لکھا ہے کہ:

"بلاشبہ قبے اور قبریں بُت پرستی اور خرافات و بدعات کا منبع ہیں"۔ (محمد بن عبدالوہاب ص۱۶۵)

"فوت شدہ اولیاء کی تعظیم منع ہے"۔ (محمد بن عبدالوہاب ص۲۱۱)

"غیراللہ کو پکارنا حرام ہے"۔ (محمد بن عبدالوہاب ص۸)

تَعْظِيْمُ الصَّالِحِيْنَ مِنْ اَسْبَابِ الْهَلَاكِ۔ نیک بندوں کی تعظیم کرنا تباہی و ہلاکت کے اسباب اور ذریعوں میں سے ہے۔

(التجدید شرح کتاب التوحید ص۱۲۶)

اَلتَّعْظِيْمُ نَوْعٌ مِنَ الْعِبَادَةِ تعظیم کرنا عبادت کی قسم سے ہے۔

marfat.com

(الجدید شرح کتاب التوحید ص۱۳۲ از محمد بن عبدالعزیز)

تَحْرِیْمُ زِیَارَۃِ قَبْرِ النَّبِیِّ (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ) عَلٰی وَجْہٍ مَخْصُوْصٍ فِیْ زَمَنٍ مَخْصُوْصٍ وَکَذَالِکَ زِیَارَۃُ کُلِّ قَبْرٍ۔

نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی قبر پاک کی زیارت مخصوص زمانے اور مخصوص طریقے پر حرام ہے۔ اور اسی طرح تمام قبروں کی زیارت بھی حرام ہے۔

(الجدید شرح کتاب التوحید ص۱۴۰)

اِنَّ زِیَارَۃَ قَبْرِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالتَّوَسُّلَ بِہٖ وَبِالْاَنْبِیَاءِ وَالْاَوْلِیَاءِ وَالصَّالِحِیْنَ وَزِیَارَۃَ قُبُوْرِھِمْ شِرْکٌ۔

نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی قبر پاک کی زیارت اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا وسیلہ اور انبیاء اولیاء اور صالحین کا وسیلہ اور ان کی قبر مبارک کی زیارت شرک ہے۔

(فتنہ الوہابیہ ص۶۶)

اِنَّ نِدَاءَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عِنْدَ تَوَسُّلٍ بِہٖ شِرْکٌ۔

بے شک نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ کے وقت ندا کرنا (پکارنا) شرک ہے۔

(فتنہ الوہابیہ ص۶۶)

نِدَاءُ غَیْرِہٖ مِنَ الْاَنْبِیَاءِ وَالْاَوْلِیَاءِ وَالصَّالِحِیْنَ عِنْدَ التَّوَسُّلِ بِھِمْ شِرْکٌ۔

نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے علاوہ انبیاء، اولیاء اور صالحین کو بھی توسل کے وقت پکارنا شرک ہے۔ (فتنہ الوہابیہ ص۶۶)

کتاب دلائل الخیرات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق غلو سے پُر ہے۔

(حاشیہ کتاب محمد بن عبدالوہاب ص۶۷ از احمد عبدالغفور عطار)

'علماء اولیاء اور صالحین کی ذات سے توسل کو جائز سمجھنے سے بلاشبہ بدعات کا دروازہ کھلتا ہے'۔ (حاشیہ محمد بن عبدالوہاب ص۱۸۰)

'تعویذ اور دھاگا گٹ وغیرہ پہننا شرک ہے'۔

(الجدید شرح کتاب التوحید ص۱۵۳ از محمد بن عبدالعزیز القرعاوی)

marfat.com

"قرآنِ پاک کی آیات سے لکھا ہوا تعویذ بھی حرام ہے"
(الجدید شرح کتاب التوحید ص۵۹)

تَحْرِیْمُ قَصْدِ قَبْرِ النَّبِیِّ (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ) لِاَجْلِ الدُّعَاءِ وَکَذَا کُلُّ قَبْرٍ۔

نبیِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر پاک کی زیارت دعاء کے لیے قصداً کرنا حرام ہے۔ اور اسی طرح تمام قبروں کے لیے ہے۔ (الجدید ص۱۴۲ مطبوعہ ریاض)

مَنْ شَدَّ الرِّحَالَ لِقَصْدِ الْقَبْرِ فَقَدْ خَالَفَ اَمْرَ النَّبِیِّ۔

جس نے نبیِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی قبر پاک کی زیارت کے لیے سفر کیا پس اُس نے نبیِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی مخالفت کی۔
(الجدید شرح کتاب التوحید ص۱۴۲)

اِنَّہٗ مَوْضِعُ قَدَمَیِ الرَّحْمٰنِ

کرسی رحمان کے قدموں کی جگہ ہے۔
(الجدید شرح کتاب التوحید ص۱۱)

ناظرینِ کرام! نجدیوں کی کتابوں سے ہی نجدیوں کے نظریاتِ باطلہ اور عقائدِ فاسدہ کو بالاختصار درج کیا گیا ہے۔ تفصیلاً عقائد آئندہ صفحات پر عقائد کے بیان میں درج کیے جا رہے ہیں۔

اب نجدیوں کے سردار محمد بن عبدالوہاب نجدی کے متعلق دیوبندی اکابر کی رائیں پیش کی جاتی ہیں۔

marfat.com

محمد بن عبدالوہاب نجدی کے متعلق اکابر دیوبند کی رائیں!

انور شاہ کشمیری

دیوبندی حضرات کے شیخ الحدیث انور شاہ کشمیری امام الوہابیہ محمد بن عبدالوہاب نجدی کے متعلق مقدمہ فیض الباری شرح صحیح البخاری میں رقمطراز ہیں کہ:

فَاِنَّهٗ كَانَ رَجُلًا بَلِيْدًا قَلِيْلُ الْعِلْمِ فَكَانَ يُسَارِعُ اِلَى الْحُكْمِ بِالْكُفْرِ۔

وہ کم فہم اور کم علم آدمی تھا۔ پس اسی وجہ سے وہ فوراً کفر کا فتوے لگا دیتا تھا۔
(مقدمہ فیض الباری)

مولوی خلیل احمد انبیٹھوی

جو کہ مولوی رشید احمد گنگوہی کے دستِ راست اور شاگرد بھی تھے اپنی کتاب التبیسات میں محمد بن عبدالوہاب نجدی اور اُس کے متبعین (وہابیوں) کو خارجی قرار دے کر لکھتے ہیں کہ:

'وہ اپنے فرقہ کے سوا تمام عالم کے مسلمانوں کو مشرک جانتے ہیں۔ اور اہلسنت وعلماءِ اہلسنت کا قتل اُن کے نزدیک مباح ہے۔'
(التبیسات ص۱۳ مطبوعہ دیوبند، المہند ص۱۸، ۱۹)

مولوی حسین احمد کانگرسی

جو کہ دیوبندی حضرات کے نزدیک نہایت ہی معتدر شخصیت ہیں رقمطراز ہیں کہ:

'صاحبو! محمد بن عبدالوہاب نجدی ابتداءِ تیرھویں صدی میں نجد

marfat.com

عرب سے ظاہر ہوا۔ اور چونکہ خیالاتِ باطلہ اور عقائدِ فاسدہ رکھتا تھا۔ اس لیے اُس نے اہلسنّت وجماعت سے قتل وقتال کیا۔ ان کو بالجبر اپنے خیالات کی تکلیف دیتا رہا۔ اور ان کے اموال کو غنیمت کا مال اور حلال سمجھا گیا۔ ان کے قتل کرنے کو باعثِ ثواب ورحمت شمار کرتا رہا۔ اہلِ حرمین کو خصوصاً اُس نے تکالیفِ شاقہ پہنچائیں سلف صالحین اور اتباع کی شان میں نہایت گستاخی اور بے باکی کے الفاظ استعمال کیے۔ بہت سے لوگوں کو بوجہ اس کی تکالیفِ شدیدہ کے مدینہ منورہ اور مکہ معظمہ چھوڑنا پڑا۔ اور ہزاروں آدمی اس کے اور اُس کی فوج کے ہاتھوں شہید ہو گئے۔ الحاصل وہ (محمد بن عبدالوہاب) ایک ظالم وباغی خونخوار فاسق شخص تھا۔ (الشہاب الثاقب ص۱۴۲ مطبوعہ دیوبند)

محمد بن عبدالوہاب نجدی کا عقیدہ تھا کہ جملہ اہلِ عالم وتمام مسلمانانِ دیار مشرک اور کافر ہیں۔ اور ان سے قتل وقتال کرنا ان کے اموال کو ان سے چھین لینا حلال اور جائز بلکہ واجب ہے۔ (الشہاب الثاقب ص۵۱)

مولوی محمد تھانوی دیوبندی

دیوبندی اکابر میں سے مولوی محمد تھانوی غیر مقلدین وہابیوں کے متعلق نسائی شریف کے حاشیہ میں لکھتے ہیں:

اِنَّ الَّذِیْنَ یَدِیْنُوْنَ دِیْنَ عَبْدِ الْوَهَّابِ النَّجْدِیْ یَسْلُکُوْنَ سَالِکَهٗ فِی الْاُصُوْلِ وَالْفُرُوْعِ وَیُدْعَوْنَ فِیْ بِلَادِنَا بِاسْمِ الْوَهَابِیِّیْنَ وَغَیْرِ الْمُقَلِّدِیْنَ وَیَزْعَمُوْنَ اَنَّ تَقْلِیْدَ اَحَدٍ الْاَئِمَّةِ الْاَرْبَعَةِ رِضْوَانُ

بے شک وہ لوگ جو عبدالوہاب نجدی کے دین پر ہیں۔ اصول اور فروع میں اُس کے طریقے پر چلتے ہیں ان کو ہمارے علاقوں میں وہابیوں اور غیر مقلدین کے نام سے پکارا جاتا ہے ان کا عقیدہ ہے کہ آئمہ اربعہ علیہم الرضوان میں سے کسی ایک کی تقلید کرنا شرک ہے

marfat.com

اللّٰہِ عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْنَ مِشْرْكٌ وَاِنَّ مَنْ خَالَفَہُمْ ھُمُ الْمُشْرِكُوْنَ وَیَسْتَبِیْحُوْنَ قَتْلَنَا اَھْلَ السُّنَّۃِ وَسَبْیَ نِسَائِنَا وَغَیْرَ ذٰلِكَ مِنَ مِنَ الْعَقَائِدِ الشَّنِیْعَۃِ الَّتِیْ وَصَلَتْ اِلَیْنَا مِنْھُمْ بِوَاسِطَۃِ الثِّقَاتِ وَسَمِعْنَاھَا بَعْضُ مِنْھُمْ اَیْضًا ھُمْ فِرْقَۃٌ مِنَ الْخَوَارِجِ وَقَدْ صَرَّحَ بِہٖ الْعَلَّامَۃِ الشَّامِیْ فِیْ کِتَابِہٖ

جو ان کی مخالفت کرتے ہیں وہ بھی مشرک ہیں اور وہ ہم اہلسنت وجماعت کے قتل کو جائز قرار دیتے ہیں اور ہماری عورتوں کو قید کر لینا ان عقائد کے علاوہ ان کے دیگر بُرے عقائد جو ہم تک ثقہ لوگوں کے ذریعہ پہنچے ہیں۔ اور بعض عقائد ان سے ہم نے خود سُنے ہیں وہ ایک خارجی فرقہ ہے۔ علامہ شامی علیہ الرحمۃ نے اپنی کتاب میں بھی اس کی وضاحت فرمائی ہے۔ (حاشیہ نسائی شریف صـ۳۶۰ ج ۱ مطبوعہ مجتبائی دہلی)

مولوی عبداللہ سندھی

جو کہ دیوبندیوں کی شہرہ آفاق شخصیت ہیں نے بھی محمد بن عبدالوہاب نجدی اور ان کی تحریک وہابیت کے متعلق کافی لکھا ہے۔ جس کا خلاصہ درج کیا جاتا ہے۔

محمد بن عبدالوہاب نجدی کے نزدیک التوسّل[1] فی الدعا کو جائز کہنے والا اور شرک اصغر کا مرتکب کافر اور مُشرک ہے۔ انہوں نے چند بے اساس امور کی بنا پر تمام دُنیا کو کافر قرار دیا ہے۔ بلا کسی دلیل وحجت کے انہوں نے بے گناہوں کو قتل کرنے کی اجازت دی۔ (شاہ ولی اللہ اور ان کی سیاسی تحریک صـ۲۲۹-۲۳۰)

مولوی بہاؤالحق قاسمی

جو کہ دیوبندیوں کے پُرانے مولوی ہیں اور اس وقت بقید حیات ہیں۔ لکھتے ہیں کہ،

---

[1] توسل فی الدعا کی تشریح خود عبداللہ سندھی کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ توسل فی الدعا سے مراد یہ ہے مثلاً خُدا تعالےٰ سے استدعا کی جائے بحُرمت فلاں یا بحق فلاں کہہ کر۔ تو اس توسل کو ابنِ عبدالوہاب نے نہایت شدت سے ممنوع قرار دیتے ہیں۔ (شاہ ولی اللہ اور ان کی سیاسی تحریک صـ۲۳۲) (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

ہندوستان کے بعض علماء نے جب مشہور کیا کہ دیوبندی، محمد بن عبدالوہاب نجدی ہم عقیدہ اور اُس کے پیرو ہیں۔ تو مدینہ منورہ کے ایک عالم نے مولانا خلیل احمد صاحب دیوبندی سہارنپوری سے چند سوالات کا جواب طلب کیا۔ مولانا موصوف نے ان سوالات کا مفصل جواب لکھا۔ ان تمام جوابات کی تصدیق دیوبندی خیال کے ۲۴ ہندوستانی اکابر علماء نے کی بلکہ ان تمام کے ساتھ مکہ معظمہ، مدینہ منورہ، دمشق اور جامع ازہر مصر کے ۴۴ حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی جلیل القدر علمائے کرام نے بھی اتفاق فرمایا۔ اور آخر مولانا خلیل احمد صاحب ان تمام سوالات و جوابات اور مواہیر و تصدیقات کو کتابی صورت میں شائع کر دیا۔ جس کا نام ہے المصدیقات لدفع تلبیسات معروف بمہند ان سوالات و جوابات میں سے ایک سوال و جواب کی عبارت ذیل میں نقل کرتا ہوں۔

سوال: محمد بن عبدالوہاب نجدی حلال سمجھتا تھا مسلمانوں کے خون اور ان کے مال و آبرو کو اور تمام لوگوں کو منسوب کرتا تھا شرک جانب اور سلف کی شان میں گستاخی کرتا تھا۔ اس بارے میں تمہاری کیا رائے ہے؟

جواب: ہمارے نزدیک ان کا وہی حکم ہے جو صاحب دُرِّ مختار نے فرمایا ہے کہ خوارج ایک جماعت ہے شوکت والی۔ جنہوں نے امام پر چڑھائی کی تھی۔ تاویل سے کہ امام کو باطل یعنی کفر یا ایسی معصیت کا مرتکب سمجھتے تھے۔ جو قتال کو واجب کرتی ہے۔ اس تاویل سے یہ لوگ ہمارے جان اور مال کو حلال سمجھتے اور ہماری عورتوں کو قیدی بناتے ہیں۔

آگے فرماتے ہیں کہ ان کا حکم باغیوں کا ہے۔ اور علامہ شامی نے اس کے حاشیہ میں فرمایا ہے جیسا کہ ہمارے زمانے میں عبدالوہاب کے تابعین سے سرزد ہوا۔ کہ نجد سے نکل کر حرمین شریفین پر متغلب ہوئے اپنے

marfat.com

کو حنبلی بتاتے تھے۔ لیکن ان کا عقیدہ تھا کہ بس وہی مسلمان ہیں۔ اور جو ان کے عقیدہ کے خلاف ہو وہ مُشرک ہے۔ اور اسی بنا پر انہوں نے اہلسنت اور علماء اہلسنت کا قتل مباح سمجھ رکھا تھا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالےٰ نے ان کی شوکت توڑ دی۔ دیکھئے مولانا خلیل احمد صاحب نے صاف لکھا ہے کہ ہمارے نزدیک محمد بن عبدالوہاب کا وہی حکم ہے جو خارجیوں کا۔ اس کے ساتھ آپ علامہ شامی کا یہ قول بھی نقل کر رہے ہیں کہ ابنِ عبدالوہاب اور اس کے پیرو اہلسنت کو مشرک سمجھ کر قتل کرنا بھی جائز سمجھتے تھے۔ اس کتاب کے جملہ مضامین کی تائید میں علمائے دیوبند کے علاوہ مکہ معظمہ، مدینہ شریف، دمشق اور جامع ازہر کے علمائے کرام کی تصدیقات و تقریظات بھی مندرج ہیں۔ حنفی مذہب کے ایک سربرآوردہ فقیہہ حضرت علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ بھی محمد بن عبدالوہاب نجدی آنجہانی اور اُس کے متبعین کی مذمت بیان فرماتے ہیں۔ دوسری طرف حضرات شافعیہ کے مقتدر مفتی شیخ الاسلام مولانا سید احمد زینی دحلان رحمۃ اللہ علیہ نے نجدیوں کی تردید میں متعدد کتابیں لکھی ہیں۔ (نجدی تحریک پر ایک نظر ص ۷)

محمد بن ناصر حازمی

وہابیوں کے ممدوح محمد بن ناصر حازمی نے بھی محمد بن عبدالوہاب نجدی کے متعلق جو لکھا ہے کہ وہ مولوی عبداللہ سندھی نے بھی ان کی کتاب ابجد العلوم کے حوالہ سے لکھا ہے کہ

"شیخ (محمد بن عبدالوہاب نجدی) یہ اعلان کیا کرتے تھے۔ کہ جس نے اللہ کے سوا کسی اور سے دُعا کی۔ یا کسی نبی۔ بادشاہ اور عالم کو اس میں وسیلہ بنایا تو وہ مشرک ہے۔ خواہ وہ دل سے چاہے یا اس کا انکار کرے۔ اور وہ اس کا عقیدہ رکھتا ہو یا اس کو نہ مانتا ہو۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ انہوں نے رُوئے زمین کے سب مسلمانوں کو تکفیر کا

marfat.com

نشانہ بنا دیا۔ چنانچہ جو مسلمان اولیاء سے دُعا کرتے ہیں۔ ان کو موصوف نے کافر قرار دیا۔ اور جو ان کے کُفر میں شک کرے۔ شیخ موصوف نے ان شک کرنے والوں کو بھی کافر ثابت کیا۔ آپ اُن لوگوں سے جو آپ کے مخالف تھے جہاد کرنا ضروری سمجھتے تھے۔ اور جس طرح بھی بس چلے ان کو قتل کرنا روا جانتے تھے۔ اور ان کے مال و دولت کو لوٹنے کی اجازت دیتے تھے۔ موصوف نے اس طرح دُنیا جہاں کے مسلمانوں کو زمرۂ کفار میں داخل کر دیا۔

دراصل موصوف نے کسی ایسے اُستاد سے علم حاصل نہ کیا تھا جو انہیں صحیح ہدایت کی راہ پر لگاتا اور نفع مند عوام کی طرف ان کی رہنمائی کرتا۔ اور دین کے معاملات میں ان میں تفقہ اور سمجھ پیدا کرتا۔ طلبِ علم[1] کے سلسلہ میں موصوف نے صرف اتنا کیا کہ شیخ ابنِ تیمیہ اور ان کے شاگرد ابنِ قیم کی بعض کتابیں پڑھ لیں۔

شیخ سید محمد امین جو ابن عابدین کے نام سے مشہور ہیں۔ شرح الرد المختار میں باغیوں کے ذکر میں لکھتے ہیں ان کی مثال ایسے ہی ہے جیسا کہ ہمارے زمانہ میں محمد بن عبدالوہاب کے ماننے والے ہیں۔ ابھی پچھلے دنوں یہ لوگ نجد سے نکلے اور حرمین پر قابض ہو گئے۔ یہ اپنے آپ کو حنبلی مذہب کے پیرو کہتے ہیں۔ لیکن ان کا حال یہ ہے کہ اپنے سوا باقی

---

[1] محمد بن عبدالوہاب نجدی جو کہ وہابیوں کے شیخ الاسلام مجدد اور مجتہد ہیں۔ ان کی علمی قابلیت کا حال اسی گواہی سے عیاں ہو جاتا ہے۔ جب وہابیوں کے شیخ الاسلام کی علمی قابلیت یہ ہے تو ان کے دیگر اکابر نواب صدیق حسن۔ محمد حسین بٹالوی۔ ثناء اللہ امرتسری۔ میاں نذیر حسین۔ عبدالعزیز رحیم آبادی۔ عبداللہ غازی پوری۔ عبداللہ غزنوی۔ عبدالجبار غزنوی۔ ابراہیم میر سیالکوٹی۔ عبدالمنان وزیر آبادی۔ حافظ عبداللہ روپڑی وغیرہم کی علمی قابلیت کا اندازہ خود بخود ہو جاتا ہے (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

سب مسلمانوں کو جو اُن کے اعتقادات کے مخالف ہوں کافر سمجھتے ہیں۔ اور ان کا خون بہانا جائز جانتے ہیں۔ چنانچہ انہوں نے اہلسنت اور ان کے علماء کو قتل کرنے میں دریغ نہ کیا۔ ۱۲۲۳ھ میں اللہ تعالےٰ نے ان کی طاقت کو توڑا اور ان پر مسلمانوں کے لشکر کو فتح دی۔

(ابجد العلوم ص ۲۲۹، ۲۳۰ بحوالہ شاہ ولی اللہ اور ان کی سیاسی تحریک)

ناظرین! دیوبندی حضرات کی کچھ سمجھ نہیں آتی۔ کوئی کچھ کہتا ہے کوئی کچھ۔ ان کی پالیسی ہمیشہ دوُرخی رہی ہے۔ شاید انہوں نے سوچا ہوگا کہ دوُرخی پالیسی سے سادہ لوح مسلمان ہمارے دامِ فریب میں بہت جلد پھنسیں گے۔ اس پالیسی کے تحت انہوں نے اب اپنے آپ کو اہلسنت وجماعت بھی کہلانا شروع کر دیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ قادری، چشتی، نقشبندی، سہروردی بھی بن بیٹھے ہیں نیز پیری، مُریدی کا ڈھونگ بھی رچایا ہے۔ کہ کسی نہ کسی طرح مسلمان ہمارے دامِ فریب میں آجائیں۔

اکثر و بیشتر مقامات پر اپنے آپ کو حنفی اور اہلسنت وجماعت کہلا کر اور جھوٹی قسمیں اُٹھا اُٹھا کر امامت وخطابت پر قبضہ کر لیتے ہیں۔ شروع شروع میں ختم گیارہویں شریف بھی پڑھتے ہیں۔ دسواں، چالیسواں اور عُرس کے کھانے بھی کھاتے ہیں۔ محفل میلاد شریف بھی سنتے ہیں۔ یارسول اللہ بھی کہتے ہیں۔ جب دیکھتے ہیں کہ ہمارے پاؤں کچھ مضبوط ہو گئے ہیں۔ تو پھر یہ تبلیغ شروع ہو جاتی ہے کہ ختم گیارہویں شریف، دسواں، چالیسواں اگر نہ کیا جائے تو کوئی حرج نہیں۔ یہ روپے اپنے کام میں لاؤ یا کسی رفاہِ عامہ کے کام میں لگا دو۔ یعنی کسی طرح سے لوگ گیارہویں، میلاد شریف وغیرہ نہ کریں۔ جب دیکھتے ہیں کہ اب قدم اچھی طرح مضبوط ہو گئے ہیں تو پھر صاف لفظوں میں کہتے ہیں کہ گیارہویں حرام ہے۔ میلاد شریف

لہ حالانکہ ان کے بزرگ مولوی اسماعیل دہلوی قتیل نے نقشبندی، سہروردی، چشتی، قادری کہلانے کو بدعت قرار دیا ہے۔

marfat.com

بدعت ہے یا رسول اللہ کہنا شرک ہے وغیرہ وغیرہ اپنے وہابی عقائد کی تبلیغ شروع کر دیتے ہیں۔ اور مسجدوں میں دنگہ فساد اور اختلاف برپا کر دیتے ہیں۔ اور یا پولیس المدد المدد کے وظیفہ کو اپنا ورد بنا لیتے ہیں۔

محمد بن عبدالوہاب نجدی کے متعلق بھی دیوبندیوں کی دو رُخی پالیسی ہے۔ جیسا کہ دیوبندی اکابر کی محمد بن عبدالوہاب نجدی کے متعلق مندرجہ بالا رائے پڑھنے اور دیوبندیوں کے قطب رشید احمد گنگوہی کا محمد بن عبدالوہاب نجدی کے متعلق یہ فتوے پڑھنے سے عیاں ہوتا ہے۔

سوال سولھواں :۔ وہابی کون لوگ ہیں اور عبدالوہاب نجدی کا کیا عقیدہ تھا اور کون مذہب تھا۔ اور وہ کیسا شخص تھا۔ اور اہلِ نجد کے عقائد میں اور سُنی حنفیوں کے عقائد میں کیا فرق ہے؟

الجواب :۔ محمد بن عبدالوہاب کے مقتدیوں کو وہابی کہتے ہیں۔ ان کے عقائد عمدہ تھے۔ اور مذہب ان کا حنبلی تھا۔ البتہ ان کے مزاج میں شدت تھی۔ مگر وہ اور ان کے مقتدی اچھے ہیں۔ مگر ہاں جو حد سے بڑھ گئے اُنہیں فساد آگیا ہے۔ اور عقائد سب کے متحد ہیں۔ اعمال میں فرق حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی کا ہے۔ (فتاویٰ رشیدیہ صـ ج ۱ مطبوعہ دہلی)

گنگوہی صاحب کے شاگرد رشید خلیل انبیٹھوی نے ہی محمد بن عبدالوہاب نجدی اور اُس کے متبعین وہابیوں کو خارجی قرار دیا ہے۔

ہر مسلکِ حق اہلسنت وجماعت اس لیے دیوبندیوں کو بھی وہابی قرار دیتے ہیں کیونکہ ان کے قطب الارشاد رشید گنگوہی نے وہابیوں کے عقائد کو عمدہ قرار دیا ہے۔ نیز یہ بھی فتوے دیا ہے کہ:

'مجتہدین کو بُرا کہنا اور تقلید کو شرک بتانا۔ مسلمان مقلدوں کو مشرک جاننا۔ نفسانیت سے عمل کرنا بُرا ہے۔ اور حدیث پر عمل کرنا لوجہ اللہ تعالےٰ اچھا ہے۔ سب حدیث پر ہی عامل ہیں۔ مقلد ہو یا غیر مقلد۔

marfat.com

(فتاویٰ رشیدیہ ص۵ ج ا مطبوعہ دہلی)

ہم تو ان حضرات کو یہی عرض کریں گے۔

دو رنگی چھوڑ کر یک رنگ ہو جا
سراسر موم ہو یا سنگ ہو جا

ناظرینِ کرام! جن کے عقائد کو دیوبندیوں کے قطب گنگوہی عمدہ کہہ رہے ہیں۔ اُس محمد بن عبدالوہاب نجدی کی اس وہابی تحریک کے ملّی اور دینی ہر دو لحاظ سے جو خطرناک عزائم تھے ان کا تذکرہ دیوبندیوں کے ہی مولوی بہاؤالحق قاسمی نے اپنی کتاب "نجدی تحریک پر ایک نظر میں" جو تحریر کیا ہے۔ وہ من وعن پیش کیا جاتا ہے۔ قاسمی صاحب نے عزائم کے جو نتائج اور ثمرات ظہور پذیر ہوئے وہ ہی درج کر دیئے ہیں۔ اس لیے اُنہوں نے اس کا ہیڈنگ نجدی تحریک کے ثمرات رکھا ہے۔ ملاحظہ ہو۔

marfat.com

نجدی تحریک کے ثمرات!

پہلا ثمرہ

کافر سازی اور مُشرک گری

عبدالعزیز بن سعود موجودہ امیرِ نجد نے مکّہ معظمہ پر قابض ہو کر اپنے عقاید کی اشاعت کے سلسلہ میں سب سے پہلے جو کتاب شائع کرا کر مفت تقسیم کی وہ "مجموعۃ التوحید" ہے۔ اس کے متعدد مقامات میں اچھے خاصے مسلمانوں کو کافر، مشرک، بدعتی اور خُدا جانے کیا کیا بنایا گیا ہے۔ نمونہ کے طور پر صرف ایک عبارت مع ترجمہ ہدیۂ ناظرین ہے۔

"ان اعداء اللہ لھم اعتراضات کثیرۃ اعلیٰ دین الرسل یصدون بھا الناس منھا قولھم نحن لانشرک باللہ بل نشھد انہ لایخلق ولاینفع ولایضرّ الا اللہ وحدہٗ لاشریک لہ و ان مُحَمَّدًا صلّی اللہ علیہ وسلّمَ لایملک لنفسہ نفعا و لاضرًا عن عبدالقادر اوغیرہ ولکن انا مذنب والصالحون لھم جاہ عند اللہ و اطلب من اللہ بھم فجاد بہ بما تقدم وھو ان الذین قاتلھم رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم مقرون بما ذکرت ومقرون ان اوثانھم لاتدبر شیئًا وانما اراد والجاہ والشفاعۃ۔" (مجموعۃ التوحید ص۵۶ مطبوعہ اُمّ القریٰ مکّہ معظمہ سنہ ۱۳۴۳ھ بحکم ابنِ سعود)

(ترجمہ) "دشمنانِ خدا کے بہت سے اعتراضات ہیں جن سے

marfat.com

وہ لوگوں کو بہکاتے ہیں۔ ان کا ایک اعتراض یہ ہے کہ "ہم خُدا کے ساتھ شرک نہیں کرتے بلکہ گواہی دیتے ہیں کہ خدا کے سوا پیدا کرنے، نفع اور نقصان پہونچانے والا کوئی نہیں اُس کا کوئی شریک نہیں اور کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے نفع اور نقصان کے مالک نہیں ہیں چہ جائیکہ (حضرت شیخ) عبدالقادر (جیلانیؒ) وغیرہ کے لیے یہ وصف ثابت ہو لیکن چونکہ میں گنہگار ہوں اور اللہ کے نزدیک صلحار کا بڑا مرتبہ ہے۔ اس لیے میں ان کی طفیل سے خدا سے حاجات طلب کرتا ہوں۔" پس تو اس اعتراض کا جواب یہ دے جو گزر چکا ..... کہ اے معترض جس کا تو نے ذکر کیا اُس کا وہ لوگ (مُشرک) بھی اقرار کرتے تھے جن کے ساتھ رسول اللہ علیہ وسلم نے جہاد کیا تھا وہ اقرار کرتے تھے کہ ان کے بُت کسی چیز کے مدبر نہیں ہیں اور وہ (تیری طرح) جاہ اور شفاعت ہی کا ارادہ رکھتے تھے۔"

اس عبارت میں اُس مسلمان کو مُشرکینِ عرب سے شمار کیا گیا ہے۔ جو پکار پکار کر توحید کا اقرار کر رہا ہے۔ اس کو فقط اس بنا پر "گردن زدنی" قرار دیا گیا کہ وہ کیوں خُدا سے صلحار کا واسطہ دے کر حاجات طلب کرتا ہے؟ کہو! نجدیوں کی حمایت کرنے والو! اب بھی وہابیوں کی کافرسازی اور مُشرک گری میں کچھ شک ہے؟

دُوسرا ثمرہ

کُتبِ درُود شریف کا تلف کیا جانا

ابنِ سعود مذکور کے حکم سے ایک اور کتاب چھپ کر مفت تقسیم ہوئی ہے

لہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مُبارک سُن کر درود شریف نہ پڑھنے والا بہت بڑا بخیل اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے محروم ہے۔ یہ تو نام مبارک سُن کر درود شریف نہ پڑھنے والے پر فتوٰے ہے۔ اور جو قصداً درود شریف کی کُتب کو تلف کرائے اس پر جو فتوٰے ہوگا اس کا آپ خود اندازہ لگالیں۔ (فقیر قادری محمد ضیاء اللہ عفرلہ)

marfat.com

جس کا نام ہے "الهدية السنية" اس میں لکھا ہے :-

"ولا نامر باتلاف شئ من المؤلفات اصلا الا ما اشتمل على ما يوقع الناس فى الشرك كروضِ الرياحين وما يحصل بسببه خلل فى العقائد كعلم المنطق فانه قد حرمه جمع من العلماء على انا لا نفحص عن مثل ذالك وكالدلائل"

(الهدية السنية ص ۴۵، ۴۶ مطبوعه المنار مصر سنه ۴۲ھ)

(خلاصۂ مطلب) "ہم کسی کتاب کے تلف کرنے کا ہرگز حکم نہیں دیتے۔ مگر ہاں ہم اُس کتاب کو تلف کرا دیتے ہیں۔ جس میں ایسے مضامین ہوں جو لوگوں کو شرک میں مبتلا کریں یا ان کے سبب سے عقاید میں خلل آتا ہو جیسے روضُ الریاحین کتب منطق اور "دلائل الخیرات" (یعنی ان کو تلف کرا دیا جاتا ہے)

دیکھئے! دلائل شریف کو تلف کرنے کا صاف اعتراف ہے اس بہانہ سے کہ اس میں (معاذ اللہ) مشرکانہ کلمات ہیں۔ حالانکہ یہ وہ پاکیزہ اور بابرکت کتاب ہے کہ جس میں اوّل سے آخر تک کلماتِ درود شریف کے علاوہ توحید، عشقِ الٰہی اور محبت سرکارِ دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کا ولولہ انگیز درس موجود ہے۔ اسی وجہ سے ہزاروں علماء، صلحاء اور اولیائے کرام رحمۃ اللہ علیہم اس مقدس کتاب کو حرزِ جان بنائے رہے ہے۔" مولوی ثناء اللہ صاحب علمائے دیوبند سے حُسنِ ظن کا اظہار کرتے ہیں۔ آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ دلائل الخیرات کا وظیفہ دیوبندی علماء کے معمولات سے ہے۔ (کتاب "سفرنامۂ شیخ الہند ص ۹۸" والتصدیقات ص ۱۱") کیا مولوی ثناء اللہ صاحب نجدیوں کی "شرک بازی" کے طوفانِ بے تمیزی سے علماءِ دیوبند کو بچانے کی کوشش فرمائیں گے؟ (دیدہ باید)

تیسرا ثمرہ

گستاخی اور بے ادبی | مقاماتِ مقدسہ کے ساتھ نجدیوں کی گستاخی

marfat.com

مشہور ہے۔ نعت خوانانِ نجدیہ اگرچہ اس سے انکاری ہیں مگر تا بکے ؟
کتاب "حیاتِ طیبہ" میں (جو مولوی ثناء اللہ صاحب کے دفتر میں فروخت ہوتی ہے) اگرچہ نجدیوں کی خوب تعریف کی گئی ہے مگر بعض مقامات پر حقیقت کا اعتراف کرنا پڑا ہے۔ اس میں لکھا ہے کہ :-

"سنہ ۱۸۰۳ کے اختتام پر مدینہ بھی سعد کے قبضہ میں آگیا۔ مدینہ لے کر اس کے مذہبی جوش میں یہاں تک اُبال آیا کہ اُس نے اور مقبروں سے گزر کر خود نبیٔ اکرم کے مزار کو بھی نہ چھوڑا۔ آپ کے مزار کی جواہر نگار چھت کو برباد کر دیا۔ اور اس چادر کو اُٹھا دیا جو آپ کی قبرِ مقدس پر پڑی تھی۔" (ص ۲۰۹)

چوتھا ثمرہ

اسلامی سلطنتوں کی مخالفت اور اُن کی تباہی و بربادی

وہابی فرقہ جب سے عالمِ وجود میں آیا ہے۔ اسلامی بادشاہوں سے برابر لڑتا رہا۔ اس فرقہ نے تُرکی سلطنت کو مٹانے کی ہمیشہ کوشش کی۔ بنظرِ اختصار چند ثبوت عرض کرتا ہوں۔

(۱) کتابِ مذکور (حیاتِ طیبہ) میں لکھا ہے کہ :-

"عبدالعزیز کے بعد اس کا بڑا بیٹا سعد اپنے باپ سے زیادہ پُرجوش نکلا۔ اُس نے اور بھی فتوحات کو وسعت دی اور تُرکی سلطنت کی بنیادوں کو ہلا دیا۔" ص ۲۰۸

پھر اسی کتاب کے اسی صفحہ میں ہے :-

"سعد نے بیس ہزار فوج سے سلیمان پاشا سے مختلف جنگوں میں پے در پے فتوحات حاصل کیں اور اس کی فوج کے آگے ترکوں کی ملکی اسپرٹ کی دال نہ گلی۔"

marfat.com

(۲) یہ تو خود تُرکی سلطنت کے ساتھ نجدیوں کا سلوک رہا۔ ترکوں کے نہایت گہرے دوست ابنِ رشید امیر حائل مرحوم اور ان کے خاندان پر نجدی ظالموں نے انگریزوں کی طرفداری میں جو مظالم توڑے اس کی مختصر کہانی جناب ظفر علی خاں صاحب، ایڈیٹر 'زمیندار' کی زبانی سُناتا ہوں۔ ایڈیٹر صاحب موصوف نے اپنے اخبار میں ایک مضمون[1] لکھا تھا جس کا عنوان ہے "ہمارے قبلہ کو وہابیوں نے لوٹ لیا"۔ جس کو مندرجہ ذیل سطور سے شروع کیا گیا تھا:-

'وسطِ عرب میں ہائل ایک زبردست امارت ہے جس کے فرمانروا امیر ابنِ رشید کے قتل کی افسوسناک خبر پچھلے دنوں بعض انگریزی اخباروں میں چھپی تھی۔ 'لندن ٹائمز' اپنی ۱۰ مئی کی اشاعت میں امیر مغفور کے واقعۂ قتل کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ:۔ "دورانِ جنگ میں ابنِ رشید ترکوں کا حلیف تھا۔ اور ابنِ سعود جو وہابیہ کے امیر ہیں دولِ متحدہ کی طرفداری میں اس سے برسرِ پیکار تھے۔ ابنِ رشید کا خاندان کئی نسلوں سے قاتل کے خنجر کا شکار ہوتا چلا آیا ہے اور اب شاید بجز ایک طفلِ شیر خوار کے ابنِ رشید کی نسل بالکل ہی مِٹ گئی ہے۔' (زمیندار ۱۲ جون ۱۹۲۰ء)

(۳) آج مولوی ثناء اللہ صاحب اور ان کے "یارانِ طریقت" نہایت بلند آہنگی سے یہ دعوے کر رہے ہیں کہ دورانِ جنگ عظیم میں نجدیوں نے تُرکوں کی ہرگز مخالفت نہیں کی۔ حالانکہ آپ اس سے پہلے نجدیوں کی مخالفت کا اقرار کر چکے ہیں۔ مولوی صاحب موصوف کے ایک مضمون مندرجہ 'زمیندار' کا حسبِ ذیل اقتباس ملاحظہ فرمائیے جو انہوں نے ایڈیٹر 'زمیندار' کے مذکورۂ بالا مضمون کے اُس حصّہ

---

[1] یہ مضمون ذرا طویل ہے عدمِ گنجائش کے باعث پورا نقل نہیں ہو سکتا ایڈیٹر صاحب نے اسی مضمون میں لکھا تھا کہ وہابی صلیب کی لڑائیاں لڑتے ہیں اور یہ کہ وہابیت، کذب، بغاوت اور تمرد و سرکشی کے مترادف ہے ۱۲ منہ

marfat.com

کی تردید میں لکھا تھا جہاں اڈیٹر صاحب نے ہندوستانی غیر مقلدوں کو وہابی کہا تھا۔ مولوی ثناء اللہ صاحب لکھتے ہیں کہ: "اس خلافِ واقعہ الزام لگانے میں ان کی دو غرضیں تھیں۔ ایک مذہبی کہ یہ لوگ (اہلحدیث) باوجود دعویٰ ترکِ تقلید کے عبدالوہاب نجدی کے مقلد ہیں۔ دوسرے پولٹیکل غرض تھی کہ گورنمنٹ کے ذہن نشین کریں کہ جس طرح نجدی لوگ اپنی اعلیٰ حکومت ترکی کے مخالف ہیں۔ یہ لوگ بھی گورنمنٹ کے مخالف ہیں۔ اس لیے اعیانِ اہلحدیث نے اس الزام کو دور کرنے میں مقدور بھر کوشش کی۔ جس میں وہ بحمداللہ کامیاب ہو گئے۔"

(زمیندار ص۵ مورخہ ۲۲ جون ۲۰ء)

آج ہم بھی یہ کہتے ہیں کہ جنگِ عظیم میں نجدیوں نے ترکوں کی مخالفت کر کے ان کو نقصان پہنچایا تھا تو ہمارا گلا دبانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ حالانکہ ہم آپ کے پہلے اقوال کی تائید کر رہے ہیں ؎

گل و گلچیں کا گلہ بلبلِ خوش لہجہ نہ کر
تو گرفتار ہوئی اپنی صدا کے باعث

پانچواں ثمرہ

جزیرۃ العرب پر نصاریٰ کا قبضہ و اقتدار

کہا جاتا ہے کہ ابن سعود نے حجاز میں داخل ہو کر اس کو غیر مسلم اقتدار سے پاک کر دیا ہے حالانکہ یہ واقعات کے خلاف ہے اگر اس کے جنگ و جدل کا داعی یہی جذبہ ہوتا تو عقبہ و معان پر انگریزوں کے قبضہ کو کبھی گوارا نہ کرتا۔ شریف حسین غدار ہونے کے باوجود اس قبضہ کے خلاف صدائے احتجاج بلند کر چکا ہے (سیاست ۱۱ اکتوبر ۲۵ء) لیکن ابن سعود نے کیا کیا؟ اس کو روشنی میں لانے کے لیے معزز روزنامہ سیاست لاہور کا ایک اقتباس نقل کرتا ہوں :-

marfat.com

'ابنِ سعود کے اخبار 'اُم القریٰ' نے عقبہ اور معان پر انگریزی تصرف سے قبل ابنِ سعود سے مل کر دریافت کیا کہ عقبہ اور معان کی طرف جو فوج جانے والی تھی وہ کیوں روک دی گئی ہے؟ ابنِ سعود نے کہا 'ہمیں علم ہے کہ چند روز میں شریفی فوجیں عقبہ اور معان سے نکل جائیں گی'، مولانا محمد علی اگر چاہیں تو 'اُم القریٰ' کی یہ تحریر ان کی خدمت میں بھیجی جا سکتی ہے۔ ذرا ابنِ سعود کے الفاظ پر غور کیجئے۔ کیا یہ الفاظ معنی خیز نہیں؟ کیا ان سے ثابت نہیں ہوتا کہ ابنِ سعود کو علم تھا کہ انگریز عقبہ اور معان پر قبضہ کرنے والے ہیں۔ غرضیکہ عقبہ اور معان پر قبضہ ہوا اور ابنِ سعود کی مرضی سے ہوا۔ اور اس کی وجہ سے اس کو مدینہ منورہ پر فوج کشی کا موقع ملا اور اگر ابنِ سعود اس ناپاک سازش میں انگریزوں کے ساتھ شامل نہ ہوتا تو انگریز مجبور ہوتے کہ عقبہ اور معان کو نجدی افواج سے بچانے کے لیے شریف کی مدد کریں ورنہ فلسطین کا امن مخدوش ہو جاتا'۔

(سیاست صـ۲ بابتہ ۸ر اکتوبر ۲۵ء)

اس مضمون کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ ابنِ سعود نے اس وقت تک اس قبضہ کے خلاف کوئی عملی کارروائی نہیں کی۔ اگر اس کا یہی مطمح نظر ہوتا کہ حجاز غیر مسلم اثر سے پاک ہو جائے تو سب سے پہلے مدینہ شریف پر چڑھائی کرنے کی بجائے عقبہ اور معان پر انگریزوں سے لڑتا لیکن واقعہ یہ ہے کہ انگریزوں کے اس ناجائز قبضہ کے خلاف اس کی پیشانی پر ابھی تک بل بھی نہیں پڑا۔ پھر یہ

لہ بلکہ ابنِ سعود نے اس قبضہ کو "حل تشکل" سے تعبیر کر کے مسرت و شادمانی کیا ہے دیکھو ابنِ سعود کا خط بنام مسٹر ایمری وزیر مستعمرات لندن مطبوعہ اخبار 'فتح العرب' دمشق بحوالہ "سیاست" لاہور صـ۲ بابت ۱۹ر نومبر ۲۵ء منہ

marfat.com

کیونکر تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ ابنِ سعود حجاز کو غیر مسلم اقتدار سے پاک کر رہا ہے ؎

اور امتحان بغیر تو یہ آپ کا رفیق
قائل نہیں ہے بھائی! کسی شیخ و شاب کا

چھٹا ثمرہ

نصاریٰ کی ابدی غلامی شریف حسین اور امیر علی کے قبضۂ حجاز کو اس لیے گوارا نہیں کیا جاتا کہ وہ انگریزوں کے پٹھو اور زیرِ اقتدار ہیں۔ مگر ابنِ سعود اور اس کی حکومت انگریزوں کے اس قدر بے بس غلام ہیں کہ شریفی خاندان کی غلامی کو نسبتاً 'آزادی' سے تعبیر کرنا چاہیئے۔ چنانچہ وہ معاہدہ اس کا ناقابل تردید ثبوت ہے جو ۱۹۱۵ء میں انگریزوں اور نجدیوں کے مابین ہوا اور جس کی تصدیق ۱۹۲۰ء میں ہوئی تھی۔ وہ معاہدہ یہ ہے :

ابنِ سعود اور انگریزوں کا مُعاہدہ

دفعہ اوّل حکومتِ برطانیہ اعتراف کرتی ہے اور اس کو اس امر کے تسلیم کرنے میں کوئی عُذر نہیں ہے کہ علاقہ جات نجد، احسا، قطیف، جبیل اور خلیج فارس کے ملحقہ مقامات جن کی حد بندی بعد کو ہو گی۔ یہ سُلطان ابن سعود کے علاقہ جات ہیں اور برطانیہ اس امر کو تسلیم کرتی ہے کہ ان مقامات کا مُستقل حاکم سُلطان مذکور اور اس کے اجداد ہیں۔ ان کو ان ممالک اور قبائل پر خود مختار حکومت حاصل ہے اور اس کے بعد ان کے لڑکے ان کے صحیح وارث ہوں گے لیکن ان ورثاء میں سے کسی ایک کی سلطنت کے انتخاب و تقرر کے لیے یہ شرط ہو گی کہ وہ شخص سلطنتِ برطانیہ کا مخالف نہ ہو اور شرائط مندرجہ معاہدہ ہذا کے بھی خلاف نہ ہو۔

دفعہ دوم اگر کوئی اجنبی طاقت سُلطان ابن سعود اور اس کے ورثاء کے

marfat.com

ممالک پر حکومتِ برطانیہ سے مشورہ کیے بغیر یا اس کو ابنِ سعود سے مشورہ کرنے کی فرصت دیئے بغیر حملہ آور ہوئی تو حکومتِ برطانیہ ابن سعود سے مشورہ کرکے حملہ آور حکومت کے خلاف ابنِ سعود کو امداد دے گی اور اپنے حالات کو ملحوظ رکھ کر ایسی تدابیر اختیار کرے گی جن سے ابن سعود کے اغراض و مقاصد اور اس کے ممالک کی بہبود محفوظ رہ سکے۔

دفعہ سوم ابنِ سعود اس معاہدے پر راضی ہے اور وعدہ کرتا ہے کہ:-

(۱) وہ کسی غیر قوم یا سلطنت کے ساتھ کسی قسم کی گفتگو یا سمجھوتہ اور معاہدہ کرنے سے پرہیز کرے گا۔

(۲) ممالکِ مذکورہ بالا کے متعلق اگر کوئی سلطنت دخل دے گی تو ابنِ سعود فوراً حکومتِ برطانیہ کو اس امر کی اطلاع دے گا۔

دفعہ چہارم ابنِ سعود عہد کرتا ہے کہ وہ اس عہد سے پھرے گا نہیں اور وہ ممالکِ مذکورہ یا اس کے کسی دوسرے حصّہ کو حکومتِ برطانیہ سے مشورہ کیے بغیر بیچنے، رہن رکھنے، مستاجری یا کسی قسم کے تصرف کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ اس کو اس امر کا اختیار نہ ہوگا کہ کسی حکومت یا کسی حکومت کی رعایا کو برطانیہ کی مرضی کے خلاف ممالکِ مذکورہ بالا میں کوئی رعایت یا لائسنس دے ابنِ سعود وعدہ کرتا ہے کہ وہ حکومتِ برطانیہ کے ارشاد کی تعمیل کرے گا اور اس میں اس امر کی قید نہیں ہے کہ وہ ارشاد اس کے مفاد کے خلاف ہو یا موافق۔

دفعہ پنجم ابنِ سعود عہد کرتا ہے کہ مقاماتِ مقدسہ کے لیے جو راستے اس کی سلطنت سے ہو کر گزرتے ہیں وہ باقی رہیں گے۔ اور ابنِ سعود حجاج کی آمد و رفت کے زمانے میں ان کی حفاظت کرے گا۔

دفعہ ششم ابنِ سعود اپنے پیشرو سلاطینِ نجد کی طرح عہد کرتا ہے کہ وہ علاقہ جات کویت، بحرین، علاقہ جات رؤسا و شیوخ، عرب عمان کے ان ساحلی علاقہ جات اور دیگر ملحقہ مقامات کے متعلق جو برطانوی حمایت

marfat.com

میں ہیں کسی قسم کی مداخلت نہیں کرے گا۔ ان ریاستوں کی حدبندی بعد کو ہوگی جو برطانیہ سے معاہدہ کر چکی ہیں۔

دفعہ ہفتم اس کے علاوہ حکومتِ برطانیہ اور ابنِ سعود اس امر پر راضی ہیں کہ طرفین کے بقیہ باہمی معاملات کے لیے ایک اور مفصل عہدنامہ مرتب و منظور کیا جائے گا۔

مورخہ ۱۸ صفر ۱۳۳۴ھ
۲۶ نومبر ۱۹۱۵ء

مہر و دستخط عبدالعزیز السعود

دستخط بی ریڈ کاکس وکیل معاہدہ ہذا و نمائندہ برطانیہ خلیج فارس
دستخط چیمسفورڈ نائب ملک معظم و وائسرائے ہند

یہ معاہدہ وائسرائے ہند کی طرف سے گورنمنٹ اوف انڈیا بمقام شملہ ۱۸ مئی ۱۹۱۶ء کو تصدیق ہو چکا ہے۔ دستخط اے۔ ایچ گرانٹ سیکرٹری حکومتِ ہند شعبہ خارجیہ و سیاسیات"۔

"نجدی تحریک ایک نظر" صفحہ ۷ تا ۱۵ مرتبہ مولوی بہاؤ القاسمی دیوبندی، مطبوعہ آفتاب پریس امرتسر تاریخ اشاعت ۳ جمادی الاول ۱۳۴۴ھ)

ہندوستان میں وہابیت

محمد بن عبدالوہاب نجدی کی تعلیمات کا اثر ہندوستان میں بھی ہوا۔ اس کے مسبب اور نجدیت کو لانے والے اور فروغ دینے والے سید احمد اور مولوی اسماعیل دہلوی قتیل تھے جس کی شہادت وہابیہ کے مشہور مورخ مرزا حیرت دہلوی اس طرح دیتے ہیں کہ:

"اگرچہ وہابیوں کی جنگی اور ملکی قوت چکنا چور ہو گئی اور سعد (نواسہ محمد بن عبدالوہاب نجدی) کے خاندان کی حکمرانی کی حدود نجد میں محدود ہو کر رہ گئی۔ مگر پھر بھی جو اصول مذہبی محمد بن عبدالوہاب نے بنائے

marfat.com

تھے۔ اب تک مساجد میں نہایت مذہبی جوش سے بیان کیے جاتے ہیں۔ ان جوشیلے واعظوں کی گونجیں حدودِ نجد میں مقیّد نہ رہیں بلکہ انہوں نے ہندوستان کے ایک بزرگ کی بے آرام رُوح میں مذہبی ولولے کی نئی رُوح پھونک دی۔ جب یہ بزرگ مکّہ شریف کے حج کو آیا۔ تو اس نے وہابیوں کے بڑے فاضل سے وہابی مذہب کی تعلیم حاصل کی اور محمد بن عبدالوہاب کے اسلامی اصول کو خوب مانجھا۔ سیّد احمد رائے بریلی کے قزاق اور راہزن نے ۱۸۲۲ء میں حج بیت اللہ کر کے چاہا کہ شمالی ہندوستان کو یک لخت اپنے اسلامی اصول منوا دوں۔ پیغمبرِ اسلام کے براہِ راست سلسلۂ اولاد میں ہونے سے برخلاف ہابیانِ نجد کے اس نے اپنے میں امیرالمومنین بننے کی ضروری صفات ملاحظہ کیں۔ مسلمانانِ ہند نے اسے سچا خلیفہ یا مہدی تسلیم کر لیا۔ انگریزی حکام کی لاعلمی میں وہ ہزارے صوبوں میں گشت لگاتا رہا اور بے شمار لوگوں کو اپنا معتقد بنایا۔ اس نے اپنے کارندے پٹنہ میں مقرر کیے اور پھر دہلی کی طرف رُخ کیا۔ یہاں خوش قسمتی سے ایک فاضل اجل محمد اسماعیل نامی اس کا مرید ہو گیا اور آخر میں اپنے پیر کا ایسا والہ و شیدا ہوا کہ اس نے نئے خلیفہ کے اصول مذہبی کی ایک کتاب تصنیف کی جس کا نام صراطِ المستقیم ہے۔"

تاہم اس مذہب کا اثر ہندوستان اور نجد میں باقی ہے۔ جو دن بدن بڑھتا جاتا ہے۔ بہت دھوم دھام سے ہندوستان میں وہابی مذہب کی کتابیں طبع ہوتی ہیں اور انہیں اشاعت کیا جاتا ہے مثلاً تقویت الایمان اور صراط المستقیم کتابیں جنہوں نے ہندوستانی مسلمانوں پر اپنا زبردست اثر ڈال رکھا ہے۔

(حیاتِ طیبہ ص ۳۸۳ تا ۳۹۱ مطبوعہ لاہور)

marfat.com

احمد عبدالغفور عطار نجدی سے تصدیق

محمد بن عبدالوہاب کتاب کے مصنف احمد عبدالغفور عطار نے بھی سید احمد آف رائے بریلی کو محمد بن عبدالوہاب کی دعوت کا مبلغ قرار دیتے ہوئے لکھا ہے کہ:

"(محمد بن عبدالوہاب کے) ان وارثین میں سے خاص طور پر سید احمد بریلی ہندوستان کے بطلِ عظیم مصلح اور امامِ برحق ہیں"

(محمد بن عبدالوہاب صـ۶۳ از احمد عبدالغفور عطار)

محمد عبدہٗ الفلاح سے تصدیق

کتاب محمد بن عبدالوہاب کے محشی وہابیہ نجدیہ کے ابوالقاسم محمد عبدہٗ الفلاح نے بھی لکھا ہے کہ:

"ہندوستان میں یہ اسلامی اور اصلاحی تحریک بھی وہابی تحریک کے نام سے مشہور ہوئی اس وقت ہندوستان میں بھی مشرکانہ رسوم کا زور تھا۔ اور شعارِ اسلامی مٹ رہے تھے۔ سید احمد بریلوی اور حضرت الامام شاہ (اسماعیل) نے تجدیدِ اسلام کی تحریک شروع کی۔ اور سیاسی قوت حاصل کرنے کے لیے صوبہ سرحد کو منتخب کیا۔ مسلمانوں کو دعوتِ جہاد دی۔ اسی کوشش میں بالاکوٹ کے مقام پر جامِ شہادت نوش کیا۔ انہی بزرگ کی مساعی سے سنت کا احیاء ہوا۔ دیہات اور چھوٹے قصبات میں جمعہ کا اجراء ہوا۔ نکاح بیوگان کی سنت جاری ہوئی۔" (حاشیہ محمد بن عبدالوہاب صـ۶۳ مطبوعہ لائل پور)

ناظرین کرام! وہابیوں نے اپنے نام کو بدلنے کی بھی کوشش کی کیونکہ وہابی لیبل جو تھا بدنام ہو چکا تھا۔ لہٰذا انہوں نے اپنا نام اہلحدیث رکھا۔ اس نام کو بدلنے کے لیے انگریز کے زمانہ میں باقاعدہ مولوی محمد حسین بٹالوی نے درخواست[1] دی۔

---

[1] اس درخواست کا تذکرہ اور انگریز سے اس کی منظوری اس کتاب کے صـ پر درج کیا جا چکا ہے (فقیر قادری)

marfat.com

اس حقیقت کو کوئی بھی جھٹلا نہیں سکتا کہ موجودہ دور میں اہلحدیث کہلانے والے وہی حضرات ہیں جن کو وہابی کہا جاتا تھا۔

اہلحدیث دراصل وہابی ہیں

اس حقیقت کو سردار محمد حسنی صاحب بی۔ اے اپنی کتاب سوانح حیات سلطان ابنِ سعود کے آخر میں لکھتے ہیں کہ:

"انیسویں صدی کے ابتدا میں ہندوستان میں وہابیت کی تحریک جاری ہوئی تھی۔ آج تک ہندوستان میں ایسے لوگ موجود ہیں جو دراصل وہابی ہیں۔ مگر انہیں اور نام سے پکارا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر اہلحدیث"

(سوانح حیات سلطان ابنِ سعود ص ۲۶۱)

اس حقیقت کے ثبوت کے لیے سنٹرل وفد خلافت کی رپورٹ میں درج شدہ مندرجہ ذیل واقعہ بھی کافی ہے:

وفدِ خلافت ۱۹۲۶ء کی رپورٹ میں مجلس العلماء جو کہ ۳۱ مئی ۱۹۲۶ء کو مکہ مکرمہ میں منعقد ہوئی تھی کی کارروائی میں لکھا ہے کہ (مولانا) محمد علی صاحب نے اُٹھ کر کہا کہ ہم کتاب و سنت کے نام پر آپ سے اپیل کرتے ہیں کہ آپ ملوکیت چھوڑ کر جمہوریت اختیار کیجیے اور قیصر و کسریٰ کی سنت کی بجائے صدیق و فاروق کی سنت اختیار کیجیے۔ مولوی عبدالحلیم صاحب (جمعیت العلماء) نے اسلام کے دوسرے فرقوں کے ساتھ رواداری کی ضرورت ظاہر کی اور شکایت کی بعض اہل نجد دوسرے مسلمانوں کو ذرا ذرا سی بات پر کافر و مشرک کہہ بیٹھتے ہیں۔ مولانا کفایت اللہ صاحب (جمعیت العلماء) نے اس کی تائید میں تقریر کی۔ اس پر سلطان اور ابنِ بلیہد قاضی القضاۃ تے مشتعل ہو کر اس کا جواب دیا۔ اور افسوس ہے کہ ہندوستان کے اہلحدیث اصحاب نے شور و شغب برپا کیا۔ (مسئلہ حجاز رپورٹ وفدِ خلافت ۱۹۲۶ء ص ۸۱-۸۲)

marfat.com

ہندوستانی وہابی کیوں نہ شور و شغب کرتے کیونکہ یہ حضرات انہی کے پروردہ تھے۔ اور ہم مسلک تھے۔ کسی نے اسی لیے تو کہا ہے:

کند ہم جنس باہم جنس پرواز

مولوی اسماعیل دہلوی نے ہندوستان میں تحریکِ وہابیت کی جب اشاعت شروع کی تو نجدیوں سے جو کہ روحانی طور پر اس کے آباؤ اجداد ہیں سے امداد طلب کی جس کا تذکرہ خود ممدوح الوہابیہ عبیداللہ سندھی کے بھتیجے نے ان الفاظ میں کیا ہے:

نجدیوں کا اسماعیل دہلوی کو پیغام کہ ہم دُعا کرتے ہیں

مولوی عبیداللہ سندھی کے بھتیجے نے کتاب کے حاشیہ پر لکھا ہے کہ:

'مولانا شہید نے نجدیوں کے پاس اپنا آدمی بھیجا تھا۔ مگر وہ چونکہ حجاز میں آنہیں سکتے تھے۔ اُنہوں نے نامہ بر کو واپس کر دیا کہ ہم اس وقت دُعا کے سوا اور کوئی اعانت نہیں کر سکتے۔ یہ واقعہ مکہ معظمہ میں نجد کے ثقہ عالموں سے معلوم ہوا۔'

(حاشیہ شاہ ولی اللہ اور ان کی سیاسی تحریک ص ۱۲۶)

عبیداللہ سندھی سے تصدیق

مولوی عبیداللہ سندھی نے بھی شاہ ولی اللہ اور ان کی سیاسی تحریک ص ۱۲۴ پر اس حقیقت کو بیان کیا ہے کہ ہندوستان میں یمنی (قاضی شوکانی) اور نجدی تحریک نے معاملہ بگاڑا ہے۔'

داؤد غزنوی کانگریسی تحریک وہابیت کی تصویر تھے

غیر مقلدین وہابی حضرات کے مولوی داؤد غزنوی کانگریسی جو کہ ان کی جمعیت کے امیر بھی تھے کو ان کی سوانح حیات میں تحریک وہابیت کی ایک تصویر قرار دیا ہے ملاحظہ ہو۔

marfat.com

"اصلاً وہ اس وہابی تحریک کی گمشدہ تصویروں میں سے ایک تصویر تھے"
(داؤد غزنوی ص ۶۴)

قارئین حضرات! تحریکِ وہابیت کو ہندوستان میں پھیلانے والے سید احمد آف رائے بریلی اور مولوی اسماعیل دہلوی قتیل ہیں۔ وہابی حضرات نے ان کو جو رفعت و منزلت سے نوازا ہے۔ اُس کے متعلق بھی چند شواہد پیش کیے جاتے ہیں۔

سیّد احمد بریلوی کو اکابرِ وہابیّہ مہدی سمجھتے تھے

ہندوستان میں وہابی تحریک کے مبلغِ اوّل سید احمد آف رائے بریلی کو اکابرِ وہابیہ مہدی سمجھتے تھے۔ جیسا کہ مولوی عبید اللہ سندھی لکھتے ہیں کہ:

"مولانا نذیر حسین دہلوی اور مولانا عبداللہ غزنوی بھی مولانا ولایت علی کی پارٹی سے خاص تعلق رکھتے تھے۔

مولانا ولایت علی کی پارٹی کا مرکزی فکر یہ بتایا جاتا ہے۔ کہ امیر شہید غیر معین عرصہ کے لیے غائب ہو گئے ہیں۔ ان کے انتظار میں جہاد کی تیاری کرتے رہنا چاہیئے وہ ضرور آئیں گے۔ اور اُنہیں کی امامت میں کام کرنے سے ہمیں نجات مل سکتی ہے۔ بظاہر یہ فکر نہایت غیر معقول معلوم ہوتا ہے۔ مگر بڑے بڑے عالموں اور صوفیوں کا جو اس تحریک کی سمٹولیت کے سلسلہ میں نام لیا جاتا ہے۔ مولانا ولایت علی کی تحریک کے متعلق ہمارا اپنا خیال یہ ہے۔ کہ وہ مولانا اسماعیل شہید کی اس خاص جماعت کو جس کا ذکر پہلے کیا جا چکا ہے۔ زندہ کرنے کا ارادہ رکھتے تھے۔ اسی لیے مولانا نذیر حسین اور نواب صدیق حسن جیسے عالم بھی ان کا ساتھ دیتے ہیں"
(شاہ ولی اللہ اور ان کی سیاسی تحریک ص ۱۳۲-۱۳۳)

محمد نور الحق محشی شاہ ولی اللہ اور ان کی سیاسی تحریک نے بھی لکھا ہے:

"نواب صدیق حسن خاں حجج الکرامہ میں لکھتے ہیں۔ عظیم آباد

marfat.com

(پٹنہ) اور بنگالہ کی ایک بڑی جماعت سیّد احمد..... بریلوی کے بارے میں یہ بھی گمان رکھتی ہے۔ کہ وہ مہدی تھے۔ چنانچہ (سیّد احمد) ..... بریلوی کے بعض مریدوں نے چالیس حدیثیں جمع کی ہیں جن سے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ کہ آپ ہی مہدی تھے۔ یہ لوگ سیّد احمد..... کے غائب ہونے کے قائل ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ وہ سرحد پار کے پہاڑوں میں شہید نہیں ہوئے۔ اسی بنا پر ان کے واپس آنے کے منتظر ہیں۔ (حاشیہ شاہ ولی اللہ اور ان کی سیاسی تحریک ص ۱۳۲-۱۳۳)

رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے کمال مشابہت

مولوی اسماعیل دہلوی اپنے پیر سیّد احمد کی امام الانبیاؐ سے کمال مشابہت کا تذکرہ اس طرح کرتے ہیں۔

'از بسکہ نفسِ عالی حضرت ایشاں بر کمال مشابہت رسالتمآب علیہ افضل الصلوٰت والتسلیمات در بدو فطرت مخلوق شدہ، آپ (سیّد احمد بریلوی) کی ذات والاصفات ابتداء فطرت سے جناب رسالتمآب علیہ افضل الصلوٰت والتسلیمات کی کمال مشابہت پر پیدا کی گئی تھی۔' (صراطِ مستقیم فارسی ص۴ مطبوعہ دہلی)

اِمام الوہابیہ اسماعیل دہلوی اپنے پیر و مرشد سیّد احمد بریلوی کو سلوکِ نبوت حاصل ہونے کے بھی قائل تھے۔ جس کا اظہار اپنی کتاب صراطِ مستقیم میں اس طرح درج ہے۔

'حصولِ بعیت کے یمن اور آنجناب کی توجہات کی برکت سے آپ کو نہایت عجیب عجیب معاملات ظاہر ہوئے کہ انہیں وقائع عجیبہ کے سبب طریق نبوت کے کمالات جو ابتدائے فطرت میں منجملہ مندرج تھے۔ ان کی اب تفصیل اور شرح کی نوبت پہنچی۔ اور مقامات طریقِ ولایت بھی اچھی وجہ پر جلوہ گر ہوئے۔ ان سب معاملات

marfat.com

سے اوّل اور بہتر یہ ہے۔ کہ آپ نے جناب رسالتمآب صلوٰت اللہ وسلامہ علیہ کو خواب میں دیکھا۔ اور آنجناب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے تین عدد چھوہارے اپنے ہاتھ مبارک سے لے کر حضرت سید صاحب کے منہ رکھتے تھے۔ اور بعد ازاں کہ آپ بیدار ہوتے۔ اُس رویائے حقہ کا اثر ظاہر باہر اپنے نفس میں پاتے تھے۔ اور اس خواب کی بدولت ابتدائے سلوک نبوّت حاصل ہو گیا۔'

(صراطِ مستقیم اُردو ص۱۸۹ فارسی ص۱۶۴)

سرکار فاطمۃ الزہرا کا ننگے سید احمد کو کپڑے پہنانا

ابوالوہابیہ اسماعیل دہلوی قتیل اپنے پیر و مُرشد کی شان اور رفعت بیان کرتے ہوئے اور سرکار سیدہ طیبہ طاہرہ مخدومۂ دارین والئ جنت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالےٰ عنہا کی توہین اور گستاخی کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

'ایک دِن جناب ولایت مآب حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور جناب سیّدۃ النساء فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کو خواب میں دیکھا۔ پس جناب علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے آپ کو اپنے ہاتھ مُبارک سے غسل دیا۔ اور آپ کے بدن کی خوب اچھی طرح سے شست و شو کی جس طرح والدین اپنے بیٹوں کو نہلاتے اور شست وشو کرتے ہیں۔ اور جناب فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا نے نہایت عمدہ اور قیمتی لباس اپنے ہاتھ مُبارک سے پہنایا۔ پس اس واقعہ کے سبب سے کمالات طریقِ نبوّت نہایت جلوہ گر ہوئے۔' (صراطِ مستقیم اُردو ص۱۸۹)

سید احمد کے نام پر صلی اللہ علیہ وسلم لکھنا تجویز ہوا

شیخ العلماء مقدام الفضلاء شاہ فضلِ رسول بدایونی علیہ الرحمۃ نے تحریر فرمایا ہے:

marfat.com

'سید احمد کے نام پر صلی اللہ علیہ وسلم کا لفظ تجویز ہوا۔ اور سکہ مہر کا یہ ٹھہرا اِسْمُہٗ اَحْمَد اور جو صراطِ مستقیم میں سید احمد کو پیغمبر بنانے کی تمہید کر رکھی تھی اس کا اظہار شروع کیا۔'

(سیف الجبار ص۹۵)

سید احمد بریلوی کے بعد مولوی اسماعیل دہلوی قتیل کا نمبر آتا ہے اسماعیل دہلوی نے ہندوستان میں وہابیت پھیلانے کے لیے تقویۃ الایمان کتاب لکھی۔ اسماعیل دہلوی چونکہ شاہ ولی اللہ دہلوی کے خاندان سے تھا۔ بایں وجہ اُس کتاب کی کافی شہرت ہوئی۔ اسماعیل دہلوی ولی اللہی خاندان سے تھا۔ مگر اُس کے عقائد میں فرق آگیا تھا جس کی تصدیق ممدوح الوہابیہ والدیانبہ اشرف علی تھانوی کے یہ الفاظ کرتے ہیں:

'مولوی اسماعیل شہید تھے چونکہ محقق تھے۔ چند مسائل میں اختلاف کیا اور مسلکِ پیرانِ خود مثل شاہ ولی اللہ وغیرہ پر انکار فرمایا۔'

(امداد المشتاق ص۹۷)

دیوبندی اور غیر مقلد

دیوبندیوں اور غیر مقلدوں کے مابین یہ ایک عجیب قسم کا نزاع ہے کہ دیوبندی کہتے ہیں کہ اسماعیل دہلوی مقلد تھا۔ اور غیر مقلد کہتے ہیں کہ غیر مقلد تھا۔ دونوں ہی اُس کو اُس کو اپنا امام تسلیم کرتے ہیں۔ دیوبندی باوجودیکہ تسلیم کرتے ہیں کہ اسماعیل دہلوی اپنے خاندانی اکابر شاہ ولی اللہ، شاہ عبدالعزیز علیہما الرحمۃ کے عقائد کے مخالف عقائد رکھتا تھا۔ اس کے علاوہ دہلوی کی کتاب تقویۃ الایمان کو دونوں فریق سراہتے ہیں۔ حالانکہ مولوی اشرف علی تھانوی اس کتاب کے انداز سے متعلق رقمطراز ہیں کہ:

'بعض الفاظ شدید ہیں۔ جن کے سمجھنے کے عوام متحمل نہیں ایسے الفاظ سے عوام کے کانوں کو بچانا بہتر ہے۔' (اہلحدیث امرتسر ص۸، اپریل ۱۹۰۸ء)

marfat.com

عامر عثمانی کا بیان

دیوبندی مکتبِ فکر کے ترجمان "ماہنامہ تجلی دیوبند" کے ایڈیٹر مولوی عامر عثمانی لکھتے ہیں کہ: "میں نے دیکھا کہ شاہ اسماعیل شہید..... نے تقویۃ الایمان میں فصل فی الاجتناب عن الاشراک کے ذیل میں لکھا ہے۔ "ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا وہ اللہ کی شان کے آگے چمار سے بھی زیادہ ذلیل ہے۔" کیا اس کا صاف اور بدیہی مطلب یہ نہیں ہے کہ اولیاء و صحابہ تو ایک طرف رہے تمام انبیاء و رسل اور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم بھی اللہ کی شان کے آگے چمار سے زیادہ ذلیل ہیں۔ کیسا خطرناک اندازِ بیان ہے۔ کتنے لرزا دینے والے الفاظ ہیں۔ (تجلی فروری، مارچ ۵۸ء)

دوسری جگہ رقمطراز ہیں۔

"اگر شاہ صاحب (اسماعیل دہلوی مقتول) کے تمام فرمودات پر بے لاگ عملِ جراحی کیا جا سکے تو ضرور ان میں قابلِ نظر اجزاء نکلیں گے۔ ہو سکتا ہے اور شاید ہوا بھی ہے کہ حمایتِ حق کے جذبہ و جوش میں وہ کہیں کہیں نقطۂ اعتدال سے آگے نکل گئے ہیں۔"

(ماہنامہ تجلی جون ۵۹ء)

دیوبندی وہابیوں کے علاوہ غیر مقلد وہابیوں کے مولوی وحید الزمان حیدر آبادی نے بھی تقویۃ الایمان کے متعلق اپنی رائے دی ہے۔ ملاحظہ ہو۔

مولوی وحید الزمان کی عبارات

وہابیہ نجدیہ کے مشہور عالم مترجم صحاح ستہ مولوی وحید الزمان

لہ غیر مقلدین وہابیہ کے ابو یحییٰ نوشہروی وحید الزمان کے متعلق لکھتے ہیں کہ حیدر آباد (دکن) میں وحید العصر جناب وحید الزمان اور اُن کے برادرِ حقیقی مولانا بدیع الزماں کی خدمات قرآن و حدیث ہیں۔ جناب نواب صاحب نے تقریباً تمام کتبِ صحاح کا اُردو میں ترجمہ کر دیا۔ تفسیرِ وحیدی لکھی اور بہت سی کتابیں۔ یہ ہر دو حضرات اسی سلسلہ سے بواسطہ میاں صاحب..... نذیر حسین..... دہلوی وابستہ تھے۔ (تراجم علمائے حدیث ہند ص ۶۴)

marfat.com

لکھتے ہیں کہ: "ہمارے اصحاب میں سے مولوی اسماعیل دہلوی نے بہت خطا کی ہے کہ شرک کی تمام اقسام کو دگو شرکِ اکبر ہوں یا شرکِ اصغر) سب کو ناقابلِ مغفرت شرک قرار دیا ہے اور شرک فی العادت کو بھی شرکِ اکبر میں شمار کیا ہے۔ (ہدیۃ المہدی ص۳۷ سطر ۳ تا ۵ مطبوعہ دہلی)

دوسری جگہ رقمطراز ہیں کہ: شَدَّدَ بَعْضُ اِخْوَانُنَا مِنَ الْمُتَاخِّرِيْنَ فِيْ اَمْرِ الشِّرْكِ وَضَيَّقَ دَائِرَةَ الْاِسْلَامِ وَجَعَلَ الْاُمُوْرَ الْمَكْرُوْهَةَ اَوِ الْمُحَرَّمَةَ شِرْكًا فَاِنْ كَانَ غَرَضُهٗ مِنْ هٰذَا الشِّرْكِ الْعَمَلِيِّ اَعْنِيْ الشِّرْكَ الْاَصْغَرَ اَوْ سَدَّ الذَّرَائِعِ فَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَهٗ وَيَعْفُوْا عَنْهُ وَاِلَّا فَهُوَ غَالٍ وَمُشَدِّدٌ فِي الدِّيْنِ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ وَالتَّشْدِيْدُ فِي الدِّيْنِ سِيْمَاءُ الْخَوَارِجِ الْمَارِقِيْنَ وَالنَّاكِثِيْنَ ہمارے بعض متاخرین (حاشیہ پر مولوی وحید الزمان نے محمد بن عبدالوہاب نجدی اور اسماعیل دہلوی کا نام لکھا ہے) نے شرک کے معاملہ میں بڑا تشدد اختیار کر رکھا ہے اور اسلام کے دائرہ کو بہت تنگ کر دیا ہے کہ امورِ مکروہہ یا محرمہ کو بھی شرک قرار دیا ہے۔ اگر اس تشدد سے ان کی شرکِ اصغر یا اس کا سدِ باب مقصود ہے تو اللہ تعالیٰ ان کو معاف فرمائے۔ وگرنہ وہ دین میں سخت غالی اور متشدد فی الدین ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کا قرآنِ پاک میں ارشاد ہے کہ دین میں غلو مت کرو اور دین میں تشدد ان خارجیوں کی علامت ہے جو دین سے خارج اور عہد شکن ہیں۔ (ہدیۃ المہدی ص۲۶ سطر ۷ تا ۱۲ مطبوعہ دہلی)

مولوی اسماعیل دہلوی قتیل سے تائید

خود تقویۃ الایمان کے مصنف اسماعیل دہلوی قتیل نے بھی اس کتاب کے مضامین اور اس کے شائع ہونے پر خدشات کا جو اظہار کیا وہ مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی نے اپنی کتاب "ارواحِ ثلاثہ" میں اس طرح کیا ہے:

marfat.com

مولوی اسماعیل صاحب نے تقویۃ الایمان اوّل عربی میں لکھی تھی۔ چنانچہ اس کا ایک نسخہ میرے پاس اور ایک نسخہ مولانا گنگوہی کے پاس اور ایک نسخہ مولوی نصراللہ خاں خورجوی کے کتب خانہ میں بھی تھا۔ اس کے بعد مولانا نے اس کو اُردو میں لکھا۔ اور لکھنے کے بعد اپنے خاص خاص لوگوں کو جمع کیا۔ جن میں سید صاحب مولوی عبدالحی صاحب، شاہ اسحاق صاحب، مولانا محمد یعقوب صاحب، مولوی فریدالدین صاحب مراد آبادی، مومن خان، عبداللہ خاں علوی (استاذ امام بخش صہبائی و مملوک علی صاحب) بھی تھے۔ اور ان کے سامنے تقویۃ الایمان پیش کی۔ اور فرمایا کہ میں نے یہ کتاب لکھی ہے اور میں جانتا ہوں کہ اس میں بعض جگہ ذرا تیز الفاظ بھی آگئے ہیں۔ اور بعض جگہ تشدد بھی ہوگیا ہے۔ مثلاً ان امور کو جو شرکِ خفی تھے۔ شرکِ جلی لکھ دیا گیا ہے۔ ان وجوہ سے مجھے اندیشہ ہے کہ اس کی اشاعت سے شورش ضرور ہوگی۔ اگر میں یہاں رہتا تو ان مضامین کو میں آٹھ دس برس میں بتدریج بیان کرتا۔ لیکن اس وقت میرا ارادہ حج کا ہے۔ اور وہاں سے واپسی کے بعد عزمِ جہاد ہے۔ اس لیے اس کام سے معذور ہوں اور میں دیکھتا ہوں کہ دوسرا اِس بار کو اُٹھائے گا نہیں۔ اس لیے میں نے یہ کتاب لکھ دی ہے۔ گو اس سے شورش[2]

---

[1] اسماعیل دہلوی نے یہ بات کہ اس بار کو دوسرا اُٹھائے گا نہیں اس لیے کہی کہ اُس کو علم تھا کہ اس طرح بارگاہِ نبوت میں گستاخیاں اور بیباکیاں کسی دُوسرے سے سرزد نہیں ہوں گی۔ اور قرآنِ پاک کی تفسیر میں اس طرح تحریف کرنے کی کسی دوسرے کو جرأت نہیں ہوگی۔

[2] شورش کا خدشہ اس لیے تھا کہ اسی کتاب میں صحابہ، تابعین، آئمہ مجتہدین اور سلف صالحین کے عقائد درج کیے گئے ہیں۔ ایسے عقائد کی ہندوستان میں کسی نے تشہیر اور ترویج (باقی اگلے صفحہ پر)

marfat.com

ہو گی۔ مگر توقع ہے کہ لڑ بھڑ کر خود ٹھیک ہو جائیں گے۔ یہ میرا خیال ہے۔ اگر آپ حضرات کی رائے اشاعت کی ہو تو اشاعت کی جائے ورنہ اسے چاک کر دیا جائے۔ اس پر ایک شخص نے کہا کہ اشاعت تو ضرور ہونی چاہیئے۔ مگر فلاں فلاں مقام پر ترمیم ہونی چاہیئے۔ اس پر مولوی عبدالحی صاحب، شاہ اسحاق صاحب اور عبداللہ خاں علوی و مومن خاں نے مخالفت کی اور کہا کہ ترمیم کی ضرورت نہیں۔ اس پر آپس میں گفتگو ہوئی اور گفتگو کے بعد بالاتفاق یہ طے پایا کہ ترمیم کی ضرورت نہیں ہے۔ اور اسی طرح شائع ہونی چاہیئے۔ چنانچہ اس کی اشاعت اسی طرح ہو گئی۔ (ارواح ثلاثہ ص ۱۰۳ تا ۱۰۴ مطبوعہ کراچی ۶۱-۶۲ء مطبوعہ سہلانپور)

تصانیف اسماعیل دہلوی سے ہل چل

مولوی ابوالکلام آزاد لکھتے ہیں کہ مولانا محمد اسماعیل شہید، مولانا منور الدین کے ہم درس تھے۔ شاہ عبدالعزیز کے انتقال کے بعد جب انہوں نے تقویت الایمان اور جلا العینین لکھیں اور ان کے مسلک کا ملک میں چرچا ہوا تو تمام علماء میں ہل چل پڑ گئی۔ ان کے رد میں سب سے زیادہ سرگرمی بلکہ سربراہی مولانا منور الدین نے دکھائی۔ متعدد کتابیں لکھیں ۱۲۴۸ھ والا مشہور مباحثہ جامع مسجد میں کیا۔ تمام علماء ہند سے فتوے مرتب کرایا۔ پھر حرمین سے فتویٰ منگوایا۔

اس معاملے میں مولانا فضل امام خیر آبادی اور دیگر علماء ان کے (مولانا منور الدین) شریک و معاون تھے۔ چنانچہ ایک تصنیف خاص مسئلہ امتناع نظیر خاتم النبیین پر

(بقیہ صفحہ ۳۱۸) نہیں کی تھی۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے حدیث شریف اتبعوا السواد الاعظم کی شرح میں فرمایا ہے کہ مقصود یہ ہے کہ جس جانب میں اکثر علماء ہوں۔ اس کی پیروی کرو۔ علامہ نووی علیہ الرحمۃ نے فرمایا ہے جس بات پر اُمت کا اجماع ہو وہی اللہ کی مرضی ہے اور جو منکر ہو سو دوزخی ہے۔ (فقیر قادری)

marfat.com

ہے جس میں بڑے ہی شرح وبسط سے معقولات کی بناء پر بحث کی ہے۔
ایک کتاب مجموعی طور پر تقویت الایمان، جلاء العینین اور یک روزی کے ردّ میں ہے۔ اس میں تقویت الایمان کے تیس ۳۰ مسئلے مابہ النزاع منتخب کیے ہیں اور پھر تیس بابوں میں ان کا ردّ کیا ہے۔ ایک رسالہ اس باب میں ہے کہ مولانا اسماعیل شہید کے عقائد کا رد خود ان کے خاندان اور اساتذہ کی کتب سے کیا جائے۔ چنانچہ اس میں ہر مسئلے کے ردّ میں شاہ عبدالرحیم، شاہ ولی اللہ، شاہ عبدالقادر اور شاہ رفیع الدین کے اقوال سے اپنے نزدیک ردّ کیا ہے۔ (آزاد کی کہانی ص ۸۱)

اسماعیل دہلوی سے شاہ عبدالعزیز محدّث دہلوی علیہ الرحمۃ کی ناراضگی

اسی بدعقیدگی، اور مذہب کے معاملہ میں بے قیدی کی بناء پر ابوالوہابیہ والدیابنہ اسماعیل دہلوی قتیل سے بزرگ ناراض تھے۔ چنانچہ فخر الجہابذہ، شیخ العلماء علامہ شاہ فضل رسول بدایونی رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ نے تحریر فرمایا ہے کہ:

"مولوی اسماعیل کی فکر میں حد سے اور طبیعت میں مذہب سے بے قیدی کی رغبت پہلے ہی سے تھی۔ بزرگ اُن کے اس سبب سے اُن سے ناراض تھے۔ شاہ عبدالعزیز صاحب نے آخر عمر میں اپنا تمام مملوکہ منقولہ غیر منقولہ کہ ہر جنس کثرت سے تھی حرم اور نواسوں وغیرہ کو ہبہ کر کے قابض کرا دیا۔ مگر مولوں اسماعیل کو کچھ نہ دیا۔ جب شاہ صاحب نے انتقال کیا۔ کوئی بزرگوں میں نہ رہا۔ مولوی اسماعیل کھلے بندوں کھیل کھیلے۔ تین چشمے فساد کے دین میں اُن کی ذات سے جاری ہوئے۔" (سیف الجبار ص ۴۸-۴۹)

تقویۃ الایمان کی بناء پر اسماعیل دہلوی کی تکفیر پر علماء حق کا فتویٰ

علامہ شاہ فضل رسول

marfat.com

بدایونی علیہ الرحمہ نے: اسماعیل دہلوی کے تیسرے فساد کا تذکرہ اس طرح کیا ہے کہ:

"کتاب التوحید نجدیہ کی مراد آباد میں کہ وہاں پہلے سے کسی قدر اس مذہب کی گفتگو تھی۔ ہاتھ لگی۔ اس مذہب کو پسند کیا۔ اور تقویۃ الایمان تصنیف کی۔ گویا اُسی کتاب التوحید کی شرح ہے۔ اس دین کی بڑی شہرت ہوئی اور عوام الناس بہت اس بلا میں پھنسے توہین و تحقیر انبیاء و اولیاء کی۔ اور تکفیر تمام اُمت سلف و خلف کی خوب جاری ہوئی۔ دیندار اہل علم جہاں تھے۔ اُن کے فیض صحبت سے جو بچا سو بچا ورنہ اول وہلہ میں اکثروں کو اس طرف میل آگیا۔ بسبب شہرت اُن کے خاندان کے اور ناواقفی کے فن و سیرت و حدیث سے۔ جب نوبت دہلی پہنچی۔ ہزاروں ہزار آدمی کہ شاگرد اور مرید لکھنے والے صحبت یافتہ شاہ عبدالعزیز صاحب اور مولوی رفیع الدین صاحب کے اور علم میں اُن سے زائد لوگ موجود تھے۔ مولوی اسماعیل اور مولوی عبدالحی سے دست و گریباں ہوئے۔ اور خواص نے فہمائش کی کہ اس سفر میں یہ نیا دین کیسا نکال لائے۔ کہ اُس کی رُو سے تمہارے اُستادوں سے لے کر صحابہ تک کوئی کفر و شرک سے نہیں بچتا۔ اور قبل اس سفر کے تم بھی اُسی طریقہ پر تھے۔ اور ویسا ہی وعظ کہتے تھے۔ اور فتویٰ لکھتے تھے۔ جس کو اب شرک کہتے ہو۔ یہ دین میں فساد ڈالنا اور قرآن و حدیث میں تحریف کرنا اور خلائق کو گمراہ کرنا بہت بُرا ہے۔ ہر چند نصیحت کی۔ کچھ سود مند نہ ہوئی۔ ناچار ہو کر سب نے اِنکار و البطال کیا۔ مولوی مخصوص اللہ صاحب اور مولوی موسیٰ صاحب، مولوی رفیع الدین کے صاحبزادوں نے فتوی اور رسالے ان کے رد میں لکھے۔ نوبت تکفیر تک پہنچائی۔ مولوی فضل حق صاحب خیرآبادی جزاہ اللہ خیراً کے علم و فضل میں مولوی اسماعیل وغیرہ کو

marfat.com

اُن سے کچھ نسبت نہیں۔ علومِ عقلیہ ونقلیہ اپنے والد ماجد سے جو یگانۂ عصر تھے حاصل کیے۔ ہر طرح مولوی اسماعیل کے روبرو انکا رد و ابطال کیا۔ اور تکفیر کی۔ نوبت تحریر کی آئی۔ مسئلہ شفاعت میں مولوی اسماعیل سے حرکت مذبوحی کچھ جواب میں کی۔ آخر کو عاجز و ساکت ہو گئے۔ اور تحقیق الفتویٰ فی ردِ اہلِ الطغویٰ کمال شرح وبسط سے مولوی فضل حق صاحب نے لکھا۔ اجمال اُس کا یہ ہے کہ مستفتی نے عبارت تقویۃ الایمان کی جو شفاعت میں ہے۔ سب نقل کر کے سوال کیا کہ یہ کلام حق ہے یا باطل۔ اور حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کے استخفاف پر شامل ہے یا نہیں۔ اور شرعاً اُس کے قائل کا کیا حکم ہے۔ تفصیل جواب کی چار مقام میں مولوی فضل حق صاحب نے بیان کی۔ پہلا مقام شفاعت کی حقیقت اور اُس کے اقسام کے بیان میں۔ دوسرا مقام کلمہ لاطائل کے بیان میں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں مولوی اسماعیل کی زبان سے سرزد ہوا۔ تیسرا مقام ثابت کرنے میں اس کے کہ وہ کلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے استخفافِ شان پر دلالت کرتا ہے۔ چوتھا مقام اُس کے حکم میں۔ اور چاروں مقاموں کو آیات و احادیث اور اقوالِ آئمہ دین سے جیسا چاہیئے مفصل اور شرح بیان کر کے آخر میں لکھا۔

چوں ہر چہار مقام پیرایۂ انجام و اختشام یافت حالا خلاصۂ فتویٰ و جواب استفتاء باید شنید کہ مستفتی در استفتاء سہ سوال کردہ یکے آنکہ ایں کلام حق است یا باطل۔ دوم آنکہ کلامش بر استخفاف و انتقاصِ شان واجب التوقیر حضرت سید الاولین و الآخرین افضل الانبیاء و المرسلین اشتمال دارد یا نہ۔ سوم اینکہ بر تقدیر اشتمال و دلالت آں شفاعت بر استخفاف و انتقاص شان آنحضرت صلی

marfat.com

اللہ علیہ وسلم حال وحکم مرتکب آں شرعاً چیست و او از روئے دین و
ملت کیست جواب سوالِ اوّل ایں است کہ کلام قائل مذکور از سرتا پا
کذب وزور و فریب وغریب است چہ او نفی بودن شفاعت
برائے نجاتِ گنہگاراں ونفی شفاعتِ وجاہت وشفاعتِ محبت
از آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وحضرت سائر انبیاء وملائکہ و
اصفیاء میکند ایں اعتقاد او خلافِ کتابِ مبین واحادیث سید المرسلین و
اجماع المسلمین است کما ثبت فی المقام الاوّل مفصلاً وقد بان
بطلان بعض کلماتہ فی المقام الثانی مجملاً۔ جواب سوالِ دوم اینست
کہ کلام و دلائل از روئے شرع مبین بلاشبہ کافر و بیدین است
ہرگز مومن ومسلمان نیست وحکم او شرعاً قتل وتکفیر است و ہر کہ
در کفر او شک آرد یا تردد دارد یا ایں استخفاف را سہل انگارد کافر
و بیدین و نامسلمان ولعین است الدر کفر و بیدی کمتر است از
کسیکہ ایں کلام ضلالت نظام را صواب ومستحسن پندارد و اعتقاد
ایں کلام را از عقائد ضروریۂ دین شمارد و آنکس در کفر با قائل ہمسر بلکہ
در استخفاف از و بالاتر است چہ او استخفاف آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم وسائر انبیاء واولیاء وملائکہ را مستحسن داشت وآں را از ضروریات
دین پنداشت وہچناں کسیکہ ظاہراً و باطناً پاسداری ایں قائل در ایں
چنیں مسائل روا دارد وبرائے حفظ حرمت او در اہلِ علم تاویلات
دور از کار بروئے کار آرد چہ او نیز مرتکب استخفاف شان
حضرت سید المرسلین شد کہ پاسداری بیدینی را بر احترام آں سید
الانام علیہ التحیۃ والسلام رجحان داد وبخوفِ ملامت بلکہ بمقتضائے
بدبختی وشامت در پئے اثبات آنچہ بر استخفاف دلالت دارد
اُفتاد وایں ہمہ کفر وزندقہ است والحاد اعاذنا اللہ من ذالِكَ

marfat.com

بحرمة النبی وآلہٖ الامجاد واز اثبات ایں مطالب
درمقام رابع فراغ دست داد فقطع دابر القوم الذین
ظلموا والحمد لِلّٰہِ رَبِّ العالمین الحاصل سواد ظلمت کفر
شکست وبیاض نور ایمان باشراق پیوست فَمَنْ شَآءَ فَلْیُؤْ
من وَمَنْ شَآءَ فَلْیَکْفُرْ وَالسّلام علےٰ من اتبع الھدیٰ

مہریں ودستخط اکثر علماء کی اس پر ثبت ہوئیں۔ (سیف الجبار ص۸۵ تا ۸۸)

جامع مسجد دہلی میں مناظرہ

حضرت علامہ شاہ فضل رسول بدایونی علیہ الرحمۃ نے جامع مسجد دہلی میں مجلسِ مناظرہ کی کارروائی بھی بیان فرمائی ہے۔ جو کہ قارئین کی معلومات میں اضافہ کے ساتھ ساتھ دلچسپی سے بھی خالی نہیں ہے۔ ملاحظہ ہو۔

"اور مجلس جامع مسجد کی تفصیل یہ ہے کہ پہلے ایک استفتاء مرتب ہوا مہر ودستخط مولوی رشید الدین خاں صاحب ومولوی فضل حق صاحب ومولوی مخصوص اللہ صاحب ومولوی موسیٰ صاحب و مولوی محمد شریف صاحب ومولوی عبداللہ صاحب وآخون شیر محمد صاحب کہ صبح کے وقت منگل کے دن انیسویں ربیع الثانی سنہ ۱۲۴۰ھ کو کہ مولوی عبدالحی جامع مسجد میں وعظ کہہ رہے تھے۔ مولوی رشید الدین خاں صاحب ومولوی مخصوص اللہ صاحب اور مولوی موسیٰ صاحب مولوی رفیع الدین صاحب کے صاحبزادے اور مولوی محمد شریف وغیرہم علماء وطلبہ خاص وعام حوض پر مجتمع ہوئے۔ جب مولوی عبدالحی وعظ کہہ چکے عبیداللہ طالب علم نے استفتاء پیش کیا کہ اپنی مہر اس پر کر دیجئے۔ مولوی عبدالحی نے کہا میں نہیں مہر کرتا کہ میں کچھ نہیں جانتا اس نے کہا یہی لکھ دیجیے۔ اور اصرار کیا۔ مولوی عبدالحی نے انکار کیا۔ اور ملال ظاہر کرنے لگے۔ مفتی محمد شجاع الدین علی خاں صاحب

marfat.com

نے کہا اس کا تصفیہ ضرور ہے کہ بڑا اختلاف پڑ گیا ہے۔ مرزا غلام حیدر شاہزادے طالب علم کی تکرار سے رنجیدہ ہوتے اور مولوی عبدالحی وغیرہ کو مجمعِ علماء میں واسطے مناظرہ کے لیے۔ مجمع بے شمار خاص و عام امیر و فقیر کا ہو گیا۔ کوتوال بھی بندوبست کے واسطے آ گیا۔ پھر مولوی عبدالحی نے فاضلوں سے پوچھا کہ تم کیوں آتے ہو۔ کسی نے کہا کہ آپ کے بُلانے کے موافق کہ ہر روز کہا کرتے تھے کہ جس کو تاب مناظرہ کی ہو ہمارے سامنے آئے۔ سُنکر چپ ہو گئے۔ مولوی مخصوص اللہ نے کہا کہ ہم بموجبِ حکم خدا کے آتے ہیں کہ حق ظاہر ہو جائے۔ مولوی موسیٰ نے کہا کہ تم ہمارے اُستادوں کو بُرا کہتے ہو۔ بولے کہ میں نہیں کہتا۔ مولوی موسےٰ نے کہا کہ یہ ایسے مسئلے نئے بتاتے ہیں کہ اُن سے بُرائی اُستادوں کی ثابت ہوتی ہے۔ پوچھا وہ کیا ہیں۔ کہا کہ مثلاً قبر کے بوسے کو شرک کہتے ہیں۔ اور ہمارے اکابر اس کے مباشر ہوتے تھے۔ مولوی عبدالحی نے انکار کیا۔ کسی نے کہا لکھ دو تاکہ تمہارے اُوپر جھوٹ باندھنے والوں کی تکذیب کی۔ مولوی عبدالحی نے کانپتے ہوئے ہاتھ سے لکھ دیا۔ بوسہ دہندہ قبر مُشرک نیست۔ مولوی رشیدالدین خاں صاحب کے ہاتھ میں فتوےٰ دیا گیا۔ اور قریب مولوی عبدالحی کے آ بیٹھے۔ مولوی عبدالحی نے گِلہ شکوہ ان سے شروع کیا کہ خانصاحب مجھے آپ کی خدمت میں دوستی تھی۔ تم برملا مجھے ذلیل کرتے ہو۔ خانصاحب نے فرمایا کہ ہم تمہارے اعزاز و اظہارِ کمال کے واسطے آئے ہیں۔ لوگوں نے مشہور کیا ہے کہ تم مسئلے خلاف سلف کے کہتے ہو۔ اس سبب سے تم سے خلق کو وحشت ہے۔ ایسے مجمع میں مفتریوں کی تکذیب ہو جائے گی۔ مولوی عبدالحی شکوے ہی کی پریشان باتیں کرتے رہے۔ خانصاحب نے فرمایا کہ تمہارے لوگ کہتے ہیں کہ

marfat.com

عبدالعزیز کی راہ، راہ جہنم کی ہے۔ اُسی وقت گواہی سے یہ بات ثابت ہوگئی۔ لوگ بُرا کہنے لگے۔ مولوی عبدالحی نے بھی تبرا کیا بآوازِ بلند اور مولوی رشیدالدین خانصاحب سے کہا کہ مولانا عبدالعزیز کی محبت اور اعتقاد علم و بزرگی میں میں مثل تمہارے ہوں۔ طحاوی اور کرخی کے برابر جانتا ہوں۔ پھر استفسار شروع ہوا۔ ہر مسئلے کا جواب دیا۔ کہ چنداں مخالف جمہور کے نہ تھا۔ مولوی اسماعیل نے پہلے ہی استفسار سے اِرادہ کیا اُٹھ جانے کا۔ مولوی رحمت اللہ نے کہا کہ ذرا تشریف رکھئے کہ جناب کے دستخط اس تحریر پر ضروری ہیں۔ مولوی اسماعیل نے کہا کہ میں کسی کے باپ کا نوکر نہیں ہوں۔ میرے واسطے محتسب لاؤ۔ اے مردود میرے ساتھ سختی کرتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ حضرت میں سختی نہیں کرتا۔ عرض کرتا ہوں پھر مولوی اسماعیل نے کہا میرے رسالہ کا جواب لکھ۔ مولوی رحمت اللہ نے کہا رسالہ آپ کا میری بغل میں ہے۔ اگر فرمایئے اسی مجمع میں جواب عرض کروں۔ غصہ کھا کر کچھ نہ کہا۔ پھر مولوی رحمت اللہ نے کہا کہ نئے عقیدے اپنے دِل کے بنائے ہوئے کسی سے نہ فرمایئے اور نہیں تو ابھی بحث کر لیجئے۔ مولوی اسماعیل اُٹھ بھاگے اور چلتے ہوئے مولوی رشیدالدین خاں صاحب، مولوی عبدالحی صاحب سے پوچھا کیے وہ جواب دیتے تھے۔ ایسے کہ قدماء کے خلاف نہ تھے۔ تیرہویں سوال میں کسی بدعت کی بحث تھی۔ مولوی عبدالحی نے کہا کہ میرے نزدیک بدعتِ حسنہ بھی گو اصلِ ہر بدعت کی بد ہے۔ مگر سبب نیکی کا اس میں ہو تو حسنہ ہو جاتی وِالّا فلا۔ مولوی رشیدالدین خاں صاحب نے کہا کہ اصل ہر بدعت کی بد نہیں ہے بموجب حدیث۔ مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً وَمَنْ سَنَّ سنة سَيِّئَةً الحدیث کے اور حدیث مَنْ

marfat.com

اَحْدَثَ فِیْ اَمْرِنَا ھٰذَا مَا لَیْسَ مِنْہُ اور حدیث مَنْ ابتدع بدعۃ ضلالہ۔ لا یَرْضاھا اللّٰہ کہ ان تینوں حدیثوں سے ثابت ہوا کہ نیا طریقہ نیک بھی ہوتا ہے۔ بد بھی۔ اور خدا اور رسول کی مرضی کے موافق بھی۔ مخالف بھی۔ گمراہ بھی۔ غیر گمراہ بھی۔ اسی سبب سے علمار نے کہا ہے کہ بعض بدعت واجب و مندوب و مباح بعضے حرام و مکروہ۔ مولوی مخصوص اللہ صاحب نے کہا جس بدعت کی وجہ حسن و قبح کی ظاہر نہ ہو وہ کیا ہے۔ مولوی عبدالحی نے کہا سیئہ۔ انہوں نے کہا اس تقدیر پر بدعت و مباح کیا فرق ہے۔ مولوی عبدالحی ساکت ہو گئے۔ کسی نے کہا کہ احکام خمسہ میں سے ایک حکم کم ہو گیا۔ پھر مولوی عبدالحی نے کہا کہ ہر بدعت کو بُرا اس واسطے کہتا ہوں کُلُّ بِدْعَۃ کا کلیہ ظاہر پر رہے اور مخصوص نہ ہو جائے۔ خانصاحب نے کہا کہ تخصیص سے کیا قباحت لازم آتی ہے۔ اور عمومات میں تخصیص مشہور ہے۔ کہ مولوی محمد شریف نے پڑھا۔ مَا مِنْ عام الّا و قد خص منہ البعض خاں صاحب نے کہا کہ تینوں حدیثیں مذکورہ بالا تخصیص کو چاہتی ہیں۔ پس تخصیص ضرور ہوئی۔ مولوی عبدالحی نے کہا کہ اصل ہر بدعت کی قبح بعض علمار کا مذہب ہے۔ خانصاحب نے کہا کہ یہ قول حضرت مجدد صاحب کا ہے۔ مگر تمہارے مذہب سے نہایت دور کہ ان کے مذہب میں جس کی اصل شرع میں پائی جائے وہ سنت ہے۔ بدعت وہی ہے کہ جس کی اصل نہ پائی جائے۔ پھر مولوی عبدالحی نے غوطہ میں جا کر کہا کہ یہ قول نووی کا ہے۔ فتح المبین میں لکھا ہے۔ اُسی وقت فتح المبین شرح اربعین امام نووی کی پیشکش کی گئی۔ عبارت اس مقام کی باوازِ بلند مع ترجمہ پڑھی گئی پھر تو مولوی عبدالحی صاحب اچھی طرح

marfat.com

سے قائل[1] معقول ہو گئے۔ پھر اذان میں بعد دفن کے کلام ہوا۔ بعد کسی قدر تکرار کے کہا کہ میں کسی کو منع نہیں کرتا۔ پھر کلام ہوا سوم کے فاتحہ میں بعد قیل وقال کے کہا کہ اگر اُس دن میں ثواب زیادہ جانتا ہے۔ تو ممنوع اور اگر ثواب زائد نہیں جانتا اور برعایت مصلحت کے کرتا ہے تو منع نہیں ہے۔ تمام ہوا خلاصہ نقل مجلس کا۔ پھر تو یہ حال ہوا کہ ہر ایک مسئلہ میں ادنیٰ ادنیٰ آدمی سے قائل ہونے لگے اور اطراف وجوانب میں بھی یہ تقریریں اور تحریریں جا بجا پھیل پڑیں سب پر ظاہر ہو گیا کہ مولوی اسماعیل کا طریقہ مخالف ہے۔ تمام سلف صالحین کے اور اپنے خاندان کے بھی مخالف ہے اور سبب اعتبار کا وہی نسبت خاندان کی تھی جب اُس کے بھی مخالف ٹھہرے تو کچھ اعتبار نہ رہا اور ساری قلعی کھل گئی۔ اور ہر ایک جگہ جو اہلِ علم تھے متوجہ ہوتے۔ ان کی بیدینی کے اظہار اور اُس کے رد لکھنے پر ان ہی سببوں سے آگ اُن کے فتنے کی ٹھنڈی ہو گئی اور نئے دین والے بھی زبان دبا کر بات کرنے لگے۔ اور توجہ بات بنانے میں ہوئی اور تقیہ جاری ہوا۔ ہزاروں ہزار آدمی اُس طریقہ سے تائب ہوتے

---

[1] یہ مولوی عبدالحی صاحب کی سلامتِ طبع کی علامت ہے۔ کہ حق واضح ہونے پر تسلیم سے گریز نہ کیا۔ وگرنہ وہابیہ کے مناظرین کی عام عادت ہے کہ شکست کھانے کے بعد بھی اپنی فتح کا اشتہار شائع کر دیتے ہیں۔ حال ہی میں موضع دھرنگ ضلع گوجرانوالہ میں شیرِ اہلسنت علامہ محمد عنایت اللہ صاحب قادری خطیبِ اعظم سانگلہ ہل کا وہابیہ کے مشہور حافظ عبدالقادر صاحب روپڑی سے چار گھنٹے مسئلہ ندا یا رسول اللہ پر مناظرہ ہوا۔ فقیر اُس مناظرہ میں اہلسنت کی طرف سے معاون تھا۔ مسلمہ منصف مناظرہ نے فیصلہ میں اہلسنت وجماعت کے مناظر کی فتح کا اعلان بھی کیا۔ مگر وہابیوں نے حسبِ روایاتِ سابقہ اپنی فتح کا اشتہار شائع کر دیا۔ لعنۃ اللہ علی الکاذبین۔ (فقیر قادری محمد ضیاء اللہ غفرلہٗ)

marfat.com

صرف وہی لوگ کہ جن کو سخن پروری کا پاس دین پر غالب ہوا۔ یا جن کو وہ پیشہ واسطہ ہوا۔ دُنیا پیدا کرنے کا اُس طریق پر قائم رہے۔ مگر نہایت ذلت وخواری کے ساتھ۔ اہلِ علم کی مجلسوں میں تقیہ سے گزارا کرتے۔' (سیف الجبار ص۸ تا ۹)

ابوالوہابیہ اسماعیل دہلوی قتیل کی تکفیر

علامہ شاہ فضل رسول بدایونی علیہ الرحمۃ اپنی دوسری تصنیفِ لطیف 'فوز المبین لشفاعۃ الشافعین' میں لکھتے ہیں کہ:

'مولوی اسماعیل کے مذہب پر تمام اولین اور آخرین کے واسطے شفاعت نہیں ہوسکتی۔ فائدہ شفاعت کے بیان میں جو مولوی اسماعیل نے لکھا ان کے روبرو اُس کا رد ہوا۔ مولوی فضل حق صاحب خیرآبادی جزاہ اللہ خیراً نے تحقیق الفتویٰ فی ابطال الطغویٰ کمال شرح وبسط سے لکھا۔ اور مولوی اسماعیل کی تکفیر ثابت کی اور علماء دیوبند کی اُس پر مہریں ہوئیں۔ اور کچھ جواب اس کا نہ ہوسکا جس کا جی چاہے بتفصیل وہاں دیکھ لے۔ یہاں اس قدر ثابت کرنا مقصود تھا کہ مولوی اسماعیل کا بیان کتاب وسُنت اور مذہب اہلسنت وجماعت کے خلاف ہے۔' (فوز المبین لشفاعۃ الشافعین ص۱۸-۱۹)

اسماعیل دہلوی کے ماخذ خوارج اور معتزلہ بدمذہب ہیں

علامہ شاہ فضل رسول بدایونی علیہ الرحمۃ نے واضح الفاظ میں تحریر فرمایا ہے کہ:

'اصل ماخذ مولوی اسماعیل کا خوارج ومعتزلہ وغیرھما بدمذہب ہیں۔' (فوز المبین لشفاعۃ الشافعین ص۲۰)

لہ علامہ فضل رسول بدایونی علیہ الرحمۃ کی یہ تصنیف ۱۳۱۰ھ میں شائع ہوئی تھی۔ (فقیر قادری غفرلہٗ)

marfat.com

ہندوؤں اور سکھوں سے تعلقات

اب وہابیہ نجدیہ کے ناخواندہ (جاہل) امیر المومنین سید احمد اور نام نہاد مجدد اسماعیل دہلوی قتیل کے سکھوں اور ہندوؤں سے تعلقات بھی ملاحظہ فرما لیں۔ سید احمد نے رنجیت سنگھ کی افواج کے جنرل بدھ سنگھ کو خط لکھا تو اس میں بہت القاب لکھے۔ اور ان الفاظ سے خط کی ابتدا کی۔

"از امیر المومنین سید احمد بر ضمیر اہبت تخمیر۔ سپہ سالار جنود و عساکر مالک[1] خزائن و دفاتر۔ جامع ریاست و سیاست۔ حاوی امارت و ایالت صاحب شمشیر و جنگ۔ عظمت نشان سردار بدھ سنگھ۔

(حیات طیبہ ص۳۰۳، تواریخ عجیبہ ص۲۵ مطبوعہ دہلی)

وہابیہ نجدیہ کے میرزا حیرت دہلوی نے دیوبندی اور غیر مقلد وہابیوں کے امام اور مجدد اور اسماعیل دہلوی کے منشی کا نام ہیرا لال لکھا ہے۔ (حیات طیبہ ص)

سید احمد بریلوی اور اسماعیل دہلوی کی فوج کے توپچی بھی ایک سکھ تھا

قارئین کرام! غور فرمائیں کہ جن حضرات کی فوج (ARMY) کے توپچی اور منشی ہندو اور سکھ ہوں۔ اور عظمت و رفعت والے القاب سے خط و کتابت ہو۔ کیا ایسے حضرات کا جہاد ہندوؤں اور سکھوں سے ہو سکتا ہے؟ ہرگز نہیں ہرگز نہیں۔ ان کا جہاد عشاقِ رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے ہی تھا۔

---

[1] سید احمد کے نزدیک ایک سکھ مالک خزائن و دفاتر ہے۔ مگر اس کے چیلے اور چیلوں کے نزدیک امام الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور سید الاولیاء علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کسی چیز کے مالک و مختار نہیں ہیں۔

نعوذ باللہ (فقیر قادری محمد ضیاء اللہ عفرلہٗ)

marfat.com

نیز جس قوم کے ساتھ جہاد کیا جائے کیا وہ مخالف فریق کے مُردوں کو نہایت تعظیم و تکریم سے دفن کرتی ہے۔ اور ان کی قبریں بناتی ہیں؟ قطعاً نہیں لیکن وہابیہ دیوبندیہ کے مورخ مرزا حیرت دہلوی رقمطراز ہیں کہ:

'راجہ شیر سنگھ نے اُسی لاش (اسماعیل دہلوی کی لاش) پر دوشالہ ڈلوا کر اور اپنی فوج کے مسلمانوں اور نیز ملکیوں سے اُس پر نمازِ جنازہ پڑھوا کر بڑے اعزاز اور اکرام سے اس کو دفن کرادیا۔

(تواریخ عجیبہ ص۱۷۹ مطبوعہ دہلی)

دیوبندیوں کے مولوی عبیداللہ سندھی بھی رقمطراز ہیں کہ:

'واقعہ بالاکوٹ میں بقیۃ السیف مجاہدین کو امیر شہید (سیّد احمد) کا جنازہ نہ مِلا۔ بات یہ ہوئی کہ سکھوں نے امیر شہید کا سر کاٹنے کے بعد مقامی مسلمانوں کی معرفت فوجی اعزاز کے ساتھ آپ کو دفن کر دیا۔' (شاہ ولی اللہ اور ان کی سیاسی تحریک ص۱۲۹)

اس کتاب کے حاشیہ پر محشی نے مزید لکھا ہے کہ:

'سکھوں کا رسالہ جنازہ کے ساتھ تھا۔ شیر سنگھ نے اپنا خاص دوشالہ جنازہ پر ڈالنے کے لیے بھیجا۔ (حاشیہ کتاب مذکور ص۱۳۰)

جعفر تھانیسری نے سیّد احمد بریلوی کی لاش کے بارے میں سکھوں کا طرزِ عمل بھی ان الفاظ میں تحریر کیا ہے کہ:

'چنانچہ اُنھوں نے ایک بے سر کی لاش کو دیکھ کر کہا کہ یہ سیّد صاحب کی لاش ہے۔ اُسی بے سر کی لاش پر راجہ شیر سنگھ نے دوشالہ ڈلوا کر اور نماز پڑھوا کر بڑے اعزاز و اکرام سے اُس کو دفن کرایا۔

اسی بنیاد پر سیّد صاحب کی ایک کچی قبر بھی بالاکوٹ میں موجود ہے

دیوبندیوں کے مولوی اشرف علی تھانوی نے امداد المشتاق میں لکھا ہے کہ:

marfat.com

(سید احمد کو) سنگھ نے بتعظیم و اکرام عام مزار تیار کیا۔
(امداد المشتاق ص۶۱)

غیر مقلدین کے مرزا حیرت دہلوی نے لکھا ہے کہ:

'یہ خبر معتبر معلوم ہوتی ہے کہ دوسرے دن شیر سنگھ نے ان دونوں بزرگوں (سید احمد و اسماعیل دہلوی) کی نعشوں کو شناخت کرا کر نہایت عزت کے ساتھ انہیں بالاکوٹ میں دفن کرا دیا۔'

(حیات طیبہ ص۵۳۵، تواریخ عجیبہ ص۱۷۹)

ناظرین کرام! مندرجہ بالا وہابیہ اپنے تاریخی کوائف سے اظہر من الشمس ہے کہ اسماعیل دہلوی قتیل اور سید احمد کا یہ نام نہاد جہاد سکھوں اور ہندوؤں سے نہ تھا۔ بلکہ یہ ایک ڈھونگ تھا۔ اور مسلمانوں کے قتلِ عام کرنے کا ذریعہ اور انگریزوں کو مضبوط کرنے کا ایک سوچا سمجھا منصوبہ تھا۔

اپنے مجددِ دین سید احمد اور اسماعیل دہلوی کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے اس دور کے وہابیوں نے بھی ہندوؤں اور سکھوں سے تعلقات استوار رکھے۔ اپنے اکابر کی روش کو ہی ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے انہوں نے ہندوؤں اور سکھوں کی جماعت کانگریس کی پُرزور حمایت کرتے ہوئے پاکستان کی مخالفت کی اور اُس میں شامل ہوئے۔

نہرو کی جوتی پر دس ہزار جناح قربان کیے جا سکتے ہیں | دیوبندی احراری لیڈروں نے یہاں تک کہہ دیا ہے کہ دس ہزار جناح اور شوکت اور ظفر جواہر لال نہرو کی جوتی کی نوک پر قربان کیے جا سکتے ہیں۔ (چمنستان ص۱۶۵ از ظفر علی خاں)

دیوبندی مولوی کے نزدیک نہرو ایمان کا شعلہ منور ہے | دیوبندیوں کے مولوی اقبال سہیل نے نہرو کی شان میں جو لکھا ہے۔ اُس کا ایک شعر دیوبندیوں کے ماہر القادری نے

marfat.com

اپنے ماہنامہ فاران میں درج کیا ہے۔

اخلاق کی صورتِ مجسم ایمان کا شعلہ منور

(فاران کراچی ص۵۳ نومبر ۱۹۵۲ء)

مولوی ظفر علی خاں ایڈیٹر اخبار زمیندار نے اِسی لیے عطاء اللہ بخاری اور احرار کے متعلق لکھا ہے کہ:

نہرو جو کہ دولہا تو دُلہن مجلسِ احرار
ہو پیر بخاری کو مبارک یہ عروسی
ہندوؤں سے ہے نہ سکھوں سے نہ سرکار سے ہے
گلہ رسوائیِ اسلام کا احرار سے ہے

(چمنستان ص۱۵۹)

احراری پاکستان کو ہندوؤں کے حوالے کرنے میں کوشاں رہتے ہیں

احراری خود زندگی بھر تقسیمِ ہند کی مخالفت اور کانگرس کی حمایت کر کے پورے کا پورا پاکستان ہندوؤں کے حوالے کرنے میں کوشاں رہے ہیں۔ (رپورٹ تحقیقاتی عدالت ص۲۴۰)

مولوی ظفر علی خاں نے اسی لیے احرار کے متعلق لکھا تھا۔

حرف پنجاب میں ناموسِ نبی پر آیا!
قائم اس ظلم کی بنیاد ان اشرار سے ہے
آج اسلام اگر ہند میں ہے خوار و ذلیل
تو یہ سب ذلت اسی طبقہ غدار سے ہے

(چمنستان ص۴)

دیوبندیوں کے نزدیک گاندھی شہید ہے

دیوبندیوں کے مولوی اقبال سہیل نے گاندھی کی شان میں بھی شعر لکھے ہیں جس میں اُس کو بقائے دوام اور منصبِ شہادت کا مالک گردانا ہے چنانچہ

marfat.com

لکھتا ہے۔

تیری شان کون گھٹا سکے! اُسے خُود خدا نے بڑھا دیا
کہ تجھے بقائے دوام دی تجھے منصبِ شہدا دیا

(ماہنامہ فاران کراچی ص۵۳ نومبر ۱۹۵۳ء)

دیوبندیوں کی نظر میں گاندھی کی بے مثال عظمت

دیوبندیوں کے مولوی منظور نعمانی نے لکھا ہے کہ:

'اس میں شبہ نہیں کہ گاندھی جی کی ہستی اس زمانہ میں ممتاز ترین ہستی تھی اور بلاشبہ وہ بعض ایسی اعلیٰ صفات سے متصف تھے جو اس زمانہ میں خصوصاً بڑے لوگوں میں بالکل عنقا ہیں۔

پھر گاندھی جی کی ان خصوصیات کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ:

اُنہوں نے اس کا ایک زندہ ثبوت فراہم کیا کہ ایک پکا مذہبی اور خُدا پرست شخص بھی کامیاب ترین سیاسی لیڈر ہو سکتا ہے اور ان دونوں میں کوئی تضاد نہیں ہے۔'

خلاصۂ کلام یہ کہ گاندھی جی عہدِ حاضر کے سیاسی لیڈروں میں یقیناً بڑے بلند مقام پر فائز تھے۔ اور بعض بہت اعلےٰ اخلاقی اوصاف کے حامل اور روحانیت پسند درویش صفت انسان تھے۔ اور ان کی زندگی سے مادیت کے اس دور میں اخلاق اور روحانیت کے شعبوں میں بڑی تقویت حاصل ہوئی اور ان حیثیتوں سے ان کی شخصیت دُنیا کے لیے قابلِ تقلید اور مستحقِ احترام ہے۔'

(ماہنامہ الفرقان لکھنؤ ص۳۳، ۴۴، ۴۶ ماہ رجب المرجب ۱۳۶۷ھ)

مولوی ابراہیم سیالکوٹی نے اپنی جماعت کے اور مولوی ثناء اللہ امرتسری کے محبوب مولوی ابوالقاسم بنارسی کو گاندھی اور نہرو کی آواز کا لاؤڈ سپیکر قرار

marfat.com

دیا ہے۔

(پیغامِ ہدایت ص۸۲)

داؤد غزنوی ہندوؤں سے مایوس نہیں

وہابیوں کے مولوی عنایت اللہ اثری گجراتی نے اپنے فرقہ کے مولوی داؤد غزنوی کے متعلق لکھا ہے کہ:

"مولوی داؤد صاحب اپنی قوم (وہابیہ) سے سخت مایوس ہیں لیکن ہندو قوم کانگریس سے مایوس نہیں۔ صبح وشام ان کے کام کرتے رہتے ہیں اور اُن کے دفتروں میں بیٹھے رہتے ہیں اور اپنی جماعت کا کوئی کام نہیں کرتے۔ اور درس تک بھی نہیں۔ حالانکہ بورڈ لگا رکھا ہے کہ یہاں روزانہ درس ہوتا ہے جو کہ خلافِ واقعہ ہے۔"

(الجسر البلیغ ص۱۲۸ ج۱)

وہابیوں کا مسلمانوں پر ظلم و ستم

دیوبندی حضرات کے مولوی عاشق الٰہی میرٹھی نے اپنی کتاب "تذکرۃ الرشید" میں سید احمد بریلوی کے نام نہاد جہاد کا تذکرہ جن الفاظ سے کیا ہے۔ اُس سے بھی اظہر من الشمس ہے کہ یہ جہاد مسلمانوں سے ہی تھا چنانچہ لکھا ہے کہ:

"سید صاحب نے پہلا جہاد مستمی یار محمد خان حاکمِ یاغستان سے کیا تھا۔

(تذکرۃ الرشید ص۳۷ ج۲)

مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی نے بھی لکھا ہے کہ:

"سید صاحب نے پہلا جہاد یار محمد خاں حاکمِ یاغستان سے کیا تھا۔ سید صاحب نے پہلے اپنا قاصد یار محمد خاں کے پاس بھیجا۔ وہ تن تنہا یار محمد خاں کے پاس پہنچا اور پیغام سُنایا۔ اُس نے جواب دیا سید سے کہہ دے وہ کیوں عبث جنگ پر آمادہ ہے۔ اُس کے لیے بہتر نہ ہوگا۔ اس کے ہمراہی ایک ایک کرکے مارے جاویں

marfat.com

گئے۔' (ارواحِ ثلاثہ ص۱۰۷ مطبوعہ سہارنپور)

تاریخ ہزارہ میں درج ہے کہ:

'سید شہید نے پائندہ خاں کے ملک کو فتح کرنے کا عزم کیا۔ مدد خاں اور سربلند خاں کی رہنمائی میں کوہستان کے راستہ سے آئے۔ پائندہ خاں اپنی فوج سوار و پیادہ کے ساتھ انب میں تیار کھڑا تھا۔

(تاریخ ہزارہ ص۵۷)

وہابیوں کے مؤرخ مرزا حیرت دہلوی واضح الفاظ میں لکھتے ہیں کہ:

'مولانا اسماعیل دہلوی کی پہلی نظریں (درّانی مسلمانوں) کی توپوں پر لگ رہی تھیں۔ آپ سب سے پہلے ان ہی (درّانی مسلمانوں) پر جا پڑے۔

گولہ انداز نے مہتابی کو روشن کر کے چاہا کہ پہلے مولانا شہید کو اُڑا دوں کہ مولانا نے تلوار کا پھُرتی سے وار کر کے اس کی گردن اُڑا دی۔ دوسرا توپچی بھی یوں ہی مارا گیا۔ مولانا شہید نے فوراً وہ دونوں توپیں درانیوں کی طرف پھیر کر فائر کرنے شروع کیے۔ ایک وفادار ہندو (راجہ رام)، جو مولانا شہید پر فریفتہ تھا۔ گولہ اندازی پر مقرر ہوا۔ اُس نے اس پھُرتی سے گولہ باری کی کہ درانیوں (مسلمانوں) کے پاؤں اُکھڑ گئے ادھر مولانا شہید اِن پر ٹوٹ پڑے۔ تکبیروں کی آوازیں خوب زور شور سے بلند ہو رہی تھیں۔ بھلا اب درّانی کیوں کر میدانِ جنگ میں ٹھہر سکتے تھے اپنا کُل سامان چھوڑ کر بھاگ گئے۔ جب وہ فرار ہو رہے تھے سید صاحب ان پر آپڑے تھے۔ جتنے درّانی (مسلمان) مارے گئے تھے۔ ان کی ٹھیک ٹھیک تعداد معلوم نہیں۔ ہاں جن مُردوں کو وہ میدان میں چھوڑ گئے تھے۔ وہ چار سو سے زیادہ تعداد میں تھے۔ مولانا شہید کی فوج کا ایک آدمی بھی زخمی نہ ہوا تھا۔ (حیاتِ طیبہ ص۳۲۹، ۳۳۰)

marfat.com

زبردستی نکاح کرنا

میرزا حیرت دہلوی سید احمد آف رائے بریلی کا اپنے طرفداروں کا زبردستی نکاح کرنے کا تذکرہ اس طرح درج کرتے ہیں کہ:

'سید صاحب نے صدہا نمازیوں کو مختلف عہدوں پر مقرر فرمایا کہ وہ شرع محمدی کے موافق عمل درآمد کریں۔ مگر ان (سید احمد، اسماعیل دہلوی) کی سختیاں حد سے زیادہ بڑھ گئی تھیں۔ اور بعض اوقات بیوہ خواتین کو مجبور کرتے تھے کہ ان (وہابیوں) سے نکاح کرلیں۔ اکثر بیوائیں جو بعض حالات میں نکاحِ ثانی کرنا پسند نہ کرتیں زبردستی مسجد میں لے جاکر اُن کا نکاح پڑھا جاتا۔ (حیاتِ طیبہ ص ۳۵۵)

'ایک نوجوان خاتون نہیں چاہتی کہ میرا نکاحِ ثانی ہو۔ مگر مجاہد صاحب زور دے رہے ہیں کہ نہیں ہونا چاہیئے۔ آخر ماں باپ اپنی نوجوان لڑکی کو حوالہ مجاہد کرتے ہیں اس کے سوا ان کا کچھ چارہ نہ تھا۔

(حیاتِ طیبہ ص ۳۵۵-۳۵۶)

'پشاور شہر کے قاضی سید مظہر علی (وہابی) نے اسماعیل دہلوی کے فتوے کے مطابق اعلان کردیا کہ تین دن کے عرصہ میں ملک پشاور میں جتنی رانڈیں (بیوہ) ہیں۔ سب کا نکاح ہوجانے ضروری ہیں۔ ورنہ اگر کسی گھر میں رانڈ رہ گئی تو اس گھر کو آگ لگا دی جائیگی۔ (حیاتِ طیبہ ص ۳۵۸)

ایک یورپین مورخ ہنٹر اپنی کتاب (THE INDIAN MUSLIMS) دی انڈین مسلمز میں لکھتا ہے کہ:

'چونکہ آپ (سید احمد اور اسماعیل دہلوی) کے ساتھی غریب الوطن تھے۔ اور اب ان کو جوڑوں کی بھی خواہش تھی تو آپ نے ایک فرمان جاری کیا کہ جتنی کنواری لڑکیاں ہیں وہ سب ہمارے لیفٹیننٹ کی خدمت میں مجاہدین کے لیے حاضر کی جائیں' (حیاتِ طیبہ ص ۳۶۴)

marfat.com

ناظرینِ کرام! مندرجہ بالا حوالہ جات سے ہر صاحبِ شعور اندازہ کر سکتا ہے کہ قوم وہابیہ نے کیسے کیسے ظلم و ستم مسلمانوں پر کیے ہیں۔ اسی قوم کے متعلق ہی نبیِ غیب دان، محبوبِ ربِ دو جہان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے نشان دہی فرمائی ہے۔

فیقتلون اھل الاسلام و یدعون اھل الاوثان	مسلمانوں کو قتل کریں گے اور بُت پرستوں کو چھوڑ دیں گے۔

(صحیح مُسلم شریف ص ۳۴۱)

مسلمانوں پر ان کے ظلم و ستم کی جب انتہا ہو گئی اور عوام پر جب ان کی بدعقیدگی بھی آشکارا ہو گئی تو مسلمان ان کے خلاف ہو گئے اور ان کے مشن کو قبول نہ کیا۔ جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اسماعیل دہلوی اور سیّد احمد دونوں کے ہاتھوں ہی مارے گئے۔

اسماعیل دہلوی مسلمانوں کے ہاتھوں قتل ہوا

قاضی فضل احمد صاحب لدھیانوی نے اپنی معرکۃ الآرا کتاب انوارِ آفتابِ صداقت میں تاریخ ہزارہ کے حوالہ سے درج کیا ہے کہ:

"جرگہ یوسف زئی پٹھان جو کہ سکھوں کے ساتھ مقابلہ کرنے کے لیے تیار تھے۔ اور مولوی اسماعیل کے حامی ہو چکے تھے۔ ان کے خاندانوں میں رواج تھا کہ یہ لوگ اپنی لڑکیوں کی شادی دیر سے کرتے تھے۔ مولوی اسماعیل نے خلیفہ سیّد احمد کو اس امر کی اطلاع دی تو خلیفہ صاحب نے ان پٹھانوں کو راضی کر کے دو لڑکیوں کا نکاح خود کر لیا۔ اس معاملہ سے تمام یوسف زئی جرگہ میں مولوی اسماعیل اور سیّد احمد کے متعلق نفرت پھیل گئی اور ان لوگوں نے سیّد احمد کی بیعت توڑ دی۔ اور اپنی لڑکیاں واپس لینے کا مطالبہ کیا۔ مولوی اسماعیل وغیرہ نے انکار کیا تو سیّد احمد صاحب اور مولوی اسماعیل نے ان پٹھانوں

marfat.com

پر کفر کا فتوے صادر کر کے ان سے جہاد کرنا فرض قرار دے دیا۔ ادھر پٹھانوں نے تنظیم کر لی۔ اِدھر پنجابیوں نے مقابلہ کیا۔ بالآخر پٹھان غالب ہوتے ہوئے نظر آئے۔ تو ایک روز خود مولوی اسماعیل پٹھانوں سے مقابلہ کے لیے نکلا۔ ایک یوسف زئی پٹھان نے ایسی گولی چلائی کی۔ کہ سب سے اوّل اسماعیل ہی کا خاتمہ کر دیا اور وہیں ختم ہو گیا۔

(انوارِ آفتابِ صداقت ص۵۱۹)

صحیفہ اہلِ حدیث کی گواہی

غیر مقلدین حضرات کے پندرہ روزہ صحیفہ اہلحدیث کراچی نے بھی اِس حقیقت کا اِنکشاف کیا ہے کہ اسماعیل دہلوی کو ہندوؤں سکھوں نے نہیں مارا بلکہ وہ مسلمانوں کے ہاتھوں قتل ہوا۔ صحیفہ کی اصل عبارت یہ ہے۔

"قربان جاؤں اس شہید اکبر پر کہ علمِ توحید بلند کرتا ہوا دہلی سے کشمیر اور ملتان تک لڑتا چلا گیا۔ سکھوں سے بارہ جنگیں اس فاتحانہ شان سے کیں کہ خالصیت کا جنازہ نکل گیا۔ اور باطل کے پرخچے ہو کر فضائی آسمانی میں اُڑنے لگے۔ اور آخر کار کشمیر کے ایک منافق کی ریشہ دوانیوں سے نعرہ تکبیر بلند کرتا ہوا بالاکوٹ کی سرزمین میں شہید اعظم ہو کر ہمیشہ کے لیے سو گیا۔ (صحیفہ اہلحدیث یکم ذی الحج ۱۳۷۲ھ ص۹)

قارئین کرام! صحیفہ اہلحدیث والوں نے جس کے ہاتھ سے مولوی اسماعیل دہلوی مارا گیا اُس کو منافق لکھا ہے۔ ہندوؤں اور سکھوں کو منافق نہیں کہا جاتا بلکہ منافق اس کو کہتے ہیں۔ جو بظاہر مسلمان ہو۔ باقی رہا مسلمان کو منافق و کافر اور مشرک لکھنا تو یہ ان غیر مقلدین وہابی حضرات کا عام شیوہ ہے وہ تو یارسول اللہ کہنے والے۔ حضورِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کو نور ماننے والے نبیِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے علمِ غیب عطائی کے قائل اہلسنت وجماعت کو کافر و مشرک گردانتے ہیں۔

marfat.com

مندرجہ بالا مستند حوالہ جات سے یہ حقیقت اظہر من الشمس ہو گئی کہ وہابیہ کے مجدد اسماعیل دہلوی سے قتیل مسلمانوں کے ہاتھوں مارے گئے تھے ہندوؤں سکھوں کے ہاتھوں نہیں۔

وہابیوں کے نام نہاد مجدد دین اسماعیل دہلوی اور سید احمد بریلوی کی اس قتل و غارت کو جہاد کے نام سے یاد کرنا بھی غلطی ہے۔ دراصل یہ ساری تحریک اکابر وہابیہ نے انگریز کو مضبوط کرنے کے لیے چلائی تھی جب سکھوں اور ہندوؤں نے انگریزوں سے صلح کر لی اور انگریزی حکومت کی حمایت کر دی تو انگریزی حکومت نے ایک خط وہابیہ کی اس تحریک کے سپاہی مولوی ولایت علی اور مولوی عنایت علی کے نام لکھا جس کا تذکرہ بھی اسی تحریک کے سپاہی جعفر تھانیسری نے ان الفاظ میں کیا ہے کہ:

"اس وقت گورنمنٹ انگریزی نے ایک خط بنام مولوی ولایت علی صاحب اور مولوی عنایت علی صاحب اس مضمون کا لکھا کہ گلاب سنگھ نے سرکار انگریزی سے معاہدہ کیا ہے اور بموجب اس معاہدہ کے اب وہ گورنمنٹ کی حمایت میں ہے۔ اس وقت اس سے لڑنا عین گورنمنٹ سے لڑنا ہے۔ لہٰذا تم کو چاہیئے کہ اب اس کے ساتھ لڑائی بھڑائی مت کرو۔" (تواریخ عجیبہ ص ۲۱۶ مطبوعہ دہلی)

قارئین کرام! اب مستند کتب کے حوالہ جات سے اس حقیقت کا ثبوت پیش کیا جاتا ہے کہ دیوبندی، غیر مقلد وہابیوں کے اکابر گورنمنٹ برطانیہ کے وفادار تھے۔

marfat.com

دیوبندی، غیر مقلد وہابیوں کے اکابر گورنمنٹ برطانیہ کے وفادار تھے۔

اسماعیل دہلوی کا فتوے

وہابیہ نجدیہ کے مرزا حیرت دہلوی نے اپنی کتاب حیاتِ طیبہ[1] میں لکھا ہے کہ:

کلکتہ میں جب مولانا اسماعیل صاحب نے جہاد کا وعظ فرمانا شروع کیا ہے اور سکھوں کے مظالم کی کیفیت پیش کی تو ایک شخص نے دریافت کیا آپ انگریزوں کے خلاف جہاد کا فتویٰ کیوں نہیں دیتے۔ تو آپ نے جواب دیا کہ ان پر جہاد کرنا کسی طرح واجب نہیں ہے ایک تو ہم ان کی رعیت ہیں اور دوسرے ہمارے مذہبی ارکان کے ادا کرنے میں وہ ذرا بھی دست اندازی نہیں کرتے۔ ہمیں ان کی حکومت میں ہر طرح آزادی ہے بلکہ ان پر کوئی حملہ آور ہو تو مسلمانوں پر فرض ہے کہ وہ اس سے لڑیں اور اپنی گورنمنٹ پر آنچ نہ آنے دیں۔

---

[1] حیاتِ طیبہ مولانا اسماعیل... کی مکمل سوانحعمری مع مختصر سوانح امیر المسلمین سید احمد رائے بریلوی مولانا صاحب کے حسب و نسب اور زندگی بھر کے کارہائے نمایاں درج ہیں۔ توحید و سُنت کی اشاعت میں جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ان کا ذکر ہے۔ آخر میں سکھوں کے ساتھ مذہبی جہاد اور لڑائیوں کا حال اور ان کی کیفیت درج ہے۔ مردہ قلوب کو حرکت میں لانا چاہتے ہو تو مطالعہ فرمائیں۔

(مصنفہ مرزا حیرت دہلوی) (اہلحدیث امرتسر ص ۲ ۲۹ مارچ سنہ ۱۹۴۰ء)

marfat.com

(حیاتِ طیبہ ط۲۹۶ مطبوعہ دہلی و تاریخ عجیبہ ص۳۷ مطبوعہ دہلی)

ہم سرکارِ انگریزی پر کس سبب سے جہاد کریں اور خلافِ اصول مذہب طرفین کا خون بلاسبب گرادیں۔ (تاریخ عجیبہ ص۹۱ مصنفہ محمد جعفر تھانیسری)

مولوی عبدالرحیم صادق پوری کا بیان

مولوی عبدالرحیم صادق پوری نے بھی سید احمد کا انگریزوں کی حمایت میں سرگرم رہنے کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا ہے کہ:

'اتباع سید احمد کی یہ روش رہی کہ وہ ایک طرف لوگوں کو سکھوں کے خلاف آمادۂ جہاد کرتے۔ اور دوسری طرف حکومتِ برطانیہ کی امن پسندی جتا کر لوگوں کو انگریزوں کے مقابلہ سے روکتے تھے

(مقالاتِ سرسید ص۲۵۲)

مولوی اسماعیل اور سید احمد کے خصوصی مرید جعفر تھانیسری لکھتے ہیں کہ:

'آپ (سید احمد بریلوی) کے سوانح عمری اور مکاتیب میں بیس سے زیادہ ایسے مقام پائے گئے ہیں جہاں کھلے کھلے اور اعلانیہ طور پر سید صاحب نے بدلائل شرعی اپنے پیرو لوگوں کو سرکارِ انگریزی کی مخالفت سے منع کیا ہے۔' (تواریخ عجیبہ ص۳۳۶)

مرزا حیرت دہلوی نے یہ بھی لکھا ہے کہ:

'مولوی اسماعیل صاحب نے اعلان دے رکھا تھا کہ سرکارِ انگریزی پر نہ جہاد مذہبی طور پر واجب ہے نہ ہمیں اس سے کچھ مخاصمت ہے'

(حیاتِ طیبہ ص۲۰۱)

سکھوں سے جہاد کا ڈھونگ

سید احمد بریلوی اور اسماعیل دہلوی کو جو وہابیہ جہاد کے

marfat.com

نام سے بیان کرتے ہیں یہ بھی ایک ڈھونگ ہے ۔ یہ اِسلام اور شریعتِ اسلامیہ کے لیے نہ تھا ۔ بلکہ یہ سب کچھ انگریز کا راستہ صاف کرنے اور اس کے پاؤں کو مضبوط کرنے کے لیے تھا ۔ کیونکہ جب سکھوں نے انگریزوں سے صُلح کر لی تو پھر اسماعیل دہلوی قتیل اور سیّد احمد نے اپنا نام نہاد جہاد ان کے خلاف بند کر دیا۔ اور اِس کے بند کرنے کے لیے انگریز نے ہی ان کی جماعت مجاہدین کے امیر کو خط لکھا ۔ اُس خط کا مضمون جماعت مجاہدین کے ایک فرد جعفر تھانیسری اپنی کتاب حیاتِ سیّد احمد شہید میں ان الفاظ سے لکھتے ہیں کہ :

'جب گلاب سنگھ اور سرکار انگریزی کا آپس میں معاہدہ ہو گیا ۔ تو اُس وقت سرکارِ انگریزی نے ایک خط بنام مولوی ولایت علی صاحب لکھا کہ اب گلاب سنگھ سرکارِ انگریزی کی حمایت میں ہے ۔ اس وقت اُس سے لڑنا عین گورنمنٹ سے لڑنا ہے ۔ لہٰذا تم کو چاہیئے کہ اب اس کے ساتھ لڑائی بھڑائی مت کرو۔'

(تواریخ عجیبہ ص ۲۱۶ مطبوعہ دہلی)

جعفر تھانیسری لکھتے ہیں کہ :

'اس کے بعد مجاہدین نے لڑائی بند کر دی ہتھیار سرکار کے پاس جمع کرا دیئے اور قیمت وصول کر لی ۔ انگریزوں نے مجاہدین کا شاندار استقبال کیا اور ان کی دعوتیں بھی کیں ۔' (حیات سیّد احمد)

قارئین حضرات ! اب مندرجہ بالا جماعت مجاہدین کے ایک مجاہد کی تحریر سے تو یہی ثابت ہوتا ہے کہ وہابیوں کا یہ سب کچھ انگریز فیل کے ایماء پر اور ان کے پاؤں مضبوط کرنے اور حمایت کے سلسلہ میں ہی تھا ۔ جماعتِ مجاہدین کا انگریزوں کے پاس ہتھیار جمع کرانا بھی اس پر بیّن شہادت ہے ۔ نیز انگریزوں کا مجاہدین کا شاندار استقبال کرنا پھر ان کی دعوتیں کرنا سے صاف عیاں ہے کہ یہ

marfat.com

سب ڈھونگ تھا اور ڈھونگ بھی انگریز کی وفاداری کے لیے تھا۔ ان حقائق کے ہوتے ہوئے اگر وہابی یہ کہیں کہ اسماعیل دہلوی اور سید احمد بریلوی نے انگریزوں کے خلاف جہاد کیا تھا۔ تو محض کذب بیانی کے سوا[1] اور کچھ بھی نہیں۔

مولوی اسماعیل صاحب پانی پتی لکھتے ہیں کہ:

"سید احمد بریلوی کا کوئی ہمعصر مؤرخ اس بات کا اشارۃً بھی ذکر نہیں کرتا کہ وہ (سید احمد) انگریزوں کا بھی دشمن تھا۔ اور ان کے خلاف جہاد کرتا یا جہاد کا ارادہ رکھتا تھا۔ ان ہمعصر مؤرخوں کے واضح بیانات کی موجودگی میں اب ۱۱۷ برس کے بعد یہ کہنا کہ نہیں حضرت شہید انگریزوں کے خلاف جہاد کا عزم بالجزم رکھتے تھے، ایک ایسا دعوے ہے جو اپنے ساتھ کوئی عقلی یا نقلی دلیل نہیں رکھتا۔"

(حاشیہ مقالات سرسید حصہ شانزدہم ص ۲۴۹)

مولوی اسماعیل دہلوی قتیل نے انگریزوں کے خلاف فتوے کیوں نہ دیا تھا۔ اس کی صرف اور صرف وجہ یہ تھی کہ وہ انگریزوں کا پٹھو اور وفادار تھا۔ ان کو انگریزوں سے مدد ملتی تھی۔ جس کا ثبوت درج کیا جاتا ہے۔

سید احمد اور اسماعیل دہلوی کو انگریزوں سے مدد ملتی تھی

سید احمد اور اسماعیل دہلوی کی نام نہاد تحریکِ جہاد کے ایک سرگرم رکن جعفر تھانیسری کی عبارت اہلِ سنت وجماعت کے اس موقف کی (ان کا جہاد انگریزوں سے نہیں تھا۔ اور یہ انگریزوں کے پٹھو اور وفادار تھے) بہت زیادہ تائید کرتی ہے وہ عبارت یہ ہے:

اس سوانحہ اور نیز مکتوبات منسلکہ سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ سید

---

[1] جیسا کہ مولوی غلام رسول مہر نے حقائق کو ٹھکراتے ہوئے کہا ہے۔

marfat.com

صاحب کا سرکار انگریزی سے جہاد کرنے کا ہرگز ارادہ نہ تھا۔ وہ اس آزاد عملداری کو اپنی ہی عملداری سمجھتے تھے اور اس میں شک نہیں کہ اگر سرکارِ انگریزی اُس وقت سید صاحب کے خلاف ہوتی۔ تو ہندوستان سے سید صاحب کو کچھ بھی مدد نہ پہنچتی؛

تواریخ عجیبہ ص۱۸۳ مطبوعہ دہلی)

حسین احمد مدنی کی گواہی

ممدوح الوہابیہ مولوی حسین احمد مدنی نے بھی سید احمد کو انگریزوں سے مدد ملنے کا تذکرہ ان الفاظ میں اپنی خودنوشت سوانح حیات میں کیا ہے۔

"جب سید صاحب کا ارادہ سکھوں سے جنگ کرنے کا ہوا تو انگریزوں نے اطمینان کا سانس لیا۔ اور جنگی ضرورتوں کے مہیا کرنے میں سید صاحب کی مدد کی؛ (نقشِ حیات ص۱۲ ج ۲)

مرزا حیرت دہلوی کی گواہی

غیر مقلدین کے مؤرخ اور سید احمد کے مرید خاص مرزا حیرت دہلوی بھی انگریزوں سے مدد ملنے کی گواہی اس طرح دیتے ہیں کہ:

"جب مجاہدین سرحد میں مصروفِ جہاد تھے تو انگریزوں کو اس کا مکمل طور پر علم تھا۔ اور اُنہوں نے اسی لیے اس تحریک میں مزاحمت نہ کی۔ انگریزی سلطنت سے چندہ جمع ہو کر مجاہدین کو برابر پہنچتا رہا اور انگریزوں نے اس میں دست اندازی نہ کی۔ بلکہ ایک بار جب سات ہزار روپے کی ہُنڈی ایک ہندو ساہوکار کی وجہ سے نہ پہنچی۔ تو عدالت انگریزی میں مولانا محمد اسحاق نے مقدمہ دائر کر دیا۔ اور حکومتِ انگریزی نے جماعتِ مجاہدین کے مذکورہ فرد کے حق میں فیصلہ دے دیا۔ اور ہنڈی سید صاحب کو وصول ہو گئی؛

(حیاتِ طیبہ ص)

marfat.com

حج پر جاتے وقت سیّد احمد بریلوی کو انگریز نے کھانا پیش کیا!

جعفر تھانیسری نے سیّد احمد بریلوی کے حج پر جاتے وقت راستہ میں ایک انگریز کا سارے قافلے کو کھانا کھلانے کا واقعہ درج کیا ہے کہ:

"ایک انگریز گھوڑے پر سوار اور بہت سا کھانا قسم قسم کا بینگیوں میں رکھوائے ہوئے چلا آتا ہے۔ اُس نے کشتی کے نزدیک آکر پوچھا کہ پادری صاحب (سیّد احمد بریلوی) کہاں ہیں۔ جب حضرت نے کشتی میں سے جواب دیا تو وہ گھوڑے سے اُتر کر اور اپنی ٹوپی سر سے اُتار کر بہت ادب سے حضرت کے سامنے کشتی میں آیا۔ اور بعد سلام و مزاج پُرسی کے عرض کیا کہ تین روز سے میں نے نوکر واسطے لانے خبر تشریف آوری حضور اس طرف تعینات کر رکھے تھے آج اُنہوں نے مجھ کو خبر دی۔ سو یہ ماحضر واسطے حضور اور کُل قافلے کے تیار کر کے لایا ہوں۔ براہِ بندہ نوازی اس کو قبول فرمائیں۔ حضرت نے اپنے آدمیوں کو حکم دیا کہ فوراً وہ کھانا اپنے برتنوں میں لے کر قافلے میں تقسیم کر دو۔ قریب دو گھڑی تک وہ انگریز حضور میں حاضر رہا۔ اور پھر رُخصت لے کر مع اپنے آدمیوں کے واپس چلا گیا۔"

(تواریخ عجیبہ ص ۶۱، ۶۲، سیرت سیّد احمد ص ۱۹۰ ج ۱، مخزن احمدی ص ۲۰۰)

گُل محمد صاحب فیضی اپنی تصنیف "آزادی کی ان کہی کہانی" میں لکھتے ہیں کہ:

"مخزن احمدی اور سیرت سیّد احمد شہید میں انگریز دوستی کے کئی واقعات مِلتے ہیں مثلاً

(۱) سیّد احمد بریلوی کے انگریزوں سے بڑے خوشگوار تعلقات تھے اور انگریزی فوج کے محکمہ توپ خانہ کا داروغہ سیّد صاحب کا بڑا مخلص تھا۔ جس کا نام محمد حسین تھا۔

marfat.com

(۲) انگریز سید صاحب کی حوصلہ افزائی کے لیے انہیں اپنے ہاں وعظ اور تبلیغ کی دعوت دیتے تھے۔ ایک وعظ میں دس دس ہزار کا مجمع تھا۔

(۳) انگریزوں نے سید صاحب کی تحریک کو کامیاب بنانے کے لیے اپنی عورتوں کو سید صاحب کا مرید کرایا۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اس وقت تک بہت ہی کم انگریز عورتیں ہندوستان آئی تھیں۔ یہ دیسی عورتیں تھیں جو انگریزوں کے یہاں پیشہ ور عورتوں کی حیثیت میں رہتی تھیں۔ منڈرو فرنگی کی بیوی کا بیعت ہونا ناقابلِ تردید واقعہ ہے۔ بیعت کے بعد اس عورت نے سید صاحب کو مال وزر بطور نذرانہ بھی دیا۔' (آزادی کی ان کہی کہانی ص۴۲)

قارئینِ عظام! یہ انگریز دشمنی ہے یا کہ انگریز دوستی ہے؟ انگریز کا پکایا ہوا کھانا وہابیوں کے امیر المومنین سید احمد قبول کر رہے ہیں۔ وہابی تو انگریزوں کے وظیفہ خوار ہیں۔

اب تو وہابیوں کے اس ڈرامہ کی قلعی ان ہی کی کتابوں سے اچھی طرح کھل گئی اور یہ حقیقت عیاں ہو گئی کہ وہابی حضرات کے امیر المومنین سید احمد اور نام نہاد شہید اسماعیل دہلوی انگریزوں کے پٹھو تھے۔ اور انگریزوں کے وفادار اور نیاز مند تھے اگر کچھ غیرتِ ایمانی اور حمیت ہو گی تو اب وہابی کبھی بھی یہ نہیں کہیں گے کہ ہم نے انگریزوں کے خلاف جہاد کیا بلکہ یہ کہیں گے ہم تو ان کے وفادار اور پٹھو تھے۔ انگریز تو ہم کو کھانا کھلاتا تھا۔

سید احمد بریلوی نے انگریزوں کے خلاف جہاد کا فتوے اور بر ٹش حکومت کی مخالفت اس لیے نہیں کی تھی کیونکہ وہ اس حکومت کو اپنی حکومت سمجھتے تھے جیسا کہ جعفر تھانیسری نے سید صاحب کی پیشین گوئی کہ 'ملک پنجاب میرے ہاتھوں فتح ہو گا اور اس سے قبل مجھے موت نہ آئے گی' کی جو تاویل تواریخ عجیبہ

marfat.com

میں کی ہے سے واضح ہے۔ تاویل کرنے کی ضرورت اس لیے پیش آئی کہ جب پنجاب انگریزوں کے ہاتھوں فتح ہوا تھا تو اُس وقت سید احمد بریلوی اس دُنیا سے کوچ کر گئے تھے۔ اور آپ کی پیشین گوئی یہ تھی کہ ملک پنجاب میرے ہاتھ پر فتح ہوگا۔ اور اس سے قبل مجھے موت نہ آئے گی لہٰذا وہابیوں نے جو تاویل کی وہ درج ہے:

"تو ضرور ہوا کہ اس وقوعہ کے پندرہ برس کے بعد سلطنتِ پنجاب متعصب اور ظالم سکھوں کے ہاتھ سے نکل کر ایک ایسی عادل اور آزاد اور لامذہب قوم کے ہاتھ میں آگئی جس کو ہم مسلمان اپنے ہاتھ پر فتح ہونا تصور کر سکتے ہیں۔ اور غالباً سید صاحب کے الہام کی صحیح تاویل یہی ہوگی۔ جو ظہور میں آئی۔" (تواریخ عجیبہ ص۱۸۱)

ناظرین کرام! مندرجہ بالا مستند مؤرخین کی کتب کے حوالہ جات سے اظہر من الشمس ہے کہ وہابی اکابر نے انگریزوں کی حکومت کو مضبوط کرنے کے سلسلہ میں نمایاں کام کیا۔ بلکہ انگریزوں کی حکومت کو وہ اپنی حکومت ہی سمجھتے تھے۔

انگریز حکومت میں عیسائیت کی تبلیغ

اب جب انگریز کی حکومت مضبوط ہوگئی اور ان کی معاونت ان کو حاصل ہوگئی تو انگریز حکومت میں عربی اور دینی تعلیم کی قدر و قیمت لوگوں کے ذہن سے ختم کرنے کی کوشش شروع ہوگئی۔ جس کا تذکرہ "مقالاتِ سرسید" میں بایں الفاظ ہے:

"قدر عربی کی بہت کم ہوگئی اور فقہ اور حدیث کی تعلیم یکسر جاتی رہی فارسی بھی چنداں قابلِ لحاظ نہ رہی۔ تعلیم کی صورت اور کتابوں کے رواج نے بالکلیہ تغیر کھایا۔ اُردو اور انگریزی کا رواج بہت زیادہ ہوا۔ جس کے سبب سے وہی شبہ کہ گورنمنٹ کو ہندوستان کے مذہبی علوم کا معدوم کرنا منظور ہے۔ قائم ہوگیا۔

marfat.com

یہ سب خرابیاں لوگوں کے دلوں میں ہو رہی تھیں کہ دفعتہً ۱۸۵۵ء میں پادری ایڈمنڈ نے دارالامارت کلکتہ سے عموماً اور خصوصاً سرکاری معزز نوکروں کے پاس چٹھیات بھیجیں۔ جن کا مطلب یہ تھا کہ اب تمام ہندوستان میں ایک عملداری ہوگئی۔ تار برقی سے سب جگہ کی خبر ایک ہوگئی۔ ریلوے سڑک سے سب جگہ کی آمد و رفت ایک ہوگئی۔ مذہب بھی ایک چاہیئے۔ اس لیے مناسب ہے کہ تم لوگ بھی عیسائی ایک مذہب ہو جاؤ۔'

(مقالاتِ سرسید حصہ ۱۳ حصہ نہم)

میاں نذیر حسین[1] دہلوی!

مولوی اسماعیل دہلوی کے بعد دہلی کے ایک اور وہابیہ نجدیہ کے محدث اور بزرگ میاں نذر حسین صاحب بھی انگریزوں کے پٹھو تھے اور انگریز حکومت کے وفادار تھے۔ جس کا ثبوت غیر مقلدین ہی کی لکھی ہوئی ان کی سوانح حیات 'الحیات بعد

---

[1] مولوی ثناء اللہ امرتسری نے لکھا ہے کہ الحیات بعد الممات سوانحعمری جناب شمس العلماء نذیر حسین صاحب دہلوی جس میں جملہ حالات از ولادت تا وفات نہایت معتبر ذرائع سے موزوں طریق پر قلمبند کیے گئے ہیں۔

(اہلحدیث امرتسر ص۱۸، اپریل ۱۹۳۲ء ص۲۰ ۱۸ ستمبر ۱۹۳۱ء)

مولوی عبید اللہ سندھی وہابیوں کے مولوی نذیر حسین صاحب دہلوی کے متعلق لکھتے ہیں کہ 'مولانا نذیر حسین' مولانا ولایت علی کے مدرسہ صادق پور پٹنہ کا ابتدائی طالب ہیں۔ بہار سے جب دہلی پہنچے تو مولانا محمد اسحاق اور ان کے اصحاب کی صحبت میں بیٹھے اور علمی تکمیل کی۔ غزوۂ دہلی (۱۸۵۷ء) تک مولانا اسحاق کے مسلک کے پابند رہے۔ اس کے بعد اگرچہ یہ ضرورت نجدی تحریک اور شیخ الاسلام ابن تیمیہ کی طرف میلان ظاہر کرتے رہے۔ مولانا اسماعیل شہید کی اس مذکورہ جماعت کے احیاء کے سوا اور کوئی مقصد نہیں رکھتے تھے۔ بہرحال اسے انگریزی حکومت کے اثرات کا نتیجہ سمجھنا چاہیئے۔ (شاہ ولی اللہ اور اُن کی سیاسی تحریک ص۱۳۴) (باقی اگلے صفحہ پر)

marfat.com

المات، سے پیش کیا جاتا ہے۔

میاں نذیر حسین دہلوی کی انگریزوں سے وفاداری

یہ بتا دینا ضروری ہے کہ میاں صاحب گورنمنٹ انگلشیہ کے کیسے وفادار تھے۔ زمانۂ غدر ۱۸۵۷ء میں جبکہ دہلی کے بعض مقتدر اور بیشتر معمولی مولویوں نے انگریز سے جہاد کا فتویٰ دیا تو میاں صاحب نے نہ اس پر دستخط کیے نہ مہر۔ وہ خود فرماتے تھے کہ میاں وہ بلڑ تھا بہادر شاہی نہ تھی۔ وہ بیچارہ بوڑھا بہادر شاہ کیا کرتا۔ بہادر شاہ کو بہت سمجھایا کہ انگریزوں سے لڑنا مناسب نہیں ہے۔ مگر وہ باغیوں کے ہاتھ میں کٹھ پتلی ہو رہے تھے کرتے تو کیا کرتے۔

(الحیات بعد الممات ص۱۲۵)

میم کی خدمت

وہابیوں کے قاضی مظفر حسین اپنے میاں نذیر حسین دہلوی کا میم کی خدمت کا تذکرہ ان الفاظ میں درج کرتے ہیں کہ:

"عین حالت غدر میں جبکہ ایک بچہ[1] انگریزوں کا دشمن ہو رہا تھا۔ مسز لیسنس ایک زخمی میم کو میاں صاحب رات کے وقت اٹھوا کر اپنے گھر لے آئے پناہ دی۔ علاج کیا۔ کھانا دیتے رہے اس وقت اگر ظالم باغیوں کو ذرہ برابر خبر ہو جاتی تو آپ کے قتل اور خانماں بربادی میں دیر نہ لگتی مگر ساڑھے تین مہینہ تک کسی کو بھی معلوم نہ ہوا کہ حویلی کے مکان میں کئے آدمی ہیں۔ تین مہینوں کے بعد جب پوری طرح امن قائم ہو چکا تب اس نیم جان میم کو جواب بالکل تندرست اور توانا تھی۔ انگریز کے کیمپ میں پہنچا دیا۔ جس کے صلے میں مبلغ ایک ہزار تین سو روپیہ اور سارٹیفکیٹس ملیں۔ (الحیات بعد الممات ص۱۲۷)

(بقیہ صفحہ ۳۵۱) میاں صاحب کو زبدۃ المحدثین شمس العلماء اور ختم المحدثین اور مجدد لکھا ہے۔ (اہلحدیث امرتسر)

[1] بچوں کو تو سمجھ آگئی کہ انگریز ہمارا دشمن ہے اسلام کا دشمن ہے۔ مگر وہاں کے محدث میاں نذیر حسین دہلوی کو سمجھ نہ آئی۔

marfat.com

قارئین کرام! یہ انگریز سے وفاداری نہیں تو اور کیا ہے۔ غلامی کے صلہ میں انگریز کے وظیفہ خوار غیر مقلدین وہابیوں کے امام سردار اور استاذ مولوی نذیر حسین صاحب دہلوی نکلے جن کے نزدیک[1] نبیٔ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے عشاق محفلِ میلاد شریف منانے والے اہلسنت وجماعت اور تقلید کرنے والے جن میں محدثین، مفسرین اور اولیاء کاملین بھی داخل ہیں مشرک و بدعتی ہیں۔ نیز ایسے مولویوں کی محفلِ وعظ میں شریک ہونا اور وہاں پر ان کا وعظ سننا منع ہے۔

میاں نذیر حسین کو میم کی خدمت کے سلسلہ میں سرٹیفکیٹ ملنا!

محمد ایوب قادری نے اپنی کتاب جنگِ آزادی ۱۸۵۷ء میں لکھا ہے کہ میم کو چھپائے رکھنے اور اس کی خدمت کرنے کے صلہ میں میاں نذیر حسین کو ایک سرٹیفکیٹ ملا تھا۔ وہ سرٹیفکیٹ محمد ایوب صاحب قادری نے درج کیا ہے جو کہ ہم بھی درج کرتے ہیں:

دہلی مورخہ ۲۷ ستمبر ۱۸۷۷ء

ڈبلیو۔ جی۔ واٹر فیلڈ۔ قائم مقام کمشنر دہلی

مولوی نذیر حسین اور ان کے بیٹے مولوی شریف حسین اور ان کے دوسرے گھر والے غدر کے زمانے میں مسز لیسنس کی جان بچانے میں ذریعہ ہوئے۔ حالتِ مجروحی میں انہوں نے ان کا علاج کیا۔ ساڑھے تین مہینے اپنے گھر میں رکھا۔ اور بالآخر دہلی کے برٹش کیمپ میں ان کو پہنچا دیا۔

(جنگِ آزادی ۱۸۵۷ء ص ۴۱۰)

میم کی جان بچانے کے سلسلہ میں ملازمت کا خواب: محمد ایوب قادری

---

[1] بدعتی مولویوں کے وعظ جو اندر جو باتیں خلافِ قرآن وحدیث ہوں ان کو سامعین خیال میں نہ لادیں اور باتوں کو خیال میں لادیں۔ صحیح نہیں کیونکہ ہر شخص کو اس کی تمیز نہیں اس کی مجلسِ وعظ میں شریک نہ ہو۔ الحاصل بدعتی

marfat.com

لکھتے ہیں کہ:

'مسز لیسنس کی جان بچانے میں شمس العلماء ڈپٹی نذیر احمد بھی شامل تھے۔ اور بقول افتخار عالم مارہروی اس انگریز خاتون کو وہی اُٹھا کر لائے تھے۔ اور جنگِ آزادی کے بعد جب ڈپٹی نذیر احمد دہلی کے ڈپٹی انسپکٹر مقرر ہوئے تو میاں نذیر حسین کے صاحبزادے مولوی شریف حسین نے اس کو اپنے باپ کا حق سمجھا۔ مولوی افتخار عالم مارہروی کا بیان ہے۔ مولوی شریف حسین نے دعویٰ کیا کہ مولوی نذیر احمد صاحب کو جو نوکری مل گئی ہے وہ میرے باپ مولوی نذیر حسین صاحب کا حق ہے۔'

(جنگِ آزادی ۱۸۵۷ء ص ۴۱۱)

قارئین کرام! یہ انگریز سے وفاداری نہیں تو اور کیا ہے۔ غلامی کے صلہ میں انگریز کے وظیفہ خوار ٹھوٹھ غیر مقلدین حضرات کی مقتدر شخصیتوں مثلاً مولوی ثناء اللہ امرتسری، مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی، مولوی محمد حسین بٹالوی۔ مولوی عبدالجبار غزنوی اور حافظ عبدالمنان وزیر آبادی وغیرہم کے اُستاذ میاں نذیر حسین دہلوی بھی نکلے۔

نذیر حسین دہلوی کی وفاداری کی حکومتِ برطانیہ سے تائید

مولوی نذیر حسین صاحب دہلوی نے حج کا ۱۳۰۰ھ میں ارادہ کر لیا۔ کمشنر دہلی سے مُلاقات کر کے حج پر جانے کی خواہش کا اظہار کیا۔ تو کمشنر دہلی نے آپ کو ایک چٹھی مورخہ ۱۰ اگست ۱۸۸۳ء کو دی جس کا ترجمہ پڑھیئے:

سفارشی چٹھی

مولوی نذیر حسین دہلی کے ایک بڑے مقتدر عالم ہیں جنہوں نے نازک وقت میں اپنی وفاداری گورنمنٹ برطانیہ کے ساتھ ثابت کی ہے۔ وہ اپنے فرض زیارتِ کعبہ کے ادا کرنے مکہ جاتے ہیں میں اُمید کرتا ہوں کہ جس

وعظ سننا نہیں چاہیئے۔ (فتاویٰ نذیریہ ص ۲۴ ج ۱ مطبوعہ دہلی)

marfat.com

کسی برٹش گورنمنٹ افسر کی وہ مدد چاہیں گے۔ وہ ان کو مدد[1] دے گا۔ کیونکہ وہ کامل طور سے اس مدد کے مستحق ہیں۔

دستخط جے۔ ڈی۔ ٹرملیٹ بنگال سروس کمشنر دہلی و سپرنٹنڈنٹ ۱۰۸ سنہ ۱۸۸۳ء

(الحیات بعد الممات)

ناظرین کرام! یہ وہابیوں کے محدث نذیر حسین دہلوی کی سولنح عمری سے، اقتباسات پیش کیئے گئے ہیں۔ انصاف پسند غیور مسلمان میاں صاحب کے حج پر جانے کا واقعہ پڑھ کر فوراً یہ کہے گا۔

سو چوہا کھا کے بلی حج کو چلی!

انگریز نوازی کے صلہ میں شمس العلماء کا خطاب

میاں نذیر حسین صاحب دہلوی کو غیر مقلدین وہابی حضرات شمس العلماء بھی لکھتے ہیں۔ یہ خطاب انگریزوں نے میاں صاحب کو ان کی انگریزوں سے وفاداری اور ان کی نیازمندی کے سلسلہ میں ہی دیا تھا۔ چنانچہ لکھا ہے کہ:

"شمس العلماء کا خطاب گورنمنٹ انگلشیہ کی طرف سے ۲۲ جون ۱۸۹۷ء مطابق ۲۱ محرم الحرام ۱۳۱۵ھ بروز سہ شنبہ کو ملا۔"

(الحیات بعد الممات ص ۱۸۰)

مولوی اسماعیل دہلوی سے قتیل اور میاں نذیر حسین دہلوی کے بعد اب وہابیہ کی تیسری معتدر شخصیت جو ان کے ہاں مفسر۔ محدث بھی کہلائے جاتے ہیں۔ اور نواب صدیق حسن خاں بھوپالوی کے نام سے پکارے جاتے ہیں۔ ان کی انگریز دوستی۔

---

[1] اللہ تعالےٰ کے عظیم المرتبت انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاء کاملین علیہم الرضوان سے مدد مانگنا ان وہابیوں کے نزدیک شرک ہے۔ مگر اعداء دین اور اولیاء الشیطٰن سے مدد مانگنا جائز ہے (العیاذ باللہ) اس بڑے مذہب پہ لعنت کیجئے۔ (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

برٹش نوازی اور حکومتِ برطانیہ سے وفاداری ملاحظہ فرمائیں :

نواب صدیق حسن بھوپالوی کی انگریز نوازی

سیاست کی وجہ سے مذہب تبدیل کرنا

نواب صدیق حسن بھوپالوی کے متعلق مولوی عبیداللہ سندھی نے لکھا ہے کہ:

"مولانا ولایت علی کی جماعت کے دوسرے ممتاز عالم نواب صدیق حسن خاں ہیں۔ اپنی کتاب الحطہ کی تصنیف تک حزب ولی اللہ کے معارف کی ترجمانی کرتے رہے۔ لیکن اس کے بعد ان کی سیاسی مصلحت نے ان کو امام شوکانی کے اتباع پر مجبور کر دیا۔"
(شاہ ولی اللہ اور اُن کی سیاسی تحریک ص۱۳)

نواب صدیق بھوپالوی خود اقرار کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

---

[1] مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی نے نواب صدیق حسن بھوپالوی کے متعلق لکھا ہے کہ اُس میں خود نمائی اور خود ستائی تھی۔ چنانچہ ایک واقعہ لکھتے ہیں کہ اس خاکسار (بٹالوی) نے رسالہ سبکیہ "الذہب الابریز فی کتاب اللہ العزیز" (جو مولوی بدیع الزمان صاحب برادر مولوی وحید الزماں صاحب کی تالیف کے قلمی نسخہ پر (جو چھپنے کے واسطے شیخ محی الدین کتب فروش لاہور کے پاس پہنچا۔ اور میری نظر سے گزرا) نواب صاحب کی قلم سے لکھے ہوئے الفاظ معہ شی زائد بچشم خود دیکھے جو نواب صاحب کی تعریف میں اُسی کتاب کے صفحہ ۶ میں درج ہیں الاعلام العلاقہ الحبر الفہامہ البرکۃ الشاملۃ لمن ھو فی الھند والقہامہ اور اُسی دن سے خاکسار (بٹالوی) نواب صاحب کے تقویٰ اور اخلاص کا معتقد نہیں رہا۔ (اشاعۃ السنۃ ط۱۸ نمبر ۶ جلد ۲۱)

[2] وہابیہ کے مولوی اسماعیل سلفی کانگرسی آف گوجرانوالہ نے نواب صدیق حسن بھوپالوی کے متعلق لکھا ہے کہ: دقتِ نظر، وسعتِ مطالعہ۔ زہد و تقوے کے لحاظ سے ان کا مقام یقیناً بہت اُونچا ہے۔ (باقی اگلے صفحہ پر)

marfat.com

"میں تیس سال کامل سے متوسّل و متوطن اس ریاست بھوپال کا ہوں۔ اور ہمیشہ معزز و مکرم رہا۔ رئیسہ معظمہ (بھوپال) نے زوجیت سے مجھے عزت و افتخار بخشا۔ اور یہ امر باطلاع گورنمنٹ عالیہ وحسب مرض سرکارِ انگلشیہ ظہور میں آیا۔ اور چوبیس ہزار روپیہ سالانہ اور خطاب 'معتمد المہامی' سے سرفرازی ہوئی۔ حکامِ عالی منزلت یعنی کارپردازانِ دولتِ انگلشیہ کو تجربہ اس ریاست کی خیر خواہی اور وفاداری عموماً اور اس بے صولت دولت (صدیق حسن خاں بھوپالوی) کا خصوصاً ہو چکا ہے۔" (ترجمان وہابیہ ص ۱۷، ۱۹، ۲۸، ۲۹)

قارئین حضرات! نواب صدیق حسن بھوپالوی کی مندرجہ بالا تحریر میں وہابیوں کے بزرگ نے اپنی بے غیرتی اور حیا سوز کارنامہ کا تذکرہ کس طرح فخریہ طور پر کیا ہے۔ اب نواب نے انگریزی کی حمایت میں جو فتوے دیا۔ وہ پیش کیا جاتا ہے۔

انگریزوں سے مسلمانوں کا جہاد جہاد نہ تھا

نواب صدیق حسن بھوپالوی نے اپنے فتوے میں انگریزوں کے ساتھ مسلمانوں نے جو جہاد کیا اُس کو جہاد قرار نہیں دیا۔ بلکہ فساد قرار دیا ہے۔ وہ فتوے ملاحظہ فرمائیں:

"زمانہ غدر میں جو لوگ سرکارِ انگریزی سے لڑے اور عہد شکنی کی وہ جہاد نہ تھا فساد تھا۔ ہم (نواب صدیق حسن بھوپالوی) نے اپنی کتاب ہدیۃ السائل میں اوّلاً اور کتاب روض خمیب میں ثانیاً

(بقیہ صفحہ ۳۵۴) اور فہم قرآن میں ان کا ذہن بے حد صاف ہے۔ بہت سے اکابر قدما سے بھی ان کی رائے صائب معلوم ہوتی ہے۔ (حیات النبی ص ۴۶، ۴۷) مولوی اشرف سندھو نے لکھا ہے کہ نواب صدیق حسن خان اہلحدیث مسلک کے علمبردار ہیں۔ اور وسیع النظر محقق ہیں (تاریخ التقلید ص ۱۴۹) نواب صدیق حسن بھوپالوی کو مجدد لکھا ہے۔ (اہلحدیث امرتسر ص ۱۱ ۲۸ جون ۱۹۱۲ء)

marfat.com

اور بڑا گناہ ہونا عہد شکنی کا اور جائز نہ ہونا جہاد کا ہندوستان میں کتاب عوائد العوائد میں ثالثاً اور حال وہابیوں کا تواریخ علماء عیسوی سے کتاب تاج مکلل میں رابعاً لکھا ہے۔

جس کا حاصل یہ ہے کہ بغاوت جو ہندوستان میں یہ زمانہ غدر ہوئی اس کا نام جہاد رکھنا ان لوگوں کا کام ہے۔ جو اصل دین اسلام سے آگاہ نہیں ہیں۔ اور ملک میں فساد ڈالنا اور امن کا اُٹھانا چاہتے ہیں۔

(ترجمان وہابیہ ص۸)

ناظرین کرام! نواب صدیق حسن بھوپالوی کے بعد وہابیہ کے غزنوی خاندان کے روحِ رواں عبداللہ غزنوی کا بھی حال پڑھ لیجئے:

مولوی عبداللہ غزنوی اور صدیق پشاوری

انگریزوں کی مہم کی خدمت کے صلہ میں انعام

وہابیہ نجدیہ کے مولوی عبداللہ صاحب غزنوی جو کہ مولوی عبدالجبار غزنوی کے والد اور داؤد غزنوی کانگرسی کے دادا جان تھے۔ وہ بھی انگریز کے پٹھو اور وفادار تھے۔ اور وفاداری کے سلسلہ میں انعام یافتہ تھے۔ محمد ایوب قادری نے میم مسز لیسنس کی جان بچانے اور اس کی خدمت کرنے کے سلسلہ میں مولوی عبداللہ غزنوی کا نام بھی میاں نذیر حسین دہلوی کے ساتھ بیان کیا ہے۔ وہ تحریر یہ ہے:

لہ مولوی عبداللہ غزنوی کے متعلق بٹالوی صاحب نے لکھا ہے کہ آپ اہلحدیث پنجاب و ہندوستان کے بہت لوگوں کے امام تھے۔ ہمارے مُرشد واقعی عمل بالسنۃ اور زہد میں امام تھے۔ (اشاعۃ السنۃ ج۱۶ ص۱۷۰ نمبر ۶ جلد ۲۱) مولوی عبداللہ غزنوی کو مجدد لکھا ہے۔ (اہلحدیث امرتسر)

marfat.com

"مولوی حفیظ اللہ خاں اور مولوی نذیر حسین اور ان کے بیٹے مولوی شریف حسین اور ان کے شاگرداں مولوی محمد صدیق پشاوری اور مولوی عبداللہ غزنوی نے ایک میم کو زخمی پا کر امن دیا۔ اور اپنے گھر میں لے جا کر اس کے زخموں کا علاج کر کے جب موقع پایا سرکاری کیمپ میں پہنچا دیا۔ جس پر ان کو سرکار کی طرف سے انعام و اکرام بھی ہوا۔"

(جنگِ آزادی ۱۸۵۷ء ص۱۵۱)

محمد حسین[1] بٹالوی کی انگریز نوازی

وہابیہ نجدیہ کے سید احمد بریلوی، مولوی اسماعیل دہلوی قتیل، میاں نذیر حسین دہلوی، نواب صدیق حسن بھوپالوی، عبداللہ غزنوی، صدیق حسن پشاوری کے بعد اب وہابیوں کی عظیم المرتبت شخصیت مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی کی انگریز نوازی کا کردار ملاحظہ فرمائیں:

سرکارِ انگریزی کی اطاعت واجب ہے

ممدوح الوہابیہ مسعود عالم ندوی نے غیر مقلدین وہابی حضرات کی برٹش حکومت کی حمایت کے سلسلہ میں لکھا ہے کہ:

"آگے چل کر جب مجاہدین کی دار و گیر شروع ہوئی۔ اور ہر آمین بالجہر کہنے والے پر وہابی کا شبہ کیا گیا۔ اور وہابی کے معنے سرکاری زبان

---

[1] مولوی ثناء اللہ امرتسری نے مولوی محمد حسین بٹالوی کو اپنے فرقہ وہابیہ کا مجتہد لکھا ہے (اہلحدیث امرتسر ص۱۳ ۱۶ اگست ۱۹۳۷ء) بٹالوی کو جماعت اہلحدیث کے بہت بڑے بزرگ لکھا ہے۔ (اہلحدیث امرتسر ص۴ ۵ فروری ۱۹۴۳ء) امرتسری نے بٹالوی کو اپنے فرقہ کے آنریبل اور لاٹ مولوی لکھا ہے۔ (اہلحدیث امرتسر ص۶ ۲۰ دسمبر ۱۹۰۷ء) فاضلِ حدیث اور محدث لکھا ہے۔ (اہلحدیث امرتسر ص۳ ۴ یکم اکتوبر ۱۹۱۵ء)

marfat.com

میں باغی کے ہو گئے۔ تو ہندوستان کی جماعت اہلحدیث موجودہ شکل میں نمایاں ہو گئی۔ اور ان کے سرگروہ مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی نے سرکارِ انگریزی کی اطاعت کو واجب قرار دیا۔ اور یہ کہ وقت کے بعض مشہور حنفی علماء کو سرکار سے بغاوت کے طعنے دیئے۔ مولوی محمد حسین صاحب اور ان ہی جیسے بعض علماء اہلحدیث کی روش کا یہ نتیجہ ہوا کہ موجودہ جماعت اہلحدیث کا عام رجحان فروعی مسائل تک محدود ہو کر رہ گیا۔ (ہندوستان میں پہلی تحریکِ اسلامی ص۲۹)

برٹش حکومت کی موافقت

غیر مقلدین حضرات کے ہی ندیم کومری وہابی اکابر سے انگریزوں کی حمایت کا اقرار کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ:

"یہ صحیح ہے کہ (مولوی محمد حسین بٹالوی) کے قلم سے برٹش حکومت کی موافقت میں کچھ مضامین ان کے رسالہ اشاعۃ السنۃ میں شائع ہوئے۔" (الاعتصام لاہور ص۵ کالم ۲ ۶ دسمبر ۱۹۵۷ء)

۱۸۵۷ء میں انگریزوں کے خلاف جنگِ آزادی لڑنے والے سب باغی ہیں!

نواب صدیق حسن خاں بھوپالوی کی کتاب ترجمان الوہابیہ میں درج ہے کہ: ۱۸۷۵ء میں مولوی محمد حسین سرگروہ موحدین لاہور نے بجواب وسوال و مسئلہ اور اس فتوے کہ آیا بمقابلہ گورنمنٹِ ہند مسلمانانِ ہند کو جہاد کرنا اور اپنی مذہبی تقلید میں ہتھیار اٹھانا چاہیئے یا نہیں۔ یہ جواب دیا ہے اور بیان کیا ہے کہ جہاد اور جنگ مذہبی بمقابلہ برٹش گورنمنٹ ہند یا بمقابلہ اس حاکم کے کہ جس نے آزادی مذہبی دے رکھی ہے از روئے شریعتِ اسلام عموماً خلاف وممنوع ہے۔ اور وہ لوگ جو بمقابلہ برٹش گورنمنٹ ہند یا کسی اس بادشاہ کے کہ جس نے آزادگی مذہب دی ہے۔ ہتھیار اٹھاتے ہیں۔ اور

marfat.com

مذہبی جہاد کرنا چاہتے ہیں کل ایسے لوگ باغی ہیں۔ اور مستحقِ سزا کے مثل باغیوں کے شمار ہوتے ہیں۔ پھر مولوی محمد حسین نے اپنے اسی دعوے اور جواب کی تصدیق میں کل علماء ملک پنجاب و اطرافِ ہند کے پاس اپنے فتوے جوابی کو بھیج دیا۔ اور اچھی طرح سے مشتہر کیا۔ اور کل علماءِ ہند و ملک پنجاب سے اس بات کی تصدیق میں اقرار مُہری اور دستخطی کرالیا۔ کہ عموماً مسلمانانِ ہند کو ہتھیار اُٹھانا اور جہاد بمقابلہ برٹش گورنمنٹ ہند کرنا خلافِ مسئلہ سُنت و ایمان موحدین ہے اور نیز کل علماء ملک پنجاب و ہند نے تائید قول مولوی محمد حسین کی کی ہے۔ اور اپنے اپنے دستخط اور مہر کر کے مولوی محمد حسین کو اس فتوے میں بہت سچا اور پکا کہا۔ سب نے اپنی اپنی رضا سے اسلامی و ایمانی سے اس فتوے کو قبول کیا ہے۔ اور جانا اور مانا ہے۔ کہ بمقابلہ گورنمنٹ ہند فرقہ موحدین کو ہتھیار اُٹھانا خلافِ ایمان و اسلام کے ہے۔ پھر مولوی محمد حسین نے اس بات کی استدعا کی تھی۔ کہ وہابیانِ ملک ہزارہ کے نزدیک ایک عالم ایلچی بذریعہ مسلمانانِ ہند کے بھیجا جاوے اور وہ مع اس فتوے کے جا کر اس نامجھ کردہ کو مطلع کر دے کہ جہاد بمقابلہ برٹش گورنمنٹ ہند کے ممنوع ہے اور نیز ان کو آگاہ کر دے۔ کہ ان کی نافہمی کے خونریزی و قتال و جہاد پر سخت گناہ ثابت ہے۔ اور سب کا گناہ ان کے سر پر وارد شرعی ہے اور جو کہ از روئے شریعتِ اسلام برٹش گورنمنٹ ہند سے جہاد کرنا خلافِ طریقۂ اسلام و شریعت حقہ کے ہے۔ اس لیے ان کو خیر خواہی گورنمنٹ ہند میں برابر مستعد رہنا چاہیئے۔ چنانچہ یہ دعوے ارسال رسل مولوی محمد حسین کا سر ہنری وولنس لفٹیننٹ گورنر بہادر ممالک پنجاب کے اجلاس میں پیش کیا گیا تھا: بجواب درخواست مذکور لفٹیننٹ گورنر صاحب موصوف نے مولوی محمد حسین کا شکریہ خیر خواہی ادا کیا؛

(ترجمان الوہابیہ صـ ۶۱-۶۲)

بٹالوی کا اصل فتوے

اب وہابیوں کے مجتہد مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی کا وہ اصل فتوے جس میں انگریزوں کی

marfat.com

صریحاً حمایت کرتے ہوتے انگریزوں کے خلاف جہاد کرنے کی ممانعت کا فتوٰے دیا۔ ہے پیش کیا جاتا ہے :

"ہم لوگوں کو رعایا گورنمنٹ انگلشیہ کو جو گورنمنٹ کے عہد و امن میں ہیں اور ان کی طرف سے شعارِ دین کے ادا کرنے میں خود مختار و آزاد ہیں اس گورنمنٹ سے جہاد کرنا جائز نہیں ہے؛

(اشاعۃ السنۃ صہ ۴ ضمیمہ ۶ ج ۲)

غیر مقلدین وہابیوں کے سید احمد بریلوی اور اسماعیل دہلوی کے فتوٰے کو بھی بٹالوی درج کیا ہے۔ کہ سید احمد صاحب، مولوی اسماعیل صاحب نے انگریزوں سے جہاد کرنے کا ارادہ نہیں کیا۔ اور مولوی اسماعیل صاحب نے کلکتہ میں برملا مجلسِ وعظ میں کہا کہ ہم کو انگریزوں سے جہاد کرنا جائز نہیں ہے؛

(اشاعۃ السنۃ صہ ۵ ضمیمہ ۶ ج ۲)

وہابیوں کے محدث بٹالوی نے صرف فتوٰے پر ہی اکتفا نہیں کیا۔ بلکہ انگریزوں کی حمایت کرتے ہوئے ان سے جہاد کی ممانعت پر "الاقتصاد فی مسائل الجہاد" نامی کتاب لکھ دی۔

اور مسعود عالم ندوی رقمطراز ہیں ؛

"مولوی محمد حسین بٹالوی نے سرکارِ برطانیہ کی وفاداری میں جہاد کی منسوخی پر ایک مستقل رسالہ الاقتصاد فی المسائل الجہاد ۱۲۹۲ھ میں لکھا۔ انگریزی اور عربی زبانوں میں اُس کے ترجمے ہوئے۔ یہ رسالہ سر چارلس ایچی سن اور سر جیمس لائل گورنروں پنجاب کے نام معنون کیا گیا۔ مولوی محمد حسین نے اپنی جماعت کے علماء سے رائے لینے کے بعد ۱۲۹۶ھ میں یہ رسالہ اشاعۃ السنۃ کی جلد دوم شمارہ گیارہ میں بطور ضمیمہ شائع کیا پھر مزید مشورہ و تحقیق کے بعد ۱۳۰۶ھ میں باضابطہ کتابی شکل میں شائع ہوا۔" (جنگِ آزادی ۱۸۵۷ء صہ ۶۴۔ ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک صہ ۲۱۲)

marfat.com

اس سلسلے میں خود مولوی محمد حسین بٹالوی لکھتے ہیں :

"اگرچہ اس مضمون منسوخیٔ جہاد کے رسائل گورنمنٹ اور ملک کے اور خیر خواہوں نے بھی لکھے ہیں لیکن جو ایک خصوصیت اس رسالے میں ہے وہ آج تک کی کسی تالیف میں پائی نہیں جاتی۔ وہ یہ ہے کہ یہ رسالہ صرف مؤلف کا خیال نہیں رہا۔ اس گروہ کے عوام و خواص نے اس کو پسند کیا۔ اور اس سے اپنی آراء کا توافق ظاہر کیا اس توافق رائے حاصل کرنے کے لیے مؤلف (محمد حسین بٹالوی) نے عظیم آباد پٹنہ تک ایک سفر کیا تھا۔ جس میں لوگوں کو یہ رسالہ سُنا کر اتفاق حاصل کیا اور جہاں خود نہیں پہنچا وہاں اس رسالہ کی متعدد کاپیاں ارسال کر کے توافق حاصل کیا۔"

(جنگِ آزادی ۱۸۵۷ء صـ ۶۴)

انگریزوں کی حمایت میں بٹالوی کا کتاب لکھنا

مسعود عالم ندوی لکھتے ہیں کہ :

"اس کتاب پر (مولوی محمد حسین بٹالوی) انعام سے بھی سرفراز ہوئے۔ جماعت اہلحدیث کو فرقے کی شکل دینے میں ان کا خاص حصہ ہے۔ اور یہ وہ بزرگ ہیں۔ جنہوں نے اس سادہ لوح فرقے میں وفاداری کی خُو بُو پیدا کی۔ نہ صرف یہ ہو بلکہ دوسرے معاصر علماء کو سرکار کی مخالفت کے طعنے بھی دیئے۔"

مسعود عالم ایک دوسری جگہ لکھتے ہیں کہ :

"معتبر اور ثقہ راویوں کا بیان ہے کہ اس کے معاوضے میں سرکارِ انگریزی سے انہیں جاگیر بھی ملی تھی۔ اس رسالے کا پہلا حصہ پیشِ نظر ہے پوری کتاب تحریف و تدریس کا عجیب و غریب نمونہ ہے۔"

(جنگِ آزادی ۱۸۵۷ء صـ ۶۵،

ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک صـ ۲۱۲، صـ ۲۹)

marfat.com

وہابی کی بجائے اہلحدیث کہلانے کیلیے بٹالوی کا انگریزوں کی خوشامد کر کے منظوری لینا !

انگریز بٹالوی کے شکر گزار تھے۔ بٹالوی کو جاگیر بھی دی اور انعام سے بھی سرفراز کیا۔ بٹالوی نے موقع کو غنیمت جانتے ہوئے اپنے لیے وہابی کی بجائے اہلحدیث کا نام مروج و مشتہر کیا۔ انہوں نے باقاعدہ حکومتِ برطانیہ کی وفاداری کا اعلان کیا۔ بٹالوی نے سرکاری تحریرات میں وہابی کی بجائے اہلحدیث لکھے جانے کے احکام جاری کرائے۔

محمد ایوب قادری لکھتے ہیں کہ :

" انہوں نے ارکانِ جماعت اہلحدیث کی ایک دستخطی درخواست لفٹیننٹ گورنر پنجاب کے ذریعے سے وائسرائے ہند کی خدمت میں روانہ کردی۔ اس درخواست پر سرفہرست شمس العلماء میاں نذیر حسین کے دستخط تھے۔ گورنر پنجاب نے وہ درخواست اپنی تائیدی تحریر کے ساتھ گورنمنٹ آف انڈیا کو بھیج دی۔ وہاں سے حسبِ ضابطہ منظوری آگئی۔ کہ آئندہ وہابی کی بجائے اہلحدیث کا لفظ استعمال کیا جائے "۔

(جنگِ آزادی ۱۸۵۷ء از ایوب قادری)

قارئین کرام ! اُس درخواست کا جواب اور منظوری اصل انگریزی مضمون کی درج کرنا از حد مفید ہو گا۔ پڑھیئے اور وہابیوں کی کارستانیوں کا اندازہ لگائیے !

درخواست کی منظوری انگریزی میں خود وہابیوں کے اخبار اہلحدیث امرتسر نے درج کی ہے :

---

marfat.com

No: 137

FROM

W.M. young Esqre,
Secretary to the Government
of the Punjab.

To,

Moulvi Abu Said Mohammad Hussain
Editor of the 'Ashaat-ul-Sunnah'
Lahore.

D/Lahore 19th January 1887.

Sir,

In reply to your letter No, 195 of the 12th May last, asking that the use of the expression Wahabi in reference to member of the Community which you claim to represent may be prohibited in Government orders.

I am directed to forward the enclosed copy of a letter No 1758 dated the 31st from the officiating secretary to the Government of India, in the Home Department, the discontinuance of the use of the term Wahabi in official correspondence.

2. I return the books received with your

marfat.com

No : 137

FROM

W.M. young Esqre,

Secretary to the Government

of the Punjab.

To,

Moulvi Abu Said Mohammad Hussain

Editor of the "Ashaat-ul-Sunnah"

Lahore.

D/Lahore 19th January 1887.

Sir,

In reply to your letter No, 195 of the 12th May last, asking that the use of the expression Wahabi in reference to member of the Community which you claim to represent may be prohibited in Government orders.

I am directed to forward the enclosed copy of a letter No 1758 dated the 31d from the officiating secretary to the Government of India, in the Home Department, the discontinuance of the use of the term Wahabi in official correspondence.

2. I return the books recieved with your

marfat.com

letter No. 547/ of the 21st September last-, together with the original signed notice which you have been good enough to submit in your subsequent letters for the perusal of Government.

I have the to be Sir your most obedt Servant "

So/ for the secretary to the Government of the Punjab.

Copy of a letter NO 1758 dated the 3rd December 1886 from the officiating secretary to the Government of the India Home department to the secretary Government of the Punjab.

ترجمہ: صاحب ڈبلیو۔ ایم ینگ بہادر سیکرٹری پنجاب گورنمنٹ بذریعہ چٹھی نمبری ۱۳۷ مورخہ ۱۹ جنوری ۱۸۸۷ء بنام مولوی ابوسعید محمد حسین صاحب ایڈیٹر اشاعۃ السنۃ لاہور بجواب چٹھی نمبری ۱۹۵ مورخہ ۱۲ مئی ۱۸۸۶ء تحریر کرتے ہیں کہ حسب درخواست آپ کی کہ لفظ وہابی اس جماعت کے لیے سرکاری کاغذات میں استعمال نہ کیا جائے۔

۲۔ کتابیں جو آپ نے چٹھی نمبری ۵۴۷ مورخہ ۲۱ ستمبر ۱۸۸۶ء مع اصلی دستخط شدہ نوٹس جو آپ نے اپنے سابقہ خط کے ساتھ گورنمنٹ کے ملاحظہ کے لیے بھیجی تھیں واپس کی جاتی ہیں۔

marfat.com

چٹھی نمبری ۱۷۵۸ مورخہ ۳ر دسمبر ۱۸۸۶ء از صاحب قائم مقام سیکرٹری گورنمنٹ ہند ہوم ڈیپارٹمنٹ بنام صاحب سیکرٹری گورنمنٹ پنجاب بجواب آپ کی چٹھی نمبر ۱۰۴۴ مورخہ ۱۸ر جون ۱۸۸۶ء آپ کو تحریر کیا جاتا ہے کہ نواب گورنر جنرل بہادر جناب سی آئی ایچ حسن سے اتفاق رائے کرتے ہیں کہ آئندہ سرکاری خط و کتابت میں وہابی کا لفظ استعمال نہ کیا جائے۔

(اخبار اہلحدیث امرتسر ص ۸ ۲۶ر جون ۱۹۰۸ء)

نواب صدیق حسن کی تصدیق

امام الوہابیہ نواب صدیق حسن بھوپالوی کی کتاب ترجمان وہابیہ کے آخر میں اس درخواست کا اور انگریزوں سے اس کی منظوری کا تذکرہ ان الفاظ میں موجود ہے۔

'فرقہ موحدین لاہور نے صاحب مبادر موصوف کی روبکاری میں استدعا پیش کی کہ موحدین جو لفظ بدنام وہابی سے پکارے جاتے اور اطلاق اس لفظ کا عامۂ موحدین پر کیا جاتا ہے۔ سو بطور سرکاری اشتہار دیا جاوے کہ آئندہ فرقہ ہائے موحدین لفظ بدنام وہابی سے نہ مخاطب کیے جاویں۔ چنانچہ لفٹیننٹ گورنر بہادر موصوف نے اس درخواست کو منظور کیا اور پھر ایک اشتہار اس مضمون کا دیا گیا کہ موحدینِ ہند پر شبہ بدخواہی گورنمنٹ ہند عامۃً نہ ہو اور خصوص جو لوگ کہ وہابیان ملک ہزارہ سے نفرت ایمانی رکھتے ہوں اور گورنمنٹ ہند کے خیر خواہ ہیں۔ ایسے فرقہ موحدین مخاطب بہ وہابی نہ ہوں۔' (ترجمان وہابیہ ص ۶۲)

عبدالمجید سوہدروی کی تصدیق

غیر مقلدین حضرات کی مقتدر شخصیت مولوی عبدالمجید سوہدروی جو کہ مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی کے شاگرد اور دیوبندیوں کے شیخ التفسیر احمد علی صاحب لاہوری کے داماد بھی تھے۔ نیز ایک عرصہ تک سوہدرہ تحصیل وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ سے اخبار اہلحدیث اور مسلمان شائع کرتے رہے ہیں جمعیت وہابیہ کے ذمہ دار عہدیدار بھی رہ چکے ہیں نے

marfat.com

بھی اپنی کتاب سیرت ثنائی میں بھی اس منظوری کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا ہے :

"(بٹالوی نے) اشاعۃ السنۃ کے ذریعہ اہلحدیث کی بہت خدمت کی لفظِ وہابی آپ ہی کوشش سے سرکاری دفاتر اور کاغذات سے منسوخ ہوا۔ اور جماعت کو اہلحدیث کے نام سے موسوم کیا گیا۔" (سیرت ثنائی ص ۲۷۲)

ناظرین حضرات! مندرجہ بالا وہابی اکابر کی اپنی ہی تحریروں سے اظہر من الشمس ہے کہ وہابیوں کو اہلحدیث انگریزوں نے بنایا ہے۔ اور وہ بھی انگریز نوازی کے صلہ میں ان کو یہ نام بخشیش کیا گیا ہے۔ مجتہد الوہابیہ نے انگریز نوازی اور ان کی خوشامد اور کاسہ لیسی میں اسی لیے مدد کرنی تھی۔

انگریز کے نیازمند ہونے کی خود بٹالوی سے تصدیق

چنانچہ محمد ایوب قادری وہابی کے مولوی بٹالوی صاحب کے رسالہ اشاعۃ السنۃ کے حوالہ سے ان کی انگریز سے نیازمندی، خوشامد اور کاسہ لیسی کا ثبوت دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ :

"اس گروہ اہلحدیث کے خیر خواہ وفادار رہا برٹش گورنمنٹ پر ایک بڑی اور روشن اور قوی دلیل یہ ہے کہ یہ لوگ برٹش گورنمنٹ کے زیر حمایت رہنے کو اسلامی سلطنتوں کے ماتحت رہنے سے بہتر سمجھتے ہیں۔ اور اس امر کو اپنے قوی وکیل اشاعۃ السنۃ کے ذریعے سے جس کے نمبر ۱ جلد نمبر ۶ میں اس امر کا بیان ہوا ہے اور وہ نمبر ہر ایک لوکل گورنمنٹ اور گورنمنٹ آف انڈیا میں پیش ہو چکا ہے۔ گورنمنٹ پر بخوبی ظاہر اور مدلل کر چکے ہیں جو آج تک کسی اسلامی فرقہ رہا یا گورنمنٹ نے ظاہر نہیں کیا۔ اور نہ آئندہ کسی سے اس کے ظاہر ہونے کی امید ہو سکتی ہے"

اسی طرح ملکہ وکٹوریہ کے جشن جوبلی پر جو ایڈریس محمد حسین بٹالوی نے گروہ اہلحدیث کی طرف سے پیش کیا تھا۔ اس میں کہا تھا۔

marfat.com

یہ مذہبی آزادی اس گروہ کو خاص کر اس سلطنت میں حاصل ہے ۔ بخلاف دوسرے اسلامی فرقوں کے کہ ان کو اور اسلامی سلطنتوں میں بھی یہ آزادی حاصل ہے ۔ اس خصوصیت سے یہ یقین ہو سکتا ہے کہ اس گروہ کو اس سلطنت کے قیام استحکام سے زیادہ مسرت ہے اور ان کے دل سے مبارکباد کی صدائیں زیادہ زور کے ساتھ نعرہ زن ہیں ۔

اسی طرح لارڈ ڈفرن وائسرائے ہند کی سکدوشی پر جماعت اہلحدیث نے ایک خوشامدانہ ایڈریس دیا جس پر سب سے پہلے شمس العلماء میاں نذیر حسین کے دستخط ہیں ۔ اس کے بعد ابو سعید محمد حسین وکیل اہلحدیث مولوی احمد اللہ واعظ میونسپل کمشنر امرتسر مولوی قطب الدین پیشوائے اہل حدیث روپڑ مولوی حافظ عبداللہ غازی پوری مولوی محمد سعید بنارسی، مولوی نظام الدین پیشوائے اہلحدیث مدراس کے دستخط ہیں ۔

انگریزوں کی والینٹری کی درخواست

فخر الوہابیہ مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری نے اپنے دادا اُستاذ مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی کا انگریزوں کے پٹھو اور وفادار ہونے کے بارے میں واضح الفاظ میں تحریر کیا ہے کہ:

"جناب مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی نے اپنی خدمات بذریعہ اشاعۃ السنۃ اور رسالہ اقتصاد فی مسائل الجہاد کا ذکر کر کے مسلمانوں کو رغبت دلائی ہے کہ موجودہ جنگ میں گورنمنٹ کے دشمنوں سے لڑیں ۔ اور لکھا ہے ۔ گو میں ۸۰ برس کا بوڑھا ہوں ۔ اور میں نے تلوار بندوق کبھی نہیں اُٹھائی ۔ تاہم گورنمنٹ مجھ کو بطور والینٹر (خدمات کے لیے) بھرتی کرلے ۔ تو میں حاضر ہوں ۔ (اخبار اہلحدیث امرتسر صـ۱۳ کالم ۱ ۲ ۔ اکتوبر ۱۹۱۴ء)

مندرجہ بالا درخواست میں پورا پورا انگریزوں کا پٹھو ہونے کا ثبوت دیا ہے ۔ اب

marfat.com

تو وہابیوں کو کوئی شک و شبہ نہ رہنا چاہیئے کیونکہ درخواست دینے والے آپ کے بزرگ اور مجتہد محمد حسین بٹالوی ہیں۔ اور اس درخواست کا تذکرہ کرنے والا آپ کا سردار ثناء اللہ امرتسری ہے۔ اور جس اخبار میں یہ درج ہے۔ وہ آپ ہی کا شہرۂ آفاق اور گوہر بار اخبار اہلحدیث امرتسر ہے۔

صادق ہوں اپنے قول میں غالبؔ خدا گواہ
کہتا ہوں سچ کہ جھوٹ کی عادت نہیں مجھے

اسماعیل کانگریسی کی گواہی

غیر مقلدین وہابیہ کے مولوی اسماعیل کانگریسی آف گوجرانوالہ نے خود بھی اقرار کیا ہے کہ:

"مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی انگریزی حکومت سے تعاون کے حق میں تھے اور بظاہر انگریزی نظام کے ثنا خواں۔"

(تحریکِ آزادیٔ فکر ص۱۰۷)

مولوی محمد حسین بٹالوی کی خدمات پر تبصرہ کرتے ہوئے مسعود عالم ندوی لکھتے ہیں کہ:

"ان بے چاروں کو یہ ہوش نہیں رہا کہ وہ اپنے کو سرکار کی زد سے بچانے کی فکر میں کیا کر رہے ہیں۔ اور اپنے ماننے والوں کو کس پستی کی طرف لے جا رہے ہیں۔ مولوی محمد حسین صاحب اور ان ہی جیسے بعض علمارِ اہلحدیث کی روش کا یہ نتیجہ ہوا کہ موجودہ جماعت اہلحدیث کا عام رجحان فروعی مسئلوں تک محدود ہو کر رہ گیا ہے۔

مولوی محمد حسین نے بٹالوی کی پوری پالیسی میں میاں نذیر حسین نے دہلوی (جو کہ مولوی ثناء اللہ امرتسری، ابراہیم میر سیالکوٹی وغیرہم کے استاد تھے) ممد و معاون بلکہ سرپرست و سرخیل رہے۔"

(جنگِ آزادی ۱۸۵۷ء ص۶۶ تا ص۶۸)

قارئینِ کرام! مستند حوالہ جات سے آپ نے وہابیوں کی سیاسیات کا مطالعہ کیا ہے۔ ان کے اکابر کے کارنامے مسلمانوں کے لیے کتنے شرمناک اور خطرناک

marfat.com

ہیں۔ اور یہ لوگ کس قدر انگریزوں کے غلام اور شیدائی تھے۔ آج اگر یہ حضرات کہیں کہ جنگِ آزادی میں ہمارے اکابر نے مسلمانوں کی بہی خواہی اور بہتری کے لیے بہت کام کیے اور انگریز کی مخالفت میں پیش پیش تھے کس قدر جھوٹ اور کذب ہے۔

ناظرین! مندرجہ بالا تحریرات کی روشنی میں آپ نے وہابیہ نجدیہ کے مجتہد اور محدث بٹالوی کی انگریز نوازی کا آپ نے اندازہ لگا لیا کہ انگریز کی انتہائی وفاداری کی وجہ ہی سے جملہ مجاہدینِ اسلام جنہوں نے انگریز کی مخالفت کی اور اس کے خلاف جہاد کیا وہابیوں کے مجدد نے ان کو باغی قرار دے کر ان کی سزا قتل بیان کی ہے نیز ان کو سخت گنہگار قرار دیا ہے۔

بٹالوی نے خود اپنی تحریر میں اس فتویٰ کو تمام وہابیوں کا فتوےٰ قرار دیا ہے۔ اس سے بڑھ کر وہابیوں میں اور بے غیرتی کیا ہو گی عوام کیوں نہ کہے۔

اس بُرے مذہب پہ لعنت کیجئے!

اب آپ کو وہابیوں کے سردار اور مناظر مولوی ثناء اللہ امرتسری کی سیاست سے بھی روشناس کرایا جاتا ہے۔ اس معاملہ میں وہابیوں کے روپڑی خاندان کے سرغنہ اور حافظ عبدالقادر صاحب روپڑی کے پیارے چچا جان اور معزز بزرگ حافظ عبداللہ صاحب روپڑی کا بیان پیش کر دینا بہت مناسب ہے۔

ثناء اللہ امرتسری نے انگریزوں کی حمائت کا فتویٰ دیا

حافظ عبداللہ صاحب روپڑی نے اپنے اخبار تنظیم اہلحدیث روپڑ میں اپنے فرقہ کے مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری کے متعلق لکھا ہے کہ:

'مولوی ثناء اللہ امرتسری نے انگریزوں کی خوشامد میں یہ فتوےٰ صادر کیا ہے کہ ترکوں سے لڑائی جائز ہے۔ اسی فتوےٰ کی بناء پر پندرہ لاکھ (انگریزی) ہندوستانی فوج میں سے نو لاکھ مسلمانوں نے

marfat.com

عربوں اور تُرکوں کے سینوں کو گولیوں سے چھلنی کیا۔"

(تنظیم اہلحدیث روپڑ بحوالہ اخبار محمدی دہلی ص۱۲ ۱۵ اپریل ۱۹۳۹ء)

برٹش گورنمنٹ کے خلاف سازشیں کرنا اسلام کے خلاف ہے

وہابیوں کی آل انڈیا اہلحدیث کانفرنس منعقدہ کلکتہ میں امام الوہابیہ مولوی ثناء اللہ امرتسری کی تقریر کی روئداد میں لکھا ہے:

"(مولوی ثناء اللہ امرتسری کی) اثنائے تقریر میں آنریبل مسٹر جسٹس گریوز جج ہائیکورٹ کلکتہ اور مسٹر او۔ ایف۔ جنکسن آئی۔ سی۔ ایس سیکرٹری بورڈ آف اگزامینرس کلکتہ تشریف لائے۔ اُس وقت مولوی صاحب مضمون کے اس حصہ کو بیان فرما رہے تھے کہ:

جس کو سلطنت ملتی ہے۔ خدا ہی کے حکم سے ملتی ہے۔ اور جس سے چھینی جاتی ہے۔ اُس کے حکم سے چھینی جاتی ہے۔ چونکہ بفرمان قرآن شریف سلطنت کا ملنا خدا کے حکم سے ہے۔ اس لیے سلطنت کے برخلاف پوشیدہ سازشیں کرنے کو اسلام روکتا ہے۔"

(روئداد اہلحدیث کانفرنس ص۸)

انگریزی حکومت اور اس کے حکام کا شکریہ ادا کرنا

امام الوہابیہ ثناء اللہ امرتسری نے کلکتہ کے جلسہ میں انگریزی حکومت کا شکریہ ادا کیا جس کو روئداد میں ان الفاظ میں درج کیا ہے:

"اس کے بعد آپ (مولوی ثناء اللہ امرتسری) نے سب سے پہلے خدا کا شکر ادا کیا اور ازاں گورنمنٹ اور گورنمنٹ کے حکام کا پھر اعیانِ جلسہ کا پھر دُعائے قبولیت مانگی۔"

(روئداد اہلحدیث کانفرنس ص۲)

مولوی ثناء اللہ امرتسری کے بعد موجودہ دور کے حافظ عبدالقادر روپڑی کے

marfat.com

چچا جان اور سسر حافظ عبداللہ روپڑی کی بھی انگریز نوازی ملاحظہ فرمالیں۔

عبداللہ روپڑی اور عبدالستار دہلوی انگریزوں کے غلام تھے

مولوی ثناء اللہ امرتسری

کے انگریزوں کی حمایت میں فتوے دینے کا راز فاش وہابیوں کے حافظ عبداللہ صاحب روپڑی نے کیا ہے۔ اب حافظ عبداللہ صاحب روپڑی اور مولوی عبدالستار دہلوی کے انگریزوں کے غلام ہونے کے متعلق وہابیہ کے مشہور اخبار 'محمدی' دہلی نے مولوی عبداللہ صاحب روپڑی سے ایک سوال کی سرخی جما کر فاش کیا ہے کہ:

"انگریزوں کی حکومت کے غلطے بلکہ غلاموں کے غلام اور وہ چلے ہیں حاکمِ شرعی بننے کو۔" (اخبارِ محمدی دہلی ص۱۲ یکم اکتوبر ۱۹۳۸ء)

ہندوستان میں حکومتِ برطانیہ کی بدولت امن و امان ہوا

وہابیوں کی آل انڈیا اہلحدیث کانفرنس منعقدہ کلکتہ کے چھٹے سالانہ جلسہ کی کارروائی کی روئداد میں مولوی عبدالنور صاحب (وہابی)، نائب صدر استقبالیہ کمیٹی نے جو استقبالیہ پڑھا۔ اُس میں واضح الفاظ میں گورنمنٹ انگریزی کو ہندوستان میں امن و امان کا سبب ان الفاظ میں قرار دیا ہے۔

"ہندوستان میں گورنمنٹ انگریزی کی بدولت جب امن و امان ہوا۔"

(روئداد اہلحدیث کانفرنس دہلی ص۲)

غیر مقلدین کے مولوی بسم اللہ خان اپنے رسالہ "اعلان دافع بہتان" میں رقمطراز ہیں۔ کہ:

"ہم اس سرکار (انگلشیہ) کے بڑے خیر خواہ ہیں۔ کیونکہ اپنے شعائر مذہبی آزادی کے ساتھ ادا کرتے ہیں۔ اور کسی طرح ہمارے دین و مذہب میں خلل نہیں۔" (اعلان دافع بہتان ص۹)

marfat.com

گورنمنٹ انگریزی وہابیوں کے لیے نعمت ہے

وہابیوں کے مولوی عبدالنور نے

کانفرنس کے خطبہ استقبالیہ میں کہا کہ:

"ہم اپنی گورنمنٹ کا شکریہ ادا کرنا فرضِ منصبی جانتے ہیں جس کی قانونِ آزادی سے ہم کو مذہبی آزادی نصیب ہوئی لیکن ہم نے اِس نعمت کی کوئی قدر نہ کی۔ جوں ہی ہم اس قسم کی مخالفتوں سے فارغ ہوئے تو آپس کی مخالفت میں پھنس گئے۔ ایک دوسرے کی تکفیر، تفسیق، تبدیع وغیرہ ہمارا شغل ہو رہا ہے جس سے جماعتِ اہلحدیث ٹکڑے ٹکڑے ہو رہی ہے۔" (روئداد اہلحدیث کانفرنس دہلی ص)

انگریزی حکومت وہابیوں کی حکومت ہے

آل انڈیا اہلحدیث کانفرنس کی روئداد میں وہابیوں نے برٹش گورنمنٹ کو اپنی گورنمنٹ ان الفاظ میں لکھا ہے کہ:

"الٰہ آباد ہماری برٹش گورنمنٹ کے صوبہ اودھ کا جیسا دارالخلافہ ہے"

(روئداد اہلحدیث کانفرنس دہلی ۴۹ھ)

ناظرین حضرات! مندرجہ بالا تحریرات سے اظہر من الشمس ہے کہ وہابی ٹولہ انگریزوں کا پٹھو اور وفادار تھا۔ انہوں نے مسلمانوں کا کوئی خیال نہیں کیا بلکہ انگریزوں کی طرف داری کی۔ یہی وجہ ہے کہ ملک بھر میں افتراق و انتشار انہیں کی طرف سے شروع ہوتا ہے۔

مدیر الیشیاء کی گواہی

غیر مقلدین کے ندیم کوموی لکھتے ہیں کہ: تذکار شہید پر تبصرہ کرتے ہوئے مدیر الیشیاء (جو وہابیوں، دیوبندیوں اور مودودیوں کے ممدوح ہیں) رقمطراز ہیں کہ: انگریزوں کے ہمہ گیر غلبہ کے زمانہ میں اہلحدیت کے نام سے اس تحریکِ اسلامی کو بدنام کرنے کے لیے جو پراپیگنڈہ کیا گیا کہ اس سے وہ طبقہ بھی متاثر ہو گیا جو اس ملک میں اہلحدیث کہلاتا تھا۔

marfat.com

اس کے اندر اتنی جُرأت نہ رہی کہ وہ شاہ صاحب کو اپنا ہیرو بنا کر پیش کر سکے۔ بلکہ بڑے بڑے اکابر اہلحدیث بھی اس کوشش میں مصروف ہو گئے کہ وہ انگریزوں کو اپنی خیر سگالی اور وفاداری کا یقین دلائیں'۔ (الاعتصام لاہور صـ۶ کالم ۱ ۶ دسمبر ۱۹۵۷ء)

دیوبندی حضرات کی آماجگاہ اور مرکزی دارالعلوم دیوبند انگریز حکومت کا موافق اور اس کا ممد و معاون تھا۔

مدرسہ دیوبند انگریزی حکومت کے خلاف نہیں بلکہ موافق سرکار ہے

دیوبندی "مولوی احسن نانوتوی" کے سوانح نگار نے دیوبندیوں کے مرکزی مدرسہ "دیوبند" کے متعلق حکومتِ برطانیہ کے لفٹیننٹ گورنر کے ایک معتمد انگریز پامر نامی کا تاثر اس طرح درج کیا ہے کہ:

"اس مدرسہ (دیوبند) نے یوماً فیوماً ترقی کی۔ ۳۱ جنوری ۱۸۷۵ء بروز یکشنبہ لیفٹیننٹ گورنر کے ایک خفیہ معتمد انگریز مسمی پامر نے اس مدرسہ کو دیکھا تو اس نے نہایت اچھے خیالات کا اظہار کیا اس کے معائنہ کی چند سطور درج ذیل ہیں۔

جو کام بڑے بڑے کالجوں میں ہزاروں روپیہ کے صرف سے ہوتا ہے۔ وہ یہاں کوڑیوں میں ہو رہا ہے۔ جو کام پرنسپل ہزاروں روپیہ ماہانہ تنخواہ لے کر کرتا ہے وہ یہاں ایک مولوی چالیس روپیہ ماہانہ پر کر رہا ہے۔ یہ مدرسہ خلافِ سرکار نہیں بلکہ موافقِ سرکار ممد و معاون سرکار ہے۔" (مولانا محمد احسن نانوتوی صـ۲۱۷ مطبوعہ کراچی)

ناظرین! جو مرکزی مدرسہ انگریزوں کا پٹھو ہو تو وہاں سے فارغ التحصیل ہونے والے بھی یقیناً انگریزوں کے پٹھو اور نمک خوار ہوں گے۔ یہ دیوبندیوں کے ماتھے پر ایک ایسا بدنما داغ ہے جو قیامت تک نہیں اُتر سکتا۔

marfat.com

علماء اہلسنت وجماعت کا مطالبہ

مسلکِ اہلسنت وجماعت (بریلوی) کے علماء اکثر و بیشتر مرتبہ حکامِ بالا کو اس حقیقت سے باخبر کرتے رہتے ہیں کہ ہندوستان سے دیوبندی مولویوں کا آنا خطرہ سے خالی نہیں ہے۔ مختلف بہانوں سے پاکستان آتے ہیں۔ دراصل ان کا آنا پاکستان میں تخریبی کارروائی کرانا مقصود ہے۔ دیوبندیوں نے پاکستان بننے کی سر توڑ مخالفت کی تھی۔ اور پاکستان کے قیام کا نعرہ بلند کرنے والی واحد نمائندہ جماعت مسلم لیگ کی ببانگِ دُہل نہ صرف مخالفت ہی کی بلکہ اس پر طرح طرح کے فتوے لگاتے۔ نظریۂ پاکستان کا استہزار اڑایا اور طنزیں کیں۔ بلکہ جب پاکستان بن بھی گیا تب بھی اس کو بازاری عورت، پلیدستان، خاکستان، سانپ اور گناہ جیسے نازیبا الفاظ سے یاد کرتے رہے اور کرتے ہیں۔ ایسے حضرات ملک وملت کے کیسے خیر خواہ ہو سکتے ہیں۔ حکومت کو ان پر کڑی نظر رکھنی چاہیئے اور دوسرے ممالک سے ان کی آمد و رفت بند کرنی چاہیئے۔

دیوبندی وہابی مولویوں کا پاکستان کے خلاف پراپیگنڈا کرنا

روزنامہ کوہستان

لاہور نے اپنی ۲ نومبر ۱۹۵۶ء کی اشاعت میں لکھا ہے کہ:

"بھارت سے ہر سال حاجیوں کے قافلہ کے ساتھ احراری مولوی یا کانگریسی مولوی کو بھیجا جاتا ہے۔ جو پاکستان کے خلاف اور بھارت کے حق میں پراپیگنڈا کرتا ہے۔" (کوہستان ۲ نومبر ۱۹۵۶ء)

احرار علامہ اقبالؒ کے نظریہ کے مخالف تھے

مصورِ پاکستان علامہ اقبال مرحوم انگریز کے خلاف آواز اٹھاتے رہے اور یہ

marfat.com

دیوبندی مولوی انگریز سے وظیفہ حاصل کرتے رہے۔ اس لیے خود دیوبندیوں احراریوں نے یہ حقیقت رپورٹ تحقیقاتی عدالت میں تسلیم کی ہے کہ :

"احرار اور علامہ اقبال کے نظریوں کے درمیان کھلا ہوا تصادم موجود تھا۔" (رپورٹ تحقیقاتی عدالت ص ۲۷۸)

علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کے حسین احمد مدنی کے متعلق اشعار

علامہ اقبال نے جب دیوبندی مولویوں کے سردار مولوی حسین احمد مدنی کے نظریات کو سرکارِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت و رفعت کے خلاف پایا تو لکھا :

عجم ہنوز نہ داند رموزِ دیں ورنہ — ز دیوبند حسین احمد ایں چہ بوالعجبی است
سرود برسرِ منبر کہ ملت از وطن است — چہ بے خبر ز مقام محمد عربی است
بمصطفےٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست — اگر باو نرسیدی تمام بولہبی است

اسی لیے دیوبندی مولوی عامر عثمانی نے دیوبند سے ہی شائع ہونے والے اپنے ماہنامہ "تجلی" میں دیوبند مدرسہ کے متعلق ایک نظم شائع کی ہے جس کا عنوان ہے :

دیوبند سے

کیا گردشِ دوراں کا فسوں دیکھ رہا ہوں — دیوبند تیرا حالِ زبوں دیکھ رہا ہوں
سمٹا ہوا ساحل ہے کہ ٹھیری ہوئی موجیں — کیوں تیرے سمندر میں سکوں دیکھ رہا ہوں
اُٹھے تری آغوش سے کتنے ہی مجاہد — اغیار کا اب صیدِ زبوں دیکھ رہا ہوں
اللہ رے یہ مسندِ افتاء کی اہانت — اپنوں کا بھی ہوتا ہوا خوں دیکھ رہا ہوں

marfat.com

آوارگیٔ فکر و نظر اہلِ حرم کی ! ناپختہ مگر جوشِ جنوں دیکھ رہا ہوں
جو داعیِ اسلام تھے وہ دیش بھگت ہیں نیرنگیٔ دوراں کا فسوں دیکھ رہا ہوں
اسلاف کے دل بھی ترے فتووں سے ہیں مجروح تکفیر کا یہ شوقِ فزوں دیکھ رہا ہوں
غیروں سے ہے اُلفت تجھے اپنوں سے ہے اُلجھاؤ بدلا ہوا اندازِ جنوں دیکھ رہا ہوں
یہ منصبِ افتا رہے فتووں کی یہ اندھیر فنکاریٔ شیطان کا فسوں دیکھ رہا ہوں
پنہاں اسی تخریب میں تعمیر کے انوار چھٹ جائیں گے بادل یہ شگوں دیکھ رہا ہوں
حق گوئیٔ دیوبند کی اسلاف کی سوگند تجھ کو پئے اغراض نگوں دیکھ رہا ہوں
کس برق نگاہی کا یہ اعجاز ہے افسرؔ اب شعلہ فشاں سوزِ دروں دیکھ رہا ہوں

(ماہنامہ تجلی دیوبند ص۵۳ مئی ۱۹۵۷ء)

دیوبندیوں کے مولوی اشرف علی تھانوی کو بھی انگریزوں سے ماہانہ مدد ملتی تھی۔ چنانچہ دیوبندیوں کے مولوی شبیر احمد عثمانی نے خود اس کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے:

اشرف علی تھانوی کو انگریز کیطرف سے چھ سو روپیہ ماہانہ وظیفہ

"حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی ..... ہمارے آپ کے مسلّم بزرگ و پیشوا تھے۔ ان کے متعلق بعض لوگوں کو یہ کہتے ہوئے سُنا گیا کہ ان کو چھ سَو روپیہ ماہوار حکومت کی جانب سے دیئے جاتے تھے۔" (مکالمۃ الصدرین ص۹)

غیر مقلد دیوبندی وہابیوں کی تبلیغی جماعت کے بانی کو بھی انگریزوں سے روپیہ ملتا تھا۔ اس کا ذکر بھی دیوبندیوں کے مولوی حفظ الرحمان صاحب نے کیا ہے۔

marfat.com

تبلیغی جماعت کے بانی کو انگریزوں سے روپیہ ملتا تھا!

"مولانا حفظ الرحمٰن صاحب نے کہا کہ مولانا الیاس صاحب ..... کی تبلیغی تحریک کو بھی ابتداءً حکومت (برطانیہ) کی جانب سے بذریعہ حاجی رشید احمد صاحب کچھ روپیہ ملتا تھا۔ پھر بند ہو گیا۔" (مکالمۃ الصدرین ص۸)

جمعیّت عُلمائِ اسلام انگریزوں کی مالی امداد اور ایماء پر بنائی گئی تھی

دیوبندیوں کے مولوی حفظ الرحمٰن کی تقریر کا خلاصہ دیوبندی حضرات کے دارالاشاعت دیوبند ضلع سہارنپور کے شائع کردہ رسالہ مکالمۃ الصدرین میں ان الفاظ میں درج ہے:

"مولانا حفظ الرحمٰن صاحب کی تقریر کا خلاصہ یہ تھا کہ کلکتہ میں جمعیتہ[1] العلمائِ اسلام حکومت کی مالی امداد اور اس کے ایماء سے قائم ہوئی ہے۔" (مکالمۃ الصدرین ص۷)

دیوبندی وہابی مولویوں نے جو انگریزی حکومت سے بغاوت کرنا خلاف قانون قرار دیا۔ یہ اسی امداد کا ہی کرشمہ تھا۔ چنانچہ دیوبندیوں کے مولوی احسن نانوتوی کے متعلق رقمطراز ہیں کہ:

---

[1] آج کل جمعیت علمائِ اسلام کے صدر مفتی محمود صاحب ہیں۔ خود ہی ان حضرات کی غیرت و حمیت کا اندازہ لگائیں۔

marfat.com

انگریزوں کی حکومت سے بغاوت کرنا خلافِ قانون ہے

"۲۲ رمئی کو نمازِ جمعہ کے بعد مولانا محمد احسن صاحب نے بریلی کی مسجد نوگھلہ میں مسلمانوں کے سامنے ایک تقریر کی اور اس میں بتایا کہ حکومت سے بغاوت کرنا خلافِ قانون ہے۔" (مولانا محمد احسن نانوتوی ص۵۰)

انگریزوں کی حمایت میں اس تقریر کا جو اثر لوگوں پر ہوا اُس کے متعلق لکھتے ہیں کہ:

"اس تقریر نے بریلی میں ایک آگ لگادی۔ اور تمام مُسلمان مولانا محمد احسن صاحب نانوتوی کے خلاف ہو گئے۔ اگر کوتوال شہر شیخ بدرالدین کی فہمائش پر مولانا بریلی نہ چھوڑتے تو ان کی جان کو بھی خطرہ پیدا ہو گیا تھا۔" (مولانا محمد احسن نانوتوی ص۵۱)

حالی سے انگریزوں کی تعریف

الطاف حسین حالی نے بھی انگریزوں کی تعریف میں اشعار لکھے ہیں چنانچہ "کلیاتِ نظمِ حالی" میں حالی نے "مژدہ قدوم حضور شاہزادہ ویلز در ہندوستان" کی سُرخی دے کر لکھا ہے کہ:

مژدہ ہو اہلِ مشرق دن پھرے تمہارے — مشرق سے سوئے مشرق آیا ہے مہر تاباں
گلہ کی اپنے لینے آیا خبر کہاں سے — ہے ایسے گلہ بان پر گلہ کی جان قربان
ہندوستان بھی تجھ سے کچھ آج کل نہیں کم — اے معدنِ بزرگی اے خاکِ نگلستان
تیرے نصیب کا تو کیا پوچھنا ہے لیکن — ہندی بھی اَن دنوں ہیں قسمت پہ اپنی نازاں
مہمان ہے آج ان کا اُس شاہ کا ولی عہد — روئے زمین کے سلطاں جسکے ہوئے ہیں مہماں

(کلیاتِ نظمِ حالی ص۱۰۴)

marfat.com

اکابر وہابیّہ پاکستان کے مخالف تھے

جن حضرات کی رگ رگ میں انگریز کی وفاداری اور نیاز مندی سمائی ہو۔ اور جو کبیر السن ہونے کے باوجود انگریزوں کی خدمت اور ان کے مشن کو کامیاب اور کامران کرنے کے لیے والنٹری طور پر اپنے آپ کو پیش کرنے کا جذبہ رکھیں وہ حضرات پاکستان کے کیسے خیر خواہ اور محب ہوں گے۔ تاریخ کا مطالعہ کرنے سے روزِ روشن کی طرح عیاں ہو جاتا ہے کہ اکابر وہابیہ پاکستان کے مخالف تھے۔ اور کانگریس میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیتے تھے۔ علمائِ اہلسنت اور مشائخ اہلسنت وجماعت کی کوششوں سے جب پاکستان معرضِ وجود میں آگیا اور وہابی مولویوں کا خواب شرمندۂ تعبیر نہ ہوا تو پھر اُنہوں نے عوام میں اپنا منہ دکھانے کے لیے اپنے آپ کو پاکستان کا بہی خواہ اور خیر خواہ ظاہر کرنے کی کوشش کی! اور وہابیوں نے اُن حضرات کو اپنی جمعیت کا امیر اور ناظمِ اعلےٰ مقرر کر دیا جیسا کہ مولوی داؤد غزنوی اور مولوی اسماعیل سلفی یہ دونوں حضرات کانگریسی تھے۔ اوّل الذکر مرکزی جمعیت کے امیر اور آخر الذکر جمعیت کے ناظمِ اعلےٰ رہ چکے ہیں۔

پاکستان کی مخالفت میں وہابی علماء اور عوام کا کردار

فخر الوہابیہ مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی نے ۲۷ر مئی ۱۹۴۹ء کو لاہور میں جمعیت وہابیہ مغربی پاکستان کے اجلاس میں خطبۂ صدارت دیتے ہوئے واضح طور پر اس حقیقت کی قلعی ان الفاظ میں کھولی ہے:

(۱) بہت سے اہلحدیث علماء اور عوام و امراء کانگریس کا ساتھ دیتے تھے اور تقسیم نہیں چاہتے تھے۔

(۲) بعض اہلحدیث علماء اور بہت سے عوام احراری تھے۔ وہ کانگریس

marfat.com

کے ساتھی تھے یا نہ لیکن بہرحال مسلم لیگ کے موافق نہ تھے۔
(۳) اسی طرح بہت سے اہلحدیث خاکسار تھے۔ یہ بھی کانگریس کے موافق ہوں یا نہ ہوں لیکن مسلم لیگ کے موافق نہ تھے۔
(۴) بہت سے متوسط درجے کے اہلحدیث عوام اور بعض علماء اور انگریزی دان وکلاء مودودی تھے۔ جو اپنا نام اسلامی جماعت رکھتے ہیں۔ یہ لوگ اگرچہ کانگریس کے خلاف آواز اُٹھاتے تھے لیکن انہوں نے عملی طور پر مسلمانوں کی عام جماعت مسلم لیگ کو بھی ووٹ نہ دیا۔
(احتفال الجمہور ص۱۲)

اِمام الوہابیہ ثناء اللہ امرتسری

مولوی ثناء اللہ امرتسری سے کانگریس اور مسلم لیگ میں سے کس میں شرکت کی جانے کا سوال ہوا تو مولوی صاحب نے اس کے جواب میں واضح الفاظ میں مسلم لیگ کی حمایت نہ کی تھی۔ وہ سوال وجواب دونوں درج ہیں۔

س:- آج کل ہندوستان میں دو پارٹیاں (جماعتیں) کانگریس و مسلم لیگ کا ہر چہار طرف شور و غوغا ہے۔ اور دونوں پارٹیوں میں ہمارے چوٹی کے علمائے کرام و رہنمائے ملت (ہندوستان کے پالٹیکس میں جو بڑے ماہر سمجھے جاتے ہیں) شامل ہیں۔ اور کام کر رہے ہیں۔ دونوں جماعتیں اپنی اپنی جماعت میں شامل کرنے کو مسلمانوں کو دعوت دے رہے ہیں۔ جواب طلب یہ کہ موجودہ انقلاب کے دور میں اپنے مذہب اسلام کو ملحوظ رکھتے ہوئے مسلمانوں کو عموماً اور جماعت اہلحدیث کو خصوصاً کس کے ساتھ ہونا چاہیئے۔ آیا کانگریس میں یا مسلم لیگ میں۔

ج۔ عام ملکی حالات میں جس قدر مذہب اجازت دے اُس جماعت

marfat.com

کے ساتھ ہو جاؤ۔ جو مفادِ عامہ کے لحاظ سے اچھا کام کرے۔"

(اخبار اہلحدیث امرتسر ص۲ ۳/۱۰ دسمبر ۱۹۳۷ء)

اخبار اہلحدیث امرتسر میں اہلحدیث کانفرنس کی مجلسِ عاملہ کی کارروائی شائع ہوئی ہے جس میں واضح الفاظ میں لکھا ہے کہ:

"کانگریس کے گرم ممبر اپنا مافی الضمیر کھلے لفظوں میں ظاہر کر دیتے ہیں کہ ہم پورن سوراجیہ (مکمل آزادی اندرونی اور بیرونی) حاصل کریں گے۔ گول میز کانفرنس لندن میں ایسی تقریریں بکثرت ہوتی رہیں۔ ہماری غرض اس نوٹ لکھنے سے یہ ہے کہ کانگریس نے اپنا مافی الضمیر بتانے میں کوئی بخل یا فریب سے کام نہیں لیا۔ اور نہ اس دعوے میں اس نے تبدیلی کی کہ میں کل ہندوستانیوں کی قائم مقام ہوں۔

آج کل جبکہ کانگریس اپنے عروج کو پہنچ چکی ہے۔ اور اپنے مقصد میں قریباً کامیاب ہو چکی ہے۔ اب اس کی مخالفت کرنا ہمارے (وہابیوں) کے خیال میں چنداں مفید نہیں ہے۔"

(اہلحدیث امرتسر ص۱۵ ۸ اکتوبر ۱۹۳۷ء)

ناظرین! مولوی ثناء اللہ امرتسری کے بعد وہابیہ کے مولوی عبدالقادر قصوری کا بھی کردار پڑھ لیں۔

marfat.com

مولوی[1] عبدالقادر قصوری

وہابیہ نجدیہ کے مولوی عبدالقادر قصوری بھی کانگریسی تھے۔ جس کا تذکرہ وہابیہ کے مولوی احسان الٰہی ظہیر کے اپنے ماہنامہ "ترجمان الحدیث" میں "مولانا عبدالقادر قصوری" کے ہیڈنگ سے ابوسلمان شاہجہان پوری کے شائع کردہ مضمون میں اس طرح ہے:۔

"(مولوی عبدالقادر قصوری) پنجاب خلافت کمیٹی کے صدر تھے۔ پنجاب پراونشل کانگریس کمیٹی کے بھی وہ مدت تک صدر رہے تھے۔ اور جب تک وہ اپنی صحت کی بنا پر کنارہ کش نہیں ہوئے۔ آل انڈیا کانگریس کی ورکنگ کمیٹی کے ممبر بھی رہے۔

(ترجمان الحدیث ص۵ مئی۔جون ۱۹۷۳ء)

وہابیوں کے ممدوح مولوی غلام رسول مہر نے بھی مولوی عبدالقادر قصوری کے متعلق لکھا ہے کہ:

"مولوی عبدالقادر قصوری ..... نے سالہا سال تک کانگریس کی خدمت کی۔ اور پنجاب پراونشل کانگریس کمیٹی کے صدر بھی رہے۔ بلاخوف وتردید کہا جا سکتا ہے کہ پنجاب میں کانگریس کو ان سے زیادہ مخلص، صاحبِ ایثار اور بے غرض رہنما آج تک نہیں ملا۔"

(ترجمان الحدیث ص۵ مئی۔جون ۱۹۷۳ء)

---

[1] مولوی عبدالقادر قصوری وہابیہ نجدیہ کی موجودہ جمعیت کے امیر مولوی معین الدین لکھوی کے والد ہیں۔ (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

غلام رسول مہر مزید لکھتے ہیں کہ :-

'انہوں نے اسلام اور مسلمانوں کی بہت سی خدمات انجام دیں۔ اگرچہ نہرو رپورٹ کے وقت ان کا مسلک ہمارے نزدیک صحیح نہیں رہا تھا۔' (ترجمان الحدیث ص۵۸ مئی، جون ۱۹۷۳ء)

ابوسلمان شاہجہان پوری نے اپنے مضمون میں مولوی عبدالقادر قصوری کی سیاسی معاملات یعنی کانگریس کی حمایت اور معاونت کو وہابیہ کے اکابر کا ہی اندازِ فکر قرار دیا ہے۔ چنانچہ لکھا ہے۔

'ملک کے سیاسی معاملات میں ان کا اندازِ فکر وہی تھا جو جماعتِ اہلحدیث کے دوسرے اکابر کا تھا۔' (ترجمان الحدیث ص۵۵ مئی، جون ۱۹۷۳ء)

غیر مقلدین اور دیوبندی وہابیوں کے ممدوح شورش کاشمیری نے بھی مولوی عبدالقادر قصوری کے متعلق کہا ہے۔

'انجمن پنجاب میں مولانا آزاد[2] کا نائب سمجھا جاتا تھا۔'

(ترجمان الحدیث ص۶۱ مئی، جون ۱۹۷۳ء)

دیوبندیوں کے مولوی سلیمان ندوی نے بھی مولوی عبدالقادر قصوری کے متعلق واضح الفاظ میں لکھا ہے کہ :-

'خلافتِ حجاز اور کانگریس میں بیش از بیش حصہ لیا۔'

(ترجمان الحدیث ص۶۲ مئی، جون ۱۹۷۳ء)

---

[1] غلام رسول مہر تو کانگریس کی حمایت کرنے والے مولوی کے متعلق لکھتے ہیں کہ انہوں نے اسلام اور مسلمانوں کی بہت سی خدمات سرانجام دیں مگر وہابیہ کے مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی لکھتے ہیں کہ کانگریسی علماء دس کروڑ مسلمانوں کی تباہی کا بوجھ اُٹھا رہے ہیں (پیغامِ ہدایت ص۱۰)

[2] یہ ہر ایک ذی علم پر واضح ہے کہ مولوی ابوالکلام آزاد کٹر کانگریسی تھے۔ لہٰذا پنجاب میں ان کے نائب قصوری بھی کٹر کانگریسی تھے۔ (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

مولوی داؤد غزنوی کانگریسی

وہابیہ نجدیہ کے مشہور خاندان غزنوی کے ایک فرد تھے۔ جو کہ مولوی عبدالجبار غزنوی کے بیٹے تھے۔ غزنوی صاحب اپنے دادا عبداللہ غزنوی کی طرح تحریکِ پاکستان کے مخالف انگریزوں کے حامی تھے۔ احرار اور کانگریس کے ہمنوا تھے۔ اور انہی لیڈروں میں ان کا شمار ہے۔ ان جماعتوں کا تحریکِ پاکستان کے سلسلہ میں جو کردار رہا ہے۔ وہ اظہر من الشمس ہے۔ تب بھی ایک مورخ کی تحریر سے اس کو آپ کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ مورخ عاشق حسین بٹالوی لکھتے ہیں کہ :

غزنوی تحریکِ پاکستان کے مخالف تھے

جو قوم داؤد غزنوی کو بھی تحریکِ پاکستان کا مجاہد کہتی ہے۔ اسے تاریخ لکھنے یا لکھوانے کا کوئی حق نہیں۔ ممکن ہے کہ آپ کہیں کہ مرے ہوؤں کا ذکر اچھے انداز میں کرنا چاہیئے تو جناب تاریخ تو مرے ہوؤں کے اعمال و کردار ہی کے ذکر سے بھری ہوئی ہے۔ اگر ہم نے مرے ہوؤں کے ذکر سے زبان بند کرلی۔ تو تاریخ نویسی کیسے ہوگی۔ کاش آج حمید نظامی ہوتے تو آپ کو بتاتے کہ داؤد غزنوی کا رول کیا تھا ؎

کسی تبکدے میں کروں بیاں تو کہے صنم بھی ہری ہری

دیانت و امانت اور کریکٹر کے اعتبار سے داؤد غزنوی تو خضر حیات ٹوانہ کے جوتے سیدھے کرنے کے اہل نہ تھے۔ (روزنامہ نوائے وقت مورخہ ۳۰ دسمبر ۱۹۶۳ء)

داؤد غزنوی ہندو قوم سے مایوس نہیں

وہابی مولوی عنایت اللہ اثری وزیر آبادی حال مقیم گجرات اپنی جماعت کے معتدر شخصیت داؤد غزنوی کی ہندو نوازی کے بارے میں رقمطراز ہیں کہ :

" مولوی داؤد صاحب اپنی قوم (وہابیہ) سے سخت مایوس ہیں لیکن ہندو قوم کانگریس سے مایوس نہیں۔ صبح و شام ان کے کام کرتے رہتے ہیں۔ اور ان کے دفتروں میں بیٹھے رہتے ہیں۔ اور اپنی جماعت

marfat.com

کا کوئی کام نہیں اور درس تک بھی نہیں۔ حالانکہ بورڈ لگا رکھا ہے کہ یہاں روزانہ درس ہوتا ہے۔ جو کہ خلافِ واقعہ ہے۔ (البحر البلیغ ص۱۲۵ ج ۱)

مولوی اسماعیل کانگریسی!

ناظرین! وہابیہ کی مرکزی جمعیت کے امیر کے بعد ان کی مرکزی جمعیت کے ناظمِ اعلےٰ جو کہ بعد میں مرکزی جمعیت کے امیر بھی تھے جن کا نام اسماعیل سلفی تھا۔ ان کا ذلت آمیز کارنامہ ہندوؤں اور سکھوں کو خوش کرنے کے لیے جو سرانجام دیا۔ قیامت تک کے وہابی اپنے چہرے سے اس بدنما داغ کو مٹا نہیں سکیں گے۔ ملاحظہ فرمائیں!

اسماعیل کانگریسی آف گوجرانوالہ کا مردہ سبھاش چندر کی صدارت میں تقریر کرنا

غیر مقلدین وہابیہ کی انجمن مفاد المسلمین سیالکوٹ کے صدر نے اپنے شائع شدہ پمفلٹ 'حافظ محمد شریف صاحب کی قلابازیاں' میں مولوی اسماعیل صاحب گوجرانوالہ کو کٹر کانگریسی لکھ کر ان کے ایک شرمناک کارنامے کا تذکرہ کرتے ہوئے ان کا تعارف ان الفاظ میں کرایا ہے:

'مولوی محمد اسماعیل صاحب وہ کانگریسی ہیں جو مردہ سبھاش چندر بوس کے فولوٹ کی صدارت میں تقریر کر چکے ہیں۔ ایسے موحد ہیں جو بت کی صدارت میں تقریر کریں۔ (حافظ محمد شریف صاحب کی قلابازیاں ص۶)

کانگریس اور انگریزوں کی حکومت

کانگریس دراصل انگریزوں کی حکومت کو مضبوط کرنے کا ایک پلیٹ فارم تھا۔

marfat.com

کانگریس کے نمائندے انگریزی حکومت کے پُرزے تھے۔ یہ کسی اہلسنت وجماعت کے ذی علم بزرگ کا فیصلہ نہیں بلکہ وہابی معتمر اور مقتدر شخصیت کا فیصلہ ہے۔ اور وہ شخصیت شہر سیالکوٹ کے مولوی ابراہیم صاحب میر ہے۔ چنانچہ میر صاحب لکھتے ہیں:

'جو جماعت (کانگریس) اس وقت یہ دعوے کرے کہ ہم انگریزوں کو ہندوستان سے نکالنا چاہتے ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ اس کی شب و روز کی تگ و دو اسمبلیوں کے مقابلہ میں اپنے آدمی بھرتی کرنے میں صرف کرتی ہو۔ جہاں پر انگریزی قانون کو جاری کیا جائے گا۔ وہ جماعت پبلک کو دھوکا دیتا ہے۔ اور لوگوں کی عقل کی آنکھ میں خاک ڈالنا چاہتی ہے۔ معمولی سوجھ کا مقام ہے کہ یہ لوگ حکومتِ انگریزی کی مشین کے پُرزے بنیں گے یا اُس مشین کے توڑنے والے ہیمر (ہتھوڑے)؟

جب یہ امر واضح ہوگیا کہ یہ لوگ حکومتِ انگریزی کی مشین کے پُرزے بنیں گے تو اب اُن کا یہ دعویٰ کہ ہم انگریزوں کو ہندوستان سے نکالنا چاہتے ہیں صریحاً دھوکا ہے۔ جس سے وہ عوام میں جوش پھیلا کر اپنے شکم پرور مطالب پورے کرنا چاہتے ہیں۔' (پیغامِ ہدایت ص ۲۹)

مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی اپنے فرقہ کے کانگریسی مولوی ابوالقاسم بنارسی کی ایک عبارت پر تبصرہ کرتے ہوئے کانگریس کا اصل مقصد بیان کرتے ہیں کہ:

'اس عبارت سے صاف طور پر معلوم ہوگیا کہ ملک کو انگریزوں کی غلامی سے آزاد کرنا مقصود نہیں ہے بلکہ اپنی قوم کے بہترین دماغوں کو انگریزی سیاست کے ماتحت غلامی کی زنجیروں میں جکڑنا ہے۔'

(پیغامِ ہدایت ص ۷۷-۷۸)

marfat.com

مولوی ابوالقاسم بنارسی کانگریسی

یہ بھی وہابیہ نجدیہ کی ممتاز شخصیتوں میں سے ہیں۔ امام الوہابیہ مولوی ثناءاللہ صاحب امرتسری ان کے بہت مداح ہیں۔ یہ بھی کانگریس کی ترویج و تشہیر اور اس کے مقاصد کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے پیش پیش تھے۔ ہندوؤں، سکھوں اور کانگریسی اخباروں نے ان کے بیانات کو بہت عمدہ انداز میں شائع کیا۔ بنارسی صاحب نے پاکستان کے بنانے کی جس شد و مد سے مخالفت کی ہے وہ بنارسی کے ہمعصر اور ہم مسلک مولوی ابراہیم میر صاحب سیالکوٹی کے بیان سے پیش کر دینا وہابیوں کے منہ پر ایک زبردست طمانچہ ہے جو کہ یہ ہے:

پاکستان کا نعرہ ڈھونگ ہے

مولوی ابوالقاسم صاحب نے کہا کہ پاکستان کا نعرہ محض ایک ڈھونگ ہے۔ نیز یہ کہا کہ یہ وہ لفظ ہے جو اب تک شرمندۂ معنے نہیں ہوا۔ پھر یہ کہا کہ پاکستان پیش کرنے والوں نے اب تک پاکستان کی صحیح تعریف نہیں کی۔ پھر یہ کہا کہ ہندوستان میں پاکستان کا تحقق ممکن نہیں۔' (پیغامِ ہدایت ص۸)

مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی لکھتے ہیں:

'مولوی ابوالقاسم صاحب کی یہ عبارت ہندوؤں، سکھوں اور کانگریسی اخباروں کی صدائے بازگشت ہے۔ جو کچھ وہ لکھتے ہیں۔ انہوں نے بھی کہہ دیا۔' (پیغامِ ہدایت ص۹)

بنارسی گاندھی اور نہرو کی آواز کے لاؤڈ سپیکر ہیں

مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی اپنے فرقہ کے مولوی ابوالقاسم بنارسی کو گاندھی اور نہرو کی آواز کا لاؤڈ سپیکر قرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

marfat.com

'یہ آواز گاندھی جی اور پنڈت نہرو صاحب کی ہے۔ مولوی ابوالقاسم صاحب ان کی آواز کے لاؤڈ سپیکر ہیں۔ اپنی طرف سے نہیں کہتے۔ مسٹر گاندھی جی پکارتے ہیں کہ پاکستان کی تعریف معلوم نہیں۔ پنڈت نہرو صاحب بھی واویلا مچاتے ہیں۔ کہ تعریف معلوم نہیں۔ آریہ اور کانگریسی اخبار لاہور وغیرہ مقامات کے بھی یہی شور اُٹھاتے ہیں کہ ابھی تک اس کی تعریف پیش نہیں ہو سکی۔ سکھ الگ چلا رہے ہیں کہ ہم پاکستان نہیں بننے دیں گے۔' (پیغام ہدایت ص۸۲)

مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی نے بنارسی صاحب کے متعلق بھی واضح الفاظ میں لکھا ہے کہ:

'مولوی ابوالقاسم صاحب گئو رکھشا والے پرانے کانگریسی ہیں۔'
(پیغام ہدایت ص۷۳)

کانگریس میں وہابی مولویوں کا بڑھ چڑھ کر حصہ لینا وہابیہ کی تحریروں سے واضح ہے۔ اب ان کانگریسی مولویوں پر وہابیوں کی شہرہ آفاق شخصیت مولوی ابراہیم صاحب میر ہی کا فتوے ملاحظہ فرمائیں۔

مولوی ابراہیم میر کا فتوے

مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی نے اپنے رسالہ 'پیغام ہدایت' میں نمایاں حروف میں یہ فتویٰ صادر فرمایا ہے کہ:

'کانگریسی علماء دس کروڑ مسلمانوں کی تباہی کا بوجھ اُٹھا رہے ہیں۔'
(پیغام ہدایت ص۷۱)

وہابیوں کو مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی کی نصیحت

فخر الوہابیہ مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی اپنے فرقہ کے لوگوں کو اپنے

marfat.com

مولویوں کے دھوکہ سے باخبر رہنے کی تلقین کرتے ہوئے اپنے کانگریسی مولویوں سے بھی آگاہ کرتے ہیں کہ :

'اہلحدیث جماعت اپنے ناقص العلم۔غیر محتاط۔نام نہاد علماء کی تحریروں اور تقریروں سے دھوکہ نہ کھائے، کیونکہ ان میں بعض تو پُرلے خارجی اور بے علم محض ہیں۔ اور بعض کانگریسی ہیں۔' (احیاء المیت ص۳۷)

پیر مہر علی شاہ علیہ الرحمۃ کا فتوے

عارفِ کامل اعلحضرت پیر سید مہر علی شاہ صاحب علیہ الرحمۃ آف گولڑہ شریف سے کسی نے کانگریس میں شامل ہونے کے متعلق فتوے پوچھا۔ اُس کا جواب جو آپ نے تحریر فرمایا وہ فتاویٰ مہریہ میں درج ہے۔ ناظرین کے لیے وہ سوال اور جواب دونوں درجِ ذیل ہیں۔

سوال :۔ کیا مسلمان کو کانگریس میں شامل ہونا چاہیئے یا نہ ؟

جواب : مکرمی شاہ صاحب۔ وفق اللہ تعالیٰ الجانبین لما یحب ویرضیٰ تسلیم۔ استدعاء دُعاء۔ میری رائے میں یہ شمولیت اسلام کے برخلاف اور ناجائز ہے۔' العبد دُعاگوئی و دعاجوئی از گولڑہ بقلم خود۔

ناظرینِ کرام ! کانگریس کی بنیاد مسلمانوں کی بہتری اور خیر خواہی پر نہ تھی۔ بلکہ اُس کا مقصد انگریز کو مضبوط کرنا تھا۔ جیسا کہ چوہدری حبیب احمد صاحب نے اپنی کتاب 'تحریکِ پاکستان اور نیشنلسٹ علماء' میں مسٹر ستیہ پال کی کتاب کے حوالہ سے شرح و بسط کے ساتھ لکھا ہے۔ اُس کے چند اقتباسات پیشِ خدمت ہیں :

کانگریس کے قیام کا مقصد کیا تھا

مسٹر ستیہ پال جو کہ کانگریس کے ساٹھ سال کے مؤلف کے الفاظ سُنیئے :۔

'مسٹر ہیوم نے کانگریس کی بنیاد رکھی۔ ہندوستان کی بہتری کے لیے نہیں بلکہ برٹش راج کی بنیادوں کو مضبوط کرنے کے لیے مسٹر ہیوم کا کوئی کتنا

marfat.com

ہی شکریہ کیوں نہ ادا کرے۔ کہ انہوں نے ایک ایسی تنظیم کی بنا ڈالی۔ جو اپنی کوششوں سے شاہ بلوط کے درخت کی طرح پروان چڑھی۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہر ہندوستانی اس بات کو ملحوظ رکھے۔ کہ اس کی پشت پر بیرونی حکومت کے جوئے سے آزاد کرانے کا مقصد نہ تھا۔ بلکہ یہ کہ برٹش حکومت کی جڑیں ہندوستان میں اور مضبوط و مستحکم ہوں۔ تاجِ برطانیہ سے وفاداری کانگریس کا مذہبی فریضہ تھا۔ تعلیم یافتہ برٹش طرزِ حکومت کا دلدادہ تھا۔'

(کانگریس کے ساٹھ سال ص ۱۱۱)

کانگریس کا دوسرا اجلاس

۱۸۸۶ء میں کلکتہ میں دادا بھائی نوروجی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ جس میں انہوں نے اپنے خطبۂ صدارت میں فرمایا کیا یہ ممکن ہے کہ اس قسم کا اجتماع جس کا ہر فرد برٹش حکومت کی نعمتوں سے واقف ہے۔ کسی ایسے مقصد کے لیے منعقد ہو سکتا ہے۔ جو حکومت کے خلاف ہو؟ اس حکومت کے جس نے ہم کو یہ سب کچھ عطا کیا ہے۔ ہم کو صاف طور سے اعلان کر دینا چاہیئے۔ کہ ہم سر سے پیر تک وفادار ہیں۔'

(کانگریس کے ساٹھ سال مؤلفہ ستیہ پال ص ۱۲۷۔ بحوالہ تحریکِ پاکستان اور نیشنلسٹ علماء مصنفہ چودھری حبیب احمد ص ۲۵۹، ۲۶۰)

کانگریس کے انگریز صدر

کانگریس کا بانی ہی انگریز نہ تھا۔ بلکہ اس کے متعدد اجلاسوں کی صدارت انگریز کرتے تھے۔ ۱۸۸۸ء میں الہ آباد کے اجلاس کی صدارت مسٹر جارج ویول نے کی۔ سر ولیم ویڈ برن انڈین سول سروس کے آدمی تھے۔ ۱۸۸۷ء میں انہوں نے پنشن لی۔ اور ۱۸۸۹ء میں انہوں نے بمبئی کے اجلاس کی صدارت کی جس میں برٹش پارلیمنٹ کے ممبر اور انگلستان کے مشہور خطیب چارلس بریڈ نے شرکت کی پھر ۱۸۹۴ء میں پارلیمنٹ کے ایک دوسرے ممبر ویبا نے کانگریس کے اجلاس کی صدارت کی مسلم لیگ کے قیام سے صرف دو سال قبل یعنی ۱۹۰۴ء میں بمبئی کے اجلاس کی صدارت سر ہنری کاٹن

marfat.com

نے کی۔ جو انڈین سول سروس کا آدمی اور آسام کا چیف کمشنر رہ چکا ہے۔'

(تحریکِ پاکستان اور نیشنلسٹ علماء ص ۲۶۱، ۲۶۲ از چوہدری حبیب احمد)

برطانیہ کی کانگریس نوازی

مسلم لیگ کے قیام کے وقت انگریز اور کانگریسی لیڈروں میں اس قدر باہمی موانست تھی۔ کہ جو ہندوستانی کانگریس کے اجلاس کی صدارت کرتا یا اُس کے اندر کوئی اہمیت حاصل کرتا وہ فوراً یا تو ہائی کورٹ کا جج بنا دیا جاتا یا وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل کا ممبر نامزد ہو جاتا۔ چنانچہ سر ایس برہمانیہ ایر دی کرشنا سوامی ایار، سر سنکرن میر، مسٹر راما سام کانگریس کے عہدے حاصل کر کے حکومت کی کلیدی آسامیاں حاصل کرتے رہے۔ سر ایم کرشنا میر کانگریس میں نمودار ہوئے۔ اور لا ممبر بنا دیئے گئے۔ اس طرح مسٹر چندا وکار این۔ ایم۔ سمرا تھ اور مسٹر چی۔ این باسو اور سر جمنا لال سیتو کانگریس کے پلیٹ فارم ہی سے عہدوں تک پہنچے مسٹر ایس آر داس نے ۱۹۰۵ء میں کانگریس میں ایک زوردار تقریر کی۔ اور وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل کے رُکن نامزد کر دیئے گئے۔ مسٹر ایس سنہا کو صرف کانگریس کے اہم لیڈر ہونے کی بنا پر بہار کی ایگزیکٹو کونسل کا ممبر بنایا گیا۔ سر فیروز شاہ مہتا کو لارڈ کرزن ۱۹۰۵ء میں سر کا خطاب دیا۔ جو کانگریس کے بہت بڑے لیڈر تھے۔ اور سری نورس سامتری کو محض کانگریس کا لیڈر ہونے کی وجہ سے لیجسلیٹو کونسل کا ممبر نامزد کیا۔

برطانیہ کی کانگریس نوازی کا یہ عالم تھا کہ ۱۹۰۸ء میں جب کانگریس کنونشن کا اجلاس مدراس میں ہوا تو اس وقت کے گورنر سر آرتھر لالی نے اپنے خیمے کانگریس کے اجلاس کے لیے عطا فرمائے۔ ان تمام واقعات کو نہایت تفصیل کے ساتھ مسٹر ستیہ رامیہ پتا بھائی نے اپنی کتاب ہسٹری آف دی کانگریس (History of the Congress) میں درج کیا ہے۔

(تحریکِ پاکستان اور نیشنلسٹ علماء ص ۲۶۱، ۲۶۲، مطبوعہ البیان چوک انارکلی لاہور)

marfat.com

مسلم لیگ اور دیوبندی، مودودی

مُسلم لیگ میں شرکت اکابر دیوبند کے مسلک اور تعلیمات کے خلاف ہے

دیوبندیوں کے اکابر نے بھی مسلم لیگ کی مخالفت کی۔ چنانچہ اشرف علی تھانوی کے متعلق مولوی عبدالاحد سورتی دیوبندی نے لکھا ہے کہ:

'محمد ظفر احمد تھانوی اور مولوی شبیر علی تھانوی کا مسلم لیگ میں شرکت کرنا ہمارے اکابر (دیوبندی اکابر) خصوصاً حضرت تھانوی کے مسلک اور تعلیمات کے برخلاف ہے۔ اس کے ثبوت کے لیے حضرت (تھانوی) کے مشہور خلفاء مولانا سید سلیمان صاحب مولانا خیر محمد صاحب، مولانا محمد عبدالجبار صاحب مولانا محمد طیب صاحب مولانا محمد کفایت اللہ صاحب صدر مدرس مدرسہ سعیدیہ وغیرہم کی (مسلم لیگ میں) عدم شمولیت اس کی روشن دلیل ہے۔'

(اشرف الافادات ص۱۷)

مسلم لیگ کی مخالفت کرنا

دیوبندیوں کے مولوی اشرف علی تھانوی نے کہا ہے کہ موجودہ لیگ خالص اسلامی جماعت اور مذہبی و شرعی تنظیم سوادِ اعظم تسلیم نہیں کی جاسکتی۔'

(اشرف الافادات ص۸)

مسلم لیگ بددین جماعت ہے

دیوبندیوں کے مولوی عبدالجبار نے مسلم لیگ کے متعلق مولوی اشرف علی تھانوی

marfat.com

دیوبندی کے نظریہ کو ان الفاظ میں پیش کیا ہے۔ کہ:

'یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ حضرت حکیم الامت (اشرف علی)
مسلم لیگ جیسی بد دین جماعت کی حمایت کریں۔'

(اشرف الافادات ص۱۵ مطبوعہ دہلی)

لیگ کی تائید اور شرکت کسی طرح گوارا نہیں

'فی الواقع حضرت مولانا.... ....موجودہ لیگ کی شرکت اور تائید کسی طرح گوارا نہیں کر سکتے۔' (اشرف الافادات ص۱۹)

علماء تھانہ بھون نے مسلم لیگ کی مذمت کی

جب دعوت الحق بمبئی کی جانب سے شرکتِ لیگ اور اس کی حمایت کی استدعاء اور درخواست کی گئی تو علماء تھانہ بھون (دیوبندی) نے بالاتفاق لیگ کی مذمت فرمائی۔ (اشرف الافادات ص۲)

مسلم لیگ کو ووٹ دینے والے سُور ہیں

دیوبندیوں کے مولوی عطاء اللہ بخاری نے کہا کہ جو لوگ مسلم لیگ کو ووٹ دیں گے وہ سُور ہیں اور سُور کھانے والے ہیں۔'

(چمنستان ص۱۶۵ مصنفہ مولوی ظفر علی خاں)

احرار اور مسلم لیگ کی مخالفت

(احرار) اور مسلم لیگ کے درمیان کامل مغائرت تھی۔ اور مسلم لیگ کے پاکستان کو انہوں نے کبھی قبول نہ کیا تھا۔ جس زمانے میں مسلم لیگ قائداعظمؒ کے زیر قیادت پاکستان کے لیے جدوجہد کر رہی تھی۔ احرار برابر مسلم لیگ کی ممتاز شخصیتوں کو مغلظات سُنا رہے تھے۔ اور ان پر غیر اسلامی زندگی بسر کرنے کے الزام عائد کر رہے تھے۔ ان کے نزدیک لیگ اسلام کی طرف سے محض بے پرواہی نہ تھی بلکہ دشمنِ اسلام تھی۔ ان کے نزدیک "قائداعظمؒ" "کافرِ اعظم" تھے۔

(رپورٹ تحقیقاتی عدالت ص۲۷۳)

marfat.com

مودودی صاحب سے مسلم لیگ اور قیامِ پاکستان کی مخالفت

مودودی صاحب بھی پاکستان کے قیام کے مخالف تھے۔ انہوں نے پاکستان بنانے کا مطالبہ کرنے والی واحد نمائندہ جماعت مسلم لیگ کی حمایت میں ایک لفظ بھی نہیں کہا بلکہ کھُلے بندوں مخالفت کی ہے۔ جیسا کہ ان کی تحریریں شاہد ہیں:

مودودی نے مسلم لیگ کی حمایت میں ایک لفظ بھی نہیں کہا

مودودی صاحب نے خود بھی اپنی تحریروں میں اس کا اقرار کیا ہے چنانچہ ترجمان القرآن میں لکھا ہے کہ:

"مسلم لیگ کی حمایت میں اگر کبھی کوئی لفظ میں نے لکھا ہو تو اس کا حوالہ دیا جائے۔"

ایک دوسرے شمارہ میں مولوی صاحب رقمطراز ہیں کہ:

"ہم اس بات کا کھلے بندوں اعتراف کرتے ہیں کہ ہم تقسیم ملک کی جنگ سے غیر متعلق رہے۔" (ترجمان القرآن نومبر ۱۹۶۳ء)

مودودی صاحب نے اپنی کتاب سیاسی کشمکش حصہ سوم میں لکھا ہے کہ:

"افسوس کہ لیگ کے قائداعظم سے لے کر چھوٹے مقتدیوں تک ایک بھی ایسا نہیں جو اسلامی ذہنیت اور اسلامی طرزِ فکر رکھتا ہو اور معاملات کو اسلامی نقطۂ نظر سے دیکھتا ہو۔ یہ لوگ مسلمان کے معنے و مفہوم اور اُس کی مخصوص حیثیت کو بالکل نہیں جانتے۔" (سیاسی کشمکش صـ ۳۷ ج ۳)

مودودی صاحب مزید لکھتے ہیں کہ:

"مسلمان ہونے کی حیثیت سے میرے لیے اس مسئلہ میں کوئی دلچسپی نہیں ہندوستان میں جہاں مسلمان کثیر التعداد میں ہیں وہاں ان کی حکومت قائم ہو۔" (سیاسی کشمکش صـ ۹۳ ج ۳)

قیامِ پاکستان کا مطالبہ وقت ضائع کرنیکی حماقت ہے: مودودی صاحب

marfat.com

مزید گُل افشانی کرتے ہیں کہ :

"اس نام نہاد مسلم حکومت کے انتظار میں اپنا وقت ضائع کرنے یا اس کے قیام میں اپنی قوت ضائع کرنے کی حماقت آخر ہم کیوں کریں"۔

(سیاسی کشمکش ص۱۷۰ ج ۳)

مودودی کا تحریکِ پاکستان کی مخالفت کرنا

زیڈ۔ اے سلہری نے لکھا ہے کہ :

"اس امر کو بھی نظر انداز نہ کرنا چاہیئے کہ عوام میں عام تاثر یہ تھا کہ علمائے کرام نے تحریکِ پاکستان کی مخالفت کی ہے۔ جمعیت العلماءِ ہند[1] نے تو ضرور زور شور سے مخالفت کی تھی۔ اس لیے عوام کی نظروں میں علماءِ کا وقار مجروح ہوا تھا۔ اور اس مسندِ عزت پر فائز نہ رہے تھے جو اِن کے لیے مخصوص تھی۔ پھر خود جماعتِ اسلامی کا کردار جو نظامِ اِسلام کی سب سے بڑی نقیب تھی۔ محلِ نظر تھا۔ جمعیت کے متعلق تو یہ کہا جاتا تھا۔ کہ وہ سرے سے دو قومی نظریے کی ہی مخالف ہے۔ اور اس لیے تحریکِ پاکستان کی مخالفت اس کے طرزِ فکر کا لاحقہ تھا لیکن مولانا مودودی تو دو قومی نظریے کے مبلغ رہے تھے۔ ان کی طرف سے تحریکِ پاکستان کی مخالفت کی کیا تک تھی۔ چونکہ پاکستان کا ظہور تازہ تازہ تھا۔ اور ابھی ماضی پوری طرح فراموش نہ ہوا تھا۔ جب جماعتِ اسلامی نے ملک بنتے ہی نظامِ اسلام کا نعرہ لگایا تو اسے خالص سیاسی حربے کی نوعیت دی گئی اور خلوص سے عاری سمجھا گیا ورنہ کہا گیا اگر جماعت کو نظامِ اسلام کے قیام کا اتنا خیال تھا تو اس نے تحریکِ پاکستان میں کیوں نہ حصہ لیا"۔ (نوائے وقت ص۳ ۲۷ مئی ۱۹۷۶ء)

---

[1] دیوبندیوں کے نورالحق قریشی نے مفتی محمود صاحب کو ۱۹۴۲ء میں جمعیت علماءِ ہند کا کونسلر لکھا ہے (فقیر قادری)

marfat.com

زیڈ۔اے سلہری ہی لکھتے ہیں کہ :

"اپنی جگہ مجھے ہمیشہ اس بات کا قلق رہا ہے کہ مولانا مودودی نے تحریکِ پاکستان میں شرکت نہیں کی۔" (نوائے وقت ۲۷ مئی ۱۹۷۶ء)

بانیانِ پاکستان کی نیت پر حملہ

زیڈ۔اے سلہری نے مودودی صاحب کے متعلق یہ بھی لکھا ہے کہ :

"محترمی مولانا مودودی نے بانیانِ پاکستان کے بارے میں شکایت کی ہے۔ لیکن مولانا نے شکایت سے تجاوز کر کے بانیانِ پاکستان کی نیت پر بھی حملہ کیا ہے کہ ان کا مقصد ہی نہ تھا کہ نظامِ اسلام قائم ہو۔ اور اس طرح انہوں نے قوم کو دھوکہ دیا۔ ہفت روزہ طاہر کی رپورٹ میں انگریزی لفظ فراڈ (FRAUD) درج ہوا۔ اس بیان سے پوری تحریکِ پاکستان کی یاد تازہ ہو جاتی ہے، اور اس کے مویدین اور مخالفین کا کردار کھل کر سامنے آ جاتا ہے۔" (نوائے وقت ۱۹۷۶ء)

قارئین حضرات! مندرجہ بالا حوالہ جات کی روشنی میں آپ نے نام نہاد مفکرِ اسلام اور مسلمانوں کے خیر خواہ کا پاکستان کے متعلق کردار ملاحظہ فرمایا۔ آج سب سے زیادہ پاکستان کے محب بنے بیٹھے ہیں۔ اور جماعتِ اسلامی اس حقیقت (کہ مودودی صاحب نے تحریکِ پاکستان کی مخالفت کی تھی) کا صریحاً انکار کرتے ہیں ؎

صادق ہوں اپنے قول میں غالب خدا گواہ!
کہتا ہوں سچ کہ جھوٹ کی عادت نہیں مجھے

"قائدِ اعظم کافرِ اعظم ہے!"

احرار کے ہر لیڈر نے اپنی ہر اہم تقریر میں مسلم لیگ پر تنقید کی۔ اس کے لیڈروں پر نکتہ چینی کی۔ یہاں تک کہ قائدِ اعظم کو بھی نہ چھوڑا۔ انہیں کافر کہنا شروع کر دیا۔ یہ شعر

marfat.com

مولانا مظہر علی اظہر سے منسوب ہے۔ جو تنظیم احرار میں ایک ممتاز شخصیت ہیں۔

ایک کافرہ کے واسطے اسلام کو چھوڑا
یہ قائداعظم ہے کہ ہے کافر اعظم

رئیس احمد جعفری نے بھی "حیات محمد علی" نامی کتاب میں دیوبندی احراری مولویوں کا قائداعظم محمد علی جناح کو کافر اعظم کہنا درج کیا ہے۔ رپورٹ تحقیقاتی عدالت میں دیوبندیوں کی جماعت احرار کے متعلق لکھا ہے۔ کہ:

"ان کے نزدیک لیگ اسلام کی طرف سے محض بے پرواہی نہ تھی بلکہ دشمنِ اسلام تھی۔ ان کے نزدیک قائداعظم کافر اعظم تھے۔"

(رپورٹ تحقیقاتی عدالت ص ۲۷۳)

قارئین کرام! دیوبندی اور غیر مقلد وہابیوں نے قیامِ پاکستان اور نظریۂ پاکستان کی سرتوڑ مخالفت کی۔ اور استہزا اڑایا۔ اسٹیجوں پر نظریۂ پاکستان کو طنزیں کیں۔ اور پاکستان کے متعلق نہایت ہی رذیل قسم کے الفاظ استعمال کیے۔ جو کہ کتابوں میں موجود ہیں۔ چند ایک حوالہ جات پیشِ خدمت ہیں۔

احرار پاکستان کے مخالف تھے

دیوبندی مولوی محمد علی جالندھری نے ۱۵ فروری ۱۹۵۳ء کو لاہور میں تقریر کرتے ہوئے اس حقیقت کا اعتراف کیا تھا۔ کہ:

"احرار پاکستان کے مخالف تھے۔" (رپورٹ تحقیقاتی عدالت ص ۲۷۴)

پاکستان کی پ[1] بھی کوئی نہیں بنا سکتا

مولوی عطاء اللہ بخاری دیوبندی نے پسرور ضلع سیالکوٹ میں

---

[1] دیوبندیوں کے لیڈر عطاء اللہ بخاری تو خود علمِ غیب کا دعوے کرتے ہوئے یہ کہیں کہ اب تک کسی ماں نے ایسا بچہ نہیں جنا جو پاکستان کی پ بنا سکے مگر امام الانبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق یہ عقیدہ ہے کہ ان کو کل کی اور دیوار کی پیچھے کی خبر نہیں۔ ع

ارے تجھ کو کھاتے تپ سقر ترے دل میں کس سے بخار ہے۔ (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

تقریر کرتے ہوئے کہا کہ :

"اب تک کسی ماں نے ایسا بچہ نہیں جنا جو پاکستان کی "پ" بھی بنا سکے"

(رپورٹ تحقیقاتی عدالت ص ۲۷۴)

پاکستان ایک بازاری عورت ہے

دیوبندی مولوی عطاء اللہ بخاری نے لاہور میں اپنی ایک تقریر میں کہا کہ :

"پاکستان ایک بازاری عورت ہے جس کو احرار نے مجبوراً قبول کیا ہے۔"

(رپورٹ تحقیقاتی عدالت ص ۲۷۵)

احراریوں کے صدر نے یہ تسلیم کیا ہے کہ :

"احرار کا نظریہ بھی وہی تھا جو کانگریس کا نظریہ تھا۔"

(رپورٹ تحقیقاتی عدالت ص ۲۷۹)

پاکستان پلیدستان[1] ہے

دیوبندی مولوی محمد علی جالندھری نے ہی، تقسیم سے پہلے اور تقسیم کے بعد بھی پاکستان کے لیے "پلیدستان" کا لفظ استعمال کیا۔ (رپورٹ تحقیقاتی عدالت ص ۲۷۵)

پاکستان نہیں بلکہ خاکستان

احراری لیڈری عطاء اللہ بخاری نے ۲۷ دسمبر ۱۹۴۵ء میں علی پور کی احرار کانفرنس میں اپنی تقریر میں ڈنکے کی چوٹ یہ اعلان کیا ہے کہ :

---

[1] دیوبندی تو پاکستان کو پلیدستان اور خاکستان کے لفظوں سے یاد کریں مگر اہلسنت وجماعت کے مقرر شہیر عمی الفاضل علامہ ابو النور محمد بشیر صاحب کوٹلوی مدفیوضہ نے متحدہ ہندوستان کے وقت بمبئی، دہلی اور کلکتہ جیسے شہروں کے عظیم اجتماعات میں شعر پڑھا۔

ع پاک اللہ پاک احمد پاک جسم و جان ہو !
کیوں نہ رہنے کے لیے بھی ملک پاکستان ہو

(فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

"مسلم لیگ کے لیڈر" بے عملوں کی ٹولی" ہیں جنہیں اپنی عاقبت بھی یاد نہیں۔ اور جو دوسروں کی عاقبت بھی خراب کر رہے ہیں۔ اور وہ جس مملکت کی تخلیق کرنا چاہتے ہیں وہ پاکستان نہیں بلکہ خاکستان ہے"

(رپورٹ تحقیقاتی عدالت ص۲۷۴)

پاکستان ایک سانپ ہے

"ان لوگوں کو شرم نہیں آتی کہ وہ اب بھی پاکستان کا نام جپتے ہیں۔ سچ ہے پاکستان ایک خونخوار سانپ ہے۔ جو ۱۹۴۰ء سے مسلمانوں کا خون چوس رہا ہے اور مسلم لیگ ہائی کمانڈ ایک سپیرا ہے۔" (تحریک پاکستان اور نیشنلسٹ علماء ص۸۸۴)

نعرۂ پاکستان ایک سٹنٹ ہے

احراری مولوی مظہر علی اظہر نے ۱۹ ستمبر ۱۹۴۵ء کو امرتسر میں ایک بیان دیا کہ:

"مسلم لیگ کا نعرۂ پاکستان محض ایک سٹنٹ ہے۔ اور میں نہ مسٹر جناح کو قائدِ اعظم مانتا ہوں نہ مسلم لیگ کو مسلمانوں کی نمائندہ تسلیم کرتا ہوں"۔

(رپورٹ تحقیقاتی عدالت ص۲۷۴)

غیر مقلدین کے مولوی ابوالقاسم بنارسی نے بھی یہی کہا ہے کہ:

"پاکستان کا نعرہ محض ایک ڈھونگ ہے نیز یہ کہا کہ یہ وہ لفظ ہے جو اب تک شرمندۂ معنے نہیں ہوا۔ پھر یہ کہا کہ پاکستان پیش کرنے والوں نے اب تک پاکستان کی صحیح تعریف نہیں کی۔ پھر یہ کہا کہ ہندوستان میں پاکستان کا تحقق ممکن نہیں"۔ (پیغامِ ہدایت ص۸ مصنفہ مولوی ابراہیم میر)

پاکستان کی تجویز کو ناپسند کرنا

اگرچہ احراری کانگریس سے الگ ہو گئے تھے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ وہ تقسیمِ ملک تک برابر کانگریس سے ساز باز کرتے ہی رہے۔ مجلسِ احرار کی مجلسِ عاملہ کا ایک اجلاس ۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو دہلی میں منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں ایک قرارداد منظور کی گئی۔ جس میں پاکستان کی تجویز کو ناپسندیدہ قرار دیا گیا اور بعد میں بعض احرار

marfat.com

لیڈروں نے اپنی تقریروں میں پاکستان کو پلیدستان بھی کہا۔ ۲۹ر نومبر ۱۹۴۰ء کو مولانا داؤد غزنوی نے اخباروں میں ایک بیان شائع کرایا جس میں احرار کے اس فیصلے کا اعلان کیا کہ وہ اپنے آپ کو کانگریس میں جذب کر دیں گے۔" (رپورٹ تحقیقاتی عدالت ص۱)

مُسلمانوں کیلئے نظریۂ پاکستان سراسر مُضر ہے

دیوبندیوں کے مولوی حفظ الرحمٰن صاحب نے مولوی شبیر احمد صاحب عثمانی کے سامنے کہا کہ:

"پاکستان کی صورت میں جو نقصانات ان کے نزدیک تھے وہ ذرا بسط کے ساتھ بیان کیے اور دکھلایا کہ مسلمانوں کے لیے نظریۂ پاکستان سراسر مُضر ہے۔" (مکالمۃ الصدرین ص۸)

تصورِ پاکستان پر طنز اور توہین

چودھری افضل حق احراری لیڈر نے مسلم لیگ کے تصورِ پاکستان کے خلاف بہت سی طنزیہ اور توہین آمیز باتیں کہیں جو "خطباتِ احرار" کے صفحات ۴۱، ۸۲، ۸۳، ۹۹ پر درج ہیں۔" (رپورٹ تحقیقاتی عدالت ص۲۷۴)

ناظرینِ کرام! مندرجہ بالا حوالہ جات سے غیر مقلد، احراری، دیوبندی اور مودودی حضرات کی انگریز نوازی، پاکستان دشمنی، نظریۂ پاکستان اور مسلم لیگ کی مخالفت بالکل عیاں ہے۔ جن لوگوں نے قیامِ پاکستان اور مسلم لیگ کی سر توڑ مخالفت کی ہو۔ اور مخالفت کے باوجود جب پاکستان معرضِ وجود میں آگیا۔ اب ان حضرات کو پاکستان میں رہتے ہوتے بھی اس کا پھلنا پھولنا۔ ترقی کی منازل طے کرتے دیکھنا۔ کبھی بھی گوارا نہیں کیونکہ اس کا قیام تو ان کی خواہشات کے بالکل اُلٹ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان بن جانے کے بعد بھی ان کے ان سے تعلقات منقطع نہیں ہوتے بلکہ ترقی پذیر ہوتے ہیں۔ وہابیہ نجدیہ کے مُربی سعودی حضرات کا کانگریسیوں

marfat.com

کے لیڈر نہرو کو مدعو کرنا اور اُس کو عجیب و غریب القاب سے یاد کرنا۔ جب سعودی فرمانروا ہندوستان آیا تو اُس کا گاندھی کی سمادھی (قبر) پر پھول چڑھانا اس حقیقت کی روزِ روشن کی طرح واضح دلیل ہے۔ ان سب حقائق کو باحوالہ پیش کیا جاتا ہے

نجدی وہابیوں کی مُسلم کش کانگرسی لیڈروں سے والہانہ عقیدت

نہرو کے شاندار استقبال کی تیاریاں

پنڈت جواہر لال نہرو جب سعودیہ جانا تھا تو اخبارات میں اس کے استقبال کی تیاریوں کے متعلق خبریں اس طرح شائع ہوئیں کہ:

"سعودی عرب میں پنڈت نہرو کی مدارات کا ایسا اِنتظام کیا جا رہا ہے جو الف لیلا کے جاہ و جلال کی یاد تازہ کر دے گا۔ ہر روز طائف کے باغوں سے گلاب کے تازہ پھول طیارہ کے ذریعے ان محلات میں لائے جائیں گے جہاں نہرو قیام کریں گے۔ وزیرِ اعظم (نہرو) اور ان کی پارٹی کے لیے شاہی توشہ خانوں میں خاص اِنتظامات کیے جا رہے ہیں۔ ہوائی مستقر سے ریاض میں شاہ سعود کے نہایت پُرشکوہ محل تک نہرو کو جلوس کی صورت میں لے جایا جائے گا۔ جس کی پیشوائی شاہ کا محافظ دستہ اور موٹر سائیکلوں پر سوار فوجی کریں گے۔ تمام شاہراہوں کو بھارتی اور سعودی پرچموں سے مزین کیا جائے گا۔"

(روزنامہ امروز لاہور ۲۱ اگست ۱۹۵۶ء)

نہرو کے لیے دُعائیں

مکہ معظمہ کے ایک روزنامے "البلاد السعودیہ" نے پنڈت جواہر لال نہرو کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے اپنے اداریہ "بھارتی نہرو کو عرب میں خوش آمدید" میں لکھا ہے کہ:

"سعودی عرب ایک رہنما (نہرو) کو خوش آمدید کہنے میں فخر محسوس

marfat.com

کرتا ہے۔ مسٹر نہرو ایک ایسی شخصیت ہیں جو ہمیشہ پُرامن اور دانشمندانہ پالیسی کے قائل رہے ہیں۔ آخر میں اس اخبار نے دُعا کی ہے کہ امن کا یہ داعی (نہرو) ہزاروں برس جیئے۔

شاہ سعود کی "موتمر اسلامی" کے سیکرٹری "کرنل انور سادات" نے بھی سرکاری روزنامے "الجمہوریۃ" میں پنڈت نہرو کو "ایشیائی فرشتہ" بتایا ہے۔ یہ اخبار لکھتا ہے: "اے ایشیا کے فرشتے (نہرو) تم پر سلامتی ہو۔"

آگے چل کر کرنل سادات لکھتے ہیں کہ:

"مسٹر نہرو کی نرم اور ملائم آواز توپوں کی گرج سے کہیں زیادہ بااثر ہے کیونکہ یہ سچائی کی علم بردار ہے۔"

(روزنامہ کوہستان لاہور ۲۵ ستمبر ۱۹۵۶ء)

"سعودی عرب میں نہرو کا مرحبا نہرو رسول السلام اور جے ہند کے نعروں سے استقبال شاہ سعود نہرو کی پنج شیلا پر ایمان لے آئے۔ سعودی عرب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ نہرو کے استقبال کے لیے عرب (نجدی) عورتیں بھی موجود تھیں۔ یہ خواتین، ٹرکوں اور کیڈیلاک کاروں میں بیٹھی ہوئی مسٹر نہرو کو نقابوں سے جھانک جھانک کر دیکھ رہی تھیں۔ ریاض پہنچنے پر شاہ سعود نے نہرو کو گلے سے لگا لیا۔ (روزنامہ جنگ کراچی، ۲۷، ۲۸، ۲۹ ستمبر ۱۹۵۶ء)

نجدیوں کے نعرہ نہرو رسول السلام پر ہندو اخبار کا تبصرہ

بھارت کے ہندو اخبار "تیج" دہلی مورخہ ۲۷ ستمبر ۱۹۵۶ء کے اداریہ میں "خوش آمدید" پیغمبرِ امن" کے عنوان کے تحت دوسری باتوں کے علاوہ حسبِ ذیل فقرے موجود ہیں۔

(۱) پردھان منتری شری جواہر لال نہرو "پیغمبرِ اسلام کی دُنیا میں پہنچے تو ان کا استقبال "پیغمبرِ امن" کے نعروں سے کیا گیا۔

(۲) اگر ہم غلطی نہیں کرتے تو اسلام کے معنی امن کے ہیں۔ سلامتی کے ہیں پیغمبرِ اسلام

marfat.com

کے معنے ابھی امن و سلامتی کے "پیغام بر" کے ہیں۔
(۳) پیغمبرِ اسلام کے ملک کے باسیوں (نجدیوں) نے پنڈت جی کی عزت افزائی کے لیے وہی لفظ منتخب کیا جس پر اسے ناز ہے۔ جس کی وجہ سے دُنیائے اسلام میں عرب دیش کی عزت ہے۔
(۴) (پنڈت جی) کے اس دورہ کا نتیجہ کیا ہوگا۔ یہ تو وقت بتائے گا مگر اس سے کفر اور کافر کے فلسفہ میں تبدیلی ہوگئی تو یہ دورہ کی بہت بڑی فتح ہوگی۔
(نوائے وقت لاہور یکم اکتوبر ۵۶ء کالم ایڈیٹر کے نام خطوط)

احتشام الحق تھانوی سے مذمت

دیوبندیوں کے مولوی احتشام الحق تھانوی نے بھی نجدی وہابیوں کی اس ہندو نوازی کی مذمت کی ہے جو کہ روزنامہ جنگ نے درج کی ہے۔

"کراچی: ۲۷ ستمبر (سٹاف رپورٹر) مولانا احتشام الحق تھانوی نے آج رات ایک بیان میں کہا ہے کہ سرزمینِ حجاز کے دارالخلافہ ریاض میں بھارتی وزیرِ اعظم پنڈت نہرو کے استقبال پر "مرحبا نہرو رسول السلام" سے جو ننگِ اسلام اور اسلام سوز قسم کے نعرے لگائے گئے۔ ان سے نہ صرف یہ کہ مسلمانانِ عالم کے دینی و ملی جذباتِ غیرت کو ناقابلِ برداشت صدمہ پہنچا ہے۔ بلکہ متولی حرمین شریفین کی اس موحدانہ دینداری کا پول بھی کھل گیا جس کا سارے عالم اسلام میں ڈنکا پیٹا جاتا رہا ہے۔ اس سے قطع نظر کہ سرزمینِ توحید اور گہوارۂ اسلام میں ایک صنم پرست بلکہ منکرِ خدا اور اللہ کے باغی کو دعوتِ تکریم دینا اور جوارِ رسول میں بسنے والے موحدین مردوں اور عورتوں سے خیر مقدم و استقبال کرانا یا سبان حرم کے لیے کہاں تک زیب دیتا ہے۔ یا اس احساسِ ذمہ داری کو کہاں تک پورا کرتا ہے۔ جو حرمین شریفین کی تولیت پر مسلمانانِ عالم کی طرف سے عائد ہوتی ہے۔ خود یہ بات بھی اپنی جگہ انتہائی شرمناک

marfat.com

اور غیر اسلامی ہے کہ پنڈت نہرو کے لیے "رسول السلام" جیسے اصطلاحی الفاظ استعمال کیے جائیں۔ سعودی عرب کے سفارت خانہ سے جو وضاحتی بیان دیا گیا ہے کہ نامہ نگار عربی کی ابجد سے بھی واقف نہیں ہے اور رسول سے قاصد کے معنی مراد ہیں۔ نبی کے معنے مراد نہیں۔ میرے نزدیک یہ عذرِ گناہ بدتر از گناہ کا مصداق ہے اور ممکن ہے کہ نامہ نگار عربی کی ابجد سے حقیقت میں واقف نہ ہو لیکن سعودی عرب کے سفارتی ترجمان سے زیادہ واقفِ اسلام ضرور معلوم ہوتا ہے۔ اور الزام کی تردید کرنے والے ترجمان ممکن ہے کہ عربی کی مہارتِ تامہ رکھتے ہوں مگر اسلام اور تعلیماتِ اسلام کی ابجد سے بھی ناآشنا معلوم ہوتے ہیں۔ مرحبا رسول السلام کے نعرہ سے ادنیٰ سے ادنیٰ عقل رکھنے والے کو یہ غلط فہمی نہیں ہوتی ہے کہ پنڈت نہرو کو نبی یا پیغمبر بنا دیا۔ یا اس لفظ سے نبی کے معنیٰ مراد لیے ہیں بلکہ یہ سمجھتے ہوتے بھی کہ رسول سے قاصد کے ہی معنیٰ مراد لیے گئے ہیں۔ یہ اعتراض ہے کہ لفظِ رسول اسلام اور قرآن کریم کی مخصوص اصطلاح ہے۔ جس کی حیثیت شعائر اللہ اور شعائرِ اسلام کی ہے جیسے قرآن، مسجدِ حرام، مسجدِ اقصیٰ وغیرہ قسم کے بیشمار الفاظ اسلامی شعائر ہیں جو اپنے لغوی معنے سے نکل کر اصطلاحی معنی کے لیے خاص ہو گئے۔

اب ان الفاظ کو لغوی معنی میں استعمال کرنے میں حدودِ دین کا پاس رکھنا ضروری ہے۔ قطعاً ناجائز و حرام ہے۔ بلکہ شعائر اللہ کی تھلی ہوئی بے حرمتی اور توہین ہے ؎

چو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی !

کیا کسی مسلمان کو یہ اجازت ہے کہ وہ اپنی تصنیف کا نام "کتاب اللہ" اپنے گھر کا نام "بیت اللہ" اور اپنی مسجد کا نام "مسجدِ حرام" اپنے باغ کو "جنت" اپنے تالاب کا نام "کوثر" اور تنور کا "جحیم" اور اپنے

marfat.com

پوسٹمین کا نام "رسول" رکھ لے۔ حالانکہ لغوی اعتبار سے یہ سب نام صحیح ہیں۔ کیا قرآنِ کریم میں یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا میں الفاظ کا ادب مسلمانوں کو نہیں سکھایا گیا ہے کیا حدیث کے اندر مسلمانوں کو خبثت نفسی کی ممانعت سے یہی ادب الفاظ نہیں بتلایا گیا ہے۔

سعودی عرب کے سفارتی ترجمان کو معلوم ہونا چاہیئے کہ مسلمان کی عربی زبان بھی وہ زبان ہے جس میں اصطلاحاتِ قرآن کی حرمت کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ اگر اللہ کے باغی کے احترام میں آج ناموسِ رسول کو یہ کہہ کر بھینٹ چڑھایا گیا کہ رسول کے معنے قاصد کے ہیں۔ تو آئندہ تمام شعائرِ اسلام کی حُرمت کبھی باقی نہ رہ سکے گی۔ پھر سلامتی و امن کا استعمال بھی کس قدر حیا سوز اور عزت بخش ہے کہ جس کے ملک میں آئے دن خونِ مسلم سے ہولی کھیلی جاتی رہی ہو۔ وہ قاصدِ امن تو کیا ہوتا اس میں امن و سلامتی کا ادنیٰ اشائبہ بھی موجود نہیں ہے۔ خدا کی شان ہے کہ مردم خور درندوں کو قاصدِ امن کے لقب سے یاد کیا جائے۔ ؎

جنوں کا نام خرد رکھ لیا خرد کا جنوں
جو چاہے آپ کا حُسنِ کرشمہ ساز کرے

ہم آخر میں پاسبانِ حرم سے صاف طور پر یہ کہہ دینا چاہتے ہیں کہ حرمین شریفین مسلمانانِ عالم کی امانت ہے اور ان پاسبانوں کی طرف سے ناموسِ رسول کی بے حُرمتی کبھی برداشت نہیں کی جا سکتی۔"

(جنگ کراچی)

مہاتما گاندھی کی سمادھی پر پھول چڑھانا

روزنامہ نوائے وقت نے "فیصل" کا گاندھی کی سمادھی پر پھول چڑھانے

marfat.com

کا بھی ذکر کیا ہے کہ:

"ابنِ سعود نجدی کا لڑکا فیصل جب ۱۹۵۵ء میں ہندوستان پہنچا تو بھارتیوں نے اُس کے استقبال میں بھارت سعودی عرب "زندہ باد" "راجکمار سعودی عرب زندہ باد" کے نعرے لگائے۔ امیر فیصل نے بھارت میں راج گھاٹ پر "مہاتما گاندھی کی سمادھ" پر پھول چڑھانے گئے (نوائے وقت ۱۱ مئی ۱۹۵۵ء)

دیوبندی حضرات کیلئے لمحۂ فکریہ

انہیں سعودی حضرات نے جبکہ بھارت کے دورہ پر آئے اور گاندھی کی قبر پر پھول چڑھائے اسی دورہ میں دیوبندیوں نے مدرسہ دیوبند میں ابنِ سعود کے بڑے بیٹے کو دعوت دی۔ اور ابنِ سعود کے بیٹے نے مدرسہ دیوبند کو مالی امداد دی۔ نامعلوم اس وقت دیوبندیوں کی غیرت کہاں گئی تھی۔ اخبار میں ہے کہ:

"ابنِ سعود کے بڑے بیٹے اور فیصل کے بڑے بھائی جو کہ نجدی حکومت کے فرمانروا بھی تھے ——— شملہ سے آٹھ میل دور آپ نے ہماچل پردیش کے لوگوں کا پیش کیا ہوا لوک ناچ کا ایک پروگرام دیکھا اور جنابِ صدر معزز وزراء خواتین اور راجندر پرشاد کے جواب میں شاہ سعود نے تقریر فرمائی۔ مدرسہ دیوبند کو پچیس ہزار روپیہ دیا۔" (اخبار سیاست کانپور ۳ دسمبر ۱۹۵۵ء بحوالہ تاریخی حقائق)

جارج واشنگٹن کی قبر پر پھول

نجدی وہابیوں نے تو گاندھی کی جگہ واشنگٹن کی قبر پر بھی پھول چڑھائے۔ چنانچہ روزنامہ کوہستان نے لکھا ہے کہ:

"سعودی عرب کے وزیر دفاع امیر فہد بن سعود نے جو شاہ سعود کے ہمراہ امریکہ آئے ہیں۔ کل امریکہ کے پہلے صدر جارج واشنگٹن کی قیام گاہ کی سیر کی۔ بارش کے باوجود انہوں نے مکان کے

marfat.com

پائین باغ کی بھی سیر کی۔ اور جارج واشنگٹن کی قبر[1] پر پھول چڑھائے"
(دکوہستان ۲ر فروری ۱۹۵۷ء)

قارئینِ کرام! آپ نے مستند کتب کے حوالہ جات سے اکابر وہابیہ کی انگریز نوازی اور ہندو سے بھائی چارہ ملاحظہ فرما لیا۔ وہابی انگریزوں کے ٹٹو کیوں نہ ہوں۔ جبکہ ہندوستان میں ان کے فرقہ کی بنا، انہیں کے ایماء پر ڈالی گئی۔ جیسا کہ دیوبندی حضرات کے قاری خلیل احمد لکھنوی نے غیر مقلد وہابیوں سے استفسار کرتے ہوئے واضح الفاظ میں یہ حقیقت بیان کی ہے کہ غیر مقلدین کا وجود ہندوستان میں صرف اور صرف انگریز کی وجہ سے ہے۔ وہ استفسارات یہ ہیں:

"دُنیا کے تختے میں سوائے انگریزی سلطنت کے اور کہیں آپ کا پتہ نہیں چلتا۔ پھر انگریزی سلطنت سے باہر جا کر بندگانِ خدا کو بچانے کی بھی کوشش نہیں کرتے۔ مگر تم جانتے ہو اگر تم کسی اسلامی سلطنت میں گئے تو جو قادیانیوں کا حال کابل میں ہوا یا کسی مرتد کی گت اسلامی سلطنت میں ہونی چاہیئے وہی تمہاری ہوئی۔ اس لیے انگریزی سلطنت سے باہر نہیں جاتے۔ دُنیا کے کسی گوشہ میں اور غدر سے پہلے ہندوستان کے کسی شہر میں تمہارا کوئی مذہبی مدرسہ ہے یا تھا۔ تھا تو بتاؤ؟

غدر سے پہلے اور انگریزی سلطنت سے باہر تمہاری کوئی مسجد ہے تو بتاؤ؟ (صاعقۃ التقلید علی الغوی العنید ص ۲۳-۲۴)

جب ہندوستان میں وہابیت کا بیج بونے والے انگریز ہوں تو پھر وہابی کیسے ان

---

[1] ان نجدیوں کی رسول دُشمنی اس سے اظہر من الشمس ہے۔ کہ گاندھی کی سمادھی اور واشنگٹن کی قبر پر ان نجدیوں نے پھول چڑھائے مگر سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ پاک پر صحابہ کرام اور اہلبیت عظام کی قبور مبارکہ پر پھول چڑھانے ان کے نزدیک بدعت و حرام ہے۔ (فقیر محمد ضیاء القادری غفرلہٗ)

marfat.com

کی نیاز مندی اختیار نہ کریں۔ اور انگریزوں کی حمایت میں فتوے اور کتابیں کیوں نہ شائع کریں۔ نیز انگریز کے خلاف جہاد کرنے کو ناجائز کیوں نہ کہیں۔

جو لوگ امام الانبیاء، محبوبِ خُدا، شافع روزِ جزاء، شبِ اسرا کے دولہا، جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے نیاز مند اور خیر خواہ نہیں۔ وہ ملک و ملت کے کیسے خیر خواہ ہو سکتے ہیں۔ علماءِ سُو نے ہر دور میں علماءِ حق کے طریق کار اور عقائد کی مخالفت کی ہے۔ علماءِ سُو نے اسلاف سے رُوگردانی کر کے نئے نئے فتنے اور عقائد پیدا کر دیئے مسلمانوں کے دِلوں سے عظمتِ محبوبِ خدا اور مقامِ مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو ختم کرنے کے لیے عجیب و غریب قسم کے حربے اختیار کیے۔ جیسا کہ آپ محمد بن عبدالوہاب نجدی اور پاک و ہند میں غیر مقلدین اور دیوبندی وہابیہ کے متفقہ مجدد سید احمد اور اسماعیل دہلوی کے حالات میں نہایت ہی وضاحت کے ساتھ پڑھ چکے ہیں۔ ان فتنوں کے پیچھے کسی نہ کسی کا ہاتھ ضرور ہوتا ہے۔ سید احمد اور اسماعیل دہلوی نے ہندوستان میں اس فتنہ وہابیت کا بیج بویا تو نجدیوں سے یہ بیج حاصل کیا۔ اپنے اسلاف سے اُس کو یہ عقائد کہیں نہ ملے۔ حالانکہ اس کے خاندان سے ہی شاہ ولی اللہ دہلوی اور شاہ عبدالعزیز دہلوی تھے جن کا علمی سِکہ تمام علمی دُنیا میں مسلّم ہے۔ اسماعیل دہلوی نے یہ فیض نجدیوں سے حاصل کیا اور نجدیوں کے اِمام محمد بن عبدالوہاب نجدی کو یہ فیض ابنِ تیمیہ اور ابنِ قیم سے حاصل کیا۔ اور ابنِ تیمیہ نے یہ فیض ابنِ حزم ظاہری سے مِلا۔ اور جس دور میں انہوں نے مسلمانوں میں یہ فتنے برپا کیے تو علماءِ حق نے فوری طور پر ان کے تردید کے لیے کمر بستہ ہو گئے اور مسلمانوں کا تحفظ فرمایا۔ لہٰذا مناسب ہے کہ محمد بن عبدالوہاب نجدی، سید احمد بریلوی اور اسماعیل دہلوی کے بعد ان تینوں کے جو مورثِ اعلےٰ ابنِ تیمیہ اور ابنِ قیم اور ان کے عقائد کا تذکرہ کر دیا جائے تاکہ عامۃ المسلمین باخبر رہیں نیز اُن کی تردید میں علماءِ حق نے جو کچھ تحریر فرمایا ان کا درج کرنا بھی بہت فائدہ مند اور نفع بخش ہو گا۔

marfat.com

اِمام الوہابیّہ ابنِ تیمیہ

ابنِ تیمیہ وہابیوں کے بہت بڑے امام ہیں۔ محمد بن عبدالوہاب نجدی نے اس کی کتابوں سے ہی استفادہ کیا اور انہیں کے عقائدِ باطلہ کو پروان چڑھانے کی کوشش کی۔ چنانچہ دیوبندیوں اور غیر مقلدین وہابیوں کے ممدوح مولوی عبیداللہ سندھی نے اس کی تصدیق ان الفاظ میں کی ہے۔

'شیخ الاسلام ابنِ تیمیہ کے ماننے والوں میں سے سرزمینِ نجد میں محمد بن عبدالوہاب پیدا ہوئے۔ دراصل محمد بن عبدالوہاب نجدی نے کسی ایسے اُستاذ سے علم حاصل نہ کیا تھا۔ جو انہیں صحیح ہدایت کی راہ پر لگاتا اور نفع مند علوم کی طرف اُن کی رہنمائی کرتا اور دین کے معاملات میں ان میں تفقہ کی سمجھ پیدا کرتا۔ طلبِ علم کے سلسلہ میں محمد بن عبدالوہاب نجدی نے صرف اتنا کیا کہ شیخ ابنِ تیمیہ اور ان کے شاگرد کی بعض کتابیں پڑھ لیں اور ان کی تقلید کی۔' (شاہ ولی اللہ اور اُن کی سیاسی تحریک ص۲۳۰)

علامہ محمد عبدالرحمٰن سلہٹی علیہ الرحمۃ نے تحریر فرمایا ہے کہ:

'سلطان محمود خاں ثانی کے زمانہ میں ایک شخص محمد بن عبدالوہاب نامی ظاہر ہوا۔ ابنِ تیمیہ کے مرجانے کے بعد اس نے اس مٹے ہوئے عقائدِ فاسدہ کو ظاہر کیا۔ اور اہلِ سُنّت کے خلاف اُس نے ایک گروہ بنالیا۔' (سیف الابرار علی المسلول الفجار ص۱۱)

ابنِ تیمیہ شیخ الاسلام نہیں بلکہ شیخ البدعۃ والآثام ہے

علامہ محمد عبدالرحمٰن سلہٹی علیہ الرحمۃ نے ہی اپنی شہرۂ آفاق کتاب 'سیف الابرار' میں ابنِ تیمیہ کے متعلق تحریر فرمایا ہے کہ:

marfat.com

ابنِ تیمیہ وہابیوں کا سردار ہے۔ وہ شیخ الاسلام نہیں بلکہ شیخ البدعۃ اور شیخ الآثام (تمام برائیوں کی جڑ) ہے۔ اور یہی وہ سب سے پہلا شخص ہے۔ جس نے تمام عقائدِ فاسدہ کو بیان کیا ہے اور حقیقت میں وہی اس گمراہ فرقہ کا بانی ہے۔

ابْنِ تَيْمِيَّةَ فَهُوَ كَبِيْرُ الْوَهَّابِيِّيْنَ وَمَا هُوَ شَيْخُ الْاِسْلَامِ بَلْ هُوَ شَيْخُ الْبِدْعَةِ وَالْاٰثَامِ وَ هُوَ اَوَّلُ مَنْ تَكَلَّمَ بِجُمْلَةِ عَقَائِدِهِمُ الْفَاسِدَةِ وَفِي الْحَقِيْقَةِ هُوَ الْمُحْدِثُ لِهٰذِهِ الْفِرْقَةِ الضَّالَّةِ۔

(سیف الابرار علی المسلول الفجار ص۱۱ مطبوعہ دہلی و استنبول)

علامہ ابن حجر مکی علیہ الرحمۃ کا فیصلہ

مفتی حجاز، شیخ الاسلام، امام المحدثین علامہ ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ امام الوہابیہ ابنِ تیمیہ کے متعلق تحریر فرمایا ہے کہ:

ابن تیمیة عبد خذله الله و اضله و اعماه اصمه و اذله و بذالك مزّح الآئمّه الدين ببينوا فسادا حواله وكذب اقواله ومَنْ اراد ذالكَ فَعَلَيْهِ بِمُطَالعة كلام الامام المجتهد المتّفق علىٰ اِمامتِهٖ وَجلالته و بلوغه مرتبة الاجتهاد ابى الحسن السبكى وولده التاج و شيخ الامام العزابن جماعة واهل عصرهم وغيرهم مِنَ الشَّافِعِيَّة وَ الْمَالِكِيَّةِ وَالْحَنَفِيَّةِ

ابنِ تیمیہ ایک بندہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے ذلیل کیا۔ گمراہ کیا۔ اندھا۔ بہرہ اور رسوا کیا ہے۔ آئمہ دین نے اُس کی تصریح فرمائی ہے جنہوں نے اس کے فسادِ احوال اور جھوٹے اقوال کو بیان فرمایا ہے۔ جو شخص ان تصریحات کی تصدیق کرنا چاہے وہ امامِ مجتہد جن کی امامت جلالت، رُتبۂ اجتہاد کو پہنچنا مسلم ہے۔ ابوالحسن سبکی اور ان کے فرزندِ ارجمند علامہ تاج الدین سبکی شیخ امام عز بن جماعۃ ان کے ہمعصر حضرات اور ان کے علاوہ علماء شافعیہ، مالکیہ حنفیہ کے

marfat.com

وَلَمْ يقصر اعتراضه عَلَى المتاخرى الصوفيّة بل اعترض عَلٰى مثل عمر بن الخطاب وعَلِيّ بن ابى طالب رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، كَمَا يَاتِىْ وَالْحَاصِل اَن لايقام لِكَلَامِهٖ وزن بل يرىٰ فِى كل وعد وحزن و ايتقد فيه اِنه متبدع ضَال وَ مُضِلّ جاهل غال عامله الله بعد له و ارجا نا من مثل طَرِيْقِهٖ وَعَقِيْدَتِهٖ وَفِعْلِهٖ آمين۔

کلام کا بھی مطالعہ کرے۔ ابنِ تیمیہ نے صرف متاخرین صوفیاء کرام پر ہی اعتراض کرنے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ اُس نے حضرت عمر بن خطاب اور حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالےٰ عنہما جیسے اکابر صحابہ کرام پر بھی اعتراض کیا ہے۔ جیسا کہ آتا ہے۔ خلاصہ یہ کہ اُس کا کلام کچھ وزن نہیں رکھتا۔ بلکہ ویرانہ میں پھینکنے کے قابل ہے۔ اُس کے حق میں یہ اعتقاد رکھنا چاہیئے کہ وہ بدعتی۔ گمراہ گمراہ کُن۔ جاہل۔ غالی ہے اللہ تعالےٰ اُس کے ساتھ اپنے عدل سے معاملہ فرماتے اور ہمیں اس جیسے عقیدے اور طریقے سے بچائے آمین۔ (فتاویٰ حدیثیہ ص۹۹ مطبوعہ مصر)

قارئینِ عظام! یہ کسی معمولی عالم کی تحریر اور فیصلہ نہیں بلکہ ابن حجر مکی علیہ الرحمۃ وہ مسلمہ عالم ہیں جن کے متعلق فرقہ وہابیہ کی ممتاز شخصیت اور مولوی ثناء اللہ امرتسری کے دستِ راست مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی لکھتے ہیں کہ:

"شیخ ابنِ حجر مکی (علیہ الرحمۃ) مکہ شریف میں مفتی حجاز تھے جامع علوم ظاہری و باطنی تھے"۔ (حاشیہ تاریخ اہلحدیث ص۳۹۲)

علامہ عبدالحی لکھنوی کا فیصلہ

غیر مقلدین اور دیوبندی وہابیوں کے ممدوح علامہ عبدالحی لکھنوی ابنِ تیمیہ کے بارے میں اپنا فیصلہ دیتے ہیں کہ:

وَصَفْتُ الشَّوْكَانِىْ فِىْ غَيْرِ مَوْضَعٍ مِنْ رَّسَائِلِىْ بِكَوْنِهٖ كَثِيْرُ الْعِلْمِ

اور میں نے اپنے رسائل میں کئی جگہ شوکانی کی تعریف کی ہے کہ وہ کثیر العلم

marfat.com

قَلِيْلَ الْحِلْمِ وَبِاَنَّ عِلْمَهٗ اَكْبَرُ مِنْ عَقْلِهٖ وَفَهْمِهٖ اَنْقَصُ مِنْ نَظَرِهٖ وَقَدْ بَلَغَ اِلَيَّ اَنَّ بَعْضَ اَفَاضِلِ عَصْرِنَا وَهُوَ الَّذِيْ تَفَرَّدَ بِلَقَبٍ غَيْرِ مُلْتَزِمِ الصِّحَّةِ مِنْ بَيْنِ اَمَاثِلِ دَهْرِنَا اَنْكَرَهٗ عَلَيَّ اَشَدَّ الْاِنْكَارِ وَكَتَبَ فِيْ بَعْضِ تَحْرِيْرَاتِهٖ مَا يُؤْذِنُ بِاَنَّ اَحْمَدَ بْنَ عَبْدِ الْحَلِيْمِ الْمَشْهُوْرَ بِاِبْنِ تَيْمِيَّةَ رَأْسُ الْعُقَلَاءِ الْكِبَارِ مَعَ اَنِّيْ لَسْتُ مُنْفَرِدًا فِيْمَا وَصَفْتُهٗ بِهٖ بَلْ قَدْ نَصَّ عَلَيْهِ جَمْعٌ مِنَ الْاَعْيَانِ وَشَهِدَتْ بِهٖ مُطَالَعَةُ تَصَانِيْفِهٖ اَيْضًا بِحَيْثُ لَا يَحْتَاجُ اِلٰى اَقَامَةِ بُرْهَانٍ وَلْنَذْكُرْ هٰهُنَا عِبَارَاتِ السَّلَفِ الدَّالَّةِ عَلٰى اَنَّ عِلْمَ ابْنِ تَيْمِيَّةَ اَكْبَرُ مِنْ عَقْلِهٖ وَعَلٰى تَشَدُّدِهٖ وَتَجَاوُزِهٖ عَنْ حَدِّهٖ فِيْ تَقْرِيْرِهٖ وَتَحْرِيْرِهٖ۔

ہے۔ کم حوصلہ والا ہے۔ اس کا علم اس کی عقل سے بڑا ہے۔ اور اس کی سمجھ اس کی نظر سے کم ہے۔ مجھے یہ معلوم ہوا ہے کہ ہمارے زمانہ کے بعض افاضل جو کہ اس زمانہ کے بےنظیر عالم ہیں۔ اُنہوں نے قاضی شوکانی کا سخت انکار کیا ہے۔ اور اپنی تحریر میں اُنہوں نے لکھا ہے کہ احمد بن عبدالحلیم المشہور ابنِ تیمیہ جو کہ رأس العقلاء ہے میں اس کی تعریف میں کہنے والا اکیلا ہی نہیں اور ایسی تعریف پر دلیل قائم کرنے کی بھی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ ہم اس کے بارے میں سلف کی کچھ عبارات درج کریں گے جس میں یہ واضح طور پر بتایا گیا ہے کہ ابنِ تیمیہ کا علم اس کی عقل سے بڑا ہے۔ اُس نے اپنی تحریر اور تقریر میں تشدد اور تجاوز سے کام لیا ہے

(غنیث الغمام صفحہ مطبوعہ لکھنو)

علامہ عبدالحی لکھنوی امام الوہابیہ ابنِ تیمیہ کے متعلق مندرجہ بالا عبارت لکھنے کے بعد مزید لکھتے ہیں کہ:

وَآمِنْ بِاَنَّ مَا ذَكَرْتُهٗ فِيْ

اور ابنِ تیمیہ کے بارے میں میں نے

marfat.com

حَقِّ ابْنِ تَیْمِیَۃَ ھُوَ صِدْقٌ وَالْحَقُّ الصُّرَاح۔

جو کچھ ذکر کیا ہے اس پر تو یقین کرے کہ وہ بالکل سچ اور واضح حق ہے۔

(غیث الغمام ص۵۷ مطبوعہ لکھنؤ)

علامہ سید غلام مصطفےٰ شاہ علیہ الرحمۃ کا فیصلہ

دُنیائے علم کی ممتاز شخصیت علامہ سید غلام مصطفیٰ شاہ صاحب علیہ الرحمۃ نے اپنی تصنیفِ لطیف "تحفۃ الناظرین"[1] میں ابنِ تیمیہ کے متعلق تحریر فرمایا ہے کہ؛

"خدا کو مجسم کہتا تھا۔ اور سفرِ زیارت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حرام اور تحقیر و توہین بعض خلفائے راشدہ اور آئمہ مجتہدین طریقہ اس کا تھا۔ اور کتاب صراطِ مستقیم اُس کی اسباب میں موجود ہے۔ آخر علمائے عصر شیخ داؤد سمان و شیخ کمال الدین سبکی نے اس کے عقیدہ باطل کو رد کیا اور اُسے گرفتار کر کے مدرسہ کاملیہ مصر میں لے گئے مجلس منعقد ہوئی۔ قاضی و مفتی تمام جمع ہوئے اور اُس کو قائل کیا۔ اور حکم سلطان تمام بلاد میں جاری ہوا کہ عقیدہ ابنِ تیمیہ خلافِ اجماع ہے۔ جو کوئی اُس کی پیروی کرے گا۔ سزایاب ہوگا۔ پھر تحقیر اولیاء اللہ اور توسل نبی الرحمۃ میں گفتگو ہوئی۔ آخر اس مقدمہ میں قید ہوا۔ کہ اہانت اولیاء و مشائخ و علماء کفر ہے۔ اور توسل نبی الرحمۃ متفق علیہ علمائے اُمت ہے۔ اور منکر اس کا گمراہ ہے۔ چنانچہ زمانہ دولتِ ناصریہ میں ابنِ تیمیہ نے توبہ کی اور رہائی پائی۔ اور جب شام میں آیا تو پھر ایسی باتوں سے قید خانہ دمشقی میں قید ہوا اور حکمِ عام بادشاہی جاری ہوئے کہ جو کوئی عقیدہ ابنِ تیمیہ پر ہوگا اُس کا خون و

---

[1] یہ کتاب ۱۸۶۵ء میں یعنی آج سے ۱۱۲ سال پہلے کی چھپی ہوئی ہے۔ (فقیر قادری محمد ضیاء اللہ غفرلہٗ)

marfat.com

مال حلال ہے۔ اور ابنِ تیمیہ قطع نظر ظاہری ہونے کے خارجی بھی تھا۔ کہ حضرت علی کرم اللہ وجہ اور فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالےٰ عنہا کی جناب میں بے ادبی کرتا تھا۔ (تحفۃ الناظرین ص۶۸)

علامہ ابو حامد بن مرزوق علیہ الرحمۃ کا فیصلہ

علامہ ابو حامد بن مرزوق علیہ الرحمۃ نے اپنی کتاب التوسل بالنبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم وحبلۃ الوہابین میں ابنِ تیمیہ کے عقائد درج کر کے ان کا احسن دلائل سے رد فرمایا ہے۔ علامہ ابنِ مرزوق علیہ الرحمۃ اسی کتاب میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

اِنَّ اِبْنَ تَیْمِیَّۃَ جَازِمٌ بِاَنَّ اللّٰہَ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی فِیْ جِھَۃِ الْعُلُوِّ فَوْقَ الْعَرْشِ حَقِیْقَۃً مُؤَوَّلٌ لِلسَّمَاءِ بِجِھَۃِ الْعُلُوِّ۔

بے شک ابنِ تیمیہ کا پختہ عقیدہ تھا کہ یقیناً اللہ تبارک وتعالیٰ بلندی کے لحاظ سے حقیقی طور پر عرش کے اوپر ہے۔ (التوسل بالنبی ص۱۱۱ مطبوعہ استنبول)

علامہ ابو حامد بن مرزوق علیہ الرحمۃ نے محمد بن عبدالوہاب نجدی کے عقائد کا تذکرہ کرتے ہوئے عقائد میں ابن عبدالوہاب کو ابنِ تیمیہ کا مقلد قرار دیا ہے۔ ان عقائد کا تذکرہ بھی علامہ ابنِ مرزوق علیہ الرحمۃ نے اس طرح کیا ہے:

تَنْحَصِرُ اُمَّھَاتُ عَقَائِدِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْوَھَّابِ وَ مُقَلِّدِیْہِ فِیْ اَرْبَعٍ تَشْبِیْہُ اللّٰہِ سُبْحَانَہٗ وَ تَعَالٰی بِخَلْقِہٖ وَتَوْحِیْدُ الْاُلُوْھِیَّۃِ الرَّبُوْبِیَّۃِ وَعَدَمُ تَوْقِیْرِھِمُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَتَکْفِیْرِ الْمُسْلِمِیْنَ وَ ھُوَ مُقَلِّدٌ فِیْھَا کُلِّھَا اَحْمَدَ بْنَ تَیْمِیَّۃَ۔

ہم محمد بن عبدالوہاب اور ان کے مقلدین کے چار بنیادی عقائد بیان کرتے ہیں۔ اللہ تعالےٰ کی ذات کو مخلوق کے ساتھ تشبیہ دینا۔ ربوبیت اور الوہیت کے لحاظ سے اس کو یکتا ماننا۔ نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی تعظیم و توقیر نہ کرنا۔ اور مسلمانوں کی تکفیر کرنا۔ وہ ابنِ عبدالوہاب ان تمام عقائد میں ابنِ تیمیہ

marfat.com

(التوسّل بالنبی ص۱۲۱ مطبوعہ استنبول) کا مقلد ہے۔

علامہ تقی الدین سبکی علیہ الرحمۃ کا فیصلہ

شیخ الامام الفقیہ المحدث العلامہ تقی الدین سبکی علیہ الرحمۃ اپنی مبارک تصنیف شفاء السقام فی زیارۃ خیر الانام میں لکھتے ہیں کہ:

اَلْبَابُ الثَّامِنُ فِی التَّوَسُّلِ وَالْاِسْتِعَانَةِ وَالتَّشَفُّعِ بِالنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

آٹھواں باب نبیٔ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ پکڑنے۔ ان سے امداد چاہنے اور شفاعت طلب کرنے کے متعلق باب باندھ کر لکھتے ہیں

لَمْ یَنْکِرْ اَحَدٌ ذَالِكَ مِنْ اَھْلِ الْاَدْیَانِ وَلَا سَمِعَ بِہٖ فِیْ زَمَنٍ مِنَ الْاَزْمَانِ حَتّٰی جَآءَ ابْنُ تَیْمِیَةَ فَتَکَلَّمَ فِیْ ذَالِكَ بِکَلَامٍ یَلْبِسُ فِیْہِ عَلَی الضُّعَفَاءِ الْاَعْمَالُ وَابْتَدَعَ مَالَمْ یَسْبِقْ اِلَیْہِ فِیْ سَائِرِ الْاَعْصَارِ۔

اہلِ ادیان میں سے کسی ایک نے کسی زمانے میں بھی ان عقائد کا انکار نہیں کیا۔ یہاں تک کہ ابنِ تیمیہ آیا۔ اُس نے اس میں ان کا انکار کیا۔ ضعیف اعتقاد والوں کا عقیدہ مشتبہ ہو گیا اور اُس نے ایک الیسا راستہ اختیار کیا جس کو کسی زمانہ میں بھی کسی نے اختیار نہیں کیا۔

(الشفاء السقام ص۱۱۹ مطبوعہ حیدر آباد دکن)

علامہ ابنِ حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ

شیخ الاسلام علامہ ابنِ حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ نے اپنی تصنیفِ لطیف میں تحریر فرمایا ہے کہ ابنِ تیمیہ کا سرکار علی المرتضےٰ شیرِ خدا مشکل کشا کرم اللہ وجہہ الکریم کے متعلق یہ عقیدہ بھی تھا کہ:

عَلِیٌّ اَسْلَمَ صَبِیًّا وَالصَّبِیُّ لَا یَصِحُّ اِسْلَامُہٗ۔

حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے بچپن میں اسلام قبول فرمایا تھا۔ اور

marfat.com

اور بچہ کا بچپن کا اسلام قبول کرنا صحیح اور معتبر نہیں ہے'۔ (الدرر الکامنہ ص۱۵۵ ج ۱)
ممدوح الوہابیہ والدیانہ عبدالحی لکھنوی نے لکھا ہے کہ:
'ابنِ حجر نے لکھا ہے کہ ابن تیمیہ نے اپنے ساتھیوں پر فخر کیا ہے اور اُس نے اپنے آپ کو مجتہد گمان کیا ہے۔ اس وجہ سے وہ چھوٹے اور بڑے علماء اور پُرانے علماء کی تردید کرنے لگا۔ یہاں تک کہ سیدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے متعلق کہا کہ انہوں نے کئی مسائل میں غلط فتوے دیتے۔ جب یہ شیخ ابراہیم الرقی کو معلوم ہوا تو اُنہوں نے اس پر سخت ناراضگی کا اظہار فرمایا اور اُس کے پاس گئے۔ اور اللہ تعالےٰ سے اس کے لیے معافی مانگی سیدنا علی المرتضےٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے متعلق بھی ابنِ تیمیہ نے کہا کہ انہوں نے ستّرہ فتوے غلط دیئے۔ قرآنِ کریم کی نصوصِ قطعیہ کی بھی ابنِ تیمیہ نے مخالفت کی۔ حنبلی ہونے کی وجہ سے وہ متعصبانہ طور پر اشعریوں پر رقیق حملے کرتا تھا۔ یہاں تک کہ وہ اِمام غزالی علیہ الرحمۃ کو گالیاں دیتا تھا۔ ان چیزوں کی بنا پر ایک قوم نے اس پر حملہ بھی کیا۔ قریب تھا کہ وہ اس کو قتل کر دیتے۔

علامہ ابنِ حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ نے الدرر الکامنہ میں لکھا ہے کہ ابنِ مطہر محلی نے اپنی کتاب منہاج الکرامۃ میں ابنِ تیمیہ کے متعلق لکھا ہے کہ اس نے اپنی کتاب الاُمۃ میں قصداً جاہلانہ رویہ اختیار کرتے ہوئے بہت سی احادیث شریفہ کو چھوڑ دیا ہے۔ علامہ ابنِ حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ نے لسان المیزان میں بھی لکھا ہے کہ میں نے اس کتاب میں ابنِ تیمیہ سے بہت سے جید احادیث کا انکار پایا ہے۔ جن کو کہ محلی نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے'۔
(غیث الغمام بر حاشیہ امام الکلام ص۵۷)

marfat.com

علامہ زرقانیؒ علیہ الرحمۃ کا فیصلہ

علامہ محمد بن عبدالباقی علیہ الرحمۃ نے نبی پاک صاحب لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک کا استقبال کرنے کی بحث میں ابن تیمیہ کے متعلق لکھتے ہیں کہ:

هٰذَا الرَّجُلُ اِبْتَدَعَ لَهٗ مَذْهَبًا وَهُوَ عَدَمُ تَعْظِيْمِ الْقُبُوْرِ۔

اس شخص ابن تیمیہ نے اپنا مذہب خود ساختہ بنالیا ہے کہ نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی قبر شریف کی زیارت قصداً نہیں کرنی چاہیئے۔ ابن تیمیہ کی جو شخص مخالفت کرتا تھا۔ اُس کو اپنے پر حملہ کرنے والا سمجھتا تھا۔ جب ابن تیمیہ اپنے مدِمقابل کا رد نہ کرسکتا تھا۔ تو وہ اُس شخص کو فوراً جھوٹا کہہ دیتا تھا۔

قَدْ اَنْصَفَ مَنْ قَالَ فِيْهِ عِلْمُهٗ اَكْبَرُ مِنْ عَقْلِهٖ۔

بے شک کسی نے یہ بالکل صحیح کہا ہے کہ اُس کا علم اس کی عقل سے زیادہ ہے۔

(غنیث الغمام بر حاشیہ امام الکلام ص۵۲)

مؤرخ ابنِ لبطوطہ کا فیصلہ

شہرۂ آفاق مؤرخ ابنِ لبطوطہ نے غرائب الامصار کتاب میں دمشق کے علماء و فضلاء کے ذکر میں لکھا ہے۔ اِنَّ فِیْ عَقْلِهٖ شَيْئًا۔ اس کی عقل میں کوئی چیز (فتور) تھی۔

فَقَالَ فِیْ وَعْظِهٖ اَنَّ اللّٰهَ يَنْزِلُ اِلٰى سَمَاءِ الدُّنْيَا كَنُزُوْلِ هٰذَا وَنَزَلَ دَرَجَةً مِنْ دَرَجَةِ الْمِنْبَرِ۔

پس اُس نے اپنے وعظ میں کہا کہ اللہ تعالےٰ آسمان پر اُترتا ہے۔ اس طرح جس طرح کہ میں منبر کی ایک سیڑھی سے دوسری سیڑھی پر اُترا ہوں۔

لوگوں سے اس کو غلط قرار دیا۔ (غیث الغمام ص۵۷ مطبوعہ لکھنؤ)

صلاح الدین خلیل صفدی کا فیصلہ

علامہ صلاح الدین صفدی نے شرح لامیہ المعجم المسمی بغیث الادب المنسجم میں

لہ وہابیہ نجدیہ کے مشہور مولوی اشرف سندھو بلوکی والے نے علامہ زرقانی کو محققین میں شمار کیا۔

(تاریخ التقلید ص۲)

marfat.com

ابنِ تیمیہ کو نصیحت کی ہے :

اِصْمُتْ فَفِیْ الصَّمْتِ نَجَاۃٌ مِنَ الزَّلَلِ ۔ چپ رہ کیونکہ چپ رہنے میں پھسلنے سے نجات ہے۔ نیز ایک جماعت نے اس کے متعلق یہ کہا ہے کہ اس کی عقل کم ہے اور علم زیادہ ہے۔ (غیث الغمام ص۵۷)

شیخ شہاب الدین سہروردی علیہ الرحمۃ کا فیصلہ

شیخ ابو المفتوح شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ القوی ابنِ تیمیہ کے متعلق فرماتے ہیں کہ :

فَرَاَیْتُہٗ لَا یَرْجِعُ عَمَّا وَقَعَ فِیْ نَفْسِہٖ وَرَاَیْتُہٗ کَثِیْرَ الْعِلْمِ قَلِیْلَ الْعَقْلِ ۔

(غیث الغمام ص۵۸ مطبوعہ لکھنؤ)

میں نے دیکھا ہے کہ اُس کے دل میں جو چیز آجاتی تھی اُس سے رجوع نہیں کرتا تھا۔ اور میں نے دیکھا ہے کہ اس میں علم کثیر تھا مگر عقل قلیل تھی۔

سیف الدین صفدی کا فیصلہ

شیخ سیف الدین صفدی ابنِ تیمیہ کے متعلق فرماتے ہیں کہ :

عِلْمُہٗ مُتَّسِعٌ جِدًّا اِلَی الْغَایَۃِ وَعَقْلُہٗ نَاقِصٌ یُوَرِّطُہٗ فِی الْمَہَالِکِ وَ یُوْقِعُہٗ فِی الْمَضَایِقِ

اُس کا علم بہت وسیع تھا۔ اور عقل اُس کی ناقص تھی جو اُس کو تباہیوں اور تنگیوں میں داخل کر دیتی تھی۔ (غیث الغمام ص۵۸)

علامہ ذہبی کا فیصلہ

علامہ ذہبی نے لکھا ہے کہ ابنِ تیمیہ نے جو کچھ کہا ہے۔ ان سب کے ساتھ ہمارا اتفاق نہیں ہے۔ بہت سے اصولی اور فروعی مسائل میں ہمارا اُس کے ساتھ اختلاف ہے۔ بحث میں وہ تیزی اور غصہ اختیار کر جاتا تھا۔ اس کے دور میں بہت سے علماء اُس کے ساتھ مباحثہ اور مناظرہ کرنے والے تھے۔ (غیث الغمام ص۵۸ و الدرر الکامنہ ص۱۵۱ ج۱، فوائد جامعہ ص۲۴۲)

علامہ ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ

مفتی حرم شریف علامہ ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ نے بھی فتاوی حدیثیہ میں ابنِ تیمیہ کا سرکار علی المرتضیٰ

marfat.com

رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے متعلق عقیدہ باطلہ تحریر فرمایا ہے کہ:

اَنَّ عَلِیًّا اَخْطَاءَ فِیْ اَکْثَرَ مِنْ ثَلَاثَ مائَۃِ مَکَانٍ۔
(فتاویٰ حدیثیہ ص۱ مطبوعہ مصر)

حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے تین سو سے زائد جگہ غلط فتوےٰ دیئے۔

اللہ تعالیٰ اور قرآنِ پاک کے متعلق عقائدِ باطلہ

علامہ ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ نے ابنِ تیمیہ کے عقائد اپنی کتاب فتاویٰ حدیثیہ میں اس طرح درج فرماتے ہیں۔

اِنَّ رَبَّنَا سُبْحَانَہٗ وَ تَعَالٰی عَمَّا یَقُوْلُ الظَّالِمُوْنَ وَالْجَاحِدُوْنَ عُلُوًّا کَبِیْرًا مَحَلُّ الْحَوَادِثِ تَعَالَی اللّٰہُ عَنْ ذَالِکَ وَ تَقَدَّسَ وَ اَنَّہٗ مُرَکَّبٌ تَفْتَقِرُ ذَاتُہٗ اِفْتِقَارَ الْکُلِّ لِلْجُزْءِ تَعَالَی اللّٰہُ عَنْ ذَالِکَ وَتَقَدَّسَ وَاَنَّ الْقُرْآنَ مُحْدَثٌ فِیْ ذَاتِ اللّٰہِ تَعَالَی اللّٰہُ عَنْ ذَالِکَ وَ اَنَّ الْعَالَمَ قَدِیْمٌ بِالنَّوْعِ وَلَمْ یَزَلْ مَعَ اللّٰہِ مَخْلُوْقًا دَائِمًا فَجَعَلَہٗ مُوْجِبًا بِالذَّاتِ لَا فَاعِلًا بِالْاِخْتِیَارِ تَعَالَی اللّٰہُ عَنْ ذَالِکَ وَقَوْلُہٗ

بے شک ہمارا رب (ان باتوں سے پاک اور بلند ہے جن کے قائل ظالم اور جاہل لوگ ہیں) حوادثات (فانی چیزوں) کا محل ہے (اللہ تعالیٰ اس سے پاک اور منزہ ہے)، بے شک اللہ تعالےٰ مرکب ہے۔ اُس کی ذات اس طرح محتاج ہے جس طرح کُل جزو کا محتاج ہوتا ہے (اللہ تعالیٰ ان چیزوں سے پاک ہے) بے شک قرآنِ پاک فانی چیز ہے۔ حالانکہ اللہ تعالےٰ اس سے پاک ہے۔ جہاں اپنی نوعیت کے لحاظ سے قدیم کے مخلوق ہوتے ہوئے دائمی طور پر اللہ تعالےٰ کے ساتھ موجود رہا ہے

لہ دیوبندیوں کے مولوی عبداللہ لنگوہی نے ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ کے متعلق لکھا ہے کہ شیخ قطب الدین ابن ابن حجر مکی عرب کے مشاہیر علماء میں سے تھے۔ بہت سی مشہور کتابوں کے مصنف ہیں (مقدمہ امکان الشیم ص۲)

marfat.com

بِالْجِسْمِيَّةِ وَالْجِهَةِ وَ الْاِنْتِقَالِ
وَاَنَّهٗ بِقَدْرِ الْعَرْشِ لَا اَصْغَرَ
وَلَا اَكْبَرَ تَعَالَى اللّٰهُ عَنْ
هٰذَا الْاِفْتِرَاءِ الشَّنِيْعِ الْقَبِيْحِ
وَ الْكُفْرِ الْبَرَاحِ الصَّرِيْحِ وَخَذَلَ
مُتَّبِعِيْهِ وَشَتَّتَ شَمْلَ مُعْتَقِدِيْهِ
وَقَالَ اِنَّ النَّارَ تَفْنٰى وَ اَنَّ
الْاَنْبِيَاءَ غَيْرُ مَعْصُوْمِيْنَ وَ
اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ لَاجَاهَ لَهٗ وَلَا يُتَوَسَّلُ
بِهٖ وَاَنَّ اِنْشَاءَ السَّفَرِ اِلَيْهِ
بِسَبَبِ الزِّيَارَةِ مَعْصِيَةٌ لَا تُقْصَرُ
الصَّلٰوةُ فِيْهِ وَسَيَحْرُمُ ذَالِكَ
يَوْمَ الْحَاجَةِ مَاسَّةً اِلٰى
شَفَاعَتِهٖ وَاَنَّ التَّوْرَاةَ وَ
الْاِنْجِيْلَ لَمْ تُبَدَّلْ اِلْفَاظُهُمَا
وَ اِنَّمَا بُدِّلَتْ مَعَانِيْهِمَا۔

ابنِ تیمیہ نے اللہ تعالیٰ کو واجب بالذات تسلیم کیا ہے۔ اور فاعل بالاختیار ہونے کی نفی کردی ہے (حالانکہ اللہ تعالےٰ اس سے پاک ہے) اور وہ اللہ تعالےٰ کے واسطے جسمیت جہت اور مکان سے منتقل ہونے کا اقرار کرتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کو عرش کے برابر سمجھتا ہے اور کہتا ہے کہ وہ عرش سے چھوٹا بھی نہیں اور بڑا بھی نہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ اس قبیح اور بُرے بہتان سے اور اس کھلے اور واضح کفر سے بلند و بالا ہے۔ اُس نے اپنے پیروکاروں کو ذلیل کیا اور اپنے عقیدتمندوں کی جماعت کو پراگندہ کیا ہے۔ اور اُس نے کہا ہے کہ دوزخ فنا ہوجائے گا۔ اور انبیاء کرام علیہم السلام معصوم نہیں ہیں اور بے شک رسول پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے لیے کوئی عظمت اور بزرگی نہیں ہے۔ اور نہ ہی ان کی ذات کے ساتھ وسیلہ پکڑا جائے۔ زیارت کی نیت سے ان کی طرف سفر کرنا گناہ ہے۔ ایسے سفر میں قصر نماز نہ پڑھی جائے۔ اور ایسا کرنے والا شخص قیامت کے دن نبیٔ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شفاعت سے محروم رہے گا۔ بے شک تورات اور انجیل کے الفاظ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔ تبدیلی صرف اس کے معانی میں ہوئی ہے۔

(فتاویٰ حدیثیہ ص۱ مطبوعہ مصر)

marfat.com

نماز کی قضا نہیں حائضہ طوافِ کعبہ کر سکتی ہے تین طلاقیں ایک طلاق ہے

امام ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ نے ابن تیمیہ کے عقائد میں لکھا ہے کہ :

اَنَّ الصَّلٰوۃَ اِذَا تُرِکَتْ عَمَدًا لَا یَجِبُ قَضَاءُھَا وَاَنَّ الْحَائِضَ یُبَاحُ لَھَا الطَّوَافُ بِالْبَیْتِ وَلَا کَفَّارَۃَ عَلَیْھَا۔ وَاَنَّ الطَّلَاقَ الثَّلَاثَ یُرَدُّ اِلٰی وَاحِدَۃٍ وَکَانَ ھُوَ قَبْلَ اِدِّعَائِہٖ ذَالِکَ نَقَلَ اِجْمَاعَ الْمُسْلِمِیْنَ عَلٰی خِلَافِہٖ۔

بے شک نماز کو جب جان بوجھ کر ترک کر دے تو اس کی قضا لازم نہیں آتی۔ اور بے شک حائضہ عورت کے لیے خانہ کعبہ کا طواف کرنا مباح ہے اور اس پر کوئی کفارہ لازم نہیں آتا اور تین طلاقوں کو ایک ہی طلاق سمجھا جائے گا۔ حالانکہ وہ اس دعوے سے پہلے تمام مسلمانوں کا اجماع اپنے عقیدہ کے خلاف نقل کرتا تھا۔

جنبی پلید بدن سے نماز پڑھ سکتا ہے

فوائد جامعہ میں ابنِ تیمیہ کے مزید عقائد لکھے ہیں :

'اور یہ بھی کہ جنبی کو رات میں نوافل تیمم سے پڑھنے چاہئیں۔ اور ان نوافل تیمم سے پڑھنے چاہئیں۔ اور ان نوافل کو فجر کے غسل تک مؤخر نہیں کیا جا سکتا۔ اگرچہ وہ شہر میں ہو۔ اور یہ بھی کہ جس نے امیر کے لیے بچھونا بچھایا اور سفر کے اندر رات میں جنبی ہو گیا۔ اور اس کو یہ ڈر ہے کہ اگر وہ فجر کو غسل کرے گا تو اس کا اُستاد یا افسر وغیرہ اسکو متہم کرے گا تو وہ فجر کی نماز تیمم سے پڑھ لے خواہ وہ غسل پر قادر ہو۔ اور یہ بھی کہ ٹیکس لینا اس سے حلال ہے۔ جس نے زمین کو جاگیر میں دیا ہو۔ اور اگر تاجروں سے ٹیکس لیے جائیں تو زکوٰۃ کے عوض میں ان کی طرف سے کافی ہیں۔ اگرچہ وہ زکوٰۃ کے نام سے نہ لیے ہوں۔ اور نہ ہی زکوٰۃ کے دستور کے مطابق لیے ہوں۔ (فوائد جامعہ صد ۲۴۸)

marfat.com

اِمام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ کا فیصلہ

امام المحدثین جلال الملۃ والدین سیوطی علیہ الرحمۃ بھی ابنِ تیمیہ کے متعلق اپنا فیصلہ دیتے ہیں کہ:

وَقَدْ رَاَیْتُ مَآلَ اَمْرِہٖ اِلَیْہِ مِنَ الْحَطِّ عَلَیْہِ الْھَجْوِ وَالتَّضْلِیْلِ وَالتَّکْفِیْرِ بِحَقٍّ وَبِبَاطِلٍ فَقَدْ کَانَ قَبْلَ اَنْ یَدْخُلَ فِیْ ھٰذِہِ الصَّنَاعَۃِ مَنَوَّرًا مُضِیْأً عَلٰی مَحْیَاہُ سِیْمَا السَّلَفِ ثُمَّ صَارَ مُظْلِمًا مَکْسُوْفًا عَلَیْہِ قَتْمَۃً عِنْدَ خَلَائِقَ مِنَ النَّاسِ وَدَجَّالًا اَفَّاکًا کَافِرًا عِنْدَ اَعْدَائِہٖ وَمُبْتَدِعًا فَاضِلًا مُحَقِّقًا بَارِعًا عِنْدَ طَوَائِفَ مِنْ عُقَلَاءِ الْفُضَلَاءِ۔

(شواہد الحق للنبہانی ص۱۸۴ مطبوعہ مصر)

اور بے شک میں نے ابنِ تیمیہ کا انجام یہ دیکھا کہ اس کو ذلیل کیا گیا۔ اس کی برائی بیان کی گئی۔ اور حق و باطل سے اس کی تضلیل اور تکفیر ہوئی۔ اور وہ اس صناعت کے داخل ہونے سے پہلے اپنی زندگی پر خصوصاً سلف پر منور اور مضئی تھا۔ پھر وہ (باطل اور بدعت مسائل کی بنا پر) لوگوں کے نزدیک اندھیرے و ا۔ گرہن والا۔ غبار آلود ہو گیا۔ اپنے اعدا۔ اور مخالفین کے نزدیک دجال۔ بہتان تراش کافر ہو گیا۔ عاقلوں اور فاضلوں کے گروہوں کی نظر میں فاضل محقق۔ بارع بدعتی ہو گیا۔

محدث ابنِ[1] جوزی علیہ الرحمۃ کا فیصلہ

محدث ابنِ جوزی علیہ الرحمۃ نے اپنی تصنیفِ لطیف تلبیس ابلیس میں

---

[1] وہابیوں نجدیہ کے مشہور اخبار الاعتصام میں امام سیوطی علیہ الرحمۃ کو آسمانِ علم کا مہر و ماہ لکھا ہے۔ (الاعتصام ص۲۲ جون ۱۹۵۶ء) علامہ شعرانی علیہ الرحمۃ نے تحریر فرمایا ہے کہ علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ نے حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حالتِ بیداری میں بالمشافہ پچہتر ۷۵ مرتبہ زیارت کی ہے۔ (میزان الکبریٰ ص۲) مولوی اشرف علی تھانوی نے علامہ سیوطی کی بڑے بڑے علماء کی صف میں شمار کیا ہے۔ (طریقہ مولود)

[2] وہابیہ کے رسالہ الاسلام دہلی نے محدث ابنِ جوزی علیہ الرحمۃ کی شخصیت کے متعلق لکھا ہے کہ

marfat.com

ابنِ تیمیہ کا رد کرتے ہوئے اُس کے متعلق لکھا ہے کہ:

اِنْفَرَدَ بِهَا وَشَنَّ عَنِ الْمُسْلِمِيْنَ مِنْ مَنْعِهِ الْاِسْتِغَاثَةَ بِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَسَائِرِ الْاَنْبِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَكَتَعَرُّضِهٖ لِاَكَابِرِ اَوْلِيَاءِ اللّٰهِ تَعَالٰى بِالتَّشْنِيْعِ وَالتَّكْفِيْرِ (شواہد الحق ص۱۹۵)

وَلِذَالِكَ قَلَّلَ اللّٰهُ نَفْعَ بِهَا كَمَا جَرَتْ عَادَتُهٗ تَعَالٰى فِيْمَنْ يَتَعَرَّضُ لِاَوْلِيَآئِهٖ بِالسُّوْءِ

نبیِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاء کاملین علیہم الرحمۃ کی بارگاہ میں استغاثہ کرنے کی وجہ سے مسلمانوں سے علیحدہ ہوگیا ہے۔ اور اولیاء کبار کو برا کہنے اور ان کی تکفیر کرنے کی بنا پر مسلمانوں سے جُدا ہوگیا ہے۔ اور یہ اُس کی عام عادت ہے اور اسی لیے اللہ تعالےٰ نے اُس کی کتابوں سے نفع کم کر دیا کیونکہ یہ اللہ تعالےٰ کا طریقہ ہے کہ جو کوئی اولیاء کو اذیت پہنچانے کے درپے ہو اُس کا فیضان اللہ تعالےٰ ختم کر دیتا ہے۔

جیسا کہ حدیثِ قدسی میں ہے۔ مَنْ آذٰى لِيْ وَلِيًّا فَقَدْ آذَنْتُهٗ بِالْحَرْبِ وَاَيُّ اَذِيَّةٍ اَعْظَمُ مِنْ تَكْفِيْرِهِمْ

جس نے میرے ولی کو اذیت پہنچائی پس اُس نے مجھ کو اعلانِ جنگ کا چیلنج کیا ہے۔ اولیاء اللہ کو کافر بنانا اور ان کو دائرہ اسلام

محدث ابنِ جوزی (علیہ الرحمۃ) چھٹی صدی کے اکابر و اعیان میں ایک عظیم و جلیل محدث اور خطیب کی حیثیت رکھتے ہیں۔ آپ کے دستِ حق پرست پر ایک لاکھ سے زائد انسان تائب ہوئے اور ایک لاکھ سے زائد اسلام کے دامنِ رحمت میں آچکے ہیں۔ (الاسلام دہلی ص)

محدث ابنِ جوزی کے متعلق ذہبی نے لکھا ہے کہ كَانَ مِنَ الْاَعْيَانِ وَفِي الْحَدِيْثِ مِنَ الْحُفَّاظِ مَا عَلِمْتُ اَنَّ اَحَدًا مِنَ الْعُلَمَاءِ صَنَّفَ هٰذَا الرَّجُلُ۔ محدثِ ابنِ جوزی علومِ قرآن اور تفسیر میں بلند پایہ تھے۔ اور فنِ حدیث میں بہت بڑے حافظ تھے۔ ان کی تصانیف اتنی کثیر اور ضخیم ہیں کہ مجھے معلوم نہیں کہ ان جیسی تصانیف علماءِ اُمت میں سے کسی کی ہوں۔ (تذکرۃ الحفاظ جلد ۴) (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

وَاخْرَاجِهِمْ مِنْ دَائِرَةِ الْاِسْلَامِ بِالْكُلِّيَّةِ۔ (شواہد الحق للنبہانی ص۱۹۵)

سے بالکلیہ خارج کردینا۔ اس سے بڑھ کر اور کیا اذیت ہوسکتی ہے۔

علامہ یوسف[1] نبہانی علیہ الرحمۃ کا فیصلہ

عارفِ ربانی حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑوی علیہ الرحمۃ کی مصدقہ کتاب عجالہ بردوسالہ میں نبہانی نے ابنِ تیمیہ کی جو تردید فرمائی ہے درج ہے:

"علامہ یوسف بن اسماعیل علیہ الرحمۃ نے ابنِ تیمیہ کے متعلق لکھا ہے کہ وہ محی الدین ابنِ عربی علیہ الرحمۃ جو کبائر اولیاء میں سے تھے کی تکفیر کرتا تھا نیز ابنِ تیمیہ کی کتابوں کے متعلق لکھا ہے کہ:

مَرْصُوْدَةٌ مِنْ بِدْعِهٖ مُخَالَفَتُهٗ لِاُمَّتِهٖ بِحَيَّاتٍ قَاتِلَاتٍ فَهِيَ تَمْنَعُ النَّاسَ مِنَ الْاِقْبَالِ عَلَيْهَا وَالْاِنْتِفَاعِ بِهَا۔

اُس کی خانہ ساز بدعات اور جدید عقائد اور اُس کا اُمت کی مخالفت کرنا زہریلے سانپوں کے ساتھ اُس کی کتابیں بھری ہوئی ہیں۔

اُس کی کتابوں کو پڑھنے اور ان سے نفع حاصل کرنے سے یہی چیزیں لوگوں کو باز رکھتی ہیں۔ (عجالہ بردوسالہ ص۱۵)

ابنِ تیمیہ حنبلی مذہب سے خارج ہے

اِمام یوسف نبہانی قدس سرہٗ الربانی نے شواہد الحق میں فرمایا ہے کہ:

"بعض مسائل کی بناء پر ابنِ تیمیہ حنبلی مذہب سے خارج ہوگیا

---

[1] دیوبندیوں کے مشہور مولوی محمد میاں صدیقی جامعہ مدنیہ لاہور لکھتے ہیں کہ علامہ یوسف نبہانی علیہ الرحمۃ چودھویں صدی ہجری کے اوائل کی ایک فاضل اور یگانۂ روزگار شخصیت ہیں۔ نبی علیہ السلام کی ذاتِ گرامی سے آپ کو جو والہانہ عشق تھا۔ اُس کی حرارت آپ کی تحریروں میں نمایاں ہے۔ یہ اسوۂ رسول سے عشق و محبت کا اعجاز تھا۔ جس نے آپ کے قلم سے ہزاروں صفحات نبی علیہ السلام کی سیرت اور اخلاقِ حسنہ پر تحریر کرائے۔ (شمائل رسول ص۹ مطبوعہ لاہور) (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

ہے۔ طلاق کے مسئلہ میں وہ تین طلاقوں کو ایک ہی قرار دیتا ہے اور طلاق کے مسئلہ میں عدد کو لغو قرار دیتا ہے۔ مساجدِ ثلاثہ کے علاوہ کسی اور کی طرف (قصداً بطور تبرک) سفر کو حرام قرار دیتا تھا۔ انبیاء اور اولیاء سے استغاثہ کرنے کو منع قرار دیتا تھا۔ یہ تینوں مسئلے حضرت امام احمد بن حنبل علیہ الرحمۃ کے مسلک سے نہیں ہیں۔ اور نہ ہی ان مسائل میں آپ سے روایت نقل کی گئی ہے۔

وَنَصَّ فُقَهَاءُ الْحَنَابِلَةِ عَلٰى اَنَّهٗ لَا يُتَابَعُ فِيْهَا فَمَنِ ادَّعٰى اَنَّهٗ حَنْبَلِيُّ الْمَذْهَبِ فَلَيْسَ لَهُ الْقَوْلُ بِهَا كَمَا قَالَتْ بِهَا هٰذِهِ الْفِرْقَةُ الْمَذْكُوْرَةُ عَنْ جَهْلٍ وَ انْطِمَاسِ بَصِيْرَةٍ۔

فقہا حنابلہ نے ابنِ تیمیہ پر حکم لگایا ہے کہ ان مسائل میں اس نے امام احمد بن حنبل کی متابعت نہیں کی۔ بے شک جو حنبلی المذہب ہونے کا دعوے کرے پس اس کو کہا جائے گا کہ امام احمد کے یہ عقائد نہیں ہیں جیسا کہ اس فرقہ مذکورہ نے جہالت کی بنا اور بصیرت کے مٹ جانے کی بنا پر یہ عقائد رکھے ہیں۔

(شواہد الحق ص۱۹۰ مطبوعہ مصر)

ابنِ تیمیہ حوالے غلط دیتا تھا

علامہ نبہانی علیہ الرحمۃ نے ہی درج فرمایا ہے کہ:

فَقَدْ ثَبَتَ وَتَحَقَّقَ وَظَهَرَ ظُهُوْرَ الشَّمْسِ فِيْ رَابِعَةِ النَّهَارِ اَنَّ عُلَمَاءَ الْمَذَاهِبِ الْاَرْبَعَةِ قَدْ

بے شک اس کا ثبوت چودھویں رات کے چاند کی طرح اظہر من الشمس ہے کہ مذاہبِ اربعہ کے علماء نے ابنِ تیمیہ کی بدعات کی تردید

لہ علامہ شہاب الدین حفاجی حنفی، علامہ زرقانی، امام سبکی شافعی، حافظ کبیر عبدالرحیم العراقی شیخ مصطفیٰ بن احمد حنبلی علیہم الرحمۃ وغیرہم علماء نے ابنِ تیمیہ کا غلط حوالہ جات دینے کے متعلق اتفاق کیا ہے۔ (شواہد الحق للنبہانی) (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

اِتَّفَقُوا عَلٰی رَدِّ بِدْعَةِ اِبْنِ تَیْمِیَّةَ وَمِنْهُمْ مَنْ طَعَنُوا بِصِحَّةِ نَقْلِهٖ كَمَا طَعَنُوا بِكَمَالِ عَقْلِهٖ فَضْلًا عَنْ شِدَّةِ تَشْنِیْعِهِمْ عَلَیْهِ فِیْ خَطَئِهِ الْفَاحِشِ فِیْ تِلْكَ الْمَسَائِلِ الَّتِیْ شَذَّ بِهَا فِی الدِّیْنِ وَخَالَفَ بِهَا اِجْمَاعَ الْمُسْلِمِیْنَ۔

کرنے پر اتفاق کیا ہے کہ ان علماء میں سے بعض علماء نے اس کے حوالہ جات پر بھی اعتراض کیا ہے (یعنی وہ غلط حوالے دیتا ہے) جیسے کہ اس کی عقل (کم عقل ہونے) پر اعتراض کیا ہے۔ علماء نے اُس کے ان مسائل کا جن کی بناء پر وہ دین سے الگ ہو گیا ہے اور تمام مسلمانوں کے عقائد کی مخالفت کی ہے سختی سے رد فرمایا ہے۔ (شواہد الحق ص ۱۹۱)

علامہ یوسف نبہانی علیہ الرحمۃ نے اپنی کتاب مستطاب شواہد الحق میں چوتھا باب ان الفاظ سے شروع فرمایا ہے۔

اَلْبَابُ الرَّابِعُ فِیْ نَقْلِ عِبَارَاتِ عُلَمَاءِ الْمَذَاهِبِ الْاَرْبَعَةِ فِی الرَّدِّ عَلٰی اِبْنِ تَیْمِیَّةَ وَالْكَلَامِ عَلٰی بَعْضِ كُتُبِهٖ وَمُخَالَفَتِهٖ اَهْلَ السُّنَّةِ فِیْ بَعْضِ الْمَسَائِلِ الْمُهِمَّةِ وَمِنْهَا اِعْتِقَادُ الْجِهَةِ فِیْ جَانِبِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَتَقَدَّسَ۔

اس باب میں علامہ نبہانی علیہ الرحمۃ نے ابنِ تیمیہ کی تردید جن علماءِ عظام نے فرمائی ان کا تذکرہ ان الفاظ میں فرمایا ہے:

فَمَنْ عَاصَرَهُ الْاِمَامُ صَدْرُ الدِّیْنِ بْنِ الْوَكِیْلِ الْمَعْرُوْفِ بِابْنِ الْمُرَحِّلِ الشَّافِعِیِّ وَقَدْ نَاظَرَهٗ وَمِنْهُمُ الْاِمَامُ اَبُوْحَیَّانَ وَكَانَ صَدِیْقًا لَهٗ فَلَمَّا اِطَّلَعَ عَلٰی بِدْعِهٖ رَفَضَهٗ رَفْضًا بَتًّا وَحَذَرَ النَّاسُ مِنْهُ وَمِنْهُمُ الْاِمَامُ عِزُّ الدِّیْنِ

ابنِ تیمیہ کے ہمعصروں میں اس کی تردید فرمانے والے بعض حضرات یہ ہیں۔ امام صدر الدین بن الوکیل المعروف ابن المرحل شافعی انہوں نے ابنِ تیمیہ سے مناظرہ بھی کیا تھا۔ امام ابوحیان یہ پہلے ابنِ تیمیہ کے دوست تھے جب اس کی بدعات کا ان کو پتہ چلا تو بالکل اُس سے دوستی ختم کر دی اور لوگوں

marfat.com

بْنِ جَمَاعَةَ رَدَّ عَلَيْهِ وَ شَنَّعَ عَلَيْهِ كَثِيْرًا وَلَمْ اَطَّلِعْ عَلٰى كُتُبِ هٰؤُلَآءِ الثَّلَاثَةِ وَاِنَّمَا ذَكَرَهُمْ اِبْنُ حَجَرَ وَغَيْرُهٗ وَمِنْهُمُ الْاِمَامُ كَمَالُ الدِّيْنِ الزَّمْكَلَانِيُّ الشَّافِعِيُّ الْمُتَوَفّٰى سَنَةَ ۷۲۷ھ قَالَ اِبْنُ الْوَرْدِيِّ فِيْ تَارِيْخِهٖ كَانَ عَزِيْزَ الْعِلْمِ كَثِيْرَ الْفُنُوْنِ مُسَدِّدَ الْفَتَاوٰى دَقِيْقَ الذِّهْنِ وَ ذَكَرَ لَهٗ فِيْ كَشْفِ الظُّنُوْنِ كِتَابُ الدُّرَّةُ الْمُضِيَّةِ فِي الرَّدِّ عَلٰى اِبْنِ تَيْمِيَّةَ وَقَدْ نَاظَرَهٗ فِيْ مَسَائِلِهٖ الَّتِيْ شَذَّ بِهَا عَنِ الْمَذَاهِبِ الْاَرْبَعَةِ وَ مِنْ اَشْنَعِهَا مَسْئَالَةُ مَنْعِهٖ شَدَّ الرِّحَالِ اِلٰى قُبُوْرِ الْاَنْبِيَاءِ وَ الصَّالِحِيْنَ وَلَاسِيَّمَا سَيِّدَ الْمُرْسَلِيْنَ وَالْاِسْتِغَاثَةَ بِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

کو ابنِ تیمیہ کے عقائدِ باطلہ سے ڈرایا۔ عزالدین بن جماعہ نے بھی ابن تیمیہ کا رد فرمایا ہے۔ اور اس کو بہت برا بھلا کہا ہے۔ ان تین آئمہ کی کتب ہمیں مطلع نہیں ہوا ہاں علامہ ابنِ حجر وغیرہ نے ذکر فرمایا ہے اور اس کے ہمعصر رد کرنے والوں میں سے امام کمال الدین الزمکلانی شافعی متوفی ۷۲۷ھ امام ابن الوردی نے ان کو ان الفاظ سے یاد کیا ہے عزیز العلم۔ کثیر الفنون۔ مسدد الفتاویٰ دقیق الذہن۔ کشف الظنون میں ان کی اس کتاب کا ذکر کیا ہے۔ کتاب الدرۃ المضیۃ فی الرد علی ابن تیمیۃ انہوں نے بھی ابنِ تیمیہ سے اس کے ان مسائل میں مناظرہ کیا جس کی وجہ سے وہ مذاہبِ اربعہ سے خارج اور منفرد ہوا۔ ان مسائل میں سے بہت شنیع اور غلط مسئلہ یہ ہے کہ اس نے مزارات انبیا۔ اور صالحین خصوصاً حضور پُر نور سید المرسلین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے روضہ مبارکہ کی طرف جانے سے روکا اور ان سے استغاثہ سے بھی روکا۔ (شواہد الحق للنبہانی ص۱۷۱ مطبوعہ مصر)

علامہ نبہانی کا ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ کو ابنِ تیمیہ کی تردید کرنے پر خراجِ تحسین

علامہ یوسف نبہانی علیہ الرحمۃ نے شیخ الاسلام ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ کو ابنِ تیمیہ کی تردید کرنے پر خراجِ تحسین ان الفاظ میں پیش فرمایا ہے کہ:

marfat.com

ابن تیمیہ کی تردید کرنے والوں میں سے ایک امام شہاب الدین احمد بن حجر مکی شافعی علیہ الرحمۃ بھی ہیں۔ یہ اکابر علماء اور اولیاء کاملین سے ہیں۔ انہوں نے ابنِ تیمیہ کی سخت تردید فرمائی ہے۔ مَحَامَاةً عَنِ الدِّيْنِ وَشَفْقَةً عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ حفاظت دین اور مسلمانوں سے شفقت کی بناء پر تردید فرمائی ہے تاکہ ابنِ تیمیہ کے بُرے عقائد مسلمانوں میں سرایت نہ کر جائیں۔ (شواہد الحق ص۱۹۰ از علامہ نبہانی)

ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ نے جس انداز سے ابنِ تیمیہ کی تردید فرمائی ہے وہابیوں کو اس سے سخت تکلیف تھی۔ چنانچہ وہابیوں کے نواب صدیق حسن بھوپالوی نے نعمان آلوسی کو روپیہ دے کر ابنِ حجر کے رد میں کتاب لکھوائی۔

نواب صدیق حسن بھوپالوی کا مالی امداد دے کر ابنِ تیمیہ کی شان میں کتاب لکھانا

جس کا تذکرہ فوائدِ جامعہ میں ہے کہ نعمان آلوسی نے نواب صدیق حسن بھوپالوی کے ایماء پر جن کی طرف سے نعمان آلوسی کو مالی امداد حاصل تھی۔ جلاء العینین میں ابنِ حجر مکی پر رد کا ارادہ کیا۔ اور انہوں نے ابنِ تیمیہ کے دامن کو اکثر شواذ سے پاک کرنے میں بڑا زور لگایا ہے۔ مگر انہیں ندامت ہوئی۔ کیونکہ ابنِ تیمیہ کی کتابوں کی اشاعت نے اُن کی اس درجہ حمایت کو اس طرح رُسوا کر دیا کہ جن باتوں کی انہوں نے تردید کی تھی۔ اُن کی ان کتابوں میں تصریح مِل گئی۔ بلکہ عنقریب اُن کی اور کتابیں بھی شائع ہو جائیں گی۔ جیسے التاسیس فی رد اساس التقدیس ہے۔ جس میں حشویہ کی وہ بعض باتیں نظر آئیں گی۔ جن کو ابھی نقل کیا ہے یہ تو اپنے گھروں کو اپنے اور مسلمانوں کے ہاتھوں سے خود گراتے ہیں۔ ہم نے یونہی سرسری نظر میں ابنِ تیمیہ کے تفردات کے جو نمونے پیش کیے ہیں۔ وہ کافی ہیں۔ شیخ نعمان آلوسی نے اپنی تردید آپ ہی کر لی ہے کیونکہ انہوں نے غالیۃ المواعظ میں جو کچھ لکھا ہے ان کا کلام اس کے مخالف ہے۔ اللہ تعالیٰ مادہ کو ہلاک کرے۔ یہ جس چیز میں

marfat.com

داخل ہوا اُس کو اُس نے بگاڑا ہے۔ انہوں نے تو اپنے والد ماجد کی تفسیر میں بھی دیانت داری سے کام نہیں لیا۔ اگر کوئی اُس کا اس نسخے سے جس کو خود مؤلف نے سلطان عبدالمجید خاں کی خدمت میں پیش کیا۔ جو آج بھی استنبول میں راغب پاشا کے کتب خانہ میں محفوظ ہے۔ مقابلہ کرے گا تو اُس کو اس امر کا اطمینان ہو جائے گا۔ ہم تو اللہ سے بس سلامتی کی دُعا کرتے ہیں۔" (فوائد جامعہ ص ۲۵۳-۲۵۴)

رسالہ فوائد جامعہ میں لکھا ہے کہ:

"ابنِ تیمیہ کے معاصرین میں سے حافظ صلاح الدین خلیل علائی دمشقی المتوفی ۷۶۱ھ نے اپنے ایک مکتوب میں ابنِ تیمیہ کے تفردات کو یکجا جمع کر دیا ہے۔ ان کا وہ معلومات افزا مکتوب محدث ناقد شیخ محمد زاہد کوثری نے ذخائر القصر کے حوالہ سے السیف الصیقل میں نقل کیا۔ جو پڑھنے کے لائق ہے۔ موصوف لکھتے ہیں۔

حافظ ابنِ طولون نے ذخائر القصر فی تراجم نبلاء العصر میں شیخ عبدالنافع بن عراق کے تبدیلِ مسلک کا سبب بیان کرتے ہوئے کہ اُن کے والد نے تو اُن کو حنبلی بنایا تھا۔ مگر اُنہوں نے حنبلی مذہب کو چھوڑ کر شافعی مسلک اختیار کیا۔ لکھا ہے کہ حافظ صلاح الدین علائی نے ان اصولی و فروعی مسائل کا ذکر کیا ہے۔ جن میں ابنِ تیمیہ نے خلاف کیا ہے۔ چنانچہ بعض ان میں سے وہ ہیں۔ جن کے اندر موصوف نے اجماع کے خلاف کیا ہے۔ اور بعض وہ ہیں جن میں مذہب راجح کے خلاف کیا ہے۔ ان ہی میں سے طلاقِ یمین یعنی وہ طلاق جو قسم کے ساتھ وابستہ ہوتی ہے۔ اس کے متعلق اُنہوں نے کہا ہے کہ جس چیز پر قسم کھائی ہے۔ اس کے واقع ہونے کے بعد وہ واقع نہیں ہوتی ہے۔ بلکہ قسم کھانے والے پر قسم کا کفارہ واجب ہو جاتا

marfat.com

ہے ۔ حالانکہ ان سے پہلے اس مسئلہ میں فقہاء اُمت میں سے کبھی کوئی فقیہ کفارہ کا قائل نہیں ہوا اور ایک زمانہ دراز تک ان کا ہمیشہ یہی فتوےٰ رہا ہے ۔ اور مصائب بڑھتے رہے عوام کی ایک بڑی بھاری اکثریت نے ان کی تقلید کرلی ۔ اور یہ بلا عام ہوگئی اور یہ بھی کہ طلاق حالتِ حیض میں واقع نہیں ہوتی اور اسیطرح طلاق اُس طہر میں واقع نہیں ہوتی جس میں ہمبستری ہوچکی ہو اور یہ بھی کہ تین طلاقوں سے ایک طلاق واقع ہوتی ہے ۔ حالانکہ اس سے پہلے وہ اس مسئلہ میں مسلمانوں کا اجماع اِس کے خلاف نقل کرچکے ہیں نیز یہ بھی کہ جس نے اس کی مخالفت کی اس نے کفر کا کام کیا ۔ پھر انہی نے اس کے خلاف فتوےٰ دیا ۔ اور بڑی خلقت کو اس مسئلہ میں پھنسا دیا ۔ اور یہ بھی کہ اگر نماز کو قصداً چھوڑ دیا جائے تو اس کی قضاء جائز نہیں ۔ اور یہ بھی کہ حائضہ طوافِ کعبہ کرے اُس پر کفارہ واجب نہیں ۔ طواف اُس کے لیے مباح اور درست ہے ۔ اور یہ کہ ٹیکس لینا اُس کے لیے حلال ہے جس نے زمین کو جاگیر میں دیا ہے ۔ اور اگر تاجروں سے ٹیکس لے لیے جائیں تو زکوٰۃ کے عوض میں اُن کی طرف کافی ہیں ۔ اگرچہ وہ زکوٰۃ کے نام سے نہ لیے ہوں اور نہ زکوٰۃ کے دستور کے مطابق لیے ہوں اور یہ بھی کہ بہنے والی چیزیں چوہیا جیسے جانوروں کے مرنے سے ناپاک نہیں ہوتیں ۔ اور یہ کہ جُنبی کو نوافل رات میں تیمم سے پڑھنا چاہئیں اور ان نوافل کو فجر کے غسل تک مؤخر نہیں کرنا چاہیئے ۔ اگرچہ وہ شہر میں ہو ۔ میں نے اُن لوگوں کو دیکھا جنہوں نے اس مسئلہ میں ان کی اقتدار کی ۔ تو میں نے ان کو اس سے روکا اور میں نے ابنِ تیمیہ سے سُنا ۔ جس وقت ان سے ایک ایسے شخص کے بارے میں سوال ہوا ۔ کہ جس نے امیر کے پیچھے نماز پڑھی اور سفر کے اندر رات میں جنبی ہوگیا اور اس کو یہ ڈر

marfat.com

ہے کہ اگر وہ فجر کو غسل کرے گا تو اس کا استاد اسے متہم کرے گا تو انہوں نے اس کا فتوٰے دیا کہ فجر کی نماز تیمم سے پڑھ لے حالانکہ وہ غسل پر قادر تھا اور ان سے اُمہاتِ اولاد (اُم ولد لونڈیوں) کی بیع و شرار کے جواز کے متعلق سوال کیا گیا۔ تو انہوں نے اس کو ترجیح دی اور اُس کے جواز کا فتویٰ دیا۔

اصولِ دین میں ان کے تفردات میں سے یہ ہے کہ اللہ سبحانہ تعالےٰ حوادث کے لیے محل ہے۔ اللہ سُبحانہٗ تعالےٰ حوادث کے لیے محل ہے۔ اللہ تعالےٰ کی ذات جو وہ کہتا ہے۔ اس سے بہت بالا و برتر ہے۔

اور یہ کہ اللہ تعالےٰ مرکب ہے۔ اس کو (ہاتھ۔ آنکھ۔ چہرہ۔ پنڈلی وغیرہ) کی احتیاج ہے جیسے کل کو جزو کی طرف احتیاج ہوتی ہے۔ اور یہ کہ قرآن فی ذاتہٖ حادث ہے اور عالم قدیم بالنوع ہے۔ مخلوق ہو کر خدا کے ساتھ اس کا تعلق دائمی ہے۔ چنانچہ اُس نے اس کو موجب بالذات مانا ہے۔ فاعل بالاعتبار نہیں۔ جو کچھ اس نے خواب دیکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سے پاک ہے۔

اور ان ہی میں سے اس کا ذاتِ خُداوندی کے لیے جسمیت، جہت اور انتقالِ مکانی کا قائل ہونا ہے۔ اور باری تعالیٰ کی ذات اس سے پاک ہے۔

اور اُس نے اپنی بعض تصانیف میں بصراحت لکھا ہے کہ اللہ تعالےٰ عرش کے بقدر ہے وہ نہ اس سے بڑا ہے۔ اور نہ اُس سے چھوٹا ہے۔ حالانکہ ذاتِ باری تعالےٰ اس سے بالاتر ہے۔

اور ابنِ تیمیہ نے ایک رسالہ اس مسئلہ میں لکھا ہے کہ اللہ تعالےٰ کا علم غیر متناہی امور سے تعلق نہیں رکھتا ہے۔ جیسے کہ جنتیوں کی نعمتیں

marfat.com

ہیں۔ اور یہ کہ وہ غیر متناہی کو محیط نہیں ہے۔ یہ وہ بات ہے جس میں اِمام (ابنِ جوینی) کے قدم (کتاب البرہان) میں ڈگمگا گئے ہیں۔

اور ان ہی باتوں میں سے یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام معصوم نہیں ہیں۔ اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے جاہ نہیں ہے۔ جو کوئی آپ کی ذات سے وسیلہ پکڑے گا۔ وہ خطا کار ہے۔ اور اس موضوع پر کئی ورق کا رسالہ بھی لکھا ہے۔

اور یہ کہ ہمارے نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی زیارت کے لیے سفر کرنا معصیت ہے۔ اس میں نمازِ قصر نہیں کی جا سکتی اور اس میں بڑا ہی غلو کیا ہے۔ حالانکہ مسلمانوں میں اُن سے پہلے اس کا کوئی قائل نہیں ہوا۔ اور یہ کہ دوزخیوں کا عذاب منقطع ہو جائے گا۔ وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے نہیں ہو گا۔ تقی الدین سبکی نے ایک رسالہ میں اس کی تردید لکھی ہے جو کہ شائع ہو چکا ہے۔ (یعنی الشفاء السقام)

اور نیز ان کے تفردات میں سے یہ ہے کہ تورات اور انجیل کے الفاظ میں تبدیل اور تحریف نہیں ہوئی ہے۔ بلکہ یہ اسی صورت میں موجود ہیں۔ جن پر وہ نازل ہوئی تھیں اور تحریف ان کی تاویل میں ہوئی ہے۔ اور اس موضوع پر ان کی ایک اور تصنیف بھی ہے۔ جو میں نے نہیں دیکھی ہے۔ اور میں تو اس قسم کی باتوں کے لکھنے پر اللہ تعالےٰ سے استغفار کرتا ہوں۔ چہ جائیکہ ان کا اعتقاد رکھنا۔

(فوائد جامعہ ص ۲۴۶ تا ۲۵۱)

ابنِ رجب سے ابنِ تیمیہ کے عقائدِ باطلہ کا تذکرہ!

ابنِ رجب نے ابنِ تیمیہ کے منفرد عقائد کا تذکرہ اس طرح کیا ہے۔

marfat.com

موزوں پر مسح کی کوئی مدت نہیں | موزوں پر مسح کرنے کی کوئی مدت نہیں ہے۔

نمازِ جمعہ اور نمازِ عیدین کے لیے تیمّم | وقت کے فوت ہونے نمازِ جمعہ کے نکل جانے اور عیدین کے فوت ہونے کا ڈر ہو تو تیمم کرنا درست ہے۔

حیض کی کوئی مدت نہیں ہے | اور یہ کہ کم سے کم حیض کی کوئی مدت نہیں ہے۔ اور نہ اکثر حیض کی کوئی مدت ہے اور نہ سن ایاس کی کوئی مدت ہے۔

کم یا زیادہ سفر ہر دو کے لیے نمازِ قصر جائز ہے | اور نمازِ قصر چھوٹے اور بڑے سفر میں جائز ہے۔

باکرہ کے لیے استبرا نہیں | اور باکرہ کے لیے استبرا نہیں ہے اگرچہ وہ بوڑھی ہوگئی ہو۔

سجدۂ تلاوت کے لیے وضو شرط نہیں | اور وضو سجدۂ تلاوت کے لیے شرط نہیں ہے اور مسابقت (گھوڑ دوڑ میں شرط) بلا محلل جائز ہوتی ہے۔ (فوائد جامعہ ص ۲۵۲)

ابنِ تیمیہ کے نزدیک نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا مزار مبارک اور دیگر مسلمانوں کے مزار برابر ہیں | علامہ سبکی علیہ الرحمۃ نے ابنِ تیمیہ کے خط سے اس کا یہ عقیدہ استنباط کرتے ہوئے فرمایا:

وَمَنِ ادَّعٰی اَنَّ قُبُوْرَ الْاَنْبِیَاءِ وَغَیْرِھِمْ مِنْ اَمْوَاتِ الْمُسْلِمِیْنَ

جس نے یہ دعوے کیا (ابنِ تیمیہ) کہ انبیاء کرام اور باقی اموات مسلمین کے

marfat.com

سَوَاءٌ فَقَدْ اَتٰی اَمْرًا عَظِیْمًا نَقْطَعُ بِبُطْلَانِہٖ وَخَطَائِہٖ فِیْہِ وَفِیْہِ حَطٌّ حَطٌّ لِدَرَجَۃِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلٰی دَرَجَۃِ مَنْ بِسِوَاءٍ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ وَذَالِكَ كُفْرٌ مُتَیَقَّنٌ فَاِنَّ مَنْ حَطَّ رُتْبَۃَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَمَّا یَجِبُ لَہٗ فَقَدْ كَفَرَ فَاِنْ قَالَ اِنَّ ھٰذَا لَیْسَ بِحَطٍّ وَلٰكِنَّہٗ مَنْعٌ مِنَ التَّعْظِیْمِ فَوْقَ مَا یَجِبُ لَہٗ قُلْتُ ھٰذَا جَھْلٌ وَسُوْءُ اَدَبٍ وَنَحْنُ نَقْطَعُ بِاَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَسْتَحِقُّ مِنَ التَّعْظِیْمِ اَكْثَرَ مِنْ ھٰذَا الْمِقْدَارِ فِیْ حَیَاتِہٖ وَبَعْدَ مَوْتِہٖ وَلَا یَرْتَابُ فِیْ ذَالِكَ مَنْ كَانَ فِیْ قَلْبِہٖ شَیْءٌ مِنَ الْاِیْمَانِ۔

مزارات برابر ہیں۔ تو وہ امر عظیم لایا۔ ہم اس میں اُس کی خطاء اور بُطلان کو یقینی سمجھتے ہیں اور اس میں نبیِّ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے درجہ کو باقی مسلمانوں کے درجہ کی طرف گرانا ہے۔ اور یہ بات یقینی کفر ہے۔ کیونکہ جس نے حضور پُرنور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے مرتبہ کو حضورِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے لیے ثابت اور واجب گرایا تو وہ بے شک کافر ہوا۔ اگر وہ منکر کہے کہ یہ گرانا نہیں بلکہ ثابت سے زیادہ تعظیم کی رکاوٹ ہے۔ تو میں (سبکی) کہتا ہوں کہ یہ جہالت اور بے ادبی ہے۔ اور ہم یقین رکھتے ہیں کہ نبیِّ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم ظاہری زندگی میں اور انتقال کے بعد اس قدر تعظیم و تکرام سے زیادہ تعظیم و تکریم کے مستحق ہیں۔ اور جس شخص میں ذرہ برابر ایمان ہے۔ وہ اس بات میں قطعاً شک نہ کرے گا۔

(شفاء السقام فی زیارۃ خیر الانام ص۹۶ مطبوعہ حیدر آباد دکن)

امام تاج الدین سبکی علیہ الرحمۃ نے ابنِ تیمیہ کے نظریہ باطل کے بُطلان کا یُوں بھی تذکرہ فرمایا ہے:

وَتَخَیَّلَ ابْنُ تَیْمِیَّۃَ اَنَّ مَنْعَ الزِّیَارَۃِ وَالسَّفَرِ اِلَیْھَا مِنْ بَابِ الْمُحَافَظَۃِ

اور ابنِ تیمیہ نے یہ خیال کیا کہ سفرِ زیارت سیدالمرسلین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم

marfat.com

عَلَى التَّوْحِيْدِ وَاَنَّ فِعْلَهَا مِمَّا يُؤَدِّىْ اِلَى الشِّرْكِ وَهٰذَا تَخَيُّلٌ بَاطِلٌ۔ کے باب سے ہے۔ اور اس زیارت کا کرنا ان چیزوں میں سے ہے جو شرک کی طرف لے جاتی ہیں۔ حالانکہ ابنِ تیمیہ کا خیال باطل ہے۔

(شفاء السقام صفحہ ۱۰ مطبوعہ حیدر آباد دکن)

اور زیارت نبی پاک اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے منع کرنا توحید کی محافظت

علامہ قسطلانی علیہ الرحمۃ کا امام سبکی کو ابنِ تیمیہ کی تردید پر خراجِ تحسین

علامہ یوسف نبہانی علیہ الرحمۃ نے وہ خراجِ تحسین جو امام سبکی کو علامہ قسطلانی نے ابنِ تیمیہ کا شفاء السقام میں رد کرتے ہوئے پیش کیا درج کرتا ہوں:

وردّ علیه الشیخ تقی الدین السبکی فی شفاء السقام فشفی صدور المومنین۔ (شواہد الحق صفحہ ۱۵۸)

شیخ تقی الدین سبکی علیہ الرحمۃ نے اپنی کتاب شفاء السقام میں ابنِ تیمیہ کا رد کر کے مومنوں کے سینوں کو شفا دی

ملا علی قاری رحمۃ اللہ الباری کا فیصلہ

ملا علی قاری علیہ الرحمۃ نے شرح شفا میں ابنِ تیمیہ کے متعلق تحریر فرمایا ہے کہ:

قَدْ فَرَّطَ ابْنُ تَيْمِيَّةَ مِنَ الْحَنَابِلَةِ حَيْثُ حَرَّمَ السَّفَرَ لِزِيَارَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا اَفْرَطَ غَيْرُهٗ حَيْثُ قَالَ كَوْنُ

حنبلیوں سے ابنِ تیمیہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی قبر مبارک کی زیارت کے سفر کو حرام قرار دے کر زیادتی کی ہے۔ جیسا کہ اس کے علاوہ

لہ دیوبندیوں کے مولوی سرفراز گکھڑوی نے ملا علی قاری کو یگانۂ روزگار فقیہہ و محدث لکھا ہے۔ (تبرید النواظر ص۱)

(فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

الزِّيَارَةِ قُرْبَةً مَعْلُوْمٌ مِنَ الدِّيْنِ بِالضَّرُوْرَةِ وَجَاحِدُهٗ مَحْكُوْمٌ عَلَيْهِ بِالْكُفْرِ وَلَعَلَّ الثَّانِيْ اَقْرَبُ اِلَى الصَّوَابِ لِاَنَّ تَحْرِيْمَ مَا اَجْمَعَ عَلَيْهِ الْعُلَمَاءُ فِيْهِ بِالْاِسْتِحْبَابِ يَكُوْنُ كُفْرًا لِاَنَّهٗ فَوْقَ تَحْرِيْمٍ اَلْمُبَاحُ الْمُتَّفَقُ عَلَيْهِ فِيْ هٰذَا الْبَابِ

دوسروں نے بھی زیادتی کی ہے۔ نبیٔ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے قبر مبارک کی زیارت کرنے سے اللہ تعالےٰ کا قرب حاصل ہوتا ہے۔ یہ دین میں بالکل واضح طور پر معلوم ہے۔ اس کے منکر پر کفر کا حکم لگایا جاتا ہے اور دوسری بات (زیارت کرنے والے کو منع کرنے والے کو کافر قرار دینا) حق کے زیادہ قریب ہے۔ اس لیے کہ جس کے مستحب ہونے میں علماء کا اجماع ہے۔ ایسی چیز کو حرام قرار دینا کفر ہے۔ کیونکہ علماء متفقہ فیصلہ ہے کہ جو چیز متفقہ طور پر مباح ہو اس کو حرام قرار دینا کفر ہے۔ (شواہد الحق ص۱۸۱، عجالہ بردوسالہ ص۱۸)

علامہ شہاب الدین خفاجی علیہ الرحمۃ کا فیصلہ

علامہ شہاب الدین خفاجی علیہ الرحمۃ نے ابن تیمیہ کے متعلق لکھا ہے:

فَتَوَهَّمَ اَنَّهٗ حَمٰى جَانِبَ التَّوْحِيْدِ بِخُرَافَاتٍ لَا يَنْبَغِيْ ذِكْرُهَا فَاِنَّهَا لَا تَصْدُرُ عَنْ عَاقِلٍ فَضْلًا عَنْ فَاضِلٍ۔

اُس کا یہ خیال تھا کہ وہ ان خرافات کے ساتھ توحید کی جانب کی حمایت کر رہا ہے جن خرافات کا ذکر کرنا مناسب نہیں ہے حالانکہ وہ خرافات کسی عاقل سے صادر نہیں ہو سکتے یہ بہت عجیب بات ہے چہ جائیکہ ایک فاضل سے صادر ہوں۔

(نسیم الریاض شرح شفاء شریف ج۴ ص۵۱۴، شواہد الحق ص۱۸۵، عجالہ بردوسالہ ص۱۹)

علامہ خفاجی علیہ الرحمۃ لَا تَجْعَلُوْا قَبْرِيْ عِيْدًا حدیث شریف کے تحت ابن تیمیہ کا رد اس طرح فرمایا ہے۔

اَنَّهٗ لَا حُجَّةَ فِيْهِ لِمَا قَالَهٗ ابْنُ تَيْمِيَةَ وَغَيْرُهٗ فَاِنَّ اِجْمَاعَ الْاُمَّةِ

اس حدیث شریف میں ابن تیمیہ وغیرہ کے قول کی بالکل دلیل نہیں کیونکہ اجماع

marfat.com

عَلٰی خِلَافِهٖ یَقْتَضِیْ تَفْسِیْرَهٗ بِغَیْرِ مَا فَهِمُوْهُ فَاِنَّهٗ نَزْغَةٌ شَیْطَانِیَةٌ.

اُمّت کا اس کے خلاف ہونا اس بات کا مقتضی ہے کہ اس کی تفسیر ان کی مفہومہ تفسیر کا غیر ہے۔ ان کا اس حدیث سے غلط مفہوم نکال کر غلط دعوے کی دلیل بنانا شیطانی وسوسہ ہے۔ (شواہد الحق ص۱۸۶)

علامہ ابوحیان کا فیصلہ

لغت کے بہت بڑے ماہر علامہ ابوحیان نے بھی ابنِ تیمیہ کے متعلق لکھا ہے:

هٰذَا لَا یَسْتَحِقُّ الْخِطَابَ

یہ خطاب کے لائق ہی نہیں ہے۔

(الدرر الکامنہ ص۱۵۳ مطبوعہ حیدر آباد دکن)

علامہ یوسف نبہانی علیہ الرحمۃ نے لکھا ہے کہ امام تقی سبکی علیہ الرحمۃ نے فرمایا ہے

کِتَابُ الْعَرْشِ مِنْ اَقْبَحِ الْکُتُبِ وَلَمَّا وَقَفَ عَلَیْهِ الشَّیْخُ اَبُوْحَیَّانَ مَا زَالَ یَلْعَنُهٗ حَتّٰی مَاتَ بَعْدَ اِنْ کَانَ یُعَظِّمُهٗ اِنْتَهٰی کَلَامُهٗ.

کتاب العرش ابنِ تیمیہ کی قبیح ترین کتابوں میں سے ہے۔ اور جب اس پر شیخ ابوحیان مطلع ہوئے تو مرتے دم تک ہمیشہ ابنِ تیمیہ پر لعنت کرتے رہے۔ حالانکہ وہ اس سے پہلے اس کی بڑی تعظیم کرتے تھے۔ (شواہد الحق ص۲۴۷)

علامہ شیخ محمد نجیت المطیعی علیہ الرحمۃ کا فیصلہ

شیخ العلماء علامہ محمد نجیت المطیعی علیہ الرحمۃ نے بھی ابنِ تیمیہ کے عقائد کو عقائدِ باطلہ قرار دیتے ہوئے لکھا ہے کہ:

"ہم نے ابنِ تیمیہ کے عقائدِ باطلہ کی تردید کرنے کا پورا ارادہ کیا تھا۔ لیکن جب ہم نے علامہ تقی الدین سبکی علیہ الرحمۃ کی کتاب شفاء السقام دیکھی تو اس میں ہم نے ابنِ تیمیہ کے عقائدِ باطلہ کی مدلل تردید پائی تو اسی کو کافی سمجھا اور اس کتاب کی نشر و اشاعت کو زیادہ کرنے کی کوشش کی۔"

(تطہیر الفوائد من وسن الاعتقاد ص۱۳۱ مطبوعہ ترکی)

marfat.com

علامہ صاوی علیہ الرحمۃ اللہ الباری کا فیصلہ

زبدۃ المفسرین علامہ صاوی علیہ الرحمۃ اللہ الباری نے بھی ابنِ تیمیہ کے متعلق فیصلہ دیتے ہوئے فرمایا کہ:

قَالَ الْعُلَمَاءُ اَنَّهٗ الضَّالُّ الْمُضِلُّ

(تفسیر صاوی علی الجلالین صـ۹۶ ج ۱)

علماء نے ابنِ تیمیہ کے متعلق فرمایا ہے کہ وہ خود بھی گمراہ ہے۔ اور دوسروں کو بھی گمراہ کرنے والا ہے۔

علامہ مجدالدین فیروز آبادی کا فیصلہ

علامہ مجدالدین فیروز آبادی صاحبِ قاموس نے بھی ابنِ تیمیہ اور اس کے ہم خیالوں کی تردید کرتے ہوئے لکھا ہے:-

اَمَّا حَدِیْثُ لَا تُشَدُّ وَالرِّحَالَ اِلَّا اِلٰی ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ فَلَا دَلَالَةَ فِیْهِ عَلَی النَّهْیِ عَنِ الزِّیَارَةِ بَلْ هُوَ حُجَّةٌ فِیْ ذَالِكَ وَمَنْ جَعَلَهٗ دَلِیْلًا عَلٰی حُرْمَةِ الزِّیَارَةِ فَقَدْ اَعْظَمَ الْجُرْأَةَ عَلَی اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَفِیْهِ بُرْهَانٌ قَاطِعٌ عَلٰی غَبَاوَةِ قَائِلِهٖ وَقُصُوْرِهٖ عَنْ نَیْلِ دَرَجَةِ كَیْفِیَّةِ الْاِسْتِنْبَاطِ وَالْاِسْتِدْلَالِ وَالْحَدِیْثُ فِیْهِ دَلِیْلٌ عَلٰی اِسْتِحْبَابِ الزِّیَارَةِ مِنْ وَجْهَیْنِ۔

(اَلصِّلَاتُ وَالْبُشَرٰی فِی الصَّلَاةِ عَلٰی خَیْرِ الْبَشَرِ صـ۱۲۷)

لیکن لاتشدوا الرحال والی حدیث شریف میں سے زیارت کی ممانعت پر کوئی دلیل نہیں۔ بلکہ وہ زیارت کے ثبوت پر دلیل ہے۔ جس نے اس حدیث کو حرمتِ زیارت پر دلیل بنایا ہے۔ اُس شخص نے اللہ تعالےٰ اور اُس کے رسُول کی مخالفت میں بہت بڑی جرأت کی ہے۔ اور اس سے کہنے والا کا کُند ذہن قطعی طور پر ثابت ہوتا ہے۔ اور وہ استدلال استنباط اور اجتہاد کے درجہ کی کیفیت سے بالکل بے خبر ہے۔ حالانکہ یہی حدیث شریف زیارت کے مستحب ہونے پر دو طریق سے واضح دلیل ہے۔

marfat.com

ابنِ تیمیہ نے اہلبیت اطہار، غوث اور اقطاب کی شان میں توہین اور تحقیر کی ہے

شاہ ولی اللہ کے لختِ جگر شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے اپنے فتاویٰ میں بھی ابنِ تیمیہ علیہ ما علیہ کے متعلق شرح وبسط کے ساتھ لکھا ہے۔

كَلَامُ ابْنِ تَيْمِيَّةَ فِي مِنْهَاجِ السُّنَّةِ وَغَيْرِهِ مِنَ الْكُتُبِ مُوَحِّشٌ جِدًّا فِي بَعْضِ الْمَوَاضِعِ لَا سِيَّمَا فِي تَفْرِيطِ حَقِّ أَهْلِ الْبَيْتِ وَفِي مَنْعِ زِيَارَةِ النَّبِيِّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَفِي إِنْكَارِ الْغَوْثِ وَالْقُطْبِ وَالْأَبْدَالِ وَتَحْقِيرِ الصُّوفِيَّةِ وَأَمْثَالِ ذَالِكَ وَهٰذِهِ الْمَوَاضِعُ مَنْقُولَةٌ مَوْجُودَةٌ

منہاج السنہ وغیرہ کتابوں میں ابنِ تیمیہ کا جو کلام پایا جاتا ہے۔ نہایت وحشت ہوتی ہے۔ بالخصوص ان باتوں سے تو انسان متوحش ہو جاتا ہے۔ جو اُس نے اہلبیت اطہار پر زیادتی (تنقیص اور توہین) کرتے ہوئے لکھی ہیں۔ اور نبیِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے منع کیا ہے۔ غوث قطب

لہ امام الوہابیہ اسماعیل دہلوی قتیل نے شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ القوی کے متعلق مندرجہ ذیل القاب لکھے ہیں۔ ہدایت مآب، قدوہ ارباب صدق وصفا، زبدۂ اصحاب فنا و بقاء، سید العلماء، سند الاولیاء، حجۃ اللہ علی العالمین، وارث الانبیاء والمرسلین، مرجع ہر ذلیل وعزیز، مولانا ومرشدنا الشیخ عبدالعزیز متع اللہ المسلمین بطول بقائہ واعزنا وسائر المسلمین بمجدہ وعلائہ (صراط المستقیم فارسی ص۱۶۴)، وہابیہ کے مولوی ابویحییٰ امام خاں نوشہروی قمطراز ہیں کہ شاہ عبدالعزیز صاحب کی علمی وروحانی سرگرمیاں محض قال وحال تک ہی محدود نہیں بلکہ مسلمانوں کی عام رفاہ کا خیال بھی ہر وقت دامن گیر ہے۔ (ہندوستان میں اہلحدیث کی علمی خدمات ص۱۶) فخر الوہابیہ ابراہیم میر سیالکوٹی نے شاہ عبدالعزیز علیہ الرحمۃ کو بارگاہِ مصطفیٰ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کا حضوری لکھا ہے (سراجاً منیرا ص۳۰) میر سیالکوٹی نے یہ بھی لکھا ہے کہ استاد الہند حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث رحمۃ اللہ علیہ جن کی دقیقہ شناسی اور نکتہ رسی مسلمِ کل ہے (واضح البیان ص۲۶) مولوی اشرف علی تھانوی نے مولوی محمد تھانوی سے نقل کیا ہے۔ انہوں نے کہا شاہ عبدالعزیز صاحب کو چھ ہزار حدیث کے متن یاد تھے۔ (افاضات الیومیہ ج۱ ص۲۷)

marfat.com

لِهٰذِهِ وَقَدْ تَصَدّٰی لِرَدِّ کَلَامِهٖ فِیْ زَمَانِهٖ جَهَابَذَةُ عُلَمَاءِ الشَّامِ وَالْمَغْرِبِ وَالْمِصْرِ ثُمَّ اِنَّ ابْنَ الْقَیِّمِ تَلْمِیْذَهُ الرَّشِیْدُ قَدْ بَالَغَ فِیْ تَوْجِیْهِ کَلَامِهٖ لٰکِنْ لَمْ یَقْبَلْهُ الْعُلَمَاءُ حَتّٰی اَنَّ الْمَخْدُوْمَ مُعِیْنُ الدِّیْنَ السَّنْدِیَ فِیْ عَصْرِ سَیِّدِی الْوَالِدِ اَطَالَ رِسَالَةً فِیْ رَدِّهٖ وَاِذَا کَانَ کَلَامُهٗ مَرْدُوْدًا عِنْدَ عُلَمَاءِ اَهْلِ السُّنَّةِ فَاَیُّ طَعْنٍ یُلْحِقُهُمْ فِیْ ذَالِكَ فَقَطْ.

اور اُبدال کا اِنکار کیا ہے صوفیاء کرام کی تحقیر اور توہین کے لیے اس نے بہت کچھ لکھا ہے۔ اسی طرح اس کی بہت سی باتیں ہیں۔ شام، مغرب اور مصر کے علماء کرام نے اس کے دور میں ہی اس کا مبسوط رد لکھ دیا تھا۔ اس کے شاگرد ابنِ قیم نے اگرچہ ابنِ تیمیہ کے کلام کی توجیہات اور تاویلات بیان کی ہیں۔ مگر علمائے اہلسنت وجماعت نے ان تاویلات کو قبول نہیں کیا۔ ہمارے مخدوم معین الدین

سندی نے بھی ہمارے والد ماجد (شاہ ولی اللہ دہلوی) کے زمانہ میں ابنِ تیمیہ کے رد میں ایک رسالہ لکھا تھا۔ علماء اہلسنت وجماعت کے نزدیک ابنِ تیمیہ کا کلام باطل ہے۔ (فتاویٰ عزیزی ص ۸۰-۸۱ ج ۲ مطبوعہ دیوبند)

اہلبیت سے عناد کی بناء پر سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی شاگردی کا انکار کرنا

ابنِ تیمیہ نے سرکار سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا سرکار سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے شاگرد ہونے کا انکار کیا ہے۔ اور اس کے انکار کی بنیادی وجہ سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے بغض اور عناد ہے۔ ممدوح الوہابیہ شبلی نعمانی نے بھی ابنِ تیمیہ کے اس نظریہ فاسدہ کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے۔

ابنِ تیمیہ نے اس سے انکار کیا ہے اور اس وجہ سے کیا ہے کہ امام ابوحنیفہ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کے معاصر اور ہمعصر تھے۔ اس لیے ان

marfat.com

کی شاگردی کیونکر اختیار کرتے۔ لیکن یہ ابنِ تیمیہ کی گستاخی اور خیرہ چشمی ہے۔ امام ابوحنیفہ لاکھ مجتہد اور فقیہہ ہوں۔ لیکن فضل و کمال میں ان کو حضرت امام جعفر صادق سے کیا نسبت، حدیث و فقہ بلکہ تمام مذہبی علوم اہلبیت کے گھر سے نکلے۔

(سیرت النعمان صـ۲۷ از شبلی نعمانی مطبوعہ دہلی)

علامہ شاہ فضلِ رسول بدایونی علیہ الرحمۃ کا فیصلہ

اَجْمَعَ عُلَمَاءُ عَصْرِہٖ عَلٰی ضَلَالِہٖ وَحَبْسِہٖ وَنُوْدِیَ مَنْ کَانَ عَلٰی عَقِیْدَۃِ ابْنِ تَیْمِیَّۃَ حَلَّ مَالُہٗ وَدَمُہٗ۔ تیمیہ کے عقیدہ پر ہو اُس کا مال اور خون مباح ہے۔ (سیف الجبار صـ۱۱)

اجماع کیا اُس کے عصر کے عالموں نے اُس کی گمراہی پر اور قید ہوا اور منادی ہوئی اسلام کے شہروں میں کہ جو ابن

علامہ عبدالرحمٰن سلہٹی علیہ الرحمۃ

نے اپنی تصنیفِ لطیف سیف الابرار میں لکھا ہے کہ:

"شیخ نجدی اور ابنِ تیمیہ کہ بزرگانِ دینِ متین را بد میگویند شیخ نجدی اور ابنِ تیمیہ بزرگانِ دینِ متین کو بُرا کہتے ہیں۔

(سیف الابرار علے المسلول الفجار صـ۶)

ابنِ تیمیہ چونکہ خارجی تھا۔ اس لیے اس نے خارجیوں کی مخالفت نہیں کی۔

خارجیوں کی مخالفت نہ کرنا

ابوزہرہ نے اپنی کتاب میں ان فرقوں کا تذکرہ کرتے ہوئے جن سے ابنِ تیمیہ کا مقابلہ اور مخالفت رہی لکھا ہے کہ:

"اس سلسلہ میں ہم خوارج کا ذکر نہیں کریں گے۔ کیونکہ ان سے امام ابنِ تیمیہ کی کوئی آویزش نہیں ہوئی"؛ (حیات ابنِ تیمیہ صـ۲۵۹)

علامہ یوسف نبھانی علیہ الرحمۃ کی نصیحت

جملہ اہلسنت و جماعت کو علامہ یوسف نبھانی

marfat.com

قدس سرہ النورانی نصیحت فرماتے ہیں کہ :

اِذَا عَلِمْتُ ذَالِكَ اَيُّهَا الْمُسْلِمُ الشَّافِعِيُّ اَوِ الْحَنَفِيُّ اَوِ الْمَالِكِيُّ اَوِ الْحَنْبَلِيُّ الصَّالِحُ الْمُوَفَّقُ تَعْلَمُ اَنَّهٗ يَجِبُ عَلَيْكَ الْحِذْرُ التَّامُّ مِنْ كُتُبِ الْاِمَامِ ابْنِ تَيْمِيَّةَ وَ جَمَاعَتِهِ الْمُتَعَلِّقَةِ بِالْعَقَائِدِ لِئَلَّا تَهْوِيَ فِيْ مَهْوَاةِ الضَّلَالِ وَ لَا يَنْفَعُكَ النَّدَمُ بَعْدَ ذَالِكَ بِحَالٍ مِنَ الْاَحْوَالِ وَ اِيَّاكَ اَنْ تَغْتَرَّ بِكَلَامِ السَّيِّدِ نُعْمَانَ اَفَنْدِيْ الْاٰلُوْسِيِ الْبُغْدَادِيِ فِيْ كِتَابِهٖ جِلَاءِ الْعَيْنَيْنِ وَ تَظُنَّ اَنَّهٗ حَنَفِيٌّ مِنْ اَهْلِ السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ فَهُوَ بِهٰذَا الْكِتَابِ قَدْ خَرَجَ عَنْ حَنَفِيَّتِهٖ وَ سُنِّيَّتِهٖ وَ صَارَ مِنْ جَمَاعَةِ ابْنِ تَيْمِيَّةَ نَاصِرًا لِمَذْهَبِهٖ مَذْهَبُ الْوَهَابِيَّةِ۔

اے شافعی، حنفی، مالکی اور حنبلی، صالح موفق مسلمان جب تم نے ابنِ تیمیہ کے عقائد ومسائلِ باطلہ جان لیے اب اس بات کا یقین رکھ کہ تجھے واجب ہے کہ تو ابنِ تیمیہ اور اس کی جماعت کی کتابوں سے مکمل اور پوری طرح پرہیز کرتا کہ تو گمراہی کے گڑھے میں نہ پڑے۔ اور بعد میں بہرحال تجھے ندامت نفع نہ دے گی۔ اور اپنے آپ کو اس سے بھی بچانا شاید تو لقمان افندی آلوسی کے اس کلام پر مغرور ہو جائے جو اس کی کتاب جلاء العینین میں موجود ہے۔ اور تو اُسے حنفی سُنی گمان کرے۔ کیونکہ وہ اس کتاب کی وجہ سے حنفیت اور سنیت سے خارج ہو گیا ہے۔ اور ابنِ تیمیہ کی جماعت اور اس کے وہابی مذہب کا حامی اور مددگار (شواہد الحق ص ۲۰۵ مطبوعہ مصر)

اعلیٰحضرت گولڑوی علیہ الرحمۃ کی نصیحت

اعلیٰحضرت عارفِ ربانی غوثِ صمدانی پیر سید مہر علی شاہ صاحب چشتی گولڑوی علیہ الرحمۃ کی کتاب 'عجالہ بردوسالہ' میں ابنِ تیمیہ کے متعلق مسلمانوں کو جو نصیحت فرمائی ہے۔ وہ بھی ملاحظہ فرمائیں :۔

'ابنِ تیمیہ متولد ۶۶۱ھ ومتوفی ۷۲۸ھ، مدینہ طیبہ کی طرف

marfat.com

جانا بقصدِ زیارت قبر النبی علیہ السلام (جو مومنین کے لیے بکتاب و سُنّت واجماع وقیاس اعلےٰ ذریعہ نجات کا ہے) حرام کہا۔ اور اللہ تعالےٰ کو محل حوادث اور باری تعالیٰ کی صفت ذاتی کو حادث وغیرہ بدعاتِ سیئہ پر جُرأت کرنے کے باعث آئمہ اربعہ سے علیحدہ ہونے کے علاوہ امام ہمام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے فرمانِ ذیل مندرجہ فقہ اکبر کا مصداق بنا۔ (وصفاتہٗ فی الازل غیر محدثۃ ولا مخلوق فمن قَالَ انّھا مخلوقۃ اومحدثۃ او وقف فیھا او شک فیھا کافِر باللہ تعالیٰ)

کم عِلم لوگ ابنِ تیمیہ کی طویلہ تحریرات کو دیکھ کر اپنا مذہب حق نہ چھوڑ دیں۔ علماء کرام نے بڑی تاکیدی ہدایتیں فرمائی ہیں کہ ابنِ تیمیہ کی تالیفات کو کوئی شخص بغیر جید عالم کے ملاحظہ نہ کرے۔ یعنی وہ عالم کہ اس عقائدِ فاسدہ ومضامینِ کاسدہ کی تردید پر قادر ہو۔ ورنہ کم فہم اور بودے لوگ بالکل بدعقیدہ ہو جائیں گے۔

(عجالہ نردوسالہ ص۴۲)

علامہ عبدالحی لکھنوی کا بیان

سب سے آخر میں ممدوح الوہابیہ والدیابنہ عبدالحی لکھنوی کا ابنِ تیمیہ کے متعلق فیصلہ درج کیا جاتا ہے جو قابلِ دید ہے۔

مَا ذَکَرْتُہٗ فِیْ حَقِّ ابْنِ تَیْمِیَّۃَ ھُوَ صِدْقُ الْقَرَاحُ وَالْحَقُّ الصُّرَاحُ وَلَسْتُ اَنَا مِمَّنْ یُضَلِّلُ اِبْنَ تَیْمِیَّۃَ وَیُخْرِجُہٗ مِنْ اَھْلِ السُّنَّۃِ وَیَجْعَلُ جُمْلَۃَ تَحْقِیْقَاتِہٖ ضَعِیْفَۃً وَرَدِیَّۃً وَلَا مِمَّنْ یَظُنُّ جُمْلَۃَ اَقْوَالِہٖ

میں نے ابنِ تیمیہ کے متعلق جو کچھ ذکر کیا ہے۔ وہ بالکل سچ اور واضح حق ہے۔ میں ان میں سے نہیں ہوں جن کو ابنِ تیمیہ نے گمراہ کیا ہے۔ اور اہلِ سنّت و جماعت سے نکال دیا ہے۔ اُس نے اپنی ساری تحقیقات کو تنگ اور ردّی کر دیا ہے۔ اور میں ان لوگوں میں سے

marfat.com

كَالْوَحْيِ النَّازِلِ مِنَ السَّمَاءِ وَ يُقَلِّدُ تَقْلِيدًا جَامِدًا فِي كُلِّ مَاتَفُوْهُ بِهٖ وَلَوْ كَانَ مُهْمِلًا عِنْدَ اَصْحَابِ الْاِرْتِقَاءِ۔

نہیں ہوں جو ابنِ تیمیہ کے تمام اقوال کو آسمانوں سے نازل شدہ وحی کی مانند سمجھتے ہیں۔ اور اس کے ہر بکواس کی تقلید جامد کرتے ہیں۔ اگرچہ اس کا قول اصحابِ ارتقاء کے نزدیک مہمل ہو۔ اور اُس کو بڑا عقل والا شمار کرتے ہیں۔ اور سب علماء سے بڑا عالم سمجھتے ہیں۔

اگر تو اس کے سارے نظریاتِ فاسدہ پر مطلع ہونا چاہتا ہے تو میری کتاب فرحۃ المدرسین بذکر المؤلفاتِ والمؤلفین کا مطالعہ کر۔ میں نے شرح بسط کے ساتھ اُس میں منہاج السنۃ کے ترجمہ میں اس کے حالات درج کر دیتے ہیں۔ (غیث الغمام ص۵۶)

بدعقیدہ حضرات کی تردید کرنا مسلمانوں پر بہت احسان ہے

بدعقیدہ حضرات کی تردید کرنے اور مسلمانوں کو ان کے عقائد سے باخبر رکھنے کو فوائد جامعہ میں مسلمانوں پر بہت بڑا احسان قرار دیا ہے ملاحظہ ہو۔

اُ ابنِ تیمیہ سے اصول و فروع میں بہت سی غلطیاں ہوئی ہیں۔ مگر علماءِ اُمت کا یہ بہت بڑا احسان ہے۔ کہ انہوں نے ہر زمانے میں بڑے سے بڑے عالم کی لغزش سے اُمت کو آگاہ کر دیا تاکہ آنے والے لوگ ان کی ان غلطیوں سے آگاہ رہیں۔ اور اُمت گمراہی سے محفوظ رہے۔ (فوائد جامعہ ص۲۴۶)

ناظرین حضرات! وہابیوں کے ممدوح ابوزہرہ مصری نے بھی مجدد الوہابیہ ابنِ تیمیہ کا مسلک عقائد اور اس کی تصریحات کا تذکرہ اپنی کتاب "حیات ابنِ تیمیہ" میں کیا ہے جس سے امام الوہابیہ کے عقائدِ کفریہ اور نظریاتِ فاسدہ کا علم ہر ذی شعور پر عیاں ہو جاتا ہے۔ اس لیے ابوزہرہ مصری کی عبارات درج کی جاتی ہیں۔

marfat.com

ابنِ تیمیہ کے متعلق ابوزہرہ مصری کی عبارات

ابنِ تیمیہ کے متعلق ابوزہرہ[1] نے اپنی کتاب حیاتِ ابنِ تیمیہ میں لکھا ہے:

خدا تعالےٰ کا مجسم ہونا

ابنِ تیمیہ کی تصریحات کا خلاصہ یہ ہے کہ کتاب و سنت میں ذاتِ باری تعالیٰ کے متعلق جو کچھ مذکور ہے۔ مثلاً فوق۔ تحت۔ استوی علی العرش یا اس کا چہرہ اور ہاتھ خدا کی محبت اور بغض اسے بلا تاویل جوں کا توں مان لیا جائے۔ ہم اُس کے جواب میں کہتے ہیں کہ حنابلہ نے چوتھی صدی ہجری میں بعینہٖ انہیں خیالات کا اظہار کیا تھا۔ اور انہیں سلف کی جانب منسوب کیا تو علماء ان کے خلاف اُٹھ کھڑے ہوئے اور کہا کہ اس سے خدا کی تجسیم و تشبیہ لازم آتی ہے۔

ممدوح الوہابیہ ابوزہرہ ابنِ تیمیہ کے اس عقیدۂ تجسیم و تشبیہ باری تعالےٰ سے متعلق رقمطراز ہیں:

> 'ابنِ تیمیہ کے اصل الفاظ ہم نے پیش کر دیئے اور ہم یہ کہنے پر اپنے تئیں مجبور پاتے ہیں کہ ہماری عقل اللہ کے آسمان کے اُوپر ہونے اُس کی طرف اشارہ حسیہ کرنے اس کے عرش پر مستوی ماننے اور جسمیت سے تنزیہ مطلق اور حوادث سے عدم مشابہت کے

---

[1] ابوزہرہ کے متعلق غیر مقلدین حضرات کے عطاء اللہ حنیف بھوجیانی لکھتے ہیں کہ شیخ ابوزہرہ مصر کے مشہور اہلِ قلم۔ وسیع المطالعہ۔ تقید مذہبی سے آزاد فقیہہ اور امام غزالی کے طرز کے متکلم اسلام ہیں۔ آپ مصر و شام کے ان علماء سے ہیں جو وہاں کے دشمنانِ حدیث اور تجدد زدہ ملحد فرقہ کی سرگرمیوں کے خلاف مصروفِ جہد و عمل ہیں۔ (حیاتِ ابنِ تیمیہ ص۱)

marfat.com

مابین تطبیق دینے سے قاصر ہے۔ حیرت ہے کہ امام صاحب اُن لوگوں پر سخت برہمی کا اظہار فرماتے ہیں جو ان نصوص کی تاویل کرتے ہیں۔ لیکن اس برہمی اور سخت گفتاری اور انکارِ شدید کے باوجود نصوص کی تاویل کرتے ہیں۔ لیکن اس برہمی اور سخت گفتاری اور انکارِ شدید کے باوجود نعیمِ جنت کے سلسلہ میں تمام اسمار واردہ کو مجازی قرار دیتے ہیں۔ (حیاتِ ابنِ تیمیہ ص ۴۱۳، ۴۱۴)

ابنِ تیمیہ کے نظریاتِ فاسدہ

فوائد جامعہ میں بھی ابنِ تیمیہ کے عقائدِ باطلہ درج ہیں:

'حافظ صلاح الدین علائی نے ان اصولی و فروعی مسائل کا ذکر کیا ہے جن میں ابنِ تیمیہ نے خلاف کیا ہے۔ چنانچہ بعض ان میں سے وہ ہیں۔ جن کے اندر اُس نے اجماع کے خلاف کیا ہے۔ اور بعض وہ ہیں جن میں مذاہب راجح کے خلاف کیا ہے۔ ان میں سے طلاق یمین یعنی وہ طلاق قسم کے ساتھ وابستہ ہوتی ہے۔ اس سے متعلق ابنِ تیمیہ نے لکھا ہے کہ جس چیز پر قسم کھائی جاتی ہے۔ اُس کے واقع ہونے کے بعد وہ واقع نہیں ہوتی بلکہ قسم کھا لینے والے پر قسم کا کفارہ واجب ہوتا ہے۔ حالانکہ اُس سے پہلے اس مسئلہ میں فقہائے اُمت میں سے کبھی کوئی فقیہہ کفارہ کا قائل نہیں ہوا۔' (فوائدِ جامعہ ص)

پانچ ماہ اور اٹھارہ دن کی سزا

وہابیہ نجدیہ کے پروفیسر شریف اشرف اس فتوے کے متعلق لکھتے ہیں کہ:

'چونکہ یہ فتویٰ آئمہ اربعہ کے ماننے والوں پر گراں تھا۔ اس لیے انہوں نے شیخ (ابنِ تیمیہ) کی مخالفت کی۔

شام کے قاضی نے شیخ (ابنِ تیمیہ) کو بلا کر اس قسم کا فتوے دینے سے منع کر دیا اور سلطان کا حکم بھی آگیا۔ اور شہر میں اس کا اعلان کر دیا گیا

marfat.com

شیخ کچھ عرصہ تک خاموش رہے اور پھر یہ خیال کر کے کہ یہ کتمانِ علم ہے دوبارہ فتویٰ دینا شروع کر دیا۔ (اس فتوے کی بنا پر) پھر آپ کو نائب السلطنت کے حکم سے جیل جانا پڑا پانچ مہینے اور اٹھارہ دن گزارنے پڑے۔'

(مجموعۃ التوحید اُردو ص ۱۱۱-۱۱۲)

مذاہبِ اربعہ کی مخالفت

ابوزہرہ ہی رقمطراز ہیں کہ:

'ابنِ تیمیہ بعض مسائل میں جملہ مذاہبِ اربعہ کی مخالفت پر مجبور ہو گئے۔ اور دوسرے مذاہب کی حتیٰ کہ شیعہ مذہب تک کی بعض رائیں قبول کر لیں۔'

(حیات ابنِ تیمیہ ص ۳۳۵)

زیارتِ روضۂ نبوی کا مخالف ہے

ابوزہرہ مصری نے مزید لکھا ہے کہ:

'ابنِ تیمیہ روضۂ نبوی کی زیارت کے متعلق یہ عقیدہ رکھتا ہے۔ کہ ازراہ تبرک روضۂ نبوی کی زیارت جائز نہیں۔ مسئلہ زیرِ نظر میں ابنِ تیمیہ کا موقف جمہور اہلِ اسلام کے خلاف ہے۔ بلکہ ان کے نظریات کے خلاف زبردست چیلنج کی حیثیت رکھتا ہے۔ قبورِ صلحاء اور ان کی منت و زیارت کے مسئلہ میں ہم ان کے شدید مخالف ہیں۔ ابنِ تیمیہ نے جس اساس پر تبرکاً روضۂ نبوی کی زیارت کو ممنوع قرار دیا ہے۔ وہ صنم پرستی کا خوف ہے۔ ہمارے نزدیک یہ خوف بے محل ہے۔ اس لیے زیارت منعِ توحید کے باعثِ تقدیس ہے۔'

(المذاہب الاسلامیہ ص ۲۸۳)

ابوزہرہ ہی لکھتے ہیں کہ:

'غرض ابنِ تیمیہ کا مسلک یہ ہے کہ وہ صالحین اور انبیاء کی قبروں کی زیارت کو جائز نہیں سمجھتے اور عمومی حکم سے تربتِ نبوی کو بھی مستثنیٰ نہیں کرتے۔ بلکہ اسے عموم میں داخل کرتے ہیں۔ ہم

marfat.com

اس معاملہ میں ابنِ تیمیہ کے مخالف ہیں کہ وہ حصولِ برکت کے لیے زیارتِ قبرِ رسول اور وہاں دُعاء و مناجات کا مخالف ہے۔

(حیات ابنِ تیمیہ ص۱۱۱)

ابو زہرہ نے لکھا ہے کہ:

"ابنِ تیمیہ کی مخالفت اپنی انتہا کو اس وقت پہنچی جبکہ ۷۲۶ھ میں آپ نے یہ اعلان کیا کہ مزارات کی زیارت کرنا۔ اور اولیاء اللہ کا وسیلہ اختیار کرنا حرام ہے۔ ابنِ تیمیہ اس مخالفانہ تحریک کے پہلے رہنما تھے۔ جس کے ذریعے رُوحانی اور اہلِ ذوق حضرات کے خلاف اعتراضات اور تکفیر کے تیر برسائے گئے۔ ان کے بعد صوفیاء کے جو مخالف افراد آئے وہ سب ابنِ تیمیہ کی راہ پر گامزن رہے۔"

(حیات ابنِ قیم ص۴۵)

کُفر کا فتوے لگانے میں بیباکی

ابنِ تیمیہ کی بے باکی اور مدمقابل سے عناد حد تک پہنچا ہوا تھا۔ اس کے ثبوت میں ہم ممدوح الوہابیہ ابوزہرہ کی تحریر پیش کرتے ہیں جو انہوں نے ابنِ تیمیہ کی بیباکی کی سُرخی دے کر لکھا ہے کہ:

"اس سے اندازہ لگا لیجئے کہ وہ اپنے حریفوں کے ساتھ کس قدر ہمت اور دلیری سے بحث کرتے ہوں گے۔ اور ان پر کس قدر شدت اختیار کرتے ہوں گے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ اپنے حریف پر کفر کا الزام لگانے سے بھی نہیں چوکتے۔" (حیات ابنِ قیم ص۴۵)

بدعتی کا فتوے

ابوزہرہ نے ابنِ تیمیہ کی خصلت لکھی ہے کہ: "ان کی تیزی طبع بسا دفعہ بات کو دلیل و حجت سے نکال کر طعن کی منزل میں پہنچا دیتی ہے۔ اسی طرح اپنے اکثر مخالفین کو امام صاحب بدعتی قرار دیتے ہیں"

marfat.com

روضۃ الرسول کی زیارت کے لیے سفر کرنا ناجائز ہے کے فتوے پر سزا

وہابیہ کے شریف اشرف لائلپوری نے بھی لکھا ہے کہ :

ابنِ تیمیہ نے کہا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی قبر کی زیارت کے لیے سفر جائز نہیں۔ چنانچہ سلطانِ مصر ناصر نے قضاۃ کو بلایا اور شیخ (ابنِ تیمیہ) کی عدم موجودگی میں علماء نے فیصلہ کیا کہ شیخ (ابنِ تیمیہ) نے دین میں تحریف کی ہے۔ شاہی فرمان جاری ہوا اور (ابنِ تیمیہ) اس آخری مرتبہ پھر جیل بھیج دیئے گئے۔" (مجموعۃ التوحید ص ۱۱۳)

عقائدِ باطلہ پر ابنِ تیمیہ کو سزا

وہابیہ نجدیہ کے پروفیسر محمد شریف اشرف آف لائل پور کے ایک مضمون سے تلخیص کرتے ہوئے درج کیا جاتا ہے۔

"قاضی زین الدین بن مخلوف جو کہ مالکیوں کے قاضی تھے۔ شیخ پر یہ الزام[1] لگایا کہ یہ کہتا ہے کہ اللہ تعالےٰ حقیقت میں اپنے عرش پر ہے۔ اور اللہ تعالےٰ حرفوں اور آواز سے بات کرتا ہے۔

اس پر ابنِ تیمیہ کو قاضی نے جیل بھیج دیا اور ابنِ تیمیہ نے ایک سال پورا جیل میں گزارا۔ قاہرہ کے حاکم نے حنفی۔ مالکی اور شافعی قاضیوں کو بلایا اور کہا کہ ابنِ تیمیہ ان مسائل سے رجوع کرے جن کا عقیدہ رکھتا ہے۔ اور جس کا مجلس میں اظہار کر چکا ہے تو پھر اس کو رہا کر دینا چاہیئے۔ ایک آدمی جیل میں بھیجا گیا۔ تو ابنِ تیمیہ نے کہا کہ اگر آپ مجھ سے رجوع کرانا چاہتے ہیں تو پھر میں جیل سے باہر آنے کے لیے تیار نہیں ہوں۔

---

[1] وہابیہ نجدیہ کے مولوی شریف اشرف لائلپوری نے خود اس کا اقرار کیا ہے۔ دیکھیے مجموعۃ التوحید ص ۱۰۳

[2] یہ الزام نہیں بلکہ حقیقت ہے کہ ابنِ تیمیہ کا یہی عقیدہ تھا دیکھیے فتاویٰ حدیثیہ ص ۱، حیات ابنِ تیمیہ ص ۴۱۲،

marfat.com

ابنِ تیمیہ پر فتوے

ابنِ تیمیہ اٹھارہ ماہ جیل میں گزار چکا تھا۔ (مجموعۃ التوحید اُردو ص ۱۰۵، ۱۰۶)
اب وہابیہ نجدیہ کے امام ابنِ تیمیہ سے اس کے عقائدِ باطلہ ہونے کی وجہ سے جو حکم بادشاہِ وقت نے صادر فرمایا جس کو علامہ ابنِ حجر عسقلانی شارح بخاری نے اپنی تصنیف میں تحریر فرمایا ہے درج کرتا ہوں:

"جلال الدین تزوینی نے ابنِ تیمیہ کو قید کر دیا۔ اس کے بعد ابنِ تیمیہ نے توبہ کر لی تو اُسے بری کر دیا گیا۔ پھر ابنِ تیمیہ بدل گیا۔ پھر قید ہوا تو بادشاہ کی طرف سے اعلان ہوا کہ علماء کے اتفاق سے ابنِ تیمیہ کا عقیدہ درست نہیں ہے اس لیے مَنْ اعتقد اعتقاد ابن تیمیۃ حَلَّ مالہ ودمہ، یعنی جو ابن تیمیہ کے عقیدہ کا ملے اُس کا مال لوٹ لو اور قتل کر دو۔" (الدرر الکامنہ ص ۱۴۷ مطبوعہ حیدر آباد دکن)

علامہ محمد عبدالرحمن سلمٰی علیہ الرحمۃ نے بھی ابنِ تیمیہ کی قید کا تذکرہ ان الفاظ میں فرمایا ہے۔

ابن تیمیۃ مُقَیَّداً مَغْلُولاً فِیْ بِلَادِ الْاِسْلَام۔

ابن تیمیہ کو اسلامی ملکوں میں قید کر کے جکڑ کر مارا گیا۔

(سیف الابرار علی المسلول الفجار ص ۱۱)

مولوی ثناء اللہ امرتسری سے کُفر کے فتوے کی تصدیق

جو کہ سردار الوہابیہ ہیں۔ انہوں نے اخبار اہلحدیث امرتسر میں لکھا ہے کہ:

"اٹھارہ بڑے بڑے فقہا نے علامہ (ابنِ تیمیہ) کے کُفر کا فتوے دیا جن کے سرکردہ قاضی احنافؒ مالکی تھے۔ چاروں مذہب یعنی حنفی۔ شافعی۔ مالکی۔ حنبلی فقہاء سے فتوے لیا گیا۔ سب نے بالاتفاق علامہ کی قید کا فتوے دیا۔"

(اہلحدیث امرتسر ص ۱۸ ستمبر ۱۹۰۸ء)

marfat.com

جرجی زیدان مؤرخ کا بیان

مشہور مؤرخ جرجی زیدان نے بھی ابنِ تیمیہ کی عقائدِ باطلہ کی بناء پر قید کی سزا کا تذکرہ ان الفاظ میں فرمایا ہے۔

فَانْتَقَدُوا عَلَيْهِ اُمُوْرًا خَالَفَهُمْ فِيْهَا وَنَازَعَهُمْ وَنَازَعُوْهُ وَ اَبْلَغُوْا اَمْرَهُمْ اِلٰى مَقَامِ السَّلْطَنَتِ بِمِصْرَ وَفَازُوْا بِمَا اَرَادُوْا فَنُقِلَ اِلٰى مِصْرَ وَعُقِدَ مَجْلِسًا لِمُحَاكَمَتِهٖ سَاعَةً وَصُوْلِهٖ حَضَرَهُ الْقُضَاةُ وَاَكَابِرُ الدَّوْلَةِ فَحَكَمُوْا عَلَيْهِ وَحَبَسُوْهُ فِيْ قَلْعَةِ الْجَبَلِ سَنَةً وَنِصْفَ سَنَةٍ مَعَ اَخَوَيْهِ۔

پس علماء نے اس پر کئی ان مسائل پر تنقید کی جس میں ابنِ تیمیہ نے علماء (جمہور) کی مخالفت کی تھی۔ اور اُس نے ان علماء کے ساتھ جھگڑا کیا۔ یہاں تک کہ ان کا معاملہ حکومت تک پہنچ گیا۔ حکومت نے اس کو مصر کی طرف بھیج دیا۔ اور اس کے ساتھ (مسائل پر) بحث کرنے کے لیے ایک مجلس مقرر کی اور ابن تیمیہ کے پہنچنے کے لیے وقت بھی مقرر کیا۔ اس مباحثہ میں قاضی اور حکومت کے اکابر حضرات جمع ہوئے۔ پس انہوں نے ابنِ تیمیہ کو قلعہ جبل میں ڈیڑھ سال قید رکھنے کا حکم صادر کر دیا۔

(تاریخ آداب اللغۃ العربیۃ ص۲۶۲ ج ۳ مطبوعہ مصر)

ابنِ تیمیہ کے شاگرد کو سزا

علامہ ابن حجر عسقلانی نے اپنی کتاب میں درج کیا ہے کہ:

بادشاہ کے مرنے کے بعد ابنِ تیمیہ کے شاگرد احمد بن محمد نے جامعہ امیر حسن اور جامعہ عمر بن عاص میں ابن تیمیہ کے مسلک کی تقریر کی۔ احمد بن محمد نے منبر پر کھڑے ہو کر نبی کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم اور مقربانِ خدا کی شانِ اقدس میں گستاخانہ الفاظ استعمال کیے

marfat.com

تو اُس کو ناصر بادشاہ نے اپنے نائب کے سپرد کر دیا۔ تو اُس نے عدالت ہی میں احمد بن محمدؒ کو مار مار کر خُون آلود کر دیا۔ اور گدھے پر اُلٹا سوار کر کے شہر میں چکر لگوایا۔ اور اعلان کر دیا کہ یہ وہ آدمی ہے جس نے نبیؐ پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی توہین میں تقریر کی۔ پھر اُس کو بھی قید کر دیا گیا۔ (الدرر الکامنہ ص ۲۰۲، ۲۰۳ ج ۲)

ناظرینِ کرام! دیوبندی اور غیر مقلدین وہابیوں کے مجددِ اعظم ابن تیمیہ کے متعلق اکابر محدثین اور مفسرین کے فتاویٰ آپ نے ملاحظہ فرماتے۔ اور بدعقیدگی کی بنا پر جو اُس کو سزائیں دی گئیں ان کا بھی مطالعہ فرما لیا ہے۔ اب اس کا بیان کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ ابنِ تیمیہ نے یہ بدعقیدگی کہاں سے حاصل کی۔ اور کس کے مشن کی اشاعت کی ہے۔ دیوبندی غیر مقلدین وہابی کہتے ہیں کہ ابنِ تیمیہ نے قرآن وحدیث کی اشاعت کی ہے۔ حالانکہ ان کے ممدوح خود اس حقیقت کا اعتراف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ ابنِ تیمیہ نے ابنِ حزم ظاہری سے یہ بدعقیدگی حاصل کی ہے۔ جس کا ثبوت پیش کیا جاتا ہے۔

marfat.com

ابنِ تیمیہ نے ابنِ حزم کے مشن کی اشاعت کی

ابوزہرہ نے اپنی کتاب حیات ابنِ حزم میں اس حقیقت کا انکشاف کیا ہے کہ ابنِ تیمیہ نے ابنِ حزم ظاہری اور خارجی کے عقائد اور نظریات کی ہی تبلیغ و تشہیر کی ہے۔ چنانچہ لکھتا ہے کہ:

'ابنِ تیمیہ ساتویں صدی ہجری کے آخر اور آٹھویں صدی کے اوائل میں آئے اور اسی دعوت کا آغاز کیا جسے ابنِ حزم جیسا نابغہ روزگار اپنے عصر و عہد میں شروع کر چکا تھا۔'

(حیات ابنِ حزم ص ۳۱۳)

ابنِ حزم ظاہری تھا

ابوزہرہ مصری نے واضح الفاظ میں لکھا ہے کہ:

'ابنِ حزم نے ظاہری مسلک و منہاج کو اس لیے اختیار کیا کہ اس سے اجتہاد کا دروازہ چوپٹ کھل جاتا ہے۔'

(حیات ابنِ حزم ص ۴۰۷)

خوارج اور ظاہریوں کا اشتراک

ابوزہرہ نے مزید لکھا ہے کہ: خوارج اولین لوگ تھے جنہوں نے ظواہر کتاب و سنت سے وابستہ رہنے کی بنیاد ڈالی۔ اور یہ امر خوارج اور ابنِ حزم کے مابین مشترک طور پر پایا جاتا ہے۔ خوارج کے تذکرہ کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ابنِ حزم نے کتاب و سنت کی تشریح و توضیح میں خالص ظاہری مسلک اختیار کیا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ حضرت علی کے بارے میں لا حکم الا اللہ کہہ کر خوارج

marfat.com

نے ظاہری اندازِ فکر کا سنگِ بنیاد رکھا تھا۔' (حیاتِ ابنِ حزم ص۱۹)

ابنِ تیمیہ ابنِ حزم کا شاگرد تھا

ابوزہرہ مصری ہی لکھتے ہیں کہ: 'جب ابنِ تیمیہ کی خصوصی دعوت یہ تھی کہ صالحین کو وسیلہ بنانا جائز نہیں۔ تو خوب جان لینا چاہیئے کہ اس کا اوّلین داعی ابنِ حزم تھا۔

ابنِ حزم پہلا شخص تھا جس نے صوفیاء کو اپنی کڑی تحقیق کا نشانہ بنایا۔ اور ابنِ تیمیہ آیا تو اس نے ابنِ حزم سے بھی سخت تنقید کی۔ بنا بریں ہم یہ کہنے میں حق بجانب ہیں کہ ابنِ تیمیہ ابنِ حزم کی تصانیف کے واسطہ سے اس کا شاگرد تھا۔'

(حیات ابنِ حزم ص۳۱۴، ۳۱۸، ۳۱۹)

مسلمانوں کی تکفیر کرنا۔ جمہور فقہا کے خلاف نظریاتِ فاسدہ کی بنا ڈالنا اپنے مخالفوں پر بدعت و کفر کے فتوے لگانا ابنِ تیمیہ کا شیوہ اور طریقِ کار دراصل ابنِ حزم سے سیکھا تھا۔ کیونکہ ابنِ حزم کا بالکل یہی شعار تھا جیسا کہ ابوزہرہ مصری نے بھی لکھا ہے کہ:

'ایک بات جو عام طور سے ابنِ حزم کے متعلق مشہور ہے۔ اس کی طرف بھی اشارہ ناگزیر ہے۔ اور وہ اختلافی مسائل میں اس کی تلخ بیانی ہے۔ بلاشبہ دوسروں کے افکار بیان کرنے میں اس کا لہجہ تند و تیز ہے۔ یا اس کے الفاظ میں سبک سری اور خفت کا مظہر ہے۔ مثلاً جہاں تکفیر کا موقعہ نہیں ہوتا۔ وہ وہاں دوسروں کی تکفیر سے گریز نہیں کرتا۔ جو سبک سر نہیں ہوتا اسے وہ عیب سے داغدار کرتا ہے۔ اور دوسرے فقہا کی نسبت ایسی تعبیرات سے وہ احتراز نہیں کرتا۔'

(حیات ابنِ حزم ص۲۹۶)

ابنِ حزم طہارت کے ایک مسئلہ میں جمہور فقہا کے خلاف ہے۔ وہ جنبی، حیض دار۔ اور نفاس والی عورت کے لیے قرآن کو چھونا اور پڑھنا جائز قرار دیتا ہے۔ بے وضو کے لیے تلاوت قرآن تو بالاولیٰ جائز ہوگی۔' (حیات ابنِ حزم ص۳۸۰)

marfat.com

علامہ ابنِ حجر عسقلانی کی شہادت

علامہ ابنِ حجر عسقلانی صاحب فتح الباری رحمۃ اللہ الباری ابنِ حزم کے متعلق رقمطراز ہیں :

وَمِمَّا يُعَابُ بِهٖ اِبْنِ حَزَمٍ وَقُوْعَهٗ فِی الْاَئِمَّةِ الْکِبَارِ بِاَقْبَحِ عِبَارَةٍ وَشَنْعِ رَدٍّ وَقَدْ وَقَعَتْ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ اَبِی الْوَلِيْدِ الْبَاجِیْ مُنَاظِرَاتٌ وَمُنَافِرَاتٌ قَالَ اَبُو الْعَبَّاسِ بْنِ الْعَرِيْفِ الصَّالِحُ الزَّاهِدُ لِسَانُ اِبْنِ حَزَمٍ وَسَيْفُ الْحُجَّاجِ شَقِيْقَانِ۔

اور وہ باتیں جن کی بنا پر ابن حزم پر تنقید ہوئی وہ اُس کے آئمہ کبار کی شانِ اقدس میں قبیح اور گستاخانہ عبارات لکھنا ہے اور ناشائستہ الفاظ میں ان کی تردید کرنا ہے۔ اس کے اور ابوالولید باجی کے مابین مناظرے اور مباحثے ہوئے ہیں۔ ابنِ عریف صالح کا بیان ہے۔ کہ ابنِ حزم کی زبان اور حجاج بن یوسف کی تلوار برابر ہیں۔

(لسان المیزان ص۲۰۱ ج ۴ مطبوعہ حیدر آباد دکن۔ فوائد جامعہ ص۲۶۵)

علامہ ابنِ کثیر کی شہادت

علامہ عماد الدین ابنِ کثیر صاحب تفسیر ابنِ کثیر بھی ابنِ حزم کے متعلق تحریر فرماتے ہیں کہ :

وَكَانَ ابْنُ حَزَمٍ كَثِيْرُ الْوَقِيْعَةِ فِی الْعُلَمَاءِ بِلِسَانِهٖ وَقَلَمِهٖ وَكَانَ مَعَ هٰذَا اَشَدَّ النَّاسِ تَاوِيْلًا فِیْ بَابِ الْاُصُوْلِ وَ آيَاتِ الصِّفَاتِ وَ اَحَادِيْثِ الصِّفَاتِ

اور ابنِ حزم کی زبان اور قلم سے علماء کرام کی شان میں نہایت گستاخانہ الفاظ نکلے تھے اور اس کے ساتھ ساتھ وہ اصول کے باب میں اللہ تعالیٰ کی صفات میں آیات اور احادیث میں سب سے زیادہ تاویلیں کرتا تھا۔

(البدایہ والنہایہ ص۹۲ ج ۱۲، فوائد جامعہ برعجالہ نافعہ ص۲۶۴ مطبوعہ دہلی)

علامہ عبدالوہاب شعرانی قدس سرہٗ النورانی کی شہادت

امامِ ربانی، غوثِ صمدانی

marfat.com

علامہ سیدی عبدالوہاب شعرانی قدس سرہ النورانی نے بھی اپنی معرکۃ الآرار کتاب مستطاب لطائف المنن شریف میں ابنِ حزم کے متعلق لکھا ہے:

وَلْيَحْذَرْ كُلَّ الْحَذَرِ مِنْ مُطَالَعَةِ كُتُبِ ابْنِ حَزَمٍ الظَّاهِرِيِّ اِلَّا بَعْدَ التَّطَلُّعِ مِنْ عُلُوْمِ الشَّرِيْعَةِ لَاسِيَّمَا مَا فِيْهَا مِمَّا يَتَعَلَّقُ بِاُصُوْلِ الدِّيْنِ وَفَوَائِدِ الْعَقَائِدِ وَ الْمَعَانِيْ وَالْحَقَائِقِ لِاَنَّهٗ لَمْ تَكُنْ لَهٗ يَدٌ فِيْ هٰذِهِ الْعُلُوْمِ وَاِنَّمَا اَخَذَهَا بِالْفَهْمِ فَلَمْ يُحْسِنْ كَلَامُهٗ فِيْهَا۔ (لطائف المنن ص ج ۱ مطبوعہ مصر)

ابنِ حزم ظاہری کی کتابوں کے مطالعہ سے مکمل طور پر اجتناب اور احتراز کرنا چاہیئے۔ البتہ جب علومِ شریعت میں کمال حاصل ہو جائے خصوصاً شریعت کی ان باتوں میں جن کا تعلق اصولِ دین عقائد کے فوائد۔ معانی اور حقائق سے ہے۔ کیونکہ اس نے ان علوم میں پورا عبور حاصل نہ اخذ کیا تھا۔ اسی وجہ سے ان باتوں میں اس نے اچھا کلام نہیں کیا۔

ابومروان بن حبان کی شہادت

مورخ اندلس ابومروان بن حبان نے بھی ابنِ حزم کی کتب کا جلایا جانے کا تذکرہ ان الفاظ میں لکھا ہے۔

فَتَمَالَ عَلَيْهِ فُقَهَاءُ عَصْرِهٖ وَ اَجْمَعُوْا عَلٰى تَضْلِيْلِهٖ وَشَنَّعُوْا عَلَيْهِ وَحَذَّرُوْا اَكَابِرُهُمْ مِنْ قَبِيْلِهٖ وَ نَهَوْا عَوَامَّهُمْ عَنِ الْاِقْتِرَابِ مِنْهُ فَطَفِقُوْا يَعْصُوْنَهٗ وَهُوَ مُصِرٌّ عَلٰى طَرِيْقَتِهٖ حَتّٰى كَمَلَ لَهٗ مِنْ تَصَانِيْفِهٖ وَقُرْبَ عَيْرٍ لَمْ يَتَجَاوَزْ اَكْثَرُهَا عَتَبَةَ بَابِهٖ

اُس دور کے فقہا اس کے مخالف ہو گئے اور اُس کی ضلالت و گمراہی پر اتفاق کر لیا۔ اور اُس کی بُرائیاں بیان کیں۔ اور اُس کے اکابر نے ان کو اُس کے مقابلہ سے بچا لیا۔ اور عوام کو اُس کے پاس جانے سے روکا۔ اور مسلسل اُس کی مخالفت کرتے رہے۔ اور وہ اپنے طریقہ پر قائم رہا۔ یہاں تک کہ

marfat.com

لِنُرْهِدِ الْعُلَمَاءِ فِيهَا حَتّٰى لَقَدْ اُحْرِقَ ۔ اُس کی لکھی ہوئی کتابیں ایک اونٹ کے برابر ہوگئیں اس کی کتابوں سے علماء کرام کو سخت نفرت اور بیزاری تھی۔ بایں وجہ وہ باہر نہ آسکیں اور ان کو جلا دیا۔'

(لسان المیزان ص۲۰۰ ج ۴ مطبوعہ حیدر آباد دکن، فوائد جامعہ ص۳۶۳)

مورخ ابنِ خلدون کی شہادت

مشہور مورخ ابنِ خلدون نے بھی ابنِ حزم اُس کے مذہب اور اُس کی کتابوں کے متعلق لکھا ہے کہ:

'آج ظاہریہ کا مذہب بھی مٹ مٹا گیا۔ کیونکہ اس کے امام ختم ہو گئے اور جو یہ مذہب اختیار کرتا ہے۔ اس پر جمہور کی طرف سے لعن طعن پڑتی ہے۔ اب یہ مذہب کتابوں میں ہے۔ کہیں اور نہیں۔ بہت سے طلبہ جو ان کے مذہب کا مطالعہ کرنا چاہتے ہیں اور ان کی کتابوں سے ان کی فقہ اور مذہب سیکھنا چاہتے ہیں۔ وہ اپنا وقت ضائع کرتے ہیں۔ اور اس سے جمہور کی مخالفت اور ان کے مذہب سے انکار بھی لازم آتا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ وہ اس مذہب کی وجہ سے بدعتیوں میں شمار کر لیے جائیں۔ کیونکہ وہ اساتذہ کی چابی کے بغیر کتابوں سے علم نقل کر رہے ہیں۔ ابنِ حزم نے ایسا ہی کیا تھا حالانکہ حفظِ حدیث میں ان کا بہت اونچا مقام ہے۔ یہ ظاہریہ مذہب کی طرف لوٹ گئے اور اس میں ہوشیار اور ماہر ہو گئے کہ اپنے زعم میں ان کے اقوال میں اجتہادی درجہ حاصل کر لیا۔ اور امام داؤد کی مخالفت بھی کی۔ اور بہت سے مسلمان اماموں پر بھی لے دے کی۔ علماء کو ان کا یہ رویہ بُرا معلوم ہوا۔ اور اُنہوں نے اس مذہب کی پُوری تفصیل سے تردید کی اور بُرائی بیان کی۔ اور ان کی کتابوں کا بائیکاٹ کر دیا۔ اور بازاروں میں ان کی خرید و فروخت بند

marfat.com

کردی بلکہ کبھی کبھی انہیں پھاڑ بھی دیا جاتا۔ (مقدمہ ابن خلدون ص۳۹۸ ج ۲)

علامہ ابن حجر مکی علیہ الرحمۃ کی شہادت

شیخ الاسلام علامہ ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ نے ابنِ حزم کے متعلق لکھا ہے کہ:

قَالَ الْاَئِمَّةُ فِی الْحَطِّ عَلَیْهِ اَنَّ لَهٗ مُجَازِفَاتٌ كَثِیْرَةٌ وَ اُمُوْرٌ شَنِیْعَةٌ نَشَاَتْ مِنْ غَلَظِهٖ قَالَ الْمُحَقِّقُوْنَ اِنَّهٗ لَا یُقَامُ لَهٗ وَزْنٌ (كف الرعاع ص۱۴۵ برحاشیہ الزواجر)

آئمہ کرام نے ابنِ حزم کی تذلیل کرتے ہوئے فرمایا ہے۔ کہ ابنِ حزم کی بہت سی بے تکی باتیں ہیں اور امور قبیحہ ہیں محققین نے فرمایا ہے کہ ابنِ حزم کا کوئی وزن نہیں

علامہ ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ ابنِ حزم اور ابنِ طاہر کے متعلق رقمطراز ہیں کہ:

اِنَّ كُلًّا مِنْهُمَا مُبْتَدِعٌ ضَالٌّ اَمَّا اِبْنُ حَزْمٍ فَالْعُلَمَاءُ لَا یُقِیْمُوْنَ لَهٗ وَزْنًا كَمَا نَقَلَهٗ عَنْهُمُ الْمُحَقِّقُوْنَ كَالتَّاجِ السُّبْكِیِّ وَغَیْرِهٖ لِاَنَّهُمْ اَصْحَابُ الظَّاهِرِیَّةِ مَحْضَةٌ تَكَادُ عُقُوْلُهُمْ اَنْ تَكُوْنَ مُسِخَتْ وَمَنْ وَصَلَ اِلٰی اَنَّهٗ یَقُوْلُ اِنْ بَالَ الشَّخْصُ فِی الْمَآءِ تَنَجَّسَ اَوْ فِیْ اِنَاءٍ ثُمَّ صَبَّهٗ فِی الْمَآءِ لَمْ

بیشک ابنِ حزم اور ابنِ طاہر ہر دو بدعتی اور گمراہ ہیں۔ بہرحال ابنِ حزم تو علماءِ کرام کے نزدیک اس کا کوئی وزن نہیں جیسا کہ تاج السبکی وغیرہ محققین نے ان سے یہ نقل کیا ہے۔ اس لیے کہ یہ محض ظاہریہ ہیں۔ ان کی عقلیں قریب المسخ ہیں۔ جو یہاں تک پہنچ چکا ہے۔ کہ کہتا ہے اگر کسی شخص نے پانی میں پیشاب کیا تو پانی ناپاک ہو جائے گا

لہ ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ کے متعلق غیر مقلدین کے قاضی شوکانی نے لکھا ہے کہ كَانَ زَاهِدًا مُتَقَلِّلًا عَلٰی طَرِیْقَةِ السَّلَفِ آمِرًا بِالْمَعْرُوْفِ نَاهِیًا عَنِ الْمُنْكَرِ وَاسْتَمَرَّ عَلٰی ذَالِكَ حَتّٰی مَاتَ وہ زاہد تھے۔ دُنیا کو ہیچ سمجھتے تھے۔ اور سلف کے طریقہ پر تھے۔ بھلائی کا حکم کرنے والے اور بُرائی سے روکنے والے تھے۔ مرتے دم تک ان باتوں پر عمل کرتے رہے۔ (فوائد جامعہ ص۳۳۲)

marfat.com

يَتَنَجَّسُ كَيْفَ يُقَامُ لَهٗ وَزْنٌ وَيُعَدُّ مِنَ الْعُقَلَاءِ فُضَلَاءِ عَنِ الْعُلَمَاءِ

اور اگر برتن میں پیشاب کیا۔ پھر اس پیشاب کو پانی میں ڈال دیا تو پانی ناپاک نہ ہوگا۔ ایسے قائل مفتی کا کیسے وزن ہوا۔ اور کیسے ایسے شخص کو علماء تو علماء عاقلوں میں شمار کیا جائے۔ (کف الرعاع ص۱۳۴)

مورخ جمال الدین بروی کی شہادت

فوائد جامعہ میں ہے کہ مورخ جمال الدین بن تغزی بردی النجوم الزاہرہ فی ملوک مصر والقاہرہ ج ۵ ص۷ میں لکھتے ہیں۔

ابو محمد محدث جن کا عرف ابن حزم ہے۔ اور ان کی تصنیفات بھی مشہور ہیں۔ یہ ظاہری مذہب رکھتے تھے۔

وَقَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ كُلُّ اَحَدٍ مَا خَلَا اَهْلَ الْحَدِيْثِ فَاِنَّهُمُ اَثْبَتُوْا عَلٰى حِفْظِهٖ اِنَّهٗ كَانَ صَاحِبَ لِسَانٍ خَبِيْثٍ وَيَقَعُ فِيْ حَقِّ الْعُلَمَاءِ الْاَعْلَامِ حَتّٰى صَارَ مِثْلًا فَيُقَالُ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ سَيْفِ الْحَجَّاجِ وَلِسَانِ اِبْنِ حَزْمٍ۔

اور بے شک اس کے بارے میں اہل حدیث کے سوا ہر ایک نے کلام کیا ہے۔ کیونکہ اہلحدیث نے اس کے حفظ پر اعتماد کیا ہے۔ وہ بڑا بدزبان بھی تھا۔ نامور علماء کی شان میں اس نے زبان طعن دراز کی۔ یہاں تک کہ وہ اس میں ضرب المثل ہوگیا چنانچہ کہا جاتا ہے ہم خدا سے حجاج کی تلوار اور ابن حزم کی زبان سے پناہ مانگتے ہیں۔ (فوائد جامعہ ص۲۶۶)

وہابی ابن حزم کو اپنا شیخ اور امام تسلیم کرتے ہیں

ایسے عقائد باطلہ اور نظریات رکھنے والے کو فرقہ وہابیہ کے مفسر مولوی وحید الزمان حیدرآبادی نے اپنی کتاب ہدیۃ المہدی[1] میں ابن حزم کو شیخنا، واصحابنا۔ (ہمارے بزرگ اور صاحب) کے معزز القاب سے یاد کیا ہے۔ (ہدیۃ المہدی ص۶۴)

[1] ہدیۃ المہدی قیمت آٹھ روپے اصل عربی کتاب قادری کتب خانہ جامع مسجد تحصیل بازار سیالکوٹ سے مل سکتی ہے۔

marfat.com

ابنِ حزم پر گمراہی کا فتوے اور شہر بدر کا حکم

وہابیہ نجدیہ کے میاں نذیر حسین دہلوی کے شاگرد مولوی حکیم

ابو یحییٰ محمد صاحب شاہجہانپوری نے بھی ابنِ حزم کو اہلحدیث قرار دیا ہے۔ نیز لکھا ہے کہ:

"ان کے معاصرِ زمانہ کے ہمرنگ علماء نے بالاتفاق اُن کو گمراہ ٹھہرایا اور لوگوں کو اُن سے ملنے کی ممانعت کروں۔ اور سلاطین کو بھی ان کی طرف سے بھڑکا دیا۔ حتےٰ کہ تمام سلاطین ممالک نے اپنے ملک سے ان کو نکال دیا۔"

(الارشاد الی سبیل الرشاد ص۸۱ ج۱، تاج مکلل ص۴۹ مطبوعہ بھوپال)

ابنِ تیمیہ کے ساتھ اُس کے شاگرد ابنِ قیم کا بھی حال ملاحظہ فرمائیں علماءِ حق نے اس کے متعلق کیا فتوے ارشاد فرمائے ہیں۔

marfat.com

اِبنِ تیمیّہ اور اِبنِ قیمّ !

وہابیہ نجدیہ کے دونوں بزرگ ابنِ تیمیہ اور ابنِ قیمّ (جو کہ اُستاد شاگرد بھی ہیں) کے متعلق علامہ عبدالحی لکھنوی نے لکھا ہے کہ ابنِ تیمیّہ نے اپنے شاگرد ابنِ قیم کو بھی خراب کر دیا۔ ملاحظہ فرمائیے :

اِنَّ شمس الدین محمد بن القیم مَنْ اَرشد تلامذۃِ بن تیمیّۃ قَدْ قَالَ مِنْ فَیْضِ صحبت استاذہٖ خِفَّۃَ العقل۔ (غیث الغمام ص۵۷)

شمس الدین محمد بن قیم، ابنِ تیمیہ کے شاگردوں میں سے ایک شاگردِ رشید تھا۔ اُس نے اپنے اُستاد ابنِ تیمیہ کی صحبت سے کم عقلی حاصل کی ہے۔

شیخ احمد مناوی کا فیصلہ

شیخ احمد مناوی علیہ الرحمۃ نے ابنِ تیمیہ اور ابنِ قیم کے متعلق جو فیصلہ دیا ہے۔ اُس کو علامہ نبھانی نے یُوں نقل فرمایا ہے :

لِاَنَّھَا مُصَرِّحَۃٌ بِاَنَّ کَوْنَ ابْنِ القَیِّمِ وَابْنِ تَیْمِیَّۃٍ ھُمَا مِنَ الْمُبْتَدِعَۃِ اَمْرٌ مُسَلَّمٌ،

کہ ابنِ تیمیہ اور ابنِ قیم کا بدعتی ہونا بالکل مسلم چیز ہے۔
(شواہد الحق ص۱۸۹)

ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ نے فرمایا ہے :

بِاَنَّہٗ مِنْ قَبِیْحِ مِنْ ضَلَالِھِمَا وَھُوَ مَبْنِیٌّ عَلٰی مَذْھَبِھِمَا بِالْاِثْبَاتِ وَالْجِسْمِیَّۃِ تَعَالَی اللّٰہُ عَمَّا یَقُوْلُوْنَ الظَّالِمُوْنَ عُلُوًّا کَبِیْرًا۔

اِن دونوں کی گمراہی کی قباحتوں میں سے ایک یہ ہے کہ انہوں نے اللہ تعالےٰ کی جہت اور جسمیت کو ثابت کیا ہے۔ حالانکہ اللہ تعالےٰ ان سے

marfat.com

(شواہد الحق ص۱۸۹)

پاک ہے جو یہ ظالم کہتے ہیں۔

وہابی ابنِ تیمیہ اور ابنِ قیم کے مسلک پر چلتے ہیں

علامہ یوسف بن اسماعیل علیہ الرحمۃ نے ابنِ تیمیہ اور ابنِ قیم کے متعلق تحریر فرمایا ہے کہ:

وَصَرَّحَ بِاَنَّمَا قَالَهُ اِبْنِ تَيْمِيَّةٍ وَتَلْمِيْذُهُ اِبْنُ قَيِّمٍ فِيْ مَنْعِ ذَالِكَ هُوَ خِلَافُ الصَّحِيْحِ مِنْ مَذْهَبِ الْاِمَامِ اَحْمَدَ۔

اور (حنبلی مذہب کے عالم علامہ مصطفیٰ بن احمد شطی دمشقی نے اپنی کتاب النقول الشرعیۃ فی رد علی الوہابیہ میں) یہ تصریح کے ساتھ بیان کیا ہے کہ اپنی تیمیہ اور اس کے شاگرد ابنِ قیم نے نبیِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے توسل، استغاثہ، زیارت روضہ منورہ اور طلاق کے مسائل میں جو کچھ بیان کیا ہے۔ وہ سب امام احمد رضی اللہ عنہ کے مذہب حنبلی کے بالکل خلاف ہے۔ (شواہد الحق ص۱۹۰)

وہابیہ نجدیہ کے امام میاں نذیر حسین دہلوی کے شاگرد مولوی حکیم ابو یحییٰ محمد شاہجہانپوری ابنِ قیم کے متعلق لکھتے ہیں کہ:

> ابنِ قیم کو ایذائیں دی گئیں اور وہ بھی ابنِ تیمیہ کے ساتھ قید کیے گئے اور اونٹ پر بٹھا کر پھرائے گئے دُرّے لگتے جاتے تھے۔ اور رُسوا کیے جاتے تھے۔ (الارشاد الی السبیل الرشاد ص۸۱ ج۱)

ناظرین حضرات! ابنِ قیم کے بعد وہابیہ کے مجتہد قاضی محمد بن علی شوکانی کے متعلق بھی وہابیہ کے ممدوح علامہ عبدالحی لکھنوی کا تبصرہ بھی پڑھنے کے قابل ہے۔ جو کہ درج کیا جاتا ہے۔

ابنِ تیمیہ اور قاضی شوکانی

وہابیہ نجدیہ کے امام ابنِ تیمیہ کے علاوہ قاضی شوکانی کے متعلق مولوی عبدالحی

marfat.com

لکھنوی نے لکھا ہے کہ:

وَاِنْ شِئْتَ الاطلاع علیٰ تفصیل حَالَاتِہِ السَّیِّئَۃِ وَ مَقَالَاتِہِ الزَّرِیَّۃِ فَطَالِعْ رِسَالَتِیْ فَرْحَۃَ الْمُدَرِّسِیْنَ بِذِکْرِ الْمُؤَلَّفَاتِ وَ الْمُؤَلِّفِیْنَ فَاِنِّیْ قَدْ بَسَطْتُ فِیْ تَرْجَمَتِہٖ فِیْہِ عِنْدَ ذِکْرِ مِنْہَاجِ السُّنَّۃِ اَنَّ الشَّوْکَانِیَّ مِنَ الْمُتَاخِرِیْنَ کَابْنِ تَیْمِیَّۃَ الْحَرَّانِیِّ مِنَ الْمُتَقَدِّمِیْنَ فِیْ کَثْرَۃِ الْعِلْمِ وَخِفَّۃِ الْعَقْلِ طَابَقَ النَّعْلَ بِالنَّعْلِ بَلْ فَاقَ الشَّوْکَانِیُّ عَلَی الْحَرَّانِیِّ فِی الصِّفَۃِ الْاُخْرٰی وَانْحَطَّ مِنْہُ فِی الْمَرْتَبَۃِ الْاُوْلٰی

اور اگر تم ابنِ تیمیہ اور قاضی شوکانی کے بُرے حالات اور بُری باتیں دیکھنا چاہتے ہو تو میرا رسالہ فرحۃ المدرسین بذکر المولفات والمؤلفین دیکھو۔ میں نے منہاج السنۃ کا تذکرہ کرتے ہوئے یہ لکھا ہے کہ قاضی شوکانی متاخرین میں سے عقل اور کثرتِ علم میں ابنِ تیمیہ کے مثل ہے۔ ان دونوں کی مثال ایسے ہے جیسا کہ ایک جوتا دوسرے جوتے کے عین مطابق ہوتا ہے۔ بلکہ شوکانی دوسری صفت کم عقل ہونے میں اس سے بھی بڑھ گیا ہے۔
(غیث الغمام ص۵۷ مطبوعہ لکھنؤ)

مولوی محمد حسن سنبھلی دیوبندی کا فیصلہ

وہابیوں کے مولوی حافظ صلاح الدین یوسف ہفت روزہ الاعتصام میں دیوبندیوں کے مولوی قاسم نانوتوی بانی مدرسہ دیوبند کے شاگرد مولوی محمد حسن سنبھلی کی ابنِ تیمیہ، ابنِ قیم اور قاضی شوکانی کے بارے میں درج کردہ عبارت نقل کی ہے۔ قارئین کے علم کے اضافے کے لیے وہ عبارت درج کی جاتی ہے۔

وَخُلَفَاءُ ھٰذِہِ الْمِلَّۃِ اَرْبَعَۃٌ اِبْنُ تَیْمِیَّۃَ وَاِبْنُ الْقَیِّمِ وَالشَّوْکَانِیُّ

اس اُمت کے چار امام ہیں۔ ابنِ تیمیہ ابنِ قیم، شوکانی اور چوتھا اُن کا کہتا ہے

marfat.com

وَرَابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ وَإِذَا انْضَمَّ إِلَيْهِمْ ابْنُ حَزْمٍ وَدَاوُدُ الظَّاهِرِيُّ بِأَنَّ صَارُدَ سِتَّةٌ وَيَقُولُونَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ۔

جب ان سے ابنِ حزم اور داؤد ظاہری کو بھی ملا یا جائے تو یہ چھ ہو جاتے ہیں اور بعض کہتے ہیں اور چھٹا ان کا کتا ہے۔

(ہفت روزہ الاعتصام لاہور صـ۲ ۹ر نومبر ۱۹۷۳ء)

قارئینِ کرام! آپ کے سامنے مستند کتب حوالہ جات سے ابنِ تیمیہ، ابنِ قیم اور قاضی شوکانی کے عقائدِ باطلہ اور نظریاتِ فاسدہ پیش کیے ہیں۔ انہیں عقائدِ باطلہ کی وجہ سے مستند اور مسلمہ محدثین، مفسرین، محققین، مؤرخین مدققین اور اولیاء کاملین نے جس انداز سے ان کی تردید فرمائی۔ اس کا بھی اندراج کر دیا گیا ہے۔ کوئی بھی انصاف پسند ایسے عقائد رکھنے والے کو پسند نہیں کرے گا اور نہ ہی ایسے مسلک کو صراطِ مستقیم قرار دے گا۔ جب یہ مسلمہ امر ہے۔ تو وہابیوں کے ایک مستند سوانح نگار احمد عبدالغفور عطار کی کتاب[1] "محمد بن عبدالوہاب" واضح الفاظ میں لکھتے ہیں کہ:

"وہابی ابن تیمیہ۔ ابن القیم الجوزیہ اور ان کے متبعین کے مسلک پر چلتے ہیں۔ تو اس میں راہ صواب سے کچھ بُعد نہیں ہے۔ بلکہ اصح یہی ہے۔ کہ وہابی انہی ائمہ کے متبعین میں سے ہیں۔ اور شیخ الاسلام نے بھی انہی کے طریق کے پیروی کی ہے۔"

(محمد بن عبدالوہاب صـ۱۷۴)

احمد عبدالغفور عطار وہابی کی مندرجہ بالا عبارت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ہم

---

[1] اس کتاب کا اردو ترجمہ اور حواشی وہابیوں کے شیخ الحدیث ابوالقاسم محمد عبدہ الفلاح نے کیا ہے اور پاکستان میں ادارۃ العلوم الاثریہ لائلپور نے شائع کیا ہے۔ (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

[2] محمد بن عبدالوہاب نجدی

marfat.com

یہ کہتے ہیں حق بجانب ہیں کہ وہابیہ کے مذہب میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم، خلفاءِ راشدین، صحابۂ کرام، اہلبیت اطہار، تابعین اور تبع تابعین، مفسرین، محدثین اور محققین کا کوئی مقام نہیں۔ ان کے مذہب میں ابنِ تیمیہ، ابنِ قیم، محمد بن عبدالوہاب نجدی، قاضی شوکانی وغیرہم کا خاص مقام ہے۔

ویسے وہابیوں کی کتابوں سے یہ حقیقت اظہر من الشمس ہے کہ ان کے نزدیک جو اپنے مولویوں کا مقام ہے نبیٔ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو وہ مقام نہیں دیتے ویسے یوں تو کہتے ہیں کہ نبیٔ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم خدا کے بعد سب سے بزرگ و برتر ہیں اور اعلےٰ مقام رکھتے ہیں۔ مگر جب ان کی کتابوں کو دیکھا جائے تو معاملہ بالکل برعکس نکلتا ہے۔ یہی حال مرزا قادیانی کا تھا۔ اس دعوے کے ثبوت کے لیے چند وہابی کتب سے دلائل پیش کیے جاتے ہیں:

marfat.com

وہابیّوں کے نزدیک نبیٔ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلّم سے بڑھ کر اپنے مولویوں کا مقام ہے

وہابیوں کے نزدیک حرفِ ندا یارسول اللہ، یانبی اللہ، یاحبیب اللہ کہنا شرک ہے۔ مگر جب وہابیوں کے سردار مولوی ثناء اللہ صاحب مرجائیں اور ان کے مرنے کے بعد ان کو حرفِ ندا سے وہابی پکاریں تو شرک نہ ہو۔ اور پکّے موحّد ہی رہیں۔

اے ثناء اللہ اے شیرِ خدائے لم یزل
قاسمِ علمِ الٰہی پیکرِ علم و عمل
اے زعیمِ قوم و خیرِ اُمّتِ خیرُ الاُمم!
کاش آجائے تیرا پھر سے وجودِ محترم
اے مسافر تیز رفتاری تجھے اچھی نہ تھی
چھوڑ دینی جائے سرداری تجھے اچھی نہ تھی
اے مناظر ہائے تو باغِ جناں سے کیا گیا!
تیرِ غم سے اپنے شیداؤں کا دل برما گیا

(تعزیت ثنائی صفحہ ۲)

مولوی محمّد جونا گڈھی مدیر اخبار دہلی کو مرنے کے بعد حرفِ ندا 'اے' سے پکارا ہے۔

اے فضل ھلمّ علیہ ترابا!
اے جمر احاطہ الاحجار

(اخبار محمّدی دہلی صفحہ یکم جنوری ۱۹۴۲ء)

وہابیہ نجدیہ کے مدرسہ رحمانیہ دہلی کو بھی وہابیوں نے حرفِ ندا سے یوں پکارا

marfat.com

ہے گلشنِ رحمانیہ اے نوبہار مقتدر
مرحبا کس شان سے عالم میں ہے تُو جلوہ گر

تُو نے ایسی راحتیں دیں اے مکانِ علم و فن
تیری جانب آ گئے خود عاشقانِ علم و فن !

یوں نوازش تو نے کی اے بوستانِ علم و فن
کامران ہونے لگے سب طالبانِ علم و فن

(اخبار محمدی دہلی ۱۲ صدیکم اگست ۱۹۲۸ء)

وہابیوں کے نزدیک حبیب خدا، محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کو چارہ جو سمجھنا شرک ہے۔ مگر مولوی ثناء اللہ امرتسری کو وہابی چارہ جو کہیں تو مسلمان کے مسلمان رہیں۔ وہابیوں کے نزدیک امام الانبیاء علیہ التحیۃ والثناء کو دیوار کے پیچھے کا علم نہیں ہے۔ مگر ثناء اللہ امرتسری کو وہابی قاسمِ علمِ الٰہی سمجھیں تو ان پر شرک کا فتویٰ نہ لگے۔

وہابیوں کے نزدیک حبیبِ کردگار صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کو اُمت کا والی۔ وسیلہ۔ حاجت روا اور مایۂ بے مایگاں سمجھنا شرک مگر امرتسری کو مایۂ بے مائیگاں سمجھنا عین توحید ہے :

اے امانِ مسلماں ! اے سرورِ ہندوستان
اے شفیقِ دشمناں ! اے چارۂ جوئے دوستاں
اے زبانِ بے زبان ! اے مایۂ بے مائیگاں !
غازیٔ حسنِ بیاں ! اے شوکتِ تیر و سناں

---

marfat.com

اے ثناء اللہ ! اے شیرِ خدائے لم یزل
قاسمِ علمِ الٰہی پیکرِ علم و عمل
(سیرت ثنائی ص۴۰۵)

دین پرور اے ثناء اللہ، عالی مقام
آپ کو اللہ نے بخشا تھا کارِ رہبری
(سیرت ثنائی ص۴۱۴)

وہابیوں کے نزدیک سرورِ عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو مدد کے لیے پکارنا اور ان کو مددگار سمجھنا شرک و کفر ہے۔ مگر نواب صدیق حسن بھوپالوی (جو وہابیوں کا محدث اور مفسر ہے) اپنے فرقہ کے قاضی شوکانی کو مدد کے لیے پکارے اور مددگار سمجھے تو ولیٔ کامل ہی رہے۔

زمرہ رلئے در افتاد بارباب سُنن !
شیخ سنت مدد ے قاضیٔ شوکانی مدد ے
(نفخ الطیب[1] ص۵)

وہابیوں کے نزدیک رسولِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ہماری مثل بشر ہیں۔ مگر ان کے نزدیک مولوی ثناء اللہ امرتسری کا کوئی ثانی نہیں تھا۔

اے گُل گلزارِ وحدت تیرا ثانی کون تھا !
کر دیا جس نے الگ دُودھ اور پانی کون تھا
(سیرت ثنائی ص۴۰۶)

وہابیوں کے نزدیک خدا اگر چاہے تو کروڑوں محمدؐ پیدا کر ڈالے مگر اپنے مولوی ثناء اللہ امرتسری کے متعلق عقیدہ ہے کہ ؛

اے ثناء اللہ تیرے بعد اب کوئی نہیں

---

[1] نفخ الطیب مصنفہ نواب صدیق حسن بھوپالوی قیمت ۵ روپے قادری کتب خانہ تحصیل بازار سیالکوٹ سے مل سکتی ہے۔

marfat.com

کون ہے وہ آنکھ تیرے غم میں جو روئی نہیں

(سیرت ثنائی ص۴۰۶)

وہابیوں کے نزدیک احمدِ مختار صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم انتقال کے بعد پھر دنیا میں تشریف نہیں لا سکتے مگر اپنے مولوی ثناء اللہ امرتسری کو مرنے کے بعد پھر دنیا میں آنے کے متعلق اس طرح عرض گزار ہیں:

پھر رہے ہیں منکرینِ حق کیے سر بلند!
لے کے آجا اپنی تیغِ زباں سیفِ قلم

(سیرتِ ثنائی ص۴۰۹)

اب نہیں ہرگز لڑیں گے تیرے پروانے کبھی!
آتو جا یکبار روشن پھر ہوائے شمعِ حرم

(سیرتِ ثنائی ص۴۱۱)

وہابیوں کا عقیدہ نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے متعلق ہے کہ محمد دعلی کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا۔ مگر اپنی جماعت کے مولوی عبداللہ غزنوی کے متعلق عقیدہ ہے کہ وہ مستجاب الدعوات تھے۔ (داؤد غزنوی ص۱۵)

وہابیوں کا رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے متعلق عقیدہ ہے کہ وہ نفع اور نقصان کے مالک نہیں ہیں۔ مگر اپنے مولوی ثناء اللہ امرتسری کے متعلق، عقیدہ ہے۔

آج ہر فرد بشر غم میں ہے ان کے مغموم
اُٹھ گئی آہ جماعت سے مجسم برکت!

(سیرتِ ثنائی ص۴۱۱)

وہابیوں کے نزدیک نبیٔ پاک صاحبِ لولاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم اور اولیاء کاملین علیہم الرضوان کا عرسِ پاک کرنا بدعت اور ناجائز ہے۔ مگر ان کے اپنے مولوی امام عبدالوہاب دہلوی کا ہر سال عرس منایا جاتا ہے

marfat.com

جیسا کہ اخبار محمدی والوں نے شائع کیا ہے:

"دہلی میں ہر سال عبدالوہاب صاحب آنجہانی بانی فرقہ امامیہ کا عرس ہوا کرتا ہے۔ اسی طرح اس سال بھی اس کے فرزند نے باپ کی یاد تازہ کرنے کے لیے بتاریخ ۲۸ فروری ۱۹۳۹ء کو عرس رچایا۔"

(اخبار محمدی دہلی ص ۱۵ اپریل ۱۹۳۹ء)

وہابیوں کے نزدیک نبیؐ غیب دان صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کو علم غیب اور کل کی خبر نہیں ہے۔ مگر وہابیوں کے مولویوں کو کل کی خبر بھی ہے۔ اور وہ خود علم کے خزانے بھی ہیں۔ جیسا کہ مولوی ثناء اللہ امرتسری کے مرنے کے بعد ایک وہابی مولوی ابوالخیر عبدالصمد صاحب اختر جودھپوری، امرتسری کے جنت میں سدھارنے کی خبر دے رہے ہیں۔

تھے وہ اسلام کے مشہور مناظر واللہ
آہ دنیا سے کیا کوچ سدھارے جنت!

(سیرت ثنائی ص ۴۱۱)

اے فقیہہ وقت۔ اے گنجینۂ علم و عمل
آپ کو بخشا تھا حق نے اوجِ ماہ و مشتری

(سیرت ثنائی ص ۴۱۴)

وہ عالم تھا۔ مجاہد تھا۔ محدث تھا زمانے کا!
وہ ہر میداں کا غازی مجدد تھا زمانے کا!
وہ بحرِ علم تھا جس وقت طغیانی میں آتا تھا
مناظر بالمقابل کا کلیجہ کانپ جاتا تھا
مناظر تھا۔ مجاہد تھا۔ وہ سب علموں میں اعلم تھا
غرض وہ قوم اپنی میں سپہ سالارِ اعظم تھا

(سیرت ثنائی ص ۴۱۵)

marfat.com

ثَنَاءُ اللّٰہِ اَضْحٰی بَحْرُ عِلْمٍ
یُجِیْبُ السَّائِلِیْنَ بِلَا قُنُوْطٍ
اَحَاطَ بِکُلِّ عِلْمٍ فِیْہِ نَفْعٌ
فَقُلْ مَا شِئْتَ فِی الْبَحْرِ الْمُحِیْطِ

ثناء اللہ علم کا سمندر ٹھاٹھیں مارتا تھا۔ جو پوچھنے والوں کو بغیر کسی جھجک و تامل کے جواب دے دیتا ہے۔ اس ہر ایسے علم کو جو نافع ہے احاطہ کر رکھا ہے۔ اس لیے اپنے بحرِ علوم سے جو چاہتا ہے۔ کہتا چلا جا۔

(سیرت ثنائی ص ۶۷)

وہابیوں کا عقیدہ ہے کہ نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کو کوئی اختیار نہیں مگر امرتسری کے متعلق عقیدہ ہے کہ ثناء اللہ اپنے اختیار سے اس دنیا سے گئے ہیں

اور جینا تھا تجھے اے خضرِ راہِ مستقیم
یوں نہ ہونا تھا تجھے ہیں بابِ جنّاتِ نعیم

(سیرتِ ثنائی ص ۴۰۷)

وہابیوں کے نزدیک السلام علیک یا رسول اللہ کہنا شرک و کفر ہے۔ مگر امرتسری پر حرفِ ندا سے سلام بھیجنا جائز ہے۔

السلام اے ابنِ بدروں و فلاطون کے عدیل
نور بھر دے قبر میں تیری خداوندِ جلیل
السلام اے ضیغمِ اسلام فاتح قادیان!

(سیرت ثنائی ص ۴۱۳)

۱؎ ثناء اللہ امرتسری کو فاتح قادیان کہنا سراسر جھوٹ ہے۔ بلکہ معاونِ قادیان کہنا درست ہے۔ تفصیل سے اس کا ثبوت دیکھنے کے لیے فقیر کی کتاب "وہابیت اور مرزائیت" کا مطالعہ فرمائیں۔ قیمت: ۳ روپے (فقیر ضیاء اللہ قادری غفرلہٗ)

marfat.com

اہلِ سُنت وجماعت حضور پُرنور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے فضائل و کمالات بیان کریں تو وہابیوں کے مولوی یہ کہتے ہیں کہ یہ رسول کو خدا تک بڑھا دیتے ہیں مگر اپنے مولوی امرتسری کے متعلق یہ عقیدہ ہے۔

ہو بیاں مجھ سے بھلا کب آپ کے اوصاف کا
ہو سکے خورشید اور ذرّوں میں کیونکر ہمسری

(سیرت ثنائی صـ۴۱۴)

وہابیوں کے نزدیک سرورِ کائنات علیہ افضل التحیات والصلوٰۃ والتسلیمات ہماری مثل ہیں مگر امرتسری کے متعلق عقیدہ ہے کہ:

ہو سکے خورشید اور ذرّوں میں کیونکر ہمسری

(سیرت ثنائی صـ۴۱۴)

وہابیوں کے نزدیک یہ کہنا شرک ہے کہ نبیٔ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے دم قدم سے کائنات میں بہار ہے۔ مگر اپنے مولوی امرتسری کے متعلق عقیدہ ہے کہ:

باغبانِ گلشنِ توحید و سنت آپ تھے
اے مسیحا آپ کے دم سے یہ کھیتی تھی ہری

(سیرت ثنائی صـ۴۱۴)

وہابیوں کے نزدیک سیدالمرسلین علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم عاجز ہیں مگر ان کے نزدیک امرتسری کا مقام یہ ہے:

دین پرور اے ثناء اللہ عالی مقام
آپ کو اللہ نے بخشا تھا کارِ رہبری!

(سیرت ثنائی صـ۴۱۴)

وہابیوں کے نزدیک شدِ ہر دُوسرا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم معصوم نہیں مگر ثناء اللہ امرتسری ان کے نزدیک پاکباز، پاک طینت اور شیخ الاذکیاء رہے۔

آپ شیخ الاذکیاء حجۃ الاسلام تھے۔ آپ کے حق میں تھا زیبا تر لباسِ سروری

(ہم اور التعلیم صـ۹)

marfat.com

کبھی اُس نے نظر ڈالی نہ تھی اسبابِ زینت پر
خدا رحمت کرے اس پاک باز و پاک طینت پر

(سیرت ثنائی ص ۴۱۴ - ۴۱۶)

وہابیوں کے نزدیک سرورِ عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا قولِ مبارک قرآن کی تفسیر میں حجت[1] نہیں۔ مگر ثناء اللہ امرتسری کے اسلام میں حجت قرار دے رہے ہیں

آپ شیخ الاذکیاء حجۃ الاسلام تھے
آپ کے حق میں تھا زیبا تر لباسِ سروری

(سیرتِ ثنائی ص ۴۱۴)

وہابیوں کے نزدیک شافع روزِ جزا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے مزار پُر انوار پر ارادہ کر کے جانا شرک ہے۔ مگر وہابیوں کے امام[2] عبداللہ غزنوی نے اپنے دادا کی قبر کو مرجع خلائق لکھا ہے۔ (داؤد غزنوی ص ۲۲۲)

وہابیوں کا عقیدہ ہے کہ نگاہِ نبی سے یا زیارت سے کچھ نہیں ہوتا مگر اپنے مولوی عبداللہ غزنوی کے متعلق یہ لکھا ہے کہ:

"بعض لوگ محض آپ کی صحبت میں بیٹھنے سے اور بعض صرف آپ کی زیارت سے صاحبِ حال ہو گئے۔ اور ان پر روحانی کیفیات طاری ہو گئیں۔" (داؤد غزنوی ص ۲۲۴)

وہابیوں کا اپنے مجددِ اعظم محمد بن عبدالوہاب نجدی کے متعلق عقیدہ ہے کہ:[3]

"آپ کا دروازہ ضرورتمندوں کے لیے ہمیشہ کھلا رہتا۔"

(محمد بن عبدالوہاب ضمن مصنفہ احمد عبدالغفور عطار)

---

[2] مولوی داؤد غزنوی کے دادا ہیں۔ (فیہ محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہ)

[3] پروفیسر محمد شریف اشرف لائل پوری نے محمد بن عبدالوہاب نجدی کو مجددِ اعظم لکھا ہے۔ (مجموعۃ التوحید ص)

marfat.com

وہابیوں کا عقیدہ ہے کہ نبی ؐ کے تبرکات سے کچھ فائدہ اور نفع نہیں ہوتا مگر اپنے مولوی عبداللہ غزنوی کے متعلق لکھا ہے۔ کہ:

"حضرت کے لباس سے بھی استفادہ کرنے والوں کو فیض حاصل ہوا۔ ایک طالب علم محض پوستین اُٹھانے سے وجد میں آگیا۔ اسی وجہ سے وہ طالب علم مرید پوستین کے نام سے مشہور ہوا۔"

(داؤد غزنوی ص ۲۲۴)

وہابیوں کے نزدیک نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کا یوم میلاد منانا اور تعینِ یوم بدعت ہے۔ مگر مولوی ثناء اللہ امرتسری کا دِن منانے کے لیے تمام وہابیوں سے اپیل کی جارہی ہے کہ:

"جس دِن حضرت مولانا ثناء اللہ امرتسری زخمی ہوئے (۲۹ شعبان) ہمیشہ کے لیے یوم التبلیغ منایا جائے۔ اور اس دن سب اہلحدیث دن بھر سب کام چھوڑ کر مذہب اہلحدیث کی طرف اغیار کو کھُلے کھُلے لفظوں میں صاف صاف دعوت دیں۔" (شمع توحید ص ۲۴ مطبوعہ امرتسر)

سرکار سیدنا آدم علیہ السلام سے لے کر نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم تک کلمہ شریف کی دوسری جز میں نبی یا رسول کا ذاتی نام، صفاتی نام آیا ہے مگر وہابیوں نے اپنے مولوی عبدالجبار غزنوی کا نام بھی دوسری جزو کے طور پر استعمال کیا ہے۔ دیکھیے اصل عبارت۔ مولوی ثناء اللہ امرتسری لکھتے ہیں کہ:

"ہمارے ملک میں ایک نئی تثلیث قائم ہوئی ہے۔ جو عیسائیوں کی تثلیث سے زیادہ مضبوط ہے۔ وہ کسی طرح نہیں چاہتے کہ کسی قومی کام میں ملک کام کریں۔ بقول ڈپٹی محمد شریف صاحب امرتسری جب تک کوئی شخص یہ نہ مانے کہ لَا اِلٰہ اِلَّا اللہ عبدالجبار امام اللہ۔ اس سے ملنا جائز نہیں۔" (اخبار اہلحدیث امرتسر صفحہ ۳ کالم ۲ ۵ اپریل ۱۹۱۲ء)

marfat.com

کلمہ شریف میں نبیؐ پاک صلّی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے کسی قسم کی زیادتی نہ فرمائی مگر وہابی اتنے دلیر اور بہادر نکلے ہیں کہ کلمہ میں نامعلوم کیا کیا ایزاد کیا اس کا تذکرہ خود مولوی ابوالقاسم بنارسی کانگریسی نے ان الفاظ میں کیا ہے :

" اصل یہ ہے کہ اہلحدیث کے دور کو ایک مدت گزر گئی اسی استدادِ زمانہ کی وجہ سے اُن کے آزاد خیالات میں انقلاب اور ہمت میں پستی آگئی ۔ حتےٰ کہ اپنے پُرانے ورد لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ مُحمّد رَسُوْلُ اللہ کو بھی بھولنے لگے ۔ اور اس کے ساتھ نہ معلوم کیا کیا ایزاد کیے ؛ (اخبار اہلحدیث امرتسر ص ۹ جولائی ۱۹۱۵ء)

وہابی سرورِ کائنات مفخرِ موجودات محمّد مصطفیٰ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کو اپنی مثل بشر سمجھتے ہیں ۔ مگر سیّد احمد بریلوی کے متعلق ان کے امام اسماعیل دہلوی نے کتاب 'صراطِ مستقیم'

" بندۂ ضعیف محمّد اسماعیل عرض کرتا ہے کہ اس کمترین پر خُدا تعالیٰ کی بشمار نعمتیں ہیں ۔ اور سب سے بڑی نعمت ہادیٔ زمانہ مُرشدِ یگانہ حضرت سیّد احمد صاحب کی محفل ہدایت منزل میں حاضر ہونا ہے ۔ اللہ تعالےٰ تمام مسلمانوں کو آپ کے دیر تک زندہ رکھنے سے فائدے دے ؛ (صراطِ مستقیم ص ۳)

وہابی نبیٔ پاک صاحب لولاک صلّی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کے متعلق یہ عقیدہ رکھنا کہ آپ کل کی خبر رکھتے ہیں یا آئندہ جو کچھ ہونے والا ہے کا علم رکھتے ہیں ۔ کو شرک و کفر قرار دیتے ہیں ۔ مگر اپنے مجدد محمّد بن عبدالوہاب نجدیؒ کے متعلق ان کا یہ عقیدہ ہے کہ وہ آئندہ ہونے والے معاملات کی خبر رکھتے ہیں جیسا کہ کتاب محمّد بن عبدالوہاب کے مصنف احمد عبدالغفور عطار اور اس کے مترجم وہابیوں کے شیخ الحدیث ابوالقاسم محمّد عبدہٗ الفلاح نے لکھا ہے ۔

marfat.com

انی ارجوا ان انت قمت بنصر لا اِلٰہ الاَّ اللہ اَن یظھرکَ اللہ تعالیٰ وَتملک نجدًا و اعرابھا۔ اگر تم لا اِلٰہ اِلاّ اللہ کی امداد کے لیے آمادہ ہو جاؤ تو میں اُمید کرتا ہوں۔ کہ اللہ تعالیٰ تمہیں غالب کرے گا۔ اور نجد اور اُس کے اعراب کے تم مالک بن جاؤ گے۔

(محمد بن عبدالوہاب ص۵۳)

وہابیہ نجدیہ کے نزدیک حبیب ربّ العالمین، سیّد المرسلین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلّم کے نفع اور فیض سے زمین والے فیضاب ہیں۔ یہ عقیدہ رکھنا وہابیوں کے نزدیک حبیبِ ربِ العالمین، سیّد المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے متعلق یہ عقیدہ رکھنا کہ آپ کے نفع اور فیض سے زمین والے فیضاب ہیں۔ شرک کے مگران کا اپنے مولوی میاں نذیر حسین کے متعلق یہ عقیدہ ہے کہ:

وہ کون سیّدنا مولوی نذیر حسین!
کہ جس کے فیض سے مستفیض اہلِ زمین

(معیار الحق ص۲۵۴)

وہابی نبیِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کو مجمعِ علوم نہیں سمجھتے نیز نبیِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی امتناعِ نظر کے قائل نہیں ہیں۔ مگر اپنے فرقہ کے بزرگ میاں نذیر حسین دہلوی کے متعلق ان کا ان ہر دو مسئلہ میں عقیدہ یہ ہے کہ:

عجیب ذات ہے کیا مجمعِ علوم و فنون
کہ جس کا آج نہیں ہند میں نظیر و قریں

(معیار الحق ص۲۵۴ مطبوعہ دہلی)

بلکہ وہابیوں کے نزدیک تو میاں نذیر حسین دہلوی کی کتاب "معیار الحق" بھی بے مثل یکتا ہے۔

باستیصال تقلید معین! دریں عالم بود بے مثل یکتا!

(معیار الحق ص۲۵۶ مطبوعہ دہلی)

marfat.com

وہابیوں کے نزدیک محبوبِ خُدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو نُور ماننا شرک ہے۔
مگر اپنے فرقہ کے مولوی میاں نذیر حسین دہلوی کی کتاب معیار الحق کے حروف کو نُور
مانتے ہوئے لکھتے ہیں:

ز طور معنیش بر دل تجلّی ! ز نور حرف او ہر دیدہ بینا
بنُور او منوّر چشم حق بین ز طبعش خوش دِل ہر اہلِ تقوےٰ

(معیار الحق ص۲۵۶)

وہابیہ کے امام میاں نذیر حسین دہلوی کے فتاویٰ میں ایک مولوی نور الحسن
صاحب کی مہر ہے۔ جس کے الفاظ یہ ہیں:

"ز نور الحسن جہاں شد منوّر"۔ (فتاویٰ نذیریہ ص۹۷ ج ۱ مطبوعہ دہلی)

مولوی نور الحسن کے نور سے جہاں منوّر ہو گیا۔ مولوی کے نُور سے جہاں منوّر ہو گیا
پر عقیدہ ہے مگر امام المرسلین کے نُور سے جہاں منوّر ہو گیا کہنا ان کے نزدیک شرک ہے۔

دیوبندی اور غیر مقلد وہابیوں کے اِمام اسماعیل دہلوی نے لکھا ہے کہ:

"یعنی جو کچھ کہ اللہ اپنے بندوں سے معاملہ کرے گا خواہ دُنیا میں خواہ قبر
میں خواہ آخرت میں۔ سو اُس کی حقیقت کسی کو معلوم نہیں۔ نہ نبی کو نہ ولی
کو نہ اپنا حال نہ دوسرے کا۔" (تقویۃ الایمان ص۳۱)

لیکن اپنے پیر و مرشد سید احمد کے متعلق اُس کا عقیدہ یہ ہے کہ:

"روزے حضرت جل و علا دست راست ایشاں را بدست قدرت
خود گرفتہ و چیزے را از اُمور قدسیہ کہ بس رفیع و بدیع بود پیش
روئے حضرت ایشاں کردہ فرمود کہ ترا ایں چنین و اذام و چیزہائے
دیگر ہم خواہم دادتا کہ شخصے بجناب حضرت ایشاں استدعائے
بیعت نمود حضرت دراں زماں علی العموم اخذ بیعت نمی کردند بناءً علیہ
آں شخص را ہم قبول نفرمودند ان شخص بیش از بیش الحاح کرد حضرت
ایشاں باں شخص فرمودند کہ یک دو روز توقف باید کرد بعد ازاں ہر چہ

marfat.com

مناسب وقت خواہد شد۔ ہماں بعمل خواہد آمد باز حضرت ایشاں بنابر استفسار و استیذان بجناب حضرت حق متوجہ شدند و عرض نمودند کہ بندۂ از بندگانِ تو استدعا می کند کہ بیعت بمن نمایند و تو دست مرا گرفتہ و ہر کہ دریں عالم دست کسے را می گیرد پاس دست گیری ہمیشہ می کند و اوصاف ترا با خلاق مخلوقات ہیچ نسبتے نیست پس در آں معاملہ چہ منظور است ازاں طرف حکم شد کہ ہر کہ بر دست تو بیعت خواہد کرد گو لکھو کھا باشند ہر یک را کفایت خواہم کرد۔"

(صراطِ مستقیم فارسی ص۱۶۴ مطبوعہ دہلی)

ایک دِن حضرت حق جل وعلیٰ نے آپ کا داہنا ہاتھ خاص اپنے دستِ قدرت میں پکڑ لیا۔ اور کوئی چیز امورِ قدسیہ سے جو کہ نہایت رفیع اور بدیع تھی۔ آپ کے سامنے کر کے فرمایا کہ ہم نے تجھے ایسی چیز عنایت کی ہے۔ اور چیزیں بھی عطا کریں گے تا آنکہ ایک شخص نے آپ کے پاس حاضر ہو کر بیعت کی درخواست کی اور چونکہ آپ ان ایام میں علی العموم بیعت نہیں لیا کرتے تھے۔ اس لیے اس شخص کی درخواست کو قبول نہ کیا۔ جب اس شخص نے نہایت الحاح اور اصرار کیا تو آپ نے اس سے فرمایا کہ ایک دو روز توقف کرنا چاہیئے۔ بعد ازاں جو کچھ مناسب وقت ہو گا۔ اُس پر عمل کیا جائے گا۔ پھر آپ اجازت اور استفسار کے لیے جناب حق میں متوجہ ہوئے۔ اور عرض کیا کہ بندگانِ درگاہ سے ایک بندہ اس امر کی درخواست کرتا ہے کہ مجھ سے بیعت کرے اور آپ نے میرا ہاتھ پکڑا ہوا ہے اور اس جہاں میں جو کوئی کسی کا ہاتھ پکڑتا ہے۔ ہمیشہ دستگیری کی پاس کرتا ہے۔ اور حضرتِ حق کے اوصاف کو اخلاق مخلوقات کے ساتھ کچھ مناسبت نہیں۔ پس اس معاملہ میں کیا منظور ہے! اس طرف سے حکم ہوا کہ جو شخص تیرے ہاتھ پر بیعت کرے گا۔ اگرچہ لکھو کھا ہی کیوں نہ ہوں ہم ہر ایک کو کفایت کریں گے۔" (صراطِ مستقیم فارسی ص۱۶۴ مطبوعہ دہلی)

وہابیوں کا عقیدہ نبیِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے متعلق یہ ہے کہ کسی

marfat.com

کو نفع نہیں پہنچا سکتے۔ مگر اپنے سید احمد کے متعلق عقیدہ ہے جو ممدوح الوہابیہ والدیلنبہ مولوی ابوالحسن ندوی نے لکھا ہے۔

"آپ کا پورا پورا سفر بارانِ رحمت کی طرح تھا۔ کہ جہاں سے گزرتا ہے سرسبزی و شادابی بہار و برکت چھوڑ جاتا ہے۔ دیکھنے والوں کا متفقہ بیان ہے کہ جہاں آپ تھوڑی دیر ٹھہر گئے وہاں مساجد میں رونق، اللہ رسول کا چرچا۔ ایمانوں میں تازگی۔ اتباعِ سُنّت کا شوق۔ اسلام کا جوش پیدا ہو گیا۔ اور کہیں کہیں شرک و بدعت اور رقص کا بالکل خاتمہ ہو گیا۔ اور جو بستیاں اور مقامات آپ کے قدوم سے محروم رہے وہ ان نعمتوں سے محروم رہے۔ سالہا سال تک یہ اثر اور فرق رہا۔"

(سیرت سید احمد شہید ص۱۴۱ ج ۱)

مولانا ذوالفقار علی صاحب فرماتے تھے کہ سید صاحب اس نواح (دیوبند و سہارن پور) کے اکثر قصبہ جات میں تشریف لے گئے۔ وہاں اب تک خیر و برکت ہے۔ اور دو ایک گاؤں اور قصبے ایسے ہیں۔ جہاں نہیں گئے۔ وہاں اب تک وہی نحوست اور شامت باقی ہے۔ چنانچہ بنگلور نہیں گئے۔ وہاں کے لوگوں میں وہی جہالت و قساوت ہے۔ اور ایک مختصر گاؤں ہے۔ جہاں مسلمانوں کے دو چار گھر ہیں۔ اتفاقاً سید صاحب کسی ضرورت سے وہاں بھی گئے ہیں۔ وہاں بھی خیر و برکت پائی جاتی ہے۔ گویا کہ ایک نورِ مستطیل ہے کہ جدھر جدھر وہ گئے اُدھر اُدھر وہ پھیل گیا ہے

(سیرت سید احمد شہید ص۱۴۲ ج ۱)

ابوالحسن ندوی رقمطراز ہیں کہ:

"میاں محمد حسین نواحِ سہارن پور کے ایک بزرگ اور سید صاحب کے مرید نے والد..... سے فرمایا۔ جہاں جہاں حضرت (سید احمد) کے قدم گئے۔ وہاں وہاں برکت کے آثار پائے جاتے ہیں۔ ایک جگہ تشریف لے گئے اس قصبے میں نو مسلموں کا محلہ پہلے ملتا تھا۔ انہوں نے

marfat.com

حضرت کو روک لیا۔ قاضی کے محلے تک نہ جانے دیا۔ اب خدا کی قدرت دیکھئے نو مسلموں کا محلہ نہایت سرسبز ہے۔ اور وہ لوگ بہت خوشحال ہیں اور قاضیوں کا محلہ ویران پڑا ہے۔" (سیرت سید احمد شہید ص ۱۴۱-۱۴۲ ج ۱)

وہابیوں دیوبندیوں کے مولوی الٰہی بخش کاندھلوی نے سید احمد بریلوی اور اور اس کے ساتھیوں کے متعلق ایک قصیدہ تہنیت لکھا۔ چند اشعار اُس کے لکھے جاتے ہیں۔ پڑھیں اور اس حقیقت کو آپ جھٹلا نہیں سکیں گے کہ وہابیہ کے نزدیک امام الانبیاء صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی وہ عظمت و رفعت نہیں ہے جو کہ وہ اپنے اکابر میں مانتے ہیں:

ہے گا اُس نور پر گنبدِ چرخِ اخضر — جس کے لمعان سے ہے کُند فرشتوں کی نظر
جس طرف دیکھتے وہ نور نظر آتا ہے — عقل اوّل بھی جسے دیکھ کے رہ جاشدر
کر کے میں غور جو پھر رتے زمین کو دیکھا — تھی وہ خورشید سے بھی نور میں زیادہ انور
شرق سے غرب تلک نور سے مالا مال — عرش سے فرش تلک برق سے تھا روشن تر
اس کے انوار سے روشن ہے زمین تا بفلک — اُن کی ہمت سے ہوئی دین کو سو زینت و فر
سید احمد و عالی حسب و فخر و زمان — رہبر راہ شریعت خلف پیغمبر
ہو نا معصوم اگر بعد نبی کے کوئی — ہوتی اس عصر میں عصمت بھی اُسی کے اندر
علم کو اُس کے مگر علم لدنی کہیئے — جو کہ آتا ہے اُسے ہے وہ کسے مستحضر
خاک پا سے تری اکسیر کو کیا نسبت؟ — آدمی کو تو فرشتہ کرے اور مس کو زر
تیری صحبت نے ملائک کی کر خاصیت — گو کہ ظاہر میں نظر آتے ہیں ہمشکل بشر
فخر ابنائے زماں قبلۂ ارباب صفا — کعبۂ اہل یقیں۔ دادرس ہر مضطر
فیض سے تیرے ہوا دم میں وحید دوراں — جس نے دروازے پہ تیرے کیا آکر بستر

(سیرت سید احمد شہید ص ۳۰۱ تا ۳۰۲ ج ۱)

مولوی اشرف علی تھانوی کے متعلق دیوبندی وہابیوں کا عقیدہ یہ ہے کہ مولانا تھانوی کے پاؤں دھو کر پینا نجات اخروی کا سبب ہے۔ (تذکرۃ الرشید ص ۱۱۳ ج ۱)

marfat.com

وہابیوں کے نزدیک نبیؐ پاک صلی اللہ علیہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کو وسیلہ ماننا شرک ہے۔ مگر فتاویٰ اشرفیہ میں مولوی اشرف علی تھانوی کو وسیلتنا فی الدارین لکھا ہے۔" (فتاوی اشرفیہ صـ ج ا مطبوعہ)

دیوبندی وہابی نبیؐ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے نور ہونے اور لباسِ بشری میں تشریف فرما ہونے کا استہزاء اُڑاتے ہیں۔ اور نورانیت کا اِنکار کرتے ہیں مگر اپنے مولوی خلیل احمد انبیٹھوی کے متعلق ان کا یہ نظریہ ہے کہ:

"مولانا خلیل احمد صاحب تو نور ہی نور ہیں۔ ان میں نور کے سوا کچھ نہیں۔" (تذکرۃ الخلیل صـ ۳۵۹)

اپنے مولوی رشید احمد گنگوہی کے متعلق عقیدہ ہے کہ:

کیا وصف کروں اس کا ممتاز
انساں کی شکل میں فرشتہ دیکھا!

(تذکرۃ الخلیل صـ تذکرۃ الرشید صـ)

وہابیوں کے نزدیک امام الانبیاء صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کو حاضر و ناظر ماننا شرک ہے مگر اپنے مولوی رشید احمد گنگوہی کے متعلق عقیدہ یہ ہے:

"مولوی محمود حسن صاحب نگینوی فرماتے ہیں کہ میری خوش دامن صاحبہ جو اپنے والد کے ہمراہ مکہ معظمہ میں بارہ سال تک مقیم رہیں۔ نہایت پارسا اور عابدہ و زاہدہ تھیں۔ سینکڑوں احادیث بھی ان کو حفظ تھیں۔

انہوں نے مجھ سے فرمایا کہ بیٹا حضرت (گنگوہی) کے بہت شاگرد و مرید ہیں۔ مگر کسی نے حضرت کو نہیں پہچانا۔ جن ایام میں میرا قیام مکہ معظمہ میں تھا۔ روزانہ میں نے صبح کی نماز حضرت (گنگوہی) کو حرم شریف میں پڑھتے دیکھا۔ اور لوگوں سے سُنا بھی۔ کہ یہ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی ہیں۔ گنگوہ سے تشریف لایا

marfat.com

کرتے ہیں۔" (تذکرۃ الرشید ص۲۱۲ ج ۲)

وہابیوں کا محبوبِ خدا علیہ افضل التحیۃ والصلوٰۃ والسلام کے متعلق عقیدہ ہے کہ وہ بشری کمزوریوں سے بالاتر نہیں۔ مگر رشید احمد گنگوہی نے اپنے متعلق خود ہی یہ کہا ہے کہ:

"سُن لو حق وہی ہے جو رشید احمد کی زبان سے نکلتا ہے اور بہ قسم کہتا ہوں کہ میں کچھ نہیں مگر اِس زمانے میں ہدایت و نجات موقوف ہے میرے اتباع پر۔" (تذکرۃ الرشید ص۱۷ ج ۲)

وہابی امام الانبیاء صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے متعلق سرِ عام یہ کہتے پھرتے ہیں کہ کئی مقامات پر اللہ تعالےٰ نے ان کی دُعا کو قبول نہیں فرمایا۔ مگر اپنے مولوی خلیل احمد انبیٹھوی کے متعلق عقیدہ ہے کہ:

"مولوی خلیل احمد مستجاب الدعوات ہیں۔ اور ان کی کوئی دُعا رد نہیں ہوتی۔" (تذکرۃ الخلیل ص۳۵۵)

وہابی مولوی اکثر علماء مسلکِ حق اہلسنت وجماعت کے متعلق یہ کہتے ہیں کہ یہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شان حد سے زیادہ بیان کرتے ہیں۔ مگر دیوبندی وہابی حضرات کو نبیِ پاک صلی اللہ تعالےٰ وآلہٖ وسلم کی شان بیان کرنے کی توفیق نہیں ہوئی۔ ہاں اپنے مولوی خلیل احمد انبیٹھوی کے متعلق یہ لکھنے کی توفیق ہوگئی ہے کہ:

"حضرت کے کمالات بیان کرنا میری طاقت سے باہر ہے۔ ان کا ادراک مجھ جیسے ناکارہ کی تو کیا حقیقت ہے۔ بڑوں کو بھی مشکل تھا۔" (تذکرۃ الخلیل ص۳۵)

رشید احمد گنگوہی کے متعلق ان کا نظریہ یہ ہے کہ:

لہ نوائے وقت ۱۱ اپریل ۱۹۷۶ء

marfat.com

گر بگویم تا قیامت نعت او
ہیچ آں را منقطع و غایت مجو!

(تذکرۃ الخلیل ص۵۹)

دیوبندی وہابی خلیل احمد انبیٹھوی نے شہنشاہِ ہر دو سرا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے متعلق عقیدہ یہ لکھا ہے کہ:

"نفسِ بشریت میں مماثل آپ کے جملہ بنی آدمؑ ہیں۔"

مگر مولوی رشید احمد گنگوہی کو زمانہ بھر میں بے مثل قرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

قطبِ عالم، غوثِ دوراں بے مثال!
گنجِ عرفاں نورِ ایقاں خوشخصال!

(تذکرۃ الخلیل ص۵۸)

خلیل احمد انبیٹھوی کا اپنے پیر و مرشد رشید احمد گنگوہی کے متعلق یہ نظریہ ہے کہ:

"میں تو اِس دربار (رشیدی) کے کتوں کے برابر بھی نہیں۔"[1]

(تذکرۃ الخلیل ص۶۰)

وہابیوں کا عقیدہ ہے کہ امام المرسلین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کسی کی فریاد رسی نہیں کر سکتے مگر رشید احمد گنگوہی کے متعلق عقیدہ ہے کہ:

"قطبِ عالم، غوثِ دوراں بے مثال
گنجِ عرفاں نورِ ایقاں خوش خصال

(تذکرۃ الخلیل ص۵۸)

وہابی حضرات رحمتِ کائنات کے متعلق یہ کہتے ہیں کہ رسول کے چاہنے

---

[1] براہینِ قاطعہ ص۳ مطبوعہ دیوبند [2] زمانہ کے فریاد رس۔

marfat.com

سے کچھ نہیں ہوتا[1] مگر رشید احمد گنگوہی کے متعلق عقیدہ ہے کہ:

ہادیٔ گم گشتگانِ راہِ حق!
حجتے بر خلق از رب الفلق!

(تذکرۃ الخلیل ص۵۵)

نیز مولوی رشید احمد گنگوہی کا مقولہ مولوی عاشق الٰہی میرٹھی نے لکھا ہے کہ:

"بہ قسم کہتا ہوں کہ میں کچھ نہیں ہوں مگر اس زمانے میں ہدایت و نجات موقوف ہے۔ میرے اتباع پر۔" (تذکرۃ الرشید ص۱۷ ج۲)

وہابیوں کا عقیدہ ہے کہ ملائکہ و انبیاء بھی ویسے ہی خدا کے بندے ہیں۔ جیسے کہ تم خود ہو۔ اور وہ بھی اُس کی رحمت کے طالب اور اُس کے عذاب سے اُسی طرح لرزاں و ترساں ہیں۔ جس طرح تم خود ہو۔ (کتاب الوسیلہ ص۴۲)

مگر اپنے مولوی اشرف علی تھانوی کے پیر کے متعلق یہ عقیدہ ہے کہ:

"حضرتِ والا کے متوسلین کے حسنِ خاتمہ کے بکثرت واقعات ہیں جن سے مقبولیت و برکات کا سلسلہ ظاہر ہوتا ہے۔ چنانچہ خود حضرتِ والا فرمایا کرتے ہیں۔ کہ حضرت حاجی (یعنی تھانوی صاحب کے پیر) کے سلسلے کی یہ برکت ہے کہ جو بلا واسطہ یا بالواسطہ حضرت سے بیعت ہوا اس کا بفضلہٖ تعالےٰ خاتمہ بہت اچھا ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ بعض متوسلین گو مرید ہونے کے بعد دُنیادار ہی رہے مگر ان کا خاتمہ بھی بفضلہٖ تعالیٰ اولیاء اللہ کا سا ہوا۔"

(اشرف السوانح ص۸۶ ج۲)

وہابیوں کا عقیدہ ہے کہ (جو کوئی کسی کے متعلق یہ سمجھے کہ) جو بات میرے

---

[1] تقویۃ الایمان ص۲۲

marfat.com

منہ سے نکلتی ہے وہ سب سُن لیتا ہے۔ اور جو خیال و وہم اس کے دِل میں گزرتا ہے وہ سب سے واقف ہے۔ سو اِن باتوں سے مشرک ہو جاتا ہے۔ اور اس قسم کی باتوں سب شرک ہیں۔ (تقویۃ الایمان صفحہ ۱)

لیکن اپنے مولوی اشرف علی تھانوی کے متعلق وہابیوں کا یہ عقیدہ ہے کہ

"اس امر کی تصدیق بارہا لوگوں سے سُننے میں آئی اور خود بارہا اس کا تجربہ ہوا کہ جو بات دِل میں لے کر آئے یا جو اشکال قلب میں پیدا ہوا قبل اظہار ہی اس کا جواب حضرت والا کی زبان فیض ترجمان سے ہو گیا یا باطنی پریشانی کی حالت میں حاضر ہوئے تو خطابِ خاص یا خطابِ عام میں کوئی بات ایسی فرما دی جس سے تسلی ہو گئی۔ (اشرف السوانح صفحہ ۵۹ ج ۳)

وہابیوں کے عقیدہ ہے کہ قبر کو بُت بنانا شرک کی اِبتدا ہے۔ اس لیے اس کے پاس بھی بعض لوگوں کو کبھی آوازیں سُنائی دیتی ہیں صورتیں دکھائی دیتی ہیں کوئی عجیب و غریب تصرف نظر آتا ہے۔ جسے وہ مردہ کی کرامت سمجھ لیتے ہیں۔ مثلاً کبھی دکھائی دیتا ہے کہ قبر شق ہو گئی۔ مردہ باہر نکل آیا۔ باتیں کیں۔ معانقہ کیا اس طرح کی چیزیں نبیوں اور ان کے علاوہ دوسروں کی قبروں پر بھی پیش آسکتی ہیں۔ مگر یاد رکھنا چاہیئے کہ یہ سب شیطان کی چالیں ہیں۔ جو آدمی کے بھیس میں ظاہر ہو کر مکر و فریب کا کرشمہ دکھاتا ہوا کہتا ہے کہ میں فلاں نبی یا فلاں شیخ ہوں۔"

(کتاب الوسیلہ صفحہ ۵۱ مصنفہ ابن تیمیہ)

مگر اپنے کانگریسی مولوی حسین احمد ٹانڈوی کے متعلق یہ عقیدہ لکھا ہے کہ:

"مولوی ابراہیم صاحب کی موت کا وقت قریب ہوا تو انہوں نے اپنے بیٹے کو مخاطب کر کے فرمایا۔

حضرتِ والا صاحب کھڑے ہیں تو ادب نہیں کرتا۔ حضرت مدنی ہنس رہے ہیں۔ اور بُلا رہے ہیں۔ شاہ وصی اللہ صاحب آئے ہیں۔ مجھ کو اُٹھاؤ۔" (دار العلوم بابت مارچ ۱۹۳۷ء صفحہ ۳۷)

marfat.com

وہابیوں کے نزدیک نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم، امام عالیمقام سیدنا حسین رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے نام کی نذر ماننا حرام ہے! مگر مولوی ثناء اللہ امرتسری کے لڑکے عطاء اللہ کی طبیعت ناساز ہو جاتے تو اُس کی صحت کے شکریہ پر مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی کا اپنی کتابیں تقسیم کرنے کی نذر ماننا جائز ہے۔

وہابیوں کے نزدیک قبلہ وکعبہ کہنا یا لکھنا ناجائز ہے۔ مگر اپنے سردار مولوی ثناء اللہ امرتسری کو قبلہ وکعبہ لکھا ہے۔ (اخبار اہلحدیث امرتسر ص۲ ۲۷ نومبر ۱۹۰۸ء)

مولوی رشید احمد گنگوہی کو ہی دیوبندی وہابیوں کے نام نہاد شیخ الہند محمود الحسن نے مرثیہ میں لکھا ہے کہ:

جدھر کو آپ مائل تھے ادھر ہی حق بھی دائر تھا!
مرے قبلہ مرے کعبہ تھے حقانی سے حقانی
حوائج دین و دُنیا کے کہاں لے جائیں ہم یارب
گیا وہ قبلۂ حاجات روحانی و جسمانی[1]

وہابیوں کا عقیدہ ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خُدائی کاموں میں کوئی دخل نہیں[2]۔

مگر رشید احمد گنگوہی کے متعلق عقیدہ یہ ہے کہ:

جدھر کو آپ مائل تھے ادھر ہی حق بھی دائر تھا۔ (مرثیہ ص۱)

غیر مقلدین اور دیوبندی وہابیوں کے نزدیک انبیاء بھی لا الہ الا اللہ کی فضیلت جاننے کے محتاج[3] ہیں۔ مگر اپنے مولوی رشید احمد گنگوہی کے متعلق یہ عقیدہ ہے کہ:

---

[1] اخبار اہلِ حدیث امرتسر ص۲ کالم ۲ ۳ر اکتوبر ۱۹۱۳ء - [2] فتاویٰ رشیدیہ کامل مطبوعہ کراچی [3] مرثیہ ص۹، ۱۰ [4] اخبار اہلحدیث امرتسر ص۴ ۸ جنوری ۱۹۴۳ء [5] کتاب التوحید مترجم ص۲۹

marfat.com

"درسیات کے پڑھنے اور پڑھانے اور مجاہدہ اور ریاضت ان سب سے بڑی نعمت یہ ہے۔ کہ ایسے حضرات کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا۔ ان حضرات کو دیکھنے سے یہ سمجھ میں آگیا کہ اسلام کیا چیز ہے۔"[1]

وہابیوں کا نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے روضۂ پاک پر زیارت کی نیت سے جانا حرام اور شرک ہے۔ مگر گنگوہ وغیرہ دیوبندی اکابر کے مزارات کی زیارت کی نیت سے سفر کرنا جائز ہے۔[2]

مودودی وہابیوں کے نزدیک امام الانبیاء صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم سے منقول احادیث قیاسیات[3] بھی ہیں۔ مگر مودودی صاحب کا اپنے متعلق یہ عقیدہ ہے کہ:

"ایک ایک لفظ جو میں نے اپنی تقریر میں کہا ہے۔ تول تول کر کہا ہے۔"[4]

ناظرینِ کرام! وہابیہ نجدیہ کے اکابر کی علمی قابلیت، ان کا کردار، تفرقہ بازی انتشار پسندی، توہین بزرگانِ دین، آپس میں فتوے بازی، رذیل حرکات، ملک وملت سے غداری، کانگریس نوازی، انگریز کی وفاداری اور مملکتِ خداداد پاکستان کے قیام کی مخالفت، مسلمانوں کا اکابرِ وہابیہ کے ہاتھوں قتلِ عام اور ظلم وتشدد کی روئداد کا آپ نے مستند کتب کے حوالہ جات سے مطالعہ کیا۔ نیز وہابیت کی تاریخ بھی آشکارا ہو گئی۔

اب فرقہ وہابیہ نجدیہ خارجیہ کے نزدیک اللہ تبارک وتعالیٰ جو کہ ساری کائنات کا خالق ومالک ہے کا مقام اور ان نام نہاد موحدین کی کونسی توحید ہے اس کا بیان ان کے اکابر کی مستند کتب کے حوالہ جات سے پیش کیا جاتا ہے۔

---

[1] افاضات الیومیہ ص ۴۶۳ ج ۷ [2] رسائل ومسائل ص ۵۵ ج ۱ [3] رسائل ومسائل ص ۳۰۶ ج ۱۔

marfat.com

اللہ تعالےٰ جلّ جلالہٗ کے متعلق وہابیّوں کے عقائد!

اللہ سب سے بڑا نہیں ہے

وہابیوں کے امام اور مجدد ابنِ تیمیہ کا عقیدہ شیخ الاسلام ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ نے لکھا ہے کہ وہ کہتا ہے۔

عقیدہ: اِنَّہٗ بِقَدْرِ الْعَرْشِ لَا اَصْغَرَ وَلَا اَکْبَرَ۔

اللہ تعالیٰ عرش کے برابر ہے۔ نہ اُس سے چھوٹا ہے۔ اور نہ اُس سے بڑا ہے

(فتاویٰ حدیثیہ ص۱ مطبوعہ مصر)

قارئین کرام! امام الوہابیہ ابنِ تیمیہ کے اس عقیدہ سے اظہر من الشمس ہے کہ اس کے نزدیک اللہ اکبر کہنا درست نہیں ہے۔ کیونکہ اللہ اکبر کا معنےٰ اللہ سب سے بڑا ہے۔ اور ابنِ تیمیہ کہتا ہے کہ اللہ عرش سے نہ بڑا ہے۔ اور نہ چھوٹا ہے۔ بلکہ عرش کے برابر ہے۔ جب برابر ہے۔ تو پھر وہابیوں کے نزدیک اللہ تعالےٰ سب سے بڑا نہیں ہے۔

اللہ تعالےٰ عرش کے اُوپر موجود ہے

دیوبندی اور غیر مقلد وہابیوں کے امام اور مجدد ابنِ قیم کا عقیدہ ہے:

عقیدہ: وَزَعَمْتُ اَنَّ اللّٰہَ فَوْقَ الْعَرْشِ وَالْکُرْسِیِّ حَقًّا فَوْقَہُ الْقَدَمَانِ۔

marfat.com

اور میرا عقیدہ ہے کہ بے شک اللہ تعالےٰ عرشِ معلیٰ اور کرسی کے اُوپر موجود ہے۔ اور اللہ تعالےٰ نے دونوں قدم کُرسی پر رکھے ہیں۔

(قصیدہ نونیہ از ابنِ قیمّ ص۳۱)

اللہ تعالیٰ کے وزن سے کُرسی چرچر کرتی ہے

امام الوہابیہ وحیدالزمان نے وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کے ماتحت لکھا ہے کہ:

عقیدہ: جب وہ کرسی پر بیٹھا ہے۔ تو چار اُنگل بھی بڑی نہیں رہتی ہے اور اُس کے بوجھ سے چرچر کرتی ہے۔ (قرآنِ پاک مترجم مولوی وحیدالزمان)

عرشِ معلیٰ چرچر کرتا ہے!

امام الوہابیہ مولوی اسماعیل دہلوی قتیل نے بھی اپنی کتاب تقویۃ الایمان میں اللہ تعالےٰ کی عظمت سے عرش کا چرچر کرنا لکھا ہے۔

"اللہ کی بہت بڑی شان ہے کہ سب انبیاء اور اولیاء اُس کے روبرو ایک ذرہ ناچیز سے بھی کمتر ہیں۔ سارے آسمان اور زمین کو عرش اُس کا قبہ کی طرح گھیر رہا ہے۔ اور باوجود اس بڑائی کے اُس شہنشاہ کی عظمت نہیں تھام سکتا۔ بلکہ اُس کی عظمت سے چرچر بولتا ہے۔ سو کسی مخلوق کی کیا طاقت اُس کی بڑائی کا بیان کر سکے۔"

(تقویۃ الایمان ص مطبوعہ دہلی)

اللہ تعالےٰ کی ذات کو سجدہ کرنے کی ممانعت

marfat.com

عقیدہ : سجدہ نہ کسی زندہ کو کیجئے نہ کسی مُردہ کو۔ نہ کسی قبر کو کیجئے نہ کسی تھاں کو۔ کیونکہ جو زندہ ہے۔ سو ایک دن مرنے والا ہے ؛ (تقویۃ الایمان ص۶۱)

اسماعیل دہلوی قتیل کی اس عبارت کا یہ جملہ کہ سجدہ نہ کسی زندہ کو کیجئے، غور طلب ہے اسماعیل دہلوی کے قانون کے مطابق اس میں خُدا تعالےٰ کو سجدہ کرنے سے ممانعت ہے۔ کیونکہ ہمارا خدا تعالےٰ تو زندہ ہے جیسا کہ قرآنِ پاک میں اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔ وہ زندہ اور قائم رہنے والا ہے۔ اسماعیل دہلوی یہ درس دے رہے ہیں کہ زندہ کو سجدہ نہ کیجئے۔ اور ساتھ ہی آخر میں یہ مفروضہ درج کر دیا کہ کیونکہ جو زندہ ہے سو ایک دِن مرنے والا ہے۔

حالانکہ خدا تعالےٰ الحی القیوم زندہ بھی ہے اور نہ مرنے والا ہے۔ اہلسنت وجماعت کا عقیدہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو سجدہ جائز نہیں۔

مولوی وحید الزمان ہی آیۃ اَلرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی کا ترجمہ کرتے ہیں کہ :

عقیدہ : وہ بڑے رحم والا تخت پر چڑھا۔ (تبویب القرآن ص۴۷)

ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ۔ پھر تخت پر جا بیٹھا۔

(تبویب القرآن ص۵)

مولوی وحید الزمان حیدر آبادی نے اپنی کتاب ہدیۃ المھدی (جس کے ٹائیٹل پیج پر لکھا ہے مشتمل بر عقائد اہلحدیث) میں بھی اللہ تعالےٰ کے متعلق لکھا ہے۔

عقیدہ : اللہ تعالےٰ جب آسمانِ دُنیا کی طرف نزول فرماتا ہے تو عرشِ مُعلّٰی اُس سے خالی رہتا ہے۔ یہ قول زیادہ صحیح ہے۔ (ہدیۃ المھدی ص۱۰۰ ج ۱)

وہابیوں کے مولوی محمد یونس دہلوی اور مولوی محی الدین رقم طراز ہیں کہ :

عقیدہ : اللہ عرش پر ہے۔ مگر اس فوق اور استواء کی حقیقت اللہ کے

لہ ہدیۃ المھدی کتاب قادری کتب خانہ سیالکوٹ سے ۸ روپے میں مِل سکتی ہے۔

marfat.com

سوا کسی کو معلوم نہیں۔ ہم اس پر ایمان لاتے ہیں۔ اور کیفیت اور تاویل سے کچھ غرض نہیں رکھتے۔' (دستور المتقی فی احکام النبی ص۱۶، فقہ محمدیہ ص۷ ج ۱)

وہابیہ نجدیہ کے مولوی عبدالجبار سلفی آف کراچی لکھتے ہیں کہ:

عقیدہ: خدا تعالیٰ کے عرش پر ہونے کا منکر کافر ہے۔ (استواء علی العرش ص۳۵)

عقیدہ: صحیح بات تو یہ ہے کہ اللہ عزوجل بذاتہٖ عرشِ عظیم پر مستوی ہے۔ ہر جگہ نہیں۔' (استواء علی العرش ص۳۷)

وہابیہ نجدیہ کے شہرۂ آفاق ہفت روزہ 'الاعتصام' میں لکھا ہے کہ:

عقیدہ: اللہ تعالےٰ عرشِ بریں پر قائم ہے۔ اور وہ جہت علو میں ہے۔

(الاعتصام ص۸ ۲۰ دسمبر ۱۹۵۵ء)

وہابیوں کے مولوی عبدالستار دہلوی نے فتویٰ دیا ہے کہ:

عقیدہ: خداوندِ قدوس کا صاحبِ عرش اور مستوی عرشِ عظیم ہونا بالکل حق اور صحیح ہے۔' (صحیفہ اہلحدیث کراچی ص۱۴ یکم جمادی الثانی ۱۳۸۹ھ)

عقیدہ: جماعت اہلحدیث کا اعتقاد اور ایمان یہ ہے کہ خدائے عزوجل بذاتہٖ المنزہ تمام مخلوق سے بائن اور عرشِ عظیم پر مستوی ہے۔'

(صحیفہ اہلحدیث کراچی ص۸ یکم جمادی الاوّل ۱۳۷۴ھ)

عقیدہ: اللہ تعالےٰ نے جو وصف اپنی ذات کے لیے فرمایا ہے (جیسے عرشِ عظیم پر مستوی ہونا) جس نے اس کا انکار کیا وہ بھی کافر ہوا۔ (فتاویٰ ستاریہ ص۸۵ ج ۲)

مولوی عبدالستار دہلوی کا ایک اور فتوےٰ فتاویٰ ستاریہ میں موجود ہے۔ وہ سوال وجواب دونوں درج کیے جاتے ہیں۔

عقیدہ: سوال:۔ زید نے بکر سے سوال کیا کہ اللہ پاک کہاں ہے؟ بکر نے جواب دیا کہ اللہ پاک عرش پر ہے۔ قرآن شریف میں فرمانِ الٰہی موجود ہے۔ کہ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى۔ زید نے کہا یہ بات

marfat.com

بالکل غلط ہے۔ اللہ میاں تو ہر جگہ موجود ہے۔ اس کا کوئی مکان نہیں۔ اس کی دلیل قرآن میں ہے کہ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ الآیۃ بکر نے جواب دیا کہ بھائی یہ معنی آپ نے غلط سمجھا ہے۔ یہ تو خدا کا علم ہے۔ جو ہر جگہ موجود ہے۔

جواب:- زید کا قول مثل بول اور سراسر غلط و باطل ہے۔

اللہ تعالےٰ رب العزۃ کا عرش پر مستوی ہونا ثابت ہے۔ آیتِ قرآنی اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى وہ رحمان ہے اوپر عرش کے قرار پکڑا اس نے۔ (فتاویٰ ستاریہ صـ۸۳ ج ۲ مطبوعہ کراچی)

ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ پھر قرار پکڑا اوپر عرش کے

ناظرینِ کرام! اکابر وہابیہ نے اپنے مندرجہ بالا عقائد میں اللہ تعالیٰ کو کرسی اور عرشِ معلےٰ کے برابر قرار دے کر اس کو محدود بنا دیا۔ حالانکہ ربِ کریم جل جلالہٗ لامحدود ہے۔ نیز اللہ تعالےٰ کی مثل قرار دے دیا۔ جب کہ ربِ کریم جل جلالہٗ کا اعلان ہے۔ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ اُس کی مثل کوئی چیز نہیں ہے۔

نیز جب اللہ تعالےٰ عرش کے برابر ہے۔ اور اس پر بیٹھا ہے تو پھر اللہ تعالےٰ عرشِ معلےٰ کا محتاج بھی ہوا۔ لیکن قرآنِ پاک فرماتا ہے کہ:

فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِيْنَ۔ بے شک اللہ تعالےٰ تمام جہانوں سے بے پرواہ ہے۔

(پ ع)

یہاں پر استوار کا معنےٰ توجہ فرمانا ہے۔ قرار پکڑنا نہیں۔ توجہ فرمانے سے ربِ کریم کی شانِ خداوندی میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔

اللہ تعالےٰ محتاج ہے

دیوبندی اور غیر مقلد وہابیوں کے اِمام اور مجددِ اعظم ابنِ تیمیہ کے نزدیک تو

marfat.com

اللہ تعالےٰ محتاج ہے۔ جیسا کہ شیخ الاسلام علامہ ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ نے ابنِ تیمیہ کے عقائد میں لکھا ہے:

عقیدہ: اللہ تعالےٰ کی ذات ایسی ہی محتاج ہے جیسے کُل جُزء کا محتاج ہے۔

(فتاویٰ حدیثیہ ضنا مطبوعہ مصر)

اکابر وہابیہ نے جو یہ لکھا ہے کہ اللہ تعالےٰ عرش پر بیٹھا ہے۔ اس سے یہ ثابت ہو گا کہ اللہ تعالےٰ کو ملائکہ نے اُٹھائے رکھا ہے۔ کیونکہ قرآنِ پاک میں اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے:

اَلَّذِیْنَ یَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ یُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ (پ۲۴ ع ۶)

وہ (ملائکہ) جو عرش اُٹھاتے ہیں۔ اور جو اس کے گرد ہیں۔ اپنے ربّ کی تعریف کے ساتھ اُس کی پاکی بولتے ہیں۔

وہابیہ کے عقائد اور قرآنی آیت دونوں کو سامنے رکھا جائے تو پھر وہابیوں کے نزدیک ملائکہ نے اللہ تعالےٰ کے بوجھ کو مع عرش کے بوجھ کے اُٹھائے رکھا ہے۔ نیز اس سے خُداوندِ کریم کا محیط ہونا بھی لازم آتا ہے۔ کیونکہ ربِ کریم نے قرآنِ پاک میں فرمایا ہے۔

وَتَرَی الْمَلٰٓئِکَةَ حَآفِّیْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ یُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ (پ ع)

اور (یا رسُولَ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) آپ فرشتوں کو دیکھتے ہیں کہ عرش کے چوفیرے کو گھیرے ہوئے ہیں۔ اپنے ربّ کی حمد کے ساتھ اللہ تعالےٰ کی تسبیح بیان کرتے ہیں۔

اس آیت سے ثابت ہوا کہ عرشِ معلےٰ کو ملائکہ محیط ہیں۔ جب عرشِ معلےٰ کو ملائکہ محیط ہیں تو وہابیوں کے نزدیک جو اُس کے اُوپر قرار پکڑے ہے اور چڑھا ہوا ہے۔ تو اُس خداوندِ کریم کو بھی ملائکہ محیط ہیں نیز ایسے عقائد کی بناء پر ربِ تعالےٰ کو مکین ماننا پڑے گا۔ یہ سب کچھ کُفر ہے۔

marfat.com

اللہ تعالےٰ مجسّم ہے!

شیخ الاسلام ابنِ حجر مکّی علیہ الرحمۃ نے مجدّد الوہابیہ ابنِ تیمیہ کا عقیدہ لکھا ہے کہ:

عقیدہ: قولہ بالجسمیۃ والجھۃ وہ (ابنِ تیمیہ) اللہ تعالےٰ کا جسم اور جہت قرار دیتا تھا۔ (فتاویٰ حدیثیہ ص۱۰۱ مطبوعہ مصر)

عقیدہ: اللہ تعالےٰ مرکب ہے۔ (فتاویٰ حدیثیہ ص۱۰۱)

وہابیوں کے مولوی عبدالجبار سلفی آف کراچی نے لکھا ہے کہ:

عقیدہ: دستِ خداوندی کا حقیقی (مثل انسانوں کے) ہونا صحیح ہے!
(استواء علی العرش ص۳۵)

وہابیوں کے مفسّر اور محدّث مولوی وحید الزمان حیدر آبادی نے لکھا ہے کہ:

ولہ (تعالیٰ) وجہ وعین و ید وکف و قبضۃ و اصابع وساعد وذراع وصدر و جنب وحقو وقدم و رجل وساق وکنف کما تلیق بذاتہ المقدسۃ۔ (ہدیۃ المھدی ص۹)

اللہ تعالےٰ اپنی مثل پیدا کر سکتا ہے

وہابیہ نجدیہ کے غزنوی خاندان کے چشم و چراغ اور روحِ رواں امام عبداللہ غزنوی کے شاگرد اور وہابیوں کے شہرۂ آفاق مصنّف قاضی عبدالاحد خانپوری نے اپنے فرقہ کے امام اور سردار مولوی ثناء اللہ امرتسری کا عقیدہ لکھا ہے کہ:

عقیدہ: رب تعالےٰ اپنی مثل پیدا کرنے پر قادر ہے۔ (الفیصلۃ الحجازیہ ص۲۳)

قاضی عبدالاحد خانپوری نے مزید لکھا ہے کہ:

marfat.com

عقیدہ: مولوی ثناء اللہ امرتسری اللہ عزوجل کی ہزاروں مثلیں قرار دیتا ہے۔
(الفیصلۃ الحجازیہ ص۵)

اللہ تعالےٰ مخلوق سے بائن نہیں ہے

سردار الوہابیہ مولوی ثناء اللہ امرتسری نے اپنے فرقہ کے محدث اور مجتہد مولوی محمد حسین بٹالوی کا عقیدہ لکھا ہے کہ:

عقیدہ: اللہ تعالےٰ مخلوق سے بائن نہیں ہے۔
(اخبار اہلحدیث امرتسر ص۶ ۲۴ اپریل و یکم مئی ۱۹۰۵ء)

اللہ تعالےٰ کے حاضر و ناظر سے انکار

امام الوہابیہ عبدالستار دہلوی کا فتوےٰ ہے۔

عقیدہ: خدا کو ہر جگہ ماننا معتزلہ و جہمیہ وغیرہ فرق ضالہ کا باطل عقیدہ ہے۔
(فتاویٰ ستاریہ ص۸۴ ج ۲)

عقیدہ: اللہ تعالےٰ ذوالعرش اپنی ذات سے عرش اعظم پر مستوی اور موجود ہے۔ وہ ہر مکان میں موجود نہیں ہے۔ بلکہ عرش بریں پر تمام مخلوق سے الگ اور جدا ہے۔ (الاعتصام لاہور ص۷ ۲۰ دسمبر ۱۹۵۵ء)

وہابیوں کے امام مولوی عبدالستار دہلوی سے کسی نے سوال کیا کہ:

میرے ایک دوست کہتے ہیں کہ خدا ہر جگہ موجود ہے۔ مگر میں کہتا ہوں کہ خدا ہر جگہ موجود نہیں ہے۔ اب آپ ہی بتائیے کہ کس کی بات صحیح ہے؟

دہلوی صاحب نے جو جواب دیا وہ یہ ہے:

marfat.com

عقیدہ : آپ کا قول بالکل صحیح اور قرآن وحدیث کے موافق ہے۔ خداوندِ تعالےٰ بذاتہٖ عرشِ معلےٰ ساتوں آسمانوں کے اُوپر متمکن ہے۔ اور اُس کا عِلم ہر جگہ ہے۔ (صحیفہ اہلحدیث کراچی ص۲۵ ۱۵ ذوالقعدہ ۷۶ھ)

اللہ تعالےٰ جہت اور مکان سے پاک نہیں ہے

اِمام الوہابیہ مولوی اسماعیل دہلوی قتیل نے لکھا ہے کہ :

عقیدہ : اللہ تعالےٰ کو جہت اور مکان سے پاک اور منزّہ سمجھنا حقیقی بدعت ہے۔ (ایضاح الحق الصریح ص۳۵، ۳۶ مطبوعہ فاروقی دہلی)

اللہ تعالےٰ کی صِفات حادث ہیں !

وہابیوں کے مفسّر اور محدّث وحید الزماں حیدر آبادی لکھتے ہیں کہ :

عقیدہ : اہلحدیث اللہ تعالےٰ کی ان سب صفات کو جو قرآن اور حدیث میں وارد ہیں۔ اپنے ظاہری معنےٰ پر محمول رکھتے ہیں۔ اُن میں تاویل اور تحریف نہیں کرتے۔ جب غضب اللہ تعالےٰ کی صفات میں سے ہے۔ تو غیرت بھی اُس کی صفات میں سے ہوگی۔ غضب زائد اور کم ہوسکتا ہے۔ اور تغیّر اللہ کی ذات اور صفاتِ حقیقہ میں نہیں ہوتا۔ لیکن صفات افعال میں تو تغیّر ضرور ہے۔ مثلاً گناہ کرنے سے اللہ ناراض ہوتا ہے۔ پھر توبہ کرنے سے راضی ہوجاتا ہے۔ اللہ تعالےٰ کلام کرتا ہے۔ اور کبھی کلام نہیں کرتا۔ کبھی اُترتا ہے۔ کبھی چڑھتا ہے۔ غرض صفاتِ افعالیہ کا حدوث اور تغیّر اہلحدیث کے نزدیک جائز ہے۔

(تیسیر الباری ص۴۷ ج۴ از وحید الزمان)

marfat.com

وہابیوں کے مجدد ابنِ تیمیہ کا عقیدہ بھی شیخ الاسلام ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ نے تحریر فرمایا ہے کہ:

عقیدہ: اللہ تعالیٰ محلِ حوادث ہے۔ (فتاویٰ حدیثیہ ص۱)

وہابیوں کے امام عبداللہ عزنوی کے شاگرد قاضی عبدالاحد خانپوری نے بھی اپنی کتاب اقامۃ البرہان میں اللہ تعالےٰ کی صفات کو حادث قرار دیا ہے۔

وہابیوں کے مولوی وحیدالزمان حیدرآبادی نے اپنی تصنیف ہدیۃ المھدی میں لکھا ہے۔

الصفات الفعلیہ حادثۃ عِنْدَ الاکثرِ مِنْ اَصْحَابِنَا۔

ہمارے اکثر (وہابی) بزرگوں کے نزدیک اللہ تعالےٰ کی صفات فعلیہ حادث ہیں۔

(ہدیۃ المھدی ص۱ ج ۱)

اکابرِ وہابیہ کے یہ عقائد بھی شانِ خداوندی کے صریحاً خلاف ہیں۔ کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا فرمان ہے:

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ

اللہ ہے جس کے سوا کسی کی پوجا نہیں اور آپ زندہ اوروں کا قائم رکھنے والا۔ اُسے نہ اُونگھ آتے نہ نیند۔ (پ۳ ع ۲)

خداوندِ کریم کی صفات میں قائم و دائم رہنا بھی ہے۔ متغیر ہونے کا کوئی شائبہ ہی نہیں۔ کیونکہ جو متغیر ہے وہ حادث ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ کی ذات قدیم ہے۔ اور اُس کی ذات و صفات کو حادث قرار دینا کفر ہے۔

اللہ تعالےٰ موجب بالذات ہے

ابنِ تیمیہ کا عقیدہ ہے کہ:

عقیدہ: اللہ تعالیٰ موجب بالذات ہے۔ (فتاویٰ حدیثیہ ص۱)

marfat.com

آخرت میں دیدار الٰہی کا اِنکار

وہابیوں کے قاضی عبدالاحد خانپوری نے لکھا ہے کہ ؛

عقیدہ : آخرت میں دیدارِ باری تعالےٰ نہیں ہوگا ۔ (الفیصلۃ الحجازیہ ص۲۷)

اللہ تعالےٰ کے علمِ غیب ذاتی کا اِنکار

اِمام الوہابیہ محمد اسماعیل دہلوی قتیل نے ربِ کریم جل جلالہ، کے علمِ غیب ذاتی کا اِنکار ان الفاظ میں کیا ہے :

عقیدہ : سو اس طرح غیب کا دریافت کرنا اپنے اختیار میں ہو کہ جب چاہے کر لیجئے ۔ یہ اللہ صاحب ہی کی شان ہے ۔ (تقویۃ الایمان ص۲ مطبوعہ دہلی)

دریافت کسی سے کیا جاتا ہے ۔ جس کو ذاتی علم ہو وہ کسی سے دریافت نہیں کرتا ۔ دریافت کرنا دلالت کرتا ہے کہ اُس کو ذاتی علم نہیں ہے ۔ اللہ کریم کے متعلق غیب کا دریافت کرنا عقیدہ رکھنا صریحاً کفر ہے ۔ اور قرآن و حدیث سے کھلم کھلا بغاوت کرنا ہے ۔

دیوبندیوں کے مولوی غلام خاں کے اُستاد مولوی حسین علی واں بھچراں نے تو دیسے ہی علمِ غیب کا انکار ان الفاظ میں کیا ہے ۔

اللہ تعالےٰ کو انسانوں کے کاموں کی پہلے کچھ خبر نہیں

عقیدہ : اور انسان خود مختار ہے ۔ اچھے کریں یا نہ کریں اور اللہ کو پہلے اس سے کوئی علم بھی نہیں کہ کیا کریں گے ۔ بلکہ اللہ کو ان کے کرنے کے بعد معلوم ہوگا ۔

(بلغۃ الحیران ص۱۵۶ مصنفہ مولوی حسین علی اُستاذ مولوی غلام خان

marfat.com

دیوبندیوں کے مولوی محمود الحسن نے بھی قرآنی آیت کا ترجمہ کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے علمِ غیبی کا انکار کیا ہے۔

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَ لَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُوا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ۝

کیا تم کو خیال ہے کہ داخل ہو جاؤ گے جنّت میں۔ اور ابھی تک معلوم نہیں کیا ثابت رہنے والوں کو۔ (پ ۴ ع ۵)

دیوبندیوں کے مولوی فتح محمد جالندھری نے ترجمہ کیا ہے کہ:

"کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ (بے آزمائش) بہشت میں جا داخل ہو گے۔ (حالانکہ) ابھی خدا نے تم میں سے جہاد کرنے والوں کو تو اچھی طرح معلوم کیا ہی نہیں اور (یہ مقصود ہے کہ) وہ ثابت قدم رہنے والوں کو معلوم کرے۔ میرے اعلیٰحضرت امام اہلسنت حضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ نے جو ایمان افروز ترجمہ کیا ہے وہ یہ ہے۔

کیا اس گمان میں کہ جنت میں چلے جاؤ گے اور ابھی اللہ نے تمہارے غازیوں کا امتحان نہ لیا اور نہ صبر والوں کی آزمائش کی۔

مُلا علی قاری علیہ الرحمۃ کا فتوے

حضرت مُلا علی قاری علیہ الرحمۃ تحریر فرماتے ہیں:

مَنْ اعتقد ان اللّٰه لا يعلم اِلَّا شَيْئًا قبل وقوعها فَهُوَ كَافِرٌ و ان عد قائله من اهل البدعة

(شرح فقہ اکبر ص ۲۰۱)

جس شخص کا یہ اعتقاد ہو کہ اللہ تعالیٰ کسی چیز کو اس کے واقع ہونے سے پہلے نہیں جانتا وہ کافر ہے۔ اگرچہ اس کا قائل اہلِ بدعت سے شمار کیا گیا ہو۔

اللہ تعالیٰ بھولا دینے والا ہے

دیوبندیوں کے شیخ محمود الحسن نے اللہ تعالیٰ کو بھولا دینے والا اور اللہ تعالیٰ

marfat.com

سے بھول سرزد ہونا قرآنی آیات کا ترجمہ کرتے ہوئے لکھ دیا ہے۔

فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِیْتُمْ لِقَآءَ یَوْمِکُمْ هٰذَا (پ۲۱ ع ۱۵)

سو اَب چکھو مزہ جیسے تم نے بُھلا دیا تھا۔ اُس اپنے دِن کو مِلنے کو۔ ہم نے بھلا دیا تُم کو۔

مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی نے بھی اللہ تعالےٰ بُھلا دینے والا لکھا ہے۔

"تو اب اس کا مزہ چکھو کہ تم اپنے اس دن کے آنے کو بھولے رہے۔ ہم نے تم کو بُھلا دیا۔"

دیوبندیوں کے مولوی فتح محمد جالندھری نے ترجمہ یہ کیا ہے کہ:

"سو (اَب آگ کے) مزے چکھو اس لیے کہ تم نے اس دن کے آنے کو بھلا رکھا تھا۔ آج ہم بھی تمہیں بھلا دیں گے۔"

میرے اعلیٰحضرت امام اہلسنت، مجددِ دین وملت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی علیہ الرحمۃ کا ترجمہ عظمتِ خداوندی کو آشکارا کرنے والا ہے۔

"اب چکھو بدلہ اس کا کہ تم اپنے اس دِن کی حاضری بھولے تھے۔ ہم نے تمہیں چھوڑ دیا۔"

دیوبندیوں کے محمود الحسن نے دُوسرے مقام پر اِس آیت کا ترجمہ اس طرح کیا ہے۔

نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِیَهُمْ (پ۱۰ ع ۱۵)

بھول گئے اللہ کو سو وہ بھول گیا ان کو۔

مولوی فتح محمد جالندھری دیوبندی نے ترجمہ کیا ہے کہ۔

"انہوں نے خدا کو بُھلا دیا۔ تو خدا نے ان کو بُھلا دیا۔"

مجددِ مأتہ حاضرہ، امام اہلسنت شاہ احمد رضا خاں بریلوی علیہ الرحمۃ نے اس کا ترجمہ یہ کیا ہے۔

"وہ اللہ کو چھوڑ بیٹھے تو اللہ نے انہیں چھوڑ دیا۔"

لہ دیوبندیوں کے مولوی محمود الحسن اپنے مولوی اشرف علی تھانوی کو سراپا فضل وکمال اور معدنِ حسنات خیرات کے القاب سے مخاطب کرتے تھے۔ (حیاتِ اشرف ص۵۵) (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

اللہ تعالےٰ دغا دینے والا ہے

دیوبندیوں کے مولوی محمود الحسن نے قرآنِ پاک کی آیت کا ترجمہ کرتے ہوئے اللہ تعالےٰ کو دغاباز قرار دیا ہے۔

اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ یُخٰدِعُوْنَ اللّٰہَ وَ ھُوَ خَادِعُھُمْ (پ۵ ع ۱۷)

البتہ منافق دغابازی کرتے ہیں اللہ سے۔ اور وہی ان کو دغا دے گا۔

اللہ تعالےٰ دھوکہ میں رکھنے والا ہے

نام نہاد مبلغِ اسلام مولوی مودودی نے اس آیت کا ترجمہ کرتے ہوئے اللہ تعالےٰ کو دھوکہ میں ڈال رکھنے والا لکھا ہے۔ وہ ترجمہ یہ ہے۔ "یہ منافق اللہ کے ساتھ دھوکہ بازی کر رہے ہیں۔ حالانکہ درحقیقت اللہ ہی نے انہیں دھوکہ میں ڈال رکھا ہے"۔ (تفہیم القرآن پ۵ ع ۱۸)

دیوبندیوں کے مولوی فتح محمد جالندھری نے ترجمہ کیا ہے کہ:

"منافق (ان چالوں سے اپنے نزدیک) خدا کو دھوکا دیتے ہیں۔ (یہ اس کو کیا دھوکا دیں گے) وہ انہیں دھوکے میں ڈالنے والا ہے۔"

اللہ تعالےٰ مذاق کرتا ہے

مولوی مودودی نے اللہ تعالےٰ کو مذاق کرنے والا بھی آیت کا ترجمہ کرتے ہوئے لکھا ہے۔

marfat.com

اللّٰہُ یَسْتَھْزِئُ بِھِمْ　　اللہ اُن سے مذاق کر رہا ہے۔

(تفہیم القرآن)　　(پ۱ ع ۲)

اعلیٰحضرت عظیم البرکت امام اہلسنت مجددِ دین وملت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی قدس سرہٗ القوی نے اس کا ترجمہ اس انداز سے کیا ہے جو شانِ الوہیت کا شایان ہے۔ اور وہ یہ ہے۔

بے شک منافق لوگ گمان میں اللہ کو فریب دیا چاہتے ہیں اور وہی انہیں غافل کر کے مارے گا۔

اللہ تعالےٰ داؤ باز ہے

دیوبندیوں کے امام مولوی محمود الحسن نے اللہ تعالےٰ کو داؤ باز بھی لکھ دیا ہے۔

وَیَمْکُرُوْنَ وَیَمْکُرُ اللّٰہُ ط وَاللّٰہُ خَیْرُ الْمٰکِرِیْنَ ۝ (پ۹ ع ۱۸)

اور وہ بھی داؤ کرتے تھے اور اللہ بھی داؤ کرتا تھا۔ اور اللہ کا داؤ سب سے بہتر ہے۔

میرے اعلیٰحضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ نے اس آیت کا ترجمہ ایسا صحیح کیا ہے۔ وہ شانِ ربوبیت کو عیاں کرتا ہے۔ "اور وہ اپنا سا مکر کرتے تھے۔ اور اللہ اپنی خفیہ تدبیر فرماتا تھا۔ اور اللہ کی خفیہ تدبیر سب سے بہتر ہے۔"

اللہ تعالےٰ چالباز ہے!

جماعتِ اسلامی کے بانی مولوی مودودی نے اِس آیۂ شریفہ کا ترجمہ کرتے ہوئے اللہ تعالےٰ کو چالباز قرار دیا ہے۔ وہ ترجمہ یہ ہے۔

"اور اللہ اپنی چال چل رہا تھا۔ اور اللہ سب سے بہتر چال چلنے والا ہے۔

(تفہیم القرآن پ۹ ع ۱۸)

دیوبندیوں کے مولوی فتح محمد جالندھری نے اِس آیت کا ترجمہ کیا ہے کہ:

"(ادھر تو) وہ چال چل رہے تھے اور (ادھر) خدا چال چل رہا تھا۔ اور

marfat.com

خُداسب سے بہتر چال چلنے والا ہے۔"

قُلِ اللّٰہُ اَسْرَعُ مَکْرًا

(پ۱۱ ع ۸)

اَفَاَمِنُوْا مَکْرَ اللّٰہِ ج فَلَا یَاْمَنُ مَکْرَ اللّٰہِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝

(تفہیم القرآن پ۹ ع ۲)

ان سے کہو اللہ اپنی چال میں تم سے زیادہ تیز ہے۔

کیا یہ لوگ اللہ کی چال سے بے خوف ہیں؟ حالانکہ اللہ کی چال سے وہی قوم بے خوف ہوتی ہے جو تباہ ہونے والی ہو۔

تفہیمات میں مودودی صاحب نے ترجمہ کیا ہے:

"اور کیا وہ اللہ کی چال سے بے خوف ہو گئے ہیں۔ سو اللہ کی چال سے تو وہی لوگ بے خوف ہوتے ہیں جن کو برباد ہونا ہے۔" (تفہیمات ج۱ ص۱۶۵ سطر ۶ تا ۸)

اللہ تعالےٰ مکار ہے

ابوالوہابیہ مولوی اسماعیل دہلوی قتیل نے اپنی کتاب تقویۃ الایمان میں اللہ تعالےٰ کو مکر کرنے والا (مکّار) لکھدیا ہے۔ اور لوگوں کو اللہ کے مکر سے ڈرایا ہے۔ وہ جملہ یہ ہے۔

"سو اللہ کے مکر سے ڈرا چاہیئے۔" (تقویۃ الایمان ص۵۲)

بُرے وقت میں پہنچنا اللہ کی شان ہے

امام الوہابیہ مولوی اسماعیل دہلوی نے مزید لکھا ہے:

عقیدہ: بُرے وقت میں پہنچنا یہ سب اللہ ہی کی شان ہے۔ (تقویۃ الایمان ص۱)

marfat.com

خُدا تعالےٰ جس صورت میں چاہے ظاہر ہو سکتا ہے

وہابیوں کے مولوی وحید الزمان حیدر آبادی نے اللہ تعالےٰ کے متعلق لکھا ہے کہ:

وَالظُّهُوْرُ فِیْ اَیِّ صُوْرَةٍ شَاءَ

اللہ تعالےٰ جس صُورت میں چاہے ظہور فرماتا ہے۔

(ہدیۃ المھدی صفحہ ۱۰۷ مطبوعہ دہلی)

وہابیہ نجدیہ کے اس عقیدہ کی رُو سے خُدا تعالےٰ گائے، بیل کی صورت میں بھی ظاہر ہو سکتا ہے۔ پھر وہابیوں کے نزدیک کفار کا گائے کو پُوجنا عین توحید ہوئی۔

اللہ تعالےٰ فاعل مُختار نہیں!

شیخ الاسلام ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ نے دیوبندی اور غیر مقلد وہابیوں کے اِمام اور مجدّد ابنِ تیمیہ کا عقیدہ لکھا ہے کہ:

عقیدہ: اللہ تعالےٰ فاعل مختار نہیں۔ (فتاویٰ حدیثیہ صفحہ ۱)

خُدا تعالیٰ جھوٹ بول سکتا ہے!

دیوبندیوں اور غیر مقلدوں کے مشترکہ امام اور مجدّد اسماعیل دہلوی قتیل خدا تعالےٰ کے جھوٹ بول سکنے پر بڑے زور شور سے قائل ہیں۔ چنانچہ اُس نے لکھا ہے۔

عقیدہ: پس لانسلّم کہ کِذب مذکور محال بمعنے مسطور باشد الیٰ قولہ اِلّا لازم آید کہ قدرتِ انسانی زائد از قدرتِ ربانی باشد۔

پس ہم نہیں تسلیم کرتے کہ اللہ تعالےٰ کا جھوٹ محال بالذات ہو۔ ورنہ لازم

marfat.com

آئے گا کہ انسانی قدرت رب تعالیٰ کی قدرت سے زائد ہو جائے گی۔
(رسالہ یکروزہ فارسی ص مطبوعہ ملتان)

عقیدہ: عدم کذب را از کمالات حضرت حق سبحانہ مے شمارند و ادراجلشا نہ' بآں مدح میکنند برخلاف اخرس و حمار کہ البتہ نزا کسی لعدم کذب مدح نمی کند و نیز ظاہر ست کہ صفت کمال ہمیں است کہ شخصے قدرت بر تکلم بکلام کاذب می دارد و بنا بر رعایت مصلحت و مقتضائے حکمت بہ منزہ از شوب کذب تکلم بکلام کاذب نمی نماید ہماں شخص ممدوح میگردد بخلاف کسیکہ لسان او ماوّف شدہ یا ہرگاہ ارادہ تکلم بکلام کاذب مے نماید آواز او بند میگردد یا کسے دیگر ذہن او را بند می نماید ایں اشخاص نزد عقلا قابلِ مدح نیستند۔

جھوٹ نہ بولنے کو اللہ تعالےٰ کے کمالات سے گنتے ہیں۔ اس سے اس کی مدح کرتے ہیں۔ بخلاف گونگے اور پتھر کے ان کو کوئی عدم کذب کے ساتھ مدح نہیں کرتا۔ ظاہر ہے کہ یہ بھی صفتِ کمال یہی ہے۔ کہ کذب پر قدرت ہوتے ہوئے بلحاظ مصلحت اس کی آلائش سے بچنے کے لیے جھوٹ بات نہ بولے۔ وہی شخص قابلِ تعریف ہوتا ہے بخلاف اس کے جس کی زبان ماؤف ہو گئی ہو۔ یا جب کبھی جھوٹ بات بولنے کا اِرادہ کرے۔ اس کی آواز بند ہو جاتے یا کوئی اس کا منہ بند کر دے۔ یہ لوگ عقلمندوں کے نزدیک قابلِ تعریف نہیں ہیں۔
(یکروزہ ص۱۷ مطبوعہ ملتان)

وہابیوں کے سردار مولوی ثناء اللہ امرتسری نے بھی لکھا ہے۔

عقیدہ: اللہ تعالےٰ جھوٹ بولنے پر قادر ہے کہنا عین ایمان ہے۔
(اخبار اہلحدیث امرتسر ص۲ ۲۷ اگست ۱۹۱۵ء)

عقیدہ: اِمکان کذب باری کفر نہیں ہے۔ (شمع توحید ص۱۲)

marfat.com

دیوبندیوں کے بہت بڑے بزرگ رشید گنگوہی اپنا عقیدہ لکھتے ہیں کہ:

عقیدہ: امکان کذب بایں معنیٰ کہ جو کچھ حق تعالےٰ نے حکم فرمایا ہے۔ اس کے خلاف پر وہ قادر ہے۔ مگر باختیار خود اُس کو نہ کرے گا۔ یہ عقیدہ بندہ کا ہے۔ (فتاویٰ رشیدیہ ص ۴۵ ج ۱ مطبوعہ دہلی)

قارئین کرام! دیکھا وہابیوں کے امام اور قطب گنگوہی نے کس دلیری سے قدرتِ الٰہیہ کو کذب اور جھوٹ جیسے معیوب اور ناپاک الفاظ سے تعبیر کیا ہے۔ کیا کسی مسلمان کی ایمانی غیرت یہ کہنے یا سُننے کی تاب رکھتی ہے کہ اللہ تعالےٰ جھوٹ بولتا تو نہیں مگر بول سکتا ہے؟ ہاں دیوبندیوں کے قطب گنگوہی نے اپنا یہ عقیدہ واضح الفاظ میں لکھا ہے ؎

جھوٹ اور بے شرم دُنیا میں دیکھے ہیں مگر
سب پہ سبقت لے گئی ہے بے حیائی آپ کی

یہ عقیدہ معتزلہ کا ہے۔ جیسا کہ مُلّا علی قاری محدث رحمۃ اللہ القوی نے بیان فرمایا ہے۔

اِنَّہٗ لَا یُوْصَفُ اللّٰہُ تَعَالٰی بِالْقُدْرَۃِ عَلَی الظُّلْمِ لِاَنَّ الْمُحَالَ لَا یَدْخُلُ تَحْتَ الْقُدْرَۃِ وَعِنْدَ الْمُعْتَزِلَۃِ اَنَّہٗ یَقْدِرُ وَلَا یَفْعَلُ۔

(شرح فقہ اکبر ص)

اللہ تعالےٰ کو ظُلم پر قادر ہونا نہ سمجھنا چاہیئے کیونکہ وہ اللہ تعالےٰ کی ذات پر محال ہے۔ اور یہ کہ محال قدرت کے نیچے نہیں ہے۔ لیکن معتزلہ کے نزدیک اللہ تعالےٰ قادر ہے کرتا نہیں۔

آدمی جو بُرے افعال کرتے ہیں وہ اللہ تعالےٰ بھی کر سکتا ہے

وہابیوں کے شیخ الہند اور رشید گنگوہی کے شاگرد اور مُرید مولوی محمود الحسن نے لکھا ہے کہ:

عقیدہ: افعالِ قبیحہ مقدورِ باری تعالیٰ ہیں۔ (الجہد المقل ص ۸۳ جلد اوّل)

marfat.com

دیوبندیوں کے شیخ کے اس عقیدہ کی بنا پر اللہ تعالےٰ زنا۔ چوری۔ شراب خوری قتل و غارت۔ غصب۔ حق تلفی اور بے انصافی وغیرہم جیسے افعالِ قبیحہ پر قادر ہے۔

عقیدہ : افعالِ قبیحہ کو مثل دیگر ممکناتِ ذاتیہ مقدور باری جملہ اہلِ حق تسلیم کرتے ہیں۔ (الجہد المقل صـ۱۴ ج ۱)

دیوبندیوں کے مولوی خلیل احمد انبیٹھوی امکانِ کذب کے متعلق لکھتے ہیں۔

عقیدہ : امکانِ کذب کا مسئلہ تو اب کسی نے نہیں نکالا۔ بلکہ قدماء میں اختلاف ہوا ہے۔ کہ خلف وعید آیا جائز ہے یا نہیں۔ (براہینِ قاطعہ صـ۲ مطبوعہ دیوبند)

ناظرین! وہابیوں کے شیخ کی عیاری اور مکاری ملاحظہ فرمائیں کہ خود تو بد عقیدہ ہے ہی مگر اپنی بدعقیدگی میں اہلِ حق کو ملوث کر دیا ہے۔ حالانکہ اہلِ حق کا عقیدہ اس عقیدہ باطلہ کے صریحاً خلاف ہے۔

وہابیوں کے خُدا میں نقص اور عیب ہو سکتا ہے

ہم اہلسنت وجماعت کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالےٰ نقص اور عیب سے بالکل منزہ اور منزہ ہے مگر وہابیوں کے اماموں کی تحریرات جن میں انہوں نے اللہ تعالےٰ کے امکانِ کذب اور خلافِ وعید پر بہت زور دیا ہے سے اللہ تعالیٰ کا معیوب ہونا جانتے ہیں کیونکہ جھوٹ اور وعدہ خلافی عیب اور نقص ہے۔ جیسا کہ تفسیر قادری میں قرآنِ پاک کی آیت مَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰہِ حَدِیْثًا کے تحت لکھا ہے کہ:

" اللہ کی بات اور وعدہ میں جھوٹ کو راہ نہیں۔ اس واسطے کہ جھوٹ نقص ہے۔ اور حق تعالےٰ جھوٹ سے پاک ہے "

تفسیر بیضاوی میں بھی اس آیہ شریفہ کے تحت لکھا ہے۔

مَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰہِ حَدِیْثًا اِنْکَارًا اَنْ یَّکُوْنَ اَحَدٌ اَکْثَرَ صِدْقًا مِّنْہُ فَاِنَّہٗ لَا یَتَطَرَّقُ الْکِذْبُ اِلٰی خَبَرِہٖ بِوَجْہٍ

marfat.com

لِاَنَّہٗ نَقْصٌ وَھُوَ عَلَی اللّٰہِ تَعَالٰی مُحَالٌ۔

(یہ انکار استفہامی ہے) کہ کیا کوئی اللہ تعالےٰ سے سچ بولنے میں زیادہ ہے پس لازم ہے کہ اس پر کذب یا خلفِ وعید کا الزام ہرگز نہ لگایا جائے کہ اس کی خبر میں واقع ہو۔ کیونکہ یہ ذاتِ باری میں نقص ہے۔ اور اللہ تعالیٰ پر محال ہے۔

علامہ شربینی علیہ الرحمۃ نے اپنی تفسیر سراج المنیر میں فرمایا ہے۔

قَوْلُہٗ تَعَالٰی فَلَنْ یُّخْلِفَ اللّٰہُ عَھْدَہٗ فِیْہِ دَلِیْلٌ عَلٰی اَنَّ الْخُلْفَ فِیْ خَبَرِ اللّٰہِ مُحَالٌ۔ اللہ تعالےٰ پر خلف وعید محال ہے۔

(تفسیر سراج المنیر ص)

امام فخر الدین رازی علیہ الرحمۃ نے تحریر فرمایا ہے۔

مِنْ صِفَاتِ کَلِمَۃِ اللّٰہِ صِدْقًا وَالدَّلِیْلُ عَلَیْہِ اَلْکَذِبُ نَقْصٌ وَالنَّقْصُ عَلَی اللّٰہِ مُحَالٌ۔

سچ بولنا اللہ تعالےٰ کی صفات میں سے ہے۔ اُس کی دلیل یہ ہے کہ جھوٹ بولنا اللہ تعالےٰ کی ذات پر نقص ہے۔ اور اللہ تعالےٰ میں نقص ہونا محال ہے۔ (تفسیرِ کبیر ص

امام فخر الدین رازی علیہ الرحمۃ اللہ الباری نے تو واضح الفاظ میں فتوےٰ صادر فرمایا ہے۔

لِاَنَّ الْمُؤْمِنَ لَا یَجُوْزُ اَنْ یَّظُنَّ بِاللّٰہِ الْکِذْبَ بَلْ یَخْرُجُ بِذَالِکَ عَنِ الْاِیْمَانِ۔ (تفسیر کبیر ص۱۷۹ ج ۵)

کسی مسلمان کو یہ جائز نہیں کہ وہ خدا پر جھوٹ کا گمان کرے بلکہ ایسا کرنا ایمان سے خارج کر دیتا ہے۔

تفسیر لباب التاویل میں ہے۔

لَا اَحَدٌ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰہِ فَاِنَّہٗ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ وَلَا یَجُوْزُ عَلَیْہِ الْکِذْبُ۔ (تفسیر لباب التاویل ص۴۲۱ ج ۱)

اللہ تعالیٰ سے بڑھ کر سچا کوئی نہیں وہ وعدہ خلافی نہیں کرتا اور اس کا کذب ممکن نہیں ہے۔

marfat.com

تفسیر ابوالسعود میں ہے۔

وَالْكِذْبُ مُحَالٌ عَلَيْهِ سُبْحَانَهٗ دُوْنَ غَيْرِهٖ۔ (تفسیر ابوالسعود ص۳۶۱ ج۳)

اور کذب اللہ تبارک وتعالےٰ ہی پر محال ہے۔

علامہ معین الدین کاشغی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

"مَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا از خدائے تعالیٰ یعنی نیست از وے راست گوئے تر از جہت قولی و وعدہ یعنی کذب را در سخن و وعدۂ حق راہ نیست زیرا کہ آں نقص ست و خدائے از نقص مبرا است۔ (تفسیر حسینی ص۱۲۷)

علامہ علی بن محمد الخازن علیہ الرحمۃ تحریر فرماتے ہیں۔

"لَا اَحَدٌ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ فَاِنَّهٗ لا یخلف المیعاد وَ لَا یَجُوْزُ عَلَيْهِ الْكِذْب۔ (تفسیر خازن ص۳۸۵ ج۱)

علامہ نسفی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

"لَا اَحَدٌ اَصْدَقُ مِنْهُ فِيْ اَخْبَارِهٖ وَ وَعْدِهٖ وَ وَعِيْدِهٖ لِاِسْتِحَالَةِ الْكِذْب عَلَيْهِ لِقُبْحِهٖ۔ (تفسیر مدارک)

غیر مقلدین کے نواب صدیق حسن بھوپالوی نے بھی کذب اور جھوٹ کو اوصافِ ذمیمہ میں شمار کیا ہے۔ چنانچہ لکھتے ہیں: کہ

"وعدہ کی سچائی صفاتِ حمیدہ میں سے ہے جیسے خلف وعد اوصافِ ذمیمہ میں سے ہے۔ (ترجمان القرآن ص۳۵۹ پ۱۶ سورۃ مریم)

وہابیہ کے مولوی وحید الزماں حیدر آبادی نے لکھا ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ باندھنا اللہ پر جھوٹ باندھنا ہے اور اللہ تعالےٰ فرماتا ہے اس سے بڑھ کر ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھے۔ (تیسیر الباری ص۹۲ ج۲)

ناظرینِ کرام! مندرجہ بالا اسلاف اور اکابرِ وہابیہ کے حوالہ جات سے

marfat.com

اظہر من الشمس ہے کہ جھوٹ، غیبت، الائش اور نقص اوصافِ ذمیمہ میں سے ہے۔ اور اللہ کریم پر جھوٹ کا الزام لگانے والا ظالم ہے۔ اور اللہ تعالےٰ میں عیب، نقص اور اوصاف ذمیمہ کا ہو سکنا تسلیم کرنا کسی مسلمان کو گوارا نہیں۔ کیونکہ اللہ کریم کی ذات ہر قسم کے عیب، نقص اور اوصافِ ذمیمہ سے پاک ہے۔

تیرے نزدیک ہوا کذب الٰہی ممکن — تجھ پہ شیطان کی پھٹکار یہ ہمت تیری
بلکہ کذاب کیا تو نے اقرار وقوع — اُف اے ناپاک یہاں تک ہے خباثت تیری

وہابیوں کے مولوی عاشق الٰہی میرٹھی نے بھی مولوی محمود الحسن کا عقیدہ لکھا ہے کہ:

اللہ تعالےٰ سے چوری و شراب خوری ہو سکتی ہے

چوری و شراب خوری و جہل و ظلم سے معاوضہ کم فہمی سے ناشی ہے کیونکہ معلوم ہوتا ہے کہ غلام دستگیر کے نزدیک خدا کی قدرت بندہ سے زائد ہونا ضرور نہیں۔ حالانکہ یہ کلیہ مسلمہ اہلِ کلام ہے جو مقدور العبد ہے وہ بمقدور اللہ ہے۔ (تذکرۃ الخلیل ص ۱۳۵)

قارئین کرام! وہابیوں کے مولوی اسماعیل دہلوی قتیل نے جیسے یہ لکھدیا ہے کہ اللہ تعالےٰ اگر جھوٹ نہ بول سکے۔ تو انسان کی قدرتِ رب تعالےٰ کی قدرت سے زیادہ ہو جائے گی۔ کیونکہ وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اس طرح وہابیوں کے امام ابنِ حزم نے بھی اپنی کتاب الملل والنحل میں یہ کفریہ عقیدہ لکھدیا ہے کہ:

اِنَّہٗ تَعَالٰی قَادِرٌ اَنْ یَّتَّخِذَ وَلَدًا — اللہ تعالےٰ اپنے لیے بیٹا بنانے پر قادر ہے
اِذْ لَوْ لَمْ یَقْدِرْ لَکَانَ عَاجِزًا — اگر وہ قادر نہ ہو تو پھر عاجز ہوگا۔

علامہ عبدالغنی نابلسی علیہ الرحمۃ نے اس کا رد کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ: وہی امام الوہابیہ اسماعیل دہلوی کی مندرجہ بالا عبارات اور عقائدِ کفریہ کا بھی جواب ہے۔ علامہ نابلسی فرماتے ہیں:

marfat.com

فَانْظُرْ اِخْتِلَالَ هٰذَا الْمُبْتَدِعِ كَيْفَ عَقَلَ عَمَّا يَلْزَمُ عَلٰى هٰذِهِ الْمَقَالَةِ الشَّنِيْعَةِ مِنَ اللَّوَازِمِ الَّتِيْ لَا تَدْخُلُ تَحْتَ وَهْمٍ وَكَيْفَ فَاِنَّهٗ اِنَّ الْعَجْزَ اِنَّمَا يَكُوْنُ لَوْ كَانَ الْمَقْصُوْدُ جَآءَ مِنْ نَاحِيَةِ الْقُدْرَةِ اَمَّا اِذَا كَانَ لِعَدَمِ قَبُوْلِ الْمُسْتَحِيْلِ تَعَلُّقُ الْقُدْرَةِ فَلَا يَتَوَهَّمُ عَاقِلٌ اَنَّ هٰذَا عَجْزٌ۔

اس بدعتی (ابنِ حزم) کی بدحواسی دیکھیئے کیونکر غافل ہوا اس قولِ شنیع پر کیا کیا قباحتیں لازم آتی ہیں۔ جو کسی کے وہم و گمان میں بھی نہ سمائیں۔ اور اس کا وہم کس طرف گیا۔ عجز تو جب ہو کہ قصور قُدرت کی طرف سے ہو۔ اور جب یہ وجہ ہے کہ محال خود ہی تعلق قدرت کی قابلیت نہیں رکھتا۔ تو اس سے کسی عاقل کو عجز کا وہم نہیں گزرے گا۔

بعدازاں علامہ نابلسی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

بِالْجُمْلَةِ فَذَالِكَ التَّقْدِيْرُ الْفَاسِدُ يُؤَدِّيْ اِلٰى تَخْلِيْطٍ عَظِيْمٍ لَا يَبْقٰى مَعَهٗ شَيْءٌ مِنَ الْاِيْمَانِ وَلَا مِنَ الْمَعْقُوْلَاتِ اَصْلًا۔

یہ تقدیرِ فاسد (کہ اللہ تعالےٰ محالات پر قادر ہے) وہ سخت درہمی اور برہمی کا باعث ہوگی جس کے ساتھ نہ ایمان رہے نہ اصلا احکام عقلی کا نشان۔

اس کے بعد ایسے عقائد اور نظریات کی تعلیم دینے کا انکشاف کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ

وَقَعَ هٰهُنَا لِابْنِ حَزْمٍ هٰذَيَانٌ بَيْنُ الْبُطْلَانِ لَيْسَ لَهٗ قُدْوَةٌ وَ رَئِيْسٌ اِلَّا شَيْخَ الضَّلَالَةِ اِبْلِيْسَ

مسئلہ قدرت میں ابنِ حزم سے وہ بہکی بہکی بات کھلی باطل واقع ہوئی۔ جس میں اُس کا پیشوا اور رئیس گمراہی کے سردار ابلیس کے سوا کوئی نہیں۔

ان عقائد میں اللہ تعالیٰ کے لیے جھوٹ جیسے قبیح اور گندے عیب کی نسبت کرنے اور اس کا امکان ثابت کرنے پر ہی اکتفاء نہیں۔ بلکہ تمام صفاتِ کمالیہ کے خلاف کا ممکن اور تحت قدرت ہونا وصفِ کمال ہونے کے لیے ضروری کر دیا۔ قرآنِ کریم میں

marfat.com

اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔

اَلْحَیُّ وہ زندہ ہے۔ تو اب اِن بدنصیبوں کے نزدیک حیاتِ الٰہی جب کمال ہوگی جبکہ معاذ اللہ اللہ تعالےٰ کی موت ممکن ہو۔

اللہ تعالےٰ علیم ہے۔ ان گمراہوں کے نزدیک اس کا عالم ہونا جب ہی صفتِ کمال ہوگا۔ جب کہ اس کا جاہل ہونا ممکن ہو۔

اللہ تعالےٰ مالک ہے۔ مگر اِن وہابیوں کے نزدیک اللہ تعالےٰ کا مالک ہونا جب ہی کمال ہوگا جبکہ اس کا مالک نہ ہونا بھی ممکن ہو۔

اکابر وہابیہ نے یہ عقیدہ گمراہ فرقہ معتزلہ سے لیا ہے۔ اِمام فخرالدین رازی علیہ الرحمۃ نے اپنی تفسیر بے نظیر میں معتزلہ کا عقیدہ لکھا ہے۔

قَالَتِ الْمُعْتَزِلَةُ اَلْاٰیَةُ تَدُلُّ عَلٰی اَنَّهٗ قَادِرٌ عَلَی الظُّلْمِ لِاَنَّهٗ قَدْحٌ بِتَرْكِهٖ وَمَنْ تَمَدَّحَ بِتَرْكِ فِعْلٍ قَبِیْحٍ لَمْ یَصِحَّ مِنْهُ ذَالِكَ التَّمَدُّحُ اِلَّا اِذَا كَانَ هُوَ قَادِرٌ عَلَیْهِ اَلَا تَرٰی اَنَّ الزَّمِنَ لَا یَصِحُّ مِنْهُ اَنْ یَّتَمَدَّحَ بِاَنَّهٗ لَا یَذْهَبُ فِی اللَّیَالِیْ اِلَی السَّرِقَةِ۔

معتزلہ نے کہا آیت اس پر دلالت کرتی ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ ظلم پر قادر ہے۔ اس لیے کہ ترکِ ظلم پر اس کی مدح کی جاتی ہے اور کسی قبیح کام کے ترک پر اس وقت تک مدح کرنا درست نہیں ہوتا۔ جب تک کہ اس پر قادر نہ ہو دیکھو اپاہج کی یہ مدح کرنا صحیح نہیں ہے کہ وہ راتوں میں چوری کے لیے نہیں جاتا۔

قارئینِ کرام! دیکھا وہابیوں کا عقیدہ معتزلہ کے عقیدہ کے عین مطابق ہے۔ فرق صرف اس قدر ہے کہ بیدینِ معتزلہ نے ظلم کو تحتِ قدرت بتایا ہے۔ اور وہابیہ نے کذب کو، دونوں اللہ تعالےٰ کے لیے عیب اور نقص ثابت کر رہے ہیں۔

اِمام فخرالدین رازی علیہ الرحمۃ نے اِن کے قولِ فاسد کا رد اس طرح فرمایا ہے۔

اَلْجَوَابُ اَنَّهٗ تَعَالٰی تُمَدَّحُ بِاَنَّهٗ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ وَّلَمْ

جواب یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ کی یہ مدح کی جاتی ہے کہ وہ اونگھ اور نیند سے پاک

marfat.com

يَلْزَمُ اَنْ يَّصِحَّ ذَالِكَ عَلَيْهِ وَتُمَدَّحُ بِاَنَّهٗ لَاتُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَلَمْ يَدُلَّ ذَالِكَ عِنْدَ الْمُعْتَزِلَةِ عَلٰى اَنَّهٗ يَصِحُّ اَنْ تُدْرِكَهُ الْاَبْصَارُ۔

ہے اس سے یہ لازم نہیں آتا۔ کہ اونگھ اور نیند اس کے لیے ممکن ہو جائے اور اللہ تعالیٰ کی یہ بھی مدح کی جاتی ہے کہ ابصار اس کا ادراک نہیں کرتیں۔ اور معتزلہ کے نزدیک بھی یہ اس پر دلالت نہیں کرتا کہ اس کے لیے ادراکِ ابصار ممکن ہے۔

(تفسیر کبیر ص ۳۲۷ ج ۳ مطبوعہ مصر)

ناظرین! وہابیوں کا عقیدہ اور معتزلہ کا عقیدہ میں موازنہ کیا جائے تو دونوں ہمخیال ثابت ہوتے ہیں۔ فرق صرف اس قدر ہے کہ یہ دین معتزلہ نے ظلم کو تحتِ قدرت کہا ہے۔ اور وہابیوں نے کذب اور جھوٹ اور خلافِ وعدہ کہا۔ دونوں اللہ تعالیٰ کے لیے عیب، نقص اور قباحت ثابت کر رہے ہیں۔

ناظرین! وہابیوں کے آئمہ کی عبارات اور نظریات سے یہ بھی لازم آیا کہ اللہ تعالےٰ جل جلالہٗ اپنی اولاد پیدا کرنے۔ زنا۔ چوری اور تمام بُرے افعال حتےٰ کہ شراب پینے، قمار بازی وغیرہ پر قادر ہے۔ کیونکہ جب اِنسان ان تمام افعالِ قبیحہ کے کرنے پر قادر ہے تو خدا کیوں قادر نہ ہو۔ کیونکہ بقول وہابیہ اگر قادر نہ سمجھا جائے تو ثابت ہو گا کہ انسان کی قدرت ربِ کریم کی قدرت سے زیادہ ہے۔

خدا تعالےٰ کی قبر اور اُس پر شامیانے

دیوبندی اور غیر مقلد وہابیوں کے مجدد اسماعیل دہلوی قتیل نے تو اللہ تعالےٰ کی قبر اور اس پر شامیانے بھی ثابت کر دیئے ہیں کیونکہ اس نے لکھا ہے کہ:

"ان کی قبر کو بوسہ دیوے۔ مورچھل جلاتے اس پر شامیانہ کھڑا کرے ..... تو اس پر شرک ثابت ہوتا ہے۔" (تقویۃ الایمان ص ۱۲)

ناظرین کرام! اسماعیل دہلوی قتیل نے اولیاء کی قبروں کو بوسہ دینا۔ مورچھل جھلنا،

marfat.com

اور شامیانہ کھڑا کرنے کو شرک قرار دیا ہے۔ اور شرک کی تعریف خود ہی اسی کتاب تقویۃ الایمان میں جو خود اُس نے لکھی ہے وہ یہ ہے کہ:

"جو چیزیں اللہ نے اپنے واسطے خاص کی ہیں۔ اور اپنے بندوں کے ذمہ نشان بندگی ٹھہرائی ہیں۔ وہ چیزیں اور کسی کے واسطے کرنی۔" (تقویۃ الایمان ص۸)

کیا وہابیوں نے اپنے خدا کے لیے کوئی قبر تجویز کر لی ہے جس کو بوسہ دینا اور اُس پر مورچھل جھلنا اور شامیانہ کھڑا کرنا خدا تعالےٰ نے اپنے لیے خاص کیا ہو۔ اور اپنے بندوں پر نشانِ بندگی ٹھہرایا ہو وہ خدا کو مجسم مانتے ہیں۔ جس پر مورچھل جھلنا اور شامیانہ کھڑا کرنا نشانِ بندگی ہے۔ اور یہ نشانِ بندگی وہابیہ نجدیہ کس تیرتھ میں جا کر ادا کرتے ہیں۔ یہ ہے وہابیوں کی نظر میں خدا کی عظمت و شان (العیاذ باللہ)

اللہ تعالیٰ نے ہر نبی سے خود غلطیاں کرائی ہیں

مودودی صاحب اپنی کتاب "تفہیمات" میں اللہ تعالےٰ اور انبیاءِ عظام کی شانِ اقدس میں گستاخی کی جسارت کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ:

"ان حضرات نے شاید اس امر پر غور نہیں کی۔ کہ عصمت دراصل انبیاء کے لوازمِ ذات سے نہیں ہے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو منصبِ نبوت کی ذمہ داریاں صحیح طور پر ادا کرنے کے لیے مصلحتاً خطاؤں اور لغزشوں سے محفوظ فرمایا ہے۔ ورنہ اللہ تعالےٰ کی حفاظت تھوڑی دیر کے لیے بھی ان سے منفک ہو جاتے تو جس طرح عام انسانوں سے بھول چوک اور غلطی ہوتی ہے اسی طرح انبیاء سے ہو سکتی ہے۔ اور یہ ایک لطیف نکتہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بالارادہ ہر نبی سے کسی نہ کسی وقت اپنی حفاظت اُٹھا کر ایک دو لغزشیں ہو جانے دی ہیں۔ تاکہ لوگ انبیاء کو خدا نہ سمجھیں اور جان لیں کہ یہ بھی بشر ہیں۔"

(تفہیمات ص۵۲ ج۲)

marfat.com

دیوبندی وہابیوں کے مولوی مظہر حسین آف چکوال نے یہ عبارت لکھ کر جو تبصرہ کیا ہے وہ من وعن درج کر دیا جاتا ہے۔

"یہاں مودودی صاحب نے حسبِ ذیل امور کی تصریح کر دی ہے۔

(۱) اللہ تعالےٰ نے ہر نبی سے بعض دفعہ اپنی حفاظت (عصمت) اُٹھالی ہے

(۲) عام انسانوں کی طرح انبیاء سے غلطیاں ہوتی ہیں۔

(۳) اللہ تعالےٰ نے اپنے ارادے سے کسی نہ کسی وقت ہر نبی سے اپنی حفاظت اُٹھا کر ان سے غلطیاں کرائی ہیں۔

(۴) یہ غلطیاں انبیاء سے اس لیے کرائی گئی ہیں تاکہ لوگ ان کو خدا نہ سمجھیں۔

مودودی صاحب نے ان باتوں کو انبیاء کی طرف منسوب کر کے ان کی بھی توہین کی ہے اور نعوذ باللہ اللہ تعالےٰ کی بھی۔ کیونکہ انبیاء کرام سے اگر کوئی لغزش ہوتی ہے تو وہ محض بھول چوک[1] اور خطائے اجتہادی ہوا کرتی ہے۔ جو عصمت کے خلاف نہیں ہوتی۔ اس وقت انبیاء معصوم ہوتے ہیں۔ تعجب ہے کہ انبیاء کی لغزشوں کو اللہ تعالےٰ کے ذمہ لگا کر مودودی صاحب نے خالقِ کائنات کو بھی نعوذ باللہ ہدفِ طعن بنا دیا۔" (مودودی مذہب ص ۳۰، ۳۱)

یہ تھے وہابی اکابر کے اللہ تعالےٰ جلّ جلالہٗ کے متعلق نرالے عقائد، وہابی اکابر نے تو کلمۂ توحید کو بھی بدل ڈالا۔ اور اُس سے بھی زیادتی کر دی۔ چنانچہ اس حقیقت کا ثبوت پیشِ خدمت ہے۔

غیر مقلدین وہابیوں کا کلمہ میں زیادتی کرنا:

غیر مقلد وہابی مولوی محمد ابو القاسم بنارسی نے اہلحدیث امرتسر میں لکھا ہے کہ

---

[1] یہ بھی دیوبندی وہابیوں کا ہی عقیدہ ہے۔ اہلسنت وجماعت کا یہ عقیدہ ہرگز نہیں۔ (فقیر قادری)

marfat.com

"اہلحدیث کے دَور کو مدت گذر گئی۔ اسی امتداد زمانہ کی وجہ سے ان کے آزاد خیالات میں انقلاب اور ہمت آگئی آگئی۔ حتےٰ کہ اپنے پرانے ورد لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہ بھی بھولنے لگے اور اس کے ساتھ نہ معلوم کیا کیا ایزاد کئے۔"

(اخبار اہلحدیث امرتسر صـ۸ ۹ر جولائی ۱۹۱۵ء)

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ عبدالجبار امام اللہ

مولوی ثناء اللہ امرتسری نے اپنے مسلک کے امام عبدالجبار غزنوی اور اُنکے معتقدین کے متعلق لکھا ہے کہ:

"ہمارے ملک میں ایک نئی تثلیث قائم ہوئی ہے جو عیسائیوں کی تثلیث سے زیادہ مضبوط ہے۔ وہ کسی طرح نہیں چاہتے کہ کسی قومی کام میں مل کر کام کریں۔ بقول ڈپٹی محمد شریف صاحب امرتسری جب تک کوئی شخص یہ نہ مانے کہ لا الہ الا اللہ عبدالجبار امام اللہ۔ اس سے ملنا جائز نہیں۔"

(اخبار اہل حدیث امرتسر صـ۱۱ کالم ۳ ۵ر اپریل ۱۹۱۲ء)

قارئین! یہ ہے غیر مقلد وہابیوں کا حال۔ اب دیوبندی وہابیوں کا حال بھی ملاحظہ فرمائیے۔ چھوٹے میاں سو چھوٹے میاں بڑے میاں سبحان اللہ!

یہ تھا غیر مقلد وہابیوں کی تحریروں سے ثبوت، اب دیوبندی وہابیوں کے نام نہاد مجدد اور حکیم الامت مولوی اشرف علی تھانوی کی تحریر سے نئے کلمہ اور نئے درود شریف کی تائید اور ترغیب پیش کی جاتی ہے۔

marfat.com

دیوبندیوں کا کلمہ : لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ اشرف علی رسول اللہ

دیوبندیوں کا درود : اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا

ومولانا اشرف علی

دیوبندیوں کے مولوی اشرف علی تھانوی کا ایک مرید تھانوی صاحب کو اپنا ایک واقعہ لکھتا ہے کہ :

"خواب دیکھتا ہوں کہ کلمہ شریف لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط پڑھتا ہوں لیکن محمد رسول اللہ کی جگہ حضور (اشرف علی تھانوی) کا نام لیتا ہوں۔ اتنے میں دل کے اندر خیال پیدا ہوا کہ مجھ سے غلطی ہوئی۔ کلمہ شریف کے پڑھنے میں اسکو صحیح پڑھنا چاہیئے۔ اس خیال سے دوبارہ کلمہ شریف پڑھتا ہوں۔ دِل پر تو یہ ہے کہ صحیح پڑھا جاوے لیکن زبان سے بے ساختہ بجائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کے اشرف علی نکل جاتا ہے۔ حالانکہ مجھ کو اس بات کا علم ہے کہ اس طرح درست نہیں۔ لیکن بے اختیار زبان سے یہی کلمہ نکلتا ہے۔ دو تین بار جب یہی صورت ہوئی تو حضور کو اپنے سامنے دیکھتا ہوں اور بھی چند شخص حضور کے پاس تھے۔ لیکن اتنے میں میری حالت یہ ہوگئی کہ میں کھڑا کھڑا، بوجہ اس کے کہ رقت طاری ہوگئی، زمین پر گر گیا اور نہایت زور کے ساتھ ایک چیخ ماری اور مجھ کو معلوم ہوتا تھا کہ میرے اندر کوئی طاقت باقی نہیں رہی۔ اتنے میں بندہ خواب سے بیدار ہوگیا۔ لیکن بدن میں بدستور بے حسی تھی اور وہ اثر ناطاقتی بدستور تھا لیکن حالتِ خواب اور بیداری میں حضور (اشرف علی) کا ہی خیال تھا۔ لیکن حالت بیداری میں کلمہ شریف کی غلطی پر جب خیال آیا تو اس بات کا ارادہ ہوا کہ اس خیال کو دل سے دور کیا جاوے اِس واسطے کہ پھر کوئی ایسی غلطی نہ ہو جاوے بایں خیال بندہ بیٹھ گیا اور پھر دوسری کروٹ لیٹ کر کلمہ شریف کی غلطی کے

marfat.com

تدارک میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھتا ہوں لیکن پھر بھی یہ کہتا ہوں :

اللّٰھم صل علےٰ سیدنا و نبینا و مولانا اشرف علی

حالانکہ اب بیدار ہوں، خواب نہیں لیکن بے اختیار ہوں۔ مجبور ہوں، زبان اپنے قابو میں نہیں۔ اس روز ایسا ہی کچھ خیال رہا تو دوسرے روز بیداری میں رِقّت رہی۔ خُوب رویا۔ اور بھی بہت سے وجوہات ہیں جو حضور کے ساتھ باعثِ محبت ہیں۔ کہاں تک عرض کروں "

مولوی اشرف علی تھانوی نے اسکا جواب جو اپنے مرید کو دیا

وہ یہ ہے :

جواب : اس واقعہ میں تسلی تھی کہ جس کی طرف تم رجوع کرتے ہو وہ بعونہٖ تعالےٰ متبع سُنّت ہے۔ ۲۴ شوال سنہ ۱۳۳۵ھ

(رسالہ الامداد صہ ۳۵ بابت صفر سنہ ۱۳۳۶ھ)

قارئین کرام ! دیوبندی وہابیوں کے نام نہاد مجدّد اور حکیم الاُمت اشرف علی تھانوی نے اپنے مرید کو توبہ کرنے کی نصحت نہیں کی اور یہاں تک کہ یہ بھی نہیں لکھا کہ یہ شیطانی وسوسہ ہے بلکہ جواب میں اس کی حوصلہ افزائی اور تائید کر دی۔

مولوی اشرف علی تھانوی کے جواب کو پڑھ کر عوام یہ کہنے میں حق بجانب ہیں کہ جو کام مرزا قادیانی سے نہیں ہو سکا۔ وہ دیوبندیوں کے مولوی اشرف علی تھانوی نے کر دیا ہے۔ نیز دیوبندیوں کے نزدیک الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ ۔ یہ درُود شریف پڑھنے والا مشرک اور کافر ہے مگر اَللّٰھُمَّ صَلِّ علےٰ سیدنا و مولٰنا اشرف علی پڑھنے والا مسلمان اور موحد ہے

قارئین کرام ! وہابیہ نجدیہ (خذھم اللہ تعالیٰ) کی خود ساختہ توحید کے نمونے دیکھے۔ یہ ہر روز توحید توحید کا ڈھنڈورا پیٹنے والے اور مسلمانوں کو کافر اور مُشرک

marfat.com

بنانے والے نام نہاد توحید کے ٹھیکیداروں کی توحید کا حال۔ جو قرآن وحدیث کے بالکل خلاف ہے۔

اب آپ خود ہی قیاس فرمالیں کہ جن کے اکابر کے نزدیک اللہ تعالیٰ کی یہ شان ہو کہ سب سے بڑا بھی نہ ہو۔ جھوٹ بھی بول سکتا ہو۔ بے علم بھی ہو۔ مکار دغاباز۔ چال چلنے والا۔ بھول جانے والا۔

عیوب ونقائص کا امکان بھی ہو اور دیگر رذائل اور قبیح افعال کا سرزد ہونا جس سے ممکن ہو ایسے فرقہ کے لوگوں نے دین اسلام اور قرآن وسنت کو کیا سمجھا اور اُس کی کیا تبلیغ واشاعت ہوگی۔

نیز جن حضرات کے نزدیک خُدا تعالےٰ جل جلالہٗ کا یہ مقام ہے ان کے نزدیک سرورِ انبیاء، حبیبِ خُدا، رازدارِ رب العلا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم اور دیگر مرسلین عظام اور انبیاءِ کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی کیا قدر ومنزلت اور رفعت وعظمت ہوگی۔ درحقیقت خُداوندِ کریم عزّ اسمہٗ کے متعلق ان کے عقائدِ باطلہ اسی لیے ہیں کہ ان وہابیوں کے سینے میں عشقِ رسول سے خالی ہیں کیونکہ جن دِلوں میں عشقِ مصطفیٰ موجود ہے انہی دِلوں کو خدا تعالےٰ کی معرفت اور صحیح توحید عظمت حاصل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ گستاخانِ رسول میں سے کوئی ولی اللہ نہیں ہوا۔ اب آپ کے سامنے اِن وہابیوں کے وہ نظریاتِ فاسدہ اور عقائدِ باطلہ پیش کیے جاتے ہیں جو انہوں نے سیدالمرسلین، خاتم النبیین، سیدالشافعین حضرت محمد مصطفیٰ علیہ افضل الصلوٰۃ والتحیات والتسلیمات اور انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اور دیگر اولیاء کرام علیہ الرحمہ کے متعلق اپنی کتابوں میں بیان کیے ہیں۔ عقائد کا مطالعہ کرتے کرتے اعلیحضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ کے اس شعر کو پڑھتے جائیے

شرک ٹھہرے جس میں تعظیم حبیب
اُس بُرے مذہب پہ لعنت کیجئے!

marfat.com

نبیّ پاک صلّی اللہ علیہ وسلّم، انبیاء کرام علیہم السّلام اور اولیاءِ عظام علیہم الرحمۃ کے متعلق عقائد

نبیّ پاک صلّی اللہ علیہ وسلّم اپنی جان کے نفع و نقصان کے مالک نہیں!

عقیدہ: امام الوہابیہ محمّد بن عبدالوہاب نجدی لکھتے ہیں کہ:

اِنَّ مُحَمَّدًا لَا یَمْلِكُ لِنَفْسِهٖ نَفْعًا وَّ لَا ضَرًّا فَضْلًا عَنْ عَبْدِ الْقَادِرِ اَوْ غَیْرُهٗ

بے شک محمد (صلی اللہ علیہ وسلّم) اپنی ذات تک کے نفع اور نقصان کے مالک نہیں ہیں۔ چہ جائیکہ عبدالقادر وغیرہ۔ (کشف الشبہات ص۶ مصنفہ محمد بن عبدالوہاب نجدی)

امام الوہابیہ اسماعیل دہلوی قتیل بارگاہِ نبوت میں کس گستاخانہ انداز سے لکھتا ہے کہ:

عقیدہ: سب انبیاء و اولیاء کے سردار پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وسلّم تھے۔ اور لوگوں نے انہیں کے بڑے بڑے معجزے دیکھے۔ انہیں سے سب اسرار کی باتیں سیکھیں۔ اور سب بزرگوں کو انہیں کی پیروی سے بزرگی حاصل ہوئی۔ تو اس لیے انہیں کو اللہ صاحب نے فرمایا کہ اپنا حال لوگوں کے آگے صاف بیان کر دیں۔ تا سب لوگوں کا حال معلوم ہو جاوے۔ سو انہوں نے

marfat.com

بیان کر دیا کہ مجھ کو نہ کچھ قدرت ہے نہ کچھ غیب دان میری قدرت کا حال تو یہ ہے۔ کہ اپنی جان تک کے بھی نفع نقصان کا مالک نہیں تو دوسرے کا تو کیا کر سکوں ؛

(تقویۃ الایمان ص۲۴ سطر ۸ تا ۱۴ مطبوعہ دہلی)

عقیدہ : امام الوہابیہ قاضی شوکانی لکھتے ہیں کہ :

"مَنْ اِعْتَقَدَ فِی الْاَوْلِیَاءِ اَلنَّفْعَ وَالضَّرَّ مَعَ تَوْحِیْدِ اللّٰہِ وَاِیْمَانٍ بِہٖ وَبِرَسُوْلِہٖ وَبِالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَاِنَّہٗ کُفْرُ عَمَلٍ ۔

"جو شخص اللہ تعالےٰ کی توحید پر اور اُس کے رسولِ مقبول پر اور آخرت کے دِن پر ایمان رکھنے کے باوجود اولیاء اللہ کے نفع اور ضرر پہنچانے کے متعلق عقیدہ رکھتا ہے۔ پس اُس کا یہ عمل کُفر ہے ؛

(الدرر النضید[1] فی اخلاص کلمۃ التوحید ص۵۳)

مولوی اسماعیل دہلوی قتیل نے لکھا ہے کہ

عقیدہ : "جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں (تقویۃ الایمان ص۴۲)

انبیاء کو مُشکل کُشا باذن اللہ ماننا شرک ہے!

عقیدہ : امام الوہابیہ دہلوی قتیل نے لکھا ہے کہ :

(مشکل میں دستگیری، فتح و نصرت اور کشائشِ رزق وغیرہ) ان کاموں

---

[1] مولوی ثناء اللہ امرتسری نے الدرر النضید کے متعلق لکھا ہے کہ مسئلہ توحید کو اس درجہ نکھار کر رکھ دیا ہے۔ کہ شرک کے ادنیٰ شائبہ کی بھی آمیزش نہیں رہتی ۔

(اخبار اہلحدیث امرتسر ص۱ ۶ اگست ۱۹۴۳ء)

marfat.com

. کی طاقت ان (انبیاء و اولیاء) کو خود بخود ہے۔ خواہ یوں سمجھے کہ اللہ نے ان کو ایسی قدرت بخشی ہے۔ ہر طرح شرک ثابت ہوتا ہے۔ (تقویۃ الایمان صنا)

یارسول اللہ، یا علی کہنے والوں کو قتل کرنا جائز ہے!

عقیدہ: امام الوہابیہ اسماعیل[1] غزنوی لکھتے ہیں کہ:

"جو کوئی یارسول اللہ (صلعم)، یا یا ابنِ عباس یا یا عبدالقادر جیلانی یا اور کسی بزرگ مخلوق کو پکارے یا اُس کی دُہائی دے۔ اس پکارنے سے اس کا مدعا دفع شر یا طلبِ خیر ہو یعنی ایسے امور میں امداد حاصل کرنا ہو۔ جو خدا کے سوا کسی اور کے اختیار میں نہیں ہیں۔ مثلاً کسی بیمار کا تندرست کرنا یا دُشمن پر فتح حاصل کرنا یا کسی دُکھ سے محفوظ رہنا وغیرہ۔ تو ایسے امور میں خدا کے سوا کسی دُوسرے سے امداد طلب کرنا شرک ہے۔ جو لوگ ایسا کریں وہ مشرک ہیں۔ شرکِ اکبر کے مرتکب ہیں۔ اگرچہ ان کا عقیدہ یہی ہو کہ فاعلِ حقیقی فقط رب العزت ہے۔ اور ان صالحین سے دُعا کرنے کا مقصد محض یہ ہے کہ ان کی سفارش سے مراد برآئے گی۔ گویا یہ ایک واسطہ ہیں۔ یعنی ان کا فعل بہ ہر حال شرک ہے۔ اور ایسے لوگوں کا خون بہانا جائز ہے۔ اور ان کے اموال کا لوٹ لینا مباح ہے۔"

(تحفہ وہابیہ صنا مصنفہ اسماعیل غزنوی)

---

[1] یہی مولوی اسماعیل غزنوی یکم جون ۱۹۴۵ء کو بلیک مارکیٹ کے الزام میں گرفتار ہوئے تھے (اہلحدیث امرتسر ص ۸، ۱ جون ۱۹۴۵ء)

marfat.com

انبیاء اور اولیاء کو استغاثہ کرنا کُفر ہے

امام الوہابیہ عبدالعزیز آلِ سعود کی شائع کردہ کتاب مجموعۃ التوحید میں لکھا ہے :

عقیدہ : فَمَنِ اِسْتَغَاثَ بِغَیْرِہٖ فَقَدْ کَفَرَ۔ جس نے اللہ تعالےٰ کے علاوہ کِسی کو فریادرس مانا پس اُس نے کفر کیا۔' (مجموعۃ التوحید صـ۱۱۲ مصنفہ شیخ محمد شفیع اپنی کتاب توحید خالص (جس کی تقریظ حافظ عبدالقادر روپڑی نے بھی لکھی ہے) لکھتا ہے۔

عقیدہ : خدا کے سوا دوسروں کو حاجت روائی اور مشکل کشائی کے لیے پکارنا کُفر و شرک ہے۔ (خالص توحید صـ۴۲)

عقیدہ : مشکلات کے وقت پیروں فقیروں اور اولیاء اللہ کو پکارنا شرک ہے۔ (خالص توحید صـ۴۳)

عقیدہ : اللہ کے سوا اولیاؤں بزرگوں کو پکارنے والے سے زیادہ کوئی گمراہ نہیں۔ (خالص توحید صـ۴۵)

نبیؐ پاک مشکل کُشا نہیں ہیں!

عقیدہ : اگر اپنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مشکل کُشا ہوتے تو کیا کِسی کافر کی طاقت ہوتی۔ کہ دندان مبارک شہید کر کے چلا جاتا۔' (خالص توحید صـ۴۷)

مشکل کے وقت انبیاء کو پکارنا شرک ہے

مجدد الوہابیہ اسماعیل دہلوی قتیل نے لکھا ہے کہ : ۴۳

marfat.com

عقیدہ: شرک کے معنے یہ کہ جو چیزیں اللہ نے اپنے واسطے خاص کی ہیں۔ اور اپنے بندوں کے ذمہ پر نشانِ بندگی کے ٹھہرائے ہیں۔ وہ چیزیں اور کسی کے واسطے کرنے جیسے سجدہ کرنا اور اُس کے نام کا جانور کرنا۔ اور اُس کی منت ماننی اور مشکل کے وقت پکارنا اور ہر جگہ حاضر و ناظر سمجھنا۔ اور قدرت تصرف کی ثابت کرنا۔ سو اِن باتوں سے شرک ثابت ہو جاتا ہے۔ گو کہ پھر اس کو اللہ سے چھوٹا ہی سمجھے اور اُسی کا مخلوق اور اُسی کا بندہ اور اس بات میں اولیاء انبیاء میں اور جن و شیطان میں اور بھوت پری میں کچھ فرق نہیں۔ یعنی جس سے کوئی یہ معاملہ کرے گا وہ مشرک ہو جاوے گا۔ خواہ انبیاء و اولیاء سے کرے۔ خواہ پیروں و شہیدوں سے خواہ بھوت و پری سے۔ (تقویۃ الایمان ص۸)

عقیدہ: امام الوہابیہ قاضی شوکانی لکھتے ہیں کہ:

اَنَّ مَنْ دَعٰی نَبِیًّا اَوْ وَلِیًّا اَوْ غَیْرَہٗ وَسَاَلَ مِنْھُمْ قَضَاءَ الْحَاجَاتِ وَتَفْرِیْجَ الْکُرُبَاتِ اَنَّ ھٰذَا مِنْ اَعْظَمِ الشِّرْکِ۔ جس نے نبی یا ولی یا ان کے علاوہ کسی کو پکارا اور قضاء حاجات، مصائب اور مشکلات کو دور کرنے کے لیے عرض کیا بیشک یہ شرکِ اعظم سے ہے۔ (الدرر النضید ص۴۷)

وہابیوں کے مجدد ابنِ تیمیہ نے لکھا ہے کہ:

عقیدہ: انبیاء اور اولیاء کو پکارنا اور التجا کرنا شرک تک لے جاتا ہے۔ (کتاب الوسیلہ ص۶۳)

قارئین کرام! دیوبندی غیر مقلد وہابی مولویوں کی کمپنی کو بس نبیٔ پاک صلی اللہ تعالیٰ وآلہٖ وسلم کی عظمت کو کم کرنے کی اور توہین کرنے کی پڑی ہوئی ہے۔ اور اسی جنون میں ان کی عقل بھی جاتی رہی۔ بلکہ قرآن دانی کا دعوے بھی غلط ہو گیا ہے۔ وہابی مولویوں کی کمپنی نے نبیٔ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی مشکل کشائی، حاجت روائی اور اختیارات کی نفی کے لیے جو دلیل پیش کی ہے۔ وہ دندانِ مبارک کا شہید

marfat.com

ہو جاتا ہے لیکن عقل کے اندھوں اور علم سے کوروں کو اتنا بھی علم نہیں کہ ایسے اصول سے اللہ تعالےٰ کی مشکل کشائی، حاجت روائی اور قادرِ مطلق ہونے پر بھی اعتراض آتا ہے۔ اور وہ یہ کہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ یَقْتُلُوْنَ النَّبِیّٖنَ بِغَیْرِ الْحَقِّ۔ یہودیوں نے انبیاء کرام کو ناحق شہید کیا۔ پ ۱ ع

اگر کفار نبیِّ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے دندان مبارک شہید کریں تو امام الانبیاء علیہ السلام کو بے اختیار کہتے ہیں اور مشکل کشائی کی نفی کرتے ہیں۔ مگر جب یہود اللہ تعالےٰ کے انبیاءِ کرام علیہم السلام کو شہید کر دیں تو خدا تعالےٰ کے متعلق کیا نظریہ قائم کریں گے۔

پس معلوم ہوا کہ دیوبندی اور غیر مقلد وہابیوں کو اگر عناد اور دشمنی ہے تو امام الانبیاء حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے ہے۔

وہابیوں کے اِن عقائد کی بناء پر مرسلینِ عظام، انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام صحابۂ کرام علیہم الرضوان اور اولیاءِ عظام علیہم الرحمہ بھی معاذ اللہ شرک سے محفوظ نہ رہے۔ کیونکہ سیدنا عیسےٰ علیٰ نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بھی اپنے حواریوں سے نصرت و مدد طلب کی تھی۔ جو کہ قرآنِ پاک میں اس طرح بیان ہے کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام نے اپنے حواریوں سے فرمایا۔

مَنْ اَنْصَارِیْ اِلَی اللّٰہِ۔ قَالَ الْحَوَارِیُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰہِ۔ (پ ۳ ع ۱۳)

کون میرے مددگار ہوتے ہیں اللہ کی طرف حواریوں نے کہا ہم دینِ خدا کے مددگار ہیں۔

سیدنا موسےٰ کلیم اللہ علیہ السلام نے بھی اللہ تعالےٰ سے عرض کیا تھا۔

وَاجْعَلْ لِّیْ وَزِیْرًا مِّنْ اَھْلِیْ ھٰرُوْنَ اَخِی اشْدُدْ بِہٖ اَزْرِیْ۔

اور میرے لیے میرے گھر والوں میں سے ایک وزیر کر دے۔ وہ کون میرا بھائی ہارون۔ اس سے میری کمر مضبوط کر۔ (پ ۱۶ ع ۱۱)

اس کے جواب میں اللہ تعالےٰ نے یہ فرمایا تھا کہ میں تو تجھے کافی ہوں۔ میرے

marfat.com

سوا تو کسی دوسرے کو جو کہ میری مخلوق ہے۔ اپنا مددگار اور بوجھ اُٹھانے والا مجھ سے مانگ رہا ہے۔ بلکہ فرمایا۔

حضرت عیسےٰ علیٰ نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شان بیان فرماتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے یہ بھی فرمایا ہے:

وَاَیَّدْنَاہُ بِرُوحِ الْقُدُسِ۔ (پ۳ ع ۱)

اور پاکیزہ روح سے اس کی مدد کی

رُوح القدس کون ہے۔ وہ جبریلِ امین ہے۔ جو کہ عظیم المرتبت فرشتہ ہے اور فرشتے اللہ تعالےٰ کی مخلوق ہیں۔

قرآنِ پاک میں اللہ تعالےٰ نے اپنے محبوبِ پاک صاحبِ لولاک محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کو مخاطب کرکے فرمایا۔

یَاۤاَیُّهَا النَّبِیُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ۔ (پ ۱۰ ع ۴)

اے غیب کی خبر دینے والے (نبی) اللہ تمہیں کافی ہے۔ اور یہ جتنے مسلمان تمہارے پیرو ہوئے۔

دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا۔

فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰهُ وَجِبْرِیْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِیْنَ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِیْرٌ۔ (پ۲۸ ع ۱۹)

تو بے شک اللہ ان کا مددگار ہے اور جبریل اور نیک ایمان والے اور اس کے بعد فرشتے مدد پر ہیں۔

امام الانبیاء شافع روزِ جزا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کا بھی ارشاد ہے۔

اِذَا اَرَادَ عَوْنًا فَلْیَقُلْ یَا عِبَادَ اللّٰهِ اَعِیْنُوْنِیْ۔

جب تم کو مدد کی ضرورت ہو تو کہو اے اللہ کے بندو میری مدد کرو۔

(حصن حصین ص ۱۶۲۔ تحفۃ الذاکرین ص ۱۸۱ کتاب الاذکار للنووی ص ۲۰۱)

نیز وہابیہ نجدیہ کے مولوی وحید الزمان حیدر آبادی نے اپنی کتاب 'ہدیۃ المہدی'

marfat.com

میں اس حدیث شریف کو صحیح قرار دیا ہے۔

جلیل المرتبت صحابی سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے بھی اپنی پریشانی اور ہزیمت کے موقعہ پر یا محمداہ کہہ کر اپنے آقا مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم پکارا تھا۔

امام المحدثین امام محمد بن اسماعیل رحمۃ اللہ الباری نے "ادب المفرد" کتاب میں اس روایت کو درج فرمایا ہے۔ امام نووی نے کتاب الاذکار میں بھی بیان فرمایا ہے۔

علامہ صاوی علیہ الرحمۃ نے اپنی تفسیر میں تحریر فرمایا ہے۔

فَمَنْ زَعَمَ اَنَّ النَّبِیَّ کَاَحَدٍ النَّاسِ لَا یَمْلِكُ شَیْئًا اَصْلًا وَلَا نَفْعَ بِهٖ لَا ظَاهِرًا وَ لَا بَاطِنًا فَهُوَ كَافِرٌ خَاسِرٌ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ۔	جو شخص یہ خیال کرے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم بالکل کسی چیز کے مالک نہیں اور نہ ہی ان سے ظاہری اور باطنی طور پر نفع پہنچتا ہے۔ تو وہ شخص کافر ہے۔ اور دُنیا و آخرت میں رسوا ہے۔

(تفسیر صاوی ص۱۶۷ ج ۱)

صحابہ کرام علیہم الرضوان پیارے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو نافع سمجھتے تھے۔ اور بے ادبی اور گستاخی کرنے والا نقصان بھی اُٹھاتا تھا جیسا کہ امام مسلم نے روایت بیان کی ہے۔ کہ:

"سرکارِ دو عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے ساتھ مدینہ منورہ کی طرف ہجرت فرما رہے تھے۔ تو سراقہ بن مالک آپ کے تعاقب میں پہنچ گیا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے عرض کیا کہ دشمن آپہنچا ہے۔ تو آپ نے ارشاد فرمایا غم نہ کرو۔ ہمارا ربِ کریم ہمارے ساتھ ہے۔

فدعا علیه رسول اللہ صلی	رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر

marfat.com

اللّٰہ علیہ وسلّم فارتطمت فرسہ الیٰ بطنہا اریٰ۔

دُعا کی تو اس کا گھوڑا پیٹ تک زمین میں دھنس گیا۔

سراقہ نے کہا میں جانتا ہوں یہ آپ کی دُعا کا نتیجہ ہے۔ اب میرے لیے دُعا فرمائیے۔ جو بھی تمہاری تلاش میں آئے گا۔ میں اُسے واپس بھیج دوں گا۔

فَدَعَا اللّٰہِ فنَجَا۔

پس آپ نے دُعا فرمائی تو اس کو نجات مل گئی۔

(صحیح مسلم شریف ص۴۱۹ ج ۲)

امام الوہابیہ نواب صدیق حسن بھوپالوی نے اپنی کتاب "الداء والدواء" میں عظیم المرتبت صحابی حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بھی ایک واقعہ ان الفاظ میں نقل کیا ہے:

"شرحبی کہتے ہیں کہ ایک بار پاؤں ابن عباس کا سُن ہو گیا تھا کہا "یا محمدؐ" صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فی الفور کھل گیا۔"

(کتاب الداء والدواء، ص۳۶)

پس غیر مقلدین اور دیوبندی وہابیوں کے اماموں کے باطل عقائد کی بنا پر ان کے نزدیک انبیاء کرام مرسلین عظام علیہم السلام بلکہ سید الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام اور صحابہ کرام علیہم الرضوان کافر اور مُشرک ہوئے۔ (نعوذ باللہ من ذالک)۔ ابوالکلام آزاد کے والدِ ماجد کے بقول:

وہابی بے حیا، جھوٹے ہیں یارو
تڑا تڑ جوتیاں تم ان کو مارو

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں انبیاء کو سفارشی ماننا شرک ہے

امام الوہابیہ اسماعیل دہلوی قتیل بارگاہِ نبوت میں گستاخی کرتے ہوئے عطاء الٰہی سے کمالِ مصطفوی کا اِنکار کرتے ہیں۔

۴۸

marfat.com

عقیدہ : انبیاء اور اولیاء اللہ تعالےٰ کی عطاء سے تصرف فرماتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ہمارے سفارشی اور وکیل ہیں۔ یہ سب کچھ شرک اور خرافات ہیں۔ (تقویۃ الایمان صـ۶ مصنفہ امام الوہابیہ اسماعیل دہلوی)

انبیاء اور اولیاء کو سفارشی ماننے والا ابوجہل جیسا مشرک ہے

عقیدہ : جو کوئی کسی (انبیاء و اولیاء) کو اپنا وکیل اور سفارشی سمجھے اور نذر و نیاز کرے گو اس کو اللہ کا بندہ مخلوق ہے سمجھے۔ سو ابوجہل اور وہ شرک میں برابر ہے۔ (تقویۃ الایمان صـ۸ مطبوعہ دہلی)

عقیدہ : سو اب بھی جو کوئی کسی مخلوق کو عالم میں تصرف ثابت کرے اور اپنا وکیل ہی سمجھ کر اس کو مانے سو اس پر شرک ثابت ہو جاتا ہے۔ (تقویۃ الایمان صـ۲۷)

عقیدہ : اللہ تعالیٰ کے ہاں کسی کی وکالت کی حاجت نہیں۔ (تقویۃ الایمان صـ۳۴)

عقیدہ : اللہ کے ہاں کا معاملہ میرے اختیار سے باہر ہے۔ وہاں میں کسی کی حمایت نہیں کر سکتا اور کسی کا وکیل نہیں بن سکتا۔ (تقویۃ الایمان)

انبیاء اور اولیاء کو شفیع سمجھنا شرک ہے

عقیدہ : جو کوئی کسی نبی و ولی کو یا امام اور شہید کو یا کسی فرشتہ کو یا کسی پیر کو اللہ کی جناب میں اس قسم کا شفیع سمجھے سو وہ اصل مشرک ہے۔ اور بڑا جاہل۔ (تقویۃ الایمان صـ۳۱)

عقیدہ : سوائے خدا کے کسی کو خواہ نبی ہو یا ولی مشکل وقت پکارنا اور ان سے مدد میں چاہنا اور ان سے امید نفع اور ضرر کی رکھنا شرک ہے۔ (فتاویٰ نذیریہ صـ۱۴۸ ج ۱ مطبوعہ دہلی)

marfat.com

مجدد الوہابیہ نواب صدیق حسن بھوپالوی لکھتے ہیں کہ:

عقیدہ: ہر کہ اعتقاد کند در شجرے یا حجرے یا قبرے یا ملکے یا جنے یا انسانے یا زندہ یا مُردہ از ولی یا نبی یا اُستاد یا شیخ یا پیر کہ وے نافع یا ضار یا مقرب او بکردگار یا شفیع نزد پروردگار در حاجتے از حوائج دُنیا یا دیگر کار و بار است دلے بمجرد ایں توسل و تشفع و توصل بسوئے رب مُشرک است؛

(ہدایۃ السائل فارسی صـ۳۰۸ مطبوعہ بھوپال)

جو شخص یہ عقیدہ رکھے کہ پتھر یا قبر یا فرشتے یا جنات یا انسان یا زندہ یا مردہ، ولی یا نبی یا اُستاد یا شیخ یا پیر اُن کو نفع یا نقصان دینے والا اور اُن کا قرب حاصل کرنے والا یا شفاعت کرنے کا عقیدہ رب العلمین کے نزدیک دُنیا میں مشکلات یا حاجت کو پوری کرنے والا یا اور کوئی کاروبار کرنے والا ہے اسی قسم کا وسیلہ یا شفاعت یا ملانے والا رب کی طرف ہو تو وہ شخص مُشرک ہے۔

عقیدہ: امام الوہابیہ عبدالعزیز آلِ سعود نے جو مجموعۃ التوحید شائع کرائی ہے میں لکھا ہے۔

"مَنْ جَعَلَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اللّٰهِ وَسَائِطَ يَدْعُوْهُمْ وَيَسْأَلُهُمُ الشَّفَاعَةَ وَيَتَوَكَّلُ عَلَيْهِمْ كَفَرَ إِجْمَاعًا۔ جس نے اللہ تعالےٰ اور اپنے درمیان کسی کو وسیلہ بنایا۔ اور ان کو پکارتا اور ان سے سفارش طلب کرتا ہے۔ اور ان پر بھروسہ کرتا ہے۔ اُس نے اجماعاً کفر کیا ہے۔" (مجموعۃ التوحید صـ۱۳۴)

نبیؐ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ جائز نہیں

وہابیوں کے مجدد محمد بن عبدالوہاب نجدی کا عقیدہ تھا:

"مَنْ توسَّلَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَدْ كَفَرَ

نبیؐ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم سے توسل کرنے والا کافر ہو جاتا ہے۔

(الدرر السنیہ صد)

۵۰

marfat.com

وہابیوں کے حافظ عبداللہ روپڑی لکھتے ہیں کہ :

عقیدہ : وفات کے بعد نبی کا وسیلہ بھی جائز نہیں تو اور کا کس طرح جائز ہوگا۔
(وسیلہ بزرگاں ص۳)

عقیدہ : وفات کے بعد کسی بزرگ کا وسیلہ جائز نہیں جب رسول اللہ علیہ وسلم کا جائز نہیں تو دوسرے کا کیا جائز ہوگا۔

(وسیلہ بزرگاں ص۸ مصنفہ حافظ عبداللہ روپڑی)

فخر الوہابیہ مولوی اسماعیل غزنوی نے لکھا ہے :

عقیدہ : نہ کسی نبی یا ولی کا یہ مقام ہے کہ خیر و برکت کے حاصل کرنے یا آفات و مصائب سے نجات دلانے میں اللہ تعالیٰ اور اس کی مخلوق میں ان کو وسیلہ اور واسطہ بنایا جائے۔ (تحفہ وہابیہ ص۹ مصنفہ اسماعیل غزنوی مطبوعہ امرتسر)

نبی پاک سے انتقال کے بعد مانگنا فضول ہے

حافظ عبداللہ روپڑی کے رسالہ وسیلہ بزرگاں کے ص۱۲ کا مطالعہ کرنے سے یہ واضح ہوتا ہے کہ روپڑی صاحب کا عقیدہ امام الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق یہ ہے کہ ان سے ان کے انتقال کے بعد کچھ مانگنا فضول ہے۔

امام الوہابیہ اسماعیل دہلوی نے یہ بھی عقیدہ لکھا ہے کہ :

عقیدہ : اللہ صاحب گو کہ سب بادشاہوں کا بادشاہ ہے۔ پر اور بادشاہوں کی طرح مغرور نہیں۔ کہ کوئی رعیتی بھتیرا ہی التجا کرے اس کی طرف مارے غرور کے خیال نہیں کرتے۔ اس لیے رعیتی لوگ اور امیر کو مانتے ہیں۔ اور ان کا وسیلہ ڈھونڈتے یا کہ انہیں کی خاطر سے التجا قبول ہووے۔ بلکہ وہ بڑا کریم و رحیم ہے۔ وہاں کسی کی وکالت کی حاجت نہیں جو اس کو یاد رکھتے۔

(تقویۃ الایمان ص۳۴)

marfat.com

قارئین! وہاں کسی کی وکالت کی حاجت نہیں، میں کسی کا لفظ لکھ کر سرکارِ دو عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلہ اور شفاعت کا انکار کس پُرفریب انداز سے کیا گیا ہے۔ اور مکار نے کس مکاری سے مسلمانوں کا سیّد الشافعین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ اقدس سے منہ پھیرنے کے لیے کیسا انداز اختیار کیا ہے نیز خالقِ کائنات کے اس اعلان کا کس طرح اخبث نے انکار کیا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہی نبیِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کر کے فرماتا ہے:

وَصَلِّ عَلَيْهِمْ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ۔ (پ ع)

اور ان کے حق میں دُعائے خیر فرمائیے۔ بے شک تمہاری دُعا ان کے دِلوں کا چین ہے۔

قرآنِ پاک میں اللہ تعالےٰ جل جلالہٗ نے دوسرے مقام پر فرمایا:

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا۔ (پ ۵ ع ۶)

اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظُلم کریں تو اے محبوب تمہارے پاس حاضر ہوں۔ پھر اللہ سے معافی چاہیں اور رسول ان کی شفاعت فرمائے۔ تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔

غیر مقلدین اور دیوبندی وہابیوں کا ان عقائد سے بھی قرآن وحدیث کی مخالفت واضح ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا قرآنِ پاک میں مومنوں کو فرمان ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۔

اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور اُس کی طرف وسیلہ ڈھونڈو۔ اور اُس کی راہ میں جہاد کرو اس اُمید پر کہ فلاح پاؤ۔ (پ ۶ ع ۱۰)

وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ کی تشریح میں شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے اپنی کتاب القول الجمیل میں فرمایا ہے۔

قرآنِ پاک میں اللہ تعالےٰ نے یہود کا نبی آخر الزماں سیاح لامکاں محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ

marfat.com

علیہ وآلہٖ وسلّم کے وسیلہ جلیلہ سے دُعا مانگنا اور نبی کے وسیلہ سے دُعا مانگنے کی وجہ سے اللہ تعالےٰ کا ان کی دُعاء کو شرفِ قبولیت بخشنے ہوئے کفار پر ان کو فتح و نُصرت عطا فرمائی۔

قرآنِ پاک میں وہ آیت یہ ہے۔

وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ۔

(پ ۱ ع ۱۱)

اور اس سے پہلے وہ اس نبی کے وسیلہ سے کافروں پر فتح مانگتے تھے۔ تو جب تشریف لایا ان کے پاس وہ جانا پہچانا اُس سے منکر ہو بیٹھے۔

اس آیۃ شریفہ کی تفسیر مستند مفسّرین اور محدّثین کی مستند کتب کے حوالہ جات سے ملاحظہ فرمائیں جس میں نبیٔ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کو سفارشی سمجھنا۔ اور ان کے وسیلہ جلیلہ دُعا کرنا، بالکل جائز قرار دیا ہے۔

امام فخر الدین رازی جو کہ بالاتفاق امام المفسّرین ہیں فرماتے ہیں کہ:

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ عَلَيْنَا وَانْصُرْنَا بِالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ۔

(تفسیر کبیر ص ۴۲۸ ج ۱ مطبوعہ مصر)

اے اللہ تعالےٰ نبی امّی صلی اللہ علیہ وسلّم کے وسیلہ سے ہم کو فتح عطا فرما۔ اور ہماری مدد فرما۔

سیّد المفسّرین امام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ تحریر فرماتے ہیں کہ سیّدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما فرماتے ہیں کہ یہودی یوں دُعا مانگتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَنْصِرُكَ بِحَقِّ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ اَنْ تَنْصُرَنَا عَلَيْهِمْ۔

(تفسیر دُرِّ منثور)

اے اللہ تعالیٰ ہم تجھ سے نبیٔ اُمّی کے وسیلہ سے دُعا کرتے ہیں کہ ہم کو ان مشرکوں پر فتح دے کر مدد فرما۔

اَللّٰهُمَّ انْصُرْنَا بِالنَّبِيِّ الْمَبْعُوْثِ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ الَّذِيْ نَجِدُ نَعْتَهٗ وَصِفَتَهٗ فِي التَّوْرَاةِ۔

اے اللہ ہماری مدد فرما اُسی نبیٔ پاک صلی اللہ علیہ وسلّم کے وسیلہ سے جو نبی آخر الزماں ہے جس کی نعت اور صفت ہم توراۃ میں پاتے ہیں۔

marfat.com

(تفسیر مدارک ص۴۷ ج ۱، تفسیر ابوالسعود ص۳۹۲ ج ۱ تفسیر نیشاپوری ص۳۲۷ ج ۱، تفسیر سراج المنیر ص۷۳،
تفسیر جلالین ص۱۴، تفسیر جامع البیان ص۱۶)

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ اپنی تفسیر فتح العزیز میں فرماتے ہیں کہ:

"ابونعیم، بیہقی اور حاکم نے اسنادِ صحیحہ اور طرقِ متعددہ کے ساتھ روایت کی ہے کہ مدینہ منورہ اور خیبر کے یہودی جب مشرکینِ عرب، بنی اسد اور بنی غطفان جہنیہ، عذرہ کے ساتھ مقابلہ کرتے اور جنگ میں شکست کھا جاتے تو وہ اپنے یہودی علماء کے پاس آتے تو ان یہودی علماء نے ان کو فتح و نصرت کے لیے یہ دعا سکھائی۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا اِنَّا نَسْئَلُکَ بِحَقِّ اَحْمَدَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الَّذِیْ وَعَدْتَنَا اَنْ تُخْرِجَہٗ لَنَا فِیْ آخِرِ الزَّمَانِ وَبِکِتَابِکَ الَّذِیْ تُنْزِلُ عَلَیْہِ آخِرَ مَا یَنْزِلُ اَنْ تَنْصُرَنَا عَلٰی اَعْدَائِنَا۔

اے ہمارے رب ہم تجھ سے اس نبی اُمّی احمد صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے سوال کرتے ہیں جن کے بھیجنے کا تُو نے ہم سے وعدہ فرمایا ہے۔ اس کتاب کی برکت سے کہ جو تو ان پر نازل فرمائے گا سب کتابوں کے پیچھے۔ پس تو ہم کو ہمارے دشمنوں پر فتح و نصرت عطا فرما۔

(تفسیر فتح العزیز ص۳۲۹ ج ۱ مطبوعہ دہلی)

ناظرینِ کرام! مندرجہ بالا معتبرین کے حوالہ جات سے غیر مقلدین اور دیوبندی وہابی مولویوں کی جناب رسالت مآب صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے یہودی مولویوں جتنی بھی عقیدت نہ تھی۔ وہ یہودی مولوی تو اپنے ماننے والوں کو نبی آخر الزماں صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی وسیلہ جلیلہ اور واسطہ عظمیٰ سے دعا کرنے کی تعلیم دیں۔ مگر غیر مقلد اور دیوبندی مولوی اس کو شرک اور کفر قرار دیں۔

لعنت اللہ علیکم اے دشمنانِ مصطفیٰ!

لہ اس سے یہ بھی واضح ہو جاتا ہے کہ اسماعیل دہلوی کا عقیدہ اپنے چچا حضرت شاہ عبدالعزیز کے مطابق نہ تھا یعنی اس خاندان سے اسماعیل کی بدعقیدگی کا ثبوت ملتا ہے۔

marfat.com

ابوالبشر حضرت سیدنا آدم علیہ السلام نے بھی بارگاہِ رب العالمین سے حبیبِ کردگار صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے نام کے وسیلہ سے دُعا کی تھی جو کہ مستند محدثین اور مفسرین نے اپنی کتابوں میں درج فرمائی ہے۔

یَارَبِّ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ لَمَا غَفَرْتَ لِیْ — اے میرے پروردگار محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے واسطے اور وسیلے سے مجھے معاف فرما دے۔

(طبرانی شریف صـ۸۲-۸۳ ج ۲، مستدرک صـ۶۱۵ ج ۲، ابنِ عساکر صـ۲۵۷ ج ۲، زرقانی شریف صـ۶۲ ج ۱، مواہب اللدنیہ صـ۱۲، کتاب الوفا باحوال المصطفیٰ صـ۳۳ ج ۱، بیان المیلاد النبوی صـ، خصائص کبریٰ صـ۱۷ ج ۱، شواہد الحق للنبہانی صـ۱۳۷، الانوار المحمدیہ صـ۱۰۹، افضل الصلوات صـ۱۱)

تمام انسانوں کے باپ حضرت آدم علیہ السلام تو افضل الانبیاء صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلہ جلیلہ سے دُعا کریں اور آج جو مولوی اس وسیلہ کو شرک قرار دے رہے ہیں معلوم ہوا کہ ان بدطینت لوگوں کا اپنے باپ حضرت آدم علیہ السلام کے متعلق بھی عقیدہ درست نہیں۔ ع شرمِ نبی خوفِ خدا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں!

علامہ شیخ مصطفیٰ کریمی علیہ الرحمۃ نے لکھا ہے کہ:

"حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کے لیے جب دُعا کی تو اس طرح کی:

اَللّٰھُمَّ اَسْئَلُکَ اَنْ تَنْصُرَنِیْ عَلَیْھِمْ بِنُوْدِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

(رسالۃ السنیین فی الرد علی المبتدعین الوہابیین صـ۲۴ مطبوعہ مصر)

مقتدر صحابہ کرام علیہم الرضوان نے بھی آپ کے انتقال کے بعد حبیبِ کبریا شافعِ روزِ جزا علیہ التحیۃ والثناء کی ذاتِ بابرکات کا وسیلہ لے کر دُعائیں کی ہیں جیسا کہ حدیث شریف کی معتبر کتاب طبرانی شریف میں خلیفہ سوم جامع قرآن امیر المومنین سیدنا عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے دورِ خلافت کا واقعہ درج ہے۔ جو کہ سرکارِ عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے خود ایک نابینا کو بارگاہِ الٰہی سے بوسیلہ مصطفیٰ مانگنے کا یہ طریقہ بتایا تھا۔ وہ طریقہ اور دُعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ وَاَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ

marfat.com

یَامحَمَّدُ اِنِّیْ اتوجہ بِکَ اِلیٰ رَبِّیْ فی حَاجَتِیْ ھٰذِہٖ لتقضیٰ لِیْ اَللّٰھُمَّ فشفعہ فی۔ (طبرانی شریف ص۱۸۳)

نیز دُوسری حدیث شریف میں نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے خود ملکِ شام کے ابدالوں کی شان میں فرمایا وَبِھِمْ یُرْزَقُوْنَ وَبِھِمْ یُنْصَرُوْنَ وَبِھِمْ یستغیثون عَلَی المرائم ان کی وجہ سے رزق دیا جاتا اور ان کی وجہ سے بارش ہوتی ہے۔ اور ان کی وجہ سے ہی دُشمنوں پر فتح حاصل ہوتی ہے۔

اُمتِ محمدیہ کی مقتدر شخصیت شیخ سعدی علیہ الرحمۃ بھی بارگاہِ ایزدی میں نبیٔ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اور ان کی آلِ پاک کے وسیلہ سے اس طرح عرض کرتے۔

الٰہی بحق نبی فاطمہ — کہ بر قول ایماں کُنی خاتمہ
اگر دعوتم رد کن ور قبول! — من دوست دامان آلِ رسول

(بوستان ص۵)

لہٰذا غیر مقلدین اور دیوبندی وہابیوں کے ان عقائدِ باطلہ کے مطابق صحابہ کرام اور اولیاء عظام اصلی مشرک بلکہ ابوجہل سے بڑھ کر مشرک اور بے دین ٹھہرے۔

ارے تجھ کو کھائے تپِ سقر تیرے دِل میں کس سے بخار ہے

علّامہ شرحبی[1] علیہ الرحمۃ نے لکھا ہے کہ جس شخص کو کوئی حاجت ہو تو وہ چار رکعت اس طریق سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ اور سورہ اخلاص دس مرتبہ اور دوسری رکعت میں سُورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص بیس مرتبہ تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص تیس مرتبہ۔ چوتھی رکعت میں سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص چالیس مرتبہ پڑھے نماز سے فارغ ہونے کے بعد اس طرح دُعا پڑھے اَللّٰھُمَّ بِنُوْرِکَ وَجَلَالِکَ وَبِحَقِّ ھٰذَا

---

[1] علّامہ شرحبی علیہ الرحمۃ وہ مستند عالم ہیں۔ جن کا حوالہ مجدد الوہابیہ صدیق حسن خاں بھوپالوی نے اپنی کتاب الدار والدوار کے صفحہ ۳۶ پر اِس کتاب کا حوالہ دیا ہے۔

(فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

الاسم الاعظم وَبحق نبیّکَ مُحَمّد صَلّیَ اللہ عَلَیہِ وَسَلّمَ اسئلکَ اَن تقضی حاجتی وتبلغنی سوئی تو دُعا مستجاب ہو گی۔

(کتاب الفوائد فی الصلات والعوائد صـ۶۹ از علامہ شرجی علیہ الرحمہ مطبوعہ مصر)

نبیّ پاک صلّی اللہ علیہ وسلّم میں کچھ قُدرت نہیں

غیر مقلدین اور دیوبندی وہابیوں کے امام اور مجدد اسماعیل دہلوی قتیل نے عقیدہ لکھا ہے کہ:

عقیدہ: (حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) کہ کچھ قُدرت اور غیب دانی مجھ میں نہیں۔ (تقویۃ الایمان صـ۲۴)

انبیاءِ کرام علیہم السّلام اللہ کے عذاب سے عام آدمیوں کی طرح ترساں و لرزاں ہیں

وہابیوں کے نام نہاد مجدد ابنِ تیمیہ نے لکھا ہے کہ:

"ملائکہ وانبیاء بھی ویسے ہی خدا کے بندے ہیں۔ جیسے کہ تم خود ہو۔ اور وہ بھی اس کی رحمت کے طالب اور اُس کے عذاب سے اُسی طرح لرزاں و ترساں ہیں جس طرح تم خود ہو۔" (کتاب التوسیلہ صـ۴۲)

قدرت اور اختیارات پر بھی آیات طیبات اور احادیث شریفہ شاہد ہیں۔ چنانچہ ربِ کریم جل جلالہٗ کا فرمان ہے۔

فَلَا وَ رَبِّکَ لَا یُؤْمِنُوْنَ حَتّٰی یُحَکِّمُوْکَ فِیْمَا شَجَرَ بَیْنَھُمْ ثُمَّ

تو اے محبوب تمہارے رب کی قسم وہ مسلمان نہ ہوں گے۔ جب تک اپنے آپس کے جھگڑے میں تمہیں حاکم نہ بنائیں پھر جو کچھ

marfat.com

لَا یَجِدُوْا فِیْ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَیْتَ وَیُسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ۝ (پ۵ ع۶)

تم حکم فرما دو اپنے دلوں میں اس سے رکاوٹ نہ پائیں۔

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِیْمًا۔ (پ۵ ع۶)

اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اے محبوب تمہارے حضور حاضر ہوں اور پھر اللہ سے معافی چاہیں۔ اور رسول ان کی شفاعت فرمائے تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔

مَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا (پ۲۸ ع۴)

اور جو کچھ تمہیں رسول عطا فرمائیں وہ لو اور جس سے منع فرمائیں باز رہو۔

حدیث شریف میں سرکارِ دو عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا فرمان ہے۔

اُعْطِیْتُ بِمَفَاتِیْحِ خَزَائِنِ الْاَرْضِ (صحیح بخاری شریف ص، مشکوٰۃ المصابیح ص)

مجھے زمین کے خزانوں کی کنجیاں عطا کی گئی ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے مروی ہے۔ کہ انہوں نے حضرت کعب سے پوچھا کہ رسولِ معظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی تورات میں تعریف و توصیف کس طرح بیان کی گئی ہے۔ تو انہوں نے فرمایا۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ عَبْدِیَ الْمُخْتَارِ۔

محمد رسول اللہ میرے بندے مختار ہیں۔

(مشکوٰۃ شریف ص۵۱۴، سنن دارمی ص۱۷، خصائص کبریٰ ص۲۸ ج ۱ للسیوطی۔ کتاب الوفا ص۳۸ ج ۱ از ابنِ جوزی شواہد النبوۃ ص۔ از جامی)

قارئین کرام! قرآنِ مجید کی آیاتِ طیبات اور احادیث سے اظہر من الشمس ہے ہمارے پیارے رسولِ کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم مالک و مختار۔ باذنِ الٰہی قدرت و کمال والے ہیں لہٰذا ایسے عقیدہ والے غیر مقلد دیوبندی وہابی حضرات واضح طور پر قرآنِ پاک اور احادیثِ نبوی سے بغاوت کرنے والے ہیں۔ عیسائی حضرات کی انجیل برنابس میں ہے کہ اللہ تعالےٰ

marfat.com

نے سرکار آدم اور حضرت حوا علیہما السلام کو فرمایا۔

FOR THE WHO SHALL COME, MY MESSENGER TO HIM WILL GIVE ALL THINGS.

کیونکہ وہ میرا رسول جو آئے گا تو اُسے میں سب چیزیں عطا کروں گا۔
(انجیل برناباس ص۴۹ باب ۱۴۱)

کُتب احادیث شریف میں حضرت ربیعہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے متعلق حدیث شریف ہے کہ نبیؐ پاک نے اُس کو فرمایا کہ سَلْ یَا ربیعہ (ربیعہ مانگ) حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔

اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مَرَافَقَتَکَ فِی الْجَنَّۃِ (مشکوٰۃ ص—) — میں آپ سے جنت میں آپ کی رفاقت مانگتا ہوں۔

اس کے جواب میں نبیؐ پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تو نہیں فرمایا تھا میں تو خود اللہ کے عذاب سے ترساں اور لرزاں ہوں میں تجھے رفاقت کی ذمہ داری کیسے دوں۔ معلوم ہُوا وہابیوں کا عقیدہ صحابہؓ کرام علیہم الرضوان کے عقیدہ کے بھی خلاف ہے۔ جو پیارے مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے صحابہ جن کو سبھی عشرہ مبشرہ مانتے ہیں کو اس دُنیا میں جنت کی خوشخبری دے سکتے ہیں۔ اُس رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق اور دیگر انبیاء کے متعلق جو کوئی مسلمان ایسے بیہودہ الفاظ استعمال نہیں کر سکتا۔

قارئین کرام! قرآن وحدیث کی روشنی میں معلوم ہوا کہ وہابیہ نجدیہ خذھم اللہ تعالےٰ کا عقیدہ فرمانِ خُداوندی اور ارشادِ مصطفوی کے صریحاً خلاف ہے۔

خلافِ پیمبر کسے را گزید
کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید

marfat.com

اللہ تعالیٰ کے دربار میں مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی گنوار جیسی بیحواسی

دیوبندی اور غیر مقلد وہابی حضرات کے مجدد اور امام اسماعیل دہلوی اپنا عقیدہ لکھتے ہیں کہ

عقیدہ: اشرف المخلوقات محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تو اُس کے دربار میں یہ حالت ہے کہ ایک گنوار کے منہ سے اتنی بات سُنتے ہی مارے دہشت کے بیحواس ہو گئے۔ (تقویۃ الایمان ص۵۶)

غیر مقلد وہابیوں کے اخبار اہلحدیث امرتسر میں حضور اکرم کی طرف منسوب کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

سب انساں ہیں واں جسطرح سرافگندہ
اسی طرح ہوں میں بھی اک اس کا بندہ

(اخبار اہلحدیث امرتسر ص۴ ۸ جنوری ۱۹۴۳ء)

رسُول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا

عقیدہ: سارا کاروبار اللہ ہی کے چاہنے سے ہوتا ہے۔ رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا۔ (تقویۃ الایمان ص۵۸)

ناظرین! امام الوہابیہ والدیانبہ قتیل کس دریدہ دہنی سے سرورِ کائنات مفخرِ موجودات، حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ عظمت و رفعت میں گستاخی کر کے کفر کا مرتکب ہوا۔ رسولِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ و آلہ وسلم جو بارگاہِ ربوبیت میں مقام حاصل ہے۔ الا العالمین نے قرآنِ کریم میں فرما دیا ہے:

عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا (پ۱۵ ع ۹)

قریب ہے کہ تمہیں تمہارا رب ایسی جگہ کھڑا کرے جہاں سب تمہاری حمد کریں۔

marfat.com

دوسرے مقام پر فرمایا :

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۔ (پ۳۰ ع ۱۹)

اور ہم نے تمہارے لیے تمہارا ذکر بلند کر دیا۔

سیاحِ لامکاں، سیّدِ مرسلاں صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کو ربِ کریم سے وہ قرب حاصل ہے جو کسی ایک کو بھی حاصل نہیں ہوا۔ معراج شریف کے واقعہ سے یہ قرب بالکل عیاں ہے۔ اور جس انداز سے ربِ کریم نے اس سیر کا ذکر فرمایا ہے۔ وہ بھی اس حقیقت پر شاہد ہے۔

سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَہٗ لِنُرِیَہٗ مِنْ اٰیٰتِنَا اِنَّہٗ ھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ۝ (پ۱۵ ع ۱)

پاکی ہے اسے جو اپنے بندے کو راتوں رات لے گیا۔ مسجدِ حرام سے مسجدِ اقصا تک جس کے گرد اگرد ہم نے برکت رکھی۔ کہ ہم اُسے اپنی عظیم نشانیاں دکھائیں۔ بیشک وہ سنتا دیکھتا ہے۔

دیوبندی اور غیر مقلد وہابیوں کا اِمام شافع روزِ جزا علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کو بارگاہِ الٰہی میں بیجوا اس قرار دینے کی جسارت کرتا ہے۔ مگر ربّ العالمین اپنے رسولِ کریم کے محبوبِ خدا ہونے کی شہادت شبِ معراج کے واقعہ سے قرآنِ پاک میں اس طرح فرما رہا ہے :

وَھُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰی ۝ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰی ۝ فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی ۝ فَاَوْحٰٓی اِلٰی عَبْدِہٖ مَآ اَوْحٰی ۝ مَا کَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰی ۔ (پ۲۷ ع ۵)

اور وہ آسمانِ بریں کے سب سے بلند کنارہ پر تھا۔ پھر وہ جلوہ نزدیک ہوا۔ پھر خوب اُتر آیا تو اس جلوے اور اس محبوب میں دو ہاتھ کا فاصلہ رہا بلکہ اس سے بھی کم۔ اب وحی فرمائی اپنے بندے کو جو وحی فرمائی۔ دِل نے جھوٹ نہ کہا جو دیکھا

marfat.com

اُس رسولِ محتشم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق اُس کا یہ عقیدہ باطلہ ہے کہ رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا۔ شانِ ارفع میں ربِ کریم کا فرمان ہے۔

اِنَّا اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝

(پ۳۰ ع ۳۳)

اے محبوب بیشک ہم نے تمہیں بیشمار خوبیاں عطا فرمائیں۔

وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی

(پ۳۰ ع ۱۸)

اور بیشک قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں اِتنا دے گا کہ تم راضی ہو جاؤ گے۔

جس رسولِ رحمت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے چاہنے کی وجہ سے اللہ تعالےٰ نے بیت المقدس کی بجائے بیت اللہ کو قبلہ بنا دیا۔ اور فرمایا۔

قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِی السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّیَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ (پ۲ ع ۱)

ہم دیکھ رہے ہیں بار بار آسمان کی طرف منہ کرنا۔ تو ضرور ہم تمہیں پھیر دیں گے۔ اُس قبلہ کی طرف جس میں تمہاری خوشی ہے ابھی اپنا منہ پھیرو مسجدِ حرام کی طرف

قرآنِ مجید میں اللہ تعالےٰ جل جلالہٗ فرماتا ہے۔

یَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ (پ۶ ع ۷)

جسے چاہے بخشتا ہے۔ اور جسے چاہے سزا دیتا ہے۔

اس میں اللہ کریم نے اپنی شانِ بے نیازی ظاہر فرمائی ہے۔ مگر دوسرے مقام پر شانِ محبوبی بیان کرتے ہوئے اپنے محبوب کے چاہنے سے دوزخی کو جنت مل سکتی ہے کا اظہار اس طرح فرمایا ہے:

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِیْمًا (پ۵ ع ۶)

اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اے محبوب تمہارے حضور حاضر ہوں پھر اللہ سے معافی چاہیں اور رسول ان کی شفاعت فرمائیں تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں گے۔

marfat.com

شانِ بے نیازی تو جس کو چاہے مغفرت کر دے جس کو چاہے عذاب دے دے
مگر جس کے متعلق نبیِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی چاہت اور سفارش ہو اُس
کے متعلق فرمایا ہے۔ مسلمانو ضرور بضرور اللہ تعالےٰ کو توبہ قبول کرنے والا مہربان پاؤ گے۔

ع اندھے نجدی دیکھ لے قدرت رسُول اللہ کی۔

دیوبندیوں اور غیر مقلدین وہابیوں کا مجدد اُس حبیبِ کردگار کے متعلق یہ بکواس
کر رہا ہے جس نے مدینہ منورہ کو حرم قرار دیا۔ حدیث شریف میں ہے۔ نبیِ پاک
صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

اِنَّ اِبْرَاهِيْمَ حَرَّمَ مَكَّةَ فَجَعَلَهَا حَرَامًا وَاِنِّيْ حَرَّمْتُ الْمَدِيْنَةَ حَرَامًا مَا بَيْنَ مَا نَزِمِيْهَا۔

بے شک حضرت ابراہیم نے مکہ مکرمہ کو حرم کر کے حرام بنا دیا اور بیشک میں نے مدینہ منورہ کے دونوں کناروں میں جو کچھ ہے اُسے حرم بنا کر حرام کر دیا۔

(مشکوٰۃ صـ ۲۳۹)

ربّ کے محبوب نے حضرت خزیمہ صحابی کو فرمایا کہ تیری اکیلے کی گواہی دو
مردوں کے مقابلہ میں کافی ہے۔

دیوبندیو، وہابیو! قیامت کے روز بھی نبیِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے
چاہنے سے ہی نجات اور بخشش ہے۔ اور اپنی اُمت کی مغفرت کے لیے بارگاہِ
الوہیت میں محبوبِ ربِ کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم سجدہ فرمائیں گے۔ تو اللہ کریم ان
کو فرمائے گا۔

سَلْ تُعْطَهْ اشْفَعْ تُشَفَّعْ

مانگ جو تجھے عطا کیا جائے گا۔ شفاعت
کر تیری شفاعت قبول ہو گی۔

قرآن و حدیث کی روشنی سے معلوم ہوا کہ وہابیوں کے عقائد قرآن و حدیث
کے خلاف ہیں۔ اور ان کے عقائد میں پیارے مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم
کی توہین اور گستاخی پائی جاتی ہے۔ اور ایسے عقائد ان لوگوں کے ہی ہوتے ہیں جن
کے دل اللہ تعالےٰ اور اس کے حبیبِ کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کی محبت سے

marfat.com

خالی ہوں۔

اِمام الانبیاء اللہ کے آگے چمار سے بھی ذلیل ہیں!

غیر مقلد اور دیوبندی وہابیوں کا مجددِ امام الانبیاء کی شانِ اقدس میں دریدہ دہنی سے گستاخی کرتا ہے:

عقیدہ: یہ یقین جان لینا چاہیئے کہ ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا وہ اللہ کی شان کے آگے چمار سے بھی ذلیل ہے۔ (تقویۃ الایمان ص۱۴)

ناظرین! مخلوق میں امام الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم دیگر انبیاء کرام علیہم السلام اور جملہ اولیاء الرحمٰن علیہم الرضوان بھی شامل ہیں۔

انبیاء اور اولیاء ذرۂ ناچیز سے کمتر ہیں!

عقیدہ: اللہ کی شان بہت بڑی ہے کہ سب انبیاء اور اولیاء اس کے رُوبرُو ایک ذرۂ ناچیز سے بھی کمتر ہیں۔ (تقویۃ الایمان مصنفہ اسماعیل دہلوی قتیل ص۵۶)

امام الوہابیہ اسماعیل دہلوی قتیل نے ان عقائد میں جملہ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی توہین کا ارتکاب کیا ہے۔ نیز قرآن وحدیث کی صریحاً مخالفت کرکے قرآن وحدیث کا اِنکار کیا ہے۔ قرآنِ پاک میں تو اللہ تعالےٰ اپنے انبیاء کی شان بیان فرما رہا ہے:

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ مِنْهُمْ مَنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ۔

(پ۳ ع۱)

یہ رسول ہیں کہ ہم نے ان میں ایک دوسرے پر افضل کیا۔ ان میں کسی سے اللہ نے کلام فرمایا اور کوئی وہ ہے جسے سب پر درجوں بلند کیا۔

اللہ کی بارگاہ میں مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو وہ عظمت حاصل ہے کہ اللہ تعالےٰ

marfat.com

ان کے بارے میں ہدایات ارشاد فرماتا ہے۔

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا وَ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

(پ ۱ ع ۱۳)

اے ایمان والو۔ راعنا نہ کہو اور یوں عرض کرو کہ حضور ہم پر نظر رکھیں۔ اور پہلے ہی بغور سنو اور کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے۔

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ۔

(پ ۲۶ ع ۱۳)

اے ایمان والو۔ اپنی آوازیں اونچی نہ کرو اس غیب بتانے والے (نبی) کی آواز سے اور ان کے حضور بات چلا کر نہ کہو جیسے آپس میں ایک دوسرے کے سامنے چلاتے ہو۔ کہیں تمہارے عمل اکارت نہ ہو جائیں۔ اور تمہیں خبر نہ ہو۔

قرآنِ پاک میں اللہ تعالےٰ جل جلالہ کا فرمان ہے:

وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ

(پ ۲۸ ع ۱۳)

اور عزت تو اللہ اور اس کے رسول اور مسلمانوں ہی کے لیے ہے۔

قرآنِ پاک میں اللہ تعالےٰ نے اپنے پیارے رسولِ معظم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی عمرِ مبارک، چہرۂ مبارک، بالِ مبارک، زمانۂ مبارک کی قسمیں اٹھائی ہیں۔ قسم کسی کمتر اور ذلیل چیز کی نہیں اٹھائی جاتی۔ اگر ہم قسم کسی ذلیل اور کمتر اور حقیر چیز کی نہیں اٹھاتے تو ربّ العالمین نے جس شخصیت کے چہرۂ مبارک، بالِ مبارک، زمانۂ مبارک کی قسمیں اٹھائیں۔ ان کو ذلیل اور ذرہ ناچیز سے کمتر کہنا صاف کفر ہے۔ جب قرآنِ کریم میں اللہ تعالےٰ نے عام مسلمانوں کو بھی اپنی بارگاہ میں مقرب اور معزز ہونے کا راز یہ بتایا ہے:

اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ

(پ ۲۶ ع ۱۴)

بے شک اللہ کے یہاں تم میں زیادہ عزت والا وہ ہے جو تم میں زیادہ

marfat.com

پرہیزگار ہے۔

خداوندِ کریم نے واضح الفاظ میں اعلان فرمایا ہے کہ پرہیزگار میری بارگاہ میں عزت والے ہیں۔ اپنے محبوب کے متعلق اللہ کریم نے ان کے متقی ہونے کی گواہی قرآنِ پاک میں اس طرح دی ہے۔

وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖۤ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ۝

(پ ۲۴ ع ۱)

اور وہ جو یہ سچ لے کر تشریف لائے اور وہ جنہوں نے ان کی تصدیق کی۔ یہی متقی ہیں۔

اس کے علاوہ کتب احادیث میں بھی ہے کہ نبیٔ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

اَنَا حَبِیْبُ اللّٰہ۔

میں اللہ تعالیٰ کا حبیب ہوں۔

(مشکوٰۃ شریف ص ۵۱۳، ترمذی شریف، دارمی ص ۳۰)

عام آدمی اپنے حبیب کو ذلیل اور پھر چمار سے بھی ذلیل تصور نہیں کرتا۔ چہ جائیکہ اللہ تعالیٰ کے حبیب اور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو چمار سے بھی ذلیل کوئی سمجھے تو اس کے کفر میں کس کو شک و شبہ ہو سکتا ہے۔

قرآن و حدیث کی روشنی میں یہ معلوم ہوا کہ امام الوہابیہ اسماعیل دہلوی نے تقویۃ الایمان میں کفریہ عقائد کی ترویج و تشہیر کرنے کے لیے ہی کمر باندھی ہے ؎

نجدیا سخت ہی گندی ہے طبیعت تیری
کفر کیا شرک کا فضلہ ہے نجاست تیری

انسان کمتر درجہ کی چیز کو محبوب نہیں بناتا۔ اُس کے نزدیک محبوب کا بہت مقام ہوتا ہے۔ تو اللہ کا محبوب محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اللہ تعالےٰ کے نزدیک ذرہ ناچیز سے بھی کمتر ہو سکتا ہے۔ العیاذ باللہ۔ یہ صریحاً کفر ہے۔

عام لوگ اُس چیز کی قسم اُٹھاتے ہیں جو قدر و منزلت والی ہو۔ تو ربِ کریم جل جلالہٗ نے جس محبوب کی عمر، زمانہ، چہرۂ اقدس، زلفِ معنبر وغیرہم کی قسمیں اُٹھائیں اور قسم

marfat.com

اُٹھا کر جس کی رسالت کی گواہی دی اُس محبوبِ ربِ کریم کو بارگاہِ خداوندی میں ذرّہ ناچیز سے کمتر قرار دینا بُغضِ رسول نہیں تو اور کیا ہے؟

ارے تجھ کو کھائے تپِ سقر تیرے دِل میں کس سے بخار ہے

انبیاء اور اولیاء عاجز و بے اختیار ہیں

عقیدہ: انبیاء اور اولیاء کو اس بات میں کچھ بڑائی نہیں کہ اللہ نے ان کو عالم میں تصرف کرنے کی کچھ قدرت دی ہو کہ جس کو چاہیں مار ڈالیں یا اولاد دلوں یا مشکل کھول دیویں یا مرادیں پوری کر دیویں یا فتح و شکست دے دیویں یا غنی اور فقیر کو دیویں یا کسی کو بادشاہ کر دیویں یا کسی کو امیر و وزیر کسی سے بادشاہت یا امارت چھین لیویں۔ یا کسی کے دِل میں ایمان ڈال دیویں یا کسی بیمار کو تندرست کر دیویں یا کسی سے تندرستی چھین لیویں کہ ان باتوں میں سب بندے بڑے اور چھوٹے برابر ہیں۔ عاجز اور بے اختیار۔ (تقویۃ الایمان ص۲۵)

اسماعیل دہلوی قتیل کی اس عبارت میں بھی کتنی چیزیں اقرآن اور حدیث کے صریحًا خلاف ہیں۔ بالاختصار ایک دو باتوں کا ذکر کرتا ہوں۔ قرآنِ پاک میں آتا ہے:

اَغْنٰهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ — اللہ اور اس کے رسول نے اپنے فضل سے غنی کر دیا۔ (پ۱۰ ع ۱۵)

حضرت سیدنا عیسٰے علٰے نبینا علیہ السلام کا معجزہ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْيِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ اور میں شفاعت دیتا ہوں مادرزاد اندھے اور سفید داغ والے کو۔ اور میں مُردے جلاتا ہوں اللہ کے حکم سے۔ (پ۳ ع ۱۳)

انبیاء اور اولیاء کی توہین میں اسماعیل دہلوی اتنے سرگرم ہیں کہ انہوں نے بعطاءِ الٰہی باذنِ الٰہی کا بھی انکار مندرجہ بالا عبارت میں کر دیا ہے۔

قوم بنی اسرائیل پر قحط بارش کا ہوا تو قوم مشکل کشائی کے لیے حضرت موسٰی علیہ

marfat.com

السلام کے پاس آئی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے عرض کی تو خدا نے موسیٰ علیہ السلام کے ہاتھوں ان کی مشکل کشائی کرائی کہ قحط دُور ہوا اور پتھر سے بارہ چشمے جاری ہو گئے جیسا کہ قرآنِ پاک میں موجود ہے۔

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا۔ (پ ۱ ع ۷)

جب موسیٰ نے اپنی قوم کے لیے پانی مانگا تو ہم نے فرمایا اِس پتھر پر اپنا عصا مارو۔ فوراً اُس میں سے بارہ چشمے بہ نکلے۔

حضرت سلیمان علیہ السلام نے جب ملکہ بلقیس کا تخت اپنی خدمت پیش کرنے کے لیے اپنے درباریوں سے کہا تو ایک ولی اللہ نے عرض کیا:

قَالَ الَّذِیْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِیْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْكَ طَرْفُكَ۔ (پ ۱۹ ع ۱۸)

اس نے عرض کی جس کے پاس کتاب کا علم تھا۔ کہ میں اُسے حضور میں حاضر کر دوں گا ایک پل مارنے سے پہلے۔

قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ سَیُؤْتِیْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَ رَسُوْلُهٗۤ۔ (پ ۱۰ ع ۱۴)

اور کہتے ہیں اللہ کافی ہے۔ اب دیتا ہے اللہ اپنے فضل سے اور اللہ کا رسول۔

وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَاۤ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ (پ ۱۰ ع ۱۳)

اور کیا اچھا ہوتا اگر وہ اسی پر راضی ہوتے جو اللہ اور رسول نے ان کو دیا۔

کتبِ احادیث شریفہ میں آتا ہے:

رسولِ محترم احمدِ مختار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

لَوْ شِئْتُ لَسَارَتْ مَعِیَ جِبَالُ الذَّهَبِ (مشکوٰۃ ص ۵۲۱)

اگر میں چاہوں تو ہمارے ساتھ سونے کے پہاڑ چلا کریں۔

ایک دفعہ حضرت ربیعہ بن ابی کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا سَلْ مانگو تو حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔

اَسْئَلُكَ مُرَافَقَتَكَ فِی

میں آپ سے جنت میں آپ کی رفاقت

marfat.com

الجَنَّةِ۔ مانگتا ہوں۔

آپ نے فرمایا اَوْ غَيْرُ ذَالِكَ اس کے علاوہ کچھ اور بھی مانگ لو۔

(مشکوٰۃ شریف ص۸۴ باب السجود وفضلہ)

کون دیتا ہے دینے کو منہ چاہیئے

دینے والا ہے سچا ہمارا نبیؐ!

ناظرین حضرات! ابوالوہابیہ والدیانبہ اسماعیل دہلوی قتیل کے عقیدہ کو قرآن وحدیث کی روشنی میں دیکھا جائے تو اس عقیدہ میں بھی بیّن طور پر اللہ تعالےٰ اور اس کے رسولِ عظیم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کے ارشادات کی مخالفت پائی جاتی ہے۔ نیز عظمتِ مصطفیٰ کا اِنکار پایا جاتا ہے جو کسی ادنیٰ درجہ کے مسلمان کے لیے بھی ایسا عقیدہ رکھنا روا اور جائز نہیں ہے۔

انبیاء کرام علیہم السّلام ناکارہ لوگ ہیں!

اِمام الوہابیہ اسماعیل دہلوی نے اپنی کتاب تقویۃ الایمان کی ابتداء میں شرک کی اقسام اور ان کا اجمالی بیان لکھ کر اس اجمال کی تفصیل کے لیے پانچ فصلیں مقرر کیں۔ ان فصلوں میں جو کچھ ہے۔ وہ اس اجمال کی شرح ہے۔ چنانچہ لکھا ہے۔

عقیدہ: حاجتیں برلانی اللہ ہی کی شان ہے۔ کسی انبیاء اولیاء کی یہ شان نہیں۔ جو کسی کو مصیبت کے وقت پکارے وہ مشرک ہو جاتا ہے۔

عقیدہ: جو کوئی انبیاء اولیاء کی اس قسم کی تعظیم کرے مشکل کے وقت ان کو پکارے ان باتوں سے شرک ثابت ہوتا ہے۔

اس باب میں اُس نے پانچ فصلیں مقرر کیں غرضیکہ یہ اجمالی بیان ایک دعوےٰ ہے۔ اور ساری کتاب اس دعوےٰ کے بیان اور ثبوت میں ہے۔ دعوےٰ کے ثبوت کی فصلوں میں اِمام الوہابیہ دہلوی قتیل نے یہ کفر بکا ہے کہ:

marfat.com

عقیدہ : اللہ سے زبردست کے ہوتے ایسے عاجز لوگوں کو پکارنا کہ کچھ فائدہ اور نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ محض بے انصافی ہے۔ کہ ایسے شخص کا مرتبہ ایسے ناکارہ لوگوں کو ثابت کیجئے۔ (تقویۃ الایمان صہ)

قارئین حضرات ! ابوالوہابیہ نے محبوبِ رب العالمین، رحمۃ للعالمین محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم اور دیگر انبیاء عظام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور اولیاء کرام علیہم الرضوان کو کس بیباکی اور جرأت سے ناکارہ لکھا ہے۔ یہ کھلم کھلا کفر نہیں تو اور کیا ہے۔

حاکم حکیم داد و دوا دیں یہ کچھ نہ دیں
مردود یہ مراد کس آیت خبر کی ہے

اللہ کے سوا کسی کو نہ مان

دیوبندی اور غیر مقلدین حضرات کے مشترکہ مجدد اسماعیل دہلوی نے بڑی شد و مد سے اپنے اِس عقیدہ کی ترغیب دی ہے کہ :

عقیدہ : جتنے پیغمبر آئے سو وہ اللہ کی طرف سے یہی حکم لائے ہیں کہ اللہ کو مانے اس کے سوا کسی کو نہ مانے۔ (تقویۃ الایمان صہ ۱۵)

عقیدہ : اللہ صاحب نے فرمایا کسی کو میرے سوا نہ مانیو۔ (تقویۃ الایمان صہ ۱۷)

عقیدہ : اللہ کے سوا کسی کو نہ مان۔ (تقویۃ الایمان صہ ۱۸)

عقیدہ : اوروں کو ماننا محض خبط ہے۔ (تقویۃ الایمان صہ)

ناظرین حضرات ! اِمام الوہابیہ اسماعیل دہلوی قتیل نے یہاں امام الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم اور دیگر انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام۔ ملائکہ آسمانی کتب قیامت وجنت ونار وغیرہم تمام ایمانیات کے ماننے سے صاف اِنکار کیا اور اُس کا افترا اللہ تعالےٰ اور اُس کے رسولوں پر رکھ دیا۔ مسلمانوں کے مذہب میں جس طرح اللہ تعالےٰ جل جلالہ کا ماننا ضروری ہے۔ اسی طرح ان سب کا

marfat.com

ماننا بھی جزوِ ایمان ہے۔ ان میں سے جسے نہ مانے گا کافر ہو جائے گا۔ ہر اُردو زبان والا جانتا ہے۔ کہ ماننا تسلیم و قبول و اعتقاد کو کہتے ہیں۔ اسی لیے اہلِ زبان ایمان کا ترجمہ ماننا اور کفر کا ترجمہ نہ ماننا کرتے ہیں۔ چنانچہ اس کے ثبوت کے لیے وہابیوں[1] کے ممدوح شاہ عبدالقادر صاحب دہلوی کے ترجمہ موضح القرآن سے چند ایک آیات کا ترجمہ پیش کیا جاتا ہے۔

ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ (پ۱ ع ۱	تو ڈراوے یا نہ ڈراوے وے نہ مانیں گے۔
لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ (پ۲۲ ع ۱۸)	ثابت ہو چکی ہے بات اُن بہتوں پر سو وے نہ مانیں گے۔
يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ (پ۱ ع ۱)	مانتے ہیں جو اُترا تجھ کو۔
وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَمَا كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝ (پ ۸ ع ۱۶)	اور پچھاڑی کاٹی اُن کی جو جھٹلاتے تھے۔ ہماری آیتیں۔ اور نہ تھے ماننے والے۔
وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ (پ۷ ع ۱۲)	اور جب آویں تیرے پاس ہماری آیتیں ماننے والے کو کہہ سلام ہے تم پر۔
اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ۔ (پ۳ ع ۸)	مانا رسول نے جو کچھ اُترا اس کے رب کی طرف سے اور مسلمانوں نے سب نے مانا اللہ کو اور اُس کے فرشتوں کو اور کتابوں کو اور رسولوں کو۔

قارئین عظام! اللہ تعالےٰ جل جلالہٗ تو اِس آیت شریفہ میں فرماتا ہے کہ

---

[1] وہابیہ کے مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی نے شاہ عبدالقادر صاحب دہلوی کے ترجمہ کی تعریف لکھی ہے۔

marfat.com

ایمان والوں نے اللہ اور اُس کے فرشتوں۔ کتابوں اور رسولوں سب کو مانا ہے۔
مگر امام الوہابیہ دہلوی لکھتا ہے کہ اللہ نے فرمایا میرے سوا کسی کو نہ مانو۔

قَالَ الَّذِیْنَ اسْتَکْبَرُوْا اِنَّا بِالَّذِیْٓ اٰمَنْتُمْ بِهٖ کٰفِرُوْنَ ۝

کہنے لگے بڑائی والے جو تم نے یقین کیا سو ہم نہیں مانتے۔ (پ ۸ ع ۱۷)

حضرات! مندرجہ بالا آیاتِ طیبات کا ترجمہ اہلِ زبان نے جو کیا ہے۔ اُس سے یہ واضح ہو گیا ہے کہ امام الوہابیہ کا ان اپنے عقائد کی ترغیب دینا صریح کفر ہے۔ کیونکہ اُس کے عقائد و اقوال مذکورہ کے صاف یہ معنے ہوئے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا انبیاء، مرسلین، ملائکہ وغیرہم کسی کو نہ مانے یعنی ان پر ایمان نہ لائے۔ سب کے ساتھ کفر کرے۔

ماننا بمعنی ایمان خود اسی امام الوہابیہ کی کتاب تذکیر الاخوان میں بھی درج ہے۔ جو کہ اس عبارت سے اظہر من الشمس ہے۔

اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے محبت رکھنا ایمان کی نشانی ہے جو ان کو نہ مانے اُس کا ٹھکانہ دوزخ ہے۔ (تذکیر الاخوان صہ)

قارئین! امام الوہابیہ کو شہنشاہِ عرب و عجم نورِ مجسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور دیگر مرسلین عظام اور انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام سے کتنی دشمنی ہے صحابہ کرام علیہم الرضوان کو جو نہ مانے اُس کا ٹھکانہ دوزخ بتا رہا ہے۔ اور دوسری طرف یہ لکھ رہے ہیں کہ اللہ کے سوا کسی کو نہ مانے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر مومنین موت میں برابر ہیں

دیوبندیوں کے نام نہاد شیخ الاسلام، ہندوؤں اور سکھوں کے ایجنٹ حسین احمد کانگریسی نے بھی لکھا ہے کہ:

عقیدہ:۔ نجدی اور اُس کے اتباع کا اب تک یہی عقیدہ ہے کہ انبیاء علیہم

marfat.com

اسلام کی حیات فقط اسی زمانہ تک ہے۔ جب تک وہ دُنیا میں تھے۔
بعد ازاں وہ اور دیگر مومنین موت میں برابر ہیں۔ (الشہاب الثاقب ص۴۵ مطبوعہ دیوبند)

حسین احمد مدنی نے ہی لکھا ہے کہ:

عقیدہ:۔ وہابیوں کا خیال ہے کہ رسولِ مقبول علیہ السلام کا کوئی حق اب ہم پر نہیں۔ اور نہ کوئی احسان اور فائدہ ان کی ذاتِ پاک سے بعد وفات ہے۔

نبی کو زندہ سمجھنے والے کا ایمان بیکار ہے

وہابیوں کے مولوی رفیق خاں پسروری نے بھی لکھا ہے کہ:

عقیدہ:۔ جو اس حی لایموت (اللہ تعالےٰ) کے سوا کسی کو زندہ رہنے والا خیال کرے وہ ناسمجھ ہے۔ اُس کا خیالِ خام اور ایمان بیکار ہے۔

(اصلاحِ عقائد ص۱۳۹، ۱۴۰)

ناظرینِ کرام! وہابیہ کے ان عقائد کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے تو سرورِ عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا ایمان بھی بیکار ہو جاتا ہے (نعوذ باللہ) کیونکہ سرورِ کائنات صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی مندرجہ بالا حدیث شریف کہ اللہ کے نبی زندہ ہیں۔ اور کھاتے ہیں، سے آپ کا بھی انبیاء کی حیات کا یہی عقیدہ ہے۔ وہابیوں کی جہالت اسی سے واضح ہو رہی ہے کہ جن کے عقائد کی کفر کی مشین سے تو انبیاء کرام بھی محفوظ نہیں رہتے۔ نبیِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے علاوہ خلفاءِ راشدین، صحابہ کرام، اہلبیت اطہار علیہم الرضوان اور محدثین و مفسرین، محققین، مدققین اور اولیاءِ عظام علیہ الرحمۃ کا بھی ان کے نزدیک ایمان بھی بیکار ہے۔ کیونکہ سب کے سب حیات الانبیاء کے قائل ہیں۔

میرے اعلیحضرت، امام اہلِ سُنت مجدد دین وملت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی علیہ الرحمۃ نے کیا خوب کہا ہے۔

marfat.com

ایمان والوں نے اللہ اور اُس کے فرشتوں۔ کتابوں اور رسولوں سب کو مانا ہے۔
مگر امامِ الوہابیہ دہلوی لکھتا ہے کہ اللہ نے فرمایا میرے سوا کسی کو نہ مانو۔

قَالَ الَّذِیْنَ اسْتَکْبَرُوْا اِنَّا بِالَّذِیْٓ اٰمَنْتُمْ بِهٖ کٰفِرُوْنَ ۝

کہنے لگے بڑائی والے جو تم نے یقین کیا سو ہم نہیں مانتے۔ (پ ۸ ع ۱۷)

حضرات! مندرجہ بالا آیاتِ طیبات کا ترجمہ اہلِ زبان نے جو کیا ہے۔ اُس سے یہ واضح ہو گیا ہے کہ امام الوہابیہ کا ان اپنے عقائد کی ترغیب دینا صریح کفر ہے۔ کیونکہ اُس کے عقائد و اقوال مذکورہ کے صاف یہ معنے ہوئے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا انبیاء، مرسلین، ملائکہ وغیرہم کسی کو نہ مانے یعنی ان پر ایمان نہ لائے۔ سب کے ساتھ کفر کرے۔

ماننا بمعنی ایمان خود اسی امام الوہابیہ کی کتاب تذکیر الاخوان میں بھی درج ہے۔ جو کہ اس عبارت سے اظہر من الشمس ہے۔

اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے محبت رکھنا ایمان کی نشانی ہے جو ان کو نہ مانے اُس کا ٹھکانہ دوزخ ہے۔ (تذکیر الاخوان صہ)

قارئین! امام الوہابیہ کو شہنشاہِ عرب و عجم نورِ مجسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور دیگر مرسلین عظام اور انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام سے کتنی دشمنی ہے صحابہ کرام علیہم الرضوان کو جو نہ مانے اُس کا ٹھکانہ دوزخ بتا رہا ہے۔ اور دوسری طرف یہ لکھ رہے ہیں کہ اللہ کے سوا کسی کو نہ مانے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر مومنین موت میں برابر ہیں

دیوبندیوں کے نام نہاد شیخ الاسلام، ہندوؤں اور سکھوں کے ایجنٹ حسین احمد کانگریسی نے بھی لکھا ہے کہ:

عقیدہ:۔ نجدی اور اُس کے اتباع کا اب تک یہی عقیدہ ہے کہ انبیاء علیہم

marfat.com

السلام کی حیات فقط اسی زمانہ تک ہے۔ جب تک وہ دُنیا میں تھے۔
بعد ازاں وہ اور دیگر مومنین موت میں برابر ہیں۔ (الشہاب الثاقب ص۴۵ مطبوعہ دیوبند)

حسین احمد مدنی نے ہی لکھا ہے کہ:

عقیدہ:۔ وہابیوں کا خیال ہے کہ رسولِ مقبول علیہ السلام کا کوئی حق اب ہم پر نہیں۔ اور نہ کوئی احسان اور فائدہ ان کی ذاتِ پاک سے بعد وفات ہے۔

نبی کو زندہ سمجھنے والے کا ایمان بیکار ہے

وہابیوں کے مولوی رفیق خاں پسروری نے بھی لکھا ہے کہ:

عقیدہ:۔ جو اس حی لایموت (اللہ تعالےٰ) کے سوا کسی کو زندہ رہنے والا خیال کرے وہ ناسمجھ ہے۔ اُس کا خیالِ خام اور ایمان بیکار ہے۔

(اصلاح عقائد ص۱۳۹، ۱۴۰)

ناظرینِ کرام! وہابیہ کے ان عقائد کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے تو سرورِ عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا ایمان بھی بیکار ہو جاتا ہے (نعوذ باللہ) کیونکہ سرورِ کائنات صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی مندرجہ بالا حدیث شریف کہ اللہ کے نبی زندہ ہیں۔ اور کھاتے ہیں' سے آپ کا بھی انبیاء کی حیات کا یہی عقیدہ ہے۔ وہابیوں کی جہالت اسی سے واضح ہو رہی ہے کہ جن کے عقائد کی کفر کی مشین سے تو انبیاء کرام بھی محفوظ نہیں رہتے۔ نبیِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے علاوہ خلفاءِ راشدین، صحابہ کرام' اہلبیت اطہار علیہم الرضوان اور محدثین و مفسرین، محققین، مدققین اور اولیاءِ عظام علیہ الرحمۃ کا بھی ان کے نزدیک ایمان بھی بیکار ہے۔ کیونکہ سب کے سب حیات الانبیاء کے قائل ہیں۔

میرے اعلیحضرت، امام اہلِ سُنت مجدد دین وملت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی علیہ الرحمۃ نے کیا خوب کہا ہے۔

marfat.com

تو زندہ ہے واللہ تو زندہ ہے واللہ
مری چشمِ عالم سے چھپ جانے والے

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا خیال گدھے کے خیال سے کئی درجے بدتر ہے

دیوبندی اور غیر مقلد وہابیوں کے امام اور مجدد اسماعیل قتیل نے اپنی کتاب صراطِ مستقیم میں سرورِ عالمیاں صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم سے کینہ اور بغض کا ثبوت اپنے مندرجہ ذیل عقیدہ میں روزِ روشن کی طرح دیا ہے جو کہ درج ہے۔

عقیدہ: از وسوسہ زنا خیال مجامعت زوجہ خود بہتر است و صرفِ ہمت بسوئے شیخ و امثال آں از معظمین گو جناب رسالتمآب باشند۔ بچندیں مرتبہ بدتر از استغراق در صورت گاؤ خر خود است۔

(نماز میں) زنا کے وسوسہ سے اپنی بیوی کی مجامعت کا خیال بہتر ہے۔ اور شیخ یا اُسی جیسے بزرگوں کی طرف خواہ رسالتمآب ہی ہوں اپنی ہمت (خیال) کو لگا دینا اپنے بیل اور گدھے کی صورت میں مستغرق ہونے سے زیادہ بُرا ہے۔ (صراطِ مستقیم فارسی ص۸۶ مطبوعہ دہلی)

ناظرینِ کرام! ابوالوہابیہ اسماعیل دہلوی قتیل کا مندرجہ بالا نظریہ اور عقیدہ کس قدر دلسوز اور عشاقِ رسول کے جذبات کو چھلنی کر دینے والا ہے۔ اسلاف کا عقیدہ تو یہ ہو کہ جب نماز میں تشہد پڑھتے وقت بارگاہِ رسالتمآب میں ہدیۂ سلام السلامُ علیک ایہا النبی پیش کرے تو اُس وقت یہ سمجھتے ہوئے پڑھے کہ امام الانبیاء حبیبِ کبریا محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں بالمشافہ سلام عرض کر رہا ہے۔

علامہ عبدالوہاب شعرانی قدس سرہٗ النورانی نے لکھا ہے کہ:
میں نے اپنے سردار علی خواص علیہ الرحمۃ کو سُنا کہ فرماتے تھے کہ

marfat.com

شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام نے نمازی کو تشہد میں نبیٔ پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود وسلام عرض کرنے کا اس لیے حکم دیا ہے کہ جو لوگ اللہ عزوجل کے دربار میں غفلت کے ساتھ بیٹھتے ہیں۔ انہیں آگاہ فرمادے کہ اس حاضری میں اپنے نبیٔ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو بھی دیکھیں اس لیے کہ حضور کبھی بھی اللہ تعالےٰ کے دربار سے جُدا نہیں ہوتے۔ فیخاطبونہ بالسلام مشافھۃ پس حضور پُرنور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر بالمشافہ سلام عرض کریں۔ (میزان الکبریٰ ص۱۶۷ ج ا مطبوعہ مصر)

اِمام غزالی علیہ الرحمۃ کا ارشاد ہے کہ:

"جب تشہد کے لیے بیٹھو تو ادب سے بیٹھو اور تصریح کرو کہ جتنی چیزیں تقرب کی ہیں خواہ صلوٰت ہو یا طیبات یعنی اخلاق ظاہر۔ وہ سب اللہ تعالےٰ کے لیے ہیں۔ اسی طرح مُلک خدا کے لیے ہے۔ اور یہی معنےٰ التحیات کے ہیں۔ اور نبیٔ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے وجود باجود کو اپنے دِل میں حاضر کرو اور اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ کہو۔

(احیاء العلوم باب چہارم جلد اوّل)

شیخ المحدثین شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ القوی نے شرح مشکوٰۃ میں تحریر فرمایا ہے کہ:

"بعضے عرفا گفتہ اند کہ ایں خطاب بجہت سریان حقیقت محمدیہ است در ذرائر موجودات وافراد ممکنات پس آنحضرت در ذرات مصلیاں موجود وحاضر است پس مصلی را باید کہ ازیں معنےٰ آگاہ باشد و ازیں شہود غافل نہ بود تا انوار قرب واسرارِ معرفت منور و فائز گردد۔

بعض عارفین نے کہا ہے کہ التحیات میں یہ خطاب اس لیے ہے کہ حقیقتِ محمدیہ موجودات کے ذرہ ذرہ میں اور ممکنات کی ہر فرد میں سرایت

marfat.com

کیے ہے۔ پس حضور پُر نور علیہ السلام نمازیوں کی ذات میں موجود و حاضر ہیں۔ نمازی کو چاہیئے کہ اس معنے سے آگاہ رہے اور اس شہود سے غافل نہ ہو۔ تاکہ قرب کے نور اور معرفت کے رازوں سے کامیاب ہو جاوے۔ (اشعۃ اللمعات فارسی صـ۱۲۵ ج ۱)

اب صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالےٰ علیہم کا عقیدہ بھی ملاحظہ فرمایئے۔ سرکار سیدنا کعب بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں۔

اُصَلِّیْ قَرِیْبًا مِنْہُ فَاُسَارِقُہُ النَّظَرَ

(صحیح بخاری شریف صـ۶۳۲)

میں نبیٔ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے قریب نماز پڑھتا تھا۔ اور میں نماز میں نبیٔ کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کو نظر چُرا کر دیکھتا ہے۔

حوالہ جات اور بزرگانِ دین کے عقائد کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ذی ہوش اور عقلمند انسان اتنا ہی سوچے کہ جب وہ نماز پڑھنے کی تیاری کرے گا تو سب سے پہلے وضو کرے گا۔ وضو کی طرف اس کا دھیان اس لیے جائے گا کہ نبیٔ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مُبارک ہے۔

اَلْوُضُوْءُ مِفْتَاحُ الصَّلٰوۃِ — وضو نماز کی چابی ہے۔

وضو کی ابتدا ہی سے نمازی کے ذہن میں خیالِ مصطفوی شروع ہو جائے گا۔ جب جماعت کے ساتھ نماز پڑھے گا۔ تو صف کو سیدھا رکھنے کا خیال رکھے گا۔ کیونکہ محبوبِ خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے۔ صف کو سیدھا رکھو۔ پھر نماز کی ابتدا تکبیر تحریمہ سے کرے گا۔ رکوع میں رکوع والی تسبیح سبحان ربی العظیم سجدہ میں سبحان ربی الاعلیٰ۔ یہ ترتیب قائم رکھے گا۔ ترتیب اس لیے قائم رکھے گا کہ نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز اس طرح ادا فرمائی ہے اور پھر سب غلاموں کو تعلیم بھی دی۔

صَلُّوْا کَمَا رَاَیْتُمُوْنِیْ اُصَلِّیْ — نماز اس طرح پڑھو جیسے مجھے تم نماز پڑھتے دیکھتے ہو۔

marfat.com

نماز کا اختتام السلام علیکم ورحمۃ اللہ سے کرے گا۔

اب آپ خود ذرا سوچئے کہ نمازی نے نماز کی تیاری کی تو اُسی وقت سے اُس کے ذہن میں تصورِ مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم جلوہ نما ہو گیا۔ اور ساری نماز میں بھی خیالِ مصطفیٰ زائل نہیں ہوگا۔ اگر نماز میں کوئی سہو ہو گیا تو سجدہ سہو کرے گا کیونکہ رحمتِ کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات نے ایسے کیا ہے۔

ان سب حقائق کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے یہ کہنا پڑے گا کہ وہ نماز، نماز ہی نہیں جس میں خیالِ مصطفیٰ نہ ہو۔

نماز میں جب اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ و عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ پڑھ کر صلوٰۃ عرض کرے گا۔ اور رسولِ معظم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا نام نامی اسم گرامی لے کر عرض کرے گا تو یقیناً اُس حالت میں تصورِ محبوبِ خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم اُس کے ذہن میں آئے گا۔

ان سب حقائق کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے یہ کہنا پڑے گا کہ امام الوہابیہ اسماعیل قتیل نے یہ جو ایمان کُش عقیدہ لکھا ہے[1] کسی طرح بھی درست نہیں بلکہ اُس سے رسولِ عظیم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم سے اُس کا بُغض اور عناد بالکل عیاں ہو جاتا ہے۔ اعلیٰحضرت عظیم البرکت امام اہلسنت مجددِ دین وملت مولانا شاہ احمد رضا خان بریلوی علیہ الرحمۃ کے بھائی حضرت مولانا حسن میاں علیہ الرحمۃ نے کیا خوب کہا ہے۔

یادِ خر سے ہو نمازوں میں خیال اُن کا بُرا
اُف جہنم کے گدھے اُف یہ خرافت تیری
ان کی تعظیم کرے گا نہ اگر وقتِ نماز
ماری جائے گی ترے مُنہ پہ عبادت تیری (ذوقِ نعت ص ۱۱۳)

اس کے علاوہ جب امام نماز میں مندرجہ ذیل آیات کی تلاوت کرے گا۔

---

[1] یہ عقیدہ مولوی اسماعیل دہلوی نے اپنی کتاب صراطِ مستقیم میں لکھا ہے۔ نکتہ: مولوی اسماعیل دہلوی نالائق کے اعداد ۵۵۰ بنتے ہیں اور لفظ لعنت کے اعداد بھی ۵۵۰ بنتے ہیں۔

marfat.com

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ پ۲۶ ع۱۲
لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ
عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ الرَّحِيْمٌ ۝ پ۱۱ ع۵
يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا وَّدَاعِيًا
اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا پ۲۲ ع۳
وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ پ۱۷ ع۷
قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۝ پ۶ ع۷
يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ
نُوْرًا مُّبِيْنًا ۝ پ۶ ع۴

تو امام اور اس کے مقتدیوں کے ذہن میں فوری طور پر سرورِ عالمیاں، شفیع مجرماں، محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کا تصور اور خیال یقیناً آئے گا۔ اب وہابیوں سے سوال ہے کہ اس امام اور مقتدیوں کے متعلق آپ کا کیا فتوےٰ ہے۔ رمضان شریف میں تو قاری حضرات تراویحوں میں یہ سبھی آیاتِ طیبات تلاوت کرتے ہیں۔

آخر کار یہی کہنا پڑے گا کہ امامِ الوہابیہ دہلوی قتیل نے یہ عقیدہ ایسا لکھا ہے۔ جس کو کوئی مسلمان قبول نہیں کرتا۔ اور ایسا نظریہ رکھنے والے کو کوئی مسلمان ولی اور بزرگ سمجھنا تو درکنار صرف مسلمان بھی نہیں سمجھے گا۔

وہابیوں کے مذہب کی بنیاد انہیں جعلی مفروضوں پر ہے۔ اسی لیے یہ عقائد کفریہ اور نظریاتِ باطلہ کے حامی ہیں۔

نبیِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم مر کر مٹی میں ملنے والے ہیں

دیوبندیوں اور غیر مقلدین وہابیوں کے امام اسماعیل دہلوی نبیِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کرتے ہوئے لکھتا ہے۔

marfat.com

عقیدہ: میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں۔ (تقویۃ الایمان ص۶۱)

دُنیا بھر کے دیوبندی اور غیر مقلد وہابیوں کو چیلنج

ہم اعلان کرتے ہیں کہ خاتم الانبیاء شافع روزِ جزا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی ایک حدیث شریف ایسی پیش کریں جس میں نبیٔ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہو کہ: میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں۔ جب ایسا کسی حدیث میں نہیں تو پھر امام الوہابیہ کا ٹھکانہ جہنم ہے۔ کیونکہ نبیٔ پاک کا فرمان ہے:

مَنْ کَذَبَ عَلَیَّ متعمداً فلیتبوأ مقعدہٗ مِنَ النَّارِ۔

خُداوندِ کریم جل جلالہٗ تو شہدا کے متعلق ارشاد فرماتا ہے:

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ یُّقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتٌ ط بَلْ اَحْیَاءٌ وَّلٰکِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ۝ (پ۲ ع۳)

اور جو خدا کی راہ میں مارے جائیں انہیں مردہ نہ کہو۔ بلکہ وہ زندہ ہیں۔ ہاں تمہیں خبر نہیں۔

رسولِ مختارِ سرکارِ ابد قرار حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا فرمان ہے

اِنَّ اللّٰہَ حَرَّمَ عَلَی الْاَرْضِ اَنْ تَاْکُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِیَاءِ فَنَبِیُّ اللّٰہِ حَیٌّ یُّرْزَقُ۔ (ابنِ ماجہ ص۱۱۹)

بے شک اللہ تعالےٰ نے زمین پر انبیاء کے جسموں کو کھانا حرام کیا ہے۔ پس اللہ تعالےٰ کا نبی زندہ ہے۔ رزق دیا جاتا ہے۔

قرآن و حدیث کی رُو سے یہ عقیدہ کُفر ہے۔ لہٰذا اس عقیدہ پر مرنے والا اور ایسے عقیدہ والے کو شہیدِ حق۔ بزرگ ولی۔ مجدد وغیرہ سمجھنے والا بھی یقیناً کافر ہے۔

خاکِ مُنہ میں تیرے کہتا ہے کسے خاک کا ڈھیر
مِٹ گیا دینِ ملی خاک میں عزت تیری

marfat.com

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علمِ غیب کا قائل مشرک ہے

عقیدہ: جو کوئی یہ دعوےٰ کرے کہ میرے پاس ایسا کچھ علم ہے کہ جب میں چاہوں اُس سے غیب کی بات معلوم کروں اور آئندہ باتوں کو معلوم کر لینا میرے قابو میں ہے۔ سو وہ بڑا جھوٹا ہے کہ دعویٰ خدائی رکھتا ہے اور جو کوئی کسی نبی ولی کو یا جن و فرشتہ کو امام و امام زادے کو پیر و شہید کو یا نجومی و رمال یا جفار کو یا فال دیکھنے والے کو یا برہمنی اسٹی کو یا بھوت و پری کو ایسا جانے اور اُس کے حق میں یہ عقیدہ رکھے سو وہ مُشرک ہو جاتا ہے

(تقویۃ الایمان ص۲۱)

اسماعیل دہلوی قتیل نے یہ بھی لکھا ہے کہ:

عقیدہ: کسی انبیاء و اولیاء یا امام و شہیدوں کی جناب میں ہرگز یہ عقیدہ نہ رکھیئے کہ وہ غیب کی بات جانتے ہیں۔ بلکہ حضرت پیغمبر کی بھی جناب میں بھی ہرگز یہ عقیدہ نہ رکھے۔ (تقویۃ الایمان ص۲۶)

امام الوہابیہ میاں نذیر حسین دہلوی نے بھی اپنے روحانی باپ اسماعیل دہلوی کی تقلید کرتے ہوئے لکھا ہے:

عقیدہ: علمِ غیب اور حضوری ہر جا کی مخصوص ہے ساتھ اللہ تعالےٰ کے سوائے اس کے اور کسی میں خواہ نبی ہوں یا ولی یہ وصف حاصل نہیں اور جو اعتقاد ان چیزوں کا ساتھ غیرِ خدا تعالےٰ کے رکھے وہ مُشرک ہے:

(فتاویٰ نذیریہ ص۱۰۸ ج۱)

مولوی ثناء اللہ امرتسری لکھتے ہیں کہ:

عقیدہ:- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عالم الغیب ہیں اور یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر جگہ حاضر و ناظر ہیں۔ اس قسم کے عقائد سے اسلام

marfat.com

کی بڑی بدنامی ہوتی ہے۔" (شمعِ توحید ص۵)

عقیدہ:۔ صفت علمِ غیب خاصہ حق تعالیٰ واحد علام الغیوب ہی کے لیے ہے سوائے باری تعالیٰ عزشانہ کے کسی پر اس کا اطلاق کرنا درست نہیں۔ موہم شرک ہے اگرچہ بتاویل کہو۔"

(اخبار اہل حدیث امرتسر ص۱۱، ۱۷ جولائی ۱۹۳۶ء)

غیب کی بات جاننے میں انبیاء شیطان اور بھوت پری برابر ہیں!

عقیدہ: اور اس بات میں (غیب کی جاننے میں) اولیاء انبیاء اور جن و شیطان اور بھوت پری میں کچھ فرق نہیں۔" (تقویۃ الایمان ص۵)

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے علمِ غیب کے قائل کی امامت اور اس سے میل ملاپ حرام ہے

دیوبندی وہابیوں کے مولوی رشید احمد گنگوہی نے لکھا ہے کہ:

عقیدہ: جو شخص اللہ جل شانہٗ کے سوا علمِ غیب کسی دوسرے کو ثابت کرے اور اللہ تعالیٰ کے برابر کسی دوسرے کا علم جانے وہ بیشک کافر ہے۔ اُس کی امامت اور اُس سے میل جول محبت مودت سب حرام ہے۔" (فتاویٰ رشیدیہ ص۱۶ ج ۲ مطبوعہ دہلی)

"اثباتِ علمِ غیب غیر حق تعالیٰ کو شرکِ صریح ہے۔"

(فتاویٰ رشیدیہ ص۷ ج ۳)

marfat.com

مولوی رشید احمد گنگوہی دیوبندی ہی نے لکھا ہے کہ:

عقیدہ :۔ علمِ غیب خاصہ حق تعالیٰ کا ہے۔ اس لفظ کو کسی تاویل سے دوسرے پر اطلاع کرنا شرک سے خالی نہیں۔" (فتاویٰ رشیدیہ صـ ج ۳)

"جو شخص رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو علمِ غیب جو خاصہ حق تعالےٰ ہے ثابت کرے اس کے پیچھے نماز درست۔"

(فتاویٰ رشیدیہ صـ ۱۱۴ ج ۳)

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علمِ غیب کو صبی مجنون اور بہائم سے تشبیہ

مولوی اشرف علی تھانوی نے لکھا ہے کہ:

عقیدہ :۔ آپ کی ذاتِ مقدسہ پر علمِ غیب کا حکم کیا جانا۔ اگر بقول زید صحیح ہو تو دریافت طلب یہ امر ہے کہ اس غیب سے مراد بعض غیب ہے۔ یا کل غیب۔ اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں تو اس میں حضور کی ہی کیا تخصیص ہے۔ ایسا علمِ غیب تو زید و عمرو بلکہ ہر صبی و مجنون بلکہ جمیع حیوانات و بہائم کے لیے بھی حاصل ہے۔" (حفظ الایمان صـ ۱۶)

شیطان اور ملک الموت کا علم ثابت ہے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا علم ثابت نہیں

دیوبندیوں کے مولوی خلیل احمد انبیٹھوی نے لکھا ہے کہ:

عقیدہ :۔ غور کرنا چاہیئے کہ شیطان و ملک الموت کا حال دیکھ کر عالم محیط زمین کا فخر عالم کو خلافِ نصوص قطعیہ کے بلا دلیل محض قیاسِ فاسد

marfat.com

سے ثابت کرنا شرک نہیں تو کون سا ایمان کا حصّہ ہے۔ شیطان و ملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی فخرِ عالم کی وسعتِ علم کی کون سی نصِ قطعی ہے۔" (براہینِ قاطعہ ص۵۱ مطبوعہ دیوبند)

عقیدہ :۔ "اعلیٰ علیین میں رُوحِ مبارک علیہ السلام کی تشریف رکھنا اور ملک الموت سے افضل ہونے کی وجہ سے ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ علم آپ کا ان امور میں ملک الموت کے برابر بھی ہو چہ جائیکہ زیادہ۔"
(براہینِ قاطعہ ص۵۲)

علم شیطان کا ہوا علمِ نبی سے زائد
پڑھوں لاحول نہ کیوں دیکھ کے صورت تیری

دیوبندی وہابیوں کے قاری طیب مہتمم دارالعلوم دیوبند نے بھی عقائد کے متعلق لکھا ہے کہ:

عقیدہ :۔ "رسول اور اُمتِ رسول اس حد تک مشترک ہیں کہ دونوں کو علمِ غیب نہیں۔" (فارقان توحید نمبر کراچی ص۱۱)

عقیدہ :۔ "علم ماکان و مایکون خاصہ خداوندی ہے۔ جس میں کوئی بھی غیر اللہ اس کا شریک نہیں ہو سکتا۔" (فارقان توحید نمبر کراچی ص۱۱۴)

عقیدہ :۔ حضرت سید الاولین والآخرین کے لیے علمِ غیب کا دعوے اور

۱؎ شیطان و ملک الموت کے محیطِ زمین کے علم پر قرآن و حدیث میں کوئی نص وارد نہیں ہوئی۔ جو شخص نص کا دعوے کرتا ہے۔ وہ قرآن و حدیث پر نہایتِ ناپاک بہتان باندھتا ہے۔ اسی طرح حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے علم کو نصوصِ قطعیہ کے خلاف کہنا بھی قرآن و حدیث پر افترا عظیم ہے۔ قرآن و حدیث میں کوئی ایسی نص وارد نہیں ہوئی جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں محیطِ زمین کے علم کی نفی ہوتی ہو۔ بلکہ قرآن و حدیث کے بے شمار نصوص سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہر چیز کا علم ثابت ہے۔

marfat.com

وہ بھی علمِ کُلّی اور علمِ ماکان ومایکون کی قید کے ساتھ نہ صرف بے دلیل اور بے سند ہے۔ بلکہ مخالف دلیل۔ معارض قرآن اور اس توحیدی شریعت کے مزاج کے خلاف ہونے کی وجہ سے ناقابلِ التفات ہے۔" (فاران توحید نمبر کراچی ص۱۰۳)

عقیدہ: کتاب وسنت کو سامنے رکھ کر علم کی تقسیم یوں نہ ہوگی کہ اللہ کا ذاتی علم، رسولوں کے علمِ عطائی یعنی نوعی فرق کے ساتھ دونوں برابر ہے۔ گویا ایک حقیقی خدا۔ ایک مجازی خدا۔" (فاران توحید نمبر کراچی ص۱۰۵)

عقیدہ:۔ "یہ آیت تا قیامت یہی اعلان کرتی رہے گی کہ آپ کو علمِ غیب نہ تھا۔ اس کے معنے یہ ہیں کہ قیامت تک آپ کو علمِ غیب نہ ہوگا۔"
(فاران توحید نمبر کراچی ص۱۱۱)

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کا قائل یہود ونصاریٰ کی مثل ہے

وہابیوں کے مولوی احمد دین گکھڑوی نے لکھا ہے کہ:

عقیدہ:۔ جو شخص یوں کہتا ہے کہ خدا بھی عالم الغیب ہے اور ساتھ ہی نبی بھی ماکان ومایکون کے علوم کو جانتا ہے۔ ایسا شخص بیشک اسلامی تعلیم کا منکر ہے۔ اور ایسا عقیدہ رکھنے والے مسلمان میں اور اُن یہود و نصاریٰ میں جنہوں نے اپنے انبیاء کو رب بنا لیا کوئی فرق نہیں ہے۔

(برہان الحق ص۱۰۱)

وہابیوں کے مولوی رفیق خان پسروری نے لکھا ہے کہ:

عقیدہ:۔ نبی ہو یا ولی ہو یا پری ہو یا فرشتہ ہو۔ کسی کو واقفِ اسرارِ غیبی جاننا شرک ہو۔ (اصلاحِ عقائد ص۱۵۳)

دیوبندیوں اور غیر مقلدین وہابیوں کے امام اسماعیل اور دیگر اکابر کے یہ عقائد قرآن

marfat.com

وحدیث کے سراسر خلاف ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِينٍ (پ ۳۰ ع ۶)

اور یہ نبی غیب بتانے میں بخیل نہیں۔

عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖ اَحَدًا ۝ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ۔ (پ ۲۹ ع ۱۲)

غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب کہ کسی کو مسلط نہیں کرتا سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔

وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ[1] (پ ۵ ع ۱۴)

اور تمہیں سکھا دیا جو کچھ تم نہ جانتے تھے۔

احادیث شریفہ میں محبوب رب العالمین رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ہے۔

عَلِمْتُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ۔ (مشکوٰۃ شریف، ص)

جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں ہے میں اُس کو جان گیا ہوں۔

قرآنِ کریم اور ارشاداتِ رسولِ کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم سے روزِ روشن کی طرح عیاں ہو گیا ہے کہ ہمارے رسولِ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو اللہ تعالےٰ نے علمِ غیب سے نوازا ہے۔

لہٰذا وہابیہ نجدیہ کا یہ عقیدہ قرآن وحدیث کے خلاف ہے۔ اور بارگاہِ نبوت میں بہت بڑی توہین اور گستاخی کی جسارت ہے۔

مولوی عاشق الٰہی میرٹھی دیوبندی سے بھی اللہ کریم نے یہ شعر لکھوا کر مسلکِ

---

[1] غیر مقلدین کے قاضی سلیمان منصور پوری نے اِس آیۃ شریفہ کا جس انداز سے ترجمہ کیا ہے اُس سے تو وہابیوں کو نبیِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے علمِ شریف پر تو قطعاً شک وشبہ نہ ہونا چاہیئے۔ وہ ترجمہ یہ ہے:

marfat.com

حق اہلِ سُنّت وجماعت کی حقانیت واضح کردی اور وہابیت کا ستیاناس کردیا ہے وہ شعر یہ ہے :

بندگانِ خاص علّام الغیوب
در جہانِ جان جو اسیس القلوب

(تذکرۃ الرشید ص۱۳۵ ج ۲)

نبیؐ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو قبر و حشر کے حالات حتّٰے کہ اپنے حال کا بھی علم نہیں !

اِمام الوہابیہ والدیابنہ اسماعیل دہلوی قتیل نے لکھا ہے کہ :

عقیدہ : جو کچھ اللہ اپنے بندوں سے معاملہ کرے گا۔ خواہ دُنیا میں۔ خواہ قبر میں خواہ آخرت میں۔ سو اس کی حقیقت کسی کو معلوم نہیں۔ نہ نبی کو۔ نہ ولی کو نہ اپنا حال نہ دوسرے کا۔ اور اگر کچھ بات اللہ نے کسی اپنے مقبول بندے کو وحی سے یا الہام سے بتائی کہ فلانے کام کا انجام بخیر ہے۔ سو وہ بات مجمل ہے۔ اور اس سے زیادہ معلوم کرلینا۔ اور اُس کی تفصیل دریافت کرنی ان کے اختیار سے باہر ہے۔ (تقویۃ الایمان ص۲۷)

دیوبندی اور غیر مقلد وہابی حضرات کے اِمام اسماعیل دہلوی نے کس جُرات سے یہ کُفر لکھ دیا کہ نبی کو اپنے حال کا بھی علم نہیں ہے یہ عقائد بھی قرآنِ پاک اور حدیث کے خلاف ہیں۔ قرآنِ پاک میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ۔ (پ۴ ع ۹)

اور اللہ کی شان یہ نہیں کہ اے عام لوگو تمہیں غیب کا علم دے دے۔ ہاں اللہ چُن لیتا ہے۔ اپنے رسولوں سے جسے چاہے

marfat.com

دُوسرا فرمان ہے جس میں سبھی چیزوں کا عِلم آجاتا ہے۔

وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا۔ (پ۵ ع۱۴) اور تمہیں سکھا دیا جو کچھ تم نہ جانتے تھے۔ اور اللہ کا تم پر بڑا فضل ہے۔

قبور کے حالات اور وہاں کے واقعات اور جو جو سوالات وہاں ہونے ہیں اور آخرت میں جو ہو گا وہ سب بیان آپ کو حدیثِ رسول سے مِلیں گے۔ اگر نبی کو علم نہیں تو ان کی خبر کیسے دے دی۔

نبیٔ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی مشہور حدیث شریف ہے اس سے بھی اِمامُ الوہابیہ کا یہ عقیدہ باطل ثابت ہوتا ہے۔ آپ کا فرمان ہے۔

عَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ۔ تم پر میری سُنّت اور خلفاء راشدین جو کہ ہدایت یافتہ ہیں کی سُنّت لازم ہے۔

(مشکوٰۃ شریف ص۳۰ دارمی شریف ص۴۴ ج۱ مطبوعہ مصر، ترمذی شریف، ابنِ ماجہ شریف)

اس سے واضح ہے کہ میرے آقا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو خلفاء راشدین کی ساری حیات اور ان کے اِنتقال کا عِلم تھا کہ یہ تا انتقال شریعتِ مطہرہ پر ہی چلیں گے۔

عشرہ مبشرہ کے جنتی ہونے کی خبر دینا اس حقیقت کا ثبوت ہے کہ نبیٔ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو علم ہے۔ پیارے مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم صحابہ کے ساتھ گزر رہے تھے کہ دو قبروں پر کھڑے ہو کر صحابہ سے فرمایا کہ ان کو عذابِ قبر ہو رہا ہے۔ اور اس حدیث میں عذاب کی وجہ بھی بتائی ہے کہ ایک پیشاب کی چھینٹوں سے نہیں بچتا تھا اور دوسرا غیبت کرتا تھا۔ (مشکوٰۃ شریف ص صحیح بخاری شریف ص)

کُتب صحاح سِتہ میں حدیثِ رسول ہے کہ صحابہ عظام علیہم الرضوان کے ایک اجتماع میں آپ نے ارشاد فرمایا۔

سَلُوْنِيْ عَمَّا شِئْتُمْ۔ (صحیح بخاری شریف ص) مجھ سے جو کچھ پوچھنا چاہتے ہو پوچھ لو۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبیٔ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے اِعلان فرمایا:

marfat.com

مَنْ اَحَبَّ اَنْ یَّسْئَالَ عَنْ شَیْئٍ فَلْیَسْئَلْ عَنْهُ فَوَاللّٰهِ لَا تَسْئَلُوْنِیْ عَنْ شَیْئٍ اِلَّا اَخْبَرْتُکُمْ بِهٖ مَا دُمْتُ فِیْ مَقَامِیْ هٰذَا۔

جس کا جی چاہے وہ کسی قسم کا سوال کرے اللہ کی قسم جب تک میں اس مقام پر کھڑا ہوں مجھ سے جو بھی تم کسی چیز کے متعلق پوچھو گے تو میں تمہیں بتا دوں گا۔

(صحیح بخاری شریف ص۱۰۸۳ ج ۲)

حضرت ابوزید رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں۔

فَاَخْبَرَنَا بِمَا کَانَ وَبِمَا هُوَ کَائِنٌ فَاَعْلَمُنَا اَحْفَظُنَا۔

نبیٔ پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو جو کچھ بھی پہلے ہو چکا تھا اور جو کچھ آئندہ ہونے والا تھا۔ تمام بیان فرما دیا۔ جو ہم سے زیادہ حافظہ والا تھا وہ ہم سے زیادہ عالم ہو گیا

(صحیح مسلم شریف ص۳۹۰ ج ۲)

مندرجہ بالا آیاتِ قرآنی اور احادیثِ محبوبِ باری تعالےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے اظہر من الشمس ہے کہ وہابیوں کے عقائد نبیٔ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے علمِ غیب شریف کے متعلق قرآن و حدیث کے خلاف ہیں۔ اور وہابی مولوی نبیٔ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے علمِ غیب شریف کا اِنکار کر کے عظمتِ مصطفیٰ اور فضیلتِ مرتضےٰ کا انکار کرتے ہیں جو کہ کسی مسلمان کو زیبا نہیں۔ خداوندِ کریم ایسے عقائدِ باطلہ سے محفوظ رکھے۔ آمین۔

نبی معصوم نہیں

عقیدہ : مدرسہ دیوبند کے بانی مولوی قاسم نانوتوی نے لکھا ہے۔ کہ

پھر دروغ صریح بھی کئی طرح ہوتا ہے۔ جن میں سے ہر ایک کا حکم یکساں نہیں۔ ہر قسم کے نبی کو معصوم ہونا ضروری نہیں۔

(تصفیۃ العقائد ص۲۵ مطبوعہ دہلی)

یہی نانوتوی صاحب مزید لکھتے ہیں۔ کہ

marfat.com

عقیدہ:۔ بالجملہ علی العموم کذب کو منافی شانِ نبوت بایں معنیٰ سمجھنا کہ یہ معصیت ہے۔ اور انبیاء علیہم السلام معاصی سے معصوم ہیں۔ خالی غلطی سے نہیں۔

(تصفیۃ العقائد صـ۲۸ مطبوعہ دہلی)

وہابیوں کے مولوی محمد حسین صاحب نے لکھا ہے کہ:

عقیدہ:۔ تمام پیغمبر ڈگاڈ اور بھول چوک سے نہیں بچے تھے۔

(رد التقلید بالکتاب المجید صـ۱۱)

وہابیوں کے مولوی رشید احمد گنگوہی نے لکھا ہے کہ

عقیدہ:۔ مکروہ تنزیہی کا صدور انبیا سے بعد نبوت بھی اتفاقاً جائز رکھا گیا۔

(فتاویٰ رشیدیہ صـ۱۱ ج ۲)

دیوبندیوں کے مولوی محمود الحسن نے لکھا کہ

عقیدہ:۔ تا معاف کرے تجھ کو اللہ جو آگے ہو چکے تیرے گناہ۔ اور جو پیچھے رہے

مولوی اشرف علی تھانوی نے لکھا ہے۔

عقیدہ:۔ تاکہ اللہ تعالےٰ آپ کی سب اگلی پچھلی خطائیں معاف فرماوے۔

مولوی نواب صدیق حسن خاں بھوپالی نے لکھا ہے۔

عقیدہ:۔ تا معاف کرے تجھ کو اللہ جو آگے ہوئے تیرے گناہ اور جو پیچھے رہے۔

تفسیر ترجمان القرآن صـ۲۹۰

مولوی حافظ محمد لکھوکے والے نے لکھا ہے۔

عقیدہ:۔ تا جو بخشے واسطے تیرے اللہ جو کچھ اگے ہو یا گناہ تیری تھیں نے پچھے

(تفسیر محمدی صـ۲۲۵ منزل ۶)

قبل از نبوت نبیِ پاک کو راہ ہدایت معلوم نہ تھی

وہابیوں کے مولوی محمد جونا گڈھی بھی بارگاہ نبوت میں گستاخی کرتے ہوئے قرآنِ پاک کی آیت کا غلط ترجمہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

marfat.com

عقیدہ:۔ عَلَّمَكَ مَالَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ — یعنی قبل از نبوت آپ کو راہ ہدایت معلوم نہ تھی۔

(اخبارِ محمدی دہلی ص۴ ۵ جنوری ۱۹۴۰ء)

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم ناواقفِ راہ تھے

مودودی صاحب نے آیۃ کریمہ

وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى

کا ترجمہ کیا ہے۔

عقیدہ:۔ اور اللہ نے تم کو ناواقفِ راہ پایا پھر تمہیں راستہ بتایا۔

(رسائل و مسائل ص۲۷ ج۱)

ہادیٔ کُل شریعت سے بے خبر تھے

مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی نے بھی امام الانبیا صلے اللہ علیہ وسلم کو شریعت سے بے خبر قرار دیتے ہوئے لکھا ہے۔

عقیدہ:۔ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى — اور اللہ نے آپ کو شریعت سے بے خبر پایا

رسولِ ہدیٰ راہ بھٹکا ہوا تھا

دیوبندیوں وہابیوں کے مولوی محمود الحسن نے بھی راہ بھٹکا ہوا قرار دیا ہے کہ:۔

عقیدہ:۔ اور پایا تجھ کو راہ بھٹکا ہوا۔ پھر راہ سمجھائی۔

ناظرینِ کرام:۔ وہابی اکابر کی رسول دشمنی ان کی کتب کے حوالہ جات سے آپ نے ملاحظہ فرمالی۔ ہر ذی شعور مسلمان کا عقیدہ ہے کہ انبیا معصوم ہوتے ہیں۔ نیز کتب احادیث میں روایات سے بھی یہ حقیقت اظہر من الشمس ہے۔ کہ انبیا قبل از نبوت

marfat.com

اور بعد از نبوت راہ ہدایت پہ ہی تھے۔ جیسا کہ امام الانبیا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عہدِ نبوت سے پہلے کا واقعہ صحیح بخاری میں درج ہے۔ جس کو وہابیہ ہی کے قاضی سلیمان منصور پوری نے اس طرح درج کیا ہے۔ کہ

عہدِ نبوت سے پہلے کا ذکر ہے کہ زید بن عمرو بن نفیل نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی دعوت کی۔ دسترخوان پر گوشت بھی آیا۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنِّیْ لَا اٰکُلُ مِمَّا تَذْبَحُوْنَ	میں وہ گوشت نہیں کھاتا جو بتوں
عَلٰی اَنْصَابِکُمْ وَلَا اٰکُلُ اِلَّا	کا استھانوں کی قربانی کا ہو۔ میں
مَا ذُکِرَ اسْمُ اللّٰہِ عَلَیْہِ	تو صرف وہی گوشت کھایا کرتا ہوں
(صحیح بخاری کتاب الصید و	جس پر ذبح کے وقت اللہ کا نام
الذبائح) رحمۃ للعالمین ص۲۹۲ ج۱	لیا گیا ہو۔

قاضی سلیمان منصور پوری نے قاضی عیاض علیہ الرحمۃ کی بے نظیر کتاب "الشفا" کے حوالہ سے پیارے محبوب صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان بھی نقل کیا ہے۔ کہ

ایامِ جاہلیت کی رسموں میں سے میں نے کبھی کسی میں بھی حصہ نہیں لیا۔

(شفا شریف ص۶۰ رحمۃ للعالمین ص۲۹۱ ج ۱)

مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی نے بھی لکھا ہے کہ

انبیا علیہم السلام ضلالت معنوی و دینی سے فطرتاً معصوم ہوتے ہیں۔

(سیرۃ المصطفٰے ص۱۲۱)

ناظرین کرام! احادیث شریفہ کی روشنی میں معلوم ہوا کہ وہابی اکابرین "جہالت کا پلندہ" ہیں۔ ان کا سینہ نبی پاک صلے اللہ علیہ وسلم کے کینے سے بھرپور ہے،

میری تقریر طبعِ یار کو بے چین کرتی ہے
سبب کیا ہے؟ وہی کہتا ہوں جو دل پہ گزرتی ہے

اب وہابیہ نجدیہ کے نام نہاد مناظر اور محدث حافظ عبداللہ روپڑی کی بد طینتی اور بدعقیدگی کا اظہار اس کی عبارت سے ہی پیش کیا جا رہا ہے۔ جس سے اس کی

marfat.com

رسول دشمنی کا اندازہ واضح طور پر ہو جاتا ہے۔ اور ایسی رسول دشمنی تو ابوجہل کو بھی نہ تھی۔ جیسی روپڑی کو ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حرام مال استعمال کرنا

حافظ عبداللہ روپڑی رقمطراز ہیں کہ

عقیدہ:۔ نبی پاک صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم دوسروں کا قرض اتارنے کیلئے حرام مال کو بھی استعمال میں لاتے رہے ہیں۔ (بکرا دیوی ص۳۱ مصنفہ عبداللہ روپڑی)

وہ قصے اور ہوں گے جن کو سن کر نیند آتی ہے
تڑپ جاؤ گے کانپ اٹھو گے سن کر داستاں اپنی

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم مردار خور تھے

وہابیہ نجدیہ کے مولوی فقیر اللہ مدراسی لکھتے ہیں۔ کہ مولوی ثناء اللہ امرتسری کے اصول کچھ اس قسم کے ہیں۔ کہ اگر ان کو تسلیم کیا جائے تو سید المرسلین صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو مردار خور ماننا پڑتا ہے۔

مدراسی کی اصل عبارت یہ ہے کہ

عقیدہ:۔ مولوی ثناء اللہ نسخ کو امر شرعی نہیں مانتا۔ بلکہ فقط رائے مفسروں کی سمجھتا ہے۔ اسی واسطے تو اسی صفحہ میں نسخ کی قائلیت کو مردار خوری کہتا ہے۔ جس سے لازم آیا کہ سلف صالحین وائمہ دین بلکہ سید المرسلین صلے اللہ علیہ وسلم مردار خور تھے۔ کیونکہ یہ سب نسخ کے قائل تھے۔

(تفسیر السلف ص۱۷ مصنفہ فقیر اللہ مدراسی)

آپ کہتے ہیں کیا ہم کو غیروں نے تباہ
بندہ پرور یہ کہیں اپنوں کا ہی کام نہ ہو

marfat.com

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا تصور اور انکے نام ختم دینا شرک ہے

دیوبندیوں اور غیر مقلد وہابیوں کے امام اور مجدد اسماعیل دہلوی قتیل نے لکھا ہے:

عقیدہ: جو کوئی کسی کا نام اُٹھتے بیٹھتے لیا کرے۔ اور دُور و نزدیک سے پکارا کرے۔ اور بلا کے مقابلے میں اُس کی دُہائی دیوے۔ اور دُشمن پر اُس کا نام لے کر حملہ کرے۔ اور اُس کے نام کا ختم پڑھے۔ یا شغل کرے یا اُس کی صُورت کا خیال باندھے۔ اور یُوں سمجھے کہ جب میں اُس کا نام لیتا ہوں زبان سے یا دِل سے یا اس کی قبر کا خیال باندھتا ہوں تو وہیں اُس کو خبر ہو جاتی ہے۔ اور اُس سے میری کوئی بات چھپی نہیں رہ سکتی۔ اور جو مجھ پر احوال گزرتے ہیں۔ جیسے بیماری و تندرستی و کشائش و تنگی، مرنا و جینا، غم و خوشی سب کی ہر وقت اُسے خبر ہے۔ اور جو بات میرے مُنہ سے نکلتی ہے۔ وہ سب سُن لیتا ہے۔ اور جو خیال و ہم میرے دِل میں گذرتا ہے۔ وہ سب سے واقف ہے۔ سو ان باتوں سے مُشرک ہو جاتا ہے۔ خواہ یہ عقیدہ انبیاء اولیاء سے رکھے۔ خواہ پیر و شہید سے خواہ امام و امام زادہ سے خواہ بھوت و پری سے۔ پھر خواہ یوں سمجھے کہ یہ بات ان کو اپنی ذات سے ہے خواہ اللہ کے دینے سے۔ غرض اِس عقیدے سے ہر طرح شرک ثابت ہوتا ہے۔

(تقویۃ الایمان ص۱)

ناظرین کرام! امام الوہابیہ نے دُور و نزدیک سے پکارنا۔ اور بلا کے مقابلہ میں اُس کی دُہائی دینا۔ اُس کی صورت کا خیال باندھنے وغیرہ کو شرک قرار دیا ہے۔ حالانکہ اس جاہل کو یہ معلوم نہیں ہے کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان پیارے مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کو دور و نزدیک سے پکارتے تھے اور بلا کے مقابلہ میں حضرت کا نام لیتے اور

marfat.com

آپ کا تصور اپنے دِل و دماغ میں رکھتے تھے۔ جیسا کہ طبرانی شریف میں حدیث شریف ہے۔

اُم المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میرے ہاں رات ٹھہرے ہوئے تھے کہ آپ رات کو اُٹھے۔ نماز کے واسطے وضو فرماتے وقت اس مقام پر آپ نے سُنا۔ کہ آپ نے تین مرتبہ لَبَّیکَ لَبَّیکَ فرمایا۔ جب حضور اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اس وضو والی جگہ سے علیحدہ ہوئے تو میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے ایسا سُنا کہ آپ اپنے وضو کرنے والی جگہ پر بیٹھے فرما رہے تھے لبیک لبیک نُصِرْتَ نُصِرْتَ تین دفعہ آپ نے فرمایا ہے۔ گویا کہ آپ کسی اِنسان سے کلام فرماتے ہیں۔

فَهَلْ كَانَ مَعَكَ أَحَدٌ فَقَالَ هٰذَا رَاجِزٌ يَعْتَصِرُ خُنِيْ۔

کیا آپ کے پاس کوئی تھا۔ تو آپ نے فرمایا یہ راجز مجھ سے فریاد کرتا ہے۔

(مواہب اللدنیہ ص ج ۱، طبرانی ص ۲)

راجز کی جب نبیٔ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم نے مدد فرمائی تو راجز نے تمام مسلمانوں کو بارگاہِ نبوی سے امداد طلب کرنے کی توجہ اس شعر میں دلائی ہے:

فَانْصُرْ رَسُوْلَ اللّٰهِ نَصْرًا عَتَدَا

وَادْعُ عِبَادَ اللّٰهِ يَاتُوْ مَدَدَا

پس تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مدد مانگ کیونکہ آپ کی مدد ہر وقت تیار ہے۔ اور اللہ کے بندوں کو پکار تو تیری مدد کو پہنچیں گے۔

(الاستیعاب لابن عبدالبر ص ۴۴۶ ج ۲)

سرکار عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما کا پاؤں سُن ہو گیا تو ساتھیوں نے عرض کیا اُس کو پکارو جس سے تم کو بہت زیادہ پیار ہے تو آپ نے کہا یا محمداہ

(ادب المفرد ص کتاب الاذکار ص ۱۳۵، شرح شفاء از ملا علی قاری ص ۱۴۱ ج ۲، نسیم الریاض از خفاجی ص ۳۹۷ ج ۳، عمل الیوم واللیلہ ص ۴۷)

marfat.com

غیر مقلدین وہابیوں کے اِمام نواب صدیق حسن بھوپالوی نے سرکار ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا واقعہ ان الفاظ میں لکھا ہے۔

"شرجی[1] کہتے ہیں کہ ایک بار پاؤں ابنِ عباس کا سُن ہوگیا تھا۔ کہا یا محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فی الفور کھل گیا۔ (الداءُ والدواء ص ۳۶)

صحابۂ کرام کا ذاتِ مصطفیٰ کا تصور اور خیال باندھنے کا بھی تذکرہ کتبِ احادیث میں درج ہے۔

حضرت سیدنا ابوموسےٰ اشعری رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں۔

وَكَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى سَوَاكِهٖ تَحْتَ شَفَتِهٖ۔ (صحیح مسلم شریف ص ۱۲۰ ج ۲)

اور میں آپ کو لبوں میں مسواک لیے ہوئے کا تصور رکھتا ہوں۔

حضرت حریث بن عمرو رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا:

كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ وَقَدْ اَرْخٰى طَرَفَيْهَا بَيْنَ كَتِفَيْهِ۔

(مسلم شریف ص ۴۴۰ ج ۱)

مجھے رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا تصور یوں پکا ہوا ہے، گویا کہ میں دیکھ رہا ہوں نبیِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کہ آپ منبر پر تشریف فرما ہیں۔ اور سیاہ عمامہ باندھے ہوئے ہیں۔ اور آپ کے عمامہ شریف کے دونوں پلے حضور کے دونوں شانوں کے درمیان لٹکے ہوئے ہیں۔

اسماعیل دہلوی کی عقل بھی سلامت نہ تھی اور نہ ہی اُس کو اپنے بزرگوں کا پاس تھا۔ بزرگوں کے نام کا ختم پڑھنے کو بھی شرک کہہ رہا ہے۔ حالانکہ شاہ ولی اللہ اور شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کی کتب میں ان سے خود بزرگوں کا ختم شریف پڑھنے

---

[1] علامہ شرجی علیہ الرحمۃ کی اصل تصنیف کتاب الفوائد فی الصلات والعوائد کے ۳۶ مطبوعہ مصر میں یہ واقعہ درج ہے۔ الحمدللہ اصل کتاب فقیر کے کُتب خانہ میں موجود ہے۔ (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

کا ثبوت درج ہے۔ نیز خود بھی صراطِ مستقیم فارسی کی فصل دوم درمیان استغال طریقہ چشتیہ کی ہدایتِ اولیٰ کی ابتدا ہی اس طرح کرتا ہے کہ:

"اول طالب را باید کہ باوضو دو زانو بطور نماز بہ نشیند و فاتحہ بنام اکابر ایں طریقہ یعنی حضرت خواجہ معین الدین سنجری و حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی وغیرہما خواندہ التجا بجناب حضرت ایزد پاک بتوسط ایں بزرگان نماید: طالب کو چاہیئے کہ پہلے باوضو دو زانو بطور نماز بیٹھ کر اس طریقہ کے بزرگوں یعنی حضرت معین الدین سنجری اور حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی وغیرہ حضرات کے نام کی فاتحہ پڑھ کر بارگاہِ خداوندی میں ان بزرگوں کے توسط اور وسیلہ سے التجا کرے۔ (صراطِ مستقیم فارسی ص۱۱۱)

اِس لحاظ سے خود بھی اسماعیل دہلوی مُشرک قرار پایا کہ وہ خود لوگوں کو بزرگوں کے نام کا ختم اور ان کے وسیلہ سے دُعا مانگنے کی ہدایت دے رہا ہے۔

خُدا چاہے تو کروڑوں محمد پیدا کر دے

امام الوہابیہ والدیانبہ اسماعیل دہلوی قتیل نے ایسا عقیدہ لکھا ہے کہ جس سے ختمِ نبوت کے اِنکار کا دروازہ کھُلا ہے۔

عقیدہ: "اس شہنشاہ (اللہ) کی تو یہ شان ہے کہ ایک آن میں ایک حُکم کُن سے چاہے تو کروڑوں نبی اور ولی اور جن و فرشتہ، جبریل اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پیدا کر ڈالے۔" (تقویۃ الایمان ص۳۱ مطبوعہ دہلی)

دیوبندیوں اور غیر مقلدوں کے امام کے اس عقیدہ سے ختمِ نبوت کا اِنکار واضح ہے نیز دہلوی کی علمی قابلیت اور قرآن دانی کا سارا راز بھی فاش ہو جاتا ہے۔ دراصل اس میں دہلوی نے یہ گستاخی اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ آیت کو صحیح نہ سمجھنے کی بناء پر کی ہے۔ حالانکہ اُس بیچارے کو اتنا علم نہیں کہ مفسرینِ عظام علیہم الرحمۃ نے اس آیت

marfat.com

کی تفسیر اس طرح بیان فرمائی ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ مَّا یَشَآءُ قَدِیْرٌ ہ

بے شک اللہ تعالےٰ جس چیز کو چاہے اس پر قادر ہے۔

ربِ کریم کا یہ بھی اِعلان ہے:

مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ (پ۲۲ ع ۲)

محمد تمہارے مردوں میں کسی کے باپ نہیں ہاں اللہ کے رسُول ہیں۔ اور سب نبیوں میں پچھلے۔

جب اللہ کریم نے فرمایا کہ محمد صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے بعد نبوت ختم ہے۔ آپ خاتم النبیین ہیں۔ پھر اسی کی وضاحت اعلانیہ طور پر تاجدارِ ختمِ نبوت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمادی۔

لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ

میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

قرآن وحدیث کے ان واضح فرامین کے باوجود اسماعیل دہلوی یہ عقیدہ رکھے کہ خُدا کی تو یہ شان ہے کہ ایک آن میں ایک حکم کُن سے چاہے تو کروڑوں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پیدا کر ڈالے۔

خدا اور اُس کے پیارے رسُول صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے بغاوت نہیں تو اور کیا ہے کیونکہ اگر محمد پیدا کرے گا تو نبوت بھی دے گا۔ اور اگر نبوت دے گا تو خاتم النبیین جو اللہ کا فرمان ہے وہ غلط ہوتا ہے جبکہ پروردگارِ عالم کا یہ بھی اعلان ہے

وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰہِ حَدِیْثًا۔ (پ۵ ع ۸)

اور اللہ سے زیادہ کس کی بات سچی ہے

لَا تَبْدِیْلَ لِکَلِمَاتِ اللّٰہِ۔ (پ۱۱ ع ۱۲)

اللہ کی باتیں بدل نہیں سکتیں۔

وہابیوں کے امام دہلوی نے ہی مرزا قادیانی کو یہ راستہ دکھایا۔ رہنمائی دہلوی نے کی اور دعوےٰ قادیانی نے کیا کہ:

منم مسیحِ زماں منم کلیمِ خُدا منم محمد و احمد کہ مجتبےٰ باشد

(تریاق القلوب ص ۹۷)

marfat.com

بانیٔ مدرسہ دیوبند مولوی قاسم نانوتوی نے بھی تو اپنے بزرگ اور امام اسماعیل دہلوی کی اتباع کرتے ہوئے ختمِ نبوت کا اِنکار ان الفاظ میں کیا ہے۔

اس حقیقت کی تفصیل دیکھنے کے لیے فقیر کی کتاب 'وہابیت و مرزائیت'[1] کا مطالعہ فرمائیں۔

قارئین عظام! ابوالوہابیہ اسماعیل کا عقیدہ تو یہ ہے کہ:

کروڑوں محمد پیدا کر ڈالے

مگر صحابیٔ رسول حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا عقیدہ یہ ہے کہ:

وَاَجْمَلُ مِنْكَ لَمْ تَرَ قَطُّ عَيْنِيْ
وَاَكْمَلُ مِنْكَ لَمْ تَلِدِ النِّسَآءُ
خُلِقْتَ مُبَرَّأً مِنْ كُلِّ عَيْبٍ
كَاَنَّكَ قَدْ خُلِقْتَ كَمَا تَشَآءُ

(دیوان حسان بن ثابت)

حضرت حسان رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے یہ اشعار فخرِ آدم و بنی آدم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی موجودگی میں پڑھے ان کو سُن کر حضور پُر نور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے دُعائیہ کلمے اس طرح فرمائے: اَللّٰهُمَّ اَيِّدْهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ

حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے اس عقیدہ کو دیکھ کر ابوالوہابیہ کے عقیدہ سے موازنہ کیا جائے تو یہ اظہر من الشمس ہو جاتا ہے کہ ابوالوہابیہ کی یہ تحریر نجسِ مغلظ سے بھری پڑی ہے۔

نجدیا! سخت ہی گندی ہے طبیعت تیری
کفر کیا شرک کا فضلہ ہے نجاست تیری

---

[1] وہابیت اور مرزائیت قیمت ۳ روپے قادری کتب خانہ تحصیل بازار سیالکوٹ سے خریدیں۔

marfat.com

ختمِ نبوّت کا اِنکار

دیوبندی وہابی حضرات کے نام نہاد بزرگ مولوی قاسم نانوتوی نے ختمِ نبوت کا انکار کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ :

" بلکہ اگر بالفرض بعد زمانۂ نبوی صلے اللہ علیہ وسلم بھی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیتِ محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا چہ جائیکہ آپ کے معاصر کسی اور زمانہ میں یا فرض کیجئے اس زمین میں کوئی اور نبی تجویز کیا جائے "

(تحذیر الناس ص۲۵ مطبوعہ دیوبند)

ناظرین حضرات ! دیکھا کس انداز سے دیوبندیوں کے بانی نانوتوی صاحب نے ختم نبوت کا انکار کیا ہے اور مرزا قادیانی کو دعوائے نبوت کرنے کی ترغیب دی ہے - یہی وجہ ہے کہ مرزائی مولوی قاسم نانوتوی کو اچھے لفظوں سے یاد کرتے ہیں -

اگر بالفرض محال بعد زمانۂ نبوی کوئی نبی پیدا ہو تو خاتمیت محمدی میں ضرور فرق آئے گا - جو شخص اس فرق کا منکر ہے وہ نہ توحیدِ باری کو سمجھا نہ ختمِ نبوت پر ایمان لایا ؎

نجدیا سخت ہی گندی ہے طبیعت تیری
کفر کیا شرک کا فضلہ ہے نجاست تیری

خاتم النبیین کا معنیٰ آخری نبی لینا عوام کا خیال ہے

دیوبند مدرسہ کے بانی مولوی قاسم نانوتوی نے قرآن پاک میں خاتم النبیین کے معنیٰ آخری نبی مراد لینا عوام کا خیال قرار دیتے ہوئے لکھا ہے کہ :

" بعد حمد و صلوٰۃ کے قبل عرض جواب یہ گذارش ہے کہ اوّل معنیٰ خاتم النبیین کرنے چاہئیں تاکہ فہم جواب میں کچھ دِقت نہ ہو - سو عوام

marfat.com

کے خیال میں تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا خاتم ہونا بایں معنیٰ ہے کہ آپ کا زمانہ انبیاء سابق کے زمانہ کے بعد ہے اور آپ سب میں آخری نبی ہیں۔ مگر اہلِ فہم پر روشن ہوگا کہ تقدم یا تاخر زمانی میں بالذات کچھ فضیلت نہیں۔ پھر مقام مدح میں ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین فرمانا اس صورت میں کیونکر صحیح ہوسکتا ہے "

(تحذیر الناس ص۳ مطبوعہ دیوبند)

قارئین کرام! دیوبندی وہابیوں کے نام نہاد قاسم العلوم نانوتوی صاحب نے اس عبارت میں قرآن کریم کے معنی منقول متواتر کا انکار کیا ہے کیونکہ قرآن پاک میں جو لفظ خاتم النبیین آیا ہے اس کے معنیٰ منقول متواتر آخر النبیین ہی ہیں۔ جو شخص اس کو عوام کا خیال قرار دیتا ہے۔ دراصل وہ قرآن کریم کے معنیٰ منقول متواتر کا منکر ہے!

سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا بھی فرمان حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ :

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ لَمْ یَبْقَ مِنَ النبوۃ اِلَّا الْمُبَشِّرَاتُ قَالُوْا وَمَا الْمُبَشِّرَاتُ قَالَ الرُّوْیَا الصَّالِحَۃُ۔

"میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے۔ فرماتے تھے کہ نبوت ختم ہوگئی ہے۔ اسمیں کچھ باقی نہیں رہا مگر صرف مبشرات صحابہ کرام نے عرض کیا مبشرات کیا ہیں۔ فرمایا: اچھے خواب!

(صحیح بخاری شریف ص۱۲۹ مطبوعہ مصر)

علامہ ابن حجر مکی علیہ الرحمۃ نے سرکار سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور کا ایک واقعہ تحریر فرمایا ہے کہ:

ایک شخص نے امام صاحب کے زمانہ میں نبوت کا دعوٰے کیا، اور کہا مجھے مہلت دو کہ میں نشانی لاؤں۔ آپ نے فرمایا جو شخص اس سے

marfat.com

نشانی طلب کرے گا کافر ہو جائے گا۔ کیونکہ نشانی مانگنا حضورِ اقدس صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد لا نبی بعدی کی تکذیب ہے۔"

(الخیرات الحسان ص ۱۲۹)

مرزا قادیانی کو دراصل نبوت کا دعوٰے کرنے کا راستہ دکھانے والے دیوبندی وہابی حضرات کے اسماعیل دہلوی اور اور قاسم نانوتوی ہی ہیں۔ پھر دعوٰئ نبوت کے بعد اس کی تائید بھی وہابی حضرات نے ہی کی ہے اس لئے زیادہ وہابی ہی مرزائی ہوئے ہیں۔

امام الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام سے عام انسانوں کو مشابہت

وہابیوں کے مولوی حسین احمد مدنی نے بھی وہابیہ کے اس عقیدہ کی تائید ان الفاظ سے کی ہے کہ:

"وہابیہ اپنے آپ کو مماثل ذات سرورِ کائنات خیال کرتے ہیں۔"

(الشہاب الثاقب ص ۴۷)

وہابیوں کے محدث حافظ عبداللہ روپڑی بھی اپنے امام کی تقلید میں ہی لکھتے ہیں کہ:

عقیدہ: دیگر انسان بھولتے ہیں۔ تو نبی کا بھولنا بھی کوئی بعید نہیں۔ اگر اوروں کو بیماری اور دکھ لگتا ہے۔ تو نبی کو بھی لگتا ہے۔ اگر اور لوگ کسی معاملہ میں حیران ہو جاتے ہیں۔ اور معاملہ حسبِ منشاء نہیں ہوتا تو نبی کا بھی یہی حال ہے۔ اسی طرح ولی کو سمجھ لینا چاہیئے۔ جو بات اللہ نے ان کے ہاتھوں پر خرقِ عادت ظاہر کر دی ہے وہ ان کی کرامت ہوگی۔ باقی باتوں میں وہ اور انسانوں کی طرح ہیں۔ (رسالہ سماع موتیٰ ص ۱۲ مصنفہ عبداللہ روپڑی)

غیر مقلد مولوی رفیق خاں پسروری نے لکھا ہے کہ:

marfat.com

عقیدہ:- اللہ کی ذاتِ پاک نور ہے۔ اور ہر عیب سے پاک و منزہ ہے مگر انسان چھوٹا ہو یا بڑا، نبی ہو یا ولی خاکی اور لوازماتِ زندگی سے ملوث ہے۔ (اصلاحِ عقائد ص۱۵)

روپڑی اور لیسروی نے تو سرورِ عالمیاں صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم و دیگر انسانوں سے مشابہت دی ہے۔ مگر باقی۔ مدرسہ دیوبند قاسم نانوتوی نے تو دجال کی حیات کو سرورِ کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات کی حیاتِ مبارکہ کی مثل قرار دیا ہے۔ اصل عبارت درج کی۔ باقی ہے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات بالذات کی طرح ہی دجّال بھی حیات بالذات ہے

عقیدہ:- جیسے رسول اللہ صلعم (صلی اللہ علیہ وسلم) بوجہ منشائیت ارواح مومنین جس کی تحقیق سے ہم فارغ ہو چکے ہیں۔ متصف بحیات بالذات ہوئے ایسے ہی دجال بھی بوجہ منشائیت ارواح کفار جس کی طرف ہم اشارہ کر چکے ہیں۔ متصف بحیات بالذات ہوگا۔ (آبِ حیات ص۱۶۹ مصنفہ قاسم نانوتوی مطبوعہ دہلی)

روپڑی نے کتنی جسارت سے کام لے کر نبی اور غیر نبی کو برابر ثابت کرنے کے لیے قرآن و حدیث سے کس طرح روگردانی کی ہے۔

نبی کی شان میں خداوندِ کریم قرآنِ پاک میں فرماتا ہے:

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ۔ (پ۲۶ ع ۹)	بیشک ہم نے تمہارے لیے روشن فتح فرما دی تاکہ اللہ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں کے اور تمہارے پچھلوں کے۔
وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ (پ۶ ع ۱۴)	اور اللہ تمہاری نگہبانی کرے گا لوگوں سے۔

marfat.com

وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۔ (پ ۳۰ ع ۱۰)

سُن لو اللہ کی یاد ہی میں دلوں کا چین ہے۔

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۔ (پ ۵ ع ۸)

جس نے رسول کا حکم مانا بیشک اس نے اللہ کا حکم مانا۔

وَصَلِّ عَلَيْهِمْ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ (پ ۱۱ ع ۲)

(اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم) ان کے حق میں دُعائے خیر فرماؤ بے شک تمہاری دُعا ان کے دِلوں کا چین ہے۔

مندرجہ بالا آیات طیبات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کیا کوئی وہابی مولوی یہ دعوٰے کرسکتا ہے کہ ان آیات میں اللہ تعالٰے نے جن کو مخاطب فرمایا ہے۔ اور جن کی یہ عظمت و رفعت بیان کی ہے۔ ان سے مراد ہم وہابی حضرات ہی ہیں۔ اگر ایسا نہیں تو پھر رد پڑی صاحب نے یہ جسارت کیونکر کی ایسی جسارت تو وہی کرسکتا ہے۔ جس کو قرآن و حدیث سے بالکل جاہل ہو اور جس نے غیر مسلموں کے گھر میں جنم لیا ہو۔

باقی رہا رد پڑی کا نبی پاک کے بھولنے کو اپنے بھولنے پر قیاس کرنا یہ بھی قرآن و حدیث سے ناواقف ہونے کی دلیل ہے۔ بھولنے کے متعلق جو سرورِ کائنات صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔ وہ محدثین عظام علیہم الرحمۃ نے اپنی کتب میں درج کیا ہے چنانچہ قاضی عیاض علیہ الرحمۃ نے حدیث شریف نقل فرمائی ہے کہ امام الانبیاء علیہ التحیۃ والثناء نے فرمایا:

لَسْتُ اَنْسٰى وَلٰكِنْ اُنْسٰى

میں نہیں بھولا اور لیکن میں بھلایا گیا ہوں۔

(شفا شریف ص ۲۴۹ ج ۲)

امام مالک رضی اللہ تعالٰے عنہ کو یہ حدیث پہنچی ہے کہ:

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنِّيْ لَاَنْسٰى لِاَسُنَّ۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں بھلایا گیا ہوں تاکہ میں سنت مقرر کروں۔

(موطا امام مالک ص ۳۵)

marfat.com

رویڑی کا عقیدہ باطلہ پڑھ کر یہ یقیناً کہنا پڑتا ہے کہ وہابیوں کے مولوی محمد دہلوی نے رویڑی کے بالکل درست یہ شائع کیا تھا کہ :

"دُنیا میں اگر کسی کو اعلےٰ احمق کی ضرورت ہو تو اس چھوٹی کھوپری والی اِنسان نما ہستی (عبداللہ رویڑی) کو دیکھ لے۔"

(اخبار محمدی دہلی ص۱۵ ستمبر ۱۹۳۹ء)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تمام آدمیوں کی مثل ہیں

مولوی خلیل احمد انبیٹھوی نے لکھا ہے :

عقیدہ : "پس کوئی ادنیٰ مسلم بھی فخر عالم علیہ الصلوٰۃ کے تقرب و شرف کمالات میں کسی کو مماثل آپ کا نہیں جانتا ۔ البتہ نفسِ بشریت میں مماثل آپ کے جملہ بنی آدم ہیں۔"

(براہین قاطعہ ص۳ مطبوعہ دیوبند)

دیوبندی وہابی مولوی تو سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کو جملہ بنی آدم کی مثل قرار دے رہا ہے جبکہ خداوند کریم جل جلالہٗ اپنے حبیب سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہن کو بے مثل قرار دیتے ہوئے فرماتا ہے :

یٰنِسَآءَ النَّبِیِّ لَسْتُنَّ کَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ (پ۲۲ ع۱)	"اے نبی کی بیبیو! تم اور عورتوں کی طرح نہیں ہو۔"

خداوند کریم جل جلالہٗ نے اپنے محبوب صلے اللہ علیہ وسلم کے متعلق فرمایا :

اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِہِمْ وَ اَزْوَاجُہٗ اُمَّہٰتُہُمْ (پ۲۱ ع۱۷)	"یہ نبی مسلمانوں کا ان کی جان سے زیادہ مالک ہے اور اس کی بیبیاں اُن کی مائیں ہیں۔"

marfat.com

امام الانبیاء شہنشاہِ ہر دوسرا صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنے صحابہ کرام علیہم الرضوان کو فرمایا :

لَسْتُ کَاَحَدٍ مِنکُمْ "میں تمہارے کسی آدمی کی مانند نہیں"

(صحیح بخاری شریف صـ۲۴۶ ج۱ مطبوعہ مصر)

اِنِّیْ لَسْتُ مِثْلَکُمْ "میں تمہاری مثل یا مانند نہیں ہیں"

(صحیح بخاری شریف صـ۲۴۶ ج۱ مطبوعہ مصر)

اِنِّیْ لَسْتُ کَھَیْئَتِکُمْ "میں تمہاری صورت وشکل وہیئت کی مانند نہیں ہوں"

(صحیح بخاری صـ۲۴۷ ج۱)

اَیُّکُمْ مِثْلِیْ "تم میں میری مثل کون ہے"

(صحیح بخاری صـ۲۴۶ ج۱)

قارئین کرام! تعجب اور افسوس قوم وہابیہ اور ان کے اکابر پر کہ رحمت کائنات صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کیا ارشادات فرما رہے ہیں اور یہ رسولِ معظم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اپنی مثل قرار دے رہے ہیں۔ صرف اس پر ہی بس نہیں بلکہ جملہ بنی آدم کے مماثل قرار دے رہے ہیں۔

علامہ قسطلانی شارح بخاری علیہ الرحمۃ نے مسلمانوں کو آگاہ فرمایا ہے کہ :

اِعْلَمْ اَنَّ مِنْ تَمَامِ الْاِیْمَانِ بِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْاِیْمَانُ بِاَنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی جَعَلَ خَلْقَ بَدَنِہِ الشَّرِیْفِ عَلٰی وَجْہٍ لَمْ یَظْھَرْ قَبْلَہٗ وَلَا بَعْدَہٗ خَلْقُ اَدَمِیٍّ مِثْلُہٗ

(مواہب لدنیہ شریف صـ۲۴۸ ج۱)

خوب جان لے کہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کمال ایمان یہ ہے کہ ایمان لاوے اللہ تعالیٰ پر کہ اس نے پیدا کیا سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وسلم کے بدن شریف کو ایسی صورت پر کہ ان کی مثل نہ کوئی پہلے پیدا ہوا، اور نہ ان کے بعد پیدا ہوگا"

marfat.com

نواب صدیق بھوپالوی کے قلم سے بھی یہ تحریر اللہ تبارک وتعالیٰ نے ان کے منہ پر جوتی مارنے کے لئے لکھا دی اور وہ یہ ہے :

" حدیث ابوہریرہ میں آیا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم وصال نہ کرو - کہا : آپ تو کرتے ہیں - فرمایا : میں تمہاری طرح نہیں ہوں - میں رات بسر کرتا ہوں - میرا رب مجھے کھلاتا پلاتا ہے "

(ترجمان القرآن ص۲۴۲، ص۲۴۳ ج ۱)

حضرت انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں :

مَاشَمَمْتُ عنبرًا قطّ وَلَا مِسکًا وَلَا شَیْئًا اَطْیَبَ مِنْ رِیْحِ رَسُوْلِ اللّٰہ صلی اللہ عَلَیْہِ وَسلم

" میں نے نہ کوئی عنبر اور کوئی مشک اور کوئی خوشبودار چیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مہک سے زیادہ خوشبودار نہیں دیکھی "

(نشر الطیب ص۱۳۴)

حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں :

لَمْ اَرَ قَبْلَہٗ وَلَا بَعْدَہٗ مِثْلَہٗ

(نشر الطیب ص۱۳۴ مطبوعہ دیوبند)

" آپ جیسا نہ آپ سے پہلے کسی کو دیکھا اور نہ آپ کے بعد کسی کو دیکھا "

عالمِ ربانی - عارفِ حقانی مولانا رومی علیہ الرحمۃ نے کیا خوب فرمایا ہے ؎

صد ہزاراں جبرائیل اندر بشر
بہر حق سوئے غزیاں یک نظر

قرآن وحدیث اور کتب اسلاف کی روشنی میں دیابنہ کا عقیدہ باطل ثابت ہوا ہے - اللہ تعالےٰ ایسے عقائدِ باطلہ سے محفوظ رکھے -

بڑے بھائی کے برابر تعظیم !

دیوبندی اور غیر مقلدین کا سردار اسماعیل دہلوی لکھتا ہے کہ :

marfat.com

عقیدہ : انسان آپس میں سب بھائی ہیں۔ جو بڑا بزرگ ہو وہ بڑا بھائی ہے۔ سو اُس کے بڑے بھائی کی سی تعظیم کیجئے۔ (تقویۃ الایمان ص۶)

اس عبارت سے مولوی اسماعیل دہلوی نے اپنے وہابیوں کو یہ سبق دیا ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام بھی تمہارے بھائی ہیں۔ فرق یہ ہے کہ وہ بڑے بزرگ ہیں۔ اس پر انہوں نے ایک کلیہ بیان کیا ہے۔ جو بڑا بزرگ ہو وہ بڑا بھائی ہے۔ سو اُس کی بڑے بھائی کی سی تعظیم کیجئے اس سے یہ تبلیغ وہابیوں کو کی ہے کہ انبیاء جن میں سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم بھی شمار ہیں کی تعظیم بڑے بھائی کی کیجئے۔

یہ عقیدہ بھی قرآن وحدیث کے مخالف ہے۔ لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا آیہ شریفہ کا شانِ نزول ہی صرف دیوبندی غیر مقلد وہابیوں کو ہوش کی دوا پینے کا حکم دیتا ہے۔ اور امام الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے۔

لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ وَالِدِہٖ وَ وَلَدِہٖ وَ النَّاسِ اَجْمَعِیْنَ۔

تم میں سے کوئی بھی ایماندار نہیں ہوگا۔ جب تک کہ اپنے والدین اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ مجھ سے محبت نہ رکھے۔

(صحیح بخاری شریف ص۶ ج ۱)

اس سے بھی ایسا عقیدہ رکھنے والوں کا کفر واضح ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ تو ہر شخص جانتا ہے کہ بڑے بھائی سے باپ کی تعظیم زیادہ کی جاتی ہے۔ مگر نبیٔ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو اپنے والدین سے بھی زیادہ مجھ سے محبت نہ رکھے گا وہ ہرگز مسلمان نہیں ہوسکتا۔ لیکن وہابیوں کے امام اسماعیل قتیل اپنی ذریت کو درس دے رہے ہیں کہ بڑے بھائی جیسی تعظیم کیجیے

خلافِ پیمبر کسے را گزید!
کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید

---

marfat.com

انبیاء کرام بڑے بھائی ہیں

عقیدہ: اولیاء: انبیاء: امام و امام زادے پیر و شہید یعنی جتنے اللہ کے مقرب بندے ہیں۔ وہ سب انسان ہی ہیں۔ اور بندے عاجز اور ہمارے بھائی ہیں مگر ان کو اللہ نے بڑائی دی وہ بڑے بھائی ہیں ہوئے۔ (تقویۃ الایمان ص۴۰)

بڑے بھائی کو گالی دینے سے آدمی کافر نہیں ہوتا۔ مگر نبی کو گالی دینے سے آدمی کافر ہو جاتا ہے پھر وہ بڑے بھائی کیسے ہوئے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ط (پ۲۶ ع ۱۳)

اے ایمان والو۔ اللہ اور رسول سے آگے نہ بڑھو۔ اور اللہ سے ڈرو۔

صحابۂ کرام علیہم الرضوان کے ادب کے عالم کا تذکرہ پروردگارِ عالم نے قرآنِ حمید میں اس شان سے فرمایا ہے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰی لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِیْمٌ (پ۲۶ ع ۱۳)

بیشک وہ لوگ جو رسول اللہ کے پاس اپنی آوازیں پست کرتے ہیں یہ وہ ہیں جن کا دل اللہ نے پرہیزگاری کے لیے پرکھ لیا ان کے لیے بخشش اور بڑا ثواب ہے۔

مقامِ عبرت ہے کہ صحابہ عظام علیہم الرضوان تو اپنی آوازوں کو پست رکھیں مگر وہابیوں کا اِمام دہلوی قتیل بڑا بھائی لکھنے کی جسارت کرے۔

نماز میں بڑے بھائی کو سلام کہنے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ مگر محبوبِ خدا کا مقام یہ ہے کہ جب تک نمازی نماز میں اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

marfat.com

وَبَرَکَاتُہٗ نہ پڑھے تب تک نماز ہی نہیں ہوتی۔ غیر مقلدین اور دیوبندی وہابیوں کے بزرگ اور مجدد اسماعیل دہلوی قتیل کا یہ عقیدہ امام الانبیاء صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی شانِ اقدس میں بہت بڑی بے ادبی ہے۔

ادب گاہیست زیرِ آسماں از عرش نازک تر
نفس گم کردہ می آید جنید بایزید اینجا

نبی ایسے سردار ہے جیسے گاؤں کا چودھری

عقیدہ: سردار کے لفظ کے دو معنے ہیں۔ ایک تو یہ کہ وہ خود مالکِ مختار ہو۔ اور کسی کا محکوم نہ ہو۔ خود آپ جو چاہے سو کرے۔ جیسے ظاہر میں بادشاہ سو یہ بات تو اللہ ہی کی شان ہے۔ ان معنوں میں اُس کے سوائے کوئی سردار نہیں اور دوسرے یہ کہ رعیتی ہی ہو مگر اور رعیتوں سے امتیاز رکھتا ہو۔ کہ اصل حاکم کا حکم اوّل اس پر آوے اور اُس کی زبانی اوروں کو پہنچے جیسا ہر قوم کا چودھری اور گاؤں کا زمیندار سو ان معنوں کو ہر پیغمبر اپنی اُمت کا سردار ہے۔ (تقویۃ الایمان صـ۴۴)

مولوی اسماعیل دہلوی نے انبیاء کی سرداری کو قوم کے چودھری اور گاؤں کے زمیندار کے برابر اور مثل قرار دیا ہے۔ جو کہ انبیاء کرام کی شان میں بہت بڑی گستاخی ہے ہر پیغمبر کے الفاظ میں حبیبِ کبریا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی ذاتِ بابرکات بھی شامل ہے لیکن ہمارے آقا تو صرف اُمت کے سردار ہی نہیں بلکہ سید المرسلین یعنی مرسلین کے بھی سردار ہیں۔ حبیبِ خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی سرداری کو قوم کے چودھری اور گاؤں کے زمیندار کے برابر قرار دینا کتنی بڑی بے ادبی اور گستاخی ہے۔ جو کہ صریحاً کفر ہے۔

قارئین! گاؤں کے چودھری کی کوئی تعظیم نہ کرے اور توہین کر دے تو وہ شخص دائرۂ اسلام سے خارج نہیں ہوگا۔ مگر حضور پُر نور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی توہین کرنے

marfat.com

والا دائرۂ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔ گاؤں کے چودھری کے متعلق اللہ تعالےٰ نے کوئی ہدایات قرآنِ پاک میں ارشاد نہیں فرمائیں مگر محبوب کے متعلق ہدایات ارشاد فرمائیں مثلاً

لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَ قُوْلُوْا انْظُرْنَا (پ ۱ ع ۱۲)

راعنا نہ کہو اور یوں عرض کرو کہ حضور ہم پر نظر رکھیں۔

لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ (پ ۲۶ ع ۱۳)

اپنی آوازیں اونچی نہ کرو۔ اس غیب بتانے والے (نبی) کی آواز سے۔

گاؤں کے چودھری کے انکار سے اِنسان کافر نہیں ہوتا۔ مگر رسولِ معظم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے اِنکار سے اِنسان کافر ہو جاتا ہے۔

چہ نسبت خاک را با عالمِ پاک!

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے کیا خوب کہا ہے:

لا یمکن الثناء کما کان حقہ!
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

(تفسیر عزیزی فارسی ص ۲۲۷)

ثابت ہوا کہ دیوبندی اور غیر مقلدین وہابی حضرات کے امام مولوی اسماعیل دہلوی کا یہ عقیدہ صریحاً کفر ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اشرف علی جیسے تھے

دلو بندیوں کی معتبر کتاب اصدق الرؤیا میں مولوی اشرف علی تھانوی کو سرورِ عالم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کمال مشابہت دیتے ہوئے لکھا ہے

"آپ کا قد مبارک اور رنگت اور چہرہ شریف اعلیٰ اور تن مبارک حضرت مولانا اشرف علی جیسا تھا" (اصدق الرویا ص ۵)

"حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے مولانا اشرف علی تھانوی کی شکل

marfat.com

ہیں ہیں " (اصدق الرویاء ص۲۵)

"شکل ایسی ہی ہے جیسے ہمارے مولانا تھانوی کی "

(اصدق الرویا ص۳۷)

ناظرین کرام! صمیمِ قلب سے ان دیوبندی وہابی مولویوں کی ذہنیت کا اندازہ لگائیے۔ کیا یہ حقیقت نہیں کہ مرزا قادیانی کے اصل رہنما یہ وہابی ہی ہیں۔ صحابیٔ رسول حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ تو فرمائیں:

مَارَاَیْتُ شَیْئًا اَحْسَنَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ۔

میں نے رسول کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زیادہ حسین کسی کو نہیں دیکھا:

مگر دیوبندی یہ لکھیں کہ:

"شکل ایسی ہی ہے جیسے ہمارے مولانا تھانوی کی"۔

حضور صلے اللہ علیہ وسلم ہمارے مولانا تھانوی کی شکل میں ہیں"

بعض صفات میں دیوبندی مولوی سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وسلم سے مشترک ہیں

دیوبندی وہابی مولویوں کے نام نہاد مجدد تھانوی صاحب نے لکھا ہے کہ مولوی یعقوب صاحب نے ارشاد فرمایا کہ:

"مطلب یہ ہے کہ بعض صفات میں ہم اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم مشترک ہیں" (افاضات الیومیہ ص۴۶ ج۷)

قارئین کرام! یہ عبارات پڑھ کر اس حقیقت کو تسلیم ہی کرنا پڑتا ہے کہ:

وہابی بے حیا جھوٹے ہیں یارو!
تڑا تڑ جوتیاں تم ان کو مارو!

---

marfat.com

رشید گنگوہی سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ثانی ہے

دیوبندیوں کے شیخ الہند مولوی محمود الحسن نے اپنے استاذ رشید احمد گنگوہی کو نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کا ثانی قرار دینے کی جسارت ان الفاظ میں کی ہے:

زباں پر اہل ہوا کی ہے کیوں اجل ہُبل شاید
اٹھا عالم سے کوئی بانیٔ اسلام کا ثانی ! (مرثیہ ص۶)

شاید اسی لئے دیوبندی وہابیوں کے رشید احمد گنگوہی نے امام الانبیاء علیہ التحیۃ والثناء کا یہی صرف رحمت کائنات ہونے کا انکار کرتے ہوئے اپنے آپ کو قرآن پاک کی نص قطعی کا منکر ظاہر کیا ہے۔ اصل عبارت استفتاء اور جواب دونوں درج ذیل ہیں:

صرف نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وسلم ہی رحمۃ للعالمین نہیں

استفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین کہ رحمۃ للعالمین مخصوص آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے ہے یا ہر شخص کو کہہ سکتے ہیں؟

الجواب: لفظ رحمۃ للعالمین صفت خاصۂ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی نہیں ہے بلکہ دیگر اولیاء و انبیاء اور علماء ربانیین بھی موجبِ رحمتِ عالم ہوئے ہیں۔ (فتاوی رشیدیہ ص۹ ج۲ مطبوعہ دہلی)

اللہ کریم تو صرف نبی پاک صلے اللہ علیہ وسلم ہی کو مخاطب کرتے ہوئے فرمائے:

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ

وہابیوں کا نام نہاد قطب گنگوہی اس کا صریحاً انکار کرتے ہوئے کفر تک

marfat.com

بک گیا۔

غیر مقلدین کے نام نہاد شیخ الاسلام مولوی ثناء اللہ امرتسری کا بھی یہ عقیدہ ہے کہ رحمۃ للعالمین صرف خاصہ خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ تعالیٰ علیہ وسلم نہیں ہے بلکہ کل انبیاء علیہم السلام رحمۃ للعالمین ہیں۔ چنانچہ لکھتے ہیں کہ :

" ہم نے تو حضرات انبیاء ہی کو رحمۃ للعالمین کہا تھا "

(اہلحدیث امرتسر ص۴ کالم ۱، ۷ فروری ۱۹۰۸ء)

ناظرین کرام ! وہابیوں کے سردار امرتسری کی جہالت کا اندازہ اس جملہ سے بخوبی ہو جاتا ہے۔ اول تو سابقہ انبیاء میں سے کوئی بھی عالمین کے لئے نبی یا رسول بنکر نہیں آیا۔ ہمہ گیر رسالت اور نبوت اگر کسی کو اللہ کریم نے عطا فرمایا تو وہ صرف ایک حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات ہے۔

دوسرا قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے وما ارسلنٰک میں ک مخاطب کا فرما کر اس صفت کا مالک آمنہ کے لال، دو عالم کے تاجدار اور مختار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قرار دیا ہے۔ اس نص قطعی کے ہوتے ہوئے سب انبیاء کو رحمۃ للعالمین قرار دینا جہالت ہی جہالت ہے۔

اللہ رے خود ساختہ قانوں کا نیرنگ
جو بات کہیں فخر وہی بات کہیں ننگ

حاجی امداد اللہ رحمۃ للعالمین ہیں !

مولوی اشرف علی تھانوی کے ملفوظات میں لکھا ہے کہ،

" حضرت گنگوہی .... حضرت (حاجی امداد اللہ مہاجر مکی) کی نسبت بار بار رحمۃ للعالمین فرماتے تھے۔" (افاضات الیومیہ ص۱۰۵ ج۱)

۱۱۳

marfat.com

مدینہ منوّرہ اور تھانہ بھون کی مناسبت

دیوبندیوں کے مولوی اشرف علی تھانوی نے فرمایا کہ :

"جیسا کہ مدینہ شریف میں رہ کر مَیل کچیل والا نہیں رہ سکتا اللہ کا شکر ہے کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی برکت کے ایسا ویسا یہاں (تھانہ بھون) پر بھی نہیں رہ سکتا"

(افاضات الیومیہ ص۲۶۵ ج ۳)

مولوی اشرف علی تھانوی ہی افاضات الیومیہ میں بھی تھانہ بھون کے متعلق گلفشانی کرتے ہیں۔

"یہاں سب بے حیاء ہی رہتے ہیں" (افاضات الیومیہ ص۲۶۵ ج ۳)

ناظرین! تھانوی صاحب کے جملہ کا یہ لفظ کہ "یہاں سب" قابلِ غور ہے جس سے یہ حقیقت سامنے آجاتی ہے کہ مولوی اشرف علی تھانوی بھی بے حیا ہیں۔ اگر تھانوی صاحب کی عبارات کا مطالعہ کیا جائے تو اس کی تصدیق بھی ہوجاتی ہے۔ ابوالکلام آزاد کے والد ماجد کی مومنانہ فراست نے یہ جان کر ہی کہا تھا ؎ وہابی بے حیا جھوٹے ہیں یارو

ترا اترے جوتیاں تم ان کو مارو!

ایسے نظریات والے وہابی اکابر کی عقل و خرد کہاں کھو گئی اور ایسے نامعقول دشمنانِ دین کو اپنا اکابر تسلیم کرنے والوں کی غیرت و حمیت کا تو جنازہ ہی نکل گیا ہے۔ کہیں تھانہ بھون کو مدینہ منورہ سے مناسبت دے رہے ہیں اور کہیں رشید احمد گنگوہی کے گاؤں کو کعبہ سے بھی افضل قرار دینے کی ترغیب ان الفاظ میں دیتے ہیں۔

کعبہ سے گنگوہ افضل ہے!

ان وہابی دیوبندیوں کی عقل کی کچھ سمجھ نہیں آتی لیکن تھانہ بھون کو مدینہ منورہ

marfat.com

جیسا قرار دیتے ہیں اور کہیں گنگوہ کو کعبۃ اللہ سے افضل قرار دیتے ہیں۔
جیسا کہ مولوی محمود الحسن دیوبندی نے مرثیہ میں کہا ہے کہ

پھریں تھے کعبہ میں بھی پوچھتے گنگوہ کا رستہ
جو رکھتے تھے اپنے سینوں میں ذوق و شوق عرفانی
(مرثیہ صد ۱۳)

سرد آہیں گرم آنسو۔ آنسوؤں میں خونِ دل
کہہ رہے ہیں اس طرح افسانہ در افسانہ ہم

دیوبندی نبیٔ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے اُستاد ہیں!

دیوبندیوں کے مولوی خلیل احمد انبیٹھوی لکھتے ہیں کہ:

"ایک صالح فخرِ عالم علیہ السلام کی زیارت سے خواب میں مشرف ہوئے تو آپ کو اُردو میں کلام کرتے دیکھ کر پوچھا کہ آپ کو یہ کلام کہاں سے آگئی۔ آپ تو عربی ہیں فرمایا کہ جب سے علماء مدرسہ دیوبند سے ہمارا معاملہ ہوا ہم کو یہ زبان آگئی۔"

(براہینِ قاطعہ صد ۲۶ مطبوعہ دیوبند)

قارئینِ عظام! مندرجہ بالا بیان میں امام الانبیاء صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی کس قدر توہین اور گستاخی پائی جاتی ہے۔ کہ دیوبندی مولویوں کو سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اُستاد قرار دیا ہے۔

حالانکہ قرآنِ پاک میں اللہ تعالےٰ نے اپنا اصول بیان فرمایا ہے کہ:

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ۔ (پ ۱۳ ع ۱۳)

اور ہم نے ہر رسول اُس کی قوم ہی کی زبان میں بھیجا۔

جو فلسفیوں سے حل نہ ہوا اور نکتہ وروں سے کھل نہ سکا
وہ راز اِک کملی والے نے بتلا دیا چند اشاروں میں!

marfat.com

اس آیۃ شریفہ سے اظہر من الشمس ہے کہ رسولِ کل، ہادیٔ سُبل حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ساری کائنات کے لیے رسولِ رحمت بن کر تشریف لائے ہیں۔ جیسا کہ فرمانِ ربی میں ہے۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۔ (پ ۱۷، ع ۷)

اور ہم نے تمہیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لیے۔

مندرجہ بالا آیاتِ طیبات سے واضح ہوا کہ دیوبندیوں نے یہ عبارت لکھ کر نبیٔ پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں بہت بڑی بے ادبی اور گستاخی کی جسارت کی ہے۔ جو کہ کفر ہے۔

کہیں۔ دیوبندی خطیب الانبیاء صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے اُستاد بنتے ہیں۔ کہیں یا ہادیٔ کل صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کو گرنے سے بچاتے ہیں۔ ان کی ذہنی خباثتوں کا اندازہ انہیں ہزلکات سے عیاں ہوتا ہے کہ جو کُل کائنات کی فریادرس کے وہابی اس شخصیت کو اپنا محتاج قرار دے رہے ہیں۔ دیوبندی وہابیوں کے دورِ حاضرہ کے نام نہاد شیخ القرآن مولوی غلام خان صاحب کے اُستاذ مولوی حسین علی صاحب آف واں بھچراں ضلع میانوالی درج کردہ خواب سے یہ حقیقت عیاں ہوتی ہے وُہ خواب درج کیا جاتا ہے۔

دیوبندیوں کے مولوی حسین علی نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو پُل صراط سے گرنے سے بچا لیا!

دیوبندیوں کے مولوی غلام خان آف راولپنڈی کے اُستاد مولوی حسین علی آف واں بھچراں نے لکھا ہے کہ

رَاَیْتُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَانَقَنِیْ وَذَھَبَ

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ مجھے بصورت معانقہ

۱۱۶

marfat.com

بی مُعَانَقَۃً عَلَی الصِّرَاطِ اَیْ پُلِ صِرَاط رَاَیْتُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَتَبَ لِیْ..... خُتِمَ عَلَیْہِ بِیَدِہِ الْمُبَارَکَۃِ وَ کَانَ مَعَہٗ اَکْثَرُ الْاَکَابِرِ دَعَوْتُ عِنْدَ بَیْتِ اللّٰہِ الْحَرَامِ ثُمَّ جِئْتُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ علیہ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَعَانَقَنِیْ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَلَّمَنِیَ اللَّطَائِفَ وَالْاَذْکَارَ وَرَاَیْتُ اَنَّہٗ یَسْقُطُ فَاَمْسَکْتُہٗ وَاَعْصَمْتُہٗ عَنِ السُّقُوْطِ

(مبشرات ملحقہ بلغۃ الحیران)

پُل صراط پر لے گئے اور میں نے دیکھا کہ آپ نے مجھے مُہر لگا کر ایک تحریر دی ہے۔ اور آپ کے ساتھ بُہت سے اکابر بھی تھے۔ میں نے بیت اللہ شریف کے پاس دعاء مانگی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا۔ اور میں نے الصلوٰۃ و والسلام علیک یا رسول اللہ عرض کیا تو آپ نے مجھ سے معانقہ کیا۔ اور اذکار سکھائے اور میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ پل سے گر رہے ہیں۔ تو میں نے آپ کو گرنے سے بچا لیا۔

قارئین حضرات! اب آپ خود ہی انصاف کریں کہ ایک مسلمان اپنی اُمّتی ہونے کی حیثیت سے ایسی بات کبھی بیان نہیں کر سکتا۔ جو رسول معظم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم شافع محشر ہوں۔ جو خود گرنوں کو سنبھالنے والے ہوں۔ جو قیامت کے روز پُل صراط پر کھڑے ہو کر ربّ کریم کی بارگاہ میں رَبِّ سَلِّمْ اُمَّتِیْ اُمَّتِیْ کی دعائیں کریں۔ ان کے بارے میں دیوبندی وہابی مولویوں کے امام اور سردار مولوی حسین علی خان آف واں بھچراں یہ کہیں میں نے ان کو گرنے سے بچا لیا۔ کتنی بڑی بے ادبی اور گستاخی ہے۔ یہ ہے دیوبندی اکابر کا ایمان مگر میرے اعلیٰحضرت۔ مجدّد دین وملّت مولانا شاہ احمد رضا خان بریلوی قدس سرہ القوی کا ایمان اور عقیدہ یہ ہے۔ ؎

رضاؔ پل سے اب وجد کرتے گزریئے! ہے ربّ ستم صدائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم!

marfat.com

استخارہ کا عمل سکھانیوالا دپاک نبی)، دغاباز اور جھوٹا ہے

امام الوہابیہ اسماعیل دہلوی قتیل نے اپنا عقیدہ لکھا ہے۔

عقیدہ :- یہ سب جو غیب دانی کا دعوے کرتے ہیں۔کوئی کشف دعوے رکھتا ہے۔کوئی استخارہ کے عمل سکھاتا ہے۔کوئی تقویم اور پتر نکالتا ہے۔ کوئی رمل کا فرعہ پھینکتا ہے۔کوئی فالنامہ لئے پھرتا ہے۔یہ سب جھوٹے ہیں اور دغاباز۔ان کے جال میں ہرگز نہ پھنسا چاہیئے۔ (تقویۃ الایمان ص۲۳ مطبوعہ دہلی)

امام الوہابیہ اسماعیل دہلوی قتیل کی اس غیر محتاط عبارت سے سرورِ عالمیان حضرت محمد مصطفیٰ علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام بھی جھوٹے اور دغاباز ہوتے ہیں۔ کیونکہ امام الانبیاء صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے بھی تو اپنی امت کو استخارہ کا عمل سکھایا ہے۔بلکہ جلیل المرتبت صحابی حضرت جابر رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں۔کہ

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا الْاِسْتِخَارَةَ فِي الْاُمُوْرِ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْاٰنِ (مشکوٰۃ شریف ص۱۱۶)

رسول پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ہم کو اس طرح استخارہ کی تعلیم فرمایا کرتے تھے جس طرح قرآن پاک کی سورت سکھاتے۔

قارئین کرام! اب خود اس ناعاقبت اندیش۔ناقص العلم والعقل دہلوی قتیل (جس کو وہابی حضرات اپنا مجدد نامعلوم کیا کیا مانتے ہیں)۔کی اس نام نہاد تقویۃ الایمان کی عبارت پڑھ کر اور اس حدیث کا مطالعہ فرما کر ادنیٰ سے ادنیٰ مسلمان کا دِل کانپ اُٹھتا ہے۔دراصل اِس کا ایسی عبارات لکھ دینا اور اس کو ہی اسلام قرار دینا اس کی جہالت کی بناء پر ہے۔اس کی ساری کتاب کا اوّل سے لیکر آخر تک مطالعہ کیا جائے تو آپ پر یہ حقیقت اظہر من الشمس ہو گی کہ آیت کچھ لکھی ہے اور اُس کا مفہوم جو بیان کیا ہے۔اُس کا اُس آیت سے تعلق ہی کوئی نہیں۔ایسی آیات آپ کو بکثرت ملیں گی جو کفّار کے حق میں نازل ہوئی ہیں مگر یہ نادان اور خارجی ان آیات کو مسلمانوں پر چسپاں کرتا ہے۔

marfat.com

؎ اُلٹی سمجھ خُدا کسی کو نہ دے!
موت دے دے مگر یہ بدادا نہ دے

خداوند کریم نے اُس دہلوی کو اس دُنیا میں ہی اس کی سزا دے دی۔ اور ہر ذی عقل اور اہلِ علم اس کی کتاب صراطِ مستقیم کا مطالعہ کر کے اس سزا کو تسلیم کرے گا اس عبارت میں اُس نے کشف کا دعوےٰ رکھنے والے کو بھی جھوٹا اور دغا باز قرار دیا ہے کہ حالانکہ خود اپنی کتاب صراط مستقیم میں کشف کی تعلیم دے رہا ہے برائے کشف ارواح ملائکہ ومقامات آنہا وسیر امکنہ زمین و آسمان و جنّت ونار واطلاع برلوح محفوظ شغل دورہ کند۔ ارواح ملائکہ اور ان کے مقامات کے کشف اور زمین و آسمان وجنّت و دوزخ اور تمام امکنہ کی سیر اور لوح محفوظ پر مطلع ہونے کے لئے دورہ کا شغل کرے۔ (صراط مستقیم ص۱۲۸)

پس صراط مستقیم کی اس عبارت سے وہابیوں کا نام نہاد مجدد اور شہید اسماعیل دہلوی قتیل جھوٹا اور دغا باز ہے۔ ؎

مل گئی تجھ کو کُفران نعمت کی سزا

وہابیوں کو تقویۃ الایمان کی مندرجہ بالا عبارت اور صراط مستقیم کی عبارت دونوں پڑھ کر اس کی تقویۃ الایمان کی عبارت کے آخری جُملہ۔ "اِن کے جال میں ہرگز نہ پھنسنا؟" کو غور سے بار بار پڑھ کر اور گریبان میں مُنہ ڈال کر عاقبت اور آخرت کو پیشِ نظر رکھ کر وہابیت سے تائب ہو کر اس کے جھال سے نکل جانا چاہیئے۔ مولوی ابوالکلام آزاد کے والد ماجد علیہ الرحمۃ نے خُوب تجزیہ کر کے ہی فرمایا ہے۔ ؎

وہابی بے حیاء جھوٹے ہیں یارو
تڑاتڑ جوتیاں تم ان کو مارو!!

نبیٔ پاک صلّی اللہ تعالےٰ علیہ وسلّم نے بغیر عدت کے نکاح پڑھا

دیوبندیوں وہابیوں کے مولوی غلام اللہ خان آف راولپنڈی کے اُستاد مولوی

marfat.com

حسین علی واں بھچراں ضلع میانوالی نے سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ بابرکات پر الزام تراشی کرتے ہوئے سنگین گستاخی کا مرتکب ہوا ہے۔ وہ الزام تراشی یہ ہے کہ نبی اکرم رسولِ محتشم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم نے سرکار ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے عدت کے بغیر نکاح کیا تھا۔ اصل عبارت یہ ہے۔

عقیدہ: اور قبل الدخول طلاق دے تو اس عورت پر عدت لازم نہ ہوگی۔ جیسا کہ زینب کو طلاق قبل الدخول دی گئی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے بلا عدت نکاح کر لیا۔ (بلغۃ الحیران ص۲۶۷ مطبوعہ لاہور)

قارئین کرام! امام الانبیاء صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم پر یہ صریحاً الزام ہے! اور حدیثِ نبوی کا انکار ہے۔ صحیح مسلم شریف میں ہے۔

حضرت انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا ہے۔

لَمَّا انْقَضَتْ عِدَّةُ زَيْنَبَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِزَيْدٍ فَاذْكُرْهَا عَلَيَّ۔ (صحیح مسلم شریف ص۴۶۰ ج۱)

جب حضرت زینب رضی اللہ تعالےٰ عنہا کی عدت پوری ہوگئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ تم زینب کو میری طرف سے نکاح کا پیغام دو۔

حدیث شریف کی روشنی میں معلوم ہوا کہ دیوبندی مولوی تو امام الانبیاء صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم پر بھی الزام تراشی سے باز نہیں آتے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو سرکار سیدہ طیبہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے متعلق بے یقینی

خیر مقلدین کے امام مولوی نذیر حسین صاحب دہلوی سرکارِ دوعالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے علمِ غیب شریف کے اعتراض اور سرکار سیدہ طیبہ طاہرہ ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کی طہارت پاکیزگی اور عفت دامنی پر شک کا عقیدہ رکھتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

عقیدہ: جب منافقین نے بہتان حضرت عائشہ پر باندھا ایک مدت تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کس قدر اہتمام تحقیق برأت صدیقہ رضی اللہ عنہا میں رہا۔

marfat.com

اور قلب مبارک سے شک ذنب کا ان سے قبل از نزول آیات برأت کے بارگاہِ قدوس سے رفع نہ ہوا۔ جب آیات برأت نازل ہوئیں تب یقین ہوا۔"

(فتاویٰ نذیریہ ص۲۴ ج۱)

دیوبندی وہابیوں کے مدرسہ دیوبند کے مہتمم قاری طیب صاحب نے بھی اسی قسم کی گستاخی کی جسارت ان الفاظ میں کی ہے:

عقیدہ: آپ عالم الغیب نہ تھے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر جو تہمت لگائی گئی تھی تو کتنے دن تک حضور مضطرب رہے۔ یہاں تک کہ وحی الٰہی نے حضرت صدیقہ کی پاکبازی کا اعلان کر دیا اس تہمت کا قلع قمع کر دیا۔ اور وحی کے بعد حضور کے قلبِ مبارک کو چین آیا۔ حضور عالمُ الغیب ہوتے تو اس افواہ سے مضطرب ہونے کی کیا ضرورت تھی؟"

(فاران توحید نمبر کراچی ص۱۲)

وہابیوں کے نام نہاد محدث میاں نذیر حسین دہلوی نے کتنی بیباکی سے امام الانبیاء صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم پر یہ الزام لگایا کہ:

"قلبِ مبارک سے شکِ ذنب کا ان سے قبل از نزول آیات برأت کے بارگاہِ قدوس سے رفع نہ ہوا۔ جب آیاتِ برأت نازل ہوئیں تب یقین ہوا۔"

حالانکہ سرورِ عالم شہنشاہِ عرب وعجم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم نے حلفاً پہلے علم ہونے کا بیان ان الفاظ میں فرمایا:

وَاللّٰہِ مَا عَلِمْتُ فِیْ اَھْلِیْ اِلَّا خَیْرًا۔ — اللہ کی قسم میں اپنی بیوی کی پاکدامنی جانتا تھا۔

(صحیح بخاری شریف ص۳۵۰ ج۲ مطبوعہ مصر)

وہابیوں کے مجتہد میاں نذیر حسین دہلوی کا یہ لکھنا قرآنی آیت کے بھی خلاف ہے کیونکہ ربِ کریم نے فرمایا ہے:

لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْہُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ — کیوں نہ ہوا جب تم نے اسے سنا تھا کہ

marfat.com

وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا وَّ قَالُوْا هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ۝

(پ ۱۸ ع ۸)

مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں نے اپنوں پر نیک گمان کیا ہوتا۔ اور کہتے یہ کھلا بہتان ہے۔

کیونکہ مسلمان کو یہی حکم ہے کہ مسلمان کے ساتھ نیک گمان کرے۔ اور بدگمانی ممنوع ہے بعضے گمراہ بیباک یہ کہہ گزرتے ہیں کہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو معاذ اللہ اس معاملہ میں بدگمانی ہوگئی تھی۔ وہ مفتری کذاب ہیں۔ اور شانِ رسالت میں ایسا کلمہ کہتے ہیں۔ جو مومنین کے حق میں بھی لائق نہیں ہے۔ اللہ تعالےٰ مومنین سے فرماتا ہے کہ تم نے نیک گمان کیوں نہ کیا۔ تو کیسے ممکن تھا کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم بدگمانی کرتے۔ اور حضور کی نسبت بدگمانی کا لفظ کہنا بڑی سیاہ باطنی ہے۔

میاں نذیر حسین دہلوی نے سرورِ عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے قلبِ مبارک میں شک ذنب تھا لکھا ہے۔ حالانکہ سرکار سیدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو بالکل کوئی شک نہ تھا۔ اسی لیے انہوں نے اعلانیہ فرمایا۔ کہ منافقین بالیقین جھوٹے ہیں ام المومنین بالیقین پاک ہیں۔ اللہ تعالےٰ نے سیدِ عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے جسمِ پاک کو مکھی کے بیٹھنے سے محفوظ رکھا۔ کہ وہ نجاستوں پر بیٹھتی ہے۔ کیسے ہو سکتا ہے کہ وہ آپ کو بدعورت کی صحبت سے محفوظ نہ رکھے۔ حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے بھی اسی طرح آپ کی طہارت بیان کی اور فرمایا کہ اللہ تعالےٰ نے آپ کا سایہ زمین پر نہ پڑنے دیا تاکہ اس سایہ پر کسی کا قدم نہ پڑے تو جو پروردگار آپ کے سایہ کو محفوظ رکھتا ہے۔ کس طرح ممکن ہے۔ کہ وہ آپ کے اہل کو محفوظ نہ فرماتے۔ حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا کہ ایک جوں کا خون لگنے سے پروردگار عالم نے آپ کو نعلین اُتار دینے کا حکم دیا جو پروردگار آپ کی نعل شریف کی اتنی سی آلودگی کو گوارا نہ فرمائیے ممکن نہیں کہ وہ آپ کے اہل کی آلودگی گوارا کرے اس طرح بہت سے صحابہ اور بہت سے صحابیات نے قسمیں کھائیں۔ آیت نازل ہونے سے قبل ہی حضرت ام المومنین کی طرف سے قلوب مطمئن تھے۔ آیت کے نزول نے ان کا عز و شرف اور زیادہ کر دیا تو بد لوگوں کی بدگوئی اللہ اور اس کے رسول اور صحابہ کبار کے

marfat.com

نزدیک باطل ہے۔ اور بدگوئی کرنے والوں کے لیے سخت ترین مصیبت ہے۔

قارئین کرام! آپ نے دیوبندی اور غیر مقلد وہابیوں کی عقل و دانش ملاحظہ فرمائی آج اگر کسی دیوبندی یا غیر مقلد وہابی مولوی کی ماں کے متعلق اس قسم کی بات کہی جائے اور اس کی تشہیر کی جائے تو دیکھنا کس انداز سے طوفانِ بدتمیزی کھڑا کیا جاتا ہے اور وہابی مولویوں کو کس قدر ناگوار گزرے گا۔ لیکن ان وہابی اکابر کو امام الانبیاء صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی زوجہ محترمہ اور تمام مومنین کی ماں کے متعلق ایسے خیالات اور اس قسم کے رذیل الفاظ لکھتے ہوئے شرم و حیاء نہیں آتی۔

شرم تم کو مگر نہیں آتی!

انبیاء لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کی فضیلت جاننے کے محتاج ہیں

وہابیوں کے مجدد محمد بن عبدالوہاب نجدی کا عقیدہ ہے کہ

عقیدہ:۔ انبیاء بھی لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ کی فضیلت جاننے کے محتاج ہیں۔

(کتاب التوحید مترجم صد ۲۹)

قارئین عظام:۔ آپ خود اندازہ کریں کہ انبیاء کرام علیہم السلام کی شان اقدس میں کتنی بڑی گستاخی اور بے ادبی ہے۔ جس توحید کا پرچار کرنے کے لئے حق تعالےٰ نے انبیاء عظام علیہم السلام کو مبعوث فرمایا۔ وہ اور ہر نبی کے حکم کا پہلا جزو کلمہ لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ ہی ہے۔ مگر وہابیوں کا نام نہاد شیخ الاسلام اور مجدد اعظم ان کے ہی متعلق ہی یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ اپنے کلمہ کی پہلی جزو کی فضیلت جاننے کے محتاج ہیں یہ عقیدہ دشمنانِ انبیاء کا ہی ہو سکتا ہے۔ کسی مسلمان کا نہیں ہو سکتا۔

خاتم الانبیاء شہنشاہ دوسرا محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم بھی انبیاء میں آجاتے ہیں۔ میرے سرور عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے۔

اَفْضَلُ الذِّکْرِ لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ ۔ ابن ماجہ ترمذی شریف ص۔ مشکوٰۃ شریف ص۲۰۱

marfat.com

سرورِ کائنات صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ہی ارشاد فرمایا۔

مَنْ مَاتَ وَھُوَ یَعْلَمُ اَنَّہٗ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دَخَلَ الْجَنَّۃَ ۔ (مشکوٰۃ ص۱۵ صحیح مسلم شریف)

جو فوت ہوگیا اور وہ جانتا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں پس وہ جنّت میں داخل ہوگیا۔

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا۔

مَفَاتِیْحُ الْجَنَّۃِ شَھَادَۃُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ (مشکوٰۃ شریف ص۱۵)

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کی گواہی دینا جنّت کی کنجیاں ہیں۔

اِس سے واضح ہوا کے وہابیوں کے نام نہاد مجدد اعظم نجدی کا نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی احادیث شریفہ پر بھی ایمان نہیں۔ کیونکہ جو لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کی فضیلت بتا رہے ہیں۔ یقیناً وہ فضیلت جانتے بھی ہیں۔ امام اہلِ سُنت۔ مجدّد برحق مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی علیہ الرحمۃ کا عقیدہ کیا خوب ہے۔ الحمدللہ

وہی رب ہے جس نے تجھکو ہمہ تن کرم بنایا
ہمیں بھیک مانگنے کو تیرا آستان بتایا!!

حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ آگے پیچھے ایک جیسا نہیں دیکھتے تھے

امام الوہابیہ ثناء اللہ امرتسری کے اخبار اہلحدیث امرتسر میں لکھا ہے کہ

عقیدہ: نماز کی حالت میں حضور کو پچھلے لوگوں کی حرکات سکنات معلوم ہوتی تھیں ہمیشہ نہیں۔ (اخبار اہلحدیث امرتسر ص۱۱ ۳۱ مئی ۱۹۱۲ء)

اِس عقیدہ میں بھی سرورِ کائنات صاحبِ لولاک علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات کی احادیث شریفہ کی مخالفت کی گئی ہے۔ نبی غیب دان صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے متعلق قرآنِ پاک میں بھی اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔

marfat.com

وَاعْلَمُوْا اَنَّ فِیْکُمْ رَسُوْلَ اللّٰہِ ۔ (پ۲۶ ع ۱۳)

اور جان لو کہ تم میں اللہ کے رسول ہیں۔

وَیَکُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَیْکُمْ شَہِیْدًا۔ (پ۲ ع ۱)

اور یہ رسول تمہارے نگہبان اور گواہ ہیں۔

وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَیَرَی اللّٰہُ عَمَلَکُمْ وَرَسُوْلُہٗ۔ (پ۱۱ ع ۲)

اور تم فرماؤ کام کرو اب تمہارے کام دیکھے گا۔ اللہ اور اس کے رسول۔

آیاتِ قرآنِ پاک کے بعد اب احادیثِ شریفہ پیش کی جاتی ہیں۔ جس سے نبیٔ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ و آلہٖ وسلم کے سامنے تمام دُنیا اور تمام علوم کا عیاں ہونا واضح ہے۔ چنانچہ نبیٔ غیب داں صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے۔

اِنِّیْ اَرٰی مَالَا تَرَوْنَ

جو کچھ میں دیکھتا ہوں۔ تم نہیں دیکھتے۔

سَلُوْنِیْ عَمَّا شِئْتُمْ

جو کچھ تم چاہو مجھے پوچھ لو۔

(صحیح بخاری شریف ص۱۸ ج۱ مطبوعہ مصر)

(ترمذی۔ خصائص ص۱۶۴ ج۱)

شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

بداں کہ وے صلی اللہ علیہ وسلم مے بیند و مے شنود کلام ترا۔ زیرا کہ وے متصف است بصفات اللہ تعالےٰ۔

تو جان لے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تجھکو دیکھتے ہیں۔ اور تیرے کلام کو سنتے ہیں۔ اس واسطے کہ آپ اللہ کی صفات سے متصف ہیں۔

(مدارج النبوۃ فارسی ص۲۸۶ ج۲)

دیوبندیوں کے مولوی اشرف علی تھانوی نے خود ہی اہل سُنّت وجماعت کے مسلک کی تائید اور وہابیوں کے مسلک کی تردید ان الفاظ سے کردی ہے۔

وَکَانَ یَرٰی فِی الظُّلْمَۃِ

آپ ظلمت میں بھی اس طرح

marfat.com

كَمَا يَرَى فِي الضَّوْءِ كَمَا رَوَتْ عَائِشَةُ وَكَانَ يَرَىٰ مِنْ بَعِيدٍ كَمَا يَرَىٰ مِنْ قَرِيبٍ وَكَانَ يَرَىٰ مِنْ خَلْفِهِ كَمَا يَرَىٰ مِنْ أَمَامِهِ۔

(نشر الطیب ص۳۶، ص۳۷)

(مطبوعہ دیوبند)

دیکھتے تھے جس طرح روشنی میں دیکھتے تھے۔ جیسا کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے روایت کیا ہے اور آپ دور سے ایسا ہی دیکھتے تھے جیسا نزدیک سے دیکھتے تھے اور اپنے پیچھے سے بھی ایسا ہی دیکھتے تھے جس طرح سامنے سے دیکھتے تھے۔

محدثین عظام علیہم الرحمۃ نے امام الانبیا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے اسماء شریفہ میں۔ الخبیر۔ السمیع البصیر العلیم اسماء بھی تحریر فرمائے ہیں۔ دیکھئے مدارج النبوۃ قاری ص۲۱۵ ج۱ مواہب الدنیہ شریف ص۱۸۲ ج۱ زرقانی شریف ص۱۲۴ تا ۱۳۸ ج۴ خصائص الکبریٰ للسیوطی ص۔ سیرۃ حلبیہ ص۔

قرآن و حدیث اور مستند کتب محدثین سے یہ حقیقت واضح ہو گئی کہ سرور عالم۔ نور مجسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نماز میں اور نماز کے بعد بھی لوگوں کی حرکات و سکنات اور حالات سے باخبر۔ اور واقف ہیں۔ ؎

اور کیا غیب نہاں ہو آپ سے بھلا
نہ جب خدا ہی چھپاتم پہ کروڑوں درود!

دیوبندی وہابیوں کے ماہنامہ "رشاد" نے بھی ایک حدیث لکھی ہے۔ کہ:

"سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں کائنات کو اس طرح دیکھ رہا ہوں جیسے ہتھیلی پر رائی کا دانہ۔" (ماہنامہ رشاد سیالکوٹ ص۱۰۹)

اس کے بعد سلطان العارفین سید الطائفہ بایزید بسطامی علیہ الرحمۃ کا قول بھی لکھا ہے کہ:

"حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: میں اس ذرے میں مشاہدۂ کائنات کر رہا ہوں۔" (ماہنامہ رشاد سیالکوٹ ص۱۰۹) جولائی ۱۹۷۳ء

marfat.com

نبیؐ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حاضر و ناظر سمجھنے والا کافر ہے

دیوبندی وہابیوں کے مولوی غلام خان صاحب آف راولپنڈی اپنا عقیدہ لکھتے ہیں کہ

عقیدہ :- نبی کو جو حاضر ناظر کہے بلاشک شرع اُسکو کافر کہے۔ (جواہر القرآن ص۹۶)

نبیؐ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو حاضر و ناظر سمجھنا ہندوؤں کا عقیدہ ہے

غیر مقلد وہابیوں کے مولوی رفیق خان پسروری نے لکھا ہے کہ

عقیدہ :- انبیاء علیہم السلام جہاں چاہتے ہیں۔ آتے جاتے ہیں یہ عقیدہ جینی۔ سائن وغیرہ ہندوؤں کا عقیدہ ہے۔ (اصلاح عقائد ص۵۵)

نبیؐ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو حاضر و ناظر سمجھنا یہود و نصاریٰ کے برابر ہے!

وہابیوں کے مولوی احمد دین گکھڑوی نے لکھا ہے کہ:

عقیدہ :- جو شخص یوں کہتا ہے کہ خدا بھی ہر جگہ حاضر و ناظر ہے۔ اور نبی بھی ہر جگہ موجود ہوتا ہے۔ ایسا شخص بے شک اسلامی تعلیم کا منکر ہے۔ اور ایسا عقیدہ رکھنے والے مسلمان میں اور اُن یہود و نصاریٰ میں جنہوں نے اپنے انبیاء کو رب بنا لیا کوئی فرق نہیں ہے۔ (برہان الحق ص۱۱)

۔ حاضر غائب کی ضد ہے۔ (صراح) غائب کا معنے امام اصفہانی علیہ الرحمۃ نے لکھا ہے کہ جو چیز سامنے نہ ہو یعنی حواس سے دُور آنکھوں سے پوشیدہ ہو اُسے غائب اور غیب کہتے ہیں۔

marfat.com

قرآن پاک میں اللہ تعالےٰ اپنے پیارے حبیب لبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی شان اقدس میں فرماتا ہے۔

یَا اَیُّھَا النَّبِیُّ اِنَّا اَرْسَلْنٰکَ شَاھِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِیْرًا وَّ دَاعِیًا اِلَی اللّٰہِ بِاِذْنِہٖ وَ سِرَاجًا مُّنِیْرًا۔ (پ۲۲ ع ۳)	اے غیب کی خبریں بتانیوالے (نبی)، بیشک ہم نے تمہیں بھیجا حاضر ناظر اور خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا اور اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلاتا اور چمکا دینے والا آفتاب

اس آیہ شریفہ میں اللہ تعالےٰ نے اپنے پیارے رسول کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کو شاھد کی صفت سے متصف فرمایا ہے۔ اور شاھد کے معنےٰ حاضر و ناظر کے ہیں۔ امام اصفہانی نے مفردات میں فرمایا ہے کہ

اَلشَّھُوْدُ وَالشَّھَادَۃُ الْحُضُوْرُ مَعَ الْمُشَاھَدَۃِ اِمَّا بِالْبَصَرِ اَوْ بِالْبَصِیْرَۃِ (مفردات راغب ص۲۶۹)	نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم بصر یا بصیرت کے ساتھ مشاہدہ فرماتے ہوئے حاضر ہیں۔

ملاّ طاہر پٹنی علیہ الرحمۃ نے مجمع بحار الانوار میں جو کہ حدیث کی لغت ہے میں لکھا ہے۔

اَنَا شَھِیْدٌ اَیْ اَشْھَدُ عَلَیْکُمْ بِاَعْمَالِکُمْ فَکَاَنِّیْ بَاقٍ مَعَکُمْ اَنَا شَھِیْدٌ عَلٰی ھٰؤُلَآءِ اَیْ اَشْفَعُ وَاَشْھَدُ بِاَنَّھُمْ بَذَلُوْا اَرْوَاحَھُمْ لِلّٰہِ۔ (مجمع بحار الانوار ص۲۲۰ ج۲)	اور میں شہید ہوں یعنی میں تم پر تمہارے اعمال کی شہادت دوں گا۔ پس گویا میں تمہارے ساتھ باقی ہوں۔ اور طبرانی میں اَنا شہید علیٰ ھٰؤُلَآءِ وارد ہوا ہے یعنی میں شفاعت کرونگا اور گواہی دونگا اس بات کی کہ انہوں نے اپنی روحوں کو اللہ تعالیٰ کیلئے مبذول کیا ہے

شاہد غائب کی ضد ہے۔ جیسا کہ ابتداء میں بیان کیا گیا ہے۔ حدیث سے بھی شاہد کا معنےٰ حاضر ہے اور یہ غائب کی ضد ہے۔ جیسا کہ نماز جنازہ میں سبھی پڑھتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَ مَیِّتِنَا وَ شَاھِدِنَا وَغَائِبِنَا وَ صَغِیْرِنَا	اے اللہ ہمارے زندوں کو اور مردوں کو ہمارے حاضروں کو اور غائبوں کو ہمارے چھوٹوں کو

marfat.com

وَكَبِيْرِنَا وَ ذَكَرِنَا وَ اُنْثٰنَا ۔ اور بڑوں کو ہمارے مردوں کو اور عورتونکو بخش دے

زندہ کی ضد مردہ ہے چھوٹے کی ضد بڑا ہے۔ مرد کی ضد عورت ہے۔ اسی طرح غائب کی ضد حاضر ہے۔ پس حدیث شریف سے بھی شاہد کا معنے حاضر ثابت ہے۔

اب جو کوئی نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ و آلہٖ وسلّم کے حاضر و ناظر کا منکر ہے گویا کہ وہ قرآن پاک کی آیت کا منکر ہے۔ اگر قادیانی مرزائی خاتم النبیین کا انکار کرنے سے بالاتفاق کافر ہیں۔ تو جو کوئی امام الانبیاء صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے شاہد حاضر و ناظر کا منکر ہے وہ کیسے مسلمان رہ سکتا ہے۔

اِسی لئے شیخ المحدثین بالاتفاق حضرت عبدالحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ القوی نے اپنے مکتوبات شریف (جو کہ دیوبندیوں نے ہی اخبارالاخیار شریف کے حاشیہ پر شائع کئے ہیں) میں فرمایا ہے کہ

وہا چندیں اختلافات وکثرت مذاہب کہ در علماء اُمت است کہ یک کس را دریں مسئلہ خلافے نیست کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بحقیقت حیات بے شائبہ مجاز و توہم و تاویل دائم و باقی است و بر اعمال اِمت حاضر و ناظر و مر طالبان حقیقت را و متوجہان آنحضرت را مفیض و مربّی است۔

اور باوجود اسقدر اختلافات اور بکثرت مذاہب کے جو علماء اُمت میں ہیں۔ ایک کو اس مسئلہ میں اختلاف نہیں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بغیر شائبہ مجاز اور بلا توہم تاویل حقیقت حیات کے ساتھ دائم و باقی ہیں۔ اور اعمال اُمت پر حاضر و ناظر ہیں۔ اور طالبانِ حقیقت اور اپنی طرف متوجہ ہونیوالوں کو فیض پہنچاتے ہیں۔ اور ان کی تربیت فرماتے ہیں۔

(مکتوبات شریف بر حاشیہ اخبار الاخیار شریف صـ۵۵)

سرورِ عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی حدیث شریف بھی ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے سُنا ہے کہ آپ نے فرمایا ہے۔

مَنْ رَاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَسَیَرَانِیْ جس نے مجھے خواب میں دیکھا وہ عنقریب مجھے

marfat.com

فِی الْیَقْظَۃِ ۔ صحیح بخاری شریف ص ۔ بیداری میں بھی دیکھے گا۔
صحیح مسلم شریف ص ۲۴۲/۲۵ ۔ ابو داؤد شریف ص ۳۲۹/۲ ۔ عمدۃ القاری ۔ بہجۃ النفوس ۔ ارشاد
فتح الباری شریف ۔ تفسیر روح المعانی ۔ تنویر الملک الساری ۔ مشکوٰۃ شریف ۔

نماز میں السلام علیک ایھا النبی پڑھنے سے انکار اور ممانعت

س : التحیات کے الفاظ ایھا النبی نماز کے اندر شرک ہے اور پڑھنے والے مشرک ہیں ؟

ج : شرک نہیں اور پڑھنے والا بھی مشرک نہیں ۔ آنحضرت کو حاضر ناظر جانے تو شرک ہے ۔ (اخبار اہلحدیث امرتسر ص ۱۲)

۲۸ مئی ۱۹۱۵ء

سردار الوہابیہ ثناء اللہ امرتسری نے اپنے اخبار میں لکھا ہے کہ :

"اکثر اہل حدیث بحکم روایت ابن مسعود رضی اللہ عنہ مندرجہ صحیح بخاری : اَلسَّلَامُ عَلَی النَّبِی وَرَحْمَۃُ اللہ پڑھتے ہیں عَلَیْكَ اَیُّھَا النَّبِی نہیں پڑھتے" (اہلحدیث امرتسر ص ۳ ، ۲۷ اگست ۱۹۱۵ء)

"اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّھَا النَّبِی ہم محض نقل کے طور پر اسکو کہتے ہیں"

(اخبار اہلحدیث امرتسر ص ۵ ۲۰ نومبر ۱۹۰۸ء)

وہابیوں کے امام مولوی ثناء اللہ امرتسری نماز میں اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّھَا النَّبِیُّ کی جگہ اَلسَّلَامُ عَلَی النَّبِیِّ پڑھتا تھا ۔

(اخبار اہلحدیث امرتسر ص ۶ ، ۱۰ دسمبر ۱۹۴۳ء)

ناظرین کرام ! وہابیوں کی پیارے مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نیازمندی اور عقیدت آپ نے ملاحظہ فرمالی کہ السلام علیک ایھا النبی پڑھنے سے بھی انکار کر رہے ہیں اور امام الانبیاء صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حاضر ناظر جان کر پڑھنے

marfat.com

کو شرک قرار دے رہے ہیں۔ حالانکہ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے رسولِ مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق ارشاد فرمایا :

اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ۔ (پ ۲۱ ع ۱۷) "یہ نبی مسلمانوں کا ان کی جان سے زیادہ مالک ہے"

دیوبندیوں کے روح رواں مولوی قاسم نانوتوی نے اپنی کتاب تحذیر الناس میں لکھا ہے

"اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ کو بعد لحاظ صلہ : مِنْ اَنْفُسِهِمْ کو دیکھئے تو یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی امت کے ساتھ وہ قرب حاصل ہے کہ ان کی جانوں کو بھی ان کے ساتھ حاصل نہیں کیونکہ اولی بمعنی اقرب ہوا، اور اگر بمعنی احب یا اَولیٰ بالتصرف ہو۔ جب بھی یہی بات لازم آئے گی کیونکہ احبیّت اور اولویت بالتصرف کے لئے اقربیت تو وجہ ہو سکتی ہے پر بالعکس نہیں ہو سکتا۔" (تحذیر الناس صـ۱)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا یہ قول کہ ہم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ میں السلام علیك ایھا النبی کہتے تھے۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہو گیا تو ہم نے اَلسَّلَامُ عَلَی النبی کہا۔ ابوعوانہ کی روایت ہے۔ بخاری کی روایت میں جو اس کے مقابل اصح ہے یہ الفاظ نہیں۔ بخاری شریف کے الفاظ یہ ہیں کہ : فَلَمَّا قُبِضَ قُلْنَا سَلَامٌ یَعْنِیْ عَلَی النَّبِیِّ جب نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہو گیا تو ہم نے سلام کہا (یعنی نبی کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم پر) بخاری کی اس روایت نے بیان کر دیا کہ یہ قول ہے۔ اس نے اپنی فہم کے مطابق اپنے لفظوں میں بیان کر دیا کہ یہ قول حضرت عبداللہ بن مسعود کا نہیں یعنی راوی کا قول ہے اس نے اپنی فہم کے مطابق اپنے لفظوں میں بیان کر دیا، اور اس قول میں بھی دو احتمال ہیں : ایک یہ کہ جس طرح حضور پرنور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی حیاتِ ظاہری میں ہم السلام علیك ایھا النبی کہا کرتے تھے۔ اسی طرح حضور اکرم صلی اللہ

marfat.com

علیہ وآلہ وسلم کے انتقال کے بعد بھی کہتے تھے۔

دوسرا احتمال یہ ہے کہ ہم نے خطاب چھوڑ دیا۔ جب الفاظ میں احتمال پیدا ہوگیا کہ ہم نے قطعیہ باقی نہ رہی۔ (مرقات شرح مشکوٰۃ ص۵۵۸ ج۱)

عرف شذی میں ہے کہ جمہور صحابہ کرام علیہم الرضوان حیات اور بعد از انتقال دونوں حالتوں میں السلام علیک ایھا النبی پڑھتے تھے۔ (عرف شذی ص۱۳۹)

وہابیوں کے نواب صدیق حسن بھوپالوی کو بھی یہ لکھنا پڑا ہے کہ:

"آنحضرت ہمیشہ نصب العین مومناں و قرۃ العین عابداں است در جمیع احوال و اوقات خصوصاً در حالت عبادت و نورانیت و انکشاف دریں محل بیشترے و قوی است و یعنے عرفاً گفتہ اند کہ این خطاب بجہت سریان حقیقتِ محمدیہ است در ذرائر موجودات و افراد ممکنات پس آنحضرت در ذوات مصلیاں موجود و حاضر است پس مصلی را باید کہ ازیں معنی آگاہ باشد و ازیں مشہود غافل نبود تا بانوارِ قرب و اسرار معرفت متنور و فائض گردد۔

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم مومنین اور عابدوں کی آنکھوں کے سامنے ہر وقت رہتے ہیں۔ تمام حالات اور خصوصاً عبادات کے وقت نورانیت کا انکشاف زیادہ اور قوی ہوتا ہے یعنی اسوقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیادہ توجہ مبذول ہوتی ہے۔ بعض عارفوں نے فرمایا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام دنیا کے نمازیوں میں موجود اور حاضر رہتے ہیں۔ پس نمازیوں کو لازم ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی موجودگی اور حاضری سے آگاہ رہیں اور نمازیوں کو یہ بھی لازم ہے کہ وہ آنحضرت صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی موجودگی اور حاضری سے غافل نہ ہوں تاکہ نمازی انوار قرب اور اسرارِ معرفت سے منور اور فائز ہو" (مسک الختام شرح بلوغ المرام ص۲۴۴)

marfat.com

قارئین کرام ! مندرجہ بالا حوالہ جات کی روشنی میں وہابی مذہب کا اچھی طرح اندازہ ہو گیا کہ ان کے دل میں صاحبِ لولاک احمد مختار صلے اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کی کتنی محبت ہے۔

نیز ان کے فتووں سے صحابہ اور اولیاء بھی محفوظ نہیں رہے۔ اللہ تعالیٰ بُرے عقائد سے محفوظ رکھے جو کہ اسلام کے صریحاً خلاف ہیں۔

شرک ٹھہرے جس میں تعظیمِ حبیب
اس بُرے مذہب پہ لعنت کیجئے

رسولِ پاک کو مالک و مختار ماننا عیسائیوں کا عقیدہ ہے

وہابیوں کے اخبار اہلحدیث امرتسر میں لکھا ہے کہ:

عقیدہ: کفار مشرکین سے نکل کر غارِ ثور میں چھپنے والے اور بھوک کی تکلیف کے باعث پیٹ پر پتھر باندھنے والے، جنگ میں دانت مبارک شہید کرانے والے، سر مبارک پر زخم کھانے والے، اپنے بچاؤ کے لیئے جنگوں میں خود اور زرہ پہن کر جانیوالے رفیع الشان رسول کے حق میں ایسا خیال ظاہر کرنا (کہ وہ مالک و مختار ہیں) عقل و نقل کے خلاف اور مسیحی عقیدہ کے ماخوذ ہے۔

(اخبار اہلحدیث امرتسر صـ۴ ۵ مارچ ۱۹۴۳ء)

اخبار اہلحدیث کی اس گستاخانہ عبارت اور عقیدہ کا جواب وہابیوں کے مولوی قاضی سلیمان منصور پوری سے ہی خدا نے لکھوا کر وہابیوں کے منہ پر عبرتناک تھپڑ رسید کیا ہے۔ قاضی سلیمان منصور پوری کی تحریر یہ ہے۔

زہد کی یہ تمام صورتیں اختیاری تھیں۔ لاچاری کچھ نہ تھی۔ اور اس زہد سے مقصود نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ نہ تھا کہ کسی حلال شے کے

marfat.com

استعمال یا انتفاع میں کوئی روک پیدا کریں۔

(رحمۃ للعالمین ص۲۹۳ ج۱ مطبوعہ کاشی رام پریس لاہور)

علامہ قسطلانی شارح بخاری نے تحریر فرمایا ہے کہ

لَمْ یَکُنِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقِیْرًا مِّنَ الْمَالِ قَطُّ وَلَا حَالَ حَالُ فَقْرٍ بَلْ کَانَ اَغْنَی النَّاسِ بِاللّٰہِ قَدْ کَفٰی اَمْرَ دُنْیَاہُ فِیْ نَفْسِہٖ وَعِیَالِہٖ

(مواہب اللدنیہ ص۳۱۲ ج۱)

وہابیوں کو نبی پاک صلے اللہ علیہ وسلم کا پیٹ پر پتھر باندھنا تو نظر آگیا مگر کتب احادیث میں چند افراد کا کھانا سینکڑوں ہزاروں افراد میں پورا کرنا نظر نہ آیا۔ بھوک تو یاد آگئی۔ مگر دست مبارک کی برکت سے بھوک دور کرنا نظر نہ آیا۔ زرہ اور خود پہن کر جانے پر تو نظر پڑ گئی مگر کفار کے گھیرے سے بالکل امن و امان سے نکلنا اور کافروں کو مصطفےٰ کا دکھائی نہ دینا یہ ذہن نشین نہ رہا۔ وہابیہ کی یہ عبارت رسول معظم صلے اللہ علیہ وسلم سے بغض اور دشمنی کا عیاں ثبوت ہے۔

راہ حق پر ہر طرف سے رہزنوں کا زور ہے
نقد ایماں کو بہ ہر صورت بچانا چاہیئے

مولوی محمود الحسن دیوبندی سے بھی میرے پیارے مصطفےٰ علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات نے اپنا مالک و مختار ہونا تسلیم کرایا ہے۔ چنانچہ لکھتا ہے کہ

"آپ اصل میں بعد خدا مالک عالم ہیں۔ جمادات ہوں یا حیوانات بنی آدم ہوں۔ یا غیر بنی آدم۔ اگر کوئی صاحب پوچھیں گے۔ اور فہیم ہوں گے۔ تو شاید ہم اس بات کو آشکارا بھی کر دیں۔ القصہ آپ اصل میں مالک ہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ عدل و مہر آپ کے ذمہ واجب نہ تھا۔

(ادلہ کاملہ ص۱۴ مطبوعہ کانپور)

marfat.com

وہابیہ نجدیہ کی رسول دشمنی کا ایک اور ثبوت ملاحظہ فرمائیں

رسولِ کریم کو خدائی کاموں میں کوئی دخل نہیں

وہابیوں کے اخبار اہلحدیث امرتسر میں لکھا ہے کہ :

عقیدہ: آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کو تبلیغ رسالت کے علاوہ خدائی کاموں میں کوئی دخل نہ تھا۔ (اخبار اہلحدیث امرتسر صـ۴ ۸ جنوری ۱۹۴۳ء)

وہابیہ نجدیہ کا یہ عقیدہ بھی قرآن و حدیث کی سراسر مخالفت کر رہا ہے۔ قرآن پاک میں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتّٰى يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ

تو اے محبوب تمہارے رب کی قسم وہ مسلمان نہ ہونگے۔ جب تک اپنے آپس کے جھگڑے میں تمہیں حاکم نہ بنائیں۔

(پ۵ ع ۶)

اَغْنٰهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ (پ۱۰ ع ۱۶)

اللہ اور رسول نے انہیں اپنے فضل سے غنی کر دیا۔

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ (پ۲ ع ۱)

ہم دیکھ رہے ہیں بار بار تمہارا آسمان کی طرف منہ کرنا، تو ضرور ہم تمہیں پھیر دیں گے اس قبلہ کی طرف جس میں تمہاری خوشی ہے ابھی اپنا منہ پھیرو مسجد حرام کی طرف۔

وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى (پ۳۰ ع ۱۸)

اور بے شک قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں اتنا دے گا کہ تم راضی ہو جاؤ گے۔

اسی طرح کتب احادیث شریفہ سے بھی خدا کے محبوب صلے اللہ علیہ وسلم کی کار مختاری

marfat.com

اور نائب الٰہی ہونے اور تصرفات کے واقعات ہیں۔

ایام ماہواری میں عورتوں کو نمازیں معاف کس نے کیں۔ وہ صحابی جس سے رمضان شریف کے مہینہ میں روزہ ٹوٹا اور اس کا کفارہ کس نے معاف کیا۔ اکیلے حضرت خزیمہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ صحابیٔ رسول کی گواہی دو کے قائم مقام کس نے قرار دی۔ سرکار سیدۃ النساء کی حیات مبارکہ میں سرکار علی المرتضےٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو دوسری شادی کی ممانعت کا حکم کس نے ارشاد فرمایا۔ کس کے حکم سے ڈوبا ہوا سورج پھر طلوع ہوا۔

میرے اعلیٰ حضرت اس صدی کے مجدد برحق علامہ شاہ احمد رضا خاں بریلوی علیہ الرحمۃ نے سچ فرمایا ؎

عقل ہوتی تو خدا سے نہ لڑائی لیتے
یہ گھٹائیں اسے منظور بڑھانا تیرا

نبیٔ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو دیوار کے پیچھے کا علم نہیں

دیوبندیوں وہابیوں کے رشید احمد گنگوہی کے شاگرد خلیل احمد انبیٹھوی نے اپنی کتاب براہین قاطعہ میں لکھا ہے کہ

"شیخ عبدالحق روایت کرتے ہیں۔ کہ مجھ کو دیوار کے پیچھے کا بھی علم نہیں۔

(براہین قاطعہ صـ۵۱ مطبوعہ کانپور)

قارئین کرام:۔ یہ شیخ محقق شیخ المحدثین عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ القوی پر وہابیوں کا بہتان ہے۔ حالانکہ شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے مدارج النبوۃ میں تحریر فرمایا ہے کہ

جوابش آنست کہ ایں سخن اصلی ندارد و روایتی بداں صحیح نشدہ"

(مدارج النبوت فارسی صـ۹ ج ۱)

marfat.com

جو دیوبندی نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم پر الزام تراشی کرنے سے باز نہیں آئے ان سے شیخ المحدثین عبدالحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ القوی پر الزام لگانا کوئی بعید اور عجیب نہیں ہے ۔ باقی رہا دیوار کے پیچھے کا علم ہونا سرورِ انبیاء علیہ التحیۃ والثناء کے اس فرمان سے اظہر من الشمس ہے۔

عَلِمْتُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ (مشکوٰۃ۔ ترمذی)

زمین و آسمان میں جو کچھ بھی ہے۔ میں اس کو جان گیا ہوں۔

دیوار اور اس کا عقب کیا زمین و آسمان میں داخل ہے یا کہ نہیں؟ اگر داخل ہے تو اپنے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان پر مسلمان کا ایمان یقینی ہے۔

دوسری دلیل صحاح ستہ میں یہ روایت موجود ہے۔ کہ نبی پاک صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم گذر رہے تھے۔ کہ دو قبروں کے پاس آپ نے کھڑے ہو کر فرمایا۔ کہ ان قبر والوں کو عذاب ہو رہا ہے۔ کہ ایک پیشاب کی چھینٹوں سے اور دوسرا غیبت سے پرہیز نہیں کرتا تھا۔ (مشکوٰۃ شریف)

اب آپ خود ہی اندازہ فرمائیں کہ دیوار کی موٹائی زیادہ ہے۔ یا قبر کی گہرائی۔ اگر نبی غیب دان صلے اللہ علیہ وسلم سے قبر کے اندر کی بات پوشیدہ نہیں۔ تو دیوار کے پیچھے کی چیز کیسے پوشیدہ رہ سکتی ہے ؎

تو دانائے ما کان و ما یکون ہے
مگر بے خبر بے خبر دیکھتے ہیں۔

نبیٔ مکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحرائے عرب کے ان پڑھ بادیہ نشین اور بدوی ہیں

نام نہاد مفکر اسلام مودودی صاحب محبوب خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ اقدس

marfat.com

میں گستاخی کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ کہ [1]

عقیدہ۔ صحرائے عرب کا یہ ان پڑھ بادیہ نشین جو چودہ سو برس پہلے اس تاریک دور میں پیدا ہوا تھا۔ دراصل دورِ جدید کا بانی اور تمام دنیا کا لیڈر ہے۔

(تفہیمات ص۲۴۶ ج۱)

عقیدہ:۔ ایک گلہ بانی اور سوداگری کرنے والے ان پڑھ بادیہ نشین کے اندر یکایک اتنا علم، اتنی روشنی، اتنی طاقت اتنے کمالات اتنی زبردست تربیت یافتہ قومیں پیدا ہو جانے کا کون سا ذریعہ تھا۔

(تفہیمات ص۲۵۴ ج۱)

مودودی صاحب نے اپنی دوسری کتاب میں ان پڑھ صحرانشین الفاظ استعمال کیئے ہیں۔ کہ

عقیدہ: اُس نے اِس ان پڑھ صحرانشین انسان نے حکمت اور دانائی کی ایسی باتیں کہنی شروع کیں کہ نہ اس سے پہلے کسی انسان نے کی تھیں۔ نہ اس کے بعد آج تک کوئی کہہ سکا۔ نہ چالیس برس کی عمر سے پہلے خود اس کی زبان سے وہ کبھی سُنی گئی تھیں۔ (رسالہ دینیات ص۴۴ مطبوعہ پٹھانکوٹ) تفہیمات ص۲۴۷ ج۱)

مودودی صاحب نے سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وسلم کے متعلق ان پڑھ بدوی کا لفظ بھی استعمال کیا ہے۔ دیکھو تفہیمات ص۲۴۱ ج۱)

خداوند کریم اپنے جس محبوب صلے اللہ علیہ وسلم کے رخ انور اور زلفوں کی قسم اٹھاتے ہوئے وَالضُّحٰی وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی فرمائے

جس مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ پاک کی قسم اٹھاتے ہوئے وَالْعَصْرِ فرمائے

---

[1] قرآن پاک میں جو آپ کو لفظ اُمّی کی صفت سے ذکر کیا گیا ہے وہ نبی مکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے معجزات میں سے ایک معجزہ ہے کہ دنیا میں کسی سے پڑھے نہیں۔ اور کتاب وہ لائے جس میں اولین و آخرین اور غیبوں کے علوم ہیں۔ (تفسیر خازن)

marfat.com

جس حبیب لبیب علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کی زبانِ فیض ترجمان سے نکلے ہوئے الفاظ کی قسم وَقِیْلِہٖ سے اٹھائے۔

اس ذیشان رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کو بادیہ نشین اور گلہ بانی کرنے اور سوداگری کرنے والے نامہذب اور بیہودہ الفاظ لکھے اور کہے اس سے بڑھ کر رسول دشمنی کا کیا ثبوت ہو سکتا ہے۔

جس رسول معظم صلے اللہ علیہ وسلم کے شرح صدر کا ذکر اللہ تعالےٰ اس طرح فرمائے

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ (پ۳۰ ع ۱۹)	کیا ہم نے تمہارا سینہ کشادہ نہ کیا۔

جس پیارے رسول صلے اللہ علیہ وسلم کے علم شریف کی شان میں رب کریم

وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ط (پ۵ ع ۱۴)	اور تمہیں سکھا دیا جو کچھ تم نہ جانتے تھے۔ اور اللہ کا تم بڑا فضل ہے۔

فرماتا ہے کہ "اس شان والے نبی پاک صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان پڑھ لکھنے والا شقی القلب بدبخت نہیں تو اور کیا ہے۔

اگر بانیٔ جماعتِ اسلامی مودودی صاحب کے متعلق کوئی مسلمان ان پڑھ بادیہ نشین، گلہ بانی کرنے والے اور سوداگری کرنے والا کہے تو کتنے سیخ پا ہوتے ہیں۔ لیکن ان مودودی وہابیوں کی حد درجہ شقاوتِ قلبی اور رسول دشمنی کا بیّن ثبوت ہے کہ رسولوں کے امام رحمۃ للعالمین صلے اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں ایسے بیہودہ الفاظ لکھنے والا ان کے نزدیک مفکر اسلام اور نہ جانے کیا کیا ہے۔

ہمارے دوست پروفیسر محمد حسین صاحب اسی ایم اے نے خوب فرمایا ہے ؎

چھوڑ دو اس کو جو گستاخ نبی ہو کوئی ہو
بلکہ گر تھوڑی سی بھی بکواس کی ہو کوئی ہو

marfat.com

نبیؐ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی کامیابی کی وجہ سے تھی!

مودودی صاحب نے لکھا ہے کہ:

عقیدہ: نبی صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عرب میں جو زبردست کامیابی حاصل ہوئی۔ اور جس کے اثرات تھوڑی ہی مدت گذرنے کے بعد دریائے سندھ سے لے کر اٹلانٹک کے ساحل تک دنیا کے ایک بڑے حصہ نے محسوس کر لیئے۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ آپ کو عرب میں بہترین انسانی مواد مل گیا۔ جس کے اندر کیریکٹر کی زبردست طاقت موجود تھی۔ اگر خدانخواستہ آپ کو بودے، کم ہمت، ضعیف الارادہ اور ناقابلِ اعتماد لوگوں کی بھیڑ مل جاتی تو کیا پھر بھی وہ نتائج نکل سکتے تھے۔

(تحریکِ اسلامی کی اخلاقی بنیادیں ص۱۷)

ناظرینِ کرام: مودودی صاحب نے اس عقیدہ میں کمالاتِ مصطفوی کا انکار کرتے ہوئے توہین مصطفوی کی انتہا کر دی ہے۔ مودودی صاحب کے عقیدہ کے مطابق سرورِ عالم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی کامیابی و کامرانی کو عرب کے عوام کا مرہونِ منت ٹھہرایا ہے۔ حالانکہ عرب کے رہنے والوں کی حالت کی تاریخ شاھد ہے۔ کہ جانوروں کو پانی پینے پلانے پر جھگڑا کرتے تھے۔ بچیوں کو زندہ درگور کرتے تھے۔ اور قرآنِ پاک میں انکی ضلالت کا تذکرہ خداوند تعالےٰ نے اس طرح فرمایا۔

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ	بے شک اللہ کا بڑا احسان ہوا
اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ	مسلمانوں پر کہ ان میں انہیں میں سے
اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ	ایک رسول بھیجا۔ جو ان پر اس کی
وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ	آیتیں پڑھتا ہے۔ اور انہیں پاک
وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ	کرتا ہے۔ اور انہیں کتاب و حکمت
قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ	سکھاتا ہے۔ اور وہ ضرور اس

marfat.com

(پ ۲۹ ع ۸)

سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے۔

مودودی صاحب عجیب ذہنیت کے مالک ہیں۔ کہ خدا کے محبوب کی کامیابی کا ذریعہ ان عرب کے عوام کو قرار دے رہے ہیں۔

دراصل یہ سب عناد نبوی کی وجہ سے ہی مودودی نے لکھا ہے۔

میرے اعلیٰحضرت عظیم البرکت امام اہل سنت مجدد دین وملت علامہ شاہ احمد رضا خاں بریلوی علیہ الرحمۃ نے سچ فرمایا ہے ؎

مٹ گئے مٹتے ہیں مٹ جائینگے اعدا تیرے
نہ مٹا ہے نہ مٹے گا کبھی چرچا تیرا

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم بھی پیدائشی موحد نہ تھے

مودودی صاحب سورۃ ہود کی آیت اَفَمَنْ کَانَ عَلٰی بَیِّنَۃٍ مِّنْ رَّبِّہٖ کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ

عقیدہ:۔ اس ارشاد سے یہ صاف معلوم ہوتا ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نزول قران سے پہلے ایمان بالغیب کی منزل سے گذر چکے تھے۔ جس طرح سورۃ انعام میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے متعلق بتایا گیا ہے۔ کہ نبی ہونے سے قبل آثار کائنات کے مشاہدے سے وہ توحید کی معرفت حاصل کر چکے تھے۔ اس طرح یہ آیت صاف بتا رہی ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے بھی غور وفکر سے اس حقیقت کو پالیا تھا۔ اور اس کے بعد قرآن نے آکر اس کی نہ صرف تصدیق وتوثیق کی۔ بلکہ آپ کو حقیقت کا براہ راست علم بھی عطا کر دیا تھا۔

(تفہیم القرآن ص ۳۲۱ ج ۲)

دیوبندی وہابی مولوی قاضی مظہر حسین نے ہی اس عقیدہ کو باطل اور لغو قرار

marfat.com

دیتے ہوئے لکھا ہے کہ

یہاں مودودی صاحب نے تصریح کردی ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بھی غور و فکر سے توحید کو سمجھا۔ لیکن یہ عقیدہ بھی بالکل لغو اور باطل ہے۔ کیونکہ جس طرح نبوت وہبی نعمت ہے۔ اسی طرح انبیاء علیہم السلام کو توحید پر یقین بھی وہبی طور پر حاصل ہوتا ہے۔ اس میں وہ غور و فکر کے محتاج نہیں ہوتے۔ انبیائے کرام پیدائشی طور پر ہی مومن و موحد ہوتے ہیں۔

(مودودی مذہب ص۴۴، ص۴۵)

نبیّ پاک صلّی اللہ تعالےٰ علیہ وسلّم کی قبر مبارک سے جو آوازیں آئیں وہ شیطان کی چالیں تھیں!

وہابیوں کے امام اور مجدد ابنِ تیمیہ نے لکھا ہے کہ:

عقیدہ: قبر کو بُت بنانا شرک کی ابتدا ہے۔ اس لیئے اس کے پاس بھی بعض لوگوں کو کبھی آوازیں سُنائی دیتی ہیں۔ صورتیں دکھائی دیتی ہیں۔ کوئی عجیب و غریب تصرف نظر آتا ہے جسے وہ مردہ کی کرامت سمجھتے ہیں، مثلاً کبھی دکھائی دیتا ہے کہ قبر شق ہو گئی۔ مردہ باہر نکل آیا۔ باتیں کیں، معانقہ کیا۔ اس طرح کی چیزیں نبیوں اور ان کے علاوہ دوسروں کی قبروں پر بھی پیش آسکتی ہیں مگر یاد رکھنا چاہیئے۔ کہ یہ سب شیطان کی چالیں ہیں۔ جو آدمی کے بھیس میں ظاہر ہو کر مکر و فریب کا کرشمہ دکھاتا ہوا کہتا ہے۔ کہ میں فلاں نبی یا فلاں شیخ ہوں۔

(کتاب الوسیلہ ص۵۱)

marfat.com

نبیؐ پاک صلّی اللہ علیہ وسلّم کا انسانی شکل میں مدد کرنا شیطان کا مدد کرنا ہے!

وہابیوں کے اِمام ابنِ تیمیہ نے لکھا ہے۔ کہ:

عقیدہ: فرشتے شرک میں کسی کی امداد نہیں کرتے۔ نہ حیات میں۔ نہ موت میں۔ اور نہ اسے پسند کرتے ہیں۔ البتہ شیاطین کبھی کبھی ان کی مدد کرتے اور انسانی شکل میں ان کے سامنے نمودار ہوتے ہیں۔ چنانچہ وہ انہیں اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں۔ پھر کبھی کوئی شیطان ان سے کہتا ہے میں ابراہیم ہوں، مسیح ہوں، محمد ہوں، خضر ہوں، ابوبکر، عمر، عثمان، علی یا فلاں شیخ طریقت ہوں۔

(کتاب الوسیلہ ص ۱۸۴)

قارئین کرام: مندرجہ بالا وہابیوں کا عقیدہ طبرانی شریف کی حدیث شریف کی روشنی میں اگر دیکھا جائے تو سرورِ کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات کا نُصرت نُصرت فرمانا یہ شیطان کی آواز یا شیطانی مدد قرار دی جائیگی۔ جو کہ کفر ہے۔

نبی اکرم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی قبر شریف سے آواز آنے کے کئی واقعات ہیں مشکوٰۃ شریف میں حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ کا نبی اکرم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی قبر انور سے اذان کی آواز سننے کی روایت درج ہے۔

تفسیر کبیر میں امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے سرکار خلیفۂ رسول، خلیفۂ اول، خلیفۂ برحق سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے جنازہ کو قبر نبوی کے پاس لے جانا اور قبر سے یہ آواز آنا کہ ایک دوست کو دوست کے ہاں داخل کردو۔ درج فرمائی ہے جس کو وہابیوں کے مولوی اشرف علی تھانوی نے بھی جمال الاولیاء ص ۳۶ میں درج کیا ہے۔

marfat.com

مولوی اشرف علی تھانوی نے حضرت سید الشہداء امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی قبر پاک سے سلام کا جواب آنا جمال الاولیاء کے صـ۳۹ پر نقل کیا ہے۔ نیز تھانوی صاحب نے ہی جمال الاولیاء کے صـ۶۵ پر حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا قبروں والوں سے سلام کا جواب سننا درج کیا ہے۔

خواجہ خواجگان خواجہ فرید الدین عطار علیہ الرحمۃ نے امام الائمہ، کاشف الغمہ سیدنا امام اعظم رضی اللہ عنہ کا روضہ نبوی پر اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اِمَامَ الْمُرْسَلِيْنَ عرض کرنا اور سلام کا جواب نبی پاک صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وَعَلَيْكَ السَّلَامُ يَا اِمَامَ الْمُسْلِمِيْنَ کے الفاظ سے دینا۔ جو کہ خود حضرت امام نے سنا درج کیا ہے

وہابیوں نجدیوں کے مجدد ابن تیمیہ اور محدث عبداللہ روپڑی کے نزدیک حضرت سعید ابن مسیب، حضرت علی المرتضیٰ، امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ تعالےٰ عنہم نے جو آوازیں حضور انور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مزار پُر انوار سے سُنیں۔ شیطان کی آوازیں تھیں۔ نعوذ باللہ من ذالک۔ ؎

بھا سکتا نہیں خدا کو دشمنِ شانِ نبی
بات یہ دو ٹوک ہے روپڑی ہو کوئی ہو

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خدا کے نور سے ماننا کفر ہے

وہابیوں کے پندرہ روزہ صحیفہ اہلحدیث کراچی میں وہابیہ کا عقیدہ درج ہے کہ

عقیدہ:۔ نام نہاد مسلمانوں نے کہا کہ حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم خدا کے نور سے پیدا ہوئے۔

(صحیفہ اہلحدیث کراچی صـ ۲۸ نومبر ۱۹۵۴ء)

۱۴۴

marfat.com

قارئین کرام!۔ اس عقیدہ کو پڑھنے کے بعد "نام نہاد مسلمانوں نے کہا" کے جملہ پر غور کیا جائے۔ تو ان بے ادبوں، گستاخوں کے نزدیک رحمت کائنات صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ اقدس بھی محفوظ نہیں رہی۔ اس کے بعد صحابہ عظام علیہم الرضوان اور مفسرین امت کی مسلمانی بھی مشکوک ہے۔ کیونکہ سرورِ کائنات صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنے عظیم المرتبت صحابی حضرت جابر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے سوال کا جواب دیتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ

یَاجَابِرُ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی خَلَقَ	اے جابر اللہ تعالےٰ نے بیشک
قَبْلَ الْاَشْیَاءِ نُوْرَ نَبِیِّکَ	سب شیاء سے پہلے تیرے نبی کا
مِنْ نُوْرِہٖ	نور اپنے نور سے پیدا فرمایا۔

اس روایت اور حدیث کو جلیل المرتبت محدث امام بخاری رحمۃ اللہ الباری کے دادا استاذ محدث عبدالرزاق نے اپنے مصنف میں درج فرمایا ہے۔ ان کے علاوہ علامہ قسطلانی شارح بخاری نے مواہب اللدنیہ شریف ص۹ ج۱ علامہ حلبی علیہ الرحمۃ نے سیرتِ حلبیہ ص۳۷ ج۱ علامہ ابن حجر مکی نے فتاوٰے حدیثیہ ص۵۱ علامہ فاسی نے مطالع المسرات ص۲۱ علامہ زرقانی نے زرقانی شریف ص۴۶ ج۱ علامہ یوسف نبہانی نے حجۃ اللہ علی العالمین ص۲۸ اور انوار المحمدیہ ص۹ اور علامہ خربوتی نے عصیدۃ الشہدہ ص۱۰ میں درج فرمایا ہے۔ اور یہ جملہ اکابر غیر مقلد اور دیوبندی وہابیوں کے نزدیک بھی مسلمہ اہل علم ہیں۔

پس وہابیہ کے اس عقیدہ کے مطابق یہ مسلمہ اکابر بھی مسلمان نہ رہے۔ دیوبندیوں کو اللہ تعالےٰ نے یہ سزا دی ہے کہ اس عقیدہ کے مطابق ان کے اپنے ہی مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کی بھی مسلمانی جاتی رہتی ہے۔ کیونکہ تھانوی

سلہ نبی پاک صلے اللہ علیہ وسلم کی نورانیت پر زبردست تحقیقی فقیر کی کتاب الانوار المحمدیہ فی السیرۃ المصطفویہ جلد اوّل کا مطالعہ فرمائیں۔ (مصنف)

marfat.com

صاحب نے بھی تفصیلاً یہ روایت اپنی کتاب نشر الطیب صـ۵، ۶ میں درج کی ہے
مدرسہ دیوبند کے بانی اور نام نہاد قاسم العلوم نانوتوی بھی اس فتویٰ کی
زد میں خوب آتے ہیں۔ کیونکہ قصائد قاسمی میں ہے کہ

کہاں وہ رتبہ کہاں وہ عقل نارسا اپنی
کہاں وہ نورِ خدا اور کہاں یہ دیدۂ زار

مولوی انور شاہ کشمیری بھی نام نہاد مسلمانوں کی فہرست میں سرفہرست آتے
ہیں۔ کیونکہ عقیدۃ الاسلام صـ۲۱ مطبوعہ دیوبند میں ان کا یہ شعر موجود ہے کہ

کاندر آنجا نور حق بود و بند دیگر حجاب
دید و بشنید آنچہ جز وے کس بنشنید و ندید

وہابیوں کو بدعقیدگی سزا ہے کیونکہ ان کے سردار ثناء اللہ امرتسری نے ترکِ اسلام صـ۱۳ مطبوعہ
امرتسر میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو نور رب العالمین تسلیم کرتے ہوئے
لکھا ہے کہ ؎

سلام اس نورِ ربِ العالمیں پر
سب اس کی آل اور اصحاب دیں پر

امرتسری نے فتاوائے ثنائیہ صـ۳۷۴ جلد ۲ کے آخر میں لکھا ہے۔ کہ
"ہمارے عقیدہ کی تشریح یہ ہے کہ رسول ہذا علیہ السلام خدا کے
پیدا کئے ہوئے نور ہیں۔"

قاضی سلیمان منصور پوری پر بھی یہ فتوائے چسپاں ہوتا ہے۔ کیونکہ ان کا بھی یہ عقیدہ
سید البشر صـ۵ میں درج ہے ؎

شانِ محمدی سے اندھے ہیں اہلِ ظلمت
وہ نور حق ہے جس سے دارالسلام چمکا

غیر مقلدین کے مولوی یوسف کلکتوی اور ان کا پورا ادارہ بھی اس کفر کے فتویٰ

marfat.com

کی لپیٹ میں آجاتا ہے۔ کیونکہ انہوں نے اپنے رسالہ الارشاد کراچی صہ ۳۲ یکم مئی ۱۹۵۶ء میں اسی عقیدہ کی تائید کرنے والے شعر کی اشاعت کی ہے کہ ؎

اے نورِ خدا صلِ علےٰ صاحبِ قرآن
دی عبدِ صنم کیش کو معبود کی پہچان

مندرجہ بالا دیوبندی، غیر مقلد وہابی اکابر کی تحریروں سے ان کے عقیدہ کے مطابق ان کا مسلمان ہونا بھی ثابت نہیں ہوتا ؎

ہے یہ گنبد کی صدا جیسی کہے ویسی سُنے

نُورِ محمدی کی پیدائش والی روایات صحیح طور پر نہیں آئیں

مولوی ثناء اللہ امرتسری نے لکھا ہے کہ

عقیدہ:۔ نور محمدی کی پیدائش والی روایات صحیح طور پر نہیں آئیں۔

(اخبار اہلحدیث امرتسر صہ ۱۲ ۱۱ دسمبر ۱۹۱۴ء)

امام الوہابیہ امرتسری نے یہ عقیدہ لکھ کر اکابر محدثین اور مفسرین کو غلط روایات درج کرنے والا قرار دیا ہے۔ نیز صحابہ کرام کو بھی کذب بیانی جیسی بُری عادت میں ملوث گردانا ہے۔

حالانکہ نور محمدی کی پیدائش والی روایات ایسی روایات ہیں۔ جن کو امام سیوطی امام ابن جوزی، امام حلبی، علامہ سہیلی، امام یوسف نبہانی، علامہ خریوتی، محدث قاضی عیاض علامہ ملا علی قاری، علامہ شہاب الدین خفاجی وغیرہم علیہم الرحمۃ جو کہ غیر مقلد اور دیوبندی اکابر کے بھی مسلمہ اکابر ہیں۔ نے بھی اپنی مستند کتب کو درج فرما کر مسلک حق اہل سنت وجماعت کی تائید فرمادی ہے۔ بلکہ غیر مقلد اور دیوبندی حضرات کے قاضی سلیمان منصور پوری، مولوی ابراہیم میر اور اشرف علی تھانوی نے بھی اپنی کتب میں ان روایات کا اندراج فرما کر دنیا بھر کے اس عقیدہ کو باطل قرار دے دیا ہے۔

marfat.com

میلادِ رسول کے واقعات محض کذب اور دجّال کے گھڑے ہوئے ہیں

وہابیوں کے حافظ محمد جونا گڑھی وہابیہ کے" اخبار محمدی" دہلی کے ایڈیٹر سرکارِ دوعالم صلے اللہ علیہ وسلم کے میلاد شریف کے واقعات کو من گھڑت، محض کذب اور دجّال کی گھڑی ہوئی باتیں قرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ۔

عقیدہ:۔ جتنے واقعات اس سوال میں میلاد محمدی کے مذکور ہیں۔ سب گھڑنت ہیں۔ کسی میں اصلیت نہیں۔ انہی موضوع روایتوں کے ڈھیر کا نام آجکل میلاد رکھا گیا ہے۔ اور یہ ہی ایک بڑی وجہ مروّج مولود کی مخالفت کی ہے۔ قصرِ کسریٰ کا واقعہ محض بے اصل ہے۔ آتش کدۂ فارس کا واقعہ محض خوش گپی ہے۔ بند دریا کا جاری ہونا بھی گپ ہے۔ بتوں کا منگدل ہو جانا گھریلو گھڑنت ہے۔ سبز رنگ کا عَلَم تو خوب دیکھ لیا۔ رسومِ خوشی کا خیال کر کے آسمان کی خوشی کو بھی اسی رنگ میں رنگ لیا۔ وحشی جانوروں کی بولیاں خوب سُن لیں۔ اور سمجھ لیں یہ بھی وحشیانہ جھوٹ ہے۔ روشنی کا دیکھنا، بوند کا ٹپکنا، سفید ابر کا اترنا سب کذب محض ہے کسی دجّال کی گھڑی ہوئی ہے۔

(اخبار محمدی دہلی ص۳ ۱۵ جنوری ۱۹۴۰ء)

ناظرین حضرات!۔ وہابیوں کے مولوی محمد دہلوی نے جن میلاد کے واقعات کو من گھڑنت، محض کذب اور دجّال کی گھڑی ہوئی باتیں قرار دے کر بارگاہ نبوت میں گستاخی کی جسارت کی ہے۔ ان واقعات کا درست اور صحیح ہونا وہابیوں کے امام العصر مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی کی ہی کتاب سے پیش کیا جا رہا ہے۔

میر صاحب لکھتے ہیں کہ:۔

آپ کی ولادت کے نزدیک اور اس کے بعد آپ کی نبوت کے علامات میں سے جو کچھ ظاہر ہوا۔ اس میں ایک وہ ہے۔ جسے طبرانی نے عثمان بن ابی العاص ثقفی سے اور اس نے اپنی والدہ سے روایت کیا ہے کہ میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ

marfat.com

خاتون کے پاس تھی۔ جب آپ کو دردِ زہ شروع ہوا۔ تو میں نے ستاروں کو دیکھا کہ وہ نیچے جھک رہے ہیں۔ حتی کہ میں نے گمان کیا کہ وہ مجھ پر گر پڑیں گے۔ جب آپ وضع سے فارغ ہوئیں۔ تو آپ سے ایک نور نکلا۔ جس سے وہ گھر اور وہ محلّہ روشن ہو گیا۔

اور اس حدیث کی شاہد عریاض بن ساریہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی حدیث ہے۔ جو کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ میں اللہ کا بندہ ہوں اور میں خدا کے علم میں اس وقت بھی خاتم النبیین تھا۔ جب کہ حضرت آدم گیلی مٹی میں پڑے ہوئے تھے۔ اور ابھی تم کو اس کی حقیقت بتاتا ہوں۔ میں اپنے باپ ابراہیم کی دعا اور حضرت عیسٰی کی بشارت ہوں۔ جو انہوں نے میری بابت کی تھی۔

حالی فرماتے ہیں ؎

ہوئے پہلوئے آمنہ سے ہویدا　　دعائے خلیل اور نویدِ مسیحا

اور اپنی والدہ ماجدہ کی رویٔت ہوں۔ جو انہوں نے دیکھی تھی۔ اور انبیا علیہم السلام کی مائیں اس طرح دیکھتی آئی ہیں۔ اور بیشک رسول اللہ کی والدہ ماجدہ نے بھی آپکی ولادت کے وقت ایک نور دیکھا۔ جس سے شام کے محلات روشن ہو گئے۔ اور روایت کیا اس حدیث کو امام احمد نے اور صحیح کہا۔ اس کو ابنِ حبان نے اور امام حاکم نے۔ اور حضرت ابوامامہ کی حدیث میں بھی اس طرح ہے کہ جو امام احمد نے روایت کی۔ اور امام ابن اسحاق نے ثور بن یزید سے اور اس نے خالد بن معطان سے اور وہ آنحضرت کے صحابہ سے اس طرح روایت کرتے ہیں۔ اور کہا کہ علاقہ شام کا شہر بصریٰ روشن ہو گیا۔ اور امام ابن حبان نے اور حاکم نے اپنی شیر خوارگی کے قصے میں ابن اسحاق کے طریق پر سے باسناد دایہ حلیمہ سعدیہ ایک لمبی حدیث بیان کی۔ اس میں علامات نبوت میں سے یہ بھی ہیں کہ اس کی چھاتیوں میں دودھ کا زیادہ ہو جانا۔ اور اس کی اونٹنی کا دودھ دینا۔ حالانکہ وہ زیادہ لاغر ہو گئی تھی اور آپ کی سواری کے گدھے کا تیز رو ہو جانا۔ اور اس کے بعد دایہ حلیمہ کی بکریوں کا دودھ زیادہ ہو جانا اور اس کے علاقہ کی زمین میں پیداوار کی فراوانی اور اس کی کاشت کا بہت جمنا

marfat.com

اور اگنا۔ اور دو فرشتوں کا آپ کا سینہ مبارک شق کرنا

(سیرۃ المصطفےٰ ص۱۴۶/ص۱۴۷ ج۱۔ از ابراہیم میر سیالکوٹی)

اور مخزوم بن ہانی مخزومی کی حدیث میں ہے۔ وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں۔ اس نے کہا (اور اس وقت اس کی عمر ایک سو پچاس برس ہو چکی تھی۔) کہ جس رات کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تولد ہوئے کسریٰ ایران کا محل ٹوٹ گیا اور اس کے چودہ کنگرے گر پڑے۔ اور آتش پرست فارسیوں کی (عبادت کی) آگ بجھ گئی۔ اور وہ اس سے پہلے ایک ہزار سال سے کبھی نہ بجھی تھی۔ اور بحیرہ ساقط کا پانی نیچے چلا گیا۔ اور موبدان ایرانی نے دیکھا کہ سخت اور قوی اونٹ اچھے اچھے گھوڑوں کو کھینچ رہے ہیں۔ اور دریائے دجلہ کا پانی ٹوٹ گیا ہے۔ اور اس کے گرد کے شہروں میں منتشر ہو گیا ہے۔ جب کسریٰ صبح کو اٹھا۔ تو اسے اس واقعہ سے گھبراہٹ ہوئی اور اس نے اپنے اہل مملکت سے دریافت کیا تو انہوں نے سطیح (کاہن) کی طرف پیغام بھیجا۔ پھر سارا قصہ بطوالت مذکور ہے روایت کیا۔ اس کو ابن سکن وغیرہ نے معرفۃ الصحابہ میں (ترجماً فتح الباری مطبوعہ دہلی جلد ۱۴ ص۳۲۵

وہابیوں کے ہی مولوی حافظ محمد لکھوکے والے نے اپنی تفسیر محمدی میں لکھا ہے کہ

معالم وچہ حدیث بنی تھیں با اسناد لیایا
میں ختم نبیاں پاس خدا اجے آدم خاک ملایا
میں دعوت ابراہیم دی ہور بشارت عیسیٰ والی
تے خواب مائیدا جنن ویلے اس ڈٹھا ظہور جو عالی
جو اس تھیں نور ظہور ہویا تس شام قصور دسایئے
دعوت ابراہیم دی آیت ایہہ بغوی فرمائی

(تفسیر محمدی ص۱۰۶ منزل اول)

قارئین کرام! مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی اور حافظ محمد

marfat.com

لکھوکے کی عبارات سے میلادِ رسول صلے اللہ علیہ وسلم کے واقعات کا ثبوت پڑھ لینے کے بعد یہ حقیقت عیاں ہو جاتی ہے کہ وہابیہ کے مولوی محمد دہلوی کو سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وسلم سے عناد اور حسد ہے۔ جن واقعات کو مسلمہ محدثین اور مفسرین نے اپنی کتب میں درج فرمایا ہے۔ ان واقعات کو یہ دشمنِ رسول کذبِ محض اور دجالی واقعات قرار دے رہا ہے۔

رندانِ مے پرست سیاہ مست ہی سہی
اے شیخ گفتگو تو شریفانہ چاہیئے

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دنیا میں تکبیر کہتے ہوئے آنا اور سجدہ کرنا سب لغو اور لچر ہے!

وہابیوں کے مولوی محمد جونا گڈھی لکھتے ہیں کہ

(نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے متعلق یہ کہنا کہ پیدائش کے وقت) تکبیر کہتے ہوئے، سجدہ کرتے ہوئے، امتی، امتی کہتے ہوئے ہی دنیا میں آئے۔ یہ سب مولودیوں کی دنت کتھا ہے۔ اور محض لغو و لچر اور بے ثبوت ہے۔ ان میں سے ایک بات بھی قابلِ عقیدہ اور واجب التسلیم نہیں۔

اخبار محمدی دہلی ص۴ ۱۵ جنوری ۱۹۴۰ء)

قارئین کرام! وہابی مولوی کا اس عبارت اور عقیدہ سے نبی پاک صلے اللہ علیہ وسلم سے بغض اور عناد ٹپک رہا ہے۔

ابن حجر عسقلانی شارح بخاری کے حوالہ سے امام جلال الدین السیوطی علیہ الرحمۃ نے نقل فرمایا ہے کہ

نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے جو کلام فرمایا ہے۔ وہ

marfat.com

اَللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا ہے۔

(خصائص کبریٰ ص ۱۳۴ ج ۱ مطبوعہ سعودیہ)

علامہ حلبی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب "انسان العیون" المشہور بہ سیرت حلبیہ میں لکھا ہے کہ

جب سرورِ عالم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی۔ آپ کے ہونٹ مبارک ہل رہے تھے۔ اور پڑھ رہے تھے۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا سُبْحَانَ اللّٰہِ بُکْرَۃً وَّاَصِیْلًا

(سیرت حلبیہ ج ۱ ص ۱۲۴)

مستند اکابر کی کتب میں درج شدہ روایات سے ثابت اور اظہر من الشمس ہے کہ ایسی روایات لغو اور لچر نہیں۔ بلکہ ایسی روایات کو لغو اور لچر کہنے والے خود ہی لغو اور لچر اور بیہودہ ہیں۔ جس کو کوئی عاشقِ رسول عالمِ دین کہنا بھی گوارا نہیں کرتا۔

اٹھا کر پھینک دو باہر گلی میں
وہابی تہذیب کے انڈے ہیں گندے

میلاد شریف منانا گناہ بلکہ بدعت و شرک ہے

۱۲ ربیع الاوّل کو دوکانیں بند کرنا اور مجلس مولود کرنا گناہ ہے۔

(اہلحدیث امرتسر ص ۶ ۲۰ مئی ۱۹۳۸ء)

(اہلحدیث امرتسر ص ۹ ۲۶ اپریل ۱۹۴۰ء)

"ربیع الاوّل کے ماہ میں نبی نمبر نکالنا غلط ہے۔

(اخبار اہلِ حدیث امرتسر ص ۶ ۱۴ مارچ ۱۹۱۶ء)

وہابیوں کے مولوی ابو یحییٰ محمد شاہجہانپوری (جو کہ میاں نذیر حسین دہلوی کے شاگرد ہیں) نے لکھا ہے۔ کہ:

marfat.com

"مجلس میلاد شریف، قیام وغیرہ بدعت وشرک ہے۔"

(الارشاد الی سبیل الرشاد ص۴۸)

ثناء اللہ امرتسری نے لکھا ہے کہ

'مجلسِ میلاد مقرر کرنا بدعت ہے۔' (اخبار اہلحدیث امرتسر ص۱ ۵ رجنوری ۱۹۱۲ء)

وہابیہ نجدیہ کے امام نذیر حسین دہلوی نے بھی اسی طرح کا فتویٰ دیا ہے۔

(فتاویٰ نذیریہ ص۱۰۷ ج۱ مطبوعہ دہلی)

وہابیوں کے مولوی عبدالستار دہلوی نے فتویٰ دیا ہے کہ:

'ہیئت مروجہ کے ساتھ مجلسِ میلاد کا انعقاد از روئے کتاب وسنت قطعاً حرام اور بدعت بلکہ داخل فی الشرک ہے۔' (فتاویٰ ستاریہ ص۵۷ ج۱)

'جس مسجد میں محفلِ میلاد وقیام وغیرہ ہوں۔ اور امام ان چیزوں کا قائل ہو تو ایسی مسجد میں نماز نہ پڑھنا جائز چھوڑ بلکہ واجب ہے۔' (فتاویٰ ستاریہ ص۵۷ ج۱)

میلاد شریف ہنود کے سانگ اور کنھیا کی مثل ہے

دیوبندی وہابیوں کے مولوی خلیل احمد انبیٹھوی نے تو میلاد شریف کو ہنود کے کرشن کے سانگ اور کنھیا کی مثل ان الفاظ میں قرار دیا ہے۔

"پس یہ ہر روز اعادہ ولادت کا تو مثل ہنود کے کہ سانگ کنھیا کی ولادت کا ہر سال کرتے ہیں۔"

(براہینِ قاطعہ ص۱۴۸ مطبوعہ دیوبند)

مجلسِ مولود ہر حال ناجائز ہے

دیوبندیوں کے مولوی رشید احمد گنگوہی سے کسی نے سوال کیا کہ

marfat.com

"انعقادِ مجلسِ میلاد بدوں قیام بروایات صحیح درست ہے یا نہیں؟"

گنگوہی صاحب اس کا جواب دیتے ہیں۔

"انعقادِ مجلس مولود ہر حال ناجائز ہے۔ (فتاویٰ رشیدیہ ص۸۳ ج ۱ مطبوعہ دہلی)

گنگوہی صاحب سے ایک اور سوال مولود شریف اور عرس مبارک کے متعلق کیا گیا تھا۔ وہ سوال اور جواب دونوں درجِ ذیل ہیں۔

سوال:۔ مولود شریف اور عرس کہ جس میں کوئی بات خلافِ شرع نہ ہو جیسے کہ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ کیا کرتے تھے، آپ کے نزدیک جائز ہے یا نہیں اور شاہ صاحب واقعی مولود اور عُرس کرتے تھے یا نہیں؟

الجواب:۔ عقدِ مجلس مولود اگرچہ اس میں کوئی امر غیر مشروع نہ ہو۔ مگر اہتمام و تداعی اس میں بھی موجود ہے۔ لہٰذا اس زمانہ میں درست نہیں۔ و علےٰ ہذا عرس کا جو جواب ہے۔ بہت اشیاء ہیں کہ اوّل مباح تھیں۔ پھر کسی وقت میں منع ہوگئی۔ مجلسِ عرس و مولود بھی ایسا ہی ہے۔ (فتاویٰ رشیدیہ ص۸۳ ج ۱ مطبوعہ دہلی)

میلاد شریف کی دیوالی اور دسہرہ سے تشبیہ

مودودی صاحب نے میلاد شریف کو دیوالی اور دسہرہ سے تشبیہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ:

"یہ تہوار جسے ہادیٔ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کیا جاتا ہے۔ حقیقت میں اسلامی تہوار ہی نہیں۔ اس کا کوئی ثبوت اِسلام میں نہیں ملتا۔ حتےٰ کہ صحابہ کرام نے بھی اس دِن کو نہیں منایا۔ صد افسوس کہ اِس دِن

لہ جس گنگوہی صاحب کے نزدیک غیر مشروع امور سے پاک محفلِ میلاد شریف ممنوع ہے۔ ان کے نزدیک سالگرہ منانا جائز ہے۔ چنانچہ لکھا ہے سالگرہ یادداشت عمر اطفال کے واسطے کچھ حرج نہیں معلوم ہوتا اور بعد چند سال کے کھانا لوجہ اللہ تعالےٰ کھلانا بھی درست ہے۔ (فتاویٰ رشیدیہ ص۴۷ ج ۱ مطبوعہ دہلی)

marfat.com

کو دیوالی اور دسہرہ کی شکل دے دی گئی ہے ۔

(ہفت روزہ قندیل لاہور ۳ جولائی ۱۹۶۶ء)

ناظرینِ کرام ! اکابرِ وہابیہ کا پیارے مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا یومِ ولادت، میلاد شریف منانے پر بغض و عناد ان کے فتوؤں سے اظہر من الشمس ہے وہابی اپنے بچوں کی سالگرہ مناتیں ۔ سالانہ کانفرنسیں اور سالانہ جلسے کریں ۔ اپنے مدارس کی تقسیم اسناد کے اجلاس منعقد کریں تو کوئی بدعت اور حرام نہیں ۔ مگر امام الانبیاء (صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم) کا میلاد شریف منایا جائے تو بدعت کے فتووں کی بوچھاڑ کر دیں ۔

نثار تیری چہل پہل پہ ہزار عیدیں ربیع الاوّل !
سوائے ابلیس کے جہاں میں سبھی تو خوشیاں منا رہے ہیں

پیارے مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے میلاد شریف اور آمد کا ذکرِ خیر خود رب العالمین نے قرآنِ کریم میں جا بجا فرمایا ہے :

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ (پ ۱۱ ع ۵)	بے شک تمہارے پاس تشریف لائے تم میں سے وہ رسول جن پر تمہارا مشقت میں پڑنا گراں ہے ۔ تمہاری بھلائی کے نہایت چاہنے والے مسلمانوں پر کمال مہربان
قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتَابٌ مُّبِيْنٌ (پ ۶ ع ۱)	بیشک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور آیا اور روشن کتاب ۔
لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ ۔ (پ ۴ ع ۸)	بیشک اللہ کا بڑا احسان ہوا مسلمانوں پر کہ ان میں انہیں میں سے ایک رسول بھیجا ۔
وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۔ (پ ۱۷ ع ۷)	اور ہم نے تمہیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لیے ۔

ان سب آیاتِ طیبات میں اللہ تبارک و تعالےٰ نے اپنے پیارے حبیب لبیب

marfat.com

صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی آمد آمد کا تذکرہ فرمایا ہے۔ میلاد شریف میں بھی حضور پُرنور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی آمد آمد کا ذکرِ خیر کیا جاتا ہے۔ آپ کے معجزات اور صفات کا بیان ہوتا ہے۔

اب صحابۂ کرام علیہم الرضوان سے میلاد شریف منانے کا ثبوت درج کیا جاتا ہے۔ جس کو اِمام المحدثین، مقدام الفضلاء حضرت علامہ ابنِ حجرؒ مکی علیہ الرحمۃ جو کہ مفتی حرم شریف بھی رہ چکے ہیں کی کتاب مستطاب النعمۃ الکبریٰ علی العالم میں درج فرمایا ہے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں۔

مَنْ اَنْفَقَ دِرْهَمًا عَلٰى قِرَاءَةِ مَوْلِدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ رَفِيْقِيْ فِي الْجَنَّةِ۔

جس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا میلاد شریف پڑھنے پر ایک درہم بھی خرچ کیا وہ جنت میں میرے ساتھ ہوگا۔

(النعمۃ الکبریٰ ص مطبوعہ ترکی)

حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں۔

مَنْ عَظَّمَ مَوْلِدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَدْ اَحْيَا الْاِسْلَامَ۔

جس نے حضورِ اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے میلاد شریف کی تعظیم کی اُس نے گویا اسلام کو زندہ کر دیا۔

(النعمۃ الکبریٰ ص مطبوعہ ترکی)

اب اولیاء عظام علیہم الرحمۃ سے میلاد شریف کا ثبوت پیش کیا جاتا ہے کہ حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں۔

لہ مولوی ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی نے علامہ ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ کے متعلق لکھا ہے کہ ابنِ حجر مکی مکہ شریف میں مفتی حجاز تھے۔ جامع علوم ظاہری و باطنی تھے۔ (حاشیہ تاریخ اہلحدیث ص ۳۹۲)

دیوبندیوں کے مولوی عبداللہ گنگوہی ابنِ حجر کے متعلق رقمطراز ہیں کہ شیخ شہاب الدین ابنِ حجر مکی عرب کے مشاہیر علماء میں سے تھے۔ بہت سی مشہور کتابوں کے مصنف ہیں۔ (مقدمہ اکمال الشیم ص ۶۳)

marfat.com

لَوْ كَانَ لِيْ مِثْلُ جَبَلِ أُحُدٍ ذَهَبًا فَأَنْفَقْتُهُ عَلٰى قِرَاءَةِ مَوْلِدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

کاش میرے پاس احد پہاڑ کے برابر سونا ہو اور میں اُسے حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے میلاد شریف پڑھنے پر خرچ کردوں۔

حضرت جنید بغدادی رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں۔

مَنْ حَضَرَ مَوْلِدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَظَّمَ قَدْرَهٗ فَقَدْ فَازَ بِالْإِيْمَانِ۔

جو حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے میلاد شریف کی محفل میں حاضر ہوا اور اس کی تعظیم و تکریم کی تو وہ ایمان کے ساتھ کامیاب ہوگا۔

(النعمۃ الکبریٰ علی العالم ص۸)

علامہ ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ نے میلاد شریف کے موضوع پر "النعمۃ الکبریٰ علی العالم فی مَولِدِ سیدِ ولدِ آدم" نامی کتاب کے علاوہ ایک اور کتاب تحفۃ الاخبار فی مولد المختار لکھی ہے۔

محدث ابنِ جوزی علیہ الرحمۃ نے بھی میلاد شریف کے موضوع پر بیان المیلاد النبوی رسالہ لکھا ہے۔ جس میں عرب و عجم میں میلاد شریف منانے کا انہوں نے تذکرہ فرما کر محفلِ میلاد شریف منعقد کرنے کی برکات کا بھی اندراج فرمایا ہے۔

امامِ ربانی، غوثِ صمدانی سید مجدد الف ثانی قدس سرہ النورانی نے بھی اپنے مکتوبات شریف میں محفلِ میلاد شریف کا جواز تحریر فرمایا ہے کہ:

دیگر در باب مولود خوانی اندراج یافتہ بود در نفسِ قرآن خواندن بصوت حسن و در قصائد لغت و منقبت خواندن چہ مضائقہ است۔ (مکتوبات شریف ص۱۵۶ مکتوب ۲۷)

آپ کے خط میں مولود خوانی کے متعلق درج تھا۔ اچھی آواز سے تلاوت قرآنِ پاک اور نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ اقدس میں قصائد، لغت اور منقبت پڑھنا کیا مضائقہ ہے۔

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے بھی حرمین شریفین میں محفلِ میلاد شریف کے منعقد ہونے کا ذکر اور اس محفل پر انوار و تجلیات کی بارش کا تذکرہ بھی اپنی کتاب فیوض الحرمین میں اِن الفاظ میں کیا ہے۔

marfat.com

فَرَاَیْتُ اَنْوَارًا سَطَعَتْ دَفْعَةً
وَّاحِدَةً لَا اَقُوْلُ اِنِّیْ اَدْرَکْتُهَا
بِبَصَرِ الْجَسَدِ وَلَا اَقُوْلُ اَدْرَکْتُهَا
بِبَصَرِ الرُّوْحِ فَقَطْ اَللّٰهُ اَعْلَمُ
کَیْفَ کَانَ الْاَمْرُ بَیْنَ هٰذَا وَ
ذَالِكَ فَتَاَمَّلْتُ تِلْكَ الْاَنْوَارَ
فَوَجَدْتُّهَا مِنْ قِبَلِ الْمَلَائِکَةِ
الْمُوَکَّلِیْنَ بِاَمْثَالِ هٰذِهِ الْمَشَاهِدِ
وَبِاَمْثَالِ هٰذِهِ الْمَجَالِسِ وَرَاَیْتُ
یُخَالِطُهَا اَنْوَارُ الْمَلَائِکَةِ وَاَنْوَارُ الرَّحْمَةِ

پس میں نے دیکھا کہ یکبارگی انوار ظاہر ہوئے میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ آیا ان آنکھوں سے دیکھا اور نہ یہ کہہ سکتا ہوں کہ فقط روح کی آنکھوں سے خدا جانے کیا امر تھا ان آنکھوں سے دیکھا یا روح کی پس میں نے تامل کیا تو معلوم ہوا کہ یہ نوران ملائکہ کا ہے جو ایسی مجلسوں اور مشاہد پر موکل ومقرر ہیں۔ اور میں نے دیکھا کہ انوارِ ملائکہ اور انوارِ رحمت ملے ہوئے ہیں۔

(فیوض الحرمین ص۲۷ مطبوعہ دیوبند)

شاہ ولی اللہ دہلوی نے اپنے والد ماجد شاہ عبدالرحیم محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کا ہر سال ۱۲ ربیع الاول شریف کو سرکارِ دو عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی فاتحہ دلانے کا واقعہ اپنی کتب درالثمین اور انفاس العارفین میں درج فرمایا ہے۔ جس کو دیوبندیوں کے مولوی اشرف علی تھانوی نے بھی اپنی کتاب دعواتِ عبدیت میں ان الفاظ میں رقم کیا ہے:۔

"شاہ عبدالرحیم صاحب دہلوی ربیع الاول میں کچھ کھانا پکا کر تقسیم کیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ آپ کو کچھ میسر نہ ہوا تو آپ نے پیسے دو پیسے کے چنے بھنوا کر تقسیم کر دیئے۔ خواب میں دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُن چنوں کو تناول فرما رہے ہیں۔"

(دعواتِ عبدیت ص۹ حصہ چہارم)

مولوی اشرف علی تھانوی نے یہ واقعہ لکھ کر جو بعد میں واعظانہ جملہ لکھا ہے، قابلِ غور ہے وہ یہ ہے:۔

"دیکھیے محبت اللہ والوں ہی میں ہوتی ہے۔ ان سے سیکھو۔ اور ان کے طرزِ عمل پر چلو۔"

(دعواتِ عبدیت ص۹)

marfat.com

حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نے لکھا ہے کہ:

'ہمارے علماء مولود شریف میں بہت تنازعہ کرتے ہیں۔ تاہم علماء جواز کی طرف بھی گئے ہیں۔ جب صورت جواز کی موجود ہے۔ پھر ایسا تشدد کرتے ہیں۔ ہمارے واسطے اتباعِ حرمین کافی ہے۔' (امداد المشتاق ص۵۵)

دیوبندی، غیر مقلد اور مودودی وہابیوں کے سردار اور امام سید احمد بریلوی کے مریدِ خاص نواب محمد علی خان کے حکم سے جو کتاب مخزنِ احمدی لکھی گئی اس میں وہابیوں کے سردار سید احمد بریلوی کا محفلِ میلاد شریف منعقد کرنا اور اس مجلس میں قصائدِ مولودیہ پڑھنا اور شیرینی تقسیم کرنے کا تذکرہ ان الفاظ میں درج ہے۔

'تا آنکہ شب بپایاں رسید و صبح صادق بدمید و جہاز از مکان خوف و ہولناک بخیریت تمام بدر آمد و برگاہیکہ روز روشن شد ناخدا چند طبق حلوائے از حجرہ خویش بیرون آوردہ مجلس مولود شریف منعقد کردہ بعد از اختتام قصائدِ مولودیہ شیرینی تقسیم نمود۔'

(مخزن احمدی فارسی ص۵۵ مطبوعہ آگرہ)

نورانی محفل میلاد شریف میں شیرینی تقسیم کرنا

امام الوہابیہ مولوی ثناء اللہ امرتسری نے اپنے اخبار اہلحدیث امرتسر میں مذہبِ حق اہلِ سنت والجماعت کا ایک اور 'معجزہ' کی سرخی اور وَاللّٰہُ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ آیت کا حصہ لکھ کر ایک شیعہ کا تائب ہونا اور مسلکِ حق اہلِ سنت وجماعت اختیار کرنے کا واقعہ کی تفصیل درج کرنے کے بعد لکھا ہے کہ:

'سید صاحب نے اپنا اطمینان کافی کرنے کے بعد نہایت خشوع وخضوع سے مذہب اہلِ سنت والجماعت کو قبول فرمایا اور اپنی معاصی ماضیہ سے تائب ہو کر اپنے کاشانہ نورانی پر مجلسِ میلاد شریف منعقد کر کے خود ہی پڑھا۔ اور نہایت مسرت وانبساط کے لہجہ میں اصحابِ کرام کی تعریف وتوصیف

marfat.com

بیان کر کے خود مسرور ہوئے۔ اور شیخ صاحب موصوف کو محظوظ کیا۔ اور سامعین کو داخلِ حسنات کیا اور شیرینی بطور تبرک از قسم تباش فینی فرقہ سُنت والجماعت کے ہاتھ سے تقسیم کرائی۔ اللھم زد فزد۔ خدا انجام بخیر کرے۔ (راقم خریدار اہلحدیث) (اخبار اہلحدیث امرتسر صـ ۲۶ مارچ سنہ ۱۹۰۹ء)

قارئینِ کرام! وہابیوں کی رسول دشمنی کے طریقے آپ نے ملاحظہ فرمائے۔ جس رشید احمد گنگوہی کے نزدیک مولود ہر حال ناجائز ہے۔ اور میلاد شریف ہنود کی سانگ اور کنھیا کی مثل ہے۔ اُس گنگوہی کے نزدیک سالگرہ منانا جائز ہے۔

سالگرہ منانا جائز ہے

"سالگرہ بچوں کی اور اُس کی خوشی میں اطعام الطعام کرنے میں کوئی حرج معلوم نہیں ہوتا۔ اور کھانا لوجہ اللہ تعالےٰ کھلانا بھی درست ہے"

(فتاویٰ رشیدیہ صـ ۷۴ ج ۱)

مجلسِ میلاد منعقد کرنے اور وظائف کرنیوالوں کو سزا

مولوی اسماعیل غزنوی نجدی حکومت جن کاموں پر سزا دیتی ہے درج کرتے ہیں کہ:

"مجلس میلاد منعقد کرنا، اُس کو تقرب بارگاہِ الٰہی کا ذریعہ سمجھنا بھی بدعت ہے۔ کیونکہ اس کا کوئی ثبوت نہیں۔

اِسی طرح مشائخ کے مقررہ وظیفے یا ابتدا رسُورتوں کا وظیفہ اور مہمات میں ان سے امداد حاصل کرنا یہ سب بدعات ہیں۔ بلکہ کبھی یہ شرکِ اکبر تک بھی پہنچ جاتے ہیں۔ لوگوں کو بتایا جاتا ہے کہ یہ طریقہ بدعت ہے اگر مان لیں تو بہتر ورنہ حاکم ان کو سزا دیتا ہے۔ تاکہ باز آجائیں اور منع

marfat.com

ہو جائیں۔" (تحفہ وہابیہ ص۱۷)

مصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم سے عناد اور بغض کا ایک اور ثبوت پیش کرتا ہوں۔

دُعا سے پہلے دُرود شریف پڑھنے کی ممانعت

وہابیوں کے سردار ثناء اللہ امرتسری سے کسی نے سوال کیا کہ:

س۱۰۴: بعد نماز فریضہ کامل درود شریف پڑھ کے اللّٰھم انت السلام پڑھیں یا درود شریف ترک کر کے فقط اللّٰھم انت السلام سے شروع کریں۔ درود شریف قبل پڑھنے کی ممانعت میں کوئی حدیث صحیح ہو تو بیان کریں؟

ج۱۰۴: امرتسری نے جواب یہ دیا کہ

اورادِ مسنونہ کے لیے یہ طریق ہے کہ جو ورد کسی مقام پر ثابت ہے۔ وہی مسنون ہے۔ دوسرا نہیں۔ حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہما کے سامنے ایک شخص نے چھینک مار کر اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کہا تو ابنِ عمر نے کہا اِس موقع کے لیے ہم کو درود نہیں سکھایا گیا بلکہ الحمدللہ سکھایا گیا ہے۔ اِس روایت کے مطابق بعد نماز متصل وہی دُعا پڑھنی چاہیے جس کا ثبوت مِلتا ہے یعنی اللّٰھم انت السلام درود کی فضیلت بجائے خود ہے۔ مگر وقت مناسب وہی ہے جو بتلایا گیا ہے۔

(اخبار اہلحدیث امرتسر ص۱۲ کالم ۲/۱ ۱۹ فروری ۱۹۱۵ء)

قارئین کرام! وہابیوں کے سردار مولوی ثناء اللہ امرتسری نے کس عیاری اور مکاری سے درود شریف پڑھنے سے منع کیا ہے۔ حالانکہ سائل نے تو پوچھا ہے کہ دُعا سے قبل درود شریف پڑھنے کی ممانعت میں کوئی حدیث صحیح ہو تو بیان کریں۔ امرتسری تو جواب دیتے ہوئے کوئی حدیث دُعا سے قبل درود شریف پڑھنے کی ممانعت میں پیش

marfat.com

نہیں کرسکا۔ یُوں ہی ممانعت کر دی۔

؎ ارے تجھ کو کھاتے تپِ سقر ترے دِل میں کس سے بخار ہے

طبرانی شریف میں روایت ہے جس کو قاضی سلیمان منصور پوری اور ابنِ قیم نے بھی درج کیا ہے کہ:

فَاجْعَلُوْنِیْ فِیْ وَسْطِ الدُّعَاءِ وَفِیْ اَوَّلِہٖ وَ آخِرِہٖ۔

یعنی دُعا کے اوّل و آخر اور وسط میں درود پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہونا چاہیئے۔

(جلاء الافہام ص۴۶ الصلوٰۃ والسلام ص۴۳)

قاضی سلیمان منصور پوری نے لکھا ہے کہ:

'مقاماتِ درود میں سے ایک جگہ دُعا کے وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف کا پڑھنا ہے۔' (الصلوٰۃ والسلام ص۲۲۸)

'ہر ایک دُعا کے بعد اللہ تعالےٰ کے درمیان حجاب ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا جاوے۔ جب درود پڑھا گیا پردہ اُٹھ جاتا ہے۔ اور دُعا قبول کی جاتی ہے۔ اور جب درود نہ پڑھا جاوے۔ تو دُعا نہیں قبول کی جاتی۔' (الصلوٰۃ والسلام ص۲۲۸)

ابنِ قیم نے بھی لکھا ہے کہ،

مَنْ اَرَادَ اَنْ یَسْئَالَ اللّٰہَ حَاجَتَہٗ فَلْیَبْدَأْ بِالصَّلٰوۃِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاِنَّ الصَّلٰوۃَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَقْبُوْلَۃٌ۔

جو شخص اللہ تعالےٰ سے اپنی حاجت کا سوال کرنا چاہے اُسے چاہیئے کہ پہلے درود پڑھے۔ پھر حاجت کا سوال کرے اور پھر درود پر ختم کرے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود تو مقبول ہی ہے۔

(جلاء الافہام ص۲۲۶ مطبوعہ الصلاۃ والسلام ص۲۲۹)

وہابیوں کے قاضی سلیمان منصور پوری نے ہی لکھا ہے کہ،

'غرض درود بر نبی صلی اللہ علیہ وسلم دُعا کے لیے ایسا ہے جیسے نماز

marfat.com

کے لیے سورۃ فاتحہ اور یہ جملہ مقامات جن کا شمار ہو ان سے دُعا درود کی مشروعیت نکلتی ہے۔ جس سے واضح ہے کہ مفتاحِ دُعا درود شریف ہے۔ جیسا کہ مفتاحِ نماز وضو ہے۔ (الصلاۃ والسلام ص ۲۲۹)

ترمذی شریف اور مشکوٰۃ المصابیح میں حدیث شریف سرکار عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے۔

اِنَّ الدُّعَاءَ مَوْقُوْفٌ بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَا یَصْعَدُ مِنْهُ شَیْئٌ حَتّٰی تُصَلِّیَ عَلٰی نَبِیِّكَ۔

بے شک زمین اور آسمان کے درمیان دُعا موقوف رہتی ہے۔ اُس میں سے کچھ بھی اوپر نہیں چڑھتا جب تک تم اپنے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ بھیجے۔

(مشکوٰۃ ص ۸۷ مطبوعہ دہلی ترمذی شریف ص ۶۴)

مندرجہ احادیث شریفہ اور روایات سے اظہر من الشمس ہے۔ کہ درود شریف دُعا کی قبولیت کا ذریعہ ہے۔ مگر وہابیوں کے سردار امرتسری کے فتوے سے یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح عیاں ہو گئی ہے۔ اِس کے دِل میں سرورِ عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے کتنا عناد اور بغض ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم کا وظیفہ اور ذکر جائز نہیں!

سوال:۔ کیا فرماتے ہیں علمائے دین اِس مسئلہ میں کہ وظیفہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کا جائز ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

وہابیوں کے شیخ الکل میاں نذیر حسین دہلوی اِس کا جواب دیتے ہیں کہ:

الجواب:۔ وظیفہ مجموعہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کا ثابت نہیں ہے۔ وظیفہ کے واسطے صرف لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہے۔

وہابیوں کے مولوی عبدالرحمٰن مبارک پوری نے اِس استفتاء کے جواب میں لکھا ہے کہ:

marfat.com

"بیشک ذکر اور وظیفہ کے لیے صرف لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ ہے اور ذکر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کے ساتھ محمد رسول اللہ کا انضمام کسی روایت سے ثابت نہیں۔

(فتاویٰ نذیریہ ص ۴۴۹ ج ۱ مطبوعہ دہلی)

ناظرینِ کرام! مندرجہ بالا وہابی اکابر کے جوابات سے ان کی پیارے مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے محبت عیاں ہے۔ جو فرقہ کے اکابر اور نام نہاد محدث اسمِ رسولِ مقبول صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کو ذکر اور وظیفہ نہیں سمجھتے اس فرقہ کے باطل ہونے میں کیا شک وشبہ ہے اور ان سے بڑھ کر بدقسمت اور کون ہو سکتا ہے۔

قرآنِ پاک میں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ (پ ۲۶ ع ۱۲)

محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالےٰ کے رسول ہیں۔

لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ (پ ۲۹ ع ۴)

(کافر) جب (ذکر) قرآن سُنتے ہیں اور کہتے ہیں یہ ضرور عقل سے دُور ہیں۔

قرآنِ پاک کو اللہ تعالےٰ نے ذِکر فرمایا ہے:

پھر اللہ تعالےٰ جل جلالہٗ نے اپنا وظیفہ ذِکرِ مصطفیٰ خود قرآنِ پاک میں بیان فرمایا ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ۔ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا (پ ۲۲ ع ۴)

بیشک اللہ اور اُس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اس غیب بتانے والے (نبی) پر اے ایمان والو ان پر درود اور خوب سلام بھیجو۔

حدیثِ قدسی ہے۔ اللہ تعالےٰ اپنے پیارے رسول کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کو فرماتا ہے۔

اِذَا ذُکِرْتُ ذُکِرْتَ مَعِیَ۔

جہاں میرا ذکر ہو گا وہاں میرے ساتھ آپ کا ذکر ہو گا۔ (ترجمان القرآن ص ۴۰۷ پ ۲۲)

اس حدیثِ قدسی سے بھی عیاں ہے کہ جہاں ذکرِ خدا ہو گا وہاں ذکرِ مصطفیٰ بھی ہو

marfat.com

گا۔لہٰذا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ اگر ذکر وظیفہ ہے تو محمد رسول اللہ بھی ذکر و وظیفہ ہے۔

اذاں کیا جہاں دیکھو ایمان والو
پس ذکرِ حق ذکر ہے مصطفےٰ کا

اکابر وہابیہ نے اپنا یہ عقیدہ لکھ کر بغض مصطفیٰ کا اظہار کیا ہے۔

شرک ٹھہرے جس میں تعظیمِ حبیب
اس بُرے مذہب پہ لعنت کیجئے

وہابیوں کے امام ابن قیم اور قاضی سلیمان منصور پوری نے نقل کیا ہے کہ ابو رافع رضی اللہ عنہ (جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کے غلام تھے) کی حدیث ہے۔جسے طبرانی نے روایت کیا ہے۔نبی صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا۔

اِذَا طَنَّتْ اُذُنُ اَحَدِکُمْ فَلْیَذْکُرْنِیْ وَلْیُصَلِّ عَلَیَّ۔

جب کسی کا کان شاں شاں کرنے لگے تو اُسے لازم ہے کہ میرا ذکر کرے اور مجھ پر درُود پڑھے۔

(الصلوٰۃ والسلام ص۴۳، جلاء الافہام ص۴۷، القول البدیع۔عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی، ترجمان القرآن ص۴۰۷ پ۲۲)

نبیؐ پاک کی تعریف بشر جیسی بلکہ اس سے بھی اختصار سے کرو

عقیدہ:۔ کسی بزرگ کی تعریف میں زبان سنبھال کر بولو۔اور جو بشر کی سی تعریف ہو سو ہی کرو۔سو اونہیں بھی اختصار ہی کرو۔

(تقویۃ الایمان ص۶۳ مطبوعہ دہلی)

سرورِ کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات اور دیگر انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام سبھی بزرگ کے لفظ میں آجاتے ہیں۔

اب خود اندازہ کریں کہ اسماعیل دہلوی کہہ رہا ہے۔کہ جو بشر کی سی تعریف ہو۔سو ہی کرو۔صحابہ فرماتے ہیں۔

marfat.com

لَمْ اَرَ اَنْتَ قَبْلَهٗ وَ لَا بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ	آپ جیسا نہ آپ سے پہلے کسی کو دیکھا اور نہ آپ کے بعد کسی کو دیکھا۔

سب بشر سو جائیں تو وضو ٹوٹ جاتا ہے مگر نبی پاک صلے اللہ علیہ وسلم کا وضو نہیں ٹوٹتا۔ اسی طرح سب بشر سو جائیں تو ان کی آنکھیں اور دل سو جاتا ہے۔ مگر نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے انبیاء کرام علیہم السلام کے متعلق ارشاد فرمایا

تَنَامُ عَيْنَايَ وَلَا تَنَامُ قُلُوْبُهُمْ (صحیح بخاری شریف)	ان کی آنکھیں سوتی ہیں دل ان کا بیدار رہتا ہے۔

عورت کا خاوند مر جائے تو بعد از عدت وہ عورت دوسرے مرد سے نکاح کر سکتی ہے۔ مگر نبی اکرم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہن کسی دوسرے سے نکاح نہیں کر سکتیں۔ ہر بشر کی بیوی ہر مسلمان کی ماں نہیں ہے۔ مگر نبی پاک صلے اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن تمام مومنوں کی مائیں ہیں۔

امام الوہابیہ لکھتا ہے کہ بشر کی سی تعریف کرو۔ نیز یہ بھی حکم دیتا ہے کہ اس سے بھی اختصار کرو۔ جب کہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۔ پ ۳۰ ع ۱۹	اور ہم نے تمہارے لئے تمہارا ذکر بلند کیا۔
وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى	اور بے شک پچھلی تمہارے لئے پہلی سے بہتر ہے۔

(پ ۳۰ ع ۱۸)

ان دلائل اور اسماعیل دہلوی کے عقیدہ کو بنظر انصاف دیکھا جائے۔ تو امام الوہابیہ قرآن وحدیث کی نافرمانی کرنے کی تعلیم دے رہا ہے ؎

marfat.com

راہ پر ان کو تو لے آئیں ہم باتوں میں
اور کھُل جائیں گے دو چار ملاقاتوں میں

انبیاء کے نفس شریر

مودودی صاحب نے لکھا ہے کہ

عقیدہ ۱: اور تو اور بسا اوقات پیغمبروں تک کو اس نفس شریر کی سرزنی کے خطرے پیش آئے ہیں۔ (تفہیمات ص ۱۹۵ ج ۱)

اس عبارت کو انبیاء کرام علیہم السلام کی انتہائی گستاخی قرار دیتے ہوئے دیوبندی مولوی قاضی مظہر حسین لکھتے ہیں کہ۔

انبیائے کرام کے پاک نفسوں کو شریر سمجھنا انتہائی درجے کی گستاخی ہے پیغمبر معصوم ہوتے ہیں۔ ان کے نفوس شر و خباثت سے پاک ہوتے ہیں۔ بلکہ وہ دوسروں کے نفسوں کو بھی پاک کرنے آتے ہیں۔ وَ یُزَکِّیْهِمْ (مودودی مذہب ص ۲۲)

انبیاء کو اللہ تعالیٰ کی سزائیں

مودودی صاحب نے لکھا ہے کہ

عقیدہ ۲: اللہ تعالیٰ کے محبوب اور مقبول بارگاہ ہونے کے باوجود اور اس کے طرف سے بڑی بڑی حیرت انگیز طاقتیں پانے کے باوجود تھے تو بندے اور بشر ہی۔ الوہیت ان میں کسی کو حاصل نہ تھی۔ رائے اور فیصلے کی غلطی بھی کرتے تھے۔ بیمار بھی رہتے تھے۔ آزمائشوں میں بھی ڈالے جاتے تھے حتی کہ قصور بھی ان سے ہو جاتے تھے۔ اور انہیں سزا تک دی جاتی تھی (ترجمان القرآن ص ۱۵۸ مئی ۱۹۵۵ء بحوالہ مودودی مذہب ص ۳۱)

marfat.com

مودودی صاحب کے اس عقیدہ پر تبصرہ کرتے ہوئے دیوبندی مولوی قاضی مظہر حسین لکھتے ہیں کہ

"مودودی صاحب کا یہ لکھنا کہ اللہ تعالےٰ کی طرف سے انبیاء کو سزا تک دی جاتی تھی۔ بہت بڑی گستاخی ہے۔ انبیاء علیہم السلام پر جو مصیبتیں نازل ہوتی ہیں وہ جرم کی بنا پر نہیں۔ بلکہ ان کی عظمتِ شان کے پیشِ نظر ان کے درجات اور زیادہ بلند کرنے کے لیئے ہیں۔ انبیاء کرام کی معصوم شخصیتیں مجرم اور قابلِ سزا نہیں ہوتیں۔ وہ تو لوگوں کے جرائم کا ازالہ کرنے کے لیئے آتے ہیں۔

(مودودی مذہب ص ۳۲)

انبیاء اپنی کوشش سے خدا کو پہچانتے ہیں

مودودی صاحب نے لکھا ہے۔ کہ

عقیدہ ۱۔ اس سے یہ بات بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ وحی کے ذریعہ سے حقیقت کا براہِ راست علم پانے سے پہلے انبیاء علیہم السلام مشاہدے اور غور و فکر کی فطری قابلیتوں کو صحیح طریقے پر استعمال کر کے (جیسے اوپر کی آیات میں بَیِّنَۃ من الرب سے تعبیر کیا گیا ہے۔ توحید و معاد کی حقیقتوں تک پہنچ جاتے تھے۔ اور ان کی یہ رسائی وہبی نہیں بلکہ کسبی ہوتی تھی۔ اس کے بعد پھر اللہ تعالےٰ انہیں علم وحی عطا کرتا تھا۔ اور یہ چیز کسبی نہیں بلکہ وہبی ہوتی تھی۔

(رسائل و مسائل ص ۲۹)

دیوبندی وہابیوں کے مولوی مظہر حسین صاحب آف چکوال مودودی صاحب کی اس عبارت کے متعلق لکھتے ہیں کہ

marfat.com

یہاں مودودی صاحب نے منصبِ نبوت کے خلاف بہت غلط عقیدہ لکھا ہے. حقیقت یہ ہے کہ انبیاء کرام کو جس طرح نبوت محض اللہ تعالےٰ کی طرف سے ایک وہبی نعمت ملتی ہے. اسمیں ان کو اپنی کوشش اور محنت کی حاجت نہیں ہوتی۔ اسی طرح ان کو اللہ تعالیٰ فطرتاً اپنی توحید پر یقین واذعان عطا فرمادیتا ہے۔ وہ پیدائشاً اور فطرتاً موحد و مومن ہوتے ہیں۔ (مودودی مذہب ص۲۱)

انبیاء کی بعثت کا مقصد حصولِ اقتدار ہے

جماعت اسلامی کے بانی مودودی صاحب انبیاء کی بعثت کا مقصد صرف حصولِ اقتدار قرار دیتے سیاسی انقلاب برپا کرنا قرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ :-

وہ اہلِ جاہلیت کو یہ حق تو دینے کو تیار تھے۔ اگر چاہیں تو اپنے جاہل اعتقادات پر قائم رہیں۔ اور جس خدا کے اندر ان کے عمل کا اثر انہی کی ذات تک محدود رہتا ہے۔ اس میں اپنے جاہلی طریقوں پر چلتے رہیں مگر وہ انہیں یہ حق دینے کے تیار نہ تھے۔ اور نہ فطرۃً دے سکتے تھے۔ کہ اقتدار کی کنجیاں ان کے ہاتھ میں رہیں۔ اور وہ انسانی زندگی کے معاملات کو طاقت کے زور سے جاہلیت کے قوانین پر چلائیں۔ اس وجہ سے تمام انبیا نے سیاسی انقلاب برپا کرنے کی کوشش کی۔ (تجدید و احیائے دین ص۳۴)

قارئین کرام :- جماعت اسلامی کے بانی اور نام نہاد مفکر اسلام نے عام انسانوں پر ہی نہیں۔ بلکہ انبیاء کرام علیہم السلام پر بھی بہتان تراشی سے احتراز نہیں کیا۔ اور یہ بہتان عظیم نہیں تو اور کیا ہے۔ انبیاء عظام علیہم السلام لوگوں کو جاہل اعتقادات پر قائم رہنے کا حق تو دینے کو تیار تھے مگر اقتدار کی کنجیاں دینے کو تیار نہ تھے۔ اس عقیدہ سے

marfat.com

عیاں ہوتا ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام کی تشریف آوری اور بعثت کا مقصد توحید کی اشاعت اور پرچار نہ تھا۔ بلکہ اپنا اقتدار تھا۔ اور سیاسی انقلاب برپا کرنا تھا۔ جو کہ قرآن وحدیث کے خلاف ہے۔ اللہ تعالےٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔

يَا اَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ	اے لوگو! اپنے رب کو پوجو۔
الَّذِىْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ	جس نے تمہیں اور تم سے اگلوں
قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ط	کو پیدا کیا۔ یہ امید کرتے ہوئے
(پ۱ ع ۳)	کہ تمہیں پرہیز گاری ملے۔
وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ	اور میں نے جن اور آدمی اپنے ہی لئے بنائے
اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ (پ۲۷ ع ۲)	کہ میری بندگی کریں۔
يَا اَيُّهَا النَّبِىُّ اِنَّا اَرْسَلْنَاكَ	اے غیب کی خبریں بتانے والے
شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا	(نبی) بے شک ہم نے تمہیں بھیجا
وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَ	حاضر وناظر اور خوشخبری دیتا اور
سِرَاجًا مُّنِيْرًا ط	ڈر سناتا۔ اور اللہ کی طرف
(پ۲۲ ع ۳)	اس کے حکم سے بلاتا۔ اور چمکا دینے
	والا آفتاب

اس آیت میں اللہ تعالےٰ نے نبی پاک کو اللہ کی طرف سے اس کے حکم سے بلانے والا قرار دیا ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی قوم کو فرمایا۔

وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ	اور ابراہیم کو جب اس نے اپنی
اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ط ذٰلِكُمْ	قوم سے فرمایا کہ اللہ کو پوجو اور
خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ط	اس سے ڈرو اس میں تمہارا
(پ ۲۰ ع ۱۴)	بھلا ہے۔ اگر تم جانتے۔

marfat.com

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْ اِبْرَاهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَ الْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ (پ۲۸ ع ۷)

بے شک تمہارے لیئے اچھی پیروی تھی ابراہیم اور اس کے ساتھ والوں میں جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا بے شک ہم بیزار ہیں تم سے اور ان سے جنہیں اللہ کے سوا پوجتے ہو۔ ہم تمہارے منکر ہوئے۔ اور ہم میں تم میں دشمنی اور عداوت ظاہر ہو گی ہمیشہ کے لیئے۔ جب تک تم ایک اللہ پر ایمان نہ لاؤ۔

حضرت شعیب علیہ السلام کے متعلق اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ (پ۲۰ ع ۱۶)

اور مدین کی طرف ان کے ہم قوم شعیب کو بھیجا۔ تو اس نے فرمایا۔ اے میری قوم اللہ کی بندگی کرو۔ اور پچھلے دن کی امید رکھو۔ اور زمین میں فساد پھیلاتے نہ پھرو۔

ان آیات طیبات سے اظہر من الشمس ہے کہ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی بعثت کا سب سے بڑا مقصد لوگوں کو جاہل معتقدات سے ہٹا کر صحیح عقائد کی طرف لانا ہے۔

مگر مودودی صاحب کا نظریہ قرآنی آیات کے نظریہ کے بالکل خلاف ہے۔

marfat.com

وسیلہ لے کر دُعا مانگنے کی ممانعت

س :۔ بوقتِ دعا بحرمت یا بوسیلہ یا بطفیل کے لفظ پکار کر اور اشارہ کسی اولیاءِ کرام یا صحابہ کرام وغیرہ کی طرف رکھ کر کہنا جائز ہے یا نہیں ؟

ج :۔ بطفیل یا بحرمتہ کہنے میں علما کا اختلاف ہے۔ مگر راجح یہ معلوم ہوتا ہے کہ نہیں چاہیئے۔ کیونکہ کسی آیت یا حدیث میں ایسا نہیں آیا۔ کہ خدا یا رسول نے ایسا کہنے کی تلقین فرمائی ہو۔

(اخبار اہلحدیث امرتسر ص۱ ۲۷ مارچ ۱۹۰۸ء)

امام الوہابیہ ثناء اللہ امرتسری کا یہ جواب قرآن و حدیث کے خلاف ہے۔ قرآن پاک میں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ (پ۶ ع ۱۰)	اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو۔ اور اس کی طرف وسیلہ ڈھونڈو۔ اور اس کی راہ میں جہاد کرو۔ اس امید پر کہ تم فلاح پاؤ۔

طبرانی شریف اور دیگر کتب احادیث میں روایت درج ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام سے لغزش سرزد ہوئی۔ تو انہوں نے نبی پاک کے وسیلہ سے دعا کی

يَارَبِّ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ لَمَا غَفَرْتَ لِيْ	اے میرے پروردگار! محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے واسطے اور وسیلے سے مجھے معاف فرمادے۔

طبرانی شریف ص۸۲-۸۳ ج ۲ خصائص کبریٰ ص۱۷ ج ۱ کتاب الوفا باحوال المصطفےٰ ص۳۳ ج ۱ بیان المیلاد النبوی۔ مستدرک ص۶۱۵ ج ۲۔ ابن عساکر ص۳۵۷ ج ۲ شواہد الحق للنبہانی ص۱۳۷ انوار المحمدیہ ص۹-۱۰ زرقانی شریف ص۶۲ ج ۱ مواہب اللدنیہ ص۱۲ تفسیر عزیزی ص۱۸۳ افضل الصلوات ص۱۱۷

marfat.com

تفسیر درِ منثور میں امام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ سیّد المفسّرین عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما فرماتے ہیں کہ کفّار پر یہودی فتح حاصل کرنے کے لئے دعایوں کرتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَنْصِرُکَ بِحَقِّ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ اَنْ تَنْصُرَنَا عَلَیْھِمْ

اے اللہ تعالےٰ ہم تجھ سے نبی امّی کے وسیلہ سے دعا کرتے ہیں۔ کہ تو ہم کو ان مشرکین پر فتح دے کر مدد فرما۔

(تفسیر درِ منثور)

شیخ سعدی علیہ الرحمۃ بارگاہِ الوہیت میں دعا کرتے ہوئے عرض کرتے ہیں۔

خُدایا بحق بنی فاطمہ
کہ بر قولِ ایماں کنی خاتمہ
اگر دعوتم رد کنی ور قبول
من و دست دامانِ آلِ رسول

(بوستان فارسی ص۵)

قارئینِ کرام:۔ قرآن و حدیث کی روشنی میں معلوم ہوا کہ وہابیہ کا یہ عقیدہ بھی قرآن و حدیث کے خلاف ہے۔ ؎

خلافِ پیمبر کسے راہ گزید
ہرگز بمنزل نخواہد رسید!

نبی کا منصب

مودودی صاحب اللہ تعالیٰ کے خلیفہ نبی کا منصب بیان کرتے ہوئے گستاخانہ انداز میں لکھتے ہیں کہ:

"اس منصب پر انسان کو مقرر کرتے وقت خداوندِ عالم نے اچھی طرح اس کے کان کھول کر یہ بات اس کے ذہن نشین کر دی تھی۔ کہ تمہارا اور تمام جہان کا مالک معبود اور حاکم میں ہوں۔ میری اس سلطنت میں نہ تم خود مختار ہو۔ نہ کسی دوسرے کے بندے ہو۔ اور نہ میرے سوا کوئی تمہاری اطاعت و بندگی اور پرستش کا مستحق ہے۔ دُنیا کی یہ زندگی جس میں تمہیں اختیارات دیکر

marfat.com

بھیجا جارہا ہے۔ دراصل تمہارے لیے ایک امتحان کی مدت ہے۔ جس کے بعد تمہیں میرے پاس واپس آنا ہوگا۔ اور میں تمہارے کام کی جانچ کر کے فیصلہ کروں گا کہ تم میں سے کون امتحان میں کامیاب رہا ہے۔ اور کون ناکام۔ تمہارے لیے صحیح رویہ یہ ہے کہ مجھے اپنا واحد معبود۔ اور حاکم تسلیم کرو۔ جو ہدایات میں بھیجوں اس کے مطابق دُنیا میں کام کرو۔ اور دُنیا دارالامتحان سمجھتے ہوئے اس شعور کے ساتھ زندگی بسر کرو۔ کہ تمہارا اصل مقصد میرے آخری فیصلے میں کامیاب ہونا ہے۔ اس کے برعکس تمہارے لیے ہر وہ رویہ غلط ہے۔ جو اس سے مختلف ہو۔ اگر پہلا رویہ اختیار کرو گے (جسے اختیار کرنے کے لیے تم آزاد ہو) تو تمہیں دُنیا میں امن و اطمینان حاصل ہوگا اور جب میرے پاس پلٹ کر آؤ گے تو میں تمہیں ابدی راحت و مسرت کا وہ گھر دوں گا۔ جس کا نام جنت ہے اور اگر دوسرے کسی رویہ پر چلو گے (جس پر چلنے کے لیے بھی تم کو آزادی ہے) تو دُنیا میں تم کو فساد اور بے چینی کا مزا چکھنا ہوگا۔ اور دُنیا سے گزر کر عالمِ آخرت میں جب آؤ گے تو ابدی رنج و مصیبت کے اس گڑھے میں پھینک دیئے جاؤ گے جس کا نام دوزخ ہے۔" (مقدمہ تفہیم القرآن ص۱۵)

نبی پاک اور دیگر انبیاء اور اولیاء کو شہنشاہ کہنا حرام ہے

وہابیوں کے مجدد محمد بن عبدالوہاب نجدی نے رسوائے زمانہ کتاب میں لکھا ہے کہ

عقیدہ:۔ شاہان شاہ کا لقب دینا حرام ہے۔ (کتاب التوحید ص۱۱۹)

قارئین! وہابیوں کے اکابر جو انگریزوں کو شہنشاہ اور بڑے بڑے القابوں سے نوازتے رہے ہیں۔ ان کے نزدیک سرورِ کائنات صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو بھی شاہانِ شاہ کہنے کی حرمت ہے۔ حالانکہ امام الانبیاء صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے

marfat.com

اَنَا سَیِّدُ النَّاسِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ (مشکوٰۃ شریف)	میں قیامت کے دن تمام لوگوں کا سردار ہوں گا۔
ایک اور ارشاد ہے۔ انا سَیِّدُ وُلْدِ آدَمَ۔ (مشکوٰۃ)	میں سرکار آدم علیہ السلام کی اولاد کا سردار ہوں۔

تمام بادشاہ اولاد آدم میں سے ہی ہیں۔ تو پھر سرور عالم کو شہنشاہ یا شاہانِ شاہ کہنا کیوں حرام ہوگا۔

میرے اعلیٰحضرت مجدد دین وملت نے مسلمانوں کی رہنمائی کرتے ہوئے بارگاہِ نبوی میں کیا خوب عرض کیا ہے۔ ؎

سرور کہوں کہ مالک ومولا کہوں تجھے
باغِ خلیل کا گل زیبا کہوں تجھے!
لیکن رضا نے ختم سخن اس پہ کر دیا
خالق کا بندہ، خلق کا آقا کہوں تجھے

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی غریبی اور کس مپرسی

وہابیوں کے سردار مولوی ثناء اللہ امرتسری لکھتے ہیں کہ

عقیدہ ۱۔ جس انداز سے پیغمبر خدا نے شروع سے زہد اور توحید وغیرہ کی تعلیم شروع کی۔ اخیر عمر تک اسی انداز پر رہی۔ حالانکہ تیئس سال کی عمر ایک ربع صدی ہے جس میں انسان کے کئی طرح سے خیالات بدلتے ہیں۔ خود آنحضرت ایک غریبی کس مپرسی کی تکلیف سے شہنشاہی ریاست حکومت تک پہنچے تھے۔ مگر تعلیم جیسی ابتدا سے تھی ویسی ہی رہی۔ (ترکِ اسلام ص۲۰۱)

قارئین کرام! پہلے تو مندرجہ بالا عبارت میں امام الوہابیہ امرتسری کا لہجہ

marfat.com

ہی آتنا گستاخ ہے کہ خُدا کی پناہ ۔ بعد ازاں اُس امرتسری کی جہالت کا بھی بیّن ثبوت اِس سے عیاں ہوتا ہے۔ ذرا غور کیجئے کیا لکھتا ہے ؟

خود آنحضرت ایک غریبی کس مپرسی کی تکلیف سے شہنشاہی ریاست حکومت تک پہنچے تھے۔

حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے پُوچھیئے اُس کے گھر میں کہ نبی مکرم ۔ رحمت عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ و آلہٖ وسلم کی آمد اور جلوہ گری کے بعد کس طرح برکتوں کا نزول ہُوا مفلوک الحالی جاتی رہی ۔ بلکہ جس سال سرورِ عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ و آلہٖ وسلم جلوہ افروز ہُوئے اُس سال کو محدثین مفسّرین اور مؤرخین خیر و برکت کا سال لکھتے ہیں۔ ہر طرف برکت ہی برکت تھی۔ مگر یہ گستاخ رسول امرتسری ایسا بدطینت ہے کہ اُس ہستی کے بارے میں لکھتا ہے کہ

خود آنحضرت ایک غریب کس مپرسی کی تکلیف سے شہنشاہی ریاست حکومت تک پہنچے تھے۔

امرتسری کو کیا معلوم میرے آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حکومت کا تو اس وقت ہر ذی شعور کو علم ہوگیا تھا جب بُت تھر تھرا گئے ۔ کعبہ سرنگوں ہوگیا۔ ستارے جھوم گئے ۔ پھر میرے آقا کی نبوّت کی شان تو یہ ہے ۔ فرمایا۔

كُنْتُ اَوَّلُ النَّبِيِّيْنَ فِيْ الْخَلْقِ وَ اٰخِرُهُمْ فِي الْبَعْثِ ۝

میں پیدائش کے لحاظ سے سب انبیاء کرام سے اوّل پیدا ہُوا ہوں اور مبعوث ہونے کے لحاظ سے سب سے آخر میں ہوں۔

(تفسیر ابن جریر ص۸ ج ۱۵ معالم التنزیل ص۱۹۲ ج ۵ درمنثور ص۱۸۴ ج ۵ خصائص کبریٰ ص۹ ج ۱ دلائل النبوۃ ص۶ ج ۱ ۔ مواہب الدنیہ ص۶ ج ۱ جواہر البحار ص۶۹۱ انوار محمدیہ ص۷ المقاصد الحسنہ ص۳۲۷ ۔ تفسیر ترجمان القرآن ص۲۵۴)

كُنْتُ نَبِيًّا وَّ اٰدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَ الْجَسَدِ ۝

میں اُس وقت بھی نبی تھا جب آدم علیہ السلام روح اور جسم میں تھے۔

(عرائس البیان ص۲۳۵ ج ۱ المقاصد الحسنہ ص۳۲۷ مدارج النبوۃ ص۳ ج ۲)

اِنَّمَا بُعِثْتُ هَاتِحًا وَ

یقیناً مجھے ہی (نبوّت) کھولنے والا اور

marfat.com

خَاتِمًا ۔ (المقاصد الحسنہ صـ۱۳۳) بند کرنے والا بنا کر بھیجا گیا ہوں ۔

اِس صدی کے مجدّد برحق فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ کے سچ فرمایا ہے ؎

جس کے آگے سر سروران خم نہ ہیں
اُس کی قاہر ریاست پہ لاکھوں سلام !

علّامہ صاوی علیہ الرحمۃ نے فرمایا ہے کہ :

مَنْ زَعَمَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَاحَادِ النَّاسِ لَا یَمْلِکُ شَیْئًا اَصْلًا وَلَا نَفَعَ بِہٖ ظَاھِرًا وَلَا بَاطِنًا فَھُوَ کَافِرٌ ۔ (التفسیر صاوی)

جس کا یہ گمان ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم عام انسانوں کی مثل ہیں ۔ بالکل کسی چیز کے مالک نہیں اور نہ ہی ان سے ظاہری و باطنی کوئی نفع اور فائدہ ہے وہ مسلمان ہی نہیں ہے ۔

پس معلوم ہوا کہ ایسا عقیدہ رکھنے والے کے دِل میں سرورِ عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا کوئی مقام نہیں ۔

نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہجرتؔ سے پہلے غلبہ نہ تھا

وہابیوں کے محدّث میاں نذیر حسین دہلوی نے لکھا ہے کہ

عقیدہ ۱۰ ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم جب سے مبعوث ہوئے اسی وقت سے آپ کو نبوّت اور حکومت و سلطنت عطا ہوئی ۔ مگر زمانۂ ہجرت تک آپ کو غلبہ نہیں تھا اور اسلام میں اس وقت اور اس کے بعد کچھ اور دنوں تک ہر طرح کی غربت تھی ۔

(فتاوی نذیریہ صـ۳۵۹ ج ۱ مطبوعہ دہلی صـ۵۹۳ مطبوعہ لاہور)

قارئین کرام ! ابو الوہابیہ کی علمی قابلیت کا آپ نے اندازہ لگایا ۔ کہ لکھتے ہیں ۔ زمانۂ ہجرت تک آپ کو غلبہ نہیں تھا اور اسلام میں اس وقت اور اُس کے بعد کچھ دیر اور دنوں تک ہر طرح کی غربت تھی ۔ حالانکہ سرورِ کائنات صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی آمد آمد پر ہی کسریٰ کے محلّوں میں زلزلہ آگیا ۔ نارِ فارس بجھ گئی ۔ شجر و حجر نے زمین و آسمان نے خوشی کا اظہار کیا ۔ خانۂ

marfat.com

کعبہ سرنگوں ہوگیا۔ بُت لرز گئے اور اوندھے پڑ گئے۔ بلکہ بتوں کی زبانوں پر جاری ہوگیا۔ کہ صادق و امین آگیا۔ راہبوں نے آپ کی عظمت اور غلبے کے تذکرے کئے۔

ایک غیر مسلم اس وقت کا سماں پیش کرتا ہُوا کہتا ہے۔ ؎

جہاں تاریک تھا ظلمت کدہ تھا سخت کالا تھا
کوئی پردے سے کیا نکلا کہ گھر گھر میں اُجالا تھا!

لیکن وہابیوں کے محدث اور اکثر اکابر کے اُستاذ کہتے ہیں کہ غلبہ نہ تھا۔ اسلام میں غربت کا تذکرہ بھی کیا ہے جب سیدالمرسلین۔ خاتم النبیین صلی اللہ تعالےٰ علیہ و آلہٖ وسلم کا فرمان ہے۔

اَلْاِسْلَامُ یَعْلُوْا وَلَا یُعْلٰی ۔ (المقاصد الحسنہ للسخاوی ص۵۸ دارقطنی دلائل النبوۃ بیہقی)

اسلام غالب ہے۔ اُس پر کوئی غالب نہیں ہو سکتا۔

نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُمّت کے مُحتاج ہیں

وہابیہ نجدیہ کے نزدیک سرورِ کائنات صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم اور دیگر مومنین میں اور ان کی موت میں کوئی فرق نہیں ہے۔ جیسا کہ ان کی کتب کے حوالہ جات واضح ہوگیا ہے اِس لئے وہابیوں کے نزدیک سرورِ عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم اپنی اُمت کے محتاج ہیں۔ کیونکہ ان کے مجتہد قاضی شوکانی نے ایک اصول بیان کیا ہے کہ

اَلْمَیِّتُ مُحْتَاجٌ اِلٰی مَنْ یَدْعُوْلَہٗ (الدار النضید ص۶۰)

مردہ محتاج ہے کہ کوئی اس کے لئے دُعا کرے۔

لہٰذا اِس اُصول کے مُطابق وہابیہ نجدیہ خذلھم اللہ تعالےٰ کے نزدیک محبوب رب کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم اپنی اُمّت کے محتاج ہُوئے۔ ؎

جب سرِ محشر وُہ پوچھیں گے بُلا کے سامنے
کیا جواب جُرم دو گے تم خُدا کے سامنے

marfat.com

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور دُوسرے اِنسانوں کی وفات برابر ہے

مولوی ثناء اللہ امرتسری نے بھی لکھا ہے کہ

عقیدہ :- ہمارا عقیدہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دوسرے انسانوں کی طرح وفات پاگئے۔ (اخبار اہلحدیث امرتسر صـ۳ ۲۵ اپریل ۱۹۴۱ء)

مولوی ثناء اللہ امرتسری نے ہی لکھا ہے کہ

عقیدہ :- لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ۝ اِس آیت سے عام اولیاء اللہ یا انبیاء کا ذکر نہیں۔ بلکہ خاص شہیدوں کا ذکر ہے۔ شہیدوں کی زندگی ایسی نہیں جیسی ہم لوگوں کی ہے۔ (اہلحدیث امرتسر صـ۱۲ ۱۳ اپریل ۱۹۱۲ء)

شہداء کو مُردہ اعزازی طور پر نہ کہیئے

عقیدہ :- شہداء کو اعزازی طور پر مُردہ کہنے سے منع کیا ہے۔

(اہلحدیث امرتسر صـ۱۳ ۸ اکتوبر ۱۹۳۷ء)

اللہ کریم نے وہابیوں کے عقائد کو باطلہ کا بطلان خود ان کے ہی مولوی قاضی شوکانی سے ثابت کرادیا تاکہ وہابی قیامت تک اپنے مسلک کو سچا نہ گردان سکیں۔

قاضی شوکانی کی عبارت یہ ہے۔

مَا ثَبَتَ اَنَّ الشُّهَدَاءَ اَحْيَاءٌ يُرْزَقُوْنَ فِيْ قُبُوْرِهِمْ وَ

پس شہداء کا اپنی قبور میں زندہ ہونا اور انہیں رزق دیا جانا ثابت ہوا۔ تو حضور اکرم صلے اللہ تعالےٰ علیہ

marfat.com

النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ منہم۔ (نیل الاوطار ص۱۰۱ ج۵)

وسلم بھی انہی زندوں میں ہیں۔

اے چشم شعلہ بار ذرا دیکھ تو سہی
یہ گھر جو جل رہا ہے کہیں تیرا گھر نہ ہو

اُمتی عمل میں نبی کے برابر حتّٰے کہ بڑھ بھی جاتا ہے

دیوبندی وہابیوں کے امام اور نام نہاد قاسم العلوم مدرسہ دیوبند کے بانی مولوی قاسم نانوتوی لکھتے ہیں کہ :-

عقیدہ :- انبیاء اپنی اُمت سے ممتاز ہوتے ہیں۔ تو علوم ہی میں ممتاز ہوتے ہیں۔ باقی رہا عمل اس میں بسا اوقات بہت وقتوں میں بظاہر اُمتی مساوی و برابر ہو جاتے ہیں بلکہ اُمتی نبیوں سے عمل میں بڑھ جاتے ہیں۔ (تحذیر الناس ص۵۲ مطبوعہ دیوبند)

بانیٔ مدرسہ دیوبند کا یہ عقیدہ بھی قرآن و حدیث کی واضح طور پر مخالفت کر رہا ہے۔

قرآن پاک میں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔

وَ لَلْاٰخِرَۃُ خَیْرٌ لَّکَ مِنَ الْاُوْلٰی۔ (پ۳۰ ع)

اور بے شک پچھلی تمہارے لیے پہلی سے بہتر ہے۔

حدیث شریف میں بھی یہ مسئلہ ہے کہ جو کسی کو نیک عمل سکھائے یا بتائے اور جو اُس نیک عمل پر گامزن ہو تو جتنا ثواب نیک عمل کرنے والے کو ہوگا اتنا ہی اجر اُس نیک عمل بتانے والے کو بھی ملے گا اس مسئلہ کی روشنی میں معلوم ہوا کہ قیامت تک اُمت محمدیہ جو بھی نیک عمل کرے گی۔ جتنا ثواب کل اُمت کے نیک کام کرنے والوں کو ملے گا اتنا ہی اجر ہمارے آقا و مولا اور ہادی و راہنما حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ تعالےٰ علیہ و آلہٖ وسلم کے نام اعمال میں جمع ہوگا۔ کیونکہ سب نیکیاں بتانے والے محبوب خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم ہیں۔

marfat.com

رہِ منزل میں سب گم ہیں مگر افسوس تو یہ ہے
امیرِ کارواں بھی ہیں اُنہیں گم کردہ راہوں میں!

سرورِ کائنات علیہ الصّلوٰۃ والسّلام سے لاٹھی زیادہ نافع ہے

وہابیوں کے ممدوح مولوی حسین احمد ٹانڈوی المعروف مدنی نے اپنی کتاب الشہاب الثاقب میں وہابیوں کا عقیدہ لکھا ہے کہ

عقیدہ :۔ ہمارے ہاتھ کی لاٹھی ذات سرورِ کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ہم کو زیادہ نفع دینے والی ہے۔ ہم اس سے کُتے کو دفع کر سکتے ہیں۔ اور ذاتِ فخرِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے تحریر بھی نہیں کر سکتے۔

(بحوالہ الشہاب الثاقب صـ۴۷ سطر ۱۱ تا ۱۳)

نبی پاک کا کوئی احسان اور فائدہ نہیں

عقیدہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہم پر اب کوئی حق نہیں اور نہ کوئی احسان اور فائدہ ان کی ذاتِ پاک سے بعد وفات کے۔ (بحوالہ الشہاب الثاقب صـ۴۷ سطر ۹، ۱۰)

قارئین کرام :۔ مندرجہ بالا وہابیوں کے عقیدے پڑھتے ہوئے مسلمان لرز جاتے ہے۔ اتنی بیباکی اور گستاخی اُس ہستی سے جس کا مسلمان کلمہ پڑھتے ہیں۔ خداوند کریم تو اُس پیارے رسول مقبول صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی آمد آمد پر مسلمانوں پر احسان جتلائے اور فرمائے۔

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ پ۴ ع ۸

بے شک اللہ کا بڑا احسان ہوا مسلمانوں پر کہ ان میں انہیں میں سے ایک رسول بھیجا۔

دوسرے مقام پر اللہ تعالیٰ ہی فرماتا ہے۔

marfat.com

لَقَدْ جَآءَ كُمْ رَسُوْلٌ مِنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَؤُفٌ الرَّحِيْمُ

بیشک تمہارے پاس تشریف لے آئے تم میں سے وہ رسول جن پر تمہارا مشقت میں پڑنا گراں ہے اور تمہاری بھلائی کے نہایت چاہنے والے مسلمانوں پر کمال مہربان

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا۔ (پ ع)

تم فرماؤ اللہ ہی کے فضل اور اسی کی رحمت۔ اسی پر چاہیئے کہ خوشی کریں۔

وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ (پ ع).

قرآن کریم کی آیات طیبات کے بعد چند ایک احادیث شریفہ پیش کی جاتی ہیں۔ جس سے عیاں ہے کہ تاقیامت رحمت عالمیاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا اپنی اُمت پر احسان ہے۔ اور ان کی ذات والاصفات سے فائدہ ہی فائدہ ہے۔

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ وَاحِدَةً مَرَّةً فَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا مَرَّاتٍ۔

جو مجھ پر ایک مرتبہ درود شریف پڑھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس پر ۱۰ مرتبہ رحمتیں بھیجتا ہے۔

نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کا دوسرا فرمان یہ ہے۔ کہ

صَلُّوْا عَلَيَّ فَاِنَّ الصَّلٰوةَ عَلَيَّ كَفَّارَةٌ لَّكُمْ فَمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ (الصلوٰۃ والسلام ص۳۱)

مجھ پر درود بھیجا کرو۔ یہ تمہارے لئے کفارہ ہے۔ جو مجھ پر درود بھیجتا ہے، خدا اس پر رحمت بھیجتا ہے۔

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ فِيْ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ لَمْ يَمُتْ حَتّٰى يَرٰى مَقْعَدَهٗ مِنَ الْجَنَّةِ۔

جو کوئی ہزار دفعہ روزانہ درود پڑھ لیتا ہو۔ وہ نہ مرے گا جب تک اپنا مقام جنت نہ دیکھ لے گا۔

(الصلوٰۃ والسلام ص۲۹)

قاضی سلیمان منصور پوری اور ابن قیم نے لکھا ہے کہ

marfat.com

جو شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ثنا کرے گا۔ اللہ تعالےٰ اُس کی ثنا فرمائیگا۔
اور تشریف و تکریم میں اُس کو بڑھائے گا۔ (الصلوٰۃ و السلام ص۸۰)

آج اگر کوئی کافر کلمہ پڑھ کر مسلمان ہوتا ہے تو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کے ارشاد کے مطابق اللہ تعالےٰ اُس کے سابقہ عُمر کے سارے گناہ معاف فرما دیتا ہے

میرے اعلیٰحضرت مجدّد دین وملت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی علیہ الرحمۃ نے انہیں کو مخاطب کرتے ہُوئے راہِ ہدایت کی طرف ایک اشارہ کرتے ہُوئے فرماتے ہیں۔

اور تو میرے آقا کی عنایت نہ سہی
نجدیو۔ کلمہ پڑھانے کا بھی احسان گیا

سرکارِ سیدہ طیبہ طاہرہ مخدومۂ دارین والیٔ جنت اُم المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کی بارگاہ میں صحابہ کرام کا حاضر ہونا اور بارش کے قحط کا عرض کرنا اور ان کا صحابہ کرام کو روضۂ رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم پر بھیجنا اور پھر بارش کا برسنا روایات میں درج ہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے دور میں بارش کے قحط کے موقعہ پر حضرت بلال حبشی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا روضۂ رسول پر جانا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فرمانا کہ کل بارش ہو گی۔

فاقہ کش کا روضۂ رسول پر جانا اور عرض کرنا اَنَا ضَیْفُکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ پھر اُس کو نبی محترم صلی اللہ تعالےٰ علیہ و آلہٖ وسلم کا روٹی عطا کرنا مستند کتب میں درج ہے۔ مگر وہابیہ کہتے ہیں کہ نبی سے چھڑی بہتر اور فائدہ مند ہے۔ لعنت اللہ علی الکٰذِبِیْنَ۔

حضرت مُوسیٰ علیہ السلام سے بہت بڑا گناہ ہو گیا تھا

مودودی صاحب سرکارِ سیدنا موسےٰ کلیم اللہ علیہ السلام کی شانِ اقدس میں سنگین قسم کی گستاخی کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ

نبی ہونے سے پہلے تو کسی نبی کو وہ عصمت حاصل نہیں ہوتی جو نبی ہونے کے بعد ہُوا

marfat.com

کرتی ہے۔ نبی ہونے سے پہلے تو حضرت موسےٰ علیہ السلام سے بھی ایک بہت بڑا گناہ ہو گیا تھا۔ کہ انہوں نے ایک انسان کو قتل کر دیا۔ چنانچہ جب فرعون نے ان کو اس فعل پر ملامت کی تو انہوں نے بھرے دربار میں اس بات کا قرار کیا کہ فَعَلْتُهَآ اِذًا وَّ اَنَا مِنَ الضَّآلِّيْنَ (الشعراء ع) یعنی یہ فعل مجھ سے اس وقت سرزد ہُوا۔ جب راہِ ہدایت مجھ پر نہ کھلی تھی۔ (رسائل و مسائل ص۲۷، ص۲۸)

دیوبندیوں کے قاضی مظہر حسین ہی تبصرہ درج کیا جاتا ہے۔ تاکہ دیوبندی وہابیوں کو بھی ان کے بڑوں کی کی ہُوئی گستاخیوں کی بھی کچھ خبر ہو۔ اور ان کو اپنے اکابر تسلیم کرنے سے انکار کریں اور میرے اعلیٰحضرت امام اہلسنت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی قدس سرہ القوی کی تحقیق حق گوئی اور صحیح دینِ اسلام کو سمجھنے کی داد دے کر صحیح اہل سنّت وجماعت مسلک اپنانے کی توفیق ہو۔ قاضی صاحب مودودی صاحب کی اس عبارت پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ۔

حضرت موسےٰ علیہ السلام پر یہ ایک بہت بڑا بہتان ہے۔ کہ ان سے بہت بڑا گناہ ہُوا تھا۔ اگر بہت بڑا گناہ انبیاء سے ہو جائے تو وہ معصوم کیسے مانے جا سکتے ہیں حقیقت یہ ہے کہ فرعون کی قوم کا ایک آدمی ایک اسرائیلی کو مار رہا تھا۔ مظلوم نے حضرت موسےٰ علیہ السلام سے فریاد کی۔ آپ نے اس فرعونی کو صرف ایک مکّہ مارا۔ اور اس کی وہیں جان نکل گئی۔ ظاہر ہے کہ آپ کا ارادہ قتل کرنے کا نہیں تھا۔ آپ نے تو چھڑانے کے لئے صرف ایک مکّہ مارا تھا۔ اور کسی مظلوم کی حمایت میں ایک ظالم کافر کو مکّہ مارنا کسی قانون میں سرے سے گناہ ہی نہیں۔ اس کام کو بہت بڑا گناہ کہنا حضرت موسےٰ کلیم اللہ کی عصمت پر بہت بڑا حملہ ہے۔ آیت میں وَ اَنَا مِنَ الضَّآلِّيْنَ کے الفاظ سے بڑا گناہ کیسے ثابت ہو سکتا ہے۔ جب کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے متعلق بھی ضلال کا لفظ قرآن مجید میں استعمال ہُوا ہے۔ وَ وَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى تو کیا مودودی صاحب امام الانبیاء (صلی اللہ علیہ وسلم) کو بھی اس لفظ کی وجہ سے نعوذ باللہ بڑا گناہ گار کہہ دیں گے۔

(مودودی مذہب ص۲۲۔ ص۲۳)

marfat.com

حضرت موسےٰ علیہ السّلام ایک جلد باز اور غیر مدّبر فاتح تھے

مودودی صاحب نے حضرت موسیٰ علیہ نبینا علیہ الصلوٰۃ والسّلام کو۔ آیت عَجِلْتُ اِلَیْکَ رَبِّ لِتَرْضٰی کے تحت لکھا ہے کہ ان کی مثال اس جلد باز فاتح کی سی ہے۔ جو اپنے اقتدار کا استحکام کئے بغیر مارچ کرتا ہُوا چلا جائے۔ اور پیچھے جنگل کی آگ کی طرح مفتوحہ علاقہ میں بغاوت پھیل جائے۔ (تفہیم القرآن صہ ج ۲)

دیوبندیوں کے ہی قاضی مظہر حسین چکوالی لکھتے ہیں کہ

یہاں حضرت موسےٰ علیہ السّلام کو ایک جلد باز اور غیر مدبر فاتح ظاہر کرکے ایک اولوالعزم پیغمبر کی سخت توہین[1] کی گئی ہے۔ نیز یہ ثابت ہُوا کہ مودودی صاحب انبیاء کرام علیہم السّلام کو بھی تنقید سے بالاتر نہیں سمجھتے۔ (العیاذ باللہ)

(مودودی مذہب صہ ۲۳ - صہ ۲۴)

حضرت نُوح علیہ السّلام میں جاہلیت کا جذبہ تھا

مودودی صاحب۔ سورۃ ہود کی آیت اِنِّیْ اَعِظُکَ اَنْ تَکُوْنَ مِنَ الْجَاھِلِیْنَ کے تحت خود ساختہ تفسیر کرتے ہُوئے حضرت نُوح علیہ السّلام کی شان میں بے ادبی کی جسارت اِن الفاظ میں کرتے ہیں کہ

بسا اوقات کسی نازک نفسیاتی موقع پر بھی نبی جیسا اعلیٰ و اشرف انسان بھی اپنی بشری کمزوریوں سے مغلوب ہو جاتا ہے۔ حضرت نُوح کی اخلاقی رفعت کا اس سے بڑا ثبوت اور کیا ہو سکتا ہے۔ کہ ابھی جان جوان بیٹا آنکھوں کے سامنے غرق ہُوا ہے۔ اور اس نظارہ

---

[1] اُولوالعزم پیغمبر کی سخت توہین کُفر ہے۔ اَب مودودی اور اس کو اپنا رہنما تسلیم کرنیوالوں کے متعلق شریعت میں کیا فتوےٰ ہے؟

marfat.com

سے کلیجہ منہ کو آرہا ہے لیکن جب اللہ تعالےٰ اُنہیں متنبہ فرماتا ہے۔ کہ جس بیٹے نے حق کو چھوڑ کر باطل کا ساتھ دیا۔ اس کو محض اس لئے اپنا سمجھنا کہ وہ تمہاری صلب سے پیدا ہوا ہے محض ایک جاہلیت کا جذبہ ہے۔ تو وہ فوراً اپنے دل کے زخم سے بے پروا ہو کر اس طرزِ فکر کی طرف پلٹ آتے ہیں۔ جو اسلام کا مقتضی ہے۔ (تفسیر تفہیم القرآن صـــ ج ۲)

قاضی مظہر حسین دیوبندی نے اِس پر تبصرہ کیا ہے کہ

مودودی صاحب نے تصریح کر دی ہے کہ حضرت نوح علیہ السّلام بشری کمزوریوں سے مغلوب ہو گئے تھے۔ حضرت نوح علیہ السّلام نے جاہلیت کے جذبہ کے تحت اپنے بیٹے کے لئے دُعا کی تھی۔ حالانکہ نوح علیہ السّلام نہ بشری کمزوریوں سے مغلوب ہُوئے اور نہ ہی آپ کی دُعاء جاہلیت کے جذبہ پر مبنی تھی۔ مودودی صاحب بلا دلیل حضرت نوح علیہ السّلام کی عصمت کو مجروح کر رہے ہیں۔ (مودودی مذہب صـ۲۷)

مودودی صاحب کا اپنا مقام

نام نہاد مفکر حضرت نوح علیہ السّلام کے متعلق تو یہ لکھیں کہ اپنی بشری کمزوریوں سے مغلوب ہو جاتا ہے۔

مگر اپنے متعلق یہ لکھتے ہیں۔ کہ

خُدا کے فضل سے میں کوئی کام یا کوئی بات جذبات سے مغلوب ہو کر نہیں کیا اور کہا کرتا۔ ایک ایک لفظ جو میں نے اپنی تقریر میں کہا ہے۔ تول تول کر کہا اور یہ سمجھتے ہوئے کہا ہے۔ کہ اس کا حساب مجھے خُدا کو دینا ہے۔ نہ کہ بندوں کو۔ چنانچہ میں اپنی جگہ بالکل مطمئن ہوں۔ کہ میں نے کوئی ایک لفظ بھی خلافِ حق نہیں کہا۔ (رسائل و مسائل صـ)

معلوم ہُوا کہ مودودی صاحب کے نزدیک انبیاء کرام علیہم السّلام سے بڑھ کر اپنا مقام ہے۔ ؎

مودودیا! سخت ہی گندی ہے طبیعت تیری کُفر کیا شرک کا فضلہ ہے نجاست تیری

marfat.com

حضرت داؤد علیہ السلام اسرائیلی سوسائٹی سے متاثر ہوئے تھے

مودودی صاحب۔ سرکار داؤد علیہ السلام (جو کہ خلیفۃ اللہ ہیں۔ اور صاحبِ شریعت رسول ہیں) کی شان اقدس میں گستاخی کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

مگر اس کی اصلیت صرف اس قدر تھی کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے اپنے عہد کی اسرائیلی سوسائٹی کے عام رواج سے متاثر ہو کر اوریا سے طلاق کی درخواست کی تھی۔

(تفہیمات ص۴۲ ج۲)

قاضی مظہر حسین دیوبندی اس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

اس میں بھی حضرت داؤد علیہ السلام کی تنقیص پائی جاتی ہے۔ کیونکہ پیغمبر کسی غلط سوسائٹی سے متاثر نہیں ہوتے۔ بلکہ وہ تو دوسروں پر اثر انداز ہونے اور سوسائٹیاں بدلنے کے لئے بھیجے جاتے ہیں۔ اور انبیاء کرام کا ہر عمل نیک نیتی پر مبنی ہوتا ہے۔

(مودودی مذہب ص۲۴)

حضرت داؤد کے فعل میں خواہشِ نفس کا دخل تھا

مودودی صاحب نے سرکارِ داؤد علیہ السلام کی شان اقدس میں اپنی تفسیر میں آیت یٰا داوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰکَ خَلِیْفَۃً فِی الْاَرْضِ فَاحْکُمْ بَیْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَ لَا تَتَّبِعِ الْھَوٰی فَیُضِلَّکَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ کے تحت لکھا ہے کہ

یہ وُہ تنبیہہ ہے جو اس موقع پر اللہ تعالےٰ نے توبہ قبول کرنے اور بلندی درجات کی بشارت دینے کے ساتھ حضرت داؤد علیہ السلام کو فرمائی۔ اس سے یہ بات خود بخود ظاہر ہو جاتی ہے کہ جو فعل ان سے صادر ہوا تھا۔ اس کے اندر خواہشِ نفس کا کچھ دخل تھا۔ اس کا حاکمانہ اقتدار کے نامناسب استعمال سے بھی کوئی تعلق تھا اور وہ کوئی ایسا

marfat.com

فعل تھا جو حق کے ساتھ حکومت کرنے والے کسی فرمانبردار کو زیب نہ دیتا تھا۔
(تفہیم القرآن جلد ۴ سورۃ ص ص)

قاضی مظہر حسین صاحب دیوبندی نے اِس پر تبصرہ یہ کیا ہے کہ

یہاں تنقید کے جوش میں مودودی صاحب نے حضرت داؤد علیہ السّلام کے متعلق ایسے الفاظ لکھ دیئے گویا کہ وہ پاکستان کے کسی ڈکٹیٹر پر تنقید کر رہے ہیں۔ اور یہ بالکل ملحوظ نہیں رکھا کہ وہ ایک پیغمبر معصوم علیہ السّلام کے بارے میں کچھ لکھ رہے ہیں۔ آخر ابوالاعلےٰ صاحب کے پاس اس الزام کا کیا ثبوت ہے کہ حضرت داؤد علیہ السّلام نے وہ فعل خواہش نفس کی بنا پر کیا تھا۔ ان کو نیّت کا حال کیسے معلوم ہُوا۔ اگر وہ لا تتبع الھویٰ کے الفاظ قرآنی سے یہ استنباط کر رہے ہیں۔ تو یہ ان کی جہالت ہے۔ قرآن مجید میں نبی کریم رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کر کے فرمایا گیا ہے۔ لَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ (آپ شک کرنے والوں میں سے نہ ہوں) کیا اس کا یہ مطلب ہے کہ نعوذ باللہ امام الانبیاء صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو وحی خداوندی میں کوئی شک لاحق ہو گیا تھا۔ حقیقت یہ ہے۔ کہ انبیائے کرام علیہم السّلام کے نفوس پاک و مقدس ہوتے ہیں۔ بلکہ ان کے فیضان سے دوسروں کے نفوس بھی پاک ہو جاتے ہیں۔ وَيُزَكِّيْهِمْ انبیاء کرام کا ہر فعل رضائے الٰہی کے لئے ہوتا ہے۔ (مودودی صاحب مذہب ص ۲۵۔ ص ۲۶)

حضرت یونس علیہ السّلام نے فریضہ رسالت میں کوتاہیاں کیں تھیں

مودودی صاحب۔ سرکار یونس علیہ السّلام پر بھی تنقید کرتے ہیں کہ

تاہم قرآن کے اشارات اور صحیفۂ یونس کی تفصیلات پر غور کرنے سے اتنی بات صاف معلوم ہوتی ہے۔ کہ حضرت یونس سے فریضۂ رسالت کی ادائیگی میں کچھ کوتاہیاں ہو گئی تھیں۔ اور غالباً انہوں نے بے صبر ہو کر قبل از وقت اپنا مستقر بھی چھوڑ دیا تھا

marfat.com

اس لئے جب آثارِ عذاب دیکھ کر آشوریوں نے توبہ واستغفار کی تو اللہ تعالےٰ نے انہیں مُعاف کردیا۔

پس جب نبی ادائے رسالت میں کوتاہی کرگیا اور اللہ کے مقرر کردہ وقت سے پہلے بطور خود اپنی جگہ سے ہٹ گیا تو اللہ تعالےٰ کے انصاف نے اس قوم کو عذاب دینا گوارا نہ کیا۔ کیونکہ اس پر اتمام محبت کی قانونی شرائط پُوری نہیں ہوئی تھیں۔

(تفہیم القرآن ص ج ۲ سورۃ یونس)

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو نُور سمجھنے والے اَور یہُودیوں میں کوئی فرق نہیں

وہابیوں کے مناظر مولوی احمد دین گکھڑوی نے لکھا ہے کہ

عقیدہ :۔ جو شخص یوں کہتا ہے کہ خُدا بھی نُور ہے اور نبی بھی نُور ہے۔ ایسا شخص بے شک اسلامی تعلیم کا مُنکر ہے۔ اور ایسا عقیدہ رکھنے والے مسلمان میں اور اُن یہود و نصاریٰ میں جنھوں نے اپنے انبیاء کو رب بنا لیا کوئی فرق نہیں ہے۔

(برہان الحق ص۱۰۱ مصنفہ مولوی احمد دین)

وہابیہ کے اِس عقیدہ سے اہل بیت اطہار۔ صحابہ کرام۔ مُفسرین۔ محدثین۔ محققین اور اولیاء کاملین یہودی ہوگئے (نعوذ باللہ من ذالک) کیونکہ صحابہ کرام اہل بیت اطہار۔ مفسرین۔ محدثین اور اولیاء کاملین سب نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو نور سمجھتے تھے۔ بلکہ خود سیدالعالمین خاتم الرُسلین علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم بھی محفوظ نہ رہے۔ کیونکہ آپ کا فرمان ہے۔

اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللہ نُوْرِیْ — اللہ تعالےٰ نے سب سے پہلے میرے نور کو پیدا فرمایا۔

marfat.com

ایسے نظریات رکھنے والے مولویوں سے اللہ تعالےٰ محفوظ رکھے اور ان کو راہِ ہدایت نصیب ہو۔ اور ایسے حضرات کو اپنا مناظر اور اپنا امام تسلیم کرنے والوں کو عقل و خرد سے کام لینا چاہیئے۔ ؎

یہ ٹھہرے ہیں رہنما دین کے اَب
لقب ان کا ہے وارثِ انبیا رَاَب!

رسُول پاک صلی اللہ علیہ وسلم بشری کمزوریوں سے بالاتر نہیں

جماعتِ اسلامی کے بانی مولوی مودودی صاحب رسول کا مقام اور عظمت بتاتے ہوئے لکھتے ہیں کہ :-

عقیدہ :- رسول ایک انسان ہے۔ اور خدائی (DIVINITY) میں اس کا ذرا برابر بھی کوئی حصہ نہیں ہے۔ وہ نہ فوق البشر ہے۔ نہ بشری کمزوریوں سے بالاتر ہے۔ نہ خدا کے خزانوں کا مالک ہے۔ نہ عالم الغیب ہے۔ کہ اس کو خدا کی طرح سب کچھ معلوم ہے۔ وہ دوسروں کے لئے نافع وضاد ہونا، تو درکنار خود اپنے لئے بھی کسی نفع وضرر کا اختیار نہیں رکھتا۔ (روزنامہ نوائے وقت ۱۱ اپریل ۱۹۷۶ء)

مودودی کا مندرجہ بالا عقیدہ پڑھکر مودودی کو مبلغ اسلام یا مفکرِ اسلام کہنا تو صریحاً غلطی ہے۔ ہاں دشمنِ اسلام کہنا بالکل دُرست ہے۔ غور کیجئے وہ لکھ رہا ہے۔ کہ رسول بشری کمزوریوں سے بالاتر نہیں ہے۔ حالانکہ اللہ کریم نے اپنے پیارے رسول کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کو دُنیا بھر کے لئے ایک نمونہ بنایا اور اس کے اسوۂ بہترین اسوۂ قرار دیتے ہوئے فرمایا۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ ۝ (پ ۲۱ ع ۱۹)	بیشک تمہیں رسول اللہ کی پیروی بہتر ہے۔
قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ	تم اللہ کو دوست رکھتے ہو۔ تو میرے فرمانبردار

marfat.com

فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہَ وَ یَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ وَ اللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ہ (پ۳ ع ۱۲)

ہو جاؤ۔ اللہ تمھیں دوست رکھے گا۔ اور تمھارے گناہ بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

دوسری طرف رسول پاک علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کا فرمان ہے۔

عَلَیْکُمْ بِسُنَّتِیْ وَسُنَّۃِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِیْنَ الْمَھْدِیِّیْنَ ہ

تم پر میری اور میرے خلفاء راشدین جو کہ ہدایت یافتہ ہیں کہ سُنت لازم ہے۔

(مشکوٰۃ ص۔ صحیح بخاری شریف ص۔)

حضور پُرنور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا یہ بھی فرمان ہے کہ ناجی فرقہ وُہ ہے۔

مَا اَنَا عَلَیْہِ وَ اَصْحَابِیْ ہ

جو میرے اور میرے صحابہ کے عقیدہ پر ہو۔

مودودی صاحب کا رسول کو بشری کمزوریوں سے بالاتر نہ ماننا قرآن و حدیث کا انکار ہے۔ ہمارے رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تو وہ بے مثل شخصیت ہیں جن جسم اقدس پر کبھی مکھی نہ بیٹھی تھی۔ آپ کے کپڑوں میں کبھی جُوئیں نہ پڑی تھیں۔ آپ کے بول وبراز طیّب وطاہر ہیں۔

آپ کے جسم مقدس کا سایہ نہ تھا۔ ہر عیب سے پاک ہیں۔

سرورِ کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات کی موجودگی میں ہی حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے عرض کیا۔ ؎

خُلِقْتَ مُبَرَّأً مِنْ کُلِّ عَیْبٍ ہ کَاَنَّکَ قَدْ خُلِقْتَ کَمَا تَشَآءُ!

اللہ تعالےٰ نے آپ کو ہر عیب اور کمزوری سے پاک پیدا فرمایا ہے گویا کہ اللہ تعالےٰ نے آپ کو آپ کی مرضی کے مطابق بنایا ہے۔

مودودی صاحب کا عقیدہ قرآن و حدیث کے خلاف اور شان رسالت میں سنگین قسم کی گستاخی[1] ہے۔

---

[1] جماعت اسلامی کا اسلام کا نعرہ لگانا سراسر فریب اور دھوکہ ہے۔ کیونکہ اِن کے عقائد اِسلامی تعلیمات کے خلاف ہیں۔

marfat.com

انبیاء اولیاء شہداء صالحین مِنْ دُوْنِ اللّٰہ ہیں

مودودی صاحب خود ساختہ مفسّر نے مِنْ دُوْنِ اللّٰہ میں انبیاء، اولیاء شہداء اور صالحین کو بھی شمار کیا ہے چنانچہ لکھتے ہیں کہ اَلَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہ سے مُراد انبیاء اولیاء۔ شہداء صالحین اور دوسرے غیر معمولی انسان ہی ہیں جن کو غالی معتقدین داتا۔ مشکل کُشا۔ فریادرس۔ غریب نواز۔ گنج بخش اور نہ معلوم کیا کیا قرار دے کر اپنی حاجت روائی کے لئے پکارنا شروع کر دیتے ہیں۔

(تفہیم القرآن جلد ۲ صـ۵۳۲ ۔ صـ۵۳۳)

قارئین عظام! مودودی کی دیدہ دلیری اور تفسیر بالرائے کو دیکھئے کہ من دون اللہ میں سرور عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم اور دیگر انبیاء کرام اور اولیاء عظام کو شمار کیا ہے حالانکہ من دون اللہ کا معنےٰ ہے۔ اللہ تعالےٰ سے ہٹے ہُوئے اور مفسّرین نے اس سے مُراد بُت لئے ہیں۔ امام الانبیاء صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم تو مخلوق کو اللہ تعالیٰ سے ملانے والے اور اللہ کریم کی دعوت دینے والے ہیں۔ دَاعِیًا اِلَی اللّٰہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کی صفت ہے۔ دیگر انبیاء عظام علیہم السلام بھی مخلوق کو اللہ تعالےٰ سے ملانے اور اُس کا راستہ دکھانے والے ہیں۔ اور اولیاء اللہ وہ ہوتے ہیں جو اللہ تعالےٰ کے مقرب مقبول اور دوست ہوتے ہیں۔ مگر مودودی صاحب کی عقل پر ایسا پردہ پڑا کہ من دون اللہ میں انبیاء اور اولیاء کو شمار کر دیا۔ ؎

بڑا شور سُنتے تھے پہلو میں جن کا
جو چیرہ تو اک قطرہ خون نہ نکلا !!

نیز مودودی صاحب نے اپنی بدطینتی کا جو اظہار غالی معتقدین کے الفاظ سے کیا ہے۔ اُن کے اِس وار سے اولیاء کاملین بھی نہ بچ سکے۔ خواجۂ خواجگان خواجہ غریب نواز سُلطان الہند معین الملک والملۃ والدین چشتی اجمیری علیہ الرحمۃ ہی تو وہ ہستی ہیں جنہوں نے داتا

marfat.com

گنج بخش علی ہجویری کی بارگاہ میں نذرانۂ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا۔ ؎

گنج بخشِ فیض عالم مظہرِ نورِ خدا
ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را رہنما!

مودودی کے نزدیک علامہ اقبال غالی معتقد ہیں

پھر مشکل کشا کہنے والوں کو بھی غالی معتقدین کہہ کر مصورِ پاکستان شاعرِ مشرق علامہ اقبال علیہ الرحمۃ پر بھی وار کر دیا کیونکہ علامہ اقبال علیہ الرحمۃ نے سرکار علی شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مشکل کشا کہا ہے۔ ؎

بانوئے آں تاجدارِ ہل اتیٰ
مرتضےٰ مشکل کشا شیرِ خدا

پس مودودی کے نزدیک مصورِ پاکستان علامہ اقبال غالی معتقد ہوئے۔ ؎

لاؤ تو قتل نامہ ذرا میں بھی دیکھ لوں
کس کس کی مہر ہے سرِ محضر لگی ہوئی!!

نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی نبوّت کے منکر میں عذاب کی تخفیف ہوگی

مودودی صاحب قرآن وحدیث کے سراسر خلاف عقیدہ لکھتے ہیں کہ

عقیدہ: جو لوگ جہالت و نابینائی کے باعث رسولِ عربی کی صداقت کے قائل نہیں ہیں مگر انبیائے سابقین پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور صلاح و تقویٰ کی زندگی بسر کرتے ہیں۔ ان کو اللہ کی رحمت کا اتنا حصہ ملے گا۔ کہ ان کی سزا میں تخفیف ہو جائیگی۔

(تفہیمات صـ۱۸۳ ج ۱)

!9!"

marfat.com

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اُسوۂ حسنہ پر چلنے کی مخالفت

جماعت اسلامی کے بانی اور نام نہاد مفکر اسلام مودودی نصِ قطعی کا انکار کس ڈرامائی انداز سے کرتے ہوئے رقمطراز ہیں۔

عقیدہ :۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی زندگی کو نمونہ قرار دینے اور آپ کے اتباع کا حکم دینے سے یہ مُراد نہیں ہے کہ تمام معاملاتِ زندگی میں آپ نے جو کچھ کیا ہے اور جس طرح کہا ہے۔ سب انسان بعینہ وہی فعل اسی طرح کریں اور اپنی زندگی میں آپ کی حیاتِ طیبہ کی ایسی نقل اتاریں۔ کہ اصل اور نقل میں کوئی فرق نہ رہے۔ یہ مقصد نہ قرآن کا ہے۔ نہ ہو سکتا ہے۔ (تفہیمات ص ۳۱۲ ج ۱)

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادِ مبارک کو واعظ غیر محقق یا محلّہ کی کسی بڑھیا کا مقولہ کہا ہے۔

وہابیوں کے نام نہاد مناظر عبدالقادر صاحب روپڑی کے چچا جان حافظ عبداللہ صاحب روپڑی اپنے فرقہ کے مولوی ثناء اللہ امرتسری کا بارگاہ نبوی میں گستاخی کرنے کا ثبوت درج کرتے ہوئے امرتسری کی ترکِ اسلام کی عبارت لکھتے ہے کہ

اصل میں آپ بھی معذور ہیں۔ قرآن شریف کو قرآن کی اصل زبان میں تو پڑھا نہیں معمولی انگریزی یا اردو میں ترجمہ دیکھا اور کسی غیر محقق واعظ یا محلہ کی

marfat.com

کسی بڑھیا سے سُن لیا کہ مچھلی بھُنی ہُوئی تھی۔ ؎

اِس عبارت پر روپڑی صاحب ہی تبصرہ کرتے ہیں کہ

ناظرین خیال فرمائیں کس قدر دلیری کے کلمے ہیں۔ گویا نبی علیہ السّلام کے ارشاد مُبارک کو کسی واعظ غیر محقق کا یا محلّہ کی کسی بڑھیا کا مقولہ بتاتے ہیں۔ (معاذاللہ)

(تعریفات اہلسنت پر فیصلہ صـ۲۰۶)

حضرت ذکریا اور ابراہیم علیہما السّلام نامرد تھے

مولوی عنایت اللہ اثری گجراتی نے لکھا ہے کہ

عقیدہ :۔ حضرت ذکریا اور حضرت ابراہیم علیہما السّلام نامرد تھے۔

(عیون زمزم صـ۱۶)

حضرت زلیخا رضی اللہ عنہا کا چال چلن ٹھیک نہ تھا اور یوسف علیہ السّلام کا ان سے نکاح نہیں ہُوا تھا

ابوالوہابیہ ثناء اللہ امرتسری سے کسی نے حضرت زلیخا رضی اللہ عنہا کے متعلق سوال کیا کہ

کیا حضرت یُوسف (علیہ السّلام) کا نکاح زلیخا سے ہُوا ہے یا نہیں؟

امرتسری صاحب نے جواب دیا ہے کہ

عقیدہ :۔ حضرت یوسف علیہ السّلام کا نکاح زلیخا سے نہیں ہُوا۔ کیونکہ ایک تو عُمر میں بہت بڑی تھیں۔ دوسرے اس کا چال چلن بھی حضرت یُوسف کو معلوم تھا۔ اس لئے یہ نکاح نہیں ہُوا۔

(اخبار اہلحدیث امرتسر صـ۵ ۲۹ جنوری ۱۹۴۳ء)

marfat.com

دیو بندی وہابیوں کے مولوی غلام خانؒ کے مدرسہ کے مُفتی عبدالرشید لکھتے ہیں کہ :-

عقیدہ :- (حضرت یُوسف علیہ السّلام کا حضرت زلیخا سے نکاح) کی شرعی دلیل کوئی معلوم نہیں ہے۔ قِصّوں والے اقوال نقل کرتے ہیں۔

مودودی صاحب نے زلیخا کو خبیثہ قرار دیا ہے۔ (بحوالہ نظر جدید ص۸۸)

نام نہاد مفکرِ اسلام اور مُفسّر قرآن مودودی صاحب نے لکھا ہے کہ

عقیدہ :- یہ جو ہمارے یہاں شہرت ہے کہ بعد میں اس عورت سے حضرت یُوسف کا نکاح ہُوا اس کی کوئی اصل نہیں ہے۔ نہ قرآن میں اور نہ اسرائیلی تاریخ میں۔ حقیقت یہ ہے کہ ایک نبی کے رتبہ سے یہ بات بہت فروتر ہے۔ کہ وہ کسی عورت سے نکاح کرے جس کی بدچلنی کا اس کو ذاتی تجربہ ہو چکا ہو۔

(تفہیم القرآن ص۳۹۱ ج ۲)

وہابیوں کے اکابر کے اِس عقیدہ کی تردید وہابیوں کے ہی مولوی حافظ عبدالمنان وزیرآبادی کے شاگرد مولوی حافظ عنایت اللہ صاحب اثری وزیرآبادی سے پیش کی جاتی ہے۔

(حضرت) عبداللہ بن مسعود (رضی اللہ تعالےٰ عنہ) سے طبقات ابن سعد ص۲۷۳ جلد ۳ میں صاحبہ یوسف مروی ہے کہ وہ عزیز مصر کی وفات کے بعد یُوسف علیہ الصلوٰۃ والسّلام کی بیوی ٹھہری۔

(حضرت) عبداللہ بن عباس (رضی اللہ عنہما) سے عرائس ص۵۷ میں مروی ہے کہ عزیز سے بیوہ ہوتی۔ یُوسف علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے نکاح میں آئی اور اس سے دو بچے بھی پیدا ہُوئے۔

امام ابن قتیبہ نے المعارف میں فرمایا ہے کہ

یُوسف علیہ الصلوٰۃ والسّلام سے زلیخا کا نکاح ہُوا اور دو بچے بھی پیدا ہُوئے۔

امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (علیہ الرحمۃ) نے اپنی تفسیر اور تاریخ ص۱۷۸ جلد ۱ ادوّل

marfat.com

میں صاحب مغازی سے حضرت یُوسف علیہ السّلام کا حضرت زلیخا رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے نکاح اوران سے دو بچے پیدا ہونے بھی ذکر فرمایا ہے۔

امام فخر الدین رازی نے تفسیر کبیر میں قاضی بیضاوی نے امام محی السّنۃ بغوی علیہ الرحمۃ نے معالم میں بیان فرمایا ہے کہ یُوسف علیہ الصلوٰۃ کا زلیخا سے نکاح ہُوا تھا۔اور دو بچے بھی اُس سے پیدا ہُوئے تھے۔ (نظر حذیم ص۷۵ تا ۸۳)

اسرائیلی چرَواہا

مودودی صاحب نے سرکار سیّدنا موسےٰ کلیم اللہ علیہ السّلام کی شانِ اقدس میں کس گستاخانہ انداز سے لکھا ہے کہ

اِس اسرائیلی چرواہے کو بھی دیکھئے جس سے وادیٔ مقدس طوی میں بُلا کر باتیں کی گئیں۔ (تفہیمات ص۲۹۴ ج۱)

معراج کی شب کو جبریل کا نبی پاک کے دُودولت پر آنے کا انکار

مولوی عنایت اللہ اثری گجراتی نے لکھا ہے کہ

عقیدہ :۔ صحیح بخاری ص۲۲۸ پارہ ۱۵ اور صحیح مُسلم ص۹۲ جلد ۱ ونیز دیگر کتب حدیث میں ہے کہ فرج سقف بیتی وانا بمکۃ فنزل جبرائیل علیہ السّلام ففرج صدری۔ میرے گھر کی چھت پھاڑ کر جبرائیل علیہ السّلام اترے تھے اور میرا سینہ چاک کیا تھا۔ اور اسے زمزم کے پانی سے دھویا تھا۔ جبرائیل علیہ السّلام کا چھت پھاڑ کر آنا خواب میں ہے بیداری میں نہیں کہ اس کی آمد ایسی نہیں۔

(العطر البلیغ ص۱۲۳)

marfat.com

شرح صدر کا انکار

مولوی عنایت اللہ اثری لکھتے ہیں کہ

عقیدہ :۔ سینہ چاک کرنا بھی خواب میں ہے بیداری میں نہیں۔

(العطر البلیغ ص۱۲۴)

معراج جسمانی کا انکار

مولوی عنایت اللہ اثری گجراتی لکھتے ہیں کہ

عقیدہ :۔ براق کے قدم اس کے قد وقامت کے مناسب ہوں تو بیداری میں اس کے قدم کا فاصلہ اس کے مناسب ہوتا ہے۔ مگر یہاں غیر مناسب ہے جس سے صاف ظاہر ہے کہ خواب ہے یا بیداری نہیں۔ (العطر البلیغ ص۱۲۴)

چیونٹیوں سے مراد انسان ہیں

وہابی مولوی عنایت اللہ اثری گجراتی نے قرآن پاک کی آیت جس میں حضرت سلیمان علیہ السلام کے چیونٹیوں کا واقعہ ہے۔ کا انکار کرتے ہوئے چیونٹیوں سے مراد انسانوں کی ایک قوم لکھا ہے۔

عقیدہ :۔ یٰاَیُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ آیت کریمہ میں انسانوں کی ایک قوم ہی مراد ہے۔ چیونٹیاں نہیں۔ (العطر البلیغ ص۵)

ہُدہُد انسان تھا

مولوی عنایت اللہ اثری گجراتی نے لکھا ہے کہ

marfat.com

ہُدہُد انسان تھا۔ (العطر البلیغ ص۱۹۔ البیان المختار)

حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کو بے پدر ماننا عیسائیت کو تقویّت دینا ہے

وہابیوں کے مولوی عنایت اللہ اثری گجراتی لکھتے ہیں کہ
حضرت عیسےٰ علیہ السّلام کو بے پدر ماننا عیسائیت کو تقویّت دینا ہے۔
(عیون زمزم ص۲۴)

حضرت عیسےٰ کا باپ یوُسف تھا

حضرت عیسےٰ علیہ السّلام بغیر باپ پیدا نہیں ہُوئے ان کا باپ یوُسف تھا۔
(عیون زمزم ص۲۲)

حضرت مریم کو غیر شادی شدہ ماننا اُن سے ظلم ہے

حضرت مریم علیہا السلام کو شادی شدہ نہ ماننا مریم کے ساتھ بہت بڑا ظلم ہے
(عیون زمزم ص۱۹)

پنگوڑہ میں حضرت عیسےٰ نے کلام نہیں فرمایا

حضرت عیسےٰ علیہ السّلام نے تکلّم فی المھد نہیں فرمایا۔ (عیون زمزم ص۲۱)

marfat.com

حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کو بے پدر ماننا ان کی خفّت ہے

حضرت عیسےٰ علیہ السّلام کو بے پدر مانیں تو عیسےٰ علیہ السّلام اور حضرت مریم علیہا السّلام کی بہت بڑی خفّت ہے۔ (عیون زمزم صد۵۱)

حضرت مریم علیہا السّلام نے اپنی عفّت کے لئے شادی کی تھی۔ (عیون زمزم صد۴)

حضرت عیسیٰ علیہ السّلام آدھے اسرائیلی تھے

حضرت عیسےٰ علیہ السّلام آدھے اسرائیلی تھے (رسالہ عقائد فاسدہ صد۳)

حضرت عیسےٰ کو بغیر باپ کے ماننا خلافِ شریعت ہے

مولوی عنایت اللہ اثری گجراتی غیر مقلد لکھتے ہیں کہ

مولودِ نبی (علیہ الصلوٰۃ والسّلام) نجیب الطرفین ہُوا کرتا ہے۔ صرف عورت سے ولادت خطرناک اور خلافِ شریعت اور خلافِ نظام قدرت ہے۔

(نظر حذیم صد۸۶ از عنایت اللہ اثری)

مولوی عنایت اللہ اثری گجراتی اپنی جماعت کے مولوی اسماعیل سلفی کانگریس آف گوجرانوالہ کے متعلق رقمطراز ہیں۔ کہ

ان کے دل سے حضرت عیسےٰ علیہ السّلام کا اعزاز و اکرام رُخصت ہو چکا ہے۔

(نظر حذیم صد۹۶)

حضرت عیسےٰ کو بے پدر ماننا نبوّت کی توہین ہے

مولوی اثری صاحب لکھتے ہیں کہ

marfat.com

حضرت عیسےٰ کی بے پدری پیدائش کا خیال بھی (دلوں میں) آہستہ آہستہ ختم ہو جائے گا۔ کہ اس میں نبوت کی توہین مضمر ہے۔ (نظر حذیم ص۹۹)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے باپ کے قائل کے پیچھے نماز جائز ہے

نام نہاد مفکر اسلام مودودی صاحب نے فتویٰ دیا ہے کہ

اگر حضرت مسیح کی پیدائش باپ سے ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ تو یہ فعل بالکل غلط ہے۔ مگر یہ تاویل کی غلطی ہے۔ اس کی وجہ سے نماز ان کے پیچھے ناجائز نہیں ہو جاتی۔ (العطر البلیغ ص۱۸۳)

حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے رفع جسمانی سے انکار

مودودی صاحب نے سرکار سیدنا عیسےٰ علیہ السلام کے رفع جسمانی کا انکار بھی دبے دبے الفاظ میں کر دیا ہے۔ چنانچہ لکھتے ہیں کہ:

عقیدہ:۔ یہ اس معاملہ کی اصل حقیقت ہے۔ جو اللہ تعالےٰ نے بتائی ہے۔ اس میں جزم اور صراحت کے ساتھ جو چیز بتائی گئی ہے۔ وہ صرف یہ ہے کہ حضرت مسیح کو قتل کرنے میں یہودی کامیاب نہیں ہوئے اور یہ کہ اللہ تعالےٰ نے ان کو اپنی طرف اٹھا لیا۔ اب رہا یہ سوال کہ اٹھا لینے کی کیفیت کیا تھی تو اس کے متعلق کوئی تفصیل قرآن میں نہیں بتائی گئی۔ قرآن نہ اس کی تصریح کرتا ہے۔ کہ اللہ ان کو جسم و روح کے ساتھ کرۂ زمین سے اٹھا کر آسمانوں پر کہیں لے گیا۔ اور نہ ہی صاف کہا جاتا ہے کہ انہوں نے زمین پر طبعی موت پائی اور صرف ان کی روح اٹھا لی گئی۔ اس لیے قرآن کی بنیاد پر نہ تو ان میں سے کسی ایک پہلو کی قطعی نفی کی جا سکتی ہے۔ اور نہ اثبات۔"

(تفہیم القرآن ص۴۲۲ ج۱)

marfat.com

دیوبندیوں کے قاضی مظہر حسین صاحب اس پر تبصرہ کرتے ہوئے مودودی کا حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے رفع جسمانی سے انکاری گردانتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

"یہ بالکل غلط ہے کیونکہ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ سے قطعی طور پر ثابت ہے کہ حضرت عیسےٰ (علیہ السلام) کو جسم سمیت اللہ تعالےٰ نے اپنی طرف اُٹھالیا۔ اور اپنی طرف سے مراد آسمان کی طرف ہی اُٹھالینا ہے۔"

(مودودی مذہب ص۴۷)

حضرت آدم علیہ السّلام خلیفہ نہیں ہیں

مولوی رفیق خاں پسروری نے لکھا ہے کہ

عقیدہ:۔ حضرت آدم علیہ السّلام اللہ تعالےٰ کے خلیفہ نہیں ہیں۔

(اصلاحِ عقائد ص۔)

حضرت ابراہیم علیہ السّلام کا مُردہ پرندوں کو زندہ کرنے والے معجزہ کا انکار

وہابیوں کے مولوی عبدالحق غزنوی اپنے سردار مولوی ثناء اللہ امرتسری کی عربی تفسیر ثنائی میں اس کا معجزات سے انکار کرنے کے ثبوت میں لکھتے ہیں کہ

ص۴۷ میں آیت فصرھن کی تفسیر میں لکھتے ہیں۔

املھن اَنّیٰ اجعلھا مَائلۃ اَلَیْكَ بحیث اذا ترکتھا تمیل اَلَیْكَ ثُمَّ بعد میلانھا اِلَیْكَ وَتعودھا اجعل عَلٰی کل جبل منھن جزءً اَنّیٰ وَاحِدًا وَاحِدًا یعنی جانوروں کو اپنے ساتھ ہلالو۔

marfat.com

پھر ایک ایک کو جُدا جُدا پہاڑ پر بٹھا دو۔ پھر بلاؤ اُن کو تیرے پاس دوڑ کر آویں گے

(اربعین ص۶)

وہابیوں کے حافظ عبداللہ صاحب روپڑی اپنے فرقہ کے سردار امرتسری کی اس تفسیر پر لکھتے ہیں کہ

الکلام المبین کے ص۳۳ میں لکھتے ہیں جانوروں کا مرکر یا مقطوع ہو کر زندہ ہونا چونکہ نہ تو قرآن مجید کی نص سے نہ حدیث سے اس کا ثبوت ہے۔ اِس لئے میں نے یہ معنے کئے ہیں۔

الکلام المبین اور تفسیر کی عبارت پر تبصرہ کرتے ہُوئے روپڑی صاحب رقمطراز ہیں۔ غرض پرندوں کے ذبح ہونے سے مولوی ثناء اللہ کو صاف انکار ہے حالانکہ ابومسلم معتزلی سے پہلے کسی نے پرندوں کے ذبح ہونے سے انکار نہیں کیا۔

(تعریفات اہلسنت پر فیصلہ ص۲۰۳)

وہابیوں کے مولوی ابو تراب محمد عبدالحق نے الحق الیقین میں امرتسری کو مخاطب کرتے ہُوئے لکھا ہے کہ

آپ کی اس تقریر سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا معجزہ اور کیفیت احیاء موتی اور اطمینان قلبی حضرت ابراہیم کا ثابت نہیں ہوتا۔ اس تفسیر میں نیچری وغیرہ گمراہ فرقہ ایسی پیش قدمی اور سبقت لے گئے ہیں۔ آپ نے صرف اُن کی کاسہ لیسی کی ہے اور بس اس صورت پر صریح نص کی مخالفت لازم آتی ہے۔ (الحق الیقین ص۲۸)

بعد ازیں لکھتے ہیں کہ تفسیر عربی میں تو آپ نے جو دست اندازی اور تحریف کی تھی۔ سو وہ بجز عربی دانوں کے اور کسی کو معلوم نہ تھی لیکن رسالہ ترک اسلام پر ترک اسلام اُردو میں جو کچھ آپ (امرتسری) نے زہر اُگلا ہے۔ اُس کا زہر اردو خواں پر بھی پڑیگا۔ یا نہ بتلاؤ کہ خدا کو کیا جواب دوگے؟ (الحق الیقین ص۳)

marfat.com

حضرت اسماعیل علیہ السّلام کی جگہ جنّتی دُنبہ آجانے والے واقعہ کا انکار

مولوی عبدالحق غزنوی اپنے امرتسری کی تفسیر کے حوالہ سے لکھتے ہیں۔ کہ صفحہ ۳۷۶ میں اِس آیت وفدیناہ بذبحٍ عَظِیم کی تفسیر میں لکھا ہے ای امرنا بذبح الکبش یعنی ہم نے ابراہیم علیہ السّلام کو ایک دُنبہ ذبح کرنے کا حکم دیا۔ (اربعین ص)

مولوی ثناء اللہ امرتسری کی اس تفسیر سے فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِیْنِ یعنی حضرت اسماعیل السّلام کو لٹانے اور ان کے حلق پر چھری چلانے انکار کیا ہے۔

مولوی عبدالحق وہابی خود ہی امرتسری عقیدہ پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ یہ بھی جُملہ تفاسیر اہلِ اسلام سے خلاف ہے۔ کیونکہ تفاسیر معتبرہ اہلِ اسلام میں ہے کہ جس وقت ابراہیم علیہ السلام اسماعیل علیہ السّلام کو ذبح کرنے لگے۔ اسوقت اللہ عزوجل نے آپ کیلئے غیب سے ایک بڑا دُنبہ بھیجا۔ اور اُسے ذبح کیا۔ لیکن ایسی باتوں کے واسطے ایمان بالغیب چاہیئے۔ جن کے دلوں میں فلسفیت اور اعتزال کی بیماری ہے وہ کب اسکو مانتے ہیں۔ اخرج ابن ابی شیبۃ وابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم عن ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما فی قولہٖ وَفدیناہ بذبح عظیم قال کبش قدرعی فِی الجنّۃ اربعین خَرِیفاً یعنی وہ دُنبہ چالیس سال تک جنّت میں چرتا رہا تھا۔

(اربعین ص۲۳)

مولوی ثناء اللہ امرتسری نے اپنی کتاب "ترکِ اسلام" میں بھی فدیناہُ بِذِبْحٍ عَظِیْم کا ترجمہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ہم نے اُسے ایک بڑا ذبیحہ بدلے میں دیا

marfat.com

یعنی ہم نے کہا کہ تم ایک دُنبہ ذبح کردو ۔ (ترکِ اسلام صـ۱۱۵)

وہابیوں کے ہی مولوی قاضی عبدالاحد خانپوری اس عبارت پر تبصرہ کرتے ہُوئے لکھتے ہیں کہ

یہ بھی جُملہ تفاسیر اہل اسلام سے خلاف ہے ۔کیونکہ تفاسیر معتبرہ اہل اسلام میں ہے ۔کہ جس وقت ابراہیم علیہ السّلام اسمٰعیل علیہ السّلام کو ذبح کرنے لگے ۔اس وقت اللہ عزّوجل نے آپ کے لئے غیب سے ایک بڑا دُنبہ بھیجا ۔اور اُسے ذبح کیا ۔لیکن ایسی باتوں کے لئے ایمان بالغیب چاہیئے ۔جن کے دلوں میں فلسفیّت اور اعتزال کی بیماری ہے وہ کب اس کو ملنتے ہیں ۔ (القول الفاصل صـ۵۱ ، صـ۵۲)

وہابیوں کے مولوی عبدالحق امرتسری اپنے فرقہ کے ثناءاللہ کو مخاطب کرتے ہُوئے رقمطراز ہیں کہ

آپ کی اس تفسیر اور ترکِ اسلام کی عبارت ملانے سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ بہشتی دُنبہ کا فوراً آجانا ۔اور حضرت اسماعیل کے بجائے ذبح ہوجانے سے مُنکر ہیں.

(الحق الیقین صـ۶۱۰)

حضرت ابراہیم علیہ السّلام کو آگ میں پھینکنے والے معجزہ سے انکار

وہابیوں کے سردار مولوی ثناء اللہ امرتسری نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا آگ میں ڈالا جانا ۔اور آگ کا اُن پر ٹھنڈا ہوجانے سے انکار کرتے ہیں ۔چنانچہ لکھتے ہیں کہ

عقیدہ :۔ اصل مضمون قرآن شریف میں صرف اتنا ہے کہ کافروں نے نہیں آپ لوگوں کے بھائیوں نے حضرت ابراہیم علیہ السّلام سے سوال وجواب میں مغلوب

marfat.com

ہو کر ایک تجویز نکالی کہ اس کو آگ میں جلا دیا جائے۔ کیونکہ ہمارے معبودوں (بتوں) کی نندیا کرتا ہے۔ اس پر خدا نے فرمایا ہے کہ ہم نے آگ سے کہہ دیا کہ اے اگنی (آگ) تو ابراہیم کے حق میں سلامتی والی سرد ہو جائیو۔ (ترکِ اسلام ص۱۱۷)

قارئین کرام! مولوی ثناء اللہ امرتسری کی مندرجہ بالا عبارت سے نمرودیوں کا آگ سلگانے کا بالکل انکار موجود ہے۔ قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ خدائی حکم تب ہی ہوگا جب آگ سُلگی ہوگی۔ صاف لکڑیوں کو تو حکم نہیں فرمایا تھا۔ نار آگ کو کہتے ہیں۔ لکڑیوں کو نہیں کہتے۔

نیز حضرت ابراہیم علیہ السلام کا معجزہ تو تب ہی ہوگا۔ کمال بھی تب ہی ہوگا جب آگ کے انگارے ہوں اور سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام اس میں بیٹھے ہوں۔ اور آگ اپنا اثر ٹھنڈا کر دے اور نہ جلائے۔

حالانکہ نواب صدیق حسن بھوپالوی نے ہی اپنی تفسیر میں لکھا ہے کہ (نمرودیوں) نے بہت ایندھن اکٹھا کیا۔ یہاں تک کے اگر کوئی عورت ان میں سے بیمار ہوتی تو وہ نذر کرتے کہ اگر مجھے عافیت دی گئی تو میں ابراہیم علیہ السلام کے جلانے کے لئے ایندھن اُٹھا کر لاؤں گی۔ پھر انہوں نے اس ایندھن کو ایک گڑھے میں زمین کے ڈالا اور اُسکو جلایا۔ اور اُس کے شرر عظیم تھے۔ اور بڑی بلند لاٹیں اور اتنی آگ جلائی کہ ویسے کبھی نہ جلائی اور ابراہیم علیہ السلام کو انہوں نے منجنیق کے پلّہ میں ڈال کر پھینکنے کا ارادہ کیا۔ فارس کے گنواروں میں ایک گنوار نے اشارہ کیا۔ شعیب جبائی نے کہا اس کا نام ہیزن تھا۔ اس کو اللہ تعالےٰ نے زمین میں دھنسا دیا۔ تو وہ قیامت تک اس میں چلا جاوے گا۔ جب انہوں نے آپ کو اس میں ڈال کر پھینکا۔ تو آپ نے فرمایا حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل جیسے بخاری نے ابن عباس (رضی اللہ عنہما) سے روایت کیا ہے کہ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الوکیل اس کلمہ کو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا جب ان کو آگ میں پھینکا گیا۔

شعیب جبائی کہتے ہیں۔ خلیل جلیل علیہ السلام کی عمر اس وقت سولہ ۱۶ برس کی تھی

marfat.com

اس آیت کی تفسیر میں نقل کیا کہ اُنہوں نے فرمایا انہوں نے بہت لکڑیوں کو جمع کر کے ایک خطیرہ (یعنی باڑ) بنائی اور ہر طرف سے اس میں آگ لگائی۔ اور اس چیز کو آگ لگی اس کو اللہ تعالےٰ بجھا دیا۔ منہال بن عمر کہتے ہیں۔ مجھے خبر دی گئی ہے کہ ابراہیم علیہ السلام آگ میں ڈالے گئے اور اس میں پچاس یا چالیس دن رہے فرمایا میں نے کوئی دن اور نہ کوئی رات ایسی عمدہ بسر کی ان پچاس یا چالیس راتوں سے میں چاہتا ہوں کہ میں ساری عمر ویسے ہی بسر کروں۔ (ترجمان القرآن سے الانبیاء ص ۵۹۶ تا ص ۵۹۸)

سیّدہ مریم علیہا السّلام کے پاس بے موسمے پھل آنیسے انکار

مولوی عبدالحق غزنوی اپنے گروہ کے سردار امرتسری کے کرامات سے انکار کے ثبوت میں اس کی تفسیر ثنائی کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ

عقیدہ :۔ ص ۵۶ یٰمَریم انّیٰ لکِ ھٰذَا قَالَتْ ھُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ کی تفسیر میں فاضل صاحب (امرتسری) درافشانی کرتے ہیں کہ کانت علیہا السّلام تنسب ما کان عِنْدَھا اِلَی اللّٰہِ فلیس فِیْہِ دلیل علےٰ اَنْ مریم الصدیقۃ کان یاتیھا فاکھۃ الصیف فی الشتآء و فاکھۃ الشتآء فی الصیف، یعنی مریم علیہا السلام کا ماحضر کو اللہ کی طرف نسبت کرنے سے اس بات کی دلیل نہیں ہو سکتی کہ مریم علیہا السلام کے پاس موسم گرمی کے میوے جاڑے میں اور جاڑے کے میوے گرمی میں آتے تھے۔ (اربعین ص ۱۰۰۹)

حافظ عبداللہ صاحب روپڑی اپنے فرقہ کے سردار امرتسری کی اس عبارت سے اس کا عقیدہ لکھتے ہیں کہ

گویا مریم علیہا السلام کی کرامت ثابت نہیں ہوتی۔

(تعریفات اہلسنت پر فیصلہ ص ۲۰۴)

marfat.com

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے معجزہ بادل کا سایہ کرنیکا انکار

وہابیہ کے سردار مولوی ثناء اللہ امرتسری کو وہابیہ کے اکابر نے بھی معجزات اور کرامات کا منکر قرار دیا ہے۔ چنانچہ وہابیوں کے غزنوی خاندان کے مولوی عبدالحق غزنوی ہی لکھتے ہیں کہ

عقیدہ ۱:۔ مولوی ثناء اللہ اپنی تفسیر ثنائی عربی ص۱۴۱ میں اس آیت وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ کی تفسیر میں لکھتے ہیں۔ فِیْ واد التیہ اَیْ اَرْسَلْنَا السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِدْرَارًا لِاَن بَنِیْ اِسْرَائِیْل اَقَامُوْا فِی التیہ اربعین سنۃ فَكَيْفَ يكون المراد الظل المعروف فافهم لِقَوْلِهٖ تعالےٰ فانها محرمۃ عليهم اربعين سنة یعنی بنی اسرائیل پر ہم نے آسمان سے بادل مینہ برسانے والا بھیجا۔ اِس لئے کہ بنی اسرائیل جنگل میں چالیس برس رہے جس کا حاصل مطلب یہ ہے۔ کہ بنی اسرائیل پر بادلوں کا سایہ نہ تھا۔ بلکہ ان پر بارش ہوتی رہی۔ (اربعین ص۶ تفسیر ثنائی ص)

وہابیوں کے مولوی فقیر اللہ مدراسی نے بھی اپنے فرقہ کے امرتسری کے متعلق لکھا ہے کہ باتفاق سلف صالحین وتمام مفسرین جنگل تیہ میں بنی اسرائیل پر ابر کا سایہ رہنا واسطے بچاؤ دھوپ کے ایک بڑا معجزہ تھا۔ معجزات میں سے اور وہ صاف ثابت ہے قرآن سے بلکہ احادیث سے بھی تفسیر ابن کثیر میں ہے۔ مولوی ثناء اللہ صاحب اس تفسیر و معجزہ کا صاف انکار کرتے ہیں۔ بلکہ اس کو جرم و گناہ قرار دیتے ہیں۔ (تفسیر السلف ص۳۲)

قاضی عبدالاحد خانپوری وہابی لکھتے ہیں کہ

چونکہ تفاسیر اہل اسلام کے مطابق تفسیر کرنے سے معجزہ ثابت ہوتا تھا۔ اس واسطے وہ تفسیر کی جس سے معجزہ ثابت نہ ہو۔ (القول الفاصل ص۳۷)

marfat.com

البتہ ہم اور تمام مفسرین اہل سنت نفس تظلیل غمام یعنی بادلوں کے سایہ کا معجزہ جو نص قرآنی سے ثابت ہے۔ معترف اور معتقد ہیں۔ آپ نے ایسا پہلو اختیار کیا ہے۔ کہ جس سے حضرت موسےٰ علیہ السلام کا یہ معجزہ ثابت نہیں ہوتا۔ آپ اس معجزہ کے منکر ہیں۔

(الحق الیقین ص۱۷)

من وسلویٰ اترنے والے معجزہ کا انکار

مولوی ثناء اللہ امرتسری نے سرکار سیدنا موسےٰ کلیم اللہ علیہ السلام کے معجزہ یعنی قوم بنی اسرائیل کے لئے آسمان سے من وسلویٰ اترنے کا بھی انکار کیا ہے۔ چنانچہ وہابیوں کے ہی مولوی فقیر اللہ مدراسی لکھتے ہیں۔

عقیدہ :۔ مولوی ثناء اللہ صاحب نے اس جواب میں من وسلویٰ کے آسمان سے اترنے کا بھی انکار کر دیا ہے۔ حالانکہ یہ بھی ایک معجزہ تھا معجزات میں سے اور وہ ظاہر قرآن مجید اور آثارِ سلف سے جو حکماً مرفوع ہیں ثابت ہے

(تفسیر السلف ص۳۳)

وہابیوں کے مولوی ابو تراب محمد عبدالحق نے بھی امرتسری کو مخاطب کرتے ہوئے لکھا ہے کہ آپ معجزہ من وسلویٰ کے نزول کے بھی منکر ہیں۔

(الحق الیقین ص۱۷)

سرکار موسےٰ علیہ السلام کے مچھلی والے معجزہ کا انکار

وہابیوں کے حافظ عبداللہ صاحب روپڑی اپنے فرقہ کے مولوی ثناء اللہ امرتسری کے متعلق لکھتے ہیں کہ

واتخذ سبیلہ فی البحر سرباً کی تفسیر میں (امرتسری) لکھتے ہیں شقا کما یسبح الحوت سبحا طبیعیا یعنی مچھلی جیسے طبعی طور پر تیرتی ہے ویسے

marfat.com

تیری (یعنی) اُس کے تیرنے سے پانی میں سرنگ نہیں بنی) اسی واسطے واتخذ سبیله فی البحر عجبا کی تفسیر میں لکھتے ہیں۔

تعجب یوشع من سرعه (یعنی یوشع نے مچھلی کی تیز رفتاری سے تعجب کیا) حالانکہ مسلم کی حدیث میں ہے کہ سُرنگ کی وجہ سے تعجب ہُوا تھا۔ نیز مسلم کی حدیث میں ہے کہ وہ مچھلی نمک لگی ہوئی۔ یعنی بُھنی ہُوئی تھی۔ اور ٹوکرے میں رکھ کر ساتھ لے گئے اور بخاری کی ایک روایت میں ہے کہ مُردہ تھی۔ خضر علیہ السّلام کی جگہ پہنچے تو زندہ ہو کر پانی میں داخل ہو گئی مولوی ثناء اللہ اس سے صاف انکاری ہیں۔

(تعریفات اہل سنّت پر فیصلہ ص۲۰۶)

سرکار لُوط علیہ السّلام کے انکار سے ان کی قوم پر عذاب آنے والے مُعجزہ کا انکار

مولوی عبدالحق غزنوی وہابی لکھتے ہیں کہ

عقیدہ :۔ اس آیت فجعلنا عالیها سافلها کی تفسیر میں لکھا ہے۔ ای اسقطنا سقف بیوتهم علیهم یعنی ہم نے ان کے مکانات کی چھتیں اُن پر گرائیں۔ (اربعین ص۱۸)

غزنوی صاحب اس پر تبصرہ کرتے ہُوئے رقمطراز ہیں کہ

یہ تفسیر بھی تمام تفاسیر اہل اسلام کے خلاف ہے۔ سب مفسّرین اہل اسلام اس پر متفق ہیں۔ بلکہ آئیہ قرآنی والمو تفکة اَھوٰی اسی پر ناطق ہے کہ جبریل علیہ السّلام نے لُوط علیہ السّلام کی قوم کی بستیوں کو اکھیڑ کر قریب آسمان لے جا کر پھر پلٹا کے زمین پر دے مارا۔ مگر چونکہ یہ بات اس (ثناء اللہ) کے نیچر کے خلاف تھی۔ لہٰذا سب مفسّرین اسلام اور سبیل المومنین کو چھوڑ دیا (اربعین ص۱۸)

marfat.com

قاضی عبدالاحد خانپوری نقل کرتے ہیں کہ اس آیت میں بھی معجزہ اور کرامت ثابت ہوتی ہے۔ جو اس (ثناء اللہ) کی سمجھ میں قانون قدرت کے برخلاف ہے۔ اس واسطے آیت کی تفسیر کچھ اور کی اور ہی کر دی۔ (القول الفاصل ص۴۷)

وہابیوں کے مولوی ابو ترابہ محمد عبدالحق نے لکھا ہے کہ

(امرتسری عقیدہ) صریح حدیث اور آیات اور اقوال مفسرین اہل سنت کے برخلاف ہے۔ (الحق الیقین ص۵۶)

چھوٹے بچے کا حضرت یوسف علیہ السلام کی گواہی دینے والے واقعہ کا انکار

مولوی عبدالحق غزنوی ہی اپنے امرتسری کے متعلق عظمتِ رسول کے انکار کے متعلق رقمطراز ہیں کہ

ص۲۱۸ میں اس آیت وشهد شاهد من اهلها کی تفسیر میں لکھا ہے۔

ای اظهر رایه یعنی اس کے گھر میں سے کسی ذی رائے نے رائے دی۔ (اربعین ص۱۸)

غزنوی صاحب خود ہی اس تفسیر کو عظمتِ رسول کے انکار پر مبنی سمجھتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

یہ حدیث صریح کے خلاف ہے کیونکہ احمد۔ اور ابن جریر اور بیہقی میں ہے۔ عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ تکلم اربعة وهم صغار ابن ماشطة فرعون و شاهد یوسف وصاحب جریج و عیسیٰ ابن مریم یعنی ابن عباس

marfat.com

رضی اللہ تعالےٰ عنہما رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ کہ چار لڑکوں نے کلام کی۔ درانحال کہ وہ چھوٹے تھے۔ فرعون کی تشطہ کے بیٹے نے اور شاہد یوسف اور صاحب جریج اور عیسےٰ بن مریم نے اور احمد اور بزار اور ابن حبان اور حاکم مرفوعاً لائے ہیں۔ کہ لم یتکلم فی المھد الاربعۃ و ذکر شاھد یوسف یعنی چار شخصوں نے گود میں بات کی ہے۔ جن میں سے ایک شاہد یوسف بھی ہیں۔ چونکہ مصنف تفسیر ثنائی کے نیچر کے خلاف ہے لہٰذا صریح حدیث سے خلاف کیا۔

وہابیوں کے مولوی عبدالحق لکھتے ہیں کہ، (اربعین ص۱۸، ۱۹)

(امرتسری عقیدہ) یہ بھی تحریف ہے اور جمہور امت بلکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تفسیر کے خلاف ہے۔ (الحق الیقین ص ۵۶)

پہاڑ اور پرندوں کا حضرت داؤد علیہ السلام کے ساتھ تسبیح پڑھنے والے معجزہ کا انکار

مولوی عبدالحق غزنوی ہی اپنے سردار امرتسری کی رسول دشمنی کا ثبوت دیتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ ص۲۹ میں اس آیت و سخرنا مع داؤد الجبال یسبحن والطیر لکھا ہے تذکرہ حین غفلۃ و لنعم ما قیل ؎

بزرگ درختاں سبز در نظر ہوشیار ؎ ہر ورقے دفتریست معرفت کردگار

(اربعین ص۲۱)

مولوی عبدالحق غزنوی اس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

مصنف تفسیر ثنائی کا مطلب یہ ہے۔ کہ پہاڑوں اور جانوروں کو دیکھ کر دل یاد آتا تھا۔ نہ یہ کہ پہاڑ اور جانور آپ کے ساتھ تسبیح پڑھتے تھے۔ افسوس ہوئے تو ہو اہلحدیث کا اور تفسیر ہو مطابق مذہب معتزلہ کے۔ اہل سنت کی

marfat.com

تمام تفاسیر معتبرہ اسی پر ہیں کہ پہاڑ اور جانور داؤد علیہ السلام کے ساتھ تسبیح پڑھتے تھے۔
تفاسیر معتبرہ اہل اسلام کو نظر انداز کر کے مذہب اعتزال کا حامی بنا اہلحدیث تو درکنار
کسی ادنیٰ سے مسلمان کا کام ہی ہرگز نہیں۔ (اربعین صـ۲۲)

حافظ عبداللہ صاحب روپڑی اپنے امرتسری کی اس تفسیر پر تبصرہ کرتے ہوئے
آخر میں امرتسری کا عقیدہ لکھتے ہیں کہ

یعنی پہاڑوں اور پرندوں کا داؤد علیہ السلام کے ساتھ تسبیح پڑھنا یہی تھا کہ
اُن کو دیکھکر خدا یاد آجاتا تھا تو گویا داؤد علیہ السلام کا کوئی معجزہ ثابت نہیں ہوتا۔
(تعریفات اہل سنت پر فیصلہ صـ۲۰۵)

سرکار داؤد علیہ السلام کے ہاتھ میں لوہا کا نرم ہو جانے والے مُعجزہ سے انکار

وہابیوں کے مولوی عبدالحق غزنوی اپنے امرتسری سردار کی رسول دشمنی کی ایک
اور دلیل پیش کرتے ہیں کہ

صـ۳۶۰ میں اس آیت والنالہ الحدید کی تفسیر میں لکھا ہے۔ ای علمناہ
الانۃ الحدید یعنی ہم نے داؤد علیہ السلام کو لوہا نرم کرنے کا طریق سکھا دیا۔
(اربعین صـ۲۳)

غزنوی صاحب اس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

یہ تفسیر بھی تمام تفاسیر اہل اسلام سے خلاف ہے۔ تفاسیر اہل اسلام اس پر
متفق ہیں کہ اللہ عزوجل نے داؤد علیہ السلام کے ہاتھ میں لوہے کو نرم کر دیا تھا۔ یہ
داؤد علیہ السلام کا معجزہ تھا۔ اگر مصنف تفسیر ثنائی کی تفسیر کی جاوے تو اس میں داؤد
علیہ السلام کی کیا خصوصیت ہے اللہ عزوجل نے ہر لوہار اور سُنار کو لوہا نرم کرنے کا

marfat.com

طریق سکھلا دیا ہے۔ لوہے کو پانی بتاتے ہیں۔ (اربعین صـ۲۳)

قاضی عبدالاحد خانپوری نے بھی نقل کیا ہے کہ

داؤد علیہ السّلام کے معجزہ سے انکار دکیا ہے) (القول الفاصل صـ۴۶)

انبیاء علیہم السّلام عیب دار ہوتے ہیں

مولوی رفیق خاں لسپروری کی کتاب میں ہے کہ:

عقیدہ:۔ انبیاء علیہم السّلام عیب دار ہوتے ہیں۔ (اصلاح عقائد صـ۱۵۴)

تصرفاتِ اولیا بُت پرست مشرکین کی میتھالوجی ہے

جماعت اسلامی کے نام نہاد مفکر اسلام مولوی ودی صاحب نے اپنا عقیدہ لکھا ہے کہ

عقیدہ:۔ دوسری طرف بغیر کسی ثبوت علمی کے ان بزرگوں کی ولادت وفات ظہور وغیب، کرامات وخوارق، اختیارات وتصرفات اور اولیاء اللہ تعالےٰ کے یہاں ان کے تقربات کے متعلق ایک پوری میتھالوجی تیار ہوگئی۔ جو بُت پرست مشرکین کی میتھالوجی سے ہر طرح لگا ڈکھا سکتی ہے۔

(تجدید واحیائے دین صـ۱۵)

تصرّف اولیآء اللہ کو اسلام میں کوئی درجہ نہیں

وہابیوں کے مولوی حکیم صادق سیالکوٹی نے اپنے ایک مضمون میں لکھا ہے کہ

عقیدہ:۔ یاد رہے کہ تصرّف اولیاء اللہ کو اسلام کے اندر کوئی درجہ اور مقام حاصل نہیں ہے۔ (صحیفہ اہل حدیث صـ۱۱ ۹ نومبر ۱۹۵۳ء)

marfat.com

وہابیوں کا یہ عقیدہ بھی قرآن و حدیث کے صریحاً خلاف ہے۔ اللہ تعالےٰ قرآن پاک میں فرماتا ہے۔

اَلْاَخِلَّآءُ یَوْمَئِذٍ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِیْنَ	گہرے دوست اس دن ایک دوسرے کے دشمن ہونگے مگر پرہیزگار

(پ۲۵ ع ۱۲)

ملکہ بلقیس کا تخت جو کہ دور دراز علاقہ میں تھا۔ اور ساتھ کوٹھڑی میں کے اندر محفوظ تھا۔ ہر کوٹھڑی کے باہر پہرہ بھی تھا۔ اور کوٹھڑی مقفل تھی۔ اور تخت ۸۰ گز لمبا اور ۴۰ گز چوڑا تھا۔ اس تخت کو سرکارِ سلیمان علیہ السلام نے اپنی بارگاہ میں حاضر کرنے کا درباریوں کو حکم فرمایا۔ تو سرکارِ سلیمان علیہ السلام کے امتی ولی اللہ کے تصرف کا واقعہ خداوند کریم نے خود بیان فرمایا ہے کہ

قَالَ الَّذِیْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْکِتٰبِ اَنَا اٰتِیْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْكَ طَرْفُكَ ط	اس نے عرض کی جس کے پاس کتاب کا علم تھا۔ کہ میں اسے حضور میں حاضر کردوں گا۔ ایک پل مارنے سے پہلے۔

(پ۱۹ ع ۱۸)

حضرت جبریل علیہ السلام جو کہ مخلوق الٰہی ہیں۔ حضرت سیدہ مریم علیہا السلام کے پاس آکر کہتے ہیں۔

لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِیًّا ط	کہ میں تجھے ایک ستھرا بیٹا دوں

(پ۱۶ ع ۵)

خداوند کریم جل جلالہ اپنے حبیبِ لبیب نبی کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کو مخاطب کرتے ہوئے فرماتا ہے۔

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ	اے غیب کی خبریں بتانے والے (نبی) اللہ تمہیں کافی ہے۔ اور

marfat.com

الْمُؤْمِنِيْنَ ۔ (پ ۱۰ ع ۴) جتنے مسلمان تمہارے پیرو ہوئے

حدیث قدسی میں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ کہ جب میں بندے کو اپنا محبوب اور مقبول بنالیتا ہوں

فَكُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِيْ يَسْمَعُ بِهٖ وَبَصَرَهُ الَّذِيْ يُبْصِرُ (صحیح بخاری، مسلم، مشکوٰۃ) میں اس کے کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے میں اس کی آنکھیں بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے۔

قارئین کرام:۔ قرآن وحدیث تو اولیائے کرام کے تصرفات اور کمالات بیان کریں۔ اور وہابی مولوی کہیں کہ تصرف اولیاء اللہ کو اسلام کے اندر کوئی درجہ اور مقام حاصل نہیں ہے۔ لہٰذا یہ کہنے میں کوئی باک نہیں کہ ایسے عقائد والے قرآن وحدیث کے مخالف ہیں۔ اور ایسے حضرات مبلغ اسلام نہیں۔ بلکہ منکر اسلام ہیں بلکہ وہابیوں کو اللہ کریم نے دنیا ہی میں ان کے اکابر سے تصرفات اولیاء الرحمٰن کا اقرار لکھوا کر ان وہابیوں کو یہ سزا دے دی کہ تمہارے عقیدہ کے مطابق تمہارے بڑے بھی مشرکانہ میٹھالوجی کے اقراری اور دین اسلام کو سمجھنے سے بے بہرہ ہیں

وہابی اکابر کی تحریر درج ذیل ہے۔

وہابیوں کے مولوی رشید احمد گنگوہی کے خلیفہ مولوی کُرسوی صاحب نے گنگوہی کے ارشادات میں تصرفاتِ اولیاء اللہ کے متعلق لکھ کر وہابیوں کے مُنہ پر جوت مارا ہے۔ وہ عبارت یہ ہے۔

"تصرفات وکرامات اولیاء اللہ بعد ممات بحال خود باقی می ماند، بلکہ در ولایت بعد موت ترقی می شود حدیثے کہ ابن عبدالبر نقل کردہ شاہد است۔ اولیاء اللہ کی کرامات اور تصرفات ان کے انتقال کے بعد بھی اسیطرح بحال رہتی ہیں۔ بلکہ ولایت میں بعد از انتقال ترقی ہو جاتی ہے۔

(تذکرۃ الرشید ص ۲۵۲ ج ۲)

وہابیوں کے مولوی ابراہیم میر سیالکوٹی جو کہ حکیم صادق سیالکوٹی کے

marfat.com

استاذ بھی ہیں۔ لکھتے ہیں کہ:۔

منقول است از حضرت خواجہ محمد یحییٰ پسر حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس اللہ سرہما کہ ارباب تصرّف برانواع اند بعضے اند بعضے ماذون و مختار کہ باذن حق سبحانہ وتعالےٰ و باختیار خود ہرگاہ کہ خواہند تصرّف کنند

یعنی حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہما کے صاحبزادے حضرت خواجہ محمد یحییٰ قدس اللہ سرہ العزیز سے منقول ہے کہ اہل تصرّف کی کئی اقسام ہیں۔ بعضے ماذون و مختار ہیں۔ کہ حق سبحانہ وتعالےٰ کے اذن سے اور اپنے اختیار سے جب چاہتے ہیں تصرّف کرتے ہیں۔ (ارشاداتِ رحیمیہ فارسی ص۴۴، سراجًا منیرا ص۴۲۴)

دیوبندیوں کے مولوی اشرف علی تھانوی نے بھی لکھا ہے کہ

"بعض اولیاء اللہ سے بعد انتقال کے بھی تصرّفات وخوارق سرزد ہوتے ہیں۔ یہ امر معنیً حد تواتر تک پہنچ گیا ہے۔

(الخب ص۱۷)

دوست ہی دشمنِ جاں ہو گیا
نوشِ دارو نے کیا کیا اثرِ سم پیدا

یارسول اللہ کہنے والا کافر ہے اور اُس کا خون مباح

وہابیہ نجدیہ کی مستند کتاب تحفہ وہابیہ میں لکھا ہے کہ:

عقیدہ: اگر کوئی حق نہ ماننے والا اور راستی قبول نہ کرنے والا یہ اعتراض کرے کہ تم جو قطعی طور پر کہتے ہو کہ جو کوئی یوں کہے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں آپ سے شفاعت چاہتا ہوں تو وہ شخص مشرک ہوگا اور اُس کا خون مباح ہوگا۔ ایسے لوگوں کو ہم کافر کہتے ہیں۔"

(تحفہ وہابیہ ص۶۸)

marfat.com

امام المحدثین امام بخاری ۔ شارح مسلم امام نووی ۔ محدث ابن السنی ۔ قاضی عیاض ۔ محدث ابن جریری اور دیگر محدثین علیہم الرحمہ نے اپنی کتب میں روایت نقل فرمائی ہے جو سرکار ابن عمر رضی اللہ عنہما کے متعلق ہے۔

خدرت رجل ابن عمر فقال له رجل اذکر احب الناس الیك فقال یا محمدؐ

(الادب المفرد ص۱۴۲) مطبوعہ مصر
کتاب الاذکار ۔ شفا شریف ص
عمل الیوم واللیلہ ص؟ ۔ طبقات ابن سعد ص۱۵۴ ج۴ ۔ مدارج النبوت ۔ ہدیۃ المہدی ص۲۳
نور الایمان فی زیارۃ آثار حبیب الرحمٰن ص ،

"حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا پاؤں سُن ہو گیا تو ایک شخص نے ان سے کہا کہ آپ اُس شخصیت کو یاد کریں جو آپ کو سب سے زیادہ محبوب ہے۔ تو اُنہوں نے یا محمد کہا۔"

غیر مقلدین وہابی حضرات کے مجتہد اور نامور مصنف نواب صدیق حسن خاں بھوپالوی نے بھی ایک روایت نقل کی ہے کہ :

"شرحبیلؒ کہتے ہیں کہ ایک بار پاؤں ابن عباس (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کا سُن ہو گیا تھا۔ کہا 'یا محمدؐ' صلے اللہ علیہ وسلم ، فی الفور کھل گیا۔

(کتاب الدار والدوار ص۳۶)

امام الانبیاء حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد :

محدث ابن جزری علیہ الرحمۃ نے اپنی تصنیف حصنؒ حصین میں درج فرمایا ہے کہ :

لہ علامہ شہاب الدین احمد بن عبد اللطیف شرجی زبیدی علیہ الرحمۃ نے روایت اپنی تصنیف لطیف کتاب الفوائد فی الصلوٰۃ الخواند ص۳۵ مطبوعہ مصر میں نقل فرمائی ہے۔ الحمد للہ فقیر کے کتب خانہ میں یہ کتاب موجود ہے۔ (فقیر محمد ضیاء اللہ قادری غفرلہٗ)

لہ محدث ابن جزری علیہ الرحمۃ نے حصن حصین کی ابتدا میں تحریر فرمایا ہے :

اَخْرَجْتُہٗ مِنَ الْاَحَادِیْثِ الصَّحِیْحَۃِ : میں نے اس کتاب میں احادیث صحیحہ کو درج کیا ہے۔

marfat.com

اِذَا اَرَادَ عَوْنًا فَلْيَقُلْ يَا عِبَادَ اللّٰهِ اَعِيْنُوْنِيْ يَا عِبَادَ اللّٰهِ اَعِيْنُوْنِيْ۔ يَا عِبَادَ اللّٰهِ اَعِيْنُوْنِيْ (حصن حصین ص۱۶۳)	"جب مدد طلب کرنے کا ارادہ ہو تو کہہ اے اللہ کے بندو میری مدد کرو اے اللہ کے بندو میری مدد کرو۔ اے اللہ کے بندو میری مدد کرو"

ابن اثیر علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں :

ان الصحابۃ بعد موت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان شعارھم فی الحروب يَامُحَمَّدُ	"رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے انتقال کے بعد جنگوں میں صحابہ کرام علیہم الرضوان کا شعار تھا کہ وہ یا محمد کہتے تھے"

اسی طرح غزوۂ یرموک میں جب دھاوا ہوا تو ہزارہا صحابہ کرام علیہم الرضوان یا محمد امت امت پکارتے اور نعرے مارتے تھے۔

فتوح الشام میں ہے کہ حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قنسرین سے حضرت کعب بن ضمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایک ہزار سوار دے کر جنگ کیلئے روانہ فرمایا اور کعب بن ضمرہ رضی اللہ عنہ کی لڑائی یوقنا سے ہوئی۔ اس کے پانچہزار سپاہی تھے۔ غرضکہ دس ہزار کا مقابلہ ٹھہر گیا۔ مسلمان جانبازیاں کر رہے تھے اور کعب بن ضمرہ رضی اللہ عنہ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ يَا نَصْرَ اللّٰهِ اَنْزِلْ پکارتے تھے، اور مسلمانوں کی طرف متوجہ ہو کر فرماتے تھے يَا مَعَاشِرَ الْمُسْلِمِيْنَ اثْبُتُوْا لَهُمْ فَاِنَّهَا سَاعَةٌ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ، اے مسلمانوں کے گروہ! ثابت قدمی دکھاؤ۔ پس جان لو یہی گھڑی ہے اور تم غالب ہونے والے ہو"

قارئین عظام ! آپ نے صحابہ کرام علیہم الرضوان اور اولیاء امت علیہم الرحمۃ کا بعد از انتقال حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کو پکارنا یا محمد اور یا رسول اللہ سے ندا کرنا اور ان سے مدد طلب کرنے کا ثبوت ملاحظہ فرمایئے۔ اب وہابی اکابر کے فتاوٰی کی روشنی میں صحابہ کرام اور اولیاء امت علیہم الرحمہ بھی کفر و شرک کے

marfat.com

مرتکب نظر آتے ہیں۔ حالانکہ اللہ کریم نے ان کے حق میں فرمایا۔ ہے رَضِیَ اللّٰہ عَنْہُمْ وَ رَضُوْا عَنْہُ۔

دوسری طرف رحمت کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات کا بھی فرمان ہے کہ

مَنْ اَحَبَّھُمْ فَقَدْ اَحَبَّنِیْ — "جس نے صحابہ سے محبت کی، پس
مَنْ اٰذَاھُمْ فَقَدْ اٰذَانِیْ — اس نے مجھ سے محبت کی۔ جس نے
صحابہ کو تکلیف پہنچائی پس اُس نے
مجھ کو تکلیف پہنچائی۔

وہابی اکابر کے فتاوٰی کی روشنی میں صحابہ کرام مشرک ہوئے اور کسی مسلمان کو مشرک کہہ دیا جائے تو یقیناً اس کو تکلیف ہوگی چہ جائیکہ صحابہ کبار علیہم الرضوان پر یہ فتوٰے چسپاں کر دیا جائے۔ اس سے تو صحابہ کرام درکنار عامۃ المسلمین کے قلوب بھی مجروح ہوتے ہیں۔ حدیث شریف کی روشنی میں فرقہ وہابیہ نجدی کے اکابر سے امام الانبیاء صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کو اذیت اور تکلیف پہنچتی ہے:

خدا محفوظ رکھے ہر بلا سے
خصوصاً وہابیت کی وبا سے

انبیاء اور صلحاء کو اُن کے انتقال کے بعد مقابر کے ذریعہ بھی پکارنا شرکِ عظیم ہے۔

وہابیوں کے امام ابن تیمیہ نے لکھا ہے کہ

عقیدہ: ملائکہ، انبیاء اور صلحاء سے ان کی وفات کے بعد اس طرح کا (ندا) خطاب خواہ ان کے مقابر کے ذریعہ سے ہو یا ان کی عدم موجودگی میں ہو یا ان کے مجسموں اور تصویروں کے روبرو ہو۔ مشرکین اہل کتاب اور اہل اسلام کے بدعتیوں کا ایک شرکِ عظیم ہے۔

(کتاب الوسیلہ ص ۴۳)

marfat.com

وہابیوں کے نام نہاد مجدد اعظم ابن تیمیہ نے لکھا ہے کہ

عقیدہ : فوت شدہ انبیاء واولیاء کو پکارنا اور ان سے دعا وشفاعت کی التجا کرنا بھی درست نہیں۔ وصال کے بعد انہیں پکارنا اور التجا کرنا شرک تک لے جاتا ہے۔ (کتاب الوسیلہ ص۶۳ از ابن تیمیہ)

وہابیوں کے مولوی حسین علی واں بھچراں والے نے لکھا ہے کہ

عقیدہ :- جن ہو یا ملائکہ یا ولی یا صنم ہو قضائے حاجت کے واسطے پکارنا کفر ہے اور شرک ہے۔ (بلغۃ الحیران ص۸)

وہابیوں کے مولوی عبدالستار دہلوی نے اپنے عقائد لکھے ہیں کہ

عقیدہ :- غیر اللہ کے ساتھ استغاثہ کرنا۔ یا پکارنا شرک ہے۔

(تفسیر ستاری ص۲۷۹ ج۱)

عقیدہ :- اکثر لوگ پیروں کو پیغمبروں کو اور اماموں کو اور شہیدوں کو اور فرشتوں کو اور پریوں کو مشکل کے وقت پکارتے ہیں وہ شرک میں گرفتار ہیں۔

(تفسیر ستاری ص۳۳ ج۱)

عقیدہ :- کسی پیر فقیر نبی۔ ولی بزرگ۔ ابدال۔ اقطاب۔ جن۔ بھوت پری وغیرہ کی پناہ پکڑنا۔ دھائی چاہنا۔ مصیبت و شدت کے وقت ان کو پکارنا۔ حاجت روا مشکل کشا سمجھنا قطعاً حرام اور عین شرک ہے۔ (تفسیر ستاری ص۲۶)

مرنے کے بعد اگر خطاب شرک ہے۔ تو اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کو مردہ پرندوں کو پکارنے کا حکم فرمایا۔

لہ وہابیوں میں اگر حق گوئی اور جرأت ہے تو علامہ اقبال علیہ الرحمۃ کو کسی جلسہ عام میں یا اپنے اخبار میں مرغی بجا کر مشرک لکھیں کیونکہ علامہ اقبال علیہ الرحمۃ سرکار علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مشکل کشا مانتے ہیں۔ جیسا کہ انکا شعر ہے ؎ بانوئے آں تاجدار ھل اتیٰ
مرتضیٰ مشکل کشا شیر خدا

وہابیوں میں اگر جرأت کا مادہ ہے اور ان کا مذہب اگر سچا ہے تو ذرا جرأت کر کے لکھ دیں۔

marfat.com

ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا ۔ (پ۳۰ ع ۳)

پھر اُنہیں پکار۔ وہ تیرے پاس چلے آئیں گے۔

حضرت شعیب علیہا السلام جلیل المرتبت انبیاکرام علیہم السلام سے ہیں۔ قرآن حکیم میں ان دونوں کی قوموں کا واقعہ درج ہے۔ کہ جب قوم پر عذاب آیا اور وہ مرگئی۔ تو انہوں نے ان مردوں کو ندا سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا۔

وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ۔ (پ۹ ع ۱)

اور کہا میری قوم۔ میں تمہیں اپنے رب کی رسالت پہنچا چکا اور تمہارے بھلے کو نصیحت کی۔ تو کیونکر غم کروں کافروں کا۔

انبیا بھی شرک عظیم کی تعلیم دیتے رہے ہیں۔ بلکہ خود بھی اس شرک میں مبتلا رہے ہیں جو کہ کسی ادنیٰ سے ادنیٰ مسلمان کا عقیدہ تو کیا اس کے ذہن میں لمحہ بھر بھی یہ خیال نہیں آ سکتا۔ ؎

خدا محفوظ رکھے ہر بلا سے
خصوصًا وہابیت کی وبا سے!

یا صدیق۔ یا عمر۔ یا عثمان یا علی کہنے والا کافر ہے

غیر مقلدین کے مجتہد قاضی محمد بن علی شوکانی نے لکھا ہے۔ کہ

عقیدہ :۔ اِنَّ مَنْ دَعٰى مَيِّتًا وَاِنْ كَانَ مِنَ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ فَهُوَ كَافِرٌ وَاِنَّ مَنْ شَكَّ فِيْ كُفْرِهٖ فَهُوَ كَافِرٌ ۔

بے شک جو کسی میت کو پکارے اگرچہ خلفاء راشدین ہی کیوں نہ ہوں۔ پس وہ پکارنے والا کافر ہے۔ اور جو شخص اُس کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔

قاضی محمد بن علی شوکانی نے ہی یہ عقیدہ بھی لکھا ہے کہ

(الدر النفید فی اخلاص کلمۃ التوحید ص۶۱ مصنفہ قاضی شوکانی)

marfat.com

عقیدہ ۱۰۔ طَلَبُ الْحَوَائِجِ مِنَ الْمَوْتٰی وَالِاسْتِعَانَۃُ وَالتَّوَجُّہُ اِلَیْہِمْ وَھٰذَا اَصْلُ شِرْکِ الْعَالَمْ۔

مردوں سے حاجات طلب کرنا۔ ان سے مدد حاصل کرنا اور ان کی طرف متوجہ ہونا یہ دنیا میں اصل شرک ہے۔ (الدر النفید صفحہ)

خیر التابعین سیدنا اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سرکار سیدنا امیر المؤمنین خلیفۂ دوم سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پکارنا وہابیوں کے ہی مولوی وحید الزمان حیدرآبادی کہ مؤلف تفسیر وحیدی اور مترجم صحاح ستہ نے اپنی کتاب مشتملبر عقائد اہلحدیث ہدیۃ المھدی میں اس طرح لکھا ہے۔

قال اویس القرنی بعد وفات عمر یا عمراہ یا عمراہ یا عمراہ (ہدیۃ المھدی صفحہ ۲۳ ج ۱ مطبوعہ دہلی)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے انتقال کے بعد حضرت اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یا عمراہ یا عمراہ یا عمراہ کہا ہے۔

لہٰذا وہابیوں کے مجتہد قاضی شوکانی صاحب نیل الاوطار کے نزدیک سرکار اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کافر ہوئے اور ان کو کافر نہ سمجھنے والے بھی کافر ہوئے۔

؎ راہِ حق پر ہر طرف سے رہزنوں کا زور ہے
فقد ایمان کو بہر صورت بچانا چاہیئے

اسی طرح امام الانبیاء شہنشاہ ہر دو سرا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بھی اپنے امتیوں کو ارشاد فرمایا ہے کہ

اِذَا اَرَادَ عَوْنًا فَلْیَقُلْ یَا عِبَادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ یَا عِبَادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ یَا عِبَادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ۔ (حصن حصین صفحہ ۱۶۳)

جب مدد کا ارادہ ہو تو کہو اے اللہ کے بندو میری مدد کرو۔ اے اللہ کے بندو میری مدد کرو۔ اے اللہ کے بندو میری مدد کرو۔

قرآن و حدیث کی روشنی میں معلوم ہوا کہ وہابی ظالموں کے عقیدہ سے انبیاء کرام علیہم السلام بھی شرک سے محفوظ نہیں رہے۔ میرے اعلیٰحضرت عظیم البرکت امام اہلِ

marfat.com

سُنّت علامہ شاہ احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ وعلےٰ اٰبائہ الکرام نے سچ فرمایا ہے۔ ؎

غیظ سے جل جائیں بے دینوں کے دل
یا رسول اللہ کی کثرت کیجئے!

وہابیہ نجدیہ کے عقیدہ کے مطابق صحابۂ کرام علیہم الرضوان بھی مشرک اور کافر تھے۔ اور وہابیہ کی خود ساختہ شریعت میں ان کا خون مباح تھا۔ نیز ان کے نزدیک خلفاء راشدین علیہم الرضوان کو شریعتِ مصطفوی کا صحیح علم نہ تھا۔ کیونکہ صحابۂ کرام ان کے دور میں ہی تو یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ یَا مُحَمَّدُ یَا نَصْرَ اللّٰہ کہتے اور پکارتے تھے۔

نجدیا سخت ہی گندی ہے طبیعت تیری
شرک کیا کفر کا فضلہ ہے نجاست تیری

قبر پر میّت کو ندا کرنا جائز نہیں ہے

(امام الوہابیہ مولوی ثناء اللہ امرتسری کے اخبار میں لکھا ہے کہ

قبر پر میت کو ندا کرنا جائز نہیں ہے۔ (اخبار اہلحدیث امرتسر ص۱۳ ۷ ستمبر ۱۹۳۷ء)

وہابیہ کا یہ عقیدہ بھی صریحاً قرآن و حدیث کے خلاف ہے۔ کیونکہ سرورِ کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ والتحیات والتسلیمات کا ارشاد ہے جب قبرستان جاؤ تو کہو۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَھْلَ الْقُبُوْر۔

یہ بھی قبر والوں کو ندا کا حکم نہیں تو کیا ہے۔

معلوم ہوا کہ وہابیہ کا مذہب کے مولوی عوام کو قرآن و حدیث کے خلاف عمل کرنے کی تلقین اور تبلیغ کرتے ہیں۔

غوثِ اعظم شرکیہ لفظ ہے

وہابیوں کے اخبار اہل حدیث امرتسر میں لکھا ہے کہ

marfat.com

"غوثِ اعظم شرکیہ لفظ ہے۔" (اخبار اہلِ حدیث امرتسر ص ۱۹ فروری ۱۹۴۳ء)

قارئین کرام! وہابیہ کی اس عبارت سے اسماعیل دہلوی، اشرف علی تھانوی، رشید احمد گنگوہی، حاجی امداد اللہ مہاجر مکی، مولوی ثناء اللہ امرتسری، میاں نذیر حسین دہلوی بھی شرک سے محفوظ نہ رہے۔ کیونکہ انہوں نے اپنی کتابوں میں غوثِ اعظم کا لفظ سرکار شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ النورانی کے متعلق لکھا ہے۔ تشفی کے لیے، صراطِ مستقیم فارسی ص ۱۳۲-۵۶-۱۴۱، فتاوی اشرفیہ ص ۹ ج ۱، دعواتِ عبدیت ص ۱۵ ج ۵، فتاوی نذیریہ ص ۲۳ ج ۱ وغیرہم کا مطالعہ کریں۔

سر اڑاتے وہ تلواروں سے
کوئی کہتا نہیں سرکار یہ کیا ہے؟

بُت پرست منکرینِ خُدا اور کفار بھی عبادتِ الٰہی میں مصروف ہیں

مودودی صاحب نام نہاد منکر اسلام ہیں۔ اس لئے انہوں نے اپنے نام نہاد اسلام میں قرآن و حدیث کے مخالف عقیدہ عبادتِ الٰہی قرار دیتے ہوئے لکھا ہے کہ

عقیدہ:۔ انسان خواہ خُدا کا قائل ہو یا منکر۔ خُدا کو سجدہ کرتا ہو یا پتھر کو۔ خُدا کی پُوجا کرتا ہو یا غیر خُدا کی۔ جب وہ قانونِ فطرت پر چل رہا ہے۔ اور اس کے قانون کے تحت ہی زندہ ہے۔ تو لامحالا وہ بغیر جانے بوجھے بلا عمد و اختیار، طوعاً و کرھاً خُدا ہی کی تسبیح کر رہا ہے۔ اُسی کی عبادت میں لگا ہُوا ہے۔ (تفہیمات ص ۴۶ ج ۱)

قارئین کرام:۔ مودودی صاحب نے اس عقیدہ میں ایک ہی جنبشِ قلم میں توحید و ایمان کی بساط اُلٹ کر رکھ دی ہے اور روشنائی صرف ایک قطرہ سے تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کی پُوری تاریخ مسخ کر ڈالی ہے۔

marfat.com

حضرت ابراہیم علیہ السّلام کا نمرود اور دیگر بُت پرستوں سے مقابلہ اور وعظ و تبلیغ جو کہ قرآن کریم میں موجود ہے اور سرکار ابراہیم علیہ السّلام کا ان کو باطل پر قرار دینا بھی پھر مودودی صاحب کے نزدیک غلط ہُوا۔ (نعوذ باللہ) سرکار دو عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کا کفّار کو مخاطب کرکے فرمانا۔

قُلْ یٰاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِیْنُكُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۝

(پ ۳۰ ع ۳۴)

تم فرماؤ اے کافرو۔ نہ میں پُوجتا ہوں جو تم پوجتے ہو۔ اور نہ تم پوجتے ہو جو میں پوجتا ہوں۔ اور نہ میں پُوجوں گا جو تم نے پُوجا۔ اور نہ تم پُوجو گے جو میں پوجتا ہُوں۔ تمھیں تمھارا دین اور مجھے میرا دین۔

مودودی صاحب کے نزدیک اسلام میں کچھ معنےٰ نہیں رکھتا۔

پس معلوم ہُوا کہ مودودی صاحب اُس اسلام کے مبلغ نہیں جو آمنہ کے لال خدا کے محبُوب حضرت محمّد مُصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم نے پیش کیا۔ اِن کا کوئی خود ساختہ ہی اسلام ہے۔ مندرجہ بالا عقیدہ میں تو مودودی صاحب نے عبارت و توحید کے مفہوم میں اتنی وُسعت پیدا کردی ہے۔ کہ شرک کو عبادت۔ بُت پرستی کو خُدا پرستی اور مُشرک کو بندۂ پرستار مانتے ہُوئے بھی نہ ان کا عقیدۂ توحید مجروح ہُوا ہے۔ اور نہ عبادت کے مفہوم پر کوئی حرف آیا ہے۔ لیکن یہی مودودی صاحب انبیاء اور اولیاء کے ان عقیدتمندوں کو جو مُسلمان۔ موحّد۔ عابد اور کلمہ گو ہیں۔ ان کو واضح الفاظ میں مشرک گردانتے ہیں۔ مودودی صاحب کی عبارت یہ ہے۔

انبیاء اور اُولیاء سے عقیدت اُنکو خُدا ماننا ہے

عقیدہ ۸۔ انبیاء علیہم السّلام کی تعلیم کے اثر سے جہاں لوگ اللہ واحد و قہار کی خُدائی کے قائل ہو گئے۔ وہاں سے خُداؤں کی دوسری اقسام تو رُخصت ہو

marfat.com

گئیں مگر انبیاء اولیاء شہداء۔ صالحین۔ مجاذیب۔ اقطاب۔ ابدال۔ علماء مشائخ اور ظل اللہوں کی خدائی پھر بھی کسی نہ کسی طرح عقائد میں اپنی جگہ نکالتی رہی۔ جاہل دماغوں نے مشرکین کے خداؤں کو چھوڑ کر ان نیک بندوں کو خدا بنا لیا۔

(تجدید و احیائے دین ص۱۱)

فاتحہ۔ زیارت۔ عرس مشرکانہ پوجا پاٹ ہے

جماعت اسلامی کے بانی اور نام نہاد مفکر اسلام مودودی صاحب نے فاتحہ عرس وغیرہ کی مشرکانہ پوجا پاٹ قرار دیتے ہوئے لکھا ہے کہ

عقیدہ ۱۰۔ ایک طرف مشرکانہ پوجا پاٹ کی جگہ فاتحہ۔ زیارات۔ نیاز۔ نذر عرس۔ مندل۔ چڑھاوے۔ نشان۔ علم۔ تعزیئے اور اسی قسم کے دوسرے مذہبی اعمال کی نئی شریعت تصنیف کر لی گئی۔ (تجدید و احیائے دین ص۱۵)

مودودی کے مسلمہ مجدد اسماعیل دہلوی شہید نے عرس۔ فاتحہ اور نذر و نیاز کو مستحسن قرار دے کر مودودی کی ناک کاٹ دی ہے۔ دہلوی کی اصل عبارت یہ ہے۔

پس در خوبی ایں قدر امراء زاید مرسوم فاتحہائے دلخراش و نذر و نیاز اموات شک و شبہ نیست۔ (صراط مستقیم فارسی ص۵۵)

پس امور مروجہ یعنی اموات کے فاتحوں اور عرسوں اور نذر و نیاز سے اس قدر امر کی خوبی میں کچھ شک و شبہ نہیں۔

ابو الوہابیہ اسماعیل دہلوی شہید کی مندرجہ بالا عبارت اور مودودی کی کفریہ مشین سے نکلا ہوا عقیدہ کو بنظر غور دیکھا جائے تو مودودی کے نزدیک ان کے اپنے ہی پیارے دادا جان دہلوی صاحب مشرکانہ پوجا پاٹ کی نئی شریعت کو مستحسن قرار دے رہے ہیں۔ ؎

جب تک ملے نہ تھے تو جدائی کا تھا ملال
اب یہ ملال ہے کہ تمنا نکل گئی!

marfat.com

نعرۂ رسالت وغیرہ شرک اور حرام ہے

وہابیوں کے مولوی عبدالستار دہلوی سے کسی نے نعرہ لگانے کے متعلق مسئلہ پوچھا تو اُس نے واضح طور پر فتویٰ دیا ہے۔ خدا تعالیٰ کے علاوہ کسی اور کا نعرہ لگانا شرک اور حرام ہے۔ سوال وجواب یہ ہیں۔

س :۔ نعرۂ رسالت کیا ہے؟

ج :۔ خداوند تعالےٰ کے علاوہ کسی اور کا نعرہ لگانا شرک اور حرام ہے۔

(صحیفہ اہلحدیث کراچی صہ ۲۳ ۱۵ محرم الحرام ۱۳۷۴ھ)

ناظرین! وہابیوں کے مفسر، محدث اور امام کے نزدیک پاکستان زندہ باد، اسلام زندہ باد، ختم نبوت زندہ باد، جمعیت اہلحدیث زندہ باد، روڑی صاحب زندہ باد، مناظر اسلام زندہ باد وغیرہ کے نعرے لگانے والے تمام وہابی مشرک ہوں گے۔ کیونکہ ایسے نعرے تو وہابیوں کے جلسوں میں لگائے جاتے ہیں۔ اگر نعرے نہیں لگتے تو صرف نعرۂ رسالت یا رسول اللہ۔ نعرۂ حیدری یا علی، نعرۂ غوثیہ یا غوث اعظم کے نہیں لگتے۔ مگر وہابیوں کے امام دہلوی کا فتویٰ تو یہ ہے۔ کہ:

'خداوند تعالیٰ کے علاوہ کسی اور نعرہ لگانا شرک ہے اور حرام ہے'

س :۔ یا اللہ کے ساتھ یا محمد کہنا ٹھیک ہے؟

ج :۔ شرک ہے۔

(صحیفہ اہلحدیث کراچی صہ ۲۳ ۱۵ محرم الحرام ۱۳۷۴ھ، صحیفہ اہلحدیث کراچی صہ ۲۲، ۱۵ جمادی الاوّل ۱۳۷۴ھ)

س :۔ یا رسول اللہ یا شیخ عبدالقادر یا علی مدد کے نعرے لگانا جائز ہے یا نہیں؟

ج :۔ یا رسول اللہ، یا شیخ عبدالقادر شیأً للہ و یا علی مشکل کشا وغیرہ نعرے لگانا شرک ہے۔ (فتاویٰ ستاریہ صہ ۹ ج ۳ مطبوعہ کراچی)

marfat.com

امام الوہابیہ ثناء اللہ امرتسری سے کسی نے سوال کیا کہ :

س ۱۳۹ :- مسجدوں اور گھروں میں ختمات شیاً لِلّٰہ جائز ہے ؟

امرتسری اس کا جواب دیتے ہیں ۔

ج ۱۳۹ :- جائز نہیں کیونکہ شیاً لِلّٰہ کے معنے شرکیہ ہیں ۔ اس میں غیر اللہ کو ندا ہے

(اہلحدیث امرتسری ص۲ کالم ۱ ۹ راگست ۱۹۴۶ء)

س :- رسمی مسلمان یا رسول اللہ کا نعرہ لگانے والے قصاب کا ذبیحہ موحد مسلمان کے لیے کھانا جائز ہے یا نہیں ؟

ج :- بچنا چاہیئے ۔ (صحیفہ اہلحدیث کراچی ص۲۳ یکم صفر المظفر ۱۳۷۴ھ)

قارئین عظام ! وہابیوں کے مولوی عبدالستار دہلوی نے یا رسول اللہ کہنے والے قصاب کے ذبیحہ کھانے سے بچنے کی وہابیوں کو تعلیم دی ہے ۔ مگر انہیں کے بزرگ نواب وحید الزمان نے کافر کے ذبیحہ کو واضح الفاظ میں حلال قرار دیا ہے ۔

کافر کا ذبیحہ حلال ہے

وَکَذَالِکَ ذَبِیْحَۃُ الْکَافِرِ اَیْضًا حَلَالٌ ۔ اور اسی طرح کافر کے ہاتھ کا ذبح کیا ہوا جانور بھی حلال ہے ۔ (نزل الابرار ص۵۷ ج ۳ مطبوعہ بنارس)

ان دونوں فتووں کو پڑھ کر نتیجہ یہ ہی نکلے گا ۔ کہ وہابیوں کے نزدیک یا رسول اللہ کہنے والے مسلمانوں سے ہندو سکھ اور دیگر کفار اچھے ہیں ۔ وہابیوں نے مسلمانوں کو جس تعصب کی تعلیم دی ہے ۔ اُس کے چند نمونے ان کے اکابر کے فتووں سے ملاحظہ فرمائیں ۔

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ پڑھنا بُرا ہے

وہابیوں کے محدث عبداللہ روپڑی نے لکھا ہے کہ :

"جو لوگ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ یا الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ وغیرہ سلام درود پڑھتے ہیں وہ بُرا کرتے ہیں ۔ اگر رسول اللہ

marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم کو حاضر ناظر جان کر پڑھتے ہیں۔ تو ظاہر ہے کہ۔ بُرا جانتے ہیں اور اگر حاضر ناظر جان کر نہیں پڑھتے بلکہ اس نیت سے پڑھتے ہیں کہ فرشتے پہنچا دیتے ہیں تو بھی بُرا ہے۔ (رسالہ سماع موتےٰ ص۱۵ از عبداللہ (پڑی)

دیوبندیوں کے قطب رشید احمد گنگوہی نے فتویٰ دیا ہے کہ:

'یا رسول اللہ کہنا کہ وہ دُور سے سُنتے ہیں بسبب علمِ غیب کے تو خود کفر ہے۔ اور جو یہ عقیدہ نہیں تو کفر نہیں مگر کلمہ مشابہ بکفر ہے۔

(فتاویٰ رشیدیہ ص۱۰۰ ج ۲ مطبوعہ دہلی)

قارئین! جس عقیدہ کو وہابیوں کے عبداللہ روپڑی اور رشید احمد گنگوہی کے کفر اور بُرا قرار دیا ہے۔ اُسی عقیدہ کو وہابیوں کے مجدد مولوی ابنِ قیم اور مولوی قاضی سلیمان منصور پُوری نے ایک واقعہ اپنی کتابوں میں درج کر کے مستحسن اور مبارک قرار دیا ہے وہ واقعہ یہ ہے۔ کہ:

'ابوبکر محمد عمر کہتے ہیں کہ ابوبکر بن مجاہد کے پاس بیٹھا تھا۔ شبلی علیہ الرحمۃ آئے۔ حضرت ابوبکر علیہ الرحمۃ کھڑے ہو گئے۔ معانقہ کیا اور پیشانی پر بوسہ دیا۔ میں نے کہا اے میرے سردار آپ شبلی کے ساتھ یہ سلوک کرتے ہیں۔ حالانکہ آپ اور تمام بغداد کے باشندے خیال کرتے ہیں کہ وہ دیوانہ ہے۔ کہا میں نے اس کے ساتھ وہ کیا جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے دیکھا ہے۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ شبلی سامنے آئے۔ آپ کھڑے ہو گئے اور اُس کی اُس کی پیشانی پر بوسہ دیا۔ میں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ شبلی علیہ الرحمۃ کے ساتھ ایسی عنایت فرماتے ہیں۔ فرمایا یہ نماز کے بعد لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ آخر تک پڑھا کرتا ہے اور پھر درود مجھ پر پڑھتا ہے۔ دوسری روایت میں یہ ہے کہ اُس نے کوئی فرض نماز نہیں پڑھی۔ لیکن اُس کے آخر میں لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ

marfat.com

مِنْ اَنْفُسِكُمْ آخر سورہ تک پڑھا اور تین دفعہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ (صلی اللہ علیہ وسلم) پڑھا۔ ابو بکر محمد بن عمر علیہ الرحمۃ کہتے ہیں کہ پھر میں شبلی علیہ الرحمۃ کے پاس گیا اور پوچھا کہ نماز کے بعد کیا ذکر کیا کرتے ہو۔ تو انہوں نے ایسا ہی بیان کیا۔

(جلاء الافہام ص۲۵۸ الصلوٰۃ والسلام ص۲۵، ۲۵۹)

کھیت اور باغ کے حصہ سے نذر و نیاز دینا شرک ہے

امام الوہابیہ والدیابنہ اسماعیل دہلوی قتیل نے اپنا عقیدہ لکھا ہے:

عقیدہ: کھیت اور باغ (انبیاء و اولیاء) کا حصہ لگائے۔ جو کھیتی باڑی میں لے آوے پہلے ان کی نیاز کریں۔ اِن سب باتوں سے شرک ثابت ہوتا ہے۔

(تقویۃ الایمان ص۱۲)

کتبِ احادیث میں صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کا طریقہ درج ہے۔ چنانچہ امام مسلم اور امام ابنِ ماجہ علیہما الرحمۃ نے سرکار سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ایک روایت نقل کی ہے:

كَانَ النَّاسُ اِذَا رَأَوْا اَوَّلَ الثَّمَرِ جَآءُوْا بِهٖ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا اَخَذَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ ثَمَرِنَا وَ بَارِكْ لَنَا فِيْ مَدِيْنَتِنَا وَ بَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِنَا وَ بَارِكْ لَنَا فِيْ مُدِّنَا ثُمَّ يَدْعُوْا اَصْغَرَ وَلِيْدٍ لَهٗ فَيُعْطِيْهِ

لوگ (صحابہ) جب پہلا پھل دیکھتے تو اس کو نبیِ پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کرتے۔ تو جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھلوں کا نذرانہ قبول فرماتے تو دعا فرماتے اے اللہ ہمارے پھلوں میں برکت فرما۔ ہمارے صاع میں برکت فرما۔ ہمارے مُد میں برکت فرما۔ پھر چھوٹے بچوں کو بلاتے تو وہ نذرانہ ان میں تقسیم فرما دیتے۔

(صحیح مسلم شریف ص۴۴۲ ج۱، ابنِ ماجہ شریف ص۲۴۷)

marfat.com

سرکار عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے بھی امام طبرانی نے روایت نقل فرمائی ہے۔ حضرت سے مروی ہے:

اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا اُتِیَ بِالْبَاکُوْرَۃِ مِنَ الثَّمَرَۃِ قَبَّلَھَا وَجَعَلَھَا عَلٰی عَیْنَیْہِ ثُمَّ اَعْطَاھَا اَصْغَرَ مَنْ یَحْضُرُہٗ مِنَ الْوِلْدَانِ۔ (طبرانی شریف صہ مطبوعہ مصر)

بے شک نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو جب پہلے پھل کا نذرانہ پیش کیا جاتا تو آپ اس کو قبول فرماتے اور اس کو اپنے سامنے رکھ کر جو آپ کے پاس چھوٹے بچے حاضر ہوتے تقسیم فرما دیتے۔

قارئین حضرات! دیوبندی اور غیر مقلد وہابیوں کے امام اور مجدد دہلوی قتیل کی حدیث دانی اور تبلیغِ اسلام کا اندازہ آپ نے لگا یا کہ کس طرح بے چارے نے مسلمانوں کو شرک کے فتووں کی بوچھاڑ سے مشرک بنانے پر کمر باندھی ہوئی ہے۔ اس بے چارے کو حدیث کا اتنا بھی علم نہیں کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان بارگاہِ رسالت پناہ میں پہلا پھل پیش کیا کرتے تھے۔ پھر امام الانبیاء صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم اس پر دعا فرما کر تقسیم کر دیتے تھے۔ امام الوہابیہ کے نزدیک صحابہ کبار علیہم الرضوان بھی تو مشرک ہوئے۔ لہٰذا ان کا عقیدہ صحابہ کرام کے عقیدہ کے بھی خلاف ہے ؏

اس بُرے مذہب پہ لعنت کیجئے!

ناظرین حضرات! سرورِ کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات، انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاءِ کرام علیہم الرحمۃ کے متعلق کے وہابیہ کے عقائد پڑھنے کے بعد اب سرورِ عالم نورِ مجسم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے روضہ مبارکہ کے متعلق وہابیہ کے عقائد درج کیے جاتے ہیں۔

---

màrfat.com

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مُبارک بُت ہے

سعودیہ نے ایک کتاب شرح الصدور شائع کی ہے۔ جس کے حاشیہ پر اُنہوں نے لکھا ہے کہ

فَالْقَبْرُ الْمُعَظَّمُ الْمُقَدَّسُ وَ ثَنٌ وَصَنَمٌ بِكُلِّ مَعَانِي الْوَثَنِيَّةِ لَوْ كَانُوْا يَعْقِلُوْنَ ۔

پس حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی قبر مقدس ہر لحاظ سے بُت ہے کاش کہ لوگ اِس بات کو سمجھیں۔

(حاشیہ شرح الصدور ص۲۵ مطبوعہ سعودیہ)

وہابیوں کے امام محمد بن عبدالوہاب نجدی کی رسوائے زمانہ تصنیف کتاب التوحید کے حاشیہ پر لکھا ہے۔

فَكُلُّ مَا تَقَرَّبَ بِهٖ اِلَى اللّٰهِ مِنْ نَارٍ اَوْ كَوْكَبٍ اَوْ قَبْرِ صَالِحٍ اَوْ غَيْرِ صَالِحٍ وَ غَيْرِ ذَالِكَ فَهُوَ صَنَمٌ ۔

ہر وہ چیز جس سے اللہ تعالےٰ کا قرب حاصل ہو۔ آگ ہو یا ستارہ یا کسی بزرگ کی قبر ہو۔ یا بزرگ نہ بھی ہو پس اور اُس کے علاوہ تو وہ بُت ہے۔

(کتاب التوحید ص۱)

وہابیوں کے امام نواب صدیق حسن بھوپالوی نے لکھا ہے کہ

نحو آں و نحر بر قبر او توسل بوے وطلبِ حاجات از و بے بعینہٖ ہماں است کہ اہلِ جاہلیت آنرا میکروند غائیت آنکہ اہل جاہلیت آنرا صنم و وثن مے نامیدند و ایشانرا ولی وقبر و مزار و روضہ و مشہد و مقبرہ مے نامند۔

(ہدایۃ السائل فارسی ص۳۰۹ مطبوعہ بھوپال)

صالحین میں سرورِ عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم اور دیگر انبیاء کرام علیہم

marfat.com

الصلوٰۃ والسلام بھی شامل ہیں۔اس سے واضح ہے۔کہ وہابیوں کے نزدیک امام الانبیاء صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلّم کے روضۂ مطہرہ کا گنبد اور قبہ ایک بُت ہے

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قبہ شرک و الحاد کا بُہت بڑا ذریعہ ہے

وہابیوں کے امام محمد بن عبدالوہاب نجدی کے پوتے عبدالرحمٰن نجدی نے اپنے دادا کی کتاب التوحید کی شرح فتح المجید میں لکھا ہے کہ

فَاِنَّ هٰذِهِ الْقِبَابَ وَالْمَشَاهِدَ الَّتِيْ صَارَتْ اَعْظَمُ ذَرِيْعَةٍ اِلَى الشِّرْكِ وَالْاِلْحَادِ وَاَكْبَرُ وَسِيْلَةٍ اِلٰى هَدْمِ الْاِسْلَامِ وَخَرَابِ بُنْيَانِهٖ غَالِبًا ۔

بیشک یہ تمام قبے، مشاھد اور زیارت گاہیں جو شرک اور الحاد کا بُہت بڑا ذریعہ بن چکی ہیں۔ اور اسلام کو مٹانے اور اس کی بنیادوں کو کھوکھلا کرنے کا بُہت بڑا وسیلہ ہیں۔

(فتح المجید شرح کتاب التوحید ص۲۰۸ مطبوعہ مصر)

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے مزار پر قبہ بہت بڑی جہالت ہے

وہابیوں کے بہت بڑے امام محمد بن اسماعیل امینؔ نے لکھا ہے کہ

فَاِنْ قُلْتَ هٰذَا قَبْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ عُمِّرَتْ عَلَيْهِ قُبَّةٌ عَظِيْمَةٌ

اگر تو سوال کرے کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کی قبر پر جو ایک بہت بڑا قبہ تعمیر کیا گیا ہے اور اس پر بہت مال

لہ وہابیوں کے مجدد ابن تیمیہ نے لکھا ہے کہ ہر رسول نبی اور ولی ہوتا ہے۔
(الفرقان بین اولیاء الرحمٰن والشیطٰن)

marfat.com

انفقت فیھا الاموال (قلت) ھذا جھل عظیم بحقیقتہ الحال ۰

خرچ کیا گیا ہے (یہ شرعاً کیسا ہے ہیں (محمد بن اسماعیل) جواباً کہتا ہوں کہ یہ حقیقتاً بہت بڑی جہالت ہے۔

(تطہیر الاعتقاد ص۲۶)

وہابیوں کے امام ابن قیم نے بھی یہی لکھا ہے کہ

قبر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم موجود ست بروے قبۂ عظیم بنا ساختہ وتعمیر کردہ اند واموال کثیرہ برآں انفاق نمودہ زیرا کہ ایں جہل عظیم است

(ہدایۃ السائل ص۳۱۹)

قبروں پر قبے بنانا حرام ہے

وہابیوں کے حافظ عبداللہ روپڑی نے لکھا ہے کہ

قبروں پر قبے بنانا حرام ہے۔ (ردّ بدعات ص۵۶)

قبروں پر قبے بنانا شرع میں ایک منکر امر (بُرے کام) ہیں

(ردّ بدعات ص۶۵)

نجدیوں کے احمد عبدالغفور عطار رقمطراز ہیں۔

بلاشبہ قبے اور قبر[1] میں بُت پرستی اور خرافات و بدعات کا منبع ہیں

(کتاب محمد بن عبدالوہاب ص۱۶۵)

---

[1] اس لئے وہابیوں کو قبریں نہیں بنانی چاہیئے۔ بلکہ مڑھیاں بنائیں اور وہابی اپنے بڑوں کی قبروں کو کھود ڈالیں۔ کیونکہ قبریں اِن کے نزدیک بُت پرستی اور خرافات کا منبع ہیں۔

(فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

روضہ اطہر کو گرانا واجب ہے

وہابیوں کے نواب صدیق حسن خاں کے بیٹے نور الحسن بھوپالوی نے لکھا ہے کہ

از بنا بر قبر نہی آمدہ پس بر ہر چہ مرفوع یا مشرف بودن قبر لغتہً گراست آید از منکرات شریعت باشد وانکار بران و برابر ساختنش بخاک واجب است بر مسلمین بدوں فرق در آنکہ گو پیغمبر باشد یا غیر۔

لغت کے لحاظ سے ہر اُس چیز پر جو اُٹھی ہوئی ہو قبر کا لفظ صادق آتا ہے اور وہ شریعت کے منکرات سے ہے۔ اس سے منع کرنا اور اُسکو مٹی کے برابر کرنا مسلمانوں پر واجب ہے۔ بغیر کسی امتیاز کے۔ گو پیغمبر کی قبر ہو یا کسی اور کی ہو۔ (عرف الجادی ص۶۱)

ابن قیمؒ کے نزدیک قبروں پر جو قبے بنے ہوئے ہیں۔ ان کو گرا دینا واجب ہے۔

(فتح المجید شرح کتاب التوحید ص۲۰۱)

ناظرین کرام! آپ نے وہابیہ نجدیہ کے اکابر کے عقائد جو انہوں نے سرور عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی قبر شریف۔ روضہ مبارکہ گنبد خضریٰ اور دیگر اولیاء کرام کی قبور پر بنے ہوئے قبوں اور گنبدوں کے متعلق اپنی کتابوں میں لکھے ہیں۔ ملاحظہ کئے ہیں۔

ان وہابی مولویوں کے اپنے مکانات کو دیکھئے تو عمدہ بلڈنگیں ہیں۔ دو منزلی بلکہ سہ منزلی ہیں جس نبی پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے اولیاء اللہ کی قبور کو روضہ فرمایا ہے۔ مگر وہابی ہیں۔ کہ اُن کو بت۔ شرک والحاد کا بہت بڑا ذریعہ وغیرہ قرار دے رہے ہیں۔ اور ان کو گرانا واجب قرار دیتے ہیں۔ حالانکہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے قبر پر پاؤں رکھنے کی بہت سخت وعید فرمائی ہے۔ مگر یہ ایسے باغیٔ رسول ہیں۔ ان کو گرانا واجب قرار دے رہے ہیں۔

سید العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے زمانہ میں بھی قبے بنے ہوئے تھے۔

marfat.com

اگر قبّل کو گرانا واجب ہوتا تو امام المرسلین علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم ضرور اُس کو گرا دیتے۔
چنانچہ حدیث شریف میں ہے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ

خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَسْنَدَ ظَھْرَہٗ اِلٰی قُبَّۃِ اٰدَمَ فَقَالَ اَلَا لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ اِلَّا نَفْسٌ مُسْلِمَۃٌ۔

(مسلم شریف ص۱۱۷ ج۱)

رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے حضرت آدم علیہ السلام کے قبّے سے ٹیک لگا کر ہم کو خطاب فرمایا نیز فرمایا کہ جنت میں سوائے مسلمان آدمی کے کوئی شخص داخل نہ ہوگا۔

اصحاب کہف کے مزارات پر گنبد

نہایت ہی مستند تفسیر مدارک میں فَقَالُوْا ابْنُوْا عَلَیْھِمْ بُنْیَانًا کی تفسیر میں لکھا ہے کہ

فَقَالُوْا حِیْنَ تَوَفَّی اللّٰہُ اَصْحٰبَ الْکَھْفِ (اَبْنَتُوْا عَلَیْھِمْ بُنْیَانًا) اَیْ عَلٰی بَابِ کَھْفِھِمْ لِئَلَّا یَتَطَرَّقَ اِلَیْھِمُ النَّاسُ ضَنًّا بِتُرْبَتِھِمْ وَمُحَافِظَۃً عَلَیْھَا کَمَا حَفِظَتْ تُرْبَۃُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِالْخَطِیْرَۃِ۔

جب اصحاب کہف علیہم الرضوان کو اللہ تعالےٰ نے وفات دی تو لوگوں نے کہا ان پر یعنی ان کے دروازے کے باہر ان کی غار پر عمارت بنائی جائے تاکہ لوگ بدعقیدگی سے ان کی قبروں پر پاؤں نہ رکھیں اور اس عمارت سے ان کی آرام گاہ کی حفاظت ہو جائے گی۔

جیسا کہ رسول پاک صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی قبر شریف کی حفاظت گنبد شریف سے کی گئی ہے۔

(تفسیر مدارک ص۷۰ ج ۳ مطبوعہ مصر)

تفسیر و حدیث کے حوالہ سے معلوم ہوا کہ وہابیہ نجدیہ کا مزارات اور قبّہ جات اور

marfat.com

گنبدوں کا گرانا صرف عناد اور بغض کی وجہ سے ہے۔ حالانکہ وہابیہ نجدیہ کے قاضی شوکانی نے خود اپنی مشہور کتاب نیل الاوطار میں لکھا ہے کہ تَحْرِیْمُ دَفْعِ الْقُبُوْرِ ظَنِّیٌّ قبور کو اونچا کرنے کی حرمت ظنی ہے۔ یعنی یقینی نہیں ہے۔ (نیل الاطار ص۹ ج)

نبی پاک اور دیگر انبیاء اور اولیاء کی قبور کی زیارت کے لئے سفر کرنا شرک ہے۔

وہابیوں کے محمد بن عبدالوہاب نجدی کے پوتے عبدالرحمٰن نے قبور کے لئے سفر کرنا ابن تیمیہ کے نزدیک شرک کے اسباب سے لکھا ہے۔ کہ

عقیدہ:۔ وَهٰذِهٖ هِيَ الْمَسْاَلَةُ الَّتِيْ اَفْتٰى فِيْهَا شَيْخُ الْاِسْلَامِ ..... اَمْنِيْ مَنْ سَافَرَ لِمُجَرَّدِ زِيَارَةِ قُبُوْرِ الْاَنْبِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ۔

اور اس مسئلہ پر ابن تیمیہ نے فتوے دیا ہے جس شخص نے محض انبیاء کرام اور صالحین کی قبروں کی زیارت کے لئے سفر کیا۔

(وہ مشرک ہے)

(فتح المجید شرح کتاب التوحید ص۲۱۵)

ابن تیمیہ کی معنوی اولاد میں سے اسماعیل دہلوی قتیل نے بھی لکھا ہے کہ

عقیدہ:۔ ایسے مکانوں میں دور دور سے قصد کر کے جاوے۔ یا وہاں روشنی کرے۔ غلاف ڈالے۔ چادر چڑھاوے۔ ان کے نام کی چھڑی کھڑی کر کے رخصت ہوتے وقت الٹے پاؤں چلے۔ اُن کی قبر کو بوسہ دیوے۔ مواجہ جھلے اسپر شامیانہ کھڑا کرے چوکھٹ کو بوسہ دیوے۔ ہاتھ باندھ کر التجا کرے۔ مُراد مانگے۔ مجاور بن کر بیٹھ رہے۔ وہاں کے گرد و پیش کے جنگل کا ادب کرے۔ اور ایسی قسم کی باتیں کرے تو اُس پر شرک ثابت ہوتا ہے اس کو شرک فی العبادۃ کہتے ہیں۔

(تقویۃ الایمان ص۱۲)

marfat.com

نبی پاک کے روضہ پر سلام کرنا منع ہے

عقیدہ ۱:- قصداً اور ارادۃً قبر نبوی پر سلام کے لئے جانا ممنوع ہے۔
شریعت نے اس قسم کا کوئی حکم نہیں دیا۔ (ہدایۃ المستفید ص۸۱۱ ج۱)

عقیدہ ۲:- قبر نبوی کے پاس آکر صلوٰۃ والسلام کہنے یا وہاں نماز پڑھنے یا دعا وغیرہ کرنے کی شریعت اسلامیہ میں کوئی دلیل نہیں ملتی۔ بلکہ اس سے روکا گیا ہے۔

(ہدایۃ المستفید ص۸۱۱ ج۱)

سوال:- یہ حدیث کہ جس نے میرے روضے کی زیارت کی اس کے لئے میری شفاعت واجب ہوگئی صحیح ہے یا نہیں[1]؟

عقیدہ: جواب:- قبر یا روضہ کی نیت سے جانا صراحۃً ممنوع ہے۔

(صیغہ اہلحدیث کراچی ص۲۳ ۱۵ جمادی الاول ۷۳ھ)

حافظ عبداللہ روپڑی رقمطراز ہیں کہ

عقیدہ:- طالب علم اور دیگر ضروریات کے لئے سفر کا کوئی حرج نہیں صرف کسی جگہ کیطرف جس میں قبر نبوی بھی داخل ہے۔ ثواب کی نیت سے سفر کرنا جائز نہیں۔ ہاں اگر کوئی یہاں سے مسجد نبوی کی نیت پر سفر کرے اور وہاں پہنچکر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کی زیارت کرے تو اس کا کوئی حرج نہیں۔ بلکہ ایسا ہی کرنا چاہیئے۔ (مسئلہ زیارت قبر نبوی ص۱۸)

روپڑی صاحب دوسری کتاب میں لکھتے ہیں کہ

عقیدہ:- وہاں سفر کرنا زیارت کے لئے جائز نہیں۔ بلکہ مسجد نبوی کی نیت سے

---

[1] سائل حدیث کے متعلق دریافت کر رہا ہے۔ مگر وہابی مجیب صراحۃً اس سے کانٹے کتراتے ہوئے کچھ اور ہی جواب دے رہا ہے۔ یہ ہے وہابی اکابر کا علم دراصل دشمنانِ مصطفےٰ کے سینوں میں علم دین کیسے جلوہ گر ہو سکتا ہے۔ (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

سفر کرنا چاہیئے۔ جب مسجد نبوی میں نماز سے فارغ ہو جائے تو قبر کی بھی زیارت کرے۔

(سماع موتی ص۹۱)

وہابیوں کے سردار مولوی ثناء اللہ امرتسری سے کسی سوال کیا۔

عقیدہ :۔ کس آیت یا حدیث میں آیا ہے کہ حضور علیہ السلام کے روضہ مبارک پر زیارت کے لئے حاضر ہونا حرام ہے۔

امرتسری نے اس کا جواب دیا ہے۔

حرام کا فتویٰ تو ہم نے دیا نہیں۔ البتہ ہمارا عقیدہ ہے کہ مسجد نبوی کی زیارت کی نیت کرے اسی ضمن میں دوسرا کام بھی ہو جائے۔ تو جائز ہے۔

(فتاویٰ ثنائیہ ص۷۸ ج ۱ مطبوعہ بمبئی)

عقیدہ :۔ مرزا قادیانی کے ممد و معاون مولوی ثناء اللہ امرتسری نے مزید لکھا ہے کہ اولیاء اللہ کے مزارات پر سفر کر کے جانا۔ میرے ناقص علم میں ثابت نہیں بلکہ بظاہر حدیث کے خلاف ہے۔ (اخبار اہل حدیث امرتسر ص۱۲ ۱۶ اگست ۱۹۱۲ء)

مولوی اسماعیل دہلوی قتیل نے لکھا ہے کہ

عقیدہ :۔ اولیاء اللہ کے قبروں کی زیارت کے واسطے آنا انہی بدعات میں سے ہے اور ان سفروں میں اگرچہ تکلیفیں اٹھاتے ہیں۔ اور یہ سفر ان کو شرک کے ظلمات اور اللہ تعالےٰ کی غضب کی وادی میں پہنچاتے ہیں۔ (صراط مستقیم ص۵۹)

لہ وہابیوں کے سردار کس طرح صریحاً کذب بیانی سے کام لیا ہے جس فرقہ کے سردار کو جھوٹ بولتے شرم نہیں آتی اس فرقہ کے دوسرے مولویوں اور انکے مقتدیوں کو جھوٹ بولتے کیسے شرم و حیاء آئیگی۔ فقیر عدالتوں میں وہابی مولویوں کو دیدہ دانستہ جھوٹ بولتے دیکھ کر حیران ہوتا تھا۔ مگر جب سے امرتسری کا یہ بیان پڑھا ہے وہ سب حیرانگی دور ہو گئی اور یقین آگیا کہ ان کو اپنے بڑوں کا ہی یہ سبق ہے کہ خوب دل کھول کر جھوٹ بولو۔ فقیر عدالتوں میں وہابی مولویوں کے جھوٹ عنقریب شائع کر رہا ہے۔

(فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

قارئینِ کرام! وہابیہ نجدیہ کے مندرجہ بالا عقائد آپ نے پڑھے۔ پڑھتے ہی مسلمان کا دل لرز جاتا ہے۔ مگر ان ناعاقبت اندیش حضرات کو قطعاً کچھ خیال نہ آیا کہ ہم رسولِ محتشم صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ مقدسہ اور قبرِ انور کے متعلق کیا لکھ رہے ہیں۔ اب احادیثِ شریفہ کی روشنی میں زیارتِ قبرِ نبوی کی شان ملاحظہ فرمائیے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول کریم علیہ افضل الصلوٰۃ و التسلیم کا یہ ارشاد ہے کہ

مَنْ زَارَ قَبْرِیْ وَجَبَتْ لَہٗ شَفَاعَتِیْ۔

جس شخص نے میری قبر کی زیارت کی اُس کے لئے میری شفاعت ضروری ہوگئی۔

(دار قطنی۔ شرح المناسک لابن حجر۔ صحیح ابن خزیمہ۔ شفاء السقام ص۱۱ شرح شفا۔ للملا علی قاری۔ مشکوٰۃ شریف۔ اشعۃ اللمعات فارسی ص مرقاۃ۔ مظاہر حق ص جذب القلوب۔ مدارج النبوۃ۔ فضائل حج ص۱۸۲ وفا الوفا للسمہودی۔ کتاب الوفا لابن جوزی ص)

مَنْ جَآءَنِیْ زَائِرًا لَا یُھِمُّہٗ اِلَّا زِیَارَتِیْ کَانَ حَقًّا عَلَیَّ اَنْ اَکُوْنَ لَہٗ شَفِیْعًا۔ (طبرانی۔ فضائل حج ص۱۸۳ شفاء السقام ص۱۳)

جو میری زیارت کو آئے اور اس کے سوا کوئی اور نیت اس کی نہ ہو تو مجھ پر حق ہوگیا کہ اس کی سفارش کروں۔

سرورِ کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات تو فرمائیں کہ میری قبر کی زیارت کی نیت اور ارادہ کرکے آنے والے کیلئے میری شفاعت اور سفارش لانی ہے۔ مگر وہابیوں کے اکابر یہ کہیں کہ وہ حرامکار اور مشرک ہوجاتا ہے۔ (نعوذ باللہ من ذالک)

مَنْ زَارَنِیْ مُتَعَمِّدًا کَانَ فِیْ جِوَارِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ۔

جو شخص ارادہ کرکے میری زیارت کرے وہ قیامت میں میرے پڑوس میں ہوگا۔

(مشکوٰۃ شریف ص فضائل حج۔ شفاء السقام ص۲۴ جذب القلوب فارسی۔)

مَنْ حَجَّ الْبَیْتَ وَلَمْ یَزُرْنِیْ جس شخص نے حج کیا۔ اور میری زیارت

marfat.com

فَقَدْ جفانِیْ۔ نہ کی اُس نے مجھ پر ظُلم کیا۔

(شفاء السقام ص۲۱ شرح شفا لعلی قاری۔ جذب القلوب فارسی ص۔ فضائل حج ص۱۸۶)

دیو بندیوں کے مولوی ذکریا سہارن پوری نے اپنی کتاب فضائل حج میں لکھا ہے،

علاّمہ سبکی (علیہ الرحمۃ) نے لکھا ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا سفر شام سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کی زیارت کے لئے عمدہ سندوں سے ثابت ہے۔ جو متعدد روایات میں مذکور ہے۔ (فضائل حج ص۱۹۶)

مولوی ذکریا سہارن پُوری لکھتے ہیں کہ

متعدد روایات میں ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز (رضی اللہ عنہ) مستقل طور پر شام سے اُونٹ پر سوار قاصد بھیجا کرتے تھے۔ تاکہ قبر اطہر پر ان کا سلام پہنچائیں۔

(فضائل حج ص۱۹۶)

حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کے نزدیک دُعا مانگنا بدعت ہے

وہابیوں کے مجتہد نواب صدیق حسن بھوپالوی نے اپنا عقیدہ لکھا ہے کہ :۔ **عقیدہ** :۔ دُعا کردن نزد قبر مُبارک برائے خود بدعت است۔

نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مُبارک کے نزدیک اپنے لئے دعا مانگنا بدعت ہے۔ (نہج المقبول فارسی ص۲۳۲ مطبوعہ بھوپال)

دیو بندی وہابیوں کے مولوی مجیب اللہ ندوی نے لکھا ہے

عقیدہ :۔ صحابہ وتابعین کے زمانہ میں بڑے بڑے حادثات آئے قحط پڑے وبائیں پھوٹیں۔ مگر ایک صحابی نے بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کے قریب جاکر نہ دُعا مانگی اور نہ آپ کو واسطہ بنایا[1]۔ (فاران توحید نمبر کراچی ص۱۸۲)

[1] افسوس ندوی صاحب میں کچھ علم ہوتا اور کتب معتبرہ کا مُطالعہ کر لیتے تو کبھی بھی صحابہ کرام

marfat.com

ندوی صاحب نے مزید گل فشانی کرتے ہوئے اکابر اولیاء اللہ اور مسلمانوں کو اپنے قلموں کی تیز دھار سے مشرک بنا دیا ہے۔ لکھتے ہیں کہ قبروں پر جاکر اہل قبر سے کچھ مانگنا تو کھلا شرک ہے لیکن قبروں پر جاکر براہ راست اللہ سے مانگنے کی فضیلت و خصوصیت بھی قرآن و سنت سے کہیں نہیں ملتی۔ (فاران توحید نمبر کراچی ص ۲۴)

قارئین کرام :۔ وہابیوں کی اس کذب بیانی اور رسول کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم سے دشمنی کی تردید وہابیوں کے ہی مولوی ذکریا سہارن پوری کی تحریر سے ہی پیش کی جاتی ہے ملاحظہ فرمائیں۔

خلفاء عباسیہ میں سے منظور عباس نے حضرت امام مالک سے دریافت کیا۔ کہ دعا کے وقت حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف چہرہ کروں یا قبلہ کی طرف ؟ تو حضرت امام مالک (علیہ الرحمۃ) نے فرمایا کہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف منہ ہٹانے کا کیا محل ہے جب کہ آپ تیرا بھی وسیلہ ہیں اور تیرے باپ حضرت آدم (علیہ السلام) کا بھی وسیلہ ہیں حضور کی طرف منہ کر کے۔ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) سے شفاعت چاہو۔ اللہ جل شانہٗ ان کی شفاعت قبول کرے۔ (علامہ زرقانی (علیہ الرحمۃ) کہتے ہیں)

اس قصے کو قاضی عیاض (علیہ الرحمۃ) نے معتبر اساتذہ سے نقل کیا ہے۔ اس کا انکار کرنا ناشائستہ جرأت ہے۔ (شرح مواہب)

علامہ قسطلانی شافعی (علیہ الرحمۃ) نے مواہب میں لکھا ہے کہ زائرین کو چاہیئے بہت کثرت سے دعائیں مانگیں اور حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کا وسیلہ پکڑیں اور حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) سے شفاعت چاہیں کہ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کی ذات اقدس ایسی ہی ہے۔ کہ جب ان کے ذریعہ سے شفاعت چاہی جائے تو حق تعالےٰ شانہ قبول فرمائیں۔

(فضائل حج ص)

اور تابعین کے عقیدہ پر یہ الزام تراش نہ کرتے۔ صحابہ کرام کا اور تابعین قبر اطہر پر آنا اور دعا کرنا روایات سے ثابت ہے تبلیغی جماعت والے اپنے دیوبندی بزرگ کا یہ صریحاً جھوٹ فضائل حج کتاب کا مطالعہ کر کے پکڑ سکتے ہیں

marfat.com

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے کہ جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے دفن سے فارغ ہوئے تو ایک بدّو حاضر ہوئے اور قبر اطہر پہ پہنچ کر گر گئے اور عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیک وسلم) آپ نے جو ارشاد فرمایا وہ ہم نے سنا۔ اور جو اللہ جل شانہٗ کی طرف سے آپ کو پہنچا تھا اور آپ نے اس کو محفوظ فرمایا تھا۔ اُس کو ہم نے محفوظ کیا۔ اُس چیز میں جو آپ پر اللہ جل شانہٗ نے نازل کی (یعنی قرآن پاک) یہ وارد ہے۔

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۝

اگر یہ لوگ جب اُنہوں نے اپنے نفس پر ظلم کر لیا تھا۔ آپ کے پاس آجائے اور آکر اللہ جل شانہٗ سے معافی مانگ لیتے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ان کیلئے معافی مانگتے تو ضرور حق تعالیٰ شانہٗ کو توبہ قبول کرنیوالا رحم کرنے والا پاتے۔

اس کے بعد اس بدّو نے کہا بے شک میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا ہے اور اب میں آپ کے پاس مغفرت کا طالب بن کر حاضر ہوا ہوں۔ اس پر قبر اطہر سے آواز آئی کہ بے شک تمہاری مغفرت[1] ہوگئی۔ (حاوی) (فضائل حج ص۲۵۳، ص۲۵۴)

وہابیوں کے مولوی ذکریا سہارن پوری ہی علامہ سمہودی کی کتاب وفا الوفاء کے حوالہ سے سرکار امیر المومنین خلیفہ دوم خلیفہ برحق سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت کا واقعہ نقل کرتے ہیں جس سے وہابیہ کے عقائد کا بطلان اظہر من الشمس ہے۔ وہ واقعہ یہ ہے۔ کہ

حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) کے زمانے میں ایک مرتبہ مدینہ طیبہ میں قحط پڑا۔ ایک شخص حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر اطہر پہ حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ آپ کی اُمت ہلاک ہو رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ سے بارش مانگ دیجئے۔ اُنہوں نے خواب میں حضور

---

[1] تفسیر مدارک۔ جذب القلوب فارسی میں بھی یہ روایت موجود ہے (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی ۔ ارشاد فرمایا کہ عمر (رضی اللہ عنہ) سے میرا سلام کہہ دو اور یہ کہدو کہ بارش ہوگی۔ اور یہ بھی کہہ دینا کہ عَلَیْكَ الْكَیْسَ الْكَیْسَ (ہوشمندی اور ہوشیاری کو مضبوط پکڑی) وہ شخص حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) کی خدمت میں حاضر ہوئے اور پیام پہنچایا۔ حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) سُن کر رونے لگے اور عرض کیا یا اللہ میں اپنی قدرت کے بقدر تو کوتاہی نہیں کرتا۔ (وفاء الوفاء) (فضائل حج صـ۲۵۵)

نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کے روضۂ اطہر پہ صحابہ کرام علیہم الرضوان بھی حاضری دیتے تھے۔ جیساکہ جلیل المرتبت محدثین نے نقل فرمایا ہے۔

حضرت انس رضی اللہ تعالےٰ کے بارے میں منقول ہے کہ

اتیٰ قبر النبی صلّی اللہ علیہ وسلم فوقف فرَفع یدَیہِ حتّٰی ظننتُ اَنہٗ افتتح الصلاۃ فسلّمَ علَی النّبیِّ صلی اللہ علَیہ وسلّمَ ثمّ انصرف۔

نبی اکرم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی قبر مُبارک پر حاضر ہوئے۔ پھر وہاں کھڑے ہوکر سلام کرنے کے لئے اس حد تک ہاتھ اُٹھائے کہ میں سمجھا نماز پڑھنے کے لئے ہاتھ بلند کر رہے ہیں۔ اس شانِ ادب کے ساتھ۔

اُنہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام عرض کیا۔ پھر چلے گئے۔

(شفاء السقام صـ)

حضرت علامہ تقی الدین سبکی علیہ الرحمۃ محدّث نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما کے متعلق روایت نقل فرمائی ہے کہ

ان عبد اللہ بن عمر کان اِذا قدم من سفر اتیٰ قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلّم فقال السلام علیک یا رسول اللہ السلام علیک
یا اَبَا بکر اَلسَّلامُ عَلَیْكَ یا اَبَتَاہُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما جب سفر سے واپس تشریف لاتے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر اطہر پر حاضری دیتے اور السلام علیک یا رسول اللہ۔ السلام علیک یا ابا بکر السلام علیک یا ابتاہ عرض کرتے

(الشفا السقام صـ)

marfat.com

قارئینِ کرام! مندرجہ بالا حوالہ جات سے اظہر من الشمس ہے کہ وہابیہ نجدیہ کے دل میں سُلطانِ کونین وسیلتنا فی الدارین احمد مجتبےٰ محمد مُصطفےٰ علیہ التحیۃ والثنا انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور اولیاء عظام علیہم الرضوان کی کس قدر عزت وعظمت ہے۔ اور قرآنِ پاک جو کہ تمام آسمانی کتابوں کی سردار ہے اُس کی کتنی توقیر ومنزلت ہے۔ خُداوندِ کریم ایسے عقائدِ باطلہ اور نظریاتِ فاسدہ سے ہمیشہ ہمیشہ بچائے۔ آمین! اعلیٰحضرت عظیم البرکت اِمام اہلسنّت مولانا شاہ احمد رضا علیہ الرحمۃ نے سچ فرمایا ہے ؎

ذکر رد کے فضل کاٹے نقص کاجویاں رہے
پھر کہے مردک کہ ہوں اُمتِ رسول اللہ کی

وہابیہ دیوبندیہ کے ممدوح رشید احمد گنگوہی کا بھی وہابیوں کے بارے میں ارشاد پڑھیئے۔ "جو علماء دین کی توہین اور ان پر طعن وتشنیع کرتے ہیں۔ قبر کے اندر ان کا مُنہ قبلہ سے پھر جاتا ہے بلکہ یہ فرمایا کہ جس کا چاہے دیکھ لے۔ غیر مقلدین چونکہ آئمہ دین کو بُرا کہتے ہیں۔ اس لیے ان کے پیچھے بھی نماز پڑھنی مکروہ فرمایا ہے۔

(تذکرۃ الرشید ص۲۸۲ جلد ۲ سطر ۲۱ تا ۲۳ مطبوعہ دہلی)

اب ابوالکلام آزاد کے والد ماجد علیہ الرحمۃ کے وہابیوں کے متعلق نظریات اور خیالات ملاحظہ فرمائیے یہ سب واقعات وہابیہ کے ممدوح ابوالکلام آزاد نے اپنی کتاب آزاد کی کہانی میں تحریر کیے ہیں۔

---

marfat.com

کُفر پر وثوق

دیوبندی اور غیر مقلد وہابیوں کے بزرگ مولوی ابوالکلام آزاد اپنے والد ماجد علیہ الرحمۃ کے عقیدہ کے متعلق لکھتے ہیں :

"جہاں تک مجھے خیال ہے۔ وہ وہابیوں کے کفر پر وثوق کے ساتھ یقین رکھتے تھے۔ اُنہوں نے بارہا فتوے دیا کہ وہابیہ یا وہابی کے ساتھ نکاح جائز نہیں۔" (آزاد کی کہانی ص ۱۷۳)

وہابیوں کا کُفر یہود و نصاریٰ سے بھی اشد ہے

مولوی ابوالکلام آزاد دوسرے مقام پر رقمطراز ہیں :

"جب ہم ذرا اور بڑے ہوئے تو والدِ مرحوم کے واعظ اور گھر کی باتوں کو بھی خوب سمجھنے لگے۔ ہمیشہ وہابیوں کے عقائد کا رد رہتا تھا۔ کوئی بات کہی جائے وہ فوراً یاد آجاتے تھے گریز یوں ہوتا تھا کہ مگر وہابی یوں کہتے ہیں۔ پھر ان کا رد کیا جاتا تھا۔ رد ایسے الفاظ پر مشتمل ہوتا تھا۔ جس کے صاف معنے ان پر لعن اور ان کی تکفیر کے تھے۔ ہم نے سینکڑوں مرتبہ والدِ مرحوم سے سُنا کہ اِن (وہابیوں) کا کُفر یہود و نصاریٰ کے کفر سے بھی اشد ہے۔ یہود و نصاریٰ بھی اپنے پیشواؤں کے منکر نہیں ہیں۔ یہ خبیث تو خود اپنے پیغمبر کے منکر ہیں۔"

marfat.com

(آزاد کی کہانی ص۳۵۱)

علامہ قطب الدین دہلوی مظاہرِ حق کے مصنف ان غیر مقلد وہابیوں کے متعلق لکھتے ہیں کہ:

"جو کوئی اِن چار مذہبوں کے حق نہ جانے یا ان کی پیروی کو بدعت کہے وہ خود گمراہی اور دوسروں کا گمراہ کرنے والا اور ایسوں نے گمراہ کیا بہتوں کو۔ اور خود بہک گئے سیدھے راہ سے۔"

ایک مذہب کا اختیار کرنا تعیین کر کے واجب ہے۔ اور التقاط کرنا یعنی کوئی عمل ایک مذہب کے موافق اور کوئی دوسرے کے موافق اپنے نفس کے خواہش کے مطابق کرنا اور اُس خلط ملط کو محمدیت کہنا محض گمراہ ہونا اور گمراہ کرنا ہے۔ اور ایسے لوگ ضالین اور مضلین میں بیشک داخل ہیں۔ اگر کافر ہو کر مریں تو تعجب نہیں۔"

(حاشیہ توفیر الحق ص۶۵-۶۶)

دُنیائے علم کی ممتاز شخصیت حضرت علامہ حافظ محمد نذیر صاحب رامپوری علیہ الرحمۃ کریما کی شرح دُرِ یکتا[1] میں فرماتے ہیں کہ:

"فرقہ گمراہ وہابیہ کہ مصداق کان من الکافرین اند در علم خدا ازل شقی و بدبخت پیدا شدہ اند بر قول و فعل شان اہلِ ایمان کہ عمل کنند و کجا پسند اہلِ اسلام ازیں گمراہاں وارِ صحبت ناپاک شان دور میباشند خدا از دشمنانِ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم و از اعدائے خلفائے اربعہ و دشمنانِ اہلِ بیت و اولاد و آل و اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمیع مسلمانان سنت و جماعت را برکنار داشتہ بمحبت خود و

---

[1] دُرِ یکتا شرح کریما آج سے ایک سو سات سال پہلے سنہ ۱۲۹۰ھ میں مطبع نامی منشی نولکشور میں چھپی تھی۔ (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

محبت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم وحب آل واصحاب و اولاد امجاد واہلِ بیت اطہار واتباع احیار اخیار و اخلاء ابرار الیٰ یوم یوم القرار برقرار داشتہ بمراتب اعلےٰ رساند وحسن خاتمہ نصیب فرماید اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا مِنَ الْوَھابیۃ والروافض والخوارج وجمیع اھل الکفر والشرک والنفاق۔"

(دُرِ یکتا شرح کریما ص۱۴ مطبوعہ نولکشور)

علامہ عبدالرحمٰن سلہٹی علیہ الرحمۃ نے اپنی کتاب سیف الابرار علی المسلول الفجار[1] میں لکھا ہے کہ:

یعنی وہابیانِ متکبر! ۔۔۔ زکراماتِ اولیاء منکر!
قومِ لامذہبانِ کور سواد! ۔۔۔ مفسد و حیلہ ساز و بدبنیاد
از رہِ اعتقاد فاسد خویش ۔۔۔ بہ تغیر اصولِ مذہب کیش
برخلاف عقائد جمہور! ۔۔۔ در رہ شرع افگند فتور
لیک در شانِ فرقہ مردود ۔۔۔ انچہ گفتم ز غیرت دین بود

(سیف الابرار علی المسلول الفجار ص۱۴۰۳ مطبوعہ کانپور ترکی)

مولانا سید دلدار علی صاحب مذاق علیہ الرحمۃ نے لکھا ہے۔

دشمنِ مصطفےٰ ہیں وھابی ۔۔۔ دوست سے کب ایسی بے ادبی
بخدا کچھ عجب خبیث ہیں یہ ۔۔۔ منکر آیت و حدیث ہیں یہ
رافضی خارجی کے ہیں یہ چچا! ۔۔۔ کیونکہ ہیں دشمنِ رسولِ خدا
چرگئی ہے انہیں چمرِ توحید ۔۔۔ ہیں یہ مشرک نجس خبیث و پلید
حق سے خالی ہے سب کلام ان کا ۔۔۔ کفر سے شرک و چرک سے ہے بھرا

---

[1] علامہ عبدالرحمٰن سلہٹی علیہ الرحمۃ کی یہ تصنیف لطیف آج سے ۹۸ سال قبل ۱۳۰۰ھ میں مطبع نظامی کانپور میں شائع ہوئی ہے۔ بعد ازیں ترکی والوں نے اس کو شائع کیا ہے۔

marfat.com

اے مذآق ان پہ ہے خدا کی مار　　اور نبی و علی کی ہے پھٹکار

(دُرِ یکتا شرح کریما ص۱۵ مطبوعہ نولکشور)

حضرتِ علّامہ محمد عبدالرحمٰن صاحب سلہٹی علیہ الرحمۃ نے مزید لکھا ہے کہ:

وائے کہ ایں فرقۂ وہابیاں!　　بستہ با فسادِ شریعت میاں

ایں چہ گروہے ست رَوافض خصال　　بدگہر و بدعمل و بد مآل!

باعث فساد و جہول و ظلوم　　مفسدِ دین منکرِ اہلِ علوم

مدعی دین و مفتن ہمہ　　مفتری و فاسق و ملعن ہمہ

سینۂ شان یا دل پر مکر و غیض　　گندہ تر از لیفۂ و مجرائے حیض

رسمِ بد ایں ہمہ ناپاک خوئے　　فتنہ بدیں کردہ بپا چار سوئے

ایں چہ گروہے ست شیاطین نژاد　　بد دِل و بد مذہب و بد اعتقاد

خامہ ازیں فرقۂ لا مذہباں!　　چند زند حرف بنوکِ زباں

(سیف الابرار علی المسلول الفجار ص۱)

ان اشعار کے بعد علّامہ عبدالرحمٰن علیہ الرحمۃ نے واضح الفاظ میں لکھا ہے کہ:

"درحقیقت ایں فرقہ غیر مقلدیں بدتر از خارجی و رافضی ہستند"

(سیف الابرار ص۱)

مندرجہ بالا ابوالکلام آزاد کی تحریر کردہ عبارات سے اظہر من الشمس ہے۔ ان کے والدِ ماجد کو وہابیوں کے کفر پر وثوق تھا اور ان کو دِل سے کتنا بُرا سمجھتے تھے۔ اب ان کے والدِ ماجد علیہ الرحمۃ کے انتقال کے واقعات جو کہ ابوالکلام آزاد کے خود بیان کردہ ہیں پیش کیے جاتے ہیں۔

آزاد کے والد ماجد کا انتقال

مرض الموت تقریباً دو ہفتے رہا۔ اس سے پہلے وہ بالکل تندرست تھے۔

marfat.com

اس موقعہ پر میں پونا میں تھا۔ خبر ملتے ہی کلکتے آیا۔ اور پہنچنے کے چند گھنٹوں بعد انتقال ہوا۔ آخر وقت ہوش و حواس بالکل قائم تھے۔ شناخت وغیرہ میں بالکل فرق نہ آیا تھا۔ عین وفات کے وقت سے آدھ گھنٹہ پہلے تک مجھ سے باتیں کرتے رہے۔ اور ضروری وصایا فرماتے رہے۔ اس کے بعد کہا کہ میرے پیچھے سے تکیہ ہٹا دو۔ ضعف اس درجہ تھا کہ خود حرکت نہ کر سکتے تھے جب وہ لیٹ گئے تو حافظ ولی اللہ مرحوم سورۂ یٰسین پڑھنا شروع کی۔ انہوں نے ہاتھ سے اشارہ کیا۔ جس کا بظاہر مطلب یہ تھا کہ روک دو۔ اس پر تعجب ہوا مگر دیکھنے سے معلوم ہوا کہ ان کے لب ہل رہے تھے۔ ایک لمحے بعد کسی قدر بلند آواز سے خود پڑھنا شروع کیا۔ اور معلوم ہوا کہ وہ خود ہی سورۂ یٰسین پڑھ رہے ہیں۔ چنانچہ ہم ان کی برابر آواز سنتے رہے اور جب اس آیت پر پہنچے یٰلَیْتَ قَوْمِیْ یَعْلَمُوْنَ بِمَا غَفَرَ لِیْ رَبِّیْ وَ اجْعَلَنِیْ مِنَ الْمُکْرَمِیْنَ ۝ تو آنکھیں بند کر لیں۔ اور خود دونوں گھٹنے دراز کر دیئے۔ دس پندرہ منٹ کے بعد جسم کو ایک سخت لرزا ہوا۔ اور جاں بحق تسلیم ہوئے۔ یہ عجیب بات ہے کہ کوئی خاص حالت احتضار کی ان کی وفات میں نظر نہ آئی۔"

(آزاد کی کہانی ص۱۵۷)

ناظرینِ کرام! ایسی ہی موت کے لیے میرے اعلیٰحضرت عظیم البرکت، امام اہلسنت، مجدد دین و ملت مولانا شاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ القوی نے فرمایا ہے۔

واسطہ پیارے کا ایسا ہو کہ جو سُنی مرے
یوں نہ فرمائیں تیرے شاہد کہ وہ فاجر مرگیا

مولانا عبدالحق حقانی علیہ الرحمۃ جو کہ تفسیر حقانی کے مصنف ہیں۔ ان کا بیان خود سرزد ہا بیاں مولوی ثناء اللہ امرتسری نے اپنی تفسیر ثنائی اردو میں درج کیا ہے کہ:

"آج کل ایک فرقہ نیا پیدا ہوا ہے۔ جو اپنے آپ کو غیر مقلد

marfat.com

اہلحدیث سے ملقب کرتا ہے۔" (تفسیر ثنائی ص۵۹ ج ۲ مطبوعہ امرتسر)

وہابیت کا علاج

ممدوح وہابیاں ابوالکلام آزاد نے اپنے والد ماجد کے نزدیک وہابیت کا جو علاج تھا وہ بھی لکھا ہے۔ چنانچہ رقمطراز ہیں کہ:

"وہ ہمیشہ کہا کرتے تھے کہ وہابیوں کا علاج تمہیں معلوم نہیں۔ تم لوگ بحث کرنے لگتے تھے۔ ان کا علاج جوتا ہے۔ یہ کہتے ہوئے گو بدبخت حریف سامنے موجود نہ ہو لیکن وہ اپنے جوتے کی طرف ہاتھ اس طرح لے جاتے تھے گویا اُتار کر ایک اسلحۂ جہاد کی طرح استعمال میں لانے کے لیے بالکل تیار ہیں۔ انہوں نے یہ اسلحہ بارہا استعمال بھی کیا تھا۔ ایک مثنوی بھی کبھی کبھی شوق میں آکر پڑھتے تھے جو بڑی فصیح و بلیغ تھی ایک شعر اس کا مجھے اب تک یاد ہے۔

وہابی بے حیا، جھوٹے ہیں یارو!
تڑا تڑ جوتیاں تم ان کو مارو

تڑا تڑ کے لفظ پر بہت زور دیتے تھے۔ گویا اس شعر میں جس عمل کی تلقین کی گئی ہے۔ اس کی ساری سپرٹ اس لفظ میں مضمر ہے۔" آزاد کی کہانی ص۳۶۰، ص۳۶۱

ابوالکلام آزاد کا وہابیوں کے متعلق تخیل!

ابوالکلام آزاد رقمطراز ہیں کہ:

marfat.com

"مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ بچپن میں میرا تخیل یہ تھا کہ وہابی کوئی خاص طرح کی بڑی مکروہ اور قابلِ نفرت مخلوق ہے۔ میں اپنے ذہن میں اس کا تصور یوں کرتا تھا کہ ایک قبیح صورت انسان جس کا آدھا چہرہ کالا ہے۔ اور پیشانی پر بہت بڑا گھٹا ہے۔ یہ اس لیے کہ حافظ صاحب کی زبانی سنتے تھے کہ دل کے کفر اور بغضِ رسول کی وجہ سے وہابیوں کا آدھا منہ کالا ہو جاتا ہے۔ اور ان کی ایک علامت یہ ہے کہ لوگوں کو دھوکہ دینے کے لیے پیشانی پر ایک بہت بڑا گھٹا بنا لیتے ہیں۔ ہمارے دیوان خانے میں اس بارے میں خاص مصطلحات اور اسمار تھے۔ دنیا کی ہر مکروہ اور خبیث چیز اسی لقب (وہابی) سے پکاری جاتی تھی۔ حافظ جی کہتے تھے۔ شب کو اس قدر وہابی تھے کہ نیند نہ آئی۔ یعنی مچھر بہت تھے۔ دیوان خانے میں کتابوں کے صندوق پڑے تھے۔ ان کے نیچے وہابی چلے جاتے تھے۔ اور پندے میں سوراخ کر دیتے تھے۔ یعنی چوہے۔ چنانچہ بڑی جدوجہد کے ساتھ وہابیوں کو پکڑا جاتا تھا اور ہم لوگ یوں حساب کرتے تھے۔ آج دو وہابی مارے گئے۔ ایک بہت بڑا وہابی بھاگ گیا۔

ایک بڑا ہی بدصورت آدمی تھا۔ ایک آنکھ سے کانا دوسری میں بھی جالا۔ چہرے پر شاید فالج گرا تھا۔ ایک طرف سے لب بھی ٹیڑھے تھے رنگ بالکل سیاہ۔ رستے میں ہم کبھی کبھی حافظ صاحب کے ساتھ کھڑے سڑک پر جاتے۔ تو اس غریب کی طرف اشارہ کر کے وہ کہتے دیکھو وہ خبیث وہابی کھڑا ہے۔ مجھ پر اس کی خوفناک صورت کا واقعی بڑا ہی دہشت انگیز اثر پڑتا۔ مجھے یاد ہے کئی مرتبہ میں نے نیند میں ایسے خوفناک

marfat.com

وہابی کو دیکھا اور ڈر کے مارے رونے لگا۔"

آزاد کی کہانی ص ۳۴۹، ۳۵۰)

جنازہ پر اِجتماع

ممدوح الوہابیہ ابوالکلام آزاد اپنے والد ماجد علیہ الرحمۃ (جو کٹر سُنّی تھے) کے جنازہ پر اجتماع اور اُس کا پُر کیف آنکھوں دیکھا منظر بیان کرتے ہیں کہ:

"کلکتے میں شاید ہی اتنا مجمع کسی واقع پر ہوا ہو جتنا اُن کے جنازہ پر ہوا۔ چند گھنٹوں کے اندر ہی نہ صرف شہر بلکہ اطراف تک خبر پہنچ چکی تھی۔ چنانچہ جنازہ اُٹھنے کے ساتھ ہی تمام سڑکیں اور نالے بند ہو گئے گاڑیوں کی نقل و حرکت رُک گئی اور حالت یہ ہو گئی کہ جنازہ گھنٹوں تک صرف لوگوں کے ہاتھوں پر ہی جاتا رہا۔ کاندھے پر رکھنے کی نوبت ہی نہ آئی۔ لوگوں کی کثرت کا یہ حال تھا کہ رات کے بارہ بجتے بجتے پانچ مرتبہ نمازِ جنازہ پڑھی گئی۔ ایک مرتبہ جامع مسجد میں اور چار مرتبہ قبرستان کے میدان

لہ محدثِ اعظم پاکستان، نائبِ اعلیٰحضرت مخدوم اہلسنت حضرت علامہ ابوالفضل محمد سردار احمد صاحب قادری رضوی علیہ الرحمۃ بانی جامعہ رضویہ لائل پور شریف کے انتقال کا پُر کیف منظر بھی اسی قسم کا تھا۔ ان کا جنازہ مبارکہ کا منظر بھی اپنوں اور بیگانوں نے دیکھا۔ معلوم ہوتا تھا کہ کسی عاشقِ رسولِ کریم کا جنازہ جا رہا ہے۔ جنازہ پر انوار و تجلیات کا نزول خود لوگوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ حضرت قبلہ شیخ الحدیث علیہ الرحمۃ نے اپنی عمر میں کسی گستاخِ رسول بے دین سے ہاتھ نہیں ملایا خواہ کوئی افسر ہو یا کوئی اور ہو۔ اور گستاخانِ رسول کے کفر پر آپ کو بھی وثوق تھا۔ (فقیر محمد ضیاء اللہ القادری غفرلہٗ)

marfat.com

ہیں لیکن چھوٹی جماعت کے لیے پھر ہزاروں نئے آدمی آ گئے بالآخر بڑی سخت کوشش سے مزید التوا کو روکا۔ اور دفن کیے گئے

(آزاد کی کہانی ص ۱۵۷، ۱۵۸)

ناظرینِ کرام! گستاخانِ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے کفر پر وثوق رکھنے اور تشدد سے ان کا رد کرنے والے اور قطع تعلق کرنے والے عاشقِ صادق کے انتقال کا منظر جو کہ ممدوح الوہابیہ آزاد کا اپنا ہی بیان کردہ ہے آپ نے پڑھا ہے۔ ہم اہلسنت وجماعت حضرات کو بھی انہیں کے نقشِ قدم پر چلنا چاہیئے۔ اگر یہ طریقہ درست نہ ہوتا تو ابوالکلام آزاد کے والد ماجد علیہ الرحمہ کو ایسی سعادت کبھی نصیب نہ ہوتی۔ یہ سعادت نصیب ہونا بین دلیل ہے کہ بدمذہبوں اور گستاخانِ رسول کے ساتھ ایسا سلوک کرنا بالکل درست ہے۔ خداوندِ کریم بجاہ النبی الکریم العلیم القیم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم ثابت قدم رکھے۔ اور حق بات کہنے کی توفیق بخشے۔ آمین ثم آمین۔

نعمت کبریٰ شیخ الاسلام ابنِ حجر مکی علیہ الرحمۃ کی تصنیف ہے۔ جس میں خلفاءِ راشدین علیہم الرضوان سے میلاد شریف منانے کا ثبوت درج ہے۔ نہایت ہی مفید کتاب ہے۔ ادارہ نے عربی اُردو یکجا شائع کی ہیں۔

قیمت: ۹ روپے

القول البدیع علامہ محدث سخاوی علیہ الرحمۃ کی درود شریف کے موضوع پر بےنظیر عربی تصنیف ہے۔ عرصہ سے نایاب تھی۔ ادارہ نے شائع کی ہے۔

قیمت: ۱۸ روپے

ہدیۃ المہدی مولوی وحید الزماں حیدر آبادی غیر مقلد کی تصنیف ہے۔ جس میں اس نے اسماعیل دہلوی قتیل کے عقائد اور اس کی کتاب تقویۃ الایمان کا رد کیا ہے۔ ہر اہلسنت وجماعت کے عالم اور مبلغ کے پاس اس کا ہونا ازحد مفید ہے۔

قیمت: ۸ روپے ۵۵

marfat.com

مولانا محمد ضیاء اللہ قادری کی دیگر تصانیف

الانوار المحمدیہ اس کتاب میں نبیٔ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نورانیت کے بارے قرآن وحدیث اور تفاسیر سے ثبوت دیا گیا ہے نیز دیوبندی اور وہابی اکابرین کی کتب سے نورِ حسی ہونا ثابت کیا ہے۔ توارت، زبور، انجیل کی کتب سے نبی آخر الزمان کی بشارات کا تذکرہ ہے۔ اس کتاب میں ۴۰۰ مستند کتب کے حوالہ جات درج ہیں۔ مجلد ساڑھے سولہ روپے صرف (دوسرا ایڈیشن)

عقائدِ وہابیہ اس کتاب میں (غیر مقلد، دیوبندی، تبلیغی جماعت اور جماعتِ اسلامی) کے اکابر کے عقائد ان کی ہی کتابوں سے پیش کر کے ان کا رد قرآن وحدیث سے کر کے حقانیت اہلسنت کا ثبوت پیش کیا گیا ہے نیز غیر مقلدین حضرات کے فقہی عقائد بھی تفصیلاً درج کیے ہیں۔ قیمت: ۱۸ روپے

قصرِ وہابیت پر بم وہابیوں کی عیاریاں اور مکاریاں روزِ روشن کی طرح عیاں کی گئی ہیں۔ تحریف، یہودیانہ کتر وبیونت، کذب وجھوٹ بولنا، اکابرین وہابیہ کا شیوہ ہے کا ثبوت ان کی کتابوں سے بیان کیا گیا ہے نیز مناظرہ میں وہابیوں کی شکست کا بھی بیان ہے قیمت: دس روپے صرف

فرقہ ناجیہ اس کتاب میں ۸۰ مستند کتب سے ثابت کیا ہے کہ ناجی اور جنتی فرقہ صرف اور صرف اہلسنت وجماعت ہے نیز نبیٔ پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی زبان فیض ترجمان سے اہلسنت وجماعت کا ناجی ہونا ثابت ہے۔ قیمت ۲ روپے

وہابیت اور مرزائیت اس کتاب میں وہابی مولویوں کے نزدیک مرزائی امام کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے کے فتوے درج کیے گئے ہیں۔ قیمت: ۳ روپے

سیرتِ غوث الثقلین سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بچپن سے لے کر آخر تک حالات اور کرامات کا تذکرہ ۱۱۱ مستند کتب سے درج کیا ہے۔ حضرت کی کرامات پر بدعقیدہ جو اعتراضات کرتے ہیں ان کا جواب ان کے بڑوں کی کتابوں سے دیا ہے قیمت: سات روپے

ملنے کا پتہ: (۱) لائبریری کتب خانہ نزد جامع مسجد دو دروازہ سیالکوٹ
(۲) قادری کتب خانہ جامع مسجد تحصیل بازار سیالکوٹ

marfat.com